هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ

اللہ کا پیغام انسانوں کے نام

# ریاض القرآن

## مع فضائل قرآن کریم

7 Line سطری

نہایت ہی سادہ اور آسان زبان میں قرآن مجید کی ترجمانی

اس قرآن میں ہر سورت سے پہلے الگ الگ قسم کے

رسم الخط میں جمع کیے گئے ہیں

ان شاءاللہ یہ ترجمانی اللہ سے بہت ہی قریب کردے گی۔

قرآن پاک سے بڑا سچا اور مخلص استاد اس دنیا میں اور کوئی نہیں ہوسکتا۔

اللہ کی رضا کا طالب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحْمَدُهُ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ، اَمَّا بَعْدُ!

جس طرح ہم اپنی ضرورت کی کوئی چیز جب خریدتے ہیں تو اس چیز کو درست طور پر استعمال کرنے کے اصول پر مرتب کوئی نہ کوئی مختصر یا مفصل کتابچہ ضرور دیا جاتا ہے، تاکہ اس چیز سے استفادہ کرنے میں سہولت ہو اور کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

اس کائنات میں اربوں کھربوں کی تعداد میں پھیلی مخلوقات میں سے سب سے زیادہ اہمیت والی مخلوق انسان ہے جسے اشرف المخلوقات کہا جاتا ہے، اور اس کے اہم ہونے کی وجہ سے اس کو اپنی زندگی گزارنے کے لیے بھی اہم مقصد دیا گیا کہ تمہاری تخلیق کا مقصد رب کریم کی عبادت کے سوا کچھ نہیں:

”وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ“ (ذاریات: ۵۶) اور اس مقصد کو حاصل کیسے کرنا ہے یہ سکھانے کے لیے ایک ایسی کتاب دی گئی جو انسان کے ہر قدم پر اس کی رہنمائی کرتی ہے، ایک ایسی کتاب جس کا ہر حرف اپنے

اندر ایک نور اور جس کا ہر لفظ اپنے اندر ایک معنیٰ لیے ہوئے ہے، اس کی تلاوت عبادت افضل ترین عبادت، اس کو پڑھنے پڑھانے والا دنیا کا بہترین انسان، ایک ایسی کتاب کہ جو اسے یاد کرلے وہ نہ صرف خود جنت کا حق دار ہو جائے بلکہ دوسروں کی شفاعت کا رتبہ حاصل کر لے، ایسی کتاب کہ روز قیامت اس کے یاد کرنے والے سے کہا جائے کہ پڑھتا جا اور جنت کے درجات چڑھتا جا! وہ با برکت و با عظمت کلام کوئی اور نہیں بلکہ یہی قرآن پاک ہے۔

اس قرآن کی کیا تعریف کی جائے کہ یہ قرآن اللہ کا کلام ہے، دو جہاں کے خالق و مخلوق کے مالک کا شاہی فرمان ہے، سارے فرشتوں کے سردار حضرت جبرئیل علیہ السلام جنہیں اللہ تعالیٰ نے امین کے لقب سے نوازا ہے، اُن کے واسطے سے دنیا میں آیا ہے اور تمام نبیوں کے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنہیں ان کے دشمنوں اور مخالفوں نے بھی ''صادق'' اور ''امین'' مانا ہے، اُن کے ذریعے ہم نے اور سارے عالم نے پایا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ''اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ

لَحٰفِظُوْنَ‘‘ (الحجر: ۹) کا اعلان فرما کر خود اس قرآن کی حفاظت کرنے کا وعدہ فرمایا ہے۔

اس قرآن میں کس کے لیے رہبری نہیں ہے؟ ہر ایک کے لیے ہے، نبی اور رسول کے لیے بھی، صحابہ وصحابیات کے لیے بھی، بادشاہوں اور حاکموں کے لیے بھی، رعایا اور محکوموں کے لیے بھی، عالموں کے لیے بھی اور عوام کے لیے بھی، مال داروں کے لیے بھی اور غریبوں کے لیے بھی، مَردوں کے لیے بھی اور عورتوں کے لیے بھی، جوانوں کے لیے بھی اور بوڑھوں کے لیے بھی، شہریوں کے لیے بھی اور دیہاتیوں کے لیے بھی، جو نعمتوں میں کھیل رہے ہیں اُن کے لیے بھی اور جو مصیبتوں کو جھیل رہے ہیں اُن کے لیے بھی، یہاں تک کہ بچوں کے لیے بھی اور جن و انس کے لیے بھی۔

خطاب کہیں رسولوں سے ہے، کہیں مؤمنین سے، کہیں عام انسانوں سے، کہیں یہود سے، کہیں کفار سے، کہیں دیگر اہلِ کتاب سے، کہیں اُن سے جو گناہوں میں ڈوبے ہوئے ہیں، کہیں اُن سے جو امیدیں تک کھو چکے ہیں۔

کیسے پیارے اللہ ہیں! سب کا بھلا چاہنے والے، سب کو اپنی آغوشِ رحمت میں لینے کو تیار، پھر بھی کوئی کان نہ دھرے تو کس کا قصور ہے؟ خود ہی قصوروار ہے اور خود ہی محروم ہے۔

اپنے اِس کلام کے ذریعے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے باتیں کرتے ہیں، اُن کی مصیبتوں میں اُن کی ڈھارس بندھاتے ہیں، اُن کی حیرانیوں میں اُن کی رہبری فرماتے ہیں، اُن کو اپنی سیدھی راہ سُجھاتے ہیں، اُن کو نفع دینے والی باتوں کا پتہ بتاتے ہیں، اُن کے نقصان کی چیزوں سے اُنہیں ہوشیار کرتے ہیں، کہیں غیب کی باتوں سے پردہ اُٹھاتے ہیں، کہیں کائنات میں پھیلی اپنی نشانیاں دِکھلاتے ہیں، کبھی نافرمانوں کے انجام سے آگاہ کرتے ہیں، کبھی فرماں برداروں کے احوال سناتے ہیں، اُخروی زندگی کی کامیابی کے راز بتاتے ہیں، دنیوی زندگی کی کامیابی کے گُر سکھاتے ہیں۔

سُننے والا بندہ ہے سُنانے والے اللہ ہیں، خالق ہیں، مالک ہیں، رازق ہیں، رب ہیں، علیم ہیں، خبیر ہیں، سب کچھ جاننے والے ہیں، ہر چیز کی خبر رکھنے والے ہیں، کچھ ہے جو اُن کے علم

سے باہر ہو؟ کچھ ہے جو اُن کے بس میں نہ ہو؟ سب اُن کے علم میں ہے، سب کچھ اُن کی گرفت میں ہے، ایسے علیم وخبیر رب، ایسے قوی وقدیر اللہ، اپنے ضعیف وناتواں بندے سے مخاطب ہیں، اللہ اکبر! کبریائی کی شان ہے، اللہ مہربان ہے، سنا رہا ہے، سنوا رہا ہے، رمضان کی تراویح میں، روزانہ کی نمازوں میں، تفسیر کے درسوں میں، مدرسوں کی کلاسوں میں، تعلیم کے حلقوں میں، ہر ایک کی خود کی تلاوت میں۔

دھیان ہو، استحضار ہو تو کیا کیفیت بنے، کیسی خوشی حاصل ہو، کیسی اندھیریاں چھٹیں، کتنا نور حاصل ہو، کیسا سرور نصیب ہو، میرا عظمت والا پاک اللہ مجھے جیسے حقیر اور گندے بندے سے مخاطب ہے۔

یہ بات نہ معلوم کہاں سے مشہور ہوگئی کہ قرآن کا ترجمہ نہ پڑھنا ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے؛ حالانکہ ترجمہ پڑھ کر تو کوئی گمراہ نہیں ہوتا، خود اپنی عقل سے بات کا مطلب نکالنے سے ہو سکتا ہے؛ اس لیے جو بات سمجھ میں نہ آئے اپنی مسجد کے امام یا کسی مستند عالم سے پوچھ کر سمجھی جائے یا کوئی معتبر تفسیر دیکھ لیں۔

عربی کے بعد دینی علوم کا سب سے زیادہ ذخیرہ اردو میں ہے؛ اس لیے اردو سے اچھی واقفیت اس زمانے میں بہت ضروری ہے، حضرت مولانا اسعد اللہ صاحبؒ (جو حضرت تھانویؒ کے خلیفہ اور مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور کے ناظم تھے) نے ایک موقع پر فرمایا: ''اردو کا سیکھنا بھی عبادت ہے سکھانا بھی عبادت ہے، پڑھنا بھی عبادت ہے لکھنا بھی عبادت ہے؛ کیونکہ ہمارا دینی سرمایہ اردو میں ہی زیادہ ہے''، لہٰذا اردو کی تعلیم اس زمانے کے بڑی ضرورت ہے، قرآن شریف کے ترجمے بہت ہوئے ہیں اور بڑے بڑے علماء نے کیے ہیں؛ لیکن موجودہ ووقت میں اردو کی واقفیت اتنی کم ہوگئی ہے کہ عوام الناس اُن ترجموں سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھا پا رہے ہیں، اس بات کو سامنے رکھ کر بندے نے ایک کوشش کی ہے، جو نیا ترجمہ نہیں ہے بلکہ متقدمین ومتاخرین کے مختلف تراجم کو سامنے رکھ کر قرآن پاک کی آسان ترجمانی ہے۔

اس ترجمانی کے ذریعہ موجودہ زمانے کے عوام بھی اور اسکولوں اور کالجوں کے پڑھے ہوئے وہ لوگ بھی جو عربی وفارسی

سے واقفیت نہیں رکھتے آسانی کے ساتھ سمجھ سکیں کہ اپنے کلام کے ذریعے ہمارا رب ہم سے کیا کہتا ہے، کیسے ہم اُس کی رضا و خوشنودی حاصل کر سکتے ہیں، اور کیوں کر ہم دنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

اللہ کو اپنا کلام محبوب ہے، بِلا سمجھے بھی پڑھا جائے تو موجبِ تقرب ہے، پھر سمجھ کر پڑھا جائے گا تو کتنا قرب دلائے گا، یہ مالک کا کلام ہے، ''مَلِكُ الْكَلَام'' ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس قرآن کو اپنے اوپر لازم سمجھو؛ کیونکہ یہ اللہ کا دسترخوان ہے، اللہ تعالیٰ کے اس دسترخوان سے ہر ایک کو ضرور لینا چاہیے، اور علم تو سیکھنے سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ (حیاۃ الصحابہ: ۳/۲۵۹)

لیکن اس قرآن سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اسی وقت اٹھایا جا سکتا ہے جب کہ قرآن کے حقوق کو ملحوظ رکھا جائے، بہت سارے مفسرین نے اپنی تفاسیر کے مقدمات میں قرآن کے حقوق اور تلاوت قرآن کے آداب بہت تفصیل سے بیان کیے ہیں، بندہ ان سب کو نقل کرنے کے بجائے چند نہایت اہم امور

کی جانب توجہ دلانا ضروری سمجھتا ہے:

☆ بغیر وضوء کے مصحف کو ہاتھ نہ لگائیں۔

☆ قرآن پاک سے فائدے کا حاصل ہونا اس کی عظمت سے جڑا ہوا ہے، جتنی زیادہ عظمت ہوگی اتنا زیادہ فائدہ حاصل ہوگا، باطنی عظمت یہ ہے کہ دل میں بہت زیادہ احترام ہو اور عزت ہو، جب کہ ظاہری عظمت یہ ہے کہ اسے اونچی جگہ رکھا جائے، اس کی طرف پیٹھ نہ کی جائے، اس سے زیادہ اونچی جگہ خود نہ بیٹھا جائے، جس طرح خود کے لیے نئے کپڑے لائے جاتے ہیں اسی طرح قرآن پاک کے لیے بھی جزدان بنانے کا اہتمام ہو، الغرض ہر ممکن کوشش کی جائے کہ قرآن پاک کی عظمت میں کوئی کمی نہ آنے پائے۔

☆ تلاوت کے دوران عام طور پر لوگ انگلی پر تھوک لگا کر ورق پلٹتے ہیں، یہ نہایت ہی بے ادبی کی بات اور قرآن کی شان میں بہت بڑی گستاخی ہے، اس سے پرہیز کرنا چاہیے۔

☆ قرآن پاک کو صاف ستھرا رکھنے کا اہتمام کریں؛ کیونکہ گھروں میں رکھے قرآن پر جمی ہوئی دھول دل پر جمی ہوئی سیاہی کو ظاہر کرتی ہے۔

☆ قرآن کو سمجھ کر اس پر عمل کرنے کی کوشش کریں، اور یہ یاد رکھیں کہ دوسروں کی زندگی کو جہنم بنا کر سجدوں میں جنت مانگا نہیں کرتے۔

اگرچہ ابتداء ہی سے پورے قرآن مجید کی ترجمانی کا ارادہ تھا؛ لیکن چونکہ آخر کے دو پاروں کی سورتیں نمازوں میں زیادہ پڑھی جاتی ہیں، اُن میں اکثر شروع زمانے میں نازل ہوئی ہیں، ایمانیات اور دعوت سے بھری ہوئی ہیں، نیز چونکہ یہ سورتیں چھوٹی ہونے کی وجہ سے ان کا ترجمہ یاد رکھنا آسان بھی ہوتا ہے اور نماز میں ان کے معانی کے دھیان سے جی لگنے کی امید بھی زیادہ ہوتی ہے، اس لیے شروعات میں ان دو پاروں کا ترجمہ کیا گیا جو بحمد اللہ شائع ہو چکے ہیں، اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ مجھے یاد ہے کہ ایک مرتبہ حضرت مولانا سعید احمد خاں صاحب ملکیؒ نے بندے کے والد صاحبؒ سے فرمایا تھا کہ مولوی صاحب!

قرآن پاک کے آخری کے دو پارے جو سمجھ کر پڑھ لے، اس کے لیے پورے قرآن کا سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔

اس ترجمانی کو عوام کے لیے بہت زیادہ آسان اور سہل بنانے کے لیے حتی الامکان بہت آسان الفاظ استعمال کرنے کی کوشش کی گئی ہے، اس مقصد کے لیے اسے مسجد میں آس پاس بیٹھنے والے عوام الناس کو سنایا اور سنوایا، پھر اسے گھر کی خواتین کو جو کم تعلیم یافتہ اور گھریلو عورتیں ہوتی ہیں انہیں بھی سنایا، جو بات ان میں سے کسی کی سمجھ میں نہ آئی اسے مزید سہل کر دیا، اب حشر کے میدان میں یہ مت کہنا کہ ہم کو کسی نے قرآن کا ترجمہ آسان کر کے نہیں دیا تھا۔

اس بات میں کوئی شبہ نہیں کہ اس ترجمانی میں جو کچھ خوبی ہے وہ اُن علماء و مفسرین کا فیض ہے جنہوں نے اپنے اپنے دور میں مشقتیں اٹھا کر ترجمہ اور تفسیر پر بڑی محنتیں فرمائی ہیں؛ البتہ چند امور ایسے ہیں جن پر اس ترجمانی میں خاص طور پر توجہ دی گئی ہے، وہ یہ ہیں کہ ہر سورت کے شروع میں اس سورت کی مکمل تفصیل نقل کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے، یعنی اس سورت میں

کتنی آیات ورکوع اور الفاظ وحروف ہیں، نازل ہونے کی جگہ کون سی ہے، ترتیب تلاوت وترتیب نزول کے اعتبار سے کون سے نمبر پر ہے، اس سلسلہ میں الفاظ وحروف کے لیے فہیم الدین صاحب کے ترجمے ''القرآن المبین'' سے اور ترتیب تلاوت و ترتیب نزول کے لیے حسنین مخلوف کی'' صفوۃ البیان'' سے استفادہ کیا گیا ہے۔

مزید یہ کہ قرآن شریف کے متن کے لیے نہایت صاف ستھرا متن استعمال کیا گیا، ترجمہ بھی صاف اور کھلے کھلے الفاظ میں لکھوایا گیا تا کہ پڑھنا آسان ہو، امید ہے کہ عوام و خواص سب ہی اِسے مفید پائیں گے، اور دین کی محنت کرنے والوں کو بھی ایسا مستند ترجمہ حاصل ہو جائے گا جس کی مدد سے اُن کے وعظ و بیان کو عام سے عام آدمی بھی سمجھ سکے گا۔

برصغیر میں عام طور پر تلاوت کے لیے قرآن کے جو نسخے استعمال کیے جاتے ہیں وہ تیرہ سطری ہوتے ہیں چنانچہ تقریباً تمام اردو تراجم بھی تیرہ سطری مصحف کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیے جاتے ہیں، لیکن حفاظ کرام جو عموماً قرآن پاک کا پندرہ

سطری نسخہ استعمال کرتے ہیں ان کے لیے سہولت اسی میں ہوتی ہے کہ ترجمۂ قرآن پندرہ سطری مصحف کے ساتھ طبع ہو؛ تاکہ تلاوت کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کی آیات کا ترجمہ بھی سمجھنے کا موقع مل سکے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ترجمے کو حافظی ''۱۵رسطری'' قرآن کے ساتھ طبع کرنے کا کام قریب الختم ہےاور آخری مراحل میں ہے۔

جس وقت ترجمے کو حافظی قرآن میں لانے کا کام جاری تھااسی وقت دل میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ بڑی عمر والے اور کمزور نگاہ والے حضرات بھی قرآن کریم کی اس ترجمانی سے فائدہ اُٹھائیں ، لہٰذا ان حضرات کے استفادے کی آسانی کی غرض سے قرآن کریم کے متن اور ترجمے کے الفاظ کو بڑا کرنا ضروری تھا، چنانچہ قرآن کریم کی سائز کو بڑا کرنے کی بجائے ایک صفحے پر سطر کو کم کیا گیا، اس طرح ایک صفحے پر ۱۷رسطر رکھ کر قرآن کریم اور ترجمے کے حروف کو بڑا کیا گیا، اب بڑے الفاظ میں قرآن اور ترجمہ پڑھنے کے خواہش مند حضرات کے لیے یہ ۱۷رسطری قرآن کریم ترجمے کے ساتھ انڈرائیڈ فون کے لیے

تیار ہے۔

اس ۷ رسطری قرآن میں ایک نئی چیز یہ ہے کہ ہر صفحہ پر نیچے کی جانب قرآن وحدیث کے مضامین کی روشنی میں تیار کردہ نیکیوں پر ابھارنے والے، آخرت کی جانب مائل کرنے والے اور اللہ کے پیغام کو دلوں میں اتارنے والے چھوٹے چھوٹے جملے لکھے گئے ہیں، پورے صفحہ کا ترجمہ اور مضمون یاد رکھنا مشکل ہوسکتا ہے لیکن ایک سطر کو یاد رکھنا اور اس پر عمل کرنا آسان ہے؛ اس لیے آپ جب بھی اس قرآن سے تلاوت کریں تو عمل کی نیت سے ان جملوں کو ضرور پڑھیں۔ نصیحتیں چھپے ہوئے قرآن میں موجود ہیں، موبائیل میں نہیں ہیں۔

الحمدللہ اس ترجمہ کو بھی طباعت سے پہلے خود میں نے اور میرے بچوں نے متعدد بار اچھی طرح دیکھا، اجتماعی طور پر اس کی پروف ریڈنگ کی اور پوری کوشش کی گئی کہ کوئی غلطی باقی نہ رہے۔ پھر بھی انسان سے غلطی کا امکان رہتا ہی ہے اس لیے اگر کوئی غلطی نظر آئے تو براہ کرم اطلاع فرمائیں؛ تاکہ اگلی طباعت کے موقع پر اسے درست کرلیا جائے۔

بندہ نے اس ترجمانی کا کام میدانِ عرفات میں عرفہ کے دن سورج غروب ہونے سے پون گھنٹہ قبل ۹/ذوالحجہ ۱۴۳۳ھ بروز بدھ بمطابق ۲۴/اکتوبر ۲۰۱۲ء شروع کیا تھا، اور ۲۰۱۶ء میں اس کی تبییض سے فارغ ہوا، درمیان میں دعوت وتبلیغ کی مناسبت سے ہند و بیرون ہند کے اور خاص طور سے حرمین شریفین کے اسفار ہوتے رہے اور جہاں جانا ہوا تھوڑا بہت کام وہاں بھی کیا گیا، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے اور جن کاموں کے کرنے سے وہ خوش ہوتا ہو ان کے کرنے کی توفیق دے، اور جن کاموں کے کرنے سے وہ ناراض ہوتا ہو ان سے بچنے کی توفیق دے، آمین یارب العالمین۔

ایک اہم وضاحت: علم نبوی اس امت کی مشترکہ میراث ہے؛ لہٰذا امت مسلمہ کے ہر فرد کو بغیر کسی کمی زیادتی کے اس ترجمانی کے طبع کرنے کی اجازت ہے، یہاں تک کہ بندے کی قیامت تک آنے والی اولاد میں سے بھی کوئی اس پر حق نہیں رکھتا ہے کہ وہ اس کے حقوق طبع کا مطالبہ کرے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتِ ،

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آج بتاریخ

۲۱ر جمادی الثانی ۱۴۳۹ھ مطابق ۱۰ر مارچ ۲۰۱۸ء

بمقام مدینہ منورہ، مسجد نبوی علی صاحبہ الف الف صلاۃ وتحیۃ

میں روضۂ اطہر کے قریب

# ۷ ر سطری قرآنِ کریم

مسمّٰی بـ ''ریاض القرآن مع فضائل قرآن کریم''

کے آخری صفحات پر نظر ڈالی گئی۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے قبول فرمائے

اور تمام معاونین اور ہم سب کے لیے ذخیرۂ آخرت بنائے۔

آمین یارب العالمین ....

---

اللہ کی رضا کا طالب

محمد یونس ابن حضرت مولانا محمد عمر صاحب پالن پوریؒ

۱۰ر مارچ ۲۰۱۸ء

# (۱) فضائل قرآن

۱) تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو قرآن شریف کو سیکھے اور سکھائے۔[بخاری]

۲) اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ جس شخص کو قرآن شریف کی مشغولی کی وجہ سے ذکر کرنے اور دعائیں مانگنے کی فرصت نہیں ملتی ، میں اُس کو سب دعائیں مانگنے والوں سے زیادہ عطا فرماتا ہوں۔[ترمذی]

۳) اللہ تعالیٰ شانہٗ کے کلام کو سب کلاموں پر ایسی فضیلت حاصل ہے جیسے خود اللہ تعالیٰ شانہٗ کو تمام مخلوق پر۔[ترمذی]

۴) قرآن کا ماہر (جس کو قرآن اچھی طرح یاد ہو اور وہ اُس کو خوب پڑھتا ہو) ان فرشتوں کے ساتھ ہوگا جو (قرآن کو) لکھنے والے ہیں اور نیکوکار ہیں۔[مسلم]

۵) جو شخص قرآن شریف کو اٹکتا ہوا پڑھتا ہے اور اُس میں دقّت اٹھاتا ہے اُس کے لیے دوگنا اجر ہے۔[مسلم]

۶) جو مسلمان قرآن پڑھتا ہے، اُس کی مثال سنترہ کی سی ہے کہ اُس کی خوشبو بھی عمدہ ہوتی ہے اور مزہ بھی لذیذ ہوتا ہے۔[مسلم]

۷) اللہ تعالیٰ اس کتاب یعنی قرآن شریف کی وجہ سے کتنے ہی لوگوں کو (دنیا و آخرت میں) بلند کرتا ہے اور کتنے ہی لوگوں کو پست اور ذلیل کرتا ہے۔[مسلم]

۸) (قیامت کے دن) حافظ قرآن سے کہا جائے گا کہ قرآن شریف پڑھتا جا اور جنت کے درجوں پر چڑھتا جا اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھ جیسا کہ تو دنیا میں ٹھہر ٹھہر کر پڑھتا تھا۔[ابوداؤد]

۹) جو شخص قرآن کا ایک حرف پڑھے اس کے لیے اس حرف کے بدلے ایک نیکی ہے اور ایک نیکی کا اجر ۱۰ر نیکی کے برابر ملتا ہے۔[ترمذی]

۱۰) جو شخص قرآن پڑھے اور اُس پر عمل کرے اُس کے والدین کو قیامت کے دن ایک تاج پہنایا جائے گا، جس کی روشنی دنیا کے آفتاب کی روشنی سے بھی زیادہ ہوگی۔[ابوداؤد]

۱۱) جس شخص نے قرآن پڑھا اور پھر اُس کو یاد کیا اور اُس کے حلال کو حلال جانا اور حرام کو حرام، تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرمادیں گے۔[ترمذی]

۱۲) جس شخص نے قرآن پڑھا اور پھر اس کو یاد کیا اور اس کے حلال کو حلال جانا اور حرام کو حرام، تو اللہ تعالیٰ اس کے گھرانے میں ایسے ۱۰ر آدمیوں کے بارے میں اُس کی شفاعت قبول فرمائیں گے جن کے لیے جہنم واجب ہوچکی ہوگی۔[ترمذی]

۱۳) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ قرآن شریف کو سیکھو پھر اُس کو پڑھو۔[ترمذی]

۱۴) جو شخص قرآن شریف سیکھ کر پڑھتا ہے اور تہجد میں بھی اُس کو پڑھتا رہتا ہے، اُس کی مثال مشک سے بھری تھیلی کی سی ہے کہ اُس کی خوشبو تمام مکان میں پھیلتی رہتی ہے۔[ترمذی]

۱۵) جس شخص نے قرآن سیکھا پھر اس سے بے خبر ہوگیا، اس کی مثال اس مشک کی تھیلی کی سی ہے جس کا منہ بند کردیا گیا ہو۔[ترمذی]

۱۶) جس شخص کے دل میں قرآن شریف کا کوئی حصہ بھی محفوظ نہیں وہ ویران گھر کی طرح ہے۔[ترمذی]

۱۷) جیسے مکان کی رونق و آبادی رہنے والے سے ہوتی ہے، ایسے ہی انسان کے دل کی رونق و آبادی قرآن کریم کو یاد رکھنے سے ہے۔[ترمذی]

۱۸) قرآن پاک کی تلاوت کرنا دلوں کے زنگ کو دور کرتا ہے۔[شعب الایمان]

۱۹) وہ گھر جس میں قرآن پاک کی تلاوت کی جاتی ہو وہ گھر آسمان والوں (فرشتوں) کے لیے ایسا چمکتا ہے جیسا کہ دنیا میں بسنے والوں کے لیے ستارے چمکتے ہیں۔[شعب الایمان]

۲۰) تلاوت قرآن کا اہتمام کیا کرو کہ یہ دنیا میں تمہارے لیے نور اور آخرت میں ذخیرہ ہے۔[معجم کبیر]

۲۱) جو لوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی ایک گھر میں جمع ہو کر تلاوت قرآن پاک اور اس کا دور کرتے ہیں، ان پر سکینہ نازل ہوتی ہے۔[مسلم]

۲۲) جو لوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی ایک گھر میں جمع ہو کر

تلاوت قرآن پاک اوراس کا دور کرتے ہیں، رحمت الٰہی ان کوڈھانپ لیتی ہے۔[مسلم]

۲۳) جولوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی ایک گھر میں جمع ہوکر تلاوت قرآن پاک اور اس کا دور کرتے ہیں، ملائکہ رحمت ان کوگھیر لیتے ہیں۔[مسلم]

۲۴) جولوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی ایک گھر میں جمع ہوکر تلاوت قرآن پاک اوراس کا دور کرتے ہیں، حق تعالیٰ شانہٗ ملائکہ کی مجلس میں اُن کا ذکر فرماتے ہیں۔[مسلم]

۲۵) تم لوگ کلام پاک (جوخود حق سبحانہ سے نکلا ہے) کے ذریعے اللہ کا وہ قرب حاصل کرسکتے ہو جو کسی اور چیز سے حاصل نہیں کرسکتے۔[حاکم]

۲۶) قرآن والے اللہ تعالیٰ کے اہل تعلق ہیں اور خاص لوگوں میں سے ہیں۔[ابن ماجہ]

۲۷) اللہ تعالیٰ قاری کی آواز کی طرف اُس شخص سے زیادہ کان لگاتے ہیں جو اپنی باندی کا گانا سن رہا ہو۔[ابن ماجہ]

۲۸) جوشخص ایک آیت کلام اللہ کی سنے اس کے لیے دوگنا نیکی

لکھی جاتی ہے اور جو تلاوت کرے اس کے لیے قیامت کے دن نور ہوگا۔[احمد]

۲۹) کلام اللہ کو بلند آواز سے پڑھنے والا کھلم کھلا صدقہ کرنے والے کے مشابہ ہے اور آہستہ پڑھنے والا چھپ کر صدقہ کرنے والے کے مانند ہے۔[ترمذی]

۳۰) قرآن پاک ایسا شفیع ہے جس کی شفاعت قبول کی گئی اور ایسا جھگڑالو ہے جس کا جھگڑا تسلیم کرلیا گیا۔[حاکم]

۳۱) جو شخص قرآن پاک کو اپنے آگے رکھے (اس کی پیروی کرے) اس کو یہ جنت کی طرف کھینچتا ہے اور جو اس کو پس پشت ڈال دے (اس کی پیروی نہ کرے) اس کو جہنم میں گرادیتا ہے۔[حاکم]

۳۲) قرآن شریف بندے کے لیے شفاعت کرتا ہے، کہتا ہے کہ اے اللہ! میں نے اِسے رات میں سونے سے روکا، میری شفاعت قبول کیجیے، پس اُس کی شفاعت قبول کی جاتی ہے۔[حاکم]

۳۳) حافظ قرآن کے لیے مناسب نہیں کہ غصہ کرنے والوں

کے ساتھ غصہ سے پیش آئے یا جاہلوں کے ساتھ جہالت کرے کہ وہ اپنے اندر اللہ کا کلام لیے ہوئے ہے۔[حاکم]

۳۴) جس نے کلام اللہ شریف پڑھا اس نے علوم نبوت کو اپنی پسلیوں کے درمیان (دل) میں لے لیا۔[حاکم]

۳۵) جس نے اللہ کے واسطے قرآن پڑھا، اسے قیامت کا خوف دامن گیر نہ ہوگا اور نہ اسے حساب کتاب دینا ہوگا اور مخلوق جب تک حساب سے فارغ ہو وہ مشک کے ٹیلوں پر تفریح کریں گے۔[المعجم الاوسط]

۳۶) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے ابوذر! اگر تم صبح کو جا کر ایک آیت کلام اللہ شریف کی سیکھ لو تو نوافل کی ۱۰۰ رکعت سے افضل ہے۔[ابن ماجہ]

۳۷) جو شخص ۱۰ آیتوں کی تلاوت کسی رات میں کرے، تو اس رات اس کا شمار غافلین میں نہیں ہوگا۔[حاکم]

۳۸) جو شخص ۱۰۰ آیات کی تلاوت کسی رات میں کرے، وہ اس رات میں قانتین (فرماں برداروں) میں لکھا جائے

گا۔[حاکم]

۳۹) بلاشبہ قرآن اللہ تعالیٰ کی طرف سے (نازل کردہ) دسترخوان ہے، لہٰذا جتنا تم سے ہوسکتا ہے اتنا زیادہ اس سے فائدہ اُٹھاؤ۔[حاکم]

۴۰)اللہ کی کتاب (قرآن مجید) سب سے بہتر کلام ہے۔ [مسلم]

۴۱)اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ہم نے قرآن پاک کو یاد کرنے اور سمجھنے کے لیے آسان کردیا، ہے کوئی یاد کرنے والا اور سوچنے سمجھنے والا۔[سورۂ قمر]

۴۲)اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ قرآن میں لوگوں کے ہر اختلاف کا حل موجود ہے۔[سورۂ بقرہ]

۴۳) قرآن مجید کو اپنی آواز سے (تجوید کی رعایت کے ساتھ) مزین کرو۔[ابوداؤد]

۴۴) جس قوم نے قرآن پر عمل کیا اور اس کے مطابق زندگی گزاری اسے ہمیشہ سربلندی عطا ہوتی ہے۔[دارمی]

۴۵) جس قوم نے قرآن پر عمل نہ کیا اور اسے ترک کردیا وہ

ذلت وخواری میں ڈھکیل دی جاتی ہے۔[دارمی]

۴۶) جو شخص اللہ کی کتاب کو پڑھے گا اور اس پر عمل کرے گا وہ قیامت کے قریب ہر فتنے سے محفوظ رہے گا۔[دارمی]

۴۷) اللہ کی کتاب میں تم سے پہلوں کی خبریں ہیں اور تمہارے بعد والوں کی بھی (تا کہ تم عبرت حاصل کرسکو۔)[دارمی]

۴۸) اس میں تمہارے درمیان پیدا ہونے والے اختلافات کا حل ہے کہ اس پر عمل پیرا رہنے سے اختلافات نہیں ہوں گے۔[دارمی]

۴۹) یہ اللہ کی کتاب حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والی کتاب ہے۔[دارمی]

۵۰) جس نے یہ خیال کیا کہ اس کو کتاب اللہ کی ضرورت نہیں یا وہ یہ سمجھتا ہے کہ اسے سب کچھ آتا ہے تو وہ دنیا و آخرت دونوں میں تباہ و برباد ہوگا۔[دارمی]

۵۱) قرآن، اللہ کی رسی ہے (اسے تھام کر رکھنے والا اللہ سے جڑا رہے گا، کیوں کہ اِس رسی کا دوسرا سِرا اللہ کے ہاتھ میں ہے۔)[دارمی]

۵۲) جو شخص قرآن کو دیکھ کر پڑھنے کا عادی ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کو اس کی آنکھوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع دیتا ہے، جب تک دنیا میں رہے۔[فضائل القرآن للرازی]

۵۳) جس شخص نے قرآن کریم پڑھا، پھر اسے غفلت کی وجہ سے بھلا دیا، تو وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملاقات کرے گا، کہ اُس کا ہاتھ یا کوئی عضو کٹا ہوا ہوگا۔[ابوداؤد]

۵۴) جو شخص قرآن کی ایک آیت سننے کے لیے بھی کان لگا دے، اُس کے لیے ایسی نیکی لکھی جاتی ہے جو بڑھتی چلی جاتی ہے۔[احمد]

۵۵) جو شخص کسی آیت کو پڑھے، وہ آیت اس شخص کے لیے قیامت کے دن ایک نور ہوگی۔[احمد]

۵۶) قرآن کریم کی تلاوت کیا کرو، اس لیے کہ قیامت کے دن یہ اپنے ساتھی (تلاوت کرنے والے) کی شفاعت کرے گا۔[احمد]

۵۷) میری امت کے لیے فخر کی چیز قرآن مجید ہے۔[حلیۃ الاولیاء]

۵۸) اپنے گھروں کو (ان میں اللہ کا ذکر، کلام اللہ کی تلاوت اور عبادت نہ کرکے) قبرستان نہ بناؤ۔[مسلم]

۵۹) جو مسلمان بھی بستر پر جا کر قرآن کریم کی کوئی سی بھی سورت پڑھ لیتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کے لیے ایک فرشتہ مقرر فرما دیتے ہیں، پھر جب بھی وہ بیدار ہو اس کے بیدار ہونے تک کوئی تکلیف دہ چیز اس کے قریب بھی نہیں آتی۔[ترمذی]

۶۰) جو شخص کسی رات دس آیات کی تلاوت کرے اس کے لیے ایک قنطار (بارہ ہزار دراہم یا دنانیر کے وزن کے برابر ثواب) لکھا جاتا ہے۔[طبرانی]

۶۱) جس شخص کے دل میں قرآن کریم کا کوئی حصہ نہیں وہ ویران گھر کی طرح ہے۔[ترمذی]

۶۲) جیسے مکان کی رونق و آبادی رہنے والے سے ہے، ایسے ہی انسان کے دل کی رونق و آبادی قرآن کریم کو یاد رکھنے سے ہے۔[ترمذی]

۶۳) قرآن شریف والے، وہ اللہ والے اور اس کے خاص لوگ ہیں۔[احمد]

۶۴) تم اپنے لیے شفا کی دو چیزوں؛ شہد اور قرآن کو لازم پکڑ لو۔[ابن ماجہ]

# (۲) سورتوں کے فضائل

۱) سورۂ فاتحہ رتبے کے اعتبار سے قرآن کی سب سے بڑی سورت ہے۔[بخاری]

۲) سورۂ فاتحہ میں ہر بیماری سے شفا ہے۔[دارمی]

۳) جس گھر میں سورۂ بقرہ پڑھی جاتی ہے، شیطان اس گھر سے یقیناً بھاگ جاتا ہے۔[مسلم]

۴) سورۂ بقرہ کو پڑھا کرو، اس کو حاصل کرنا اور پڑھنا برکت کا سبب ہے۔[مسلم]

۵) سورۂ بقرہ کو پڑھا کرو، اس کو چھوڑ بیٹھنا خسارہ اور حسرت کا باعث ہے، اور ناکارہ لوگوں کو اس کو پڑھنے کی قدرت نہیں ہوتی۔[مسلم]

۶) جو شخص سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں کسی رات میں پڑھ لے، تو یہ دونوں آیتیں اس کے لیے کافی ہو جائیں گی (ہر برائی سے محفوظ رہے گا، تہجد کے قائم مقام ہو جائی گی)۔[بخاری]

۷) سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں جس مکان میں تین رات

تک پڑھی جاتی رہیں، شیطان اس کے نزدیک بھی نہیں آتا۔[احمد]

۸) دو چمکتی ہوئی اور روشن سورتیں؛ سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران پڑھا کرو، اس لیے کہ یہ دونوں سورتیں اس طرح آئیں گی گویا وہ دو بادل ہیں۔[مسلم]

۹) سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران، اپنے پڑھنے والوں کو بخشوانے کے لیے اللہ تعالیٰ سے جھگڑا کرتی ہوں گی۔[مسلم]

۱۰) آیۃ الکرسی اللہ کی کتاب کی ثواب کے لحاظ سے سب سے بڑی آیت ہے۔[مسلم]

۱۱) جس مال پر اس آیت الکرسی کو پڑھ کر دم کرو گے یا لکھ کر (مال میں) رکھ دو گے، تو شیطان اس مال کے قریب بھی نہ آئے گا۔ [ابن حبان]

۱۲) اولاد پر اس آیت الکرسی کو پڑھ کر دم کرو گے یا بچہ کے گلے میں ڈال دو گے، تو شیطان اولاد کے قریب بھی نہ آئے گا۔[ابن حبان]

۱۳) جو شخص سونے کے لیے بستر پر آئے اور آیت الکرسی پڑھ لے تو اللہ کی طرف سے ایک حفاظت کرنے والا متعین ہوتا ہے اور شیطان اس کے قریب بھی نہیں جاتا۔[بخاری]

۱۴) دو چمکتی ہوئی اور روشن سورتیں؛ سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران پڑھا کرو، اس لیے کہ یہ دونوں سورتیں اس طرح آئیں گی گویا وہ دو بادل ہیں۔[مسلم]

۱۵) سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران، اپنے پڑھنے والوں کو بخشوانے کے لیے اللہ تعالیٰ سے جھگڑا کرتی ہوں گی۔[مسلم]

۱۶) جو شخص جمعہ کی رات میں سورۂ کہف پڑھ لیتا ہے، اس کے لیے اس کی جگہ اور خانۂ کعبہ کے درمیان ایک نور روشنی بخشتا رہتا ہے۔[حاکم]

۱۷) جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھ لیتا ہے، اس کے لیے اس جمعہ سے آنے والے جمعہ کے درمیان (پورے ہفتے) ایک نور روشنی بخشتا رہتا ہے۔[دارمی]

۱۸) جس شخص نے سورۂ کہف کی پہلی دس آیتیں حفظ کر لیں (اور پابندی سے پڑھتا رہا) وہ دجال کے فتنے سے بچا دیا

جائے گا۔[مسلم]

۱۹) جس شخص نے سورۂ کہف کی آخری دس آیتیں حفظ کر لیں (اور پابندی سے پڑھتا رہا) وہ دجال کے فتنے سے بچا دیا جائے گا۔[مسلم]

۲۰) جو شخص دجال کو پالے (یعنی اس کے سامنے ظاہر ہو جائے) اس کو چاہیے کہ وہ سورۂ کہف کی ابتدائی دس آیتیں اس کے منہ پر پڑھ دے۔[ابوداؤد]

۲۱) رسول اللہ ﷺ اس وقت تک نہیں سوتے تھے جب تک الٓمٓ سجدہ اور تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْک نہ پڑھ لیتے۔[ترمذی]

۲۲) جو شخص کسی بھی رات سورۂ حٰمٓ الدخان پڑھتا ہے، تو صبح تک ستّر ہزار فرشتے اس کے لیے استغفار کرتے ہیں۔[ترمذی]

۲۳) یقیناً ہر چیز کا دل ہوتا ہے، قرآن کریم کا دل سورۂ یٰس ہے، اور جو شخص سورۂ یٰس پڑھے گا اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کے پڑھنے پر دس مرتبہ قرآن کریم پڑھنے کا ثواب لکھ دیں گے۔[ترمذی]

۲۴) سورۂ یٰس قرآن کریم کا دل ہے، جو شخص بھی اس کو محض اللہ کی خوشنودی اور آخرت میں ثواب پانے کے لیے پڑھا کرے، اس کی ضرور مغفرت کر دی جائے گی اور اس کو مرنے والوں پر (نزع کے وقت) پڑھا کرو۔[نسائی، ابن ماجہ، ابن حبان]

۲۵) جس نے اللہ کی رضا کے لیے رات میں سورۂ یٰس پڑھی، اس کی مغفرت کر دی جاتی ہے۔[ابن حبان]

۲۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص شروع دن میں آیۃ الکرسی اور سورۂ مؤمن کی پہلی تین آیتیں: حٰمٓ سے اِلَیۡہِ الۡمَصِیۡرُ تک پڑھ لے تو شام تک اور شام کو پڑھ لے تو صبح تک ہر برائی اور تکلیف سے محفوظ رہے گا۔[ترمذی]

۲۷) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آج رات مجھ پر ایسی سورت نازل ہوئی ہے جو مجھے ان تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہے جن پر سورج طلوع ہوتا ہے (تمام دنیا سے)، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اِنَّا فَتَحۡنَا لَکَ فَتۡحًا مُّبِیۡنًا تلاوت فرمائی۔[بخاری]

۲۸) جس شخص نے ہر رات سورۂ واقعہ پڑھی اس پر فقر نہیں آئے گا۔[شعب الایمان]

۲۹) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی قسم! سورۂ انعام کو پہنچانے کے لیے اتنے فرشتے آئے ہیں کہ ان کے ہجوم سے آسمان کے کنارے ڈھک گئے۔[حصن حصین]

۳۰) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرا جی چاہتا ہے کہ سورۂ ملک ہر مؤمن کے دل میں ہو۔ (یعنی ہر مسلمان اس کو ضرور یاد کرلے اور پابندی سے پڑھا کرے)۔[حاکم]

۳۱) تَبَارَكَ الَّذِیْ کی تیس آیتیں انھیں پڑھنے والے آدمی کی مسلسل سفارش کرتی رہتی ہیں یہاں تک کہ اس کی مغفرت کردی جاتی ہے۔[نسائی]

۳۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس وقت تک نہیں سوتے تھے جب تک الٓمّٓ سجدہ اور تَبَارَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ نہ پڑھ لیتے۔[ترمذی]

۳۳) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ سورت قبر کے عذاب کو روکنے والی ہے، تورات میں اس کا نام

سورۂ ملک ہے، جس شخص نے اس کو کسی رات میں پڑھا اس نے بہت زیادہ ثواب کمایا۔[حاکم]

۳۴) سورۂ ملک اللہ تعالیٰ کے عذاب سے روکنے والی ہے اور قبر کے عذاب سے نجات دلانے والی ہے۔[ترمذی]

۳۵) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر اور عصر کی نماز میں وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ اور وَ السَّمَآءِ وَ الطَّارِقِ اور ان جیسی سورتیں پڑھا کرتے تھے۔[ابوداؤد]

۳۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عشاء کی نماز میں سورۂ شمس اور اس جیسی سورتیں پڑھا کرتے تھے۔[ترمذی]

۳۷) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کی نماز میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى اور هَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ پڑھا کرتے تھے۔[ابوداؤد]

۳۸) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وتر کی پہلی رکعت میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى اور دوسری رکعت میں قُلْ يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور تیسری رکعت میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد پڑھتے تھے۔[نسائی]

۳۹) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن فجر کی نماز میں سورۂ سجدہ اور سورۂ دھر پڑھا کرتے تھے۔[بخاری]

۴۰) سورۂ زلزال قرآن کریم کے نصف حصے کے برابر ہے۔[ترمذی]

۴۱) اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ کا ثواب ایک ہزار آیتوں کے برابر ہے۔[مستدرک]

۴۲) قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پڑھنے کے بعد بغیر کسی سے بات کیے ہوئے سوجایا کرو، کیوں کہ اس سورت میں شرک سے براءت ہے۔[ابوداؤد]

۴۳) جو شخص رات میں سوتے وقت سورۂ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پوری پڑھے تو وہ شرک سے بری ہوگا۔[ترمذی]

۴۴) سورۂ کافرون قرآن کے چوتھائی حصے کے برابر ہے۔[ترمذی]

۴۵) اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ قرآن پاک کا چوتھائی ہے۔[شعب الایمان]

۴۶) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ قرآن پاک کے تہائی حصے کے

برابر ہے۔[ترمذی]

۴۷) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صبح وشام ''سورۂ اخلاص اور معوذتین (سورۂ فلق اور سورۂ ناس)'' تین مرتبہ پڑھ لیا کرو، تم ہر چیز کے شر سے محفوظ ہو جاؤ گے۔[ترمذی]

## (۳) رَبَّنَا اور دیگر آیتیں اور دعائیں

۱) یہ اللہ تعالیٰ کی سکھائی ہوئی خاص دعا ہے، اللہ تعالیٰ سے ہدایت طلب کرنے کے لیے اِن الفاظ میں دعا کرنی چاہیے۔[سورۂ فاتحہ:۵]

۲) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے، جہالت سے بچنے کے لیے اس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ بقرہ:۶۷]

۳) برکت اور امن کے لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یہ دعا ہے۔[سورۂ بقرہ:۱۲۶]

۴) حضرت ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام نے بیت اللہ کی تعمیر کے وقت یہ دعا مانگی ہے، لہٰذا نیک اعمال کے بعد قبولیت کے لیے اِس دعا کا خاص اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ بقرہ:۱۲۷]

۵) یہ بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے؛ اللہ تعالیٰ کی وفاداری اور فرمانبرداری کا حق ادا کرنے کی توفیق اپنے لیے اور اپنی اولاد کے لیے مانگنی چاہیے، اس دعا کو بھی پڑھتے رہنا چاہیے۔[سورۂ بقرہ:۱۲۸]

۶) صبر کرنے والوں کی صفت یہ ہے کہ رنج وغم اور مصیبت کے وقت وہ اس دعا کا اہتمام کرتے ہیں، لہٰذا اگر ایسے حالات ہو تو ہمیں بھی اس کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ بقرہ:۱۵۶][مسلم]

۷) اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے صبر کرنے والوں کی خاص صفت بیان فرمائی ہے، لہٰذا جب کوئی مصیبت پہنچے یا اُس کی خبر آئے تو یہ دعا ضرور پڑھنی چاہیے۔

[سورۂ بقرہ:۱۵۶]

۸) اس دعا میں انسان کے تمام دینی اور دنیوی مقاصد آجاتے ہیں، اسی وجہ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کثرت سے مانگا کرتے تھے، لہٰذا ہمیں بھی چاہیے کہ یہ دعا کثرت سے مانگا کریں۔[سورۂ بقرہ:۲۰۱]

۹) یہ ایمان اور اعمال صالحہ پر جمے ہوئے مؤمنین کی دعا ہے، لہٰذا جب کبھی مخالف حالات پیش آئیں، صبر و استقامت اور اللہ کی مدد حاصل کرنے کے لیے اِس دعا کا خاص اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ بقرہ:۲۵۰]

۱۰) یہ دو آیتیں شب معراج میں رسول اللہ ﷺ کو بطور خاص تحفہ میں دی گئیں تھیں، یہ دو آیتیں جس گھر میں پڑھی جاتی ہیں، تین دن تک شیطان اس گھر کے پاس نہیں آتا۔[ترمذی:۲۸۲۸](سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں)

۱۱) حق پرستوں کا ایک کمال یہ ہے کہ ان لوگوں کو دین پر قائم رہنے کی فکر ہر دم لگی رہتی ہے، وہ ہمیشہ اپنے اللہ سے استقامت کی دعا مانگتے ہیں، حضور ﷺ بھی ہمیشہ استقامت کی دعا مانگا کرتے تھے، ہم تو اس کے زیادہ محتاج ہیں، لہٰذا دین پر قائم رہنے اور دین پر استقامت کے لیے اِس دعا کو پڑھتے رہنا چاہیے۔

[سورۂ آل عمران:۸]

۱۲) یہ متقیوں کی دعا ہے، لہٰذا ہمیں بھی اپنے گناہوں کی معافی

اور دوزخ کی آگ سے حفاظت کے لیے اِس دعا کا اہتمام کیجیے۔[سورۂ آل عمران:۱۶]

۱۳) حضرت زکریا علیہ السلام نے نیک اولاد اِن الفاظ میں مانگی تھی، جس کو قبول فرما کر اللہ تعالیٰ نے حضرت یحیی علیہ السلام عطا فرمائے تھے، لہٰذا نیک اولاد کے حصول کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ آل عمران:۳۸]

۱۴) حضرت زکریا علیہ السلام نے حضرت مریم علیہا السلام کے یہاں اللہ کی قدرت کے غیر معمولی کرشمے دیکھ کر اپنے لیے اولاد کی دعا اِن الفاظ میں مانگی تھی، لہٰذا بے اولادوں کو اِس دعا کا خوب اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ آل عمران:۳۸]

۱۵) یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مخلص ساتھیوں کی دعا ہے، لہٰذا ہمیں بھی اپنا شمار کامل مؤمنین میں کروانے کے لیے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگنی چاہیے۔[سورۂ آل عمران:۵۳]

۱۶) دین کی سربلندی کی خاطر حضرات انبیاء کرام کا ساتھ دینے والوں کی ایک عظیم الشان صفت یہ ہے کہ وہ اپنی بے مثال قربانی کے ساتھ ساتھ یہ دعائیں بھی کرتے ہیں،

لہٰذا ہمیں بھی اپنے گناہوں کی بخشش، دنیا میں فتح و کامیابی اور آخرت میں اللہ کی رضامندی اور جنت پانے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ آل عمران: ۱۴۷]

۱۷) دشمن سے مقابلے اور اس کے لیے ہونے والے سفر کے دوران صحابہ کی زبان پر مسلسل یہ کلمات تھے، لہٰذا جب تمھیں غم و پریشانی لاحق ہو اور حالات تنگ اور پریشان کن ہوں تو یہ دعا کثرت سے پڑھا کرو۔[ابوداؤد]

[سورۂ آل عمران: ۱۷۳]

۱۸) یہ عقلمندوں (ایمان والوں) کی اللہ سے دعا ہے، لہٰذا اِس آیت کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے جہنم کے عذاب سے حفاظت طلب کریں۔[سورۂ آل عمران: ۱۹۱]

۱۹) یہ عقلمندوں (ایمان والوں) کی اللہ سے درخواست ہے، چنانچہ میدان حشر کی رسوائی سے بچنے کے لیے اِس دعا کو اہتمام سے پڑھیں۔[سورۂ آل عمران: ۱۹۲]

۲۰) یہ عقلمندوں (ایمان والوں) کی اللہ سے درخواست ہے، لہٰذا بڑے گناہوں کی معافی اور نیک لوگوں میں شامل

ہونے کے لیے اِس دعا کو زیادہ سے زیادہ پڑھیں۔

[سورۂ آل عمران: ۱۹۳]

۲۱) یہ عقلمندوں (ایمان والوں) کی اللہ سے درخواست ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ کے حضرات انبیاء کرام کے ذریعے کیے ہوئے جنت کے وعدے کو حاصل کرنے اور قیامت کی رسوائی سے بچنے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کریں۔

[سورۂ آل عمران: ۱۹۴]

۲۲) یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خاص دعا ہے، لہٰذا ہمیں بھی آسمانی نعمتوں کے حصول اور روزی میں برکت کے لیے اس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ مائدہ: ۱۱۴]

۲۳) یہ حضرت آدم وحوا علیہا السلام کی خاص دعا ہے، لہٰذا اپنے گناہوں کی معافی اور اللہ کی مہربانیوں کو طلب کرنے کے لیے اِس دعا کا خوب اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ اعراف: ۲۳]

۲۴) جنتیوں کی نگاہیں جب دوزخیوں پر پڑیں گی تو اللہ کے عذاب سے ڈر کر یہ دعا کرنے لگیں گے، لہٰذا اللہ تعالیٰ کے عذاب سے حفاظت کے لیے اِس دعا کا خاص اہتمام

کرنا چاہیے۔[سورۂ اعراف:۴۷]

۲۵) یہ حضرت شعیب علیہ السلام کی مانگی ہوئی دعا ہے، لہٰذا جب حق و باطل گڈمڈ ہو گیا ہو اور حق سمجھ میں نہ آتا ہو تو ایسے موقع پر اِس دعا کا خاص اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ اعراف:۸۹]

۲۶) جادوگر جب اللہ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئے تو فرعون نے بوکھلا کر انھیں سزا دینے کا اعلان کر دیا، اس وقت فرعون کے جادوگروں نے یہ دعا کی ہے، لہٰذا دشمنانِ اسلام کی طرف سے ہونے والی زیادتیوں کے وقت اللہ تعالیٰ سے اِس طرح دعا کرنی چاہیے۔[سورۂ اعراف:۱۲۶]

۲۷) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے، اپنے لیے اور اپنے بھائی کے لیے حصول مغفرت و رحمت کی دعا ان الفاظ میں کرنی چاہیے۔[سورۂ اعراف:۱۵۱]

۲۸) یہ دعا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کوہِ طور پر جاتے ہوئے پڑھی تھی، لہٰذا اللہ سے رحم و کرم طلب کرنے اور دنیا و آخرت کی نیک حالی کے لیے اِس دعا ( اَنۡتَ وَلِیُّنَا

سے اِنَّا هُدْنَا اِلَيْكَ تک) کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ اعراف:۱۵۵،۱۵۶]

۲۹) جو اس دعا کو ہر صبح و شام سات مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو دنیا اور آخرت کی مصیبتوں اور رنج و غم سے نجات دے گا۔

[عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی][سورۂ توبہ:۱۲۹]

۳۰) قرآن کریم سراسر ہدایت و نصیحت ہے اور دلوں کی (ظاہری اور باطنی) بیماریوں کے لیے شفا ہے، لہٰذا قرآن کریم کے احکامات پر عمل کر کے روحانی بیماریوں کا اور سورتوں اور آیتوں کو پڑھ کر جسمانی بیماریوں کا علاج کرنا چاہیے۔ [سورۂ یونس:۵۷]

۳۱) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کی دعا ہے، لہٰذا ظالموں کے ظلم سے چھٹکارہ پانے کے لیے اور اُن سے حفاظت کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ یونس:۸۵،۸۶]

۳۲) یہ حضرت نوح علیہ السلام کی خاص دعا ہے، عفو و درگذر

کے لیے یہ دعا مانگنی چاہیے۔[سورۂ ہود:۴۷]

۳۳) یہ حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا ہے، جو شخص یہ چاہے کہ اُس کا خاتمہ ایمان پر ہو اور اُس کا حشر نیک لوگوں سے ساتھ ہو تو اُس کو اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ یوسف:۱۰۱]

۳۴) یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خاص دعا ہے، اپنے لیے اور اپنی اولاد کے لیے نماز کا اہتمام اور اور دعا کی قبولیت کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ ابراہیم:۴۰]

۳۵) یہ بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ایک جامع دعا ہے، اِلحاح وزاری کے ساتھ اپنی، اپنے والدین اور تمام امتِ مسلمہ کے لیے یہ دعا کرنی چاہیے۔[سورۂ ابراہیم:۴۱]

۳۶) والدین کے لیے اِس دعا کا بطور خاص اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ بنی اسرائیل:۲۴]

۳۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہجرت کے وقت یہ دعا پڑھی تھی، لہٰذا مجبوری کی وجہ سے کسی جگہ منتقل ہونا پڑے تو اس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ بنی اسرائیل:۸۰]

۳۷) قرآن کریم (جسمانی اور روحانی) ہر بیماری کے لیے شفا اور رحمت ہے، لہٰذا قرآن کریم کے احکامات پر عمل کر کے روحانی بیماریوں کا اور سورتوں اور آیتوں کو پڑھ کر جسمانی بیماریوں کا علاج کرنا چاہیے۔ [سورۂ بنی اسرائیل: ۸۲]

۳۸) عبدالمطلب کی اولاد میں کسی کے یہاں جب کوئی بچہ زبان کھولنے کے قابل ہوتا تو رسول اللہ ﷺ اسے یہ آیت (سورۂ بنی اسرائیل: ۱۱۱) سکھا دیتے تھے۔

[عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی]

۳۹) رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بیماری اور تنگ دستی کی حالت میں دیکھا تو آپ ﷺ نے ان کو تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَايَمُوْتُ کے ساتھ اس آیت (سورۂ بنی اسرائیل: ۱۱۱) کو پڑھنے کا مشورہ دیا، چنانچہ کچھ دنوں بعد آپ ﷺ نے انھیں اچھے حال میں پایا۔ [عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی]

۴۰) یہ عزت دلانے والی آیت ہے۔

[سورۂ بنی اسرائیل: ۱۱۱][احمد]

۴۱) یہ اصحابِ کہف کی مانگی ہوئی خاص دعا ہے، بے دین حکمرانوں سے حفاظت کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ کہف:۱۰]

۴۲) اپنے دین کی حفاظت کی خاطر غار میں پناہ لینے والوں (اصحاب کہف) کی یہ خاص دعا ہے، لہٰذا ہمیں بھی اپنے دینی اور دنیوی کاموں کی درستی اور دینی و دنیوی مقاصد کے اسباب حاصل کرنے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ کہف:۱۰]

۴۳) دین دار غریب نے مالدار بے دین کو نصیحت کرتے ہوئے بڑا زبردست جملہ کہا ہے، حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ پڑھ لیا کرے، تو سوائے موت کے اپنے اہل وعیال اور مال میں کوئی آفت نہیں دیکھے گا۔

[سورۂ کہف:۳۹][طبرانی اوسط:۴۴۱۲]

۴۴) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہت خاص دعا ہے، دل کو روشن کرنے اور زبان میں قوت پیدا کرنے اور لکنت

(ہکلا پن) دور کرنے کے لیے اِس دعا کو خوب پڑھیں۔
[سورۂ طٰہٰ:۲۵ تا ۲۸]

۴۵) جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ام کلثوم ؓ کو قبر میں رکھا تو پڑھا: مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَ مِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى۔
[احمد:۲۲۱۸۷] سورۂ طٰہٰ:۵۵

۴۶) یہ ایک جامع دعا ہے، جس کی تلقین اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرمائی ہے، لہٰذا ہمیں بھی علم میں اضافے اور سمجھنے کی توفیق کو حاصل کرنے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ طٰہٰ:۱۱۴]

۴۷) جو مسلمان بندہ کسی مشکل معاملہ میں اِن کلمات کے ذریعے (جن کے ذریعے حضرت یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ میں اللہ تعالیٰ کو پکارا تھا) دعا کرے، تو اللہ تعالیٰ اُس کی دعا ضرور قبول فرماتے ہیں۔ [ترمذی: ۳۵۰۵] سورۂ انبیاء:۸۷

۴۸) یہ حضرت یونس علیہ السلام کی مچھلی کے پیٹ میں مانگی ہوئی

دعا ہے، لہٰذا جو مسلمان اپنے کسی مقصد کے لیے اِن کلمات کے ساتھ دعا کرے گا، اللہ تعالیٰ اُس کو قبول فرمائیں گے۔[ترمذی:۳۵۰۵][سورۂ انبیاء:۸۷]

۴۹) یہ حضرت یونس علیہ السلام کی مچھلی کے پیٹ میں مانگی ہوئی دعا ہے، لہٰذا جب کوئی بیماری، مصیبت یا آزمائش میں مبتلا ہو جائیں تو اِس دعا کو زیادہ سے زیادہ پڑھنا چاہیے۔ [سورۂ انبیاء:۸۷]

۵۰) یہ حضرت زکریا علیہ السلام کی خاص دعا ہے، حصول اولاد کے لیے اس دعا کا خاص اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ انبیاء:۸۹]

۵۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب بھی جنگ کے حالات پیش آتے تو ان الفاظ میں دعا فرماتے، لہٰذا ہمیں بھی اللہ تعالیٰ سے فتح و نصرت اور انصاف اِن الفاظ میں طلب کرنا چاہیے۔

[سورۂ انبیاء:۱۱۲]

۵۲) یہ حضرت نوح علیہ السلام کی عذاب الٰہی سے نجات کے بعد کی خاص دعا ہے، اللہ تعالیٰ سے خیر و عافیت ان الفاظ

میں طلب کرنی چاہیے۔[سورۂ مؤمنون:۲۹]

۵۳) یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا ہے، ظالمین سے براءت کے لیے اس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ مؤمنون: ۹۴]

۵۴) اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ دعا تلقین فرمائی ہے، لہٰذا شیطان کے مکر وفریب سے بچنے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ مؤمنون:۹۷،۹۸]

۵۵) محشر میں ایمان والوں کی دعا اِس طرح ہوگی، لہٰذا ہمیں بھی دنیا میں اللہ سے گناہوں کی معافی اور رحمت کی طلب میں رہنا چاہیے اور اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ مؤمنون:۱۰۹]

۵۶) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک بے ہوش کے کان میں یہ آیت پڑھی اور دم کیا تو وہ ہوش میں آ گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس واقعہ کو سننے کے بعد فرمایا کہ (یہ آیات اتنی وزنی ہیں کہ) اگر کوئی شخص پورے یقین کے ساتھ اس کو پڑھ کر پہاڑ پر دم کر دے تو وہ بھی اپنی جگہ سے ہٹ جائے۔

[عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی ][سورۂ مؤمنون: ۱۱۵ تا ۱۱۸]

۵۷)اس آیت میں آپ ﷺ اللہ تعالیٰ سے شکایت فرما رہے ہیں کہ میری قوم (ایمان والوں) نے قرآن کریم کی تلاوت نہ کر کے اور اس پر عمل نہ کر کے قرآن کریم کو پس پشت ڈال دیا ہے، ہمیں قرآن کریم کی تلاوت کا اہتمام کرنا چاہیے اور زندگی بھر اس کے احکامات پر عمل پیرا ہونا چاہیے۔[سورۂ فرقان: ۳۰]

۵۸)رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے قرآن پڑھا، مگر پھر اس کو بند کر کے گھر میں معلق کر دیا، نہ اس کی تلاوت کی پابندی کی، نہ اس کے احکام میں غور کیا، قرآن اس کے گلے میں پڑا ہوا آئے گا اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکایت کرے گا کہ آپ کے اس بندے نے مجھے چھوڑ دیا تھا، اب آپ میرے اور اس کے معاملے کا فیصلہ فرما دیجیے۔ [تفسیر قرطبی] لہٰذا ہمیں قرآن کریم کی تلاوت کا اہتمام کرنا چاہیے اور زندگی بھر اس کے احکامات پر عمل پیرا ہونا چاہیے۔[سورۂ فرقان: ۳۰]

۵۹) یہ اللہ تعالیٰ کے خاص بندوں کی صفت ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے جہنم کے عذاب سے حفاظت طلب کرتے رہتے ہیں، ہمیں بھی اِس طرح دعا مانگنا چاہیے۔[سورۂ فرقان:۶۵]

۶۰) اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص بندوں کی دعا کا تذکرہ فرمایا ہے کہ وہ یہ دعا مانگا کرتے ہیں، لہٰذا اپنے اہل وعیال کو اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک بنانے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ فرقان:۷۴]

۶۱) حکمت، صلاح وتقوی، سچی ناموری اور جنت حاصل کرنے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ شعراء:۸۳ تا ۸۵]

۶۲) یہ حضرت لوط علیہ السلام کی دعا ہے، لہٰذا اپنے آپ کو اور اپنی اولاد کو بُرے لوگوں کی صحبت اور میل جول سے بچانے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ شعراء:۱۶۹]

۶۳) یہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی بہت ہی جامع دعا ہے، اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ اللہ کے شکر گذار بندوں میں

بنیں اور آپ کو نیک اعمال کی توفیق عطا ہو اور آپ کی اولاد نیک اور فرماں بردار بنے تو اِس دعا کا اہتمام کریں۔
[سورۂ نمل:۱۹]

۶۴) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے، لہٰذا اللہ تعالیٰ سے اس طرح مغفرت طلب کرنی چاہیے۔[سورۂ قصص:۱۶]

۶۵) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے، لہٰذا اسلام اور مسلمانوں کے دشمنوں کی طرف سے مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا ہو، تو اُس وقت اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ قصص:۲۱]

۶۶) یہ حضرت لوط علیہ السلام کی دعا ہے، لہٰذا فتنہ وفساد پھیلانے والوں کے خلاف اللہ کی مدد طلب کرنے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ عنکبوت:۳۰]

۶۷) یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے، لہٰذا نیک اور صالح اولاد کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔
[سورۂ صافات:۱۰۰]

۶۸) یہ عرشِ الٰہی کو اٹھانے والے فرشتوں کی دعا ہے ایمان

والوں کے لیے، لہٰذا اللہ کی رحمت، مغفرت، صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق، گناہوں سے حفاظت، جنت میں داخلے کے لیے ہمیں بھی اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ مؤمن: ۷، ۸، ۹]

۶۹) یہ فرعون کے خاندان کے مؤمن شخص کی دعا ہے، جب پریشان کُن حالات ہوں تو اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ مؤمن: ۴۴]

۷۰) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کے ارادے سے نکلتے اور سواری پر بیٹھ جاتے تو تین مرتبہ ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' فرماتے اور یہ دعا پڑھتے اور پھر سفر کی دوسری دعائیں پڑھتے۔

[ترمذی: ۳۴۴۷] [سورۂ زخرف: ۱۳، ۱۴]

۷۱) اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی اولاد نیک اور فرماں بردار بنے تو اِس دعا کا اہتمام کریں۔ [سورۂ احقاف: ۱۵]

۷۲) دل سے ایمان والوں کے لیے کینہ کپٹ اور بغض و عداوت کو ختم کرنے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔ [سورۂ حشر: ۱۰]

۷۳) اللہ تعالیٰ سے نورِ ایمانی اِس انداز میں مانگنا چاہیے۔
[سورۂ تحریم:۸]

۷۴) یہ فرعون کی بیوی آسیہ کی دعا ہے، لہٰذا جنت کے حصول اور اللہ کے باغی، نافرمان اور ظالم لوگوں سے چھٹکارے کے لیے یہ دعا مانگنی چاہیے۔[سورۂ تحریم:۱۱]

۷۵) یہ حضرت نوح علیہ السلام کی دعا ہے، ان الفاظ میں اپنے لیے، اپنے والدین کے لیے اور تمام ایمان والوں کے لیے مغفرت طلب کرنی چاہیے۔[سورۂ نوح:۲۸]

## (۴) آیاتِ سجدہ

۱) جب آدم کا بیٹا آیتِ سجدہ کی تلاوت کرتا ہے تو شیطان روتا ہوا دور بھاگتا ہے اور کہتا ہے: ہائے میری ہلاکت و بربادی! انسان کو سجدے کا حکم دیا گیا، اُس نے سجدہ کیا تو جنت کا مستحق ہو گیا اور مجھے سجدے کا حکم کیا گیا، میں نے سجدہ نہیں کیا، چنانچہ میں جہنم کا حق دار ہوا۔[مسلم]

۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو قرآن کے سجدوں میں یہ تسبیح پڑھتے تھے: ''سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَشَقَّ

سَمْعَهٗ وَ بَصَرَهٗ بِحَوْلِه وَ قُوَّتِه فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ''۔

ترجمہ: میرے منہ نے اُس ذات کو سجدہ کیا جس نے اُسے پیدا کیا، اور اپنی قوت وقدرت سے کان اور آنکھیں بنائی، بڑی شان ہے اللہ کی جو سارے کاریگروں سے بڑھ کر کاریگر ہے۔[حاکم]

۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تلاوت کے سجدوں میں یہ بھی دعا پڑھی ہے:'' اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِيْ بِهَا عِنْدَكَ اَجْرًا، وَ ضَعْ عَنِّيْ بِهَا وِزْرًا، وَاجْعَلْهَا لِيْ عِنْدَكَ ذُخْرًا، وَ تَقَبَّلْهَا مِنِّيْ كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوٗدَ''۔

ترجمہ: اے اللہ! اس سجدے کے عوض میرے لیے ثواب لکھ دیجیے اور گناہ معاف کر دیجیے اور آپ کے پاس اِسے ذخیرہ بنا دیجیے اور جیسے آپ نے حضرت داؤد علیہ السلام کا سجدہ قبول فرمایا، اُسی طرح میرا سجدہ بھی قبول فرمایئے۔[ترمذی]

# (۵) حدیث وقرآن سے ماخوذ تذکیری جملے

۱) قرآن پاک کو اور اُس کی تعلیمات کو جس طرح ہو سکے اور جتنا ہو سکے پھیلاؤ۔[ترمذی]

۲) اگر آپ اپنے گھر میں خیر و برکت چاہتے ہیں تو اپنے گھر میں کثرت سے قرآن پڑھیے۔[مسلم]

۳) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، یہ دلیل ہے اس بات کی کہ اللہ آپ کو یاد کر رہا ہے۔[سورۂ بقرہ:۱۵۲]

۴) جن گھروں میں کلام پاک کی تلاوت کی جاتی ہے، وہ مکانات آسمان والوں کے لیے ایسے چمکتے ہیں جیسا کہ زمین والوں کے لیے آسمان پر ستارے چمکتے ہیں۔

[شعب الایمان]

۵) آپ قرآن کریم پڑھیے، اِس سے آپ کے دل کی بے چینی دور ہوگی۔[سورۂ رعد:۲۸]

۶) آپ قرآن کریم پڑھیے، اِس سے آپ کو سکونِ قلب نصیب ہوگا۔[سورۂ رعد:۲۸]

۷) آپ قرآن کریم پڑھ رہے ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کا تذکرہ فرشتوں کی مجلس میں کر رہا ہے۔[مسلم]

۸) قرآن، اللہ کا کلام ہے، آپ اُسے پڑھنا سیکھیں اور صحیح قرآن پڑھیں۔[سورۂ مزمل: ۴]

۹) جولوگ ہر وقت اللہ کے پاک کلام میں مشغول رہتے ہیں، اللہ کے خاص لوگوں میں اُن کا شمار ہوتا ہے۔[ابن ماجہ]

۱۰) اللہ تعالیٰ اُس شخص کی تلاوت غور سے سنتے ہیں، جو حروف کی صحیح ادائیگی کے ساتھ اچھی طرح، اچھی آواز میں قرآن کی تلاوت کرتا ہے۔[ابن ماجہ]

۱۱) قرآن پاک کی تلاوت اس طرح کرو جس طرح تلاوت کرنے کا حق ہے، یہ ایمان والا ہونے کی علامت ہے۔
[سورۂ بقرہ: ۱۲۱]

۱۲) کلام پاک کی عظمت دل میں رکھ کر پڑھیے کہ یہ بادشاہوں کے بادشاہ کا کلام ہے۔[سورۂ حجر: ۹]

۱۳) تلاوت سے پہلے مسواک کر کے منہ صاف کر لیجیے۔[ابن ماجہ]

۱۴) وضو کے بعد نہایت وقار کے ساتھ قبلہ رو ہو کر اس طرح پڑھیے کہ گویا حق تعالیٰ شانہ کو کلام پاک سنا رہے ہیں۔
[الفتاوی الولوالجیۃ]

۱۵) آپ اللہ کا شکر ادا کیجیے کہ آپ کے ہاتھ میں اللہ کا پیغام ہے۔[ترمذی]

۱۶) آپ اللہ کا شکر ادا کیجیے کہ آپ کے ہاتھ میں اللہ کی مضبوط رسّی ہے۔[ترمذی]

۱۷) قرآن کریم اس خیال کے ساتھ پڑھیے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ میرا تعلق مضبوط ہو رہا ہے۔[ترمذی]

۱۸) آپ قرآن پڑھا رہے ہیں، اللہ کی مخلوق آپ کے لیے دعائے مغفرت کر رہی ہے۔[ترمذی]

۱۹) آپ قرآن کریم کی تلاوت کر رہے ہیں اور فرشتے آپ کے لیے رحمت کی دعائیں کر رہے ہیں۔[مسلم]

۲۰) آپ قرآن کریم پڑھ رہے ہیں، اپنے آپ کو گناہوں سے بچائیں، ورنہ قرآن آپ کی شکایت کرے گا۔

[سورۂ فرقان:۳۰]

۲۱) یہ قرآن آپ کو جنت کا لباس دلوائے گا، اس لیے اُس کے آداب کی رعایت کے ساتھ خوب تلاوت کریں۔

[ترمذی]

۲۲) یہ قرآن آپ کو کرامت کا تاج پہنوائے گا، اس لیے اُس کے آداب کی رعایت کے ساتھ خوب تلاوت کریں۔

[ترمذی]

۲۳) یہ قرآن آپ کو اللہ تعالیٰ کی رضامندی دلوانے والا ہے اور آخرت میں اللہ کی رضامندی سے بڑھ کر اور کیا چیز ہو سکتی ہے![ترمذی]

۲۴) قرآن کریم میں خاموش فتنوں کا علاج بھی موجود ہے۔

[ترمذی]

۲۵) اگر آپ اللہ تعالیٰ کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتے ہو تو کثرت سے قرآن کریم کی تلاوت کریں۔[ابن ماجہ]

۲۶) اگر آپ کو عذاب قبر کا خوف ہے تو سورۂ ملک کی تلاوت میں عذاب قبر سے نجات ہے۔[ترمذی]

۲۷) آپ قرآن پڑھیے، آپ کی غفلت دور ہوگی۔[احمد]

۲۸) اے اللہ! قرآن کریم کو ہمارے دلوں کی بہار بنا دیجیے۔

[احمد]

۲۹) اے اللہ! قرآن کریم کو ہمارے دلوں کا نور بنا دیجیے۔

[احمد]

۳۰) اے اللہ! قرآن کریم کے ذریعے ہمارے رنج وغم کو دور فرمادیجیے۔[احمد]

۳۱) آپ اللہ کا کلام پڑھ رہے ہو، تلاوت کے دوران دنیوی باتیں نہ کرو۔[بخاری]

۳۲) قرآن کریم کو مضبوطی سے تھام لو، یہ فتنوں سے بچاؤ کا ذریعہ ہے۔[ترمذی]

۳۳) قرآن کریم یاد بھی کریں کہ جس کے دل میں قرآن کریم کا کوئی حصہ نہیں وہ ویران گھر کی طرح ہے۔[ترمذی]

۳۴) اگر آپ اپنے گھر میں خیر و برکت چاہتے ہیں تو گھر میں کثرت سے تلاوت کریں۔[مسلم]

۳۵) اگر آپ چاہتے ہیں کہ شیاطین آپ کے گھر سے نکل جائیں، تو گھر میں قرآن بہت پڑھیے۔[مسلم]

۳۶) سارے فتنوں کا علاج قرآن کریم میں ہے۔[ترمذی]

۳۷) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کو یاد کر رہا ہے۔

[سورۂ بقرہ:۱۵۲]

۳۸) قرآن میں آپ کی ساری بیماریوں سے شفا ہے۔

[سورۂ بنی اسرائیل:۸۲]

۳۹) قرآن میں آپ کی ساری بیماریوں کا علاج ہے۔
[سورۂ بنی اسرائیل: ۸۲]

۴۰) قرآن کریم میں آپ کا تذکرہ بھی موجود ہے۔
[سورۂ انبیاء: ۱۰]

۴۲) قرآن پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ دعا مانگنے والے سے زیادہ عطا فرماتے ہیں۔[ترمذی]

۴۳) ایک حافظ قرآن دس آدمیوں کو جنت میں لے جائے گا، لہٰذا اپنے بچوں کو حافظ قرآن بنائیے۔[ترمذی]

۴۴) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کے ساتھ ہے، غم مت کیجیے۔[احمد]

۴۵) قرآن کی فضیلت ایسی ہے، جیسے اللہ کو ساری مخلوق پر فضیلت حاصل ہے۔[ترمذی]

۴۶) یہ ذہن میں رکھیے کہ گنہگار کے لیے قرآن اللہ تعالیٰ سے شکوہ شکایت کرتا ہے۔[سورۂ فرقان: ۳۰]

۴۷) قرآن کریم پڑھیے؛ اس سے آسمانوں میں آپ کا تذکرہ ہوگا اور زمین میں آپ کے لیے نور کا سبب ہوگا۔
[صحیح ابن حبان]

۴۸) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کو یاد کر رہا ہے۔
[سورۂ بقرہ: ۱۵۲]

۴۹) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کا قرآن سن رہا ہے۔
[ابن ماجہ]

۵۰) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، فرشتے آپ کا قرآن سن رہے ہیں۔[مسلم]

۵۱) قرآن کریم دیکھ کر پڑھیے، آپ کی آنکھوں کی بیماریاں دور ہوں گی۔[فضائل القرآن للرازی]

۵۲) قرآن کریم اس خیال کے ساتھ پڑھیے کہ میرے دل کا زنگ دور ہو رہا ہے۔[شعب الایمان]

۵۳) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، یہی نیکیاں باقی رہنے والی ہیں۔[سورۂ کہف: ۴۶]

۵۴) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کو دیکھ رہا ہے۔
[سورۂ فجر: ۱۴]

۵۵) جس سے اللہ خوش ہوتا ہے، اس کو قرآن پڑھنے کی توفیق ملتی ہے، اس لیے اللہ کا شکر ادا کیجیے۔[احمد]

۵۶) صفحہ پلٹنے کے لیے حتی الامکان بایاں ہاتھ استعمال مت

کیجیے۔[نسائی]

۵۷) قرآن کریم کے کاغذات بھی اللہ کی پاکی بیان کر رہے ہیں، یہ دھیان میں رکھیے۔[سورۂ اسراء: ۴۴]

۵۸) اللہ کا وعدہ ہے کہ جو بھی نیک کام کروگے، اللہ اُس کا اجر ضائع نہیں کرے گا، آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کا اجر ضائع نہیں کرے گا۔[سورۂ ہود: ۱۱۵]

۵۹) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، آپ کو خوش ہونا چاہیے، یہ ایمان کی علامت ہے۔[احمد]

۶۰) قرآن پر عمل کیجیے؛ یہ قرآن اللہ کے دربار میں آپ کے لیے سفارش کرے گا۔[احمد]

۶۱) یہ قرآن اللہ سے آپ کو راضی کرادے گا۔[ترمذی]

۶۲) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، آپ کے (چھوٹے چھوٹے) گناہ معاف ہو رہے ہیں۔[سورۂ ہود: ۱۱۴]

۶۳) اگر طبیعت میں سستی ہو تو آپ آرام کر لیجیے، تاکہ قرآن کریم غفلت سے نہ پڑھا جائے۔[شرح السنۃ للبغوی]

۶۴) آپ اللہ کا شکر ادا کیجیے کہ صبح ہوتے ہی اللہ آپ کو قرآن پڑھنے کی توفیق دے دیتا ہے۔[سورۂ ابراہیم: ۷]

۶۵) قرآن پر عمل کیجیے؛ یہ قرآن آخرت میں آپ کے درجات بلند کرائے گا۔[ابوداؤد]

۶۶) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، قرآن قیامت کے دن آپ کی سفارش کرے گا۔[احمد]

۶۷) قرآن کا ورق پلٹنے کے لیے تھوک مت لگایئے، یہ بہت ہی بڑی بے ادبی ہے۔

۶۸) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، آپ کئی فرشتوں کے درمیان بیٹھیں ہیں، اِس دھیان کے ساتھ پڑھیں۔[مسلم]

۶۹) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، یہ قرآن قبر میں آپ کا ساتھی ہوگا۔[احمد]

۷۰) دنیا اور آخرت میں ترقی چاہتے ہو تو قرآن کے ساتھ اپنا رشتہ جوڑیے۔[سورۂ علق: ۳]

۷۱) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، آپ کو اللہ کا قرب حاصل ہو رہا ہے، یہ ذہن میں رکھیے۔[بخاری]

۷۲) اللہ تعالیٰ قرآن کریم پڑھنے والے اور اُس پر عمل کرنے والے کی ذمہ داری لیتا ہے کہ اس کو دنیا میں گمراہ نہ کرے گا اور نہ آخرت میں محروم کرے گا۔[ترمذی]

۷۳) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، یہ دلیل ہے کہ اللہ آپ سے محبت کر رہا ہے اور آپ کے لیے بھلائی چاہتا ہے۔

[ترمذی]

۷۴) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کے ساتھ ہے۔

[بخاری]

۷۵) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ سے بہت خوش ہو رہا ہے، یہ ذہن میں رکھ کر پڑھیے۔[ترمذی]

۷۶) اپنے بچوں کو بھی ناظرۂ قرآن سکھاؤ، آپ کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

۷۷) قرآن کی طرف دیکھنے سے بھی نیکیاں ملتی ہیں، اِس دھیان سے قرآن کی طرف دیکھیے۔

۷۸) تعجب ہے اس شخص پر، جو قرآن کو پڑھتا ہے، چومتا ہے، آنکھوں سے لگاتا ہے، سینے سے لگاتا ہے، لیکن یہ جاننے کی کوشش نہیں کرتا کہ اس میں کیا لکھا ہے!!!

۷۹) قرآن کریم اس خیال کے ساتھ پڑھیے کہ میری روحانیت میں ترقی ہو رہی ہے۔

۸۰) افسوس ہے اس بات پر کہ سب سے زیادہ بغیر سمجھے پڑھی

جانے والی کتاب قرآن کریم ہے، اس لیے آپ قرآن کریم سمجھ کر پڑھنے کی کوشش کریں۔

۸۱) بہت مبارک ہیں وہ آنکھیں، جو قرآن کی طرف دیکھیں۔

۸۲) بہت مبارک ہے وہ زبان، جو قرآن پڑھے۔

۸۳) قرآن، انسانیت کے نام اللہ کا پیغام ہے، صرف مسلمانوں کے لیے نہیں ہے!

۸۴) مرتے ہی لوگ آپ کو چھوڑ دیں گے، لیکن قرآن آپ کو نہیں چھوڑے گا۔

۸۵) آپ کی زندگی کا بہترین وقت وہ ہے، جس میں آپ قرآن پڑھ رہے ہوں۔

۸۶) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ سے بات کر رہا ہے، اِس دھیان سے پڑھیں۔

۸۷) پہلے لوگ قرآن کریم کو اللہ کا فرمان سمجھتے تھے، رات بھر اُس میں غور و فکر کرتے تھے اور دن میں اُس پر عمل کرتے تھے۔

۸۸) قرآن کریم کی زیادہ سے زیادہ تلاوت کیجیے، اِس کی برکت سے آپ کا حافظہ بھی قوی ہوگا۔

۸۹) قرآن بغیر سمجھے پڑھنا گویا اللہ کو سنانا ہے، اور سمجھ کر پڑھنا گویا کہ اللہ کی سننا ہے۔

# ایک اہم فتویٰ

سوال: کیا ہمارے برادران وطن اور غیر مسلم بھائیوں کو قرآن شریف یا قرآن شریف کا ترجمہ دینا جائز ہے؟

الجواب: کتب فتاویٰ میں یہ بات موجود ہے کہ اگر کسی غیر مسلم بھائی کے بارے میں اس بات کا یقین اور ظن غالب ہو کہ وہ قرآن شریف کا مکمل احترام کرے گا اور اس سے ہدایت حاصل کرنے کی کوشش کرے گا، اور وہ ہمارا غیر مسلم بھائی ہم سے سچی طلب کے ساتھ قرآن کریم طلب کر رہا ہے اور اس سے کسی قسم کے فتنے وفساد کا اندیشہ نہیں ہے تو ایسے شخص کو قرآن شریف یا قرآن شریف کا ترجمہ دینا جائز ہے، کوئی حرج کی بات نہیں ہے، مگر ہمارے غیر مسلم بھائی کو سمجھا دیا جائے کہ وہ اچھی طرح سے نہا کر یا منھ دھو کر صاف ستھرا ہونے کی حالت میں قرآن شریف کو ہاتھ لگائے۔ قرآن شریف کا مکمل طریقے پر ادب واحترام کرے۔ اس کی بے ادبی ہرگز نہ کرے، قرآن شریف اونچی جگہ پر رکھے، قرآن شریف یا ترجمہ پڑھتے وقت رحل یا کسی صاف ستھری چیز پر رکھ کر پڑھے۔

نوٹ: ہمارے عام غیر مسلم بھائیوں میں بلا وجہ بغیر طلب کئے ہوئے قرآن شریف تقسیم کرنے میں بے ادبی کا سخت خطرہ ہے، اس سے احتراز لازم ہے۔

فقط والسلام اعلم بالصواب

کتاب الفتاویٰ، جلد اوّل صفحہ نمبر ۴۶۱ فتاویٰ رحیمیہ، عالمگیری ۵، ۳۲۳

مزید تفصیلات کے لیے مذکورہ کتب سے مراجعت فرمائیں

طالب دعا: محمد یونس ابن حضرت مولانا محمد عمر صاحب پالن پوریؒ

www.aajkasabaq.in
www.bayans.org
www.ibnekaseer.net

# سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

اس میں (۲۵) کلمات ہیں

اس میں (۱۲۲) حروف ہیں

سورۂ فاتحہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی
اور اس میں (۷) آیات اور (۱) رکوع ہے،
نازل ہونے کے اعتبار سے (۵) نمبر پر ہے
لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱) نمبر پر ہے اور سورۂ مدثر کے بعد نازل ہوئی۔

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱﴾ الرَّحْمٰنِ

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہان کا مالک ہے ﴿۱﴾ بہت مہربان

الرَّحِيْمِ ۙ﴿۲﴾ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ﴿۳﴾ اِيَّاكَ

نہایت رحم والا ہے ﴿۲﴾ انصاف کے دن کا مالک ہے ﴿۳﴾ ہم تیری ہی

نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ﴿۴﴾ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں ﴿۴﴾ ہم کو سیدھا

الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ

راستہ دکھا ﴿۵﴾ ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے فضل کیا ﴿۶﴾ ان کا راستہ نہیں

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿۷﴾

جن پر تیرا غضب ہوا، اور نہ ان لوگوں کا راستہ جو راستے سے بھٹک گئے ﴿۷﴾

# سُوْرَةُ الْبَقَرَة

اس میں (٦١٢١) کلمات ہیں

اس میں (٢٥٥٠٠) حروف ہیں

سورۂ بقرہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی
لیکن آیت (٢٨١) منیٰ میں حجۃ الوداع کے موقع پر نازل ہوئی،
اس میں (٢٨٦) آیتیں اور (٤٠) رکوع ہیں،
اور یہ پہلی سورت ہے جو مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، نازل ہونے کے اعتبار سے (٨٧) نمبر پر ہے
لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٢) نمبر پر ہے اور سورۂ مطففین کے بعد نازل ہوئی۔



## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

الٓمّٓ ۚ ﴿١﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۚ

الٓمّٓ ﴿١﴾ یہ اللہ کی کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں،

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ ﴿٢﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

راہ دکھاتی ہے ڈر رکھنے والوں کو ﴿٢﴾ جو یقین کرتے ہیں

بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

بن دیکھے، اور نماز قائم کرتے ہیں، اور جو کچھ ہم نے اُن کو دیا ہے اُس میں سے

يُنْفِقُوْنَ ۙ ﴿٣﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ

خرچ کرتے ہیں ﴿٣﴾ اور جو اُس (وحی) پر بھی ایمان لاتے ہیں جو آپ

اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

پر اُتاری گئی اور اُس پر بھی جو آپ سے پہلے اُتاری گئی

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۭ ﴿٤﴾

اور آخرت پر وہ مکمل یقین رکھتے ہیں ﴿٤﴾

أُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَأُولٰٓئِكَ

اُنہیں لوگوں نے اپنے رب کی راہ پائی ہے اور وہی

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥ اِنَّ الَّذِيْنَ

کامیابی کو پہونچنے والے ہیں ۝٥ جن لوگوں نے

كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ

انکار کیا اُن کے لیے برابر ہے ڈراؤ یا

لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝٦ خَتَمَ

نہ ڈراؤ ، وہ ماننے والے نہیں ہیں ۝٦ اللہ نے

اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۭ وَعَلٰٓى

ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر مہر لگادی ہے، اور

اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۡ وَّلَهُمْ عَذَابٌ

ان کی آنکھوں پر پردہ ہے، اور ان کے لیے بڑا عذاب

عَظِيْمٌ ۝٧ ع وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ ع ١ ١ ٧

ہے ۝٧ اور لوگوں میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں

اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ

کہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور آخرت کے دن پر ؛ حالانکہ وہ

بِمُؤْمِنِيْنَ ۝٨ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ وقف لازم

ایمان والے نہیں ہیں ۝٨ وہ اللہ کو اور مؤمنین کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں

اٰمَنُوْا ۚ وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ

مگر وہ صرف اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہیں اور وہ

وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝٩ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ

اس کا احساس نہیں رکھتے ۝٩ ان کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے

فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

تو اللہ نے ان کی بیماری کو بڑھا دیا اور اُن کے لیے دردناک عذاب

اَلِيْمٌ ۢ ۙ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝١٠ وَاِذَا

ہے، اِس وجہ سے کہ وہ جھوٹ کہتے تھے ۝١٠ اور جب

قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا

اُن سے کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد نہ کرو، تو وہ جواب دیتے ہیں

اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ﴿١١﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ

کہ ہم تو اِصلاح کرنے والے ہیں ﴿١١﴾ یادرکھو ! یہی لوگ

هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٢﴾

فساد پھیلانے والے ہیں؛ لیکن اُنہیں اُس بات کا احساس نہیں ہے ﴿١٢﴾

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ

اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ تم بھی اُسی طرح ایمان لے آؤ جیسے دوسرے لوگ

قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ

ایمان لائے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ کیا ہم بھی اُسی طرح ایمان لے آئیں جیسے بیوقوف لوگ

اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ

ایمان لائے ہیں؟ خوب اچھی طرح سُن لو کہ یہی لوگ بیوقوف ہیں لیکن

لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وہ یہ بات نہیں جانتے ﴿١٣﴾ اور جب وہ ایمان والوں سے ملتے ہیں تو

قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ

کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں، اور جب اپنے شیطانوں کی مجلس میں پہونچتے ہیں

قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿١٤﴾

تو کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں، ہم تو اُن سے محض ہنسی کرتے ہیں ﴿١٤﴾

اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ

اللہ اُن سے ہنسی کر رہا ہے اور اُن کو اُن کی سرکشی میں ڈھیل دے رہا ہے،

طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿١٥﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

وہ بھٹکتے پھر رہے ہیں ﴿١٥﴾ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے

اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ

ہدایت کے بدلے گمراہی خرید لی ہے ؛ لہٰذا نہ ان کی

تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿١٦﴾

تجارت میں نفع ہوا اور نہ ہی اُنہیں صحیح راستہ نصیب ہوا ﴿١٦﴾

مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ

اُن کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص نے آگ جلائی ،

فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ

جب آگ نے اس کے آس پاس کو روشن کر دیا تو اللہ نے اُن کی بینائی چھین لی

وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧﴾

اور اُن کو اندھیرے میں چھوڑ دیا؛ کہ ان کو کچھ نظر نہیں آتا ﴿١٧﴾

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿١٨﴾

وہ بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں اب یہ لوٹنے والے نہیں ہیں ﴿١٨﴾

اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ

یا پھر (اُن منافقوں کی مثال ایسی ہے) جیسے آسمان سے برستی ایک بارش ہو، جس میں

وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ

اندھیریاں بھی ہوں اور گرج بھی اور چمک بھی، وہ کڑکوں کی آواز پر

اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ

موت کے خوف سے اپنی اُنگلیاں اپنے کانوں میں دے لیتے ہیں، اور

وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩﴾ يَكَادُ

اللہ نے کافروں کو گھیرے میں لے رکھا ہے ﴿١٩﴾ قریب ہے

الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَآ اَضَآءَ

کہ بجلی اُن کی نگاہوں کو اچک لے، جب بھی اُن پر بجلی چمکتی ہے

لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ

اُس میں وہ چل پڑتے ہیں، اور جب اُن پر اندھیرا چھا جاتا ہے

قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ

تو وہ رُک جاتے ہیں ، اور اگر اللہ چاہے تو اُن کے کان

وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ

اور اُن کی آنکھوں کو چھین لے ، اللہ یقیناً ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ﴿٢٠﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ ع ٢ ١٣ ٢

قادر ہے ﴿٢٠﴾ اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو

الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

جس نے تم کو پیدا کیا، اور ان لوگوں کو بھی جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں؛

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿٢١﴾ ۙ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ

تاکہ تم دوزخ سے بچ جاؤ ﴿٢١﴾ وہ ذات جس نے زمین کو تمہارے

الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۖ وَّاَنْزَلَ

لیے بچھونا بنایا اور آسمان کو چھت بنایا ، اور اُتارا

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ

آسمان سے پانی اور اُس سے پیدا کیے

الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ

پھل تمہاری غذا کے لیے ، پس تم کسی کو اللہ کے برابر

اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ

نہ ٹھہراؤ حالانکہ تم جانتے ہو ﴿٢٢﴾ اگر تم

فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا

اُس کلام کے متعلق شک میں ہو جو ہم نے اپنے بندہ کے اوپر اُتارا ہے، تو لاؤ

بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۪ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ

اُس کے مانند ایک سورت اور بُلا لو اپنے حمایتیوں کو بھی

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٣﴾

اللہ کے سِوا ، اگر تم سچے ہو ﴿٢٣﴾

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا

پس اگر تم یہ نہ کر سکو اور ہرگز نہ کر سکو گے ، تو ڈرو

النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ

اُس آگ سے جس کا ایندھن بنیں گے انسان اور پتھر،

اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٤﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ

وہ تیار کی گئی ہے کافروں کے لیے ﴿٢٤﴾ اور خوش خبری دے دو اُن لوگوں کو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ

جو ایمان لائے اور جنھوں نے نیک کام کیے اس بات کی کہ اُن کے لیے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

ایسے باغ ہوں گے جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی،

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ

جب بھی اُن کو اُن باغوں میں سے کوئی پھل کھانے کو ملے گا

قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ

تو وہ کہیں گے: یہ وہی ہے جو اِس سے پہلے ہم کو دیا گیا تھا،

وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ

اور ملے گا اُن کو ایک دوسرے سے ملتا جلتا، اور اُن کے لیے وہاں ستھری

مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾ اِنَّ

عورتیں ہوں گی اور وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۵﴾ بے شک

اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا

اللہ اِس سے نہیں شرماتا کہ بیان کرے مثال

بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

مچھر کی یا اُس سے بھی کسی چھوٹی چیز کی، پھر جو

اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ

ایمان والے ہیں وہ جانتے ہیں کہ وہ حق ہے اُن کے رب کی جانب

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ

سے، اور جو منکر ہیں وہ کہتے ہیں کہ اِس مثال کو بیان کر کے اللہ نے

اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وقف لازم

کیا چاہا ہے؟ اللہ اِس کے ذریعہ بہتوں کو گمراہ کرتا ہے اور بہتوں کو

وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا

اِس سے راہ دِکھاتا ہے ، اور وہ گمراہ کرتا ہے

الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ

ان لوگوں کو جو نافرمانی کرنے والے ہیں ﴿٢٦﴾ جو اللہ کے عہد کو

اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ وَيَقْطَعُوْنَ

اُس کے باندھنے کے بعد توڑتے ہیں، اور اُس چیز کو توڑتے ہیں

مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ

جس کو اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے اور زمین میں

فِى الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٢٧﴾

بگاڑ پیدا کرتے ہیں، یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں ﴿٢٧﴾

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا

تم کس طرح اللہ کا انکار کرتے ہو حالانکہ تم بے جان تھے

فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ

تو اُس نے تم کو زندگی عطا کی، پھر وہ تم کو موت دے گا پھر زندہ کرے گا،

ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٨﴾ هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ

پھر اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿٢٨﴾ وہی ہے جس نے تمہارے لیے

لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ق ثُمَّ اسْتَوٰٓى

وہ سب کچھ پیدا کیا جو زمین میں ہے، پھر آسمان کی طرف

اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ط

توجہ کی ، پس ساتوں آسمان تیار کردیے ،

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ع (٢٩) وَاِذْ قَالَ ع ٣ ٩ ٣

اور وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے (٢٩) اور جب تمھارے رب نے

رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ

فرشتوں سے کہا کہ میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں ،

خَلِيْفَةً ط قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ

فرشتوں نے کہا: کیا آپ زمین میں ایسے لوگوں کو بساؤ گے جو اُس میں

فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ج وَنَحْنُ نُسَبِّحُ

فساد مچائیں گے اور خون بہائیں گے ، اور ہم آپ کی

بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ط قَالَ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ

حمد کرتے ہی اور آپ کی پاکی بیان کرتے ہیں، اللہ نے کہا: میں جانتا ہوں

مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ

جو تم نہیں جانتے ﴿۳۰﴾ اور اللہ نے سِکھا دیئے آدم کو

كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ

سارے نام پھر اُن کو فرشتوں کے سامنے پیش کیا اور کہا

اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ

کہ اگر تم سچے ہو تو مجھے اِن چیزوں کے

صٰدِقِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ

نام بتاؤ ﴿۳۱﴾ فرشتوں نے کہا کہ آپ پاک ہیں، ہم تو وہی جانتے ہیں

اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۲﴾

جو آپ نے ہم کو بتایا، بے شک آپ ہی علم والے اور حکمت والے ہیں ﴿۳۲﴾

قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّآ

اللہ نے کہا: اے آدم! اِن کو بتاؤ اُن چیزوں کے نام، تو جب

اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ

آدم نے بتائے اُن کو اِن چیزوں کے نام تو اللہ نے کہا: کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا

اِنِّیْٓ اَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۙ

کہ آسمانوں اور زمین کے بھید کو میں ہی جانتا ہوں

وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿٣٣﴾

اور مجھ کو معلوم ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو ﴿٣٣﴾

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ

اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو

فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ ؕ اَبٰی وَاسْتَكْبَرَ

تو انہوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے نہ کیا، اُس نے انکار کیا اور گھمنڈ کیا

وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿٣٤﴾ وَقُلْنَا یٰٓاٰدَمُ

اور کافروں میں سے ہوگیا ﴿٣٤﴾ اور ہم نے کہا اے آدم!

اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا

تم اور تمہاری بیوی دونوں جنت میں رہو، اور اس میں سے کھاؤ

مِنْهَا رَغَدًا حَیْثُ شِئْتُمَا ۪ وَلَا تَقْرَبَا

جی بھر کے جہاں سے چاہو اور اِس درخت کے

هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٣٥﴾

قریب مت جانا ورنہ تم ظالموں میں سے ہو جاؤ گے ﴿٣٥﴾

فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا

پھر شیطان نے اُس درخت کے ذریعہ دونوں کو لغزش میں مبتلا کر دیا اور اُن کو

مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۠ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ

اُس (عیش) سے نِکال دیا جس میں وہ تھے، اور ہم نے کہا: تم سب اُترو یہاں

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ

سے تم ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے اور تمہارے لیے زمین میں ٹھہرنا

وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٣٦﴾ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ

اور کام چلانا ہے ایک مدت تک ﴿٣٦﴾ پھر آدم نے سیکھ لیے

رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ

اپنے رب سے چند بول، تو اللہ اُس پر متوجہ ہوا، بے شک وہ توبہ قبول کرنے والا

الرَّحِيْمُ ﴿٣٧﴾ قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ

رحم کرنے والا ہے ﴿٣٧﴾ ہم نے کہا: تم سب یہاں سے اُترو،

فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ

پھر جب آئے تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت تو جو میری ہدایت کی

هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

پیروی کریں گے اُن کے لیے نہ کوئی ڈر ہوگا اور نہ وہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا

غمگین ہوں گے ﴿٣٨﴾ اور جو لوگ انکار کریں گے اور ہماری نشانیوں کو

بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

جھٹلائیں گے تو وہی لوگ دوزخ والے ہیں ، وہ اُس میں

خٰلِدُوْنَ ﴿٣٩﴾ ع يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا ع ١٠ ٤

ہمیشہ ہمیش رہیں گے ﴿٣٩﴾ اے بنی اسرائیل! یاد کرو میرے

نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا

اس احسان کو جو میں نے تمہارے اوپر کیا، اور میرے عہد کو

بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَاِيَّايَ

پورا کرو میں تمہارے عہد کو پورا کروں گا اور میرا ہی

فَارْهَبُوْنِ ﴿٤٠﴾ وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا

ڈر رکھو ﴿٤٠﴾ اور ایمان لاؤ اُس چیز پر جو میں نے اُتاری ہے تصدیق کرتی ہوئی

لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ ۪ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۫

اُس چیز کی جو تمہارے پاس ہے، اور تم سب سے پہلے اُس کا انکار کرنے والے نہ بنو، اور نہ لو میری آیتوں پر تھوڑی قیمت،

وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ﴿٤١﴾ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ

اور مجھ ہی سے ڈرو ﴿٤١﴾ اور صحیح میں غلط کو

بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ

نہ ملاؤ ، اور سچ کو نہ چھپاؤ ؛ حالانکہ تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا

جانتے ہو ﴿٤٢﴾ اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو ،

الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾

اور جھکنے والوں کے ساتھ جھک جاؤ ﴿٤٣﴾

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ

کیا تم لوگوں سے نیک کام کرنے کو کہتے ہو اور اپنے آپ کو

اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ

بھول جاتے ہو ؛ حالانکہ تم کتاب کی تلاوت کرتے ہو،

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ

کیا تم سمجھتے نہیں ؟ ﴿٤٤﴾ اور مدد چاہو صبر

وَالصَّلٰوةِ ؕ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى

اور نماز سے ، اور بیشک وہ بھاری ہے مگر اُن لوگوں پر نہیں

الْخٰشِعِيْنَ ﴿٤٥﴾ لا الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ

جو ڈرنے والے ہیں ﴿٤٥﴾ جو گمان رکھتے ہیں کہ اُن کو

مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿٤٦﴾ ع

اپنے رب سے ملنا ہے اور وہ اُسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ﴿٤٦﴾

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ

اے بنی اسرائیل! میرے اُس احسان کو یاد کرو جو

اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى

میں نے تمہارے اوپر کیا اور اِس بات کو کہ میں نے تم کو دنیا والوں پر

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ

فضیلت دی ﴿٤٧﴾ اور ڈرو اُس دن سے کہ کوئی جان کسی دوسری جان کے

عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا

کچھ کام نہ آئے گی نہ اُس کی طرف سے کوئی سفارش

شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ

قبول ہوگی اور نہ اس سے بدلہ میں کچھ لیا جائے گا ،

وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ

اور نہ اُن کی کوئی مدد کی جائے گی ﴿٤٨﴾ اور جب ہم نے تم کو

مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ

فرعون کے لوگوں سے چھُڑایا ، وہ تم کو بڑی تکلیف

سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ

دیتے تھے ، تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے

وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ

اور تمہاری عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتے ، اور اُس میں

بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿٤٩﴾ وَاِذْ فَرَقْنَا

تمہارے رب کی طرف سے بھاری آزمائش تھی ﴿٤٩﴾ اور جب ہم نے دریا کو

بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ

پھاڑ کر تمہیں (پارکرایا) پھر بچایا تم کو اور ڈبو دیا

اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَاِذْ

فرعون کے لوگوں کو ، اور تم دیکھتے رہے ﴿٥٠﴾ اور جب

وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ

ہم نے موسیٰ سے وعدہ کیا چالیس رات کا ، پھر

اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ

تم نے اُس کے بعد بچھڑے کو معبود بنا لیا اور تم

ظٰلِمُوْنَ ﴿٥١﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ

ظالم تھے ﴿٥١﴾ پھر ہم نے اُس کے بعد تم کو

بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٥٢﴾

معاف کر دیا ؛ تاکہ تم شکر گزار بنو ﴿٥٢﴾

وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ

اور جب ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور فیصلہ کرنے والی چیز ؛

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿٥٣﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى

تاکہ تم راہ پاؤ ﴿٥٣﴾ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے

لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ

کہا کہ اے میری قوم! تم نے بچھڑے کو معبود بنا کر

بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى

اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے، اب اپنے پیدا کرنے والے کی طرف

بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ

متوجہ ہو اور اپنے (مجرموں) کو اپنے ہاتھوں سے قتل کرو، یہ تمہارے لیے

خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ

تمہارے پیدا کرنے والے کے نزدیک بہتر ہے، تو اللہ نے تمہاری توبہ قبول فرمائی،

اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿٥٤﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ

بے شک وہی توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا ہے ﴿٥٤﴾ اور جب تم نے کہا کہ

يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ

اے موسیٰ! ہم تمہارا یقین نہ کریں گے جب تک ہم اللہ کو سامنے

جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ

نہ دیکھ لیں ، تو تم کو بجلی نے پکڑ لیا اور تم

تَنْظُرُوْنَ ﴿٥٥﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ

دیکھ رہے تھے ﴿٥٥﴾ پھر ہم نے تمہاری موت کے بعد

مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٥٦﴾ وَظَلَّلْنَا

تم کو اُٹھایا ؛ تاکہ تم شکر گزار بنو ﴿٥٦﴾ اور ہم نے تمہارے اوپر

عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ

بدلیوں کا سایہ کیا اور تم پر مَنّ و سلویٰ

وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ

اتارا، کھاؤ ستھری چیزوں میں سے جو ہم نے تم کو دی ہیں ،

وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

اور اُنہوں نے ہمارا کچھ نقصان نہیں کیا ، وہ اپنا ہی

يَظْلِمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ

نقصان کرتے رہے ﴿٥٧﴾ اور جب ہم نے کہا کہ داخل ہو جاؤ اِس

الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا

شہر میں اور کھاؤ اُس میں سے جہاں سے چاہو فراغت کے ساتھ،

وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ

اور داخل ہو دروازہ میں سر جھکائے ہوئے اور کہو کہ (اے رب!) ہماری خطاؤں کو بخش

لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٥٨﴾

دے، ہم تمہاری خطاؤں کو بخش دیں گے، اور نیکی کرنے والوں کو زیادہ بھی دیں گے ﴿٥٨﴾

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ

مگر ہُوا یہ کہ جو بات اُن سے کہی گئی تھی ظالموں نے اُسے تبدیل کر کے

قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

کچھ اور بات بنالی، نتیجہ یہ ہُوا کہ جو نافرمانیاں وہ کرتے آرہے تھے

رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿٥٩﴾ ع

ہم نے اُن کی سزا میں اُن ظالموں پر آسمان سے عذاب نازل کیا ﴿٥٩﴾

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لیے پانی مانگا تو ہم نے کہا:

بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ

اپنا عصا پتھر پر مارو ، تو اُس سے پھوٹ نکلے

اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ

بارہ چشمے ، ہر گروہ نے اپنا اپنا

مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ

گھاٹ پہچان لیا ، کھاؤ اور پیو اللہ کے رزق سے

وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿٦٠﴾

اور نہ پھرو زمین میں فساد مچانے والے بن کر ﴿٦٠﴾

وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى

اور جب تم نے کہا: اے موسیٰ ! ہم ایک ہی قسم کے کھانے

طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ

پر ہرگز صبر نہیں کر سکتے ، اپنے رب کو ہمارے لیے پکارو

يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ

کہ وہ نکالے ہمارے لیے جو اُگتا ہے زمین سے ،

بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا

ساگ اور ککڑی اور گیہوں اور مسُور

وَبَصَلِهَا ؕ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِیْ

اور پیاز ، موسیٰ نے کہا : کیا تم ایک بہتر چیز کے بدلے

هُوَ اَدْنٰی بِالَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ ؕ اِهْبِطُوْا

ایک ادنیٰ چیز لینا چاہتے ہو ؟ کسی شہر میں

مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ وَضُرِبَتْ

اُترو تو تم کو ملے گی وہ چیز جو تم مانگتے ہو، اور ڈال دی گئی

عَلَیْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَآءُوْ

اُن پر ذِلّت اور محتاجی ، اور وہ غضبِ الٰہی کے

بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا

مستحق ہو گئے ، یہ اِس وجہ سے ہوا کہ وہ

يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ

اللہ کی نشانیوں کا انکار کرتے تھے اور نبیوں کو ناحق

بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا

قتل کرتے تھے، یہ اِس وجہ سے کہ اُنہوں نے نافرمانی کی اور وہ

يَعْتَدُوْنَ ﴿٦١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ع ع ٧ ٢

حد پر نہ رہتے تھے ﴿٦١﴾ حق تو یہ ہے کہ جو لوگ بھی خواہ وہ مسلمان ہوں

وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِـِٕيْنَ

یا یہودی یا نصرانی یا صابی ،

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ

اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لے آئیں گے اور نیک عمل

صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ

کریں گے، وہ اپنے اللہ کے پاس اپنے اجر کے مستحق ہوں گے،

وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾

اور اُن کو نہ کوئی خوف ہوگا نہ وہ کسی غم میں مبتلا ہوں گے ﴿٦٢﴾

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ

اور جب ہم نے تم سے تمہارا عہد لیا اور "طُور" پہاڑ کو تمہارے اوپر

الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا

اُٹھایا، پکڑو اُس چیز کو جو ہم نے تم کو دی ہے مضبوطی کے ساتھ، اور جو کچھ

مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾ ثُمَّ

اُس میں ہے اُس کو یاد رکھو؛ تاکہ تم بچو ﴿٦٣﴾ اُس کے بعد

تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ

تم اُس سے پھر گئے ، اگر اللہ کا فضل ،

اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ

اور اُس کے رحمت تم پر نہ ہوتی تو ضرور تم

مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ

ہلاک ہو جاتے ﴿٦٤﴾ اور اُن لوگوں کا حال تم جانتے ہو

الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ

جو "سَبت" (سنیچر) کے معاملے میں اللہ کے حکم سے نکل گئے،

فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ﴿٦٥﴾

تو ہم نے اُن کو کہا کہ تم لوگ ذلیل بندر بن جاؤ ﴿٦٥﴾

فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا

پھر ہم نے اِس کو عبرت بنا دیا اُن لوگوں کے لیے جو اُس دَور میں تھے اور

خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَاِذْ

اُن لوگوں کے لیے جو اُس کے بعد آئے، اور اُس میں ہم نے نصیحت رکھ دی ڈرنے والوں کے لیے ﴿٦٦﴾

قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ

اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا

تم ایک گائے ذبح کرو، اُنہوں نے کہا کہ کیا تم ہم سے

هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ

مذاق کر رہے ہو؟ موسیٰ نے کہا کہ میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ میں

الْجٰهِلِيْنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

ایسا نادان بنوں ﴿٦٧﴾ اُنہوں نے کہا: اپنے رب سے درخواست کرو

يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا

کہ وہ ہم سے بیان کرے کہ وہ گائے کیسی ہو، موسیٰ نے کہا: اللہ فرماتا ہے کہ وہ

بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ عَوَانٌۢ بَيْنَ

گائے نہ بوڑھی ہو نہ بچّی ، اِن کے

ذٰلِكَ ؕ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿٦٨﴾ قَالُوا

بیچ کی ہو، اب کر ڈالو جو حکم تم کو مِلا ہے ﴿٦٨﴾ اُنہوں نے کہا:

ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ؕ

اپنے رب سے درخواست کرو وہ بیان کرے کہ اُس کا رنگ کیا ہو،

قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ ۙ

موسیٰ نے کہا : اللہ فرماتا ہے کہ وہ گہرے زرد رنگ

فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿٦٩﴾ قَالُوا

کی ہو، دیکھنے والوں کو اچھی معلوم ہوتی ہو ﴿٦٩﴾ اُنہوں نے کہا کہ

ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ؕ اِنَّ

اپنے رب سے درخواست کرو کہ وہ ہم سے بیان کر دے کہ وہ کیسی

الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

ہو؛ کیونکہ گائے میں ہم کو شُبہ پڑ گیا ہے، اور اللہ نے چاہا تو ہم

لَمُهْتَدُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا

راہ پا لیں گے ﴿٧٠﴾ موسیٰ نے کہا : اللہ فرماتا ہے کہ وہ

بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِى

ایسی گائے ہو کہ محنت کرنے والی نہ ہو، زمین کو جوتنے والی اور کھیتوں کو

الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ

پانی دینے والی نہ ہو، وہ سالم ہو اُس میں کوئی داغ نہ ہو،

قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ فَذَبَحُوْهَا

اُنہوں نے کہا: اب تم واضح بات لائے، پھر اُنہوں نے اُس کو ذبح

وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٧١﴾ ع وَاِذْ قَتَلْتُمْ ع ٨ ١٠ ٨

کیا اور وہ ذبح کرتے نظر نہ آتے تھے ﴿٧١﴾ اور جب تم نے ایک شخص کو

نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ

مار ڈالا، پھر ایک دوسرے پر اُس کا الزام تھوپنے لگے؛ حالانکہ اللہ کو ظاہر کرنا منظور تھا

مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝۷۲ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ

جو کچھ تم چھپانا چاہتے تھے ۝۷۲ پس ہم نے حکم دیا کہ مارو اِس مُردے کو

بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى

اُس گائے کا ایک ٹکڑا، اِسی طرح زندہ کرتا ہے اللہ مُردوں کو

وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝۷۳

اور وہ تم کو اپنی نشانیاں دِکھاتا ہے؛ تاکہ تم سمجھو ۝۷۳

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

پھر اِس کے بعد تمہارے دل سخت ہوگئے

فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ

پس وہ پتھر کے مانند ہو گئے یا اُس سے بھی زیادہ سخت،

مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ

پتھروں میں بعض ایسے بھی ہوتے ہیں جن سے نہریں پھوٹ نکلتی ہیں،

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ

بعض پتھر پھٹ جاتے ہیں اور اُن سے

الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ

پانی نکل آتا ہے، اور بعض پتھر ایسے بھی ہوتے ہیں جو اللہ کے ڈر

اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٧٤﴾

سے گر پڑتے ہیں، اور اللہ اُس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو ﴿٧٤﴾

اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ

کیا تم یہ امید رکھتے ہو کہ یہ (یہود) تمہارے کہنے سے ایمان لے آئیں گے؛ حالانکہ

كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ

اُن میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں کہ وہ اللہ کا کلام

اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا

سنتے تھے اور پھر اُس کو سمجھنے کے بعد،

عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَاِذَا لَقُوا

بدل ڈالتے تھے اور وہ جانتے ہیں ﴿٧٥﴾ جب وہ مسلمانوں سے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَا

ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہوئے ہیں، اور جب آپس میں

بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ

ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں: کیا تم اِن کو وہ باتیں بتاتے ہو

بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ

جو اللہ نے تم پر کھولی ہیں ، کہ وہ تمہارے رب کے

بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٧٦﴾

پاس تم سے حجت کریں ، کیا تم سمجھتے نہیں ؟ ﴿٧٦﴾

اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا

کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ کو معلوم ہے جو

يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٧﴾ وَمِنْهُمْ

وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں ﴿٧٧﴾ اور اُن میں

اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ

اَن پڑھ ہیں جو نہیں جانتے کتاب کو مگر آرزوئیں ،

وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿٧٨﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ

اُن کے پاس خیالی دنیا کے سوا اور کچھ نہیں ﴿٧٨﴾ پس خرابی ہے اُن لوگوں

يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ق ثُمَّ

کے لیے جو اپنے ہاتھ سے کتاب لکھتے ہیں پھر

يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا

کہتے ہیں کہ یہ اللہ کی جانب سے ہے؛ تاکہ اُس کے ذریعہ تھوڑی سی

بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ط فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ

پونجی حاصل کرلیں، پس خرابی ہے اُس چیز کی بدولت جو اُن کے

اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ﴿٧٩﴾

ہاتھوں نے لکھی، اور اُن کے لیے خرابی ہے اپنی اِس کمائی سے ﴿٧٩﴾

وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا

اور وہ کہتے ہیں: ہم کو دوزخ کی آگ نہیں چھوئے گی مگر گنتی کے

مَّعْدُوْدَةً ط قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا

چند دن، کہو: کیا تم نے اللہ کے پاس سے کوئی عہد لے لیا ہے

فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ اَمْ تَقُوْلُوْنَ

کہ اللہ اپنے عہد کے خلاف نہیں کرے گا، یا اللہ کے اوپر

عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٠﴾ بَلٰى مَنْ

ایسی بات کہتے ہو جو تم نہیں جانتے ﴿٨٠﴾ ہاں جس نے

كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ

کوئی برائی کی اور اُس کے گناہ نے اُس کو اپنے گھیرے میں لے لیا،

فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

تو وہی لوگ دوزخ والے ہیں ، وہ اُس میں

خٰلِدُوْنَ ﴿٨١﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ہمیشہ رہیں گے ﴿٨١﴾ اور جو ایمان لائے اور

الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ

جنہوں نے نیک عمل کیے وہ جنت والے لوگ ہیں ،

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٨٢﴾ ع وَاِذْ اَخَذْنَا ع ٩ ١١ ٩

وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٨٢﴾ اور جب ہم نے بنی اسرائیل سے

مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ

عہد لیا ، کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت

اِلَّا اللّٰهَ ۟ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِى

نہ کرو گے اور نیک سلوک کرو گے ماں باپ کے ساتھ ،

الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا

قرابت داروں کے ساتھ، یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ اور یہ کہ لوگوں سے

لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا

اچھی بات کہو ، اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ

الزَّكٰوةَ ؕ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ

ادا کرو ، پھر تم اُس سے پھر گئے سوا تھوڑے لوگوں کے ، اور تم

وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٨٣﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ

اقرار کر کے اُس سے ہٹ جانے والے لوگ ہو ﴿٨٣﴾ اور جب ہم نے تم سے یہ عہد لیا

لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ

کہ تم اپنوں کا خون نہ بہاؤ گے اور اپنے لوگوں کو

اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ

اپنی بستیوں سے نہ نکالو گے ، پھر تم نے اقرار کیا

وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۸۴﴾ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ

اور تم اُس کے گواہ ہو ﴿۸۴﴾ پھر تم ہی وہ لوگ ہو کہ

تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا

اپنوں کو قتل کرتے ہو اور اپنے ہی ایک گروہ کو اُن کی بستیوں سے

مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ

نکالتے ہو، تم اُن کے مقابلہ میں اُن کے دشمنوں کی مدد کرتے ہو

بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ؕ وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ

گناہ اور ظلم کے ساتھ، پھر اگر وہ تمہارے پاس قید ہو کر آتے ہیں

اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ

تو تم فِدیہ دے کر اُن کو چھڑاتے ہو؛ حالانکہ خود اُن کا نکالنا تمہارے اوپر

اِخْرَاجُهُمْ ؕ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ

حرام تھا ، کیا تم کتابِ الٰہی کے ایک حصّہ کو مانتے ہو

وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَآءُ

اور ایک حصّہ کا انکار کرتے ہو، پس تم میں سے جو لوگ

مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ

ایسا کریں اُن کی سزا اِس کے سوا کیا ہے کہ اُن کو دنیا کی

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ

زندگی میں رُسوائی ملے اور قیامت کے دن

يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ؕ وَمَا اللّٰهُ

اُن کو سخت عذاب میں ڈال دیا جائے ، اور اللہ

بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

اُس چیز سے بے خبر نہیں جو تم کر رہے ہو ﴿۸۵﴾ یہی لوگ ہیں جنہوں نے

اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ز

آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی خریدی ،

فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ

پس نہ اُن کا عذاب ہلکا کیا جائے گا اور نہ اُن کو

يُنْصَرُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى ع ١٠ ١٠

مدد پہونچے گی ﴿٨٦﴾ اور ہم نے موسیٰ کو

الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ز

کتاب دی اور اس کے بعد پے در پے رسول بھیجے

وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ

اور عیسیٰ ابن مریم کو کھلی کھلی نشانیاں دیں

وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ط اَفَكُلَّمَا

اور رُوح القدس سے اُس کی تائید کی ، تو جب بھی

جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ

کوئی رسول تمہارے پاس وہ چیز لے کر آیا جس کو تمہارا دل نہیں چاہتا تھا

اسْتَكْبَرْتُمْ ج فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ز وَفَرِيْقًا

تو تم نے تکبّر کیا، پھر ایک جماعت کو جھٹلایا ، اور ایک جماعت کو

تَقْتُلُوْنَ ﴿٨٧﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ط

مار ڈالا ﴿٨٧﴾ اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے دل غلاف میں (بند) ہیں،

بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا

نہیں! بلکہ اُن کے کفر کی وجہ سے اللہ نے اُن پر پھٹکار ڈال رکھی ہے؛ اِس لیے وہ کم ہی

مَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ

ایمان لاتے ہیں ﴿٨٨﴾ اور جب آئی اللہ کی طرف سے

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ

اُن کے پاس ایک کتاب جو سچّا کرنے والی ہے اُس کو جو اُن کے پاس ہے

وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى

اور وہ پہلے سے کافروں پر فتح مانگا کرتے تھے ،

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا

پھر جب آئی اُن کے پاس وہ چیز جس کو اُنہوں نے پہچان رکھا تھا

كَفَرُوْا بِهٖ ۚ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٩﴾

تو اُنہوں نے اُس کا انکار کر دیا؛ پس اللہ کی لعنت ہے انکار کرنے والوں پر ﴿٨٩﴾

بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ

کیسی بُری ہے وہ چیز جس کے بدلے اُنہوں نے اپنی جانوں کا سودا کیا

يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ

کہ وہ انکار کر رہے ہیں اللہ کے اُتارے ہوئے کلام کا اِس ضد کی بنا پر کہ

يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ

اللہ اپنے فضل سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے

مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى

اُتارے ؛ پس وہ غصّہ پر غصّہ کما کر لائے ،

غَضَبٍ ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٩٠﴾

اور انکار کرنے والوں کے لیے ذلّت کا عذاب ہے ﴿٩٠﴾

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ

اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اُس کلام پر ایمان لے آؤ جو اللہ نے

اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا

اُتارا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم اُس پر ایمان رکھتے ہیں جو ہمارے اوپر اُترا ہے،

وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۚ وَهُوَ الْحَقُّ

اور وہ اُس کا انکار کرتے ہیں جو اُس کے پیچھے آیا ہے؛ حالانکہ وہ حق ہے

مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ؕ قُلْ فَلِمَ

اور سچّا کرنے والا ہے اُس کا جو اُن کے پاس ہے ، کہو :

تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ

اگر تم ایمان والے ہو تو تم اللہ کے پیغمبروں کو اُس سے پہلے

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٩١﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ

کیوں قتل کرتے رہے ہو ﴿٩١﴾ اور موسیٰ تمہارے پاس

مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ

کھُلی نشانیاں لے کر آئے ، پھر تم نے اُس کے پیچھے

الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿٩٢﴾

بچھڑے کو معبود بنا لیا اور تم ظلم کرنے والے ہو ﴿٩٢﴾

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا

اور جب ہم نے تم سے عہد لیا اور کوہِ طور کو

فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ

تمہارے اوپر کھڑا کیا ، جو حکم ہم نے تم کو دیا ہے اُس کو

بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ؕ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۚ

مضبوطی سکے ساتھ پکڑو اور سنو، اُنہوں نے کہا: ہم نے سنا اور ہم نے نہیں مانا،

وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ؕ

اور اُن کے کفر کے سبب سے بچھڑا اُن کے دلوں میں رَچ بس گیا،

قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖۤ اِيْمَانُكُمْ

کہو: اگر تم ایمان رکھنے والے ہو تو کیسی بری ہے وہ چیز جو

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ قُلْ اِنْ كَانَتْ

تمہارا ایمان تم کو سِکھاتا ہے ﴿۹۳﴾ کہیے: اگر اللہ کے یہاں

لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً

آخرت کا گھر خاص تمہارے لیے ہے

مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ

دوسروں کو چھوڑ کر تو تم مرنے کی آرزو کرو اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا ۢ

تم سچے ہو ﴿۹۴﴾ مگر وہ کبھی اُس کی آرزو نہ کریں گے

بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

بہ سبب اُن (کرتوتوں) کے جو وہ اپنے آگے بھیج چکے ہیں، اور اللہ خوب جانتا

بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿٩٥﴾ وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ

ہے ظالموں کو ﴿٩٥﴾ اور تم اُن کو زندگی کا سب سے زیادہ لالچ

النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۚۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ ع ٢

پاؤ گے ، اُن لوگوں سے بھی زیادہ جو مشرک ہیں ،

اَشْرَكُوْا ۚۛ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ

اُن میں سے ہر ایک چاہتا ہے کہ وہ ہزار برس کی

اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ

عمر پائے ؛ حالانکہ اُتنا جینا بھی اُس کو عذاب سے

الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا

بچا نہیں سکتا ، اور اللہ دیکھتا ہے جو کچھ

يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٦﴾ ع قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا ع ١١

وہ کر رہے ہیں ﴿٩٦﴾ (پیارے نبی) کہیے کہ جو کوئی جبرئیل کا

لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ

مخالف ہے تو اُس نے اِس کلام کو تمہارے دل پر اللہ کے حکم سے

بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

اُتارا ہے، وہ سچّا کرنے والا ہے اُس کا جو اِس کے آگے ہے،

وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٩٧﴾ مَنْ

اور وہ ہدایت اور خوش خبری ہے ایمان والوں کے لیے ﴿٩٧﴾ جو کوئی

كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ

دشمن ہو اللہ کا اور اُس کے فرشتوں کا اور اُس کے رسولوں کا

وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ

اور جبرئیل و میکائیل کا تو اللہ ایسے کافروں کا

لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٩٨﴾ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ

دشمن ہے ﴿٩٨﴾ اور ہم نے تمہارے اوپر

اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا

واضح نشانیاں اُتاریں ، اور کوئی اُن کا انکار نہیں کرتا مگر

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۹۹﴾ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا

وہی لوگ جو فاسق ہیں ﴿۹۹﴾ کیا جب بھی وہ کوئی عہد باندھیں گے

نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

تو اُن کا ایک گروہ اُس کو توڑ پھینکے گا ؛ بلکہ اُن میں سے اکثر

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ

ایمان نہیں رکھتے ﴿۱۰۰﴾ اور جب اُن کے پاس اللہ کی طرف سے

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ

ایک رسول آیا جو سچّا کرنے والا تھا اُس چیز کا جو اُن کے پاس ہے

نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ

تو اُن لوگوں نے جن کو کتاب دی گئی تھی ،

كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ

اللہ کی کتاب کو اِس طرح پیٹھ پیچھے پھینک دیا، گویا وہ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا

اُسے جانتے ہی نہیں ﴿۱۰۱﴾ اور وہ اُس چیز کے پیچھے پڑ گئے جس کو

الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ

شیاطین سلیمان کے دور حکومت میں پڑھتے تھے ؛

وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ

حالانکہ سلیمان نے کفر نہیں کیا بلکہ یہ شیاطین تھے

كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ

جنہوں نے کفر کیا ، وہ لوگوں کو جادو سِکھاتے تھے،

وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ

اور وہ اُس چیز میں پڑ گئے جو ''بابل'' میں دو فرشتوں

هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ؕ وَمَا يُعَلِّمٰنِ

''ہاروت'' اور ''ماروت'' پر اُتاری گئی، جب کہ اُن کا حال یہ تھا کہ

مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ

جب بھی وہ کسی کو (جادو کے) یہ کرتب سِکھاتے تو اُس سے کہہ دیتے کہ ہم تو

فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ؕ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا

آزمائش کے لیے ہیں پس تم کافر نہ بنو، مگر وہ اُن سے وہ چیز سیکھتے

مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ؕ

جس سے مرد اور اُس کی بیوی کے درمیان جُدائی ڈال دیں ؛

وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا

حالانکہ وہ اللہ کی اجازت کے بغیر اُس سے کسی کا کچھ

بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ

بگاڑ نہیں سکتے تھے، اور وہ ایسی چیز سیکھتے جو اُن کو نقصان پہونچائے

وَلَا يَنْفَعُهُمْ ؕ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ

اور نفع نہ دے، اور وہ جانتے تھے کہ جو کوئی

اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ؕ

اِس چیز کا خریدار ہو آخرت میں اُس کا کوئی حصّہ نہیں ،

وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ

کیسی بری چیز ہے جس کے بدلے اُنہوں نے اپنی جانوں کو بیچ ڈالا ،

كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا

کاش وہ اِس کو سمجھتے ﴿۱۰۲﴾ اور اگر وہ مؤمن بنتے

وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ؕ

اور تقویٰ اختیار کرتے تو اللہ کا بدلہ اُن کے لیے بہتر تھا ،

لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٠٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ١٢ ٧ ١٢

کاش وہ اِس کو سمجھتے ﴿١٠٣﴾ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا

تم ”رَاعِنَا“ نہ کہو بلکہ ”اُنْظُرْنَا“ کہو

وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ

اور سُنو ، اور کفر کرنے والوں کے لیے درد ناک

اَلِيْمٌ ﴿١٠٤﴾ مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

سزا ہے ﴿١٠٤﴾ جن لوگوں نے انکار کیا

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ

خواہ اہلِ کتاب ہوں یا مشرکین ،

اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ

وہ نہیں چاہتے کہ تمہارے اوپر تمہارے رب کی طرف سے کوئی بھلائی

رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ

اُتاری جائے ، اور اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے لیے

يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿١٠٥﴾

خاص کر لیتا ہے ، اللہ بڑے فضل والا ہے ﴿١٠٥﴾

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ

ہم جب بھی کوئی آیت منسوخ کرتے ہیں یا اُسے بھلا دیتے ہیں

بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ تَعْلَمْ

تو اُس سے بہتر یا اُس جیسی (آیت) لے آتے ہیں، کیا تمہیں معلوم نہیں

اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٠٦﴾

کہ اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ﴿١٠٦﴾

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور

وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

زمین کی بادشاہی ہے ، اور تمہارے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی

مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ﴿۱۰۷﴾ اَمْ تُرِیْدُوْنَ

دوست ہے اور نہ کوئی مددگار ﴿۱۰۷﴾ کیا تم چاہتے ہو کہ

اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُىِٕلَ مُوْسٰى

اپنے رسول سے سوالات کرو جس طرح اِس سے پہلے موسیٰ سے

مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ یَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ

سوالات کیے گئے ، اور جو شخص ایمان کے بدلے

بِالْاِیْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیْلِ ﴿۱۰۸﴾

کفر اختیار کرے وہ یقیناً سیدھے راستے سے بھٹک گیا ﴿۱۰۸﴾

وَدَّ كَثِیْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ یَرُدُّوْنَكُمْ

بہت سے اہلِ کتاب دل سے چاہتے ہیں کہ تمہارے

مِّنْۢ بَعْدِ اِیْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚ حَسَدًا

مؤمن ہوجانے کے بعد وہ کسی طرح پھر تم کو کافر بنادیں اپنے

مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا

حسد کی وجہ سے باوجود یہ کہ حق اُن کے سامنے واضح

تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا
ہوچکا ہے ، پس معاف کرو اور درگزر کرو

حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى
یہاں تک کہ اللہ کا فیصلہ آجائے ، بیشک اللہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۹﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ
ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ﴿۱۰۹﴾ اور نماز قائم کرو

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ
اور زکوٰۃ ادا کرو ، اور جو بھلائی تم اپنے لیے

مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ
آگے بھیجو گے اُس کو تم اللہ کے پاس پاؤ گے، جو کچھ تم کرتے ہو

اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۰﴾ وَقَالُوْا
اللہ یقیناً اُس کو دیکھ رہا ہے ﴿۱۱۰﴾ اور وہ کہتے ہیں

لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ
کہ جنت میں صرف وہی لوگ جائیں گے جو

هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ

یہودی ہوں یا عیسائی ہوں، یہ تو صرف ان کی خوش فہمیاں ہیں،

قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

کہو کہ لاؤ اپنی دلیل اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ

سچّے ہو ﴿۱۱۱﴾ کیوں نہیں جس نے اپنے آپ کو اللہ کے

لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ

حوالے کر دیا اور وہ اچھے کام کرنے والا بھی ہے تو ایسے شخص کے لیے

رَبِّهٖ ۪ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

اجر ہے اُس کے رب کے پاس، اُن کے لیے نہ کوئی ڈر ہے اور نہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ع وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ ۱۳ ع ۹ ۱۳

کوئی غم ﴿۱۱۲﴾ اور یہود نے کہا کہ نصاریٰ

النَّصٰرٰى عَلٰى شَیْءٍ ۪ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى

کسی چیز پر نہیں ، اور نصاریٰ نے کہا

لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّهُمْ

کہ یہود کسی چیز پر نہیں ، حالانکہ وہ سب

يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ

آسمانی کتاب پڑھتے ہیں ، اِسی طرح اُن لوگوں نے کہا

لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ

جن کے پاس علم نہیں اُنہیں کی سی بات ، پس اللہ قیامت کے دن

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ

اُن کے درمیان اُس بات کا فیصلہ کرے گا جس میں وہ

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١١٣﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ

جھگڑ رہے تھے ﴿١١٣﴾ اور اُس سے بڑھ کر ظالم اور کون ہوگا جو اللہ کی

مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ

مسجدوں کو اِس سے روکے کہ وہاں اللہ کے نام کی یاد کی جائے

وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ

اور اُن کو اُجاڑنے کی کوشش کرے ، اُن کا حال تو یہ ہونا چاہیے تھا کہ

لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ۭ

مسجدوں میں اللہ سے ڈرتے ہوئے داخل ہوں ،

لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ

اُن کے لیے دنیا میں رُسوائی ہے اور آخرت میں

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١١٤﴾ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ

اُن کے لیے بھاری سزا ہے ﴿١١٤﴾ اور مشرق اور مغرب

وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ

اللہ ہی کے لیے ہے ، تم جدھر رُخ کرو اُسی طرف

اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿١١٥﴾ وَقَالُوا

اللہ ہے، یقیناً اللہ وسعت والا ہے علم والا ہے ﴿١١٥﴾ اور وہ کہتے ہیں

اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ لَّهٗ

کہ اللہ نے بیٹا بنایا ہے ، وہ اِس سے پاک ہے ؛ بلکہ

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ كُلٌّ لَّهٗ

آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب اُسی کا ہے، اُسی کے

قٰنِتُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

حکم کے تابع ہیں سارے ﴿۱۱۶﴾ وہ آسمانوں اور زمین کو وُجود میں لانے والا ہے،

وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ

وہ جب کسی کام کا کرنا ٹھہرا لیتا ہے تو بس اُس کے لیے فرما دیتا ہے کہ ہو جا،

فَيَكُوْنُ ﴿۱۱۷﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ

تو وہ ہو جاتا ہے ﴿۱۱۷﴾ اور جو لوگ علم نہیں رکھتے اُنہوں نے کہا:

لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ

اللہ کیوں کلام نہیں کرتا ہم سے، یا ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی،

كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اِسی طرح اُن کے اگلے بھی اِنہیں کی سی بات

مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ

کہہ چکے ہیں ، اِن سب کے دل ایک جیسے ہیں ،

قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

ہم نے پیش کر دی ہیں نشانیاں اُن لوگوں کے لیے جو یقین کرنے والے ہیں ﴿۱۱۸﴾

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا ۙ

ہم نے تم کو حق کے ساتھ بھیجا ہے خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر،

وَّ لَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾

اور تم سے دوزخ میں جانے والوں کے بارے میں کوئی پوچھ نہیں ہوگی ﴿۱۱۹﴾

وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى

اور یہود و نصاریٰ ہرگز تم سے راضی نہ ہوں گے

حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى

جب تک کہ تم اُن کی ملت کے پیرو نہ بن جاؤ، تم کہو کہ جو راہ اللہ

اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ

دکھاتا ہے وہی اصل راہ ہے، اور اگر بعد اُس علم کے

اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ

جو تم کو پہونچ چکا ہے تم نے اُن کی خواہشوں کی

الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ

پیروی کی تو اللہ کے مقابلے میں نہ تمہارا کوئی دوست ہوگا

وقف منزل

وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿١٢٠﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

اور نہ کوئی مددگار ﴿١٢٠﴾ جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے

الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ

وہ اُس کو ویسے پڑھتے ہیں جیسا کہ پڑھنے کا حق ہے ،

اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ

یہی لوگ ایمان لاتے ہیں اُس پر ، اور جو اُس کا انکار کرے

بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿١٢١﴾ ع ١٤ ع ٩ ١٤

تو وہی گھاٹے میں رہنے والے ہیں ﴿١٢١﴾

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ

اے بنی اسرائیل ! میرے اُس احسان کو یاد کرو

الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ

جو میں نے تمہارے اوپر کیا ، اور اِس بات کو کہ میں نے تم کو تمام اقوامِ عالم پر

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٢٢﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا

فضیلت دی ﴿١٢٢﴾ اور اُس دن سے ڈرو

لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْـًٔا

جس میں کوئی شخص کسی شخص کے کچھ کام نہ آئے گا

وَّلَا یُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا

اور نہ کسی کی طرف سے کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا، اور نہ کسی کو کوئی سفارش

شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ ﴿١٢٣﴾

فائدہ دے گی اور نہ کہیں سے اُن کو کوئی مدد پہونچے گی ﴿١٢٣﴾

وَاِذِ ابْتَلٰۤی اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ ← احتیاط

اور جب ابراہیم (علیہ السلام) کو اُس کے رب نے کئی باتوں میں آزمایا،

فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ

تو اُس نے پورا کر دِکھایا، اللہ نے کہا: میں تم کو سب لوگوں کا

اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ قَالَ

امام بناؤں گا، ابراہیم نے کہا: اور میری اولاد میں سے بھی، اللہ نے

لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ ﴿١٢٤﴾ وَاِذْ

کہا: میرا عہد ظالموں تک نہیں پہونچتا ﴿١٢٤﴾ اور جب

جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ؕ

ہم نے کعبہ کو لوگوں کے اجتماع کی جگہ، اور امن کا مقام ٹھہرایا،

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ

اور (حکم دیا کہ) مقامِ ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بنالو،

وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ

اور ابراہیم اور اسماعیل کو تاکید کی کہ

طَهِّرَا بَيْتِىَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ

میرے گھر کو طواف کرنے والوں، اعتکاف کرنے والوں

وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿١٢٥﴾ وَاِذْ قَالَ

اور رکوع و سجود کرنے والوں کے لیے پاک رکھو ﴿١٢٥﴾ اور جب ابراہیم

اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا

(علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب! اِس شہر کو امن کا شہر بنادے،

وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ

اور اِس کے باشندوں کو جو اُن میں سے اللہ اور آخرت کے دن پر

مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ قَالَ

ایمان رکھیں پھلوں کی روزی عطا فرما ، اللہ نے کہا :

وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ

جو انکار کرے گا میں اُس کو بھی تھوڑے دنوں فائدہ دوں گا ، پھر

اَضْطَرُّهٗۤ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ وَبِئْسَ

اُس کو آگ کے عذاب کی طرف دھکیل دوں گا ، اور وہ بہت برا

الْمَصِيْرُ ﴿١٢٦﴾ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ

ٹھکانہ ہے ﴿١٢٦﴾ اور جب ابراہیم اور

الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ؕ

اسماعیل (علیہما السلام) بیت اللہ کی دیواریں اٹھا رہے تھے

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ

اور یہ کہتے جاتے تھے : اے ہمارے رب ! قبول کر ہم سے ، یقیناً تو ہی سننے والا

الْعَلِيْمُ ﴿١٢٧﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ

جاننے والا ہے ﴿١٢٧﴾ اے ہمارے رب ! ہم کو اپنا فرماں بردار

لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً

بنا، اور ہماری نسل میں سے اپنی ایک فرماں بردار اُمّت اٹھا،

لَّكَ ص وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ج

اور ہم کو ہمارے عبادت کے طریقے بتا، اور ہم کو معاف فرما،

اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١٢٨﴾ رَبَّنَا

تو ہی معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے ﴿١٢٨﴾ اے ہمارے رب!

وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا

اور اُن میں اُن ہی میں کا ایک رسول اُٹھا، جو اُن کو تیری آیتیں

عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ

سنائے ، اور اُن کو کتاب اور حکمت

وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ط اِنَّكَ اَنْتَ

کی تعلیم دے ، اور اُن کا تزکیہ کرے ، بے شک تو

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١٢٩﴾ ع وَمَنْ يَّرْغَبُ ١٥ ع ٨ ١٥

زبردست ہے حکمت والا ہے ﴿١٢٩﴾ اور کون ہے جو ابراہیم (علیہ السلام)

عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ

کے دین کو پسند نہ کرے مگر وہ جس نے اپنے آپ کو بے وقوف

نَفْسَهٗ ؕ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا ۚ

بنا لیا ہو ؛ حالانکہ ہم نے اُس کو دنیا میں چُن لیا تھا،

وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٣٠﴾

اور آخرت میں وہ صالحین میں سے ہوگا ﴿١٣٠﴾

اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ

جب اُس کے رب نے کہا کہ اپنے آپ کو حوالہ کر دو، تو اُس نے کہا: میں نے

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٣١﴾ وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ

اپنے آپ کو ربُّ العالمین کے حوالے کیا ﴿١٣١﴾ اور اِسی کی نصیحت کی ابراہیم

بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ

(علیہ السلام) نے اپنی اولاد کو اور اِسی کی نصیحت کی یعقوب (علیہ السلام) نے اپنی اولاد کو،

اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ

اے میرے بیٹو! اللہ نے تمہارے لیے اِسی دین کو چُن لیا ہے، پس اسلام کے

اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿١٣٢﴾ اَمْ كُنْتُمْ

سوا کسی اور حالت پر تم کو موت نہ آئے ﴿١٣٢﴾ کیا تم

شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ

موجود تھے جب یعقوب (علیہ السلام) کی موت کا وقت آیا ،

اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ

جب اُس نے اپنے بیٹوں سے کہا کہ میرے مرنے کے بعد تم کس

مِنْۢ بَعْدِيْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ

کی عبادت کرو گے؟ اُنہوں نے کہا: ہم اُسی اللہ کی عبادت کریں

وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ

گے جس کی عبادت آپ اور آپ کے بزرگ ابراہیم ،اسماعیل،

وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ وَّنَحْنُ لَهٗ

اسحاق (علیہم السلام) کرتے آئے ہیں، وہی ایک معبود ہے اور ہم اُس

مُسْلِمُوْنَ ﴿١٣٣﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ

کے فرماں بردار ہیں ﴿١٣٣﴾ یہ ایک جماعت تھی جو گزر گئی ،

لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ

اُس کو ملے گا جو اُس نے کمایا اور تم کو ملے گا جو تم نے کمایا ،

وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٤﴾

اور تم سے اُن کے کیے ہوئے کی پوچھ نہ ہوگی ﴿١٣٤﴾

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى

اور کہتے ہیں کہ یہودی یا نصرانی بن جاؤ

تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ

تو ہدایت پا جاؤ گے، کہو کہ نہیں بلکہ ہم تو پیروی کرتے ہیں ابراہیم (علیہ السلام) کے

حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٣٥﴾

دین کی جو اللہ کی طرف یکسو تھے، اور وہ شرک کرنے والوں میں نہ تھے ﴿١٣٥﴾

قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا

کہو: ہم اللہ پر ایمان لائے اور اُس چیز پر ایمان لائے جو ہماری طرف اُتاری گئی ہے

وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ

اور اُس پر بھی جو ابراہیم اور اسماعیل

وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ

اور اسحاق اور یعقوب (علیہم السلام) اور اُس کی اولاد پر اُتاری گئی ،

اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ

اور جو مِلا موسیٰ اور عیسیٰ (علیہما السلام) کو اور جو مِلا

النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ

سب نبیوں کو اُن کے رب کی طرف سے، ہم اُن میں سے کسی کے

اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۡ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿١٣٦﴾

درمیان فرق نہیں کرتے اور ہم اللہ ہی کے فرماں بردار ہیں ﴿١٣٦﴾

فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ

پھر اگر وہ ایمان لائیں جس طرح تم ایمان لائے ہو

فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ

تو بیشک وہ راہ پا گئے ، اور اگر وہ پھر جائیں تو اب وہ

فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ

ضد پر ہیں؛ پس تمہاری طرف سے اللہ اُن کے لیے کافی ہے ،

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٣٧﴾ صِبْغَةَ

اور وہ سننے والا جاننے والا ہے ﴿١٣٧﴾ کہو: ہم نے چڑھا لیا اللہ کا

اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۚ

رنگ ، اور اللہ کے رنگ سے کس کا رنگ اچھا ہے

وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿١٣٨﴾ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا

اور ہم اُسی کی عبادت کرنے والے ہیں ﴿١٣٨﴾ کہو: کیا تم اللہ کے بارے میں

فِى اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ

ہم سے جھگڑتے ہو، حالانکہ وہ ہمارا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی ، ہمارے لیے

اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ

ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہیں ، اور ہم

لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿١٣٩﴾ اَمْ تَقُوْلُوْنَ

نے تو اپنی بندگی اسی کے لیے خالص کر لی ہے ﴿١٣٩﴾ کیا تم کہتے ہو

اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ

کہ ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق

وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ

اور یعقوب (علیہم السلام) اور اُس کی اولاد سب یہودی یا

نَصٰرٰى ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ

نصرانی تھے ، کہو کہ تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ ،

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً

اور اُس سے بڑا ظالم اور کون ہوگا جو اُس گواہی کو چُھپائے

عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ

جو اللہ کی طرف سے اُس کے پاس آئی ہوئی ہے، اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤٠﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ

اُس سے بے خبر نہیں ﴿١٤٠﴾ یہ ایک جماعت تھی جو گزر گئی ،

لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ

اُس کو ملے گا جو اُس نے کمایا اور تم کو ملے گا جو تم نے کمایا ،

وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٤١﴾ ع ١٦ ع ١٢ ١٦

اور تم سے اُن کے کیے ہوئے کی پوچھ نہ ہوگی ﴿١٤١﴾

سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ

اب یہ بے وقوف لوگ کہیں گے کہ آخر وہ کیا چیز ہے

مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِيْ كَانُوْا

جس نے اِن (مسلمانوں) کو اُس قبلے سے رخ پھیرنے پر آمادہ کر دیا،

عَلَيْهَا ؕ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ؕ

جس کی طرف وہ منہ کرتے چلے آرہے تھے، آپ کہہ دیجیے کہ مشرق اور مغرب

يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۴۲﴾

سب اللہ ہی کی ہیں، وہ جس کو چاہتا ہے سیدھی راہ کی ہدایت کر دیتا ہے ﴿۱۴۲﴾

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا

اور اِس طرح ہم نے تم کو بیچ کی اُمّت بنادیا، تاکہ

شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ

تم گواہ رہو لوگوں پر اور رسول رہے

عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ؕ وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ

تم پر گواہ، اور جس قبلہ پر تم تھے ہم نے اس کو

الَّتِیْ كُنْتَ عَلَیْهَاۤ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ یَّتَّبِعُ

صرف اس لئے متعین کیا تھا تا کہ ہم جان لیں کہ کون رسول کی

الرَّسُوْلَ مِمَّنْ یَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَیْهِ ؕ

پیروی کرتا ہے اور کون اُس سے اُلٹے پاؤں پھر جاتا ہے ،

وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِیْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِیْنَ

اور بے شک یہ بات بھاری ہے مگر اُن لوگوں پر

هَدَى اللّٰهُ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِیُضِیْعَ

جن کو اللہ نے ہدایت دی ، اور اللہ ایسا نہیں کہ تمہارے ایمان کو

اِیْمَانَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ

ضائع کر دے ، بے شک اللہ لوگوں کے ساتھ شفقت کرنے والا

رَّحِیْمٌ ﴿۱۴۳﴾ قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ

مہربان ہے ﴿۱۴۳﴾ ہم تمہارے چہرہ کا بار بار آسمان کی طرف اُٹھنا

فِی السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪

دیکھ رہے ہیں ، پس ہم تم کو اُسی قبلہ کی طرف پھیر دیں گے جس کو تم پسند کرتے ہو ،

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

اب اپنا رُخ مسجد حرام کی طرف پھیر دو،

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ

اور تم جہاں کہیں بھی ہو اپنے رُخ کو

شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اُسی طرف کرو ، اور اہلِ کتاب

لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ

خوب جانتے ہیں کہ یہ حق ہے اور اُن کے رب کی جانب سے ہے،

وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَلَئِنْ

اور اللہ بے خبر نہیں اُس سے جو وہ کر رہے ہیں ﴿۱۴۴﴾ اور اگر تم

اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ

اِن اہلِ کتاب کے سامنے تمام دلیلیں پیش کردو ،

مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِتَابِعٍ

تب بھی وہ تمہارے قبلہ کو نہ مانیں گے ، اور نہ تم اُن کے قبلہ کی

قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ

پیروی کرسکتے ہو ، اور نہ وہ خودایک دوسرے کے قبلہ کو

بَعْضٍ ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِّنْۢ

مانتے ہیں ، اور اُس علم کے بعد جو تمہارے پاس آچکا ہے

بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا

اگر تم اُن کی خواہشوں کی پیروی کرو گے تو یقیناً

لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ وقف لازم

ظالموں میں سے ہو جاؤ گے ﴿۱۴۵﴾ جن کو ہم نے کتاب

الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ

دی ہے وہ اُس کو اِس طرح پہچانتے ہیں جس طرح اپنے بیٹوں کو

وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ

پہچانتے ہیں،اور اُن میں سے ایک گروہ حق کو چھپا رہا ہے

وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴۶﴾ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وقف منزل

حالانکہ وہ اُس کو جانتا ہے ﴿۱۴۶﴾ حق وہ ہے جو آپ کا رب کہے،

فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ وَلِكُلٍّ

پس آپ ہرگز شک کرنے والوں میں سے نہ بنیں ﴿۱۴۷﴾ ہر ایک کے

وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ

لیے ایک رُخ ہے جدھر وہ منہ کرتا ہے، پس تم بھلائی کے کاموں کی طرف دوڑو،

اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ

تم جہاں کہیں ہو گے اللہ تم سب کو لے آئے گا ،

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۴۸﴾ وَمِنْ

بے شک اللہ سب کچھ کر سکتا ہے ﴿۱۴۸﴾ اور تم

حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ

جہاں سے بھی نِکلو اپنا رُخ مسجدِ حرام

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ

کی طرف کرو ، بے شک یہ حق ہے تمہارے رب

رَّبِّكَ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۹﴾

کی طرف سے، اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے بے خبر نہیں ﴿۱۴۹﴾

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ

اور تم جہاں سے بھی نکلو اپنا رُخ مسجدِ حرام

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ

کی طرف کرو ، اور تم جہاں بھی رہو

فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ

اپنے رُخ اُسی طرف رکھو ؛ تاکہ لوگوں کو

لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۗ اِلَّا الَّذِيْنَ

تمہارے اوپر کوئی حجت باقی نہ رہے ، سوائے اُن لوگوں کے

ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ۗ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ ۗ

جو اُن میں بے انصاف ہیں ، پس تم اُن سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو ،

وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ

اور تاکہ میں اپنی نعمت تمہارے اوپر پوری کردوں ، اور تاکہ تم

تَهْتَدُوْنَ ۙ﴿۱۵۰﴾ كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا

راہ پاجاؤ ﴿۱۵۰﴾ جس طرح ہم نے تمہارے درمیان ایک رسول تم ہی میں سے

مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ

بھیجا جو تم کو ہماری آیتیں پڑھ کر سناتا ہے، اور تم کو پاک کرتا ہے

وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ

اور تم کو کتاب کی اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے، اور تم کو وہ چیزیں

مُعَانَقَة ۲ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ فَاذْكُرُوْنِيْٓ

سِکھا رہا ہے جن کو تم نہیں جانتے تھے ﴿۱۵۱﴾ پس تم مجھ کو یاد رکھو

ع ۱۸ ۵ ۲ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿۱۵۲﴾

میں تم کو یاد رکھوں گا، اور میرا احسان مانو میری ناشکری مت کرو ﴿۱۵۲﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ

اے ایمان والو! صبر اور نماز سے مدد

وَالصَّلٰوةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾

حاصل کرو، یقیناً اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ﴿۱۵۳﴾

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں اُن کو مُردہ

اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵۴﴾

مت کہو ؛ بلکہ وہ زندہ ہیں مگر تم کو خبر نہیں ﴿۱۵۴﴾

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ

اور ہم ضرور تم کو آزمائیں گے کچھ ڈر اور بھوک سے

وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ

اور مالوں اور جانوں اور پھلوں میں کمی کے ذریعہ ،

وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ الَّذِيْنَ اِذَآ

اور ثابت قدم رہنے والوں کو خوش خبری دے دو ﴿۱۵۵﴾ جن کا حال یہ ہے کہ جب

اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ

اُن کو کوئی مصیبت پہونچتی ہے تو وہ کہتے ہیں : ہم اللہ کے ہیں

وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ ؕ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ

اور ہم اُسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ﴿۱۵۶﴾ یہی لوگ ہیں جن کے

صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۟ وَاُولٰٓئِكَ

اوپر اُن کے رب کی شاباشیاں ہیں اور رحمت ہے، اور یہی لوگ ہیں

هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ

جو راہ پر ہیں ﴿۱۵۷﴾ بے شک "صفا" اور "مروہ"

مِنْ شَعَآىِٕرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ

اللہ کی (یادگار) نشانیوں میں سے ہیں؛ پس جو شخص بیت اللہ کا حج کرے

اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ

یا عمرہ کرے تو اُس پر کوئی حرج نہیں کہ وہ اُن کا طواف

بِهِمَا ؕ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ

کرے ، اور جو کوئی شوق سے کچھ نیکی کرے تو اللہ

شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۵۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ

قدردان ہے، جاننے والا ہے ﴿۱۵۸﴾ بے شک جو لوگ چھپاتے ہیں

مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ

ہماری اُتاری ہوئی کھلی نشانیوں کو اور ہماری ہدایت کو ،

بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ

بعد اس کے کہ ہم اُس کو لوگوں کے لیے کتاب میں کھول چکے ہیں، تو وہی لوگ ہیں

يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ﴿۱۵۹﴾

جن پر اللہ لعنت کرتا ہے اور اُن پر لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں ﴿۱۵۹﴾

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا

البتہ جنہوں نے توبہ کی اور اصلاح کرلی اور (حق کا) اظہار کیا

فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنَا التَّوَّابُ

تو اُن کو میں معاف کردوں گا، اور میں ہوں معاف کرنے والا،

الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا

مہربان ﴿۱۶۰﴾ بے شک جن لوگوں نے انکار کیا اور اُسی حال میں مرگئے

وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ

تو وہی لوگ ہیں کہ اُن پر اللہ کی

وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ خٰلِدِيْنَ

اور فرشتوں کی اور آدمیوں کی سب کی لعنت ہے ﴿۱۶۱﴾ اُسی حال میں وہ ہمیشہ

فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ

رہیں گے، اُن پر سے عذاب ہلکا نہ کیا جائے گا اور نہ اُن کو

يُنْظَرُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ

ڈھیل دی جائے گی ﴿۱۶۲﴾ اور تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے ،

ع ۱۹ ۱۱ ۳

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾

اُس کے سوا کوئی معبود نہیں ، وہ بڑا مہربان ، نہایت رحم والا ہے ﴿۱۶۳﴾

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

بے شک آسمانوں اور زمین کی بناوٹ میں

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ

اور رات دن کے آنے جانے میں اور اُن کشتیوں میں جو

تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ

انسانوں کے کام آنے والی چیزیں لے کر سمندر میں چلتی ہیں ، اور اُس

اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا

پانی میں جس کو اللہ نے آسمان سے اُتارا ، پھر اُس سے

بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ

مُردہ زمین کو زندگی بخشی ، اور اُس (زمین) میں

كُلِّ دَآبَّةٍ ص وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ

سب قسم کے جانور پھیلا دیے، اور ہواؤں کی گردش میں اور بادلوں میں

الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ

جو آسمان و زمین کے درمیان حکم کے تابع ہیں، اُن لوگوں کے لیے

لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

نشانیاں ہیں جو عقل سے کام لیتے ہیں ﴿۱۶۴﴾ اور کچھ لوگ ایسے ہیں جو

يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ

اللہ کے سوا دوسروں کو اُس کا برابر ٹھہراتے ہیں، اُن سے ایسی محبت رکھتے ہیں

كَحُبِّ اللّٰهِ ط وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا

جیسی محبت اللہ سے رکھنا چاہیے، اور جو ایمان والے ہیں وہ سب سے زیادہ اللہ سے

لِّلّٰهِ ط وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ

محبت رکھنے والے ہیں، اور اگر یہ ظالم اُس وقت کو دیکھ لیں جب کہ وہ عذاب کو

الْعَذَابَ لا اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا لا وَّاَنَّ

دیکھیں گے کہ زور سارا کا سارا اللہ کا ہے ، اور

اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾ اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ

اللہ بڑا سخت عذاب دینے والا ہے ﴿۱۶۵﴾ جب کہ وہ لوگ جن کے کہنے پر دوسرے چلتے تھے

اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ

اُن لوگوں سے الگ ہو جائیں گے جو اُن کے کہنے پر چلتے تھے، عذاب اُن کے سامنے ہوگا

وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ ﴿۱۶۶﴾ وَقَالَ

اور اُن کے سب طرف کے رشتے ٹوٹ چکے ہوں گے ﴿۱۶۶﴾ وہ لوگ

الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ

جو پیچھے چلتے تھے کہیں گے: کاش! ہم کو دنیا کی طرف دوبارہ لوٹنا نصیب ہوتا تو ہم بھی اُن سے

مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ

الگ ہو جاتے جیسے وہ ہم سے الگ ہو گئے، اِس طرح اللہ

اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ؕ

اُن کے اعمال کو اُنہیں حسرت بنا کر دِکھائے گا،

وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ﴿۱۶۷﴾ يٰۤاَيُّهَا ع ۲۰ ۴ ۴

اور وہ آگ سے نہ نکل سکیں گے ﴿۱۶۷﴾ اے لوگو!

النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا ز

زمین کی چیزوں میں سے حلال اور سُتھری چیزیں کھاؤ

وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ط اِنَّهٗ لَكُمْ

اور شیطان کے قدموں پر مت چلو ، بے شک وہ تمہارا

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۶۸﴾ اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ

کُھلا ہوا دشمن ہے ﴿۱۶۸﴾ وہ تم کو صرف بُرے کام

وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا

اور بے حیائی کی تلقین کرتا ہے اور اِس بات کی کہ تم اللہ کی طرف وہ باتیں منسوب کرو

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا

جن کے بارے میں تم کو کوئی علم نہیں ﴿۱۶۹﴾ اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اُس پر چلو

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا

جو اللہ نے اُتارا ہے، تو وہ کہتے ہیں کہ ہم تو اُسی پر چلیں گے جس پر ہم نے

عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ط اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ

اپنے باپ دادا کو پایا ہے، کیا اِس صورت میں بھی کہ اُن کے باپ دادا

لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَمَثَلُ

نہ عقل رکھتے ہوں اور نہ سیدھی راہ جانتے ہوں ﴿۱۷۰﴾ اور

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا

اُن منکروں کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص ایسے جانور کے پیچھے چلّا رہا ہو

لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ؕ صُمٌّۢ

جو بُلانے اور پُکارنے کے سوا اور کچھ نہیں سُنتا ، یہ بہرے ہیں،

بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ يٰٓاَيُّهَا

گُونگے ہیں ، اندھے ہیں وہ کچھ نہیں سمجھتے ﴿۱۷۱﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا

ایمان والو! ہماری دی ہوئی پاک چیزوں

رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

کو کھاؤ ، اور اللہ کا شکر ادا کرو اگر تم

اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۷۲﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ

اُس کی عبادت کرنے والے ہو ﴿۱۷۲﴾ اللہ نے تم پر حرام کیا ہے

الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ

صرف مُردار کو، اور خون کو، اور سُوّر کے گوشت کو، اور جس پر

اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ

اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو، پھر جو شخص مجبور ہو جائے، وہ نہ

بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اُس کی چاہت رکھتا ہو اور نہ حد سے آگے بڑھنے والا ہو تو اُس پر کوئی گناہ نہیں، بے شک اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۷۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ

بخشنے والا مہربان ہے ﴿۱۷۳﴾ بے شک جو لوگ اُس چیز کو چھُپاتے ہیں

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ

جو اللہ نے اپنی کتاب میں اُتاری ہے اور اُس کے بدلے میں

بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۙ اُولٰۗىِٕكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ

تھوڑی قیمت لیتے ہیں، وہ اپنے پیٹ میں

بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ

صرف آگ بھر رہے ہیں، قیامت کے دن اللہ نہ اُن سے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۚ وَلَهُمْ

بات کرے گا اور نہ اُن کو پاک کرے گا، اور اُن کے لیے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا

دردناک عذاب ہے ﴿۱۷۴﴾ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے

الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ

گمراہی اور مغفرت کے بدلے عذاب کی خریداری کرلی ہے؛

فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿۱۷۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ

چنانچہ (اندازہ کرو کہ) یہ دوزخ کی آگ سہنے کے لیے کتنے تیار ہیں ﴿۱۷۵﴾ یہ اِس لیے کہ

اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ

اللہ نے اپنی کتاب کو ٹھیک ٹھیک اُتارا، مگر جن لوگوں نے

اخْتَلَفُوْا فِى الْكِتٰبِ لَفِىْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۱۷۶﴾ ع

ع ۲۱ ۹ ۵

کتاب میں کئی راہیں نکال لیں وہ ضد میں دور جا پڑے ﴿۱۷۶﴾

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ

نیکی یہ نہیں کہ تم اپنے چہرے پورب اور

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ

پچھم کی طرف کر لو ؛ بلکہ نیکی یہ ہے کہ

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

آدمی ایمان لائے اللہ پر اور آخرت کے دن پر اور فرشتوں پر

وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى

اور کتاب پر اور پیغمبروں پر ، اور مال دے

حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ

اللہ کی محبت میں رشتہ داروں کو ، اور محتاجوں کو

وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ

اور مسافروں کو، اور مانگنے والوں کو اور غلاموں کو چھڑانے میں ،

وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ

اور نماز قائم کرے اور زکوٰۃ ادا کرے ، اور جب عہد کرلیں تو

بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ

اُس کو پورا کریں ، اور صبر کرنے والے

فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ؕ

سختی اور تکلیف میں اور لڑائی کے وقت،

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

یہی لوگ ہیں جو سچّے نکلے ، اور یہی

الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ہیں ڈر رکھنے والے ﴿۱۷۷﴾ اے ایمان والو !

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ؕ

تم پر مقتولوں کا قِصاص لینا فرض کیا جاتا ہے ،

اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى

آزاد کے بدلے آزاد ، غلام کے بدلے غلام ، عورت کے

بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ

بدلے عورت ، پھر جس کو اُس کے بھائی کی طرف سے کچھ معافی ہو جائے

شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ ۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ

تو اُسے چاہیے کہ مناسب طریقے کا خیال رکھے ، اور خوش دلی کے ساتھ

بِاِحْسَانٍ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

اُس کو ادا کرے، یہ تمہارے رب کے طرف سے ایک آسانی

وَرَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ

اور مہربانی ہے، اب اِس کے بعد بھی جو شخص زیادتی کرے اُس کے لیے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۸﴾ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ

دردناک عذاب ہے ﴿۱۷۸﴾ اور اے عقل والو! قِصاص میں

حَيٰوةٌ يّٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾

تمہارے لیے زندگی ہے ؛ تاکہ تم بچو ﴿۱۷۹﴾

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

تم پر فرض کیا جاتا ہے کہ جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آجائے

اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۖ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ

اور وہ اپنے پیچھے مال چھوڑ رہا ہو، تو وہ دستور کے مطابق وصیت کرے اپنے

وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى

ماں باپ کے لیے اور رشتے داروں کے لیے، یہ ضروری ہے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ فَمَنْۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ

اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے ﴿۱۸۰﴾ پھر جو کوئی وصیّت کو سُننے کے بعد اُس کو بدل ڈالے

فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ اِنَّ

تو اُس کا گناہ اُسی پر ہوگا جس نے اُس کو بدلا ؛

اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۸۱﴾ فَمَنْ خَافَ مِنْ

یقیناً اللہ سُننے والا، جاننے والا ہے ﴿۱۸۱﴾ البتہ جس کو وصیّت کرنے والے

مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ

کے متعلّق یہ اندیشہ ہو کہ اُس نے جانب داری یا گناہ کیا ہے اور وہ آپس میں صُلح کرادے

فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸۲﴾ ع ۲۲ ۲ ۶ ۶

تو اُس پر کوئی گناہ نہیں ؛ اللہ معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے ﴿۱۸۲﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ

اے ایمان والو! تم پر روزہ فرض کیا گیا ہے

الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ

جس طرح تم سے اگلوں پر فرض کیا گیا تھا ؛

قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۳﴾ اَيَّامًا

تاکہ تم پرہیز گار بنو ﴿۱۸۳﴾ کچھ ہی دن تو رکھنے ہیں

مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا

یہ روزے ، پھر جو کوئی تم میں بیمار ہو

اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ

یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں تعداد پوری کرلے ،

وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ

اور جن کو طاقت ہے تو ایک روزے کے بدلے ایک مسکین کو

مِسْكِيْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ

کھانا کھلانا ہے ، جو کوئی مزید نیکی کرے تو وہ

خَيْرٌ لَّهٗ ؕ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ

اُس کے لیے بہتر ہے؛ اور تم روزہ رکھو تو یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے،

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۴﴾ شَهْرُ رَمَضَانَ

اگر تم جانو ﴿۱۸۴﴾ رمضان کا مہینہ

الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًی لِّلنَّاسِ

جس میں قرآن اُتارا گیا، ہدایت ہے لوگوں کے لیے

وَبَیِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ

اور کھُلی نشانیاں راستہ کی اور حق و باطل کے بیچ فیصلہ کرنے والا، پس

شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْیَصُمْهُ ؕ وَمَنْ

تم میں سے جو کوئی اِس مہینہ کو پائے وہ اُس کے روزے رکھے، اور جو

كَانَ مَرِیْضًا اَوْ عَلٰی سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ

بیمار ہو یا سفر پر ہو تو دوسرے دنوں میں

اَیَّامٍ اُخَرَ ؕ یُرِیْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْیُسْرَ

گِنتی پوری کرلے، اللہ تمہارے لیے آسانی چاہتا ہے

وَلَا یُرِیْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۫ وَلِتُكْمِلُوا

وہ تمہارے ساتھ سختی کرنا نہیں چاہتا؛ اور اِس لیے کہ تم گِنتی

الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰی مَا هَدٰىكُمْ

پوری کرلو اور اللہ کی بڑائی بیان کرو اِس پر کہ اُس نے تم کو راہ بتائی

وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَاِذَا سَاَلَكَ

اور تا کہ تم اُس کے شکر گزار بنو ﴿۱۸۵﴾ اور جب میرے بندے تم سے

عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ اُجِیْبُ

میرے بارے میں پوچھیں تو میں تو نزدیک ہوں، پکارنے والے

دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا

کی پکار کا جواب دیتا ہوں جب کہ وہ مجھے پکارتا ہے، تو چاہیے کہ وہ میرا حکم مانیں

لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ ﴿۱۸۶﴾

اور مجھ پر یقین رکھیں ؛ تا کہ وہ ہدایت پائیں ﴿۱۸۶﴾

اُحِلَّ لَكُمْ لَیْلَةَ الصِّیَامِ الرَّفَثُ اِلٰی

تمہارے لیے روزہ کی رات میں اپنی بیویوں کے پاس جانا

نِسَآىِٕكُمْ ؕ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ

جائز کیا گیا ہے ، وہ تمہارے لیے لِباس ہیں اور تم

لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ

اُن کے لیے لِباس ہو ، اللہ نے دیکھا کہ تم

تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ

اپنے آپ سے خیانت کر رہے تھے تو اُس نے تم پر عنایت کی

وَعَفَا عَنْكُمْ ۚ فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ

اور تم کو معاف کر دیا، تو اب تم اُن سے ملو

وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۠ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا

اور وہ تلاش کرو جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے، اور کھاؤ اور پیو

حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ

یہاں تک کہ صبح کی سفید دھاری

الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۠ ثُمَّ اَتِمُّوا

کالی دھاری سے الگ ظاہر ہو جائے، پھر پورا کرو

الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ

روزہ رات تک، اور جب تم مسجد میں اعتکاف میں

وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِى الْمَسٰجِدِ ؕ تِلْكَ

ہو تو بیویوں سے خلوت نہ کرو، یہ

حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

اللہ کی حدیں ہیں تم اُن کے نزدیک نہ جاؤ ، اِس طرح اللہ

اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۷﴾

اپنی آیتیں لوگوں کے لیے بیان کرتا ہے ؛ تاکہ وہ بچیں ﴿۱۸۷﴾

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ

اور تم آپس میں ایک دوسرے کے مال کو ناحق طور پر نہ کھاؤ

وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ

اور اُن کو حاکموں تک نہ پہونچاؤ ؛ تاکہ دوسروں کے مال کا

اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ ع ۲۳ ع ۶ ۷

کوئی حصہ ظالمانہ طریقہ پر کھا جاؤ ، حالانکہ تم اُس کو جانتے ہو ﴿۱۸۸﴾

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ

وہ تم سے (ہر مہینے کے) چاند کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہہ دو کہ وہ اوقات معلوم کرنے کا ذریعہ ہے

لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا

لوگوں کے لیے اور حج کے لیے ، اور نیکی یہ نہیں کہ تم گھروں میں

الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ

اُن کے پچھلے حصے سے آؤ؛ بلکہ نیکی یہ ہے کہ آدمی

اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۪

پرہیزگاری کرے، اور گھروں میں اُن کے دروازوں سے آؤ،

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۸۹﴾ وَقَاتِلُوْا

اور اللہ سے ڈرو؛ تاکہ تم کامیاب ہو ﴿۱۸۹﴾ اور اللہ کی راہ میں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ

اُن لوگوں سے لڑو جو لڑتے ہیں تم سے ،

وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۹۰﴾

اور زیادتی نہ کرو؛ اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ﴿۱۹۰﴾

وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ

اور تم قتل کرو اُن کو جس جگہ پاؤ ، اور نکال دو اُن کو

مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ

جہاں سے اُنہوں نے تم کو نکالا ہے، اور فتنہ سخت تر ہے

الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ

قتل سے ، اور اُن سے مسجدِ حرام کے

الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ

پاس نہ لڑو جب تک کہ وہ تم سے اُس میں جنگ نہ چھیڑیں، پس اگر

قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ۭ كَذٰلِكَ جَزَاۗءُ

وہ تم سے جنگ چھیڑیں تو اُن کو قتل کرو ؛ یہی سزا

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹۱﴾ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

ہے منکروں کی ﴿۱۹۱﴾ پھر اگر وہ باز آجائیں تو اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۲﴾ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ

بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿۱۹۲﴾ اور تم اُن سے جنگ کرو یہاں تک کہ فتنہ

فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ۭ فَاِنِ انْتَهَوْا

باقی نہ رہے اور دین اللہ کا ہو جائے ؛ پھر اگر وہ باز آجائیں

فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹۳﴾ اَلشَّهْرُ

تو اُس کے بعد سختی نہیں ہے مگر ظالموں پر ﴿۱۹۳﴾ حرمت والا

اَلْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ

مہینہ حرمت والے مہینے کا بدلہ ہے اور حرمتوں کا بھی قِصاص ہے،

فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ

پس جس نے تم پر زیادتی کی تم بھی اُس پر زیادتی کرو

بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪ وَاتَّقُوا

جیسی اُس نے تم پر زیادتی کی ہے؛ اور اللہ سے ڈرو

اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾

اور جان لو کہ اللہ پرہیز گاروں کے ساتھ ہے ﴿۱۹۴﴾

وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا

اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے آپ کو

بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۚۛ وَاَحْسِنُوْا ۚۛ مع

ہلاکت میں نہ ڈالو ، اور کام اچھی طرح کرو ،

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۹۵﴾ وَاَتِمُّوا

بے شک اللہ اچھی طرح کام کرنے والوں کو پسند کرتا ہے ﴿۱۹۵﴾ اور پورا کرو

الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ

حج اور عمرہ اللہ کے لیے ، پھر اگر تم گھر جاؤ

فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ وَلَا تَحْلِقُوْا

تو جو قربانی کا جانور میسّر ہو وہ پیش کردو ، اور تم اپنے سروں کو

رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ؕ

نہ مُنڈاؤ جب تک قربانی اپنے ٹھکانے پر نہ پہنچ جائے ،

فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖۤ اَذًى مِّنْ

تم میں سے جو بیمار ہو یا اُس کے سر میں

رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ

کوئی تکلیف ہو تو وہ فِدیہ دے روزے یا صدقے

اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَاۤ اَمِنْتُمْ ۪ وقفة فَمَنْ تَمَتَّعَ

یا قربانی کی شکل میں، پھر جب امن کی حالت ہو، اور کوئی حج تک عمرہ کا فائدہ

بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ

حاصل کرنا چاہے تو وہ قربانی پیش کرے

الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ

جو اُس کو مُیسّر آئے، پھر جس کو مُیسّر نہ آئے تو وہ حج کے ایّام میں

اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ

تین دن روزے رکھے اور سات دن کے روزے جب کہ تم گھروں کو لوٹو،

تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ

یہ پورے دس ہوئے ، یہ اُس شخص کے لیے ہے

لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

جس کا خاندان مسجدِ حرام کے پاس آباد نہ ہو ؛

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ

اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ اللہ سخت

الْعِقَابِ ﴿۱۹۶﴾ اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ ع ۲۴ ۸ ۸

عذاب دینے والا ہے ﴿۱۹۶﴾ حج کے متعین مہینے ہیں،

فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ

پس جس نے اُن مہینوں میں حج کا ارادہ کرلیا تو پھر اُس کو حج کے دوران

وَقْفُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ؕ وَمَا

نہ کوئی گندی بات کرنی ہے اور نہ گناہ کی، اور نہ لڑائی جھگڑے کی، اور جو

تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَتَزَوَّدُوْا

نیک کام تم کرو گے اللہ اُس کو جان لے گا، اور (ہاں) راستے کا توشہ لے لیا کرو،

فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى ۫ وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي

بہترین توشہ تقویٰ ہے ؛ اور اے عقل والو !

الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۷﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ

مجھ سے ڈرو ﴿۱۹۷﴾ اِس میں کوئی گناہ نہیں کہ

تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ فَاِذَآ اَفَضْتُمْ

تم اپنے رب کا فضل بھی تلاش کرو ، پھر جب تم لوگ

مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ

عرفات سے واپس ہو تو اللہ کو یاد کرو مشعرِ حرام کے نزدیک،

الْحَرَامِ ۠ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ

اور اُس (اللہ) کو ویسے ہی یاد کرو جس طرح اُس نے تمہیں بتایا ہے، ورنہ

كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۱۹۸﴾

تم اِس سے پہلے یقیناً راہ سے بھٹکے ہوئے لوگوں میں سے تھے ﴿۱۹۸﴾

ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ

پھر طواف کو چلو جہاں سے سب لوگ چلیں ،

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۹﴾

اور اللہ سے معافی مانگو؛ یقیناً اللہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے ﴿۱۹۹﴾

فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ

پھر جب تم اپنے حج کے اعمال پورے کر لو تو اللہ کو یاد کرو

كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ فَمِنَ

جس طرح تم اپنے باپ دادا کو یاد کرتے تھے بلکہ اُس سے بھی زیادہ، پس

النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا

کچھ لوگ تو وہ ہیں جو یوں کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہمیں اِس دنیا میں

وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿۲۰۰﴾

دے دے اور آخرت میں اُس کا کچھ حصّہ نہیں ﴿۲۰۰﴾

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا

اور اُن میں سے کچھ وہ بھی ہیں جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے (پیارے) رب! ہم کو دنیا میں

حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ

(بھی) بھلائی دیجیے اور آخرت میں بھی بھلائی دیجیے اور ہمیں آگ کے

النِّصف النَّارِ ﴿۲۰۱﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا

عذاب سے بچایئے ﴿۲۰۱﴾ اُنہیں لوگوں کے لیے حصّہ ہے

كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۲۰۲﴾

اُن کے کیے کا، اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے ﴿۲۰۲﴾

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ

اور اللہ کو یاد کرو مُقرّر دنوں میں ، پھر جو شخص جلدی کر کے

تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ

دو دن میں (مکّہ واپس) آجائے اُس پر کوئی گناہ نہیں، اور جو شخص ٹھہر جائے اُس پر

تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ؕ وَاتَّقُوا

بھی کوئی گناہ نہیں، یہ اُس کے لیے ہے جو اللہ سے ڈرے اور تم اللہ سے ڈرتے رہو

اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾

اور خوب جان لو کہ تم اُسی کے پاس اکٹھا کیے جاؤ گے ﴿۲۰۳﴾

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي

اور لوگوں میں سے کوئی ہے کہ اُس کی بات دنیا کی زندگی میں تم کو

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا

پیاری لگتی ہے اور وہ اپنے دل کی بات پر اللہ کو

فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿۲۰۴﴾ وَاِذَا

گواہ بناتا ہے ؛ حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے ﴿۲۰۴﴾ اور جب

تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا

وہ پلٹ کر چلا جاتا ہے تو وہ اِس کوشش میں رہتا ہے کہ زمین میں فساد پھیلائے

وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ وَاللّٰهُ

اور کھیتوں اور جانوں کو ہلاک کرے ؛ حالانکہ اللہ

لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿۲۰۵﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ

فساد کو پسند نہیں کرتا ﴿۲۰۵﴾ اور جب اُس سے کہا جاتا ہے کہ اللہ سے ڈر،

اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ

تو تکبّر اُس کو گناہ پر اور آمادہ کر دیتا ہے، پس ایسے شخص کے لیے

جَهَنَّمُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۲۰۶﴾ وَمِنَ

جہنم کافی ہے ، اور وہ بہت برا ٹھکانہ ہے ﴿۲۰۶﴾ اور

النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ

لوگوں میں کوئی ہے کہ اللہ کی خوشی کی تلاش میں اپنی

مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰۷﴾

جان کو بیچ دیتا ہے؛ اور اللہ اپنے بندوں پر نہایت مہربان ہے ﴿۲۰۷﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ

اے ایمان والو ! اسلام میں پورے پورے

كَآفَّةً ۪ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ

داخل ہوجاؤ ، اور شیطان کے قدموں پر مت چلو؛

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۰۸﴾ فَاِنْ زَلَلْتُمْ

وہ تمہارا کُھلا ہوا دشمن ہے ﴿۲۰۸﴾ پھر اگر تم پھِسل جاؤ

مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا

بعد اِس کے کہ تمہارے پاس واضح دلیلیں آ چکی ہیں تو جان لو

اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ

کہ اللہ زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿۲۰۹﴾ کیا لوگ اِس انتظار میں ہیں

اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ

کہ اللہ اُن کے پاس بادل کے سائبانوں میں آئے

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

اور فرشتے بھی آ جائیں اور سب معاملے نمٹا دیے جائیں، اور سارے معاملات

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾ سَلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ع ۲۵ ۱۴ ۹

اللہ ہی کی طرف پھیرے جاتے ہیں ﴿۲۱۰﴾ بنی اسرائیل سے پوچھو،

كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۭ بَيِّنَةٍ ؕ وَمَنْ

ہم نے اُن کو کتنی کھلی کھلی نشانیاں دیں ، اور جو شخص

يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ

اللہ کی نعمت کو بدل ڈالے جب کہ وہ اُس کے پاس آ چکی ہو

فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۱۱﴾ زُيِّنَ

تو اللہ یقیناً سخت سزا دینے والا ہے ﴿۲۱۱﴾ خوش نُما کردی گئی ہے

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ

دنیا کی زندگی اُن لوگوں کی نظر میں جو منکر ہیں اور وہ ہنستے ہیں

مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا

ایمان والوں پر ؛ حالانکہ جو پرہیزگار ہیں

وقف لازم

فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ

وہ قیامت کے دن اُن کے مقابلہ میں اونچے ہوں گے، اور اللہ جس کو چاہتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾ كَانَ

بے حساب روزی دے دیتا ہے ﴿۲۱۲﴾ لوگ

النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۟ قف فَبَعَثَ اللّٰهُ

ایک اُمّت ہی تھے ، (انہوں نے اختلاف کیا) تو اللہ نے

النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ص وَاَنْزَلَ

پیغمبروں کو بھیجا خوش خبری سنانے والے اور ڈرانے والے بنا کر، اور اُن کے ساتھ

مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ

کتاب اُتاری حق کے ساتھ ؛ تاکہ وہ فیصلہ کر دے لوگوں کے

النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَمَا اخْتَلَفَ

درمیان اُن باتوں کا جن میں وہ اختلاف کر رہے ہیں، اور یہ اختلافات

فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا

اُنہیں لوگوں نے کیے جن کو حق دیا گیا تھا ، بعد اِس کے

جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۚ فَهَدَى

کہ اُن کے پاس کھُلی کھُلی ہدایات آ چکی تھیں، آپس کی ضد کی وجہ سے، پس اللہ نے

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

اپنی توفیق سے حق کے معاملے میں ایمان والوں کو راہ دِکھائی

مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ

جس میں وہ جھگڑ رہے تھے ، اور اللہ جس کو چاہتا ہے

يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۱۳﴾ اَمْ

سیدھی راہ دِکھا دیتا ہے ﴿۲۱۳﴾ کیا

حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ

تم نے سمجھ رکھا ہے کہ تم جنّت میں داخل ہو جاؤ گے؛ حالانکہ تم پر ابھی وہ حالات

مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ

گزرے ہی نہیں جو تمہارے اگلوں پر گزرے تھے، اُن کو سختی

الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى

اور تکلیف پہونچی اور وہ ہِلا دیے گئے ؛ یہاں تک کہ

يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

رسول اور اُن کے ساتھ ایمان لانے والے پکار اُٹھے کہ

مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ

اللہ کی مدد کب آئے گی ؟ یاد رکھو ! اللہ کی مدد

قَرِيْبٌ ﴿۲۱۴﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ

قریب ہے ﴿۲۱۴﴾ لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ کیا خرچ کریں ؟

قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ

(اے نبی) کہہ دیں کہ جو مال تم خرچ کرو تو اُس میں حق ہے تمہارے ماں باپ کا،

وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ

اور رشتہ داروں کا ، اور یتیموں کا ، اور محتاجوں کا اور

السَّبِيْلِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ

مسافروں کا ، اور جو بھلائی تم کرو گے

اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۱۵﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ

وہ اللہ کو معلوم ہے ﴿۲۱۵﴾ تمہیں لڑائی کا حکم ہوا ہے

وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا

اور وہ تم کو ناگوار معلوم ہوتی ہے، ہوسکتا ہے کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرو

وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا

اور وہ تمہارے لیے بھلی ہو، اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ تم کوئی چیز کو پسند کرو

وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

اور وہ تمہارے لیے بُری ہو ؛ اور اللہ جانتا ہے جبکہ تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ ع يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ ع ۲۶ ۲ ۱۰

نہیں جانتے ﴿۲۱۶﴾ لوگ آپ سے حُرمت والے

الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ؕ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ

مہینہ کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ اُس میں لڑنا کیسا ہے؟ (اے نبی) کہہ دیجیے کہ اُس میں لڑنا

كَبِيْرٌ ؕ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌ ۢ

بہت بُرا ہے، مگر اللہ کے راستے سے روکنا، اور اُس کا انکار کرنا،

بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَاِخْرَاجُ

اور مسجدِ حرام سے روکنا اور اُس کے لوگوں کو

اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ

وہاں سے نکالنا اللہ کے نزدیک اُس سے بھی زیادہ بُرا ہے، اور فتنہ

اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ؕ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ

قتل سے بھی زیادہ بڑی برائی ہے، اور یہ لوگ تم سے برابر لڑتے رہیں گے

حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ

یہاں تک کہ تم کو تمہارے دین سے پھیر دیں اگر قابو پا جائیں،

وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ

اور تم میں سے جو کوئی اپنے دین سے پھر جائے

وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ

اور کفر کی حالت میں مرے تو ایسے لوگوں کے عمل ضائع ہو گئے

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

دنیا میں اور آخرت میں ، اور وہ آگ میں

النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۱۷﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

پڑنے والے ہیں ، وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۱۷﴾ بے شک وہ

اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ

لوگ جو ایمان لائے ، اور جنہوں نے ہجرت کی ، اور اللہ کی راہ میں

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ

جہاد کیا ، وہ اللہ کی رحمت کے اُمیدوار ہیں ،

اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۱۸﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ

اور اللہ بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿۲۱۸﴾ لوگ آپ سے شراب

عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ؕ قُلْ فِيْهِمَآ

اور جُوئے کے بارے میں پوچھتے ہیں ، (اے نبی) کہہ دیجیے کہ اِن دونوں میں

اِثْمُهُمَآ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ز وَاِثْمُهُمَآ

بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لیے کچھ فائدے بھی ہیں، اور اُن کا گناہ

اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ط وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا

بہت زیادہ ہے اُن کے فائدے سے، اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں کہ کیا

يُنْفِقُوْنَ ۥ قُلِ الْعَفْوَ ط كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

خرچ کریں، کہہ دیجیے کہ جو (اپنی) ضرورت سے زیادہ ہو، اِس طرح اللہ تمہارے لیے

اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۙ ﴿۲۱۹﴾

احکام کو بیان کرتا ہے ؛ تاکہ تم دھیان کرو ﴿۲۱۹﴾

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ط وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ

دنیا اور آخرت کے معاملات میں، اور وہ آپ سے یتیموں سے متعلّق

الْيَتٰمٰى ط قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ط وَاِنْ

پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیں کہ اُن کی بھلائی چاہنا تو نیک کام ہے، اور

تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ط وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

اگر تم اُن کو اپنے ساتھ شامل کرلو تو وہ تمہارے بھائی ہیں، اور اللہ کو معلوم ہے

الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

کہ کون خرابی پیدا کرنے والا ہے اور کون دُرستگی پیدا کرنے والا ہے، اور اگر اللہ چاہتا تو

لَاَعْنَتَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۰﴾

تم کو مشکل میں ڈال دیتا؛ بے شک اللہ زبردست ہے، تدبیر والا ہے ﴿۲۲۰﴾

وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ

اور مشرک عورتوں سے نکاح نہ کرو جب تک کہ وہ ایمان نہ لائیں،

وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ

اور کوئی بھی مؤمن باندی بہتر ہے کسی بھی مشرک عورت سے، اگرچہ

اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ

وہ تم کو اچھی معلوم ہو، اور اپنی عورتوں کو مشرک مَردوں کے نکاح میں نہ دو

حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ

جب تک کہ وہ ایمان نہ لائیں، کوئی بھی مؤمن غلام بہتر ہے

مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ

ایک (آزاد) مشرک سے اگرچہ وہ تم کو بھلا لگے، وہ لوگ آگ کی طرف

اِلَى النَّارِ ۚ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ

بُلاتے ہیں جب کہ اللہ جنت کی طرف اور بخشش کی طرف

وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ

بُلاتا ہے اپنی توفیق سے، اور اپنے احکام لوگوں کے لیے کھول کر بیان کرتا ہے؛

لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۲۱﴾ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ ع ۲۷ ۵ ۱۱

تاکہ وہ نصیحت پکڑیں ﴿۲۲۱﴾ اور وہ آپ سے حیض کا حکم

عَنِ الْمَحِيْضِ ۭ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا

پوچھتے ہیں، (اے نبی) کہہ دیں کہ وہ ایک گندگی ہے؛ پس حیض کی حالت میں

النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ

عورتوں سے الگ رہو، اور جب تک وہ پاک نہ ہو جائیں

حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ

اُن کے قریب نہ جاؤ، پھر جب وہ اچھی طرح پاک ہو جائیں تو اُس طریقہ سے

مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

اُن کے پاس جاؤ جس کا حکم اللہ نے تم کو دیا ہے؛ اللہ محبوب رکھتا ہے

التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿۲۲۲﴾

توبہ کرنے والوں کو اور وہ محبوب رکھتا ہے پاک رہنے والوں کو ﴿۲۲۲﴾

نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ

تمہاری عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں ، پس اپنی کھیتی میں

اَنّٰى شِئْتُمْ ۪ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ

جس طرح چاہو جاؤ، اور اپنے لیے (نیک عمل) آگے بھیجو ،

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ

اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ تم ضرور اُس سے ملنے والے ہو ،

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ

اور ایمان والوں کو خوش خبری دے دو ﴿۲۲۳﴾ اور اللہ (کے نام) کو اپنی

عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا

قسموں میں اِس نیت سے استعمال نہ کرو کہ اُس کے ذریعے نیکی اور تقوے کے کاموں

وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ

اور لوگوں کے درمیان صُلح وصفائی کرانے سے بچ سکو؛ اور اللہ سب کچھ سُنتا

عَلِيْمٌ ﴿۲۲۴﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ

جانتا ہے ﴿۲۲۴﴾ اللہ تمہاری بے ارادہ قسموں پر

فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا

تم کو نہیں پکڑتا مگر وہ اُس کام پر پکڑتا ہے

كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۲۵﴾

جو تمہارے دل کرتے ہیں؛ اور اللہ بہت بخشنے والا، بڑا بُردبار ہے ﴿۲۲۵﴾

لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ

جو لوگ اپنی بیویوں سے نہ ملنے کی قسم کھالیں، اُن کے لیے چار مہینے

اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ

تک کی مُہلت ہے ، پھر اگر وہ رُجوع کرلیں تو اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲۶﴾ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ

معاف کردینے والا، مہربان ہے ﴿۲۲۶﴾ اور اگر وہ طلاق کا فیصلہ کرلیں

فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۷﴾ وَالْمُطَلَّقٰتُ

تو یقیناً اللہ سُننے والا، جاننے والا ہے ﴿۲۲۷﴾ اور طلاق دی ہوئی عورتیں

يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ

اپنے آپ کو تین حیض تک روکی رکھیں ،

وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ

اور اُن کے لیے جائز نہیں کہ وہ اُس چیز کو چھپائیں جو اللہ نے

اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ

پیدا کیا ہے اُن کے پیٹ میں اگر وہ ایمان رکھتی ہیں

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَبُعُوْلَتُهُنَّ

اللہ پر اور آخرت کے دن پر ، اور اِس دوران اُن کے شوہر

اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا

اُن کو پھر لوٹا لینے کا حق زیادہ رکھتے ہیں اگر وہ معاملہ درست کرنا چاہیں،

اِصْلَاحًا ؕ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ

اور اُن عورتوں کے لیے دستور کے مطابق اُسی طرح کے حقوق ہیں جس طرح دستور کے مطابق

بِالْمَعْرُوْفِ ۠ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ

اُن پر ذِمہ داریاں ہیں، اور مَردوں کا اُن کے مقابلہ میں کچھ درجہ بڑھا ہوا ہے،

۲۸ ع ۷ ۱۲

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۸﴾ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ص

اور اللہ غالب ہے ، حکمت والا ہے ﴿۲۲۸﴾ طلاق دوبار ہے،

فَاِمْسَاكٌ م بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌ م

پھر یا تو قاعدے کے مطابق رکھ لینا ہے یا اچھے انداز پر

بِاِحْسَانٍ ط وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا

رُخصت کر دینا، اور تمہارے لیے یہ بات جائز نہیں کہ تم نے جو کچھ اُن عورتوں کو دیا ہے

مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ

اُس میں سے کچھ لے لو ، مگر یہ کہ دونوں کو ڈر ہو کہ

اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ط فَاِنْ خِفْتُمْ

وہ اللہ کی حدوں پر قائم نہ رہ سکیں گے ، پھر اگر تم کو یہ ڈر ہو کہ

اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ لا فَلَا جُنَاحَ

وہ دونوں اللہ کی حدوں پر قائم نہ رہ سکیں گے تو دونوں پر

عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ط تِلْكَ حُدُوْدُ

گناہ نہیں اُس مال میں جس کو عورت فِدیے میں دے ، یہ اللہ کی

اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ

حدیں ہیں پس تم اُن سے باہر نہ نکلو، اور جو شخص اللہ کی حدوں سے

اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۲۹﴾ فَاِنْ

نکل جائے تو ایسے لوگ ہی ظالم ہیں ﴿۲۲۹﴾ پھر اگر مرد اُس کو

طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى

طلاق دے دے تو اُس کے بعد وہ عورت اُس کے لیے حلال نہیں جب تک

تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا

وہ کسی دوسرے مرد سے نکاح نہ کرلے، پھر اگر وہ مرد اُس کو طلاق دے دے

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ

تب گناہ نہیں اُن دونوں پر کہ پھر مِل جائیں، بشرطیکہ اُنہیں اُمید ہو

اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ

اللہ کی حدوں پر قائم رہنے کی ، اور یہ اللہ کے ضابطے ہیں

اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۰﴾ وَاِذَا

جن کو وہ بیان کر رہا ہے اُن لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں ﴿۲۳۰﴾ اور جب

طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

تم عورتوں کو طلاق دے دو پھر وہ اپنی عِدّت کو پہونچ جائیں

فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ

تو اُن کو یا قاعدے کے مطابق رکھ لو، یا قاعدے کے مطابق

بِمَعْرُوْفٍ ص وَّلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا

رُخصت کردو ، اور تکلیف پہونچانے کی غرض سے نہ روکو

لِّتَعْتَدُوْا ج وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ

تاکہ اُن پر زیادتی کرو ، اور جو ایسا کرے گا

ظَلَمَ نَفْسَهٗ ط وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ

اُس نے درحقیقت اپنا ہی بُرا کیا،اور اللہ کی آیتوں کو

هُزُوًا ز وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

مذاق (کا ذریعہ) نہ بناؤ ، اور یاد کرو اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو

وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ

اور اُس کتاب و حکمت کو جو اُس نے

وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

تمہاری نصیحت کے لیے اُتاری ہے ، اور اللہ سے ڈرو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۳۱﴾ ع

اور جان لو کہ اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے ﴿۲۳۱﴾

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

اور جب تم اپنی عورتوں کو طلاق دے دو اور وہ اپنی عِدّت پوری کرلیں

فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ

تو اُن کو نہ روکو کہ وہ اپنے شوہروں سے نکاح کرلیں ،

اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ

جب کہ وہ دستور کے مُطابق آپس میں راضی ہو جائیں ، یہ

يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

نصیحت کی جاتی ہے اُس شخص کو جو تم میں سے اللہ پر اور آخرت کے دن پر

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ

یقین رکھتا ہو، یہ تمہارے لیے زیادہ پاکیزہ اور سُتھرا طریقہ ہے؛

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾

اور اللہ جانتا ہے تم نہیں جانتے ﴿۲۳۲﴾

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ

اور مائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال تک

كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ

دودھ پلائیں اُن لوگوں کے لیے جو پوری مدت تک دودھ پلانا چاہتے ہوں،

وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ

اور جس کا بچّہ ہے اُس کے ذِمّہ ہے اُن ماؤں کا کھانا اور کپڑا

بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ

دستور کے مطابق، کسی کو حکم نہیں دیا جاتا مگر اُس کی برداشت کے مُوافق،

لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ ۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ

نہ کسی ماں کو اُس کے بچّے کے سبب سے تکلیف دی جائے، اور نہ کسی باپ کو

لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۚ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ

اُس کے بچّے کے سبب سے، اور یہی ذِمّہ داری وارث پر بھی ہے،

فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا

پھر اگر دونوں دودھ چھڑانا چاہیں آپس کی رضامندی سے

وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ؕ وَاِنْ

اور مشورہ سے ، تو دونوں پر کوئی گناہ نہیں ، اور اگر

اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ

تم چاہو کہ اپنے بچّوں کو کسی اور سے دودھ پلواؤ تب بھی

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ

تم پر کوئی گناہ نہیں ، بشرطیکہ تم قاعدے کے مطابق وہ ادا کر دو جو

بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ

تم نے اُن کو دینا ٹھہرایا ہے ؛ اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ

اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ

جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس کو دیکھ رہا ہے ﴿۲۳۳﴾ اور

يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا

تم میں سے جو لوگ مَر جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں

يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ

وہ بیویاں اپنے آپ کو چار مہینے دس دن تک انتظار

وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ

میں رکھیں ، پھر جب وہ اپنی مدت کو پہونچیں تو تم پر کوئی

عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ

گناہ نہیں اِس بات کا کہ وہ اپنی ذات کے بارے میں قاعدے کے

بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۳۴﴾

مُوافق کچھ کریں، اور اللہ تمہارے کاموں سے پوری طرح باخبر ہے ﴿۲۳۴﴾

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ

اور کوئی گناہ نہیں تم پر اِس بات میں کہ اُن عورتوں کو پیغام دینے میں

بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ

کوئی بات اشارے میں کہہ دو یا اپنے دل میں

اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ

چھُپائے رکھو، اللہ کو معلوم ہے کہ تم اُن کا تذکرہ ضرور کروگے،

وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ

مگر چھپ کر اُن سے کوئی وعدہ نہ کرو سوائے اِس کے کہ

تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۬ وَلَا تَعْزِمُوْا

تم اُن سے کوئی مناسب بات کہہ دو، اور نکاح کے رشتہ کا ارادہ

عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ

اُس وقت تک پکّا نہ کرو جب تک مُقرّرہ مُدت اپنی انتہا کو

اَجَلَهٗ ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ

نہ پہونچ جائے ، اور جان لو کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ

اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ

تمہارے دلوں میں ہے، پس اُس سے ڈرو اور یاد رکھو کہ

اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ ع ۳۰ ۴ ۱۴

اللہ بہت بخشنے والا ، بڑا بُردبار ہے ﴿۲۳۵﴾ تم پر کوئی پکڑ نہیں

اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ

اگر تم نے عورتوں کو ایسی حالت میں طلاق دی کہ نہ اُن کو تم نے ہاتھ لگایا ہے

تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۖ وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ

اور نہ اُن کے لیے کچھ (مہر) مُقرّر کیا، (البتہ) اُن کو کچھ سامان دے دو،

عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ

وُسعت والے پر اپنی حیثیت کے مطابق ہے اور تنگی والے پر

قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا ۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى

اپنی حیثیت کے مطابق ، ایسا سامان جو مناسب ہو، یہ لازم ہے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۳۶﴾ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ

نیکی کرنے والوں پر ﴿۲۳۶﴾ اور اگر تم اُن کو طلاق دے دو

قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ

قبل اِس کے کہ اُن کو ہاتھ لگاؤ اور تم اُن کے لیے کچھ مہر بھی

لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ

مُقرّر کر چکے تھے تو جتنا مہر تم نے مُقرّر کیا ہے اُس کا آدھا ادا کر دو، (ہاں) یہ بات

اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ

اور ہے کہ وہ معاف کر دیں یا وہ مَرد معاف کر دے جس کے ہاتھ میں

عُقْدَةُ النِّكَاحِ ؕ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ

نکاح کی ذمہ داری ہے، اور یہ کہ تم معاف کردو تو زیادہ قریب ہے

لِلتَّقْوٰى ؕ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ؕ

تقوے سے، اور آپس میں اچھا برتاؤ کرنے میں غفلت مت کرو،

اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۷﴾ حٰفِظُوْا

جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس کو دیکھ رہا ہے ﴿۲۳۷﴾ پابندی کرو

عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۗ

نمازوں کی اور بیچ کی نماز کی (توخصوصی طور پر) ،

وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿۲۳۸﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ

اور کھڑے رہو اللہ کے سامنے عاجز بنے ہوئے ﴿۲۳۸﴾ اگر تم کو (دُشمن کا)

فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ

اندیشہ ہو تو پیدل یا سواری پر (پڑھ لو)، پھر جب مطمئن ہو جاؤ

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا

تو اللہ کو اُس طریقہ پر یاد کرو جو اُس نے تم کو سِکھایا ہے، جس کو تم نہیں

تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ

جانتے تھے ﴿۲۳۹﴾ اور تم میں سے جو لوگ وفات پا جائیں

وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۖ۟ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ

ہے، وہ یہ کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور اُس کے

بِهٖ شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا

ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں، اور ہم میں سے کوئی کسی دوسرے

اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا

کو اللہ کے سوا رب نہ بنائے ، پھر اگر وہ اِس سے منہ موڑ لیں

فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾

تو کہہ دو کہ تم گواہ رہنا کہ ہم فرماں بردار ہیں ﴿۶۴﴾

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْٓ

اے اہلِ کتاب! تم ابراہیم (علیہ السلام) کے بارے میں

اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ

کیوں جھگڑتے ہو؛ حالانکہ تورات اور اِنجیل تو اُس کے

اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۵﴾

بعد ہی اُتری ہیں، کیا تم اِس کو نہیں سمجھتے؟ ﴿۶۵﴾

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ

تم ہی وہ لوگ ہو کہ تم اُس بات کے بارے میں جھگڑ چکے جس

بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ

کا تمہیں کچھ علم تھا، پس اب تم ایسی بات میں کیوں جھگڑتے

لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

ہو جس کا تمہیں کوئی علم نہیں، اور اللہ جانتا ہے جب کہ تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا

نہیں جانتے ﴿٦٦﴾ ابراہیم (علیہ السلام) نہ ہی یہودی تھے اور نہ ہی

وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا

نصرانی؛ بلکہ وہ تو سیدھے راستے پر چلنے والے، فرماں بردار

مُّسْلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٦٧﴾

تھے، اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے ﴿٦٧﴾

اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ

بے شک لوگوں میں زیادہ مناسبت ابراہیم (علیہ السلام) سے اُن لوگوں کو

اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ

ہے جنہوں نے اُن کی پیروی کی اور یہ پیغمبر اور جو (اُن پر) ایمان

وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٨﴾ وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ

لائے، اور اللہ ایمان والوں کا ساتھی ہے ﴿٦٨﴾ اہلِ کتاب میں سے

مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ

ایک گروہ چاہتا ہے کہ کسی طرح تم کو گمراہ کر دے؛ حالانکہ وہ نہیں

وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٦٩﴾

گُمراہ کرتے مگر خود اپنے آپ کو، مگر وہ اِس کا احساس نہیں کرتے ﴿٦٩﴾

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

اے اہلِ کتاب! تم اللہ کی نشانیوں کا کیوں انکار کرتے ہو؛

وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿٧٠﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ

حالانکہ تم گواہ ہو ﴿٧٠﴾ اے اہلِ کتاب!

لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ

تم کیوں صحیح میں غلط کو مِلاتے ہو اور حق کو

الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٧١﴾ ع وَقَالَتْ ع ٨ ١٥

چُھپاتے ہو؛ حالانکہ تم جانتے ہو ﴿٧١﴾ اور اہلِ کتاب

طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْٓ

کے ایک گِروہ نے کہا کہ مسلمانوں پر جو چیز

اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ

اُتاری گئی ہے اُس پر صبح سویرے ایمان لے آؤ

وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝۷۲ ج صلے

اور شام کو اُس کا انکار کر دو، شاید کہ مسلمان بھی اُس سے پھر جائیں ۷۲

وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ۭ قُلْ

اور یقین نہ کرو مگر صرف اُس کا جو چلے تمہارے دین پر، کہہ دیجیے کہ

اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ

ہدایت وہی ہے جو اللہ ہدایت کرے، اور یہ اُسی کی دَین ہے کہ کسی کو

مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَاۗجُّوْكُمْ عِنْدَ

وہی کچھ دے دیا جائے جو تم کو دیا گیا تھا، یا وہ تم سے تمہارے رب

رَبِّكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ

کے یہاں حُجّت کرے، کہہ دیں کہ بڑائی اللہ کے ہاتھ میں ہے، وہ

يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝۷۳ لا

جس کو چاہتا ہے دیتا ہے، اور اللہ بڑا وُسعت والا ہے، عِلم والا ہے ۷۳

يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ

وہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے لیے خاص کر لیتا ہے، اور اللہ

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾ وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

بڑا فضل والا ہے ﴿۷۴﴾ اور اہلِ کتاب میں کوئی ایسا بھی ہے کہ اگر تم

مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ

اُس کے پاس امانت کا ڈھیر رکھو تو وہ اُس کو تمہیں ادا کر دے، اور

وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ

اُن میں کوئی ایسا ہے کہ اگر تم اُس کے پاس ایک دینار امانت رکھ دو تو

اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ۭ ذٰلِكَ

وہ تم کو ادا نہ کرے، مگر یہ کہ تم اُس کے سر پر کھڑے ہو جاؤ، یہ اِس

بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْاُمِّيّٖنَ

سبب سے کہ وہ کہتے ہیں کہ غیر اہلِ کتاب کے بارے میں ہم پر کوئی

سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ

الزام نہیں ، اور وہ اللہ کے اوپر جھوٹ لگاتے ہیں ؛ حالانکہ

وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ

وہ جانتے ہیں ﴿۷۵﴾ پکڑ کیوں نہ ہو، جو شخص اپنے عہد کو پورا کرے

وَ اتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

اور اللہ سے ڈرے تو بے شک اللہ ایسے پرہیزگاروں کو دوست

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ

رکھتا ہے ﴿۷۶﴾ جو لوگ اللہ کے عہد کو اور اپنی قسموں کو

بِعَهْدِ اللّٰهِ وَ اَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا

تھوڑی قیمت پر بیچتے ہیں اُن کے لیے

اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ

آخرت میں کوئی حصّہ نہیں ، اور اللہ نہ

وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ

اُن سے بات کرے گا نہ ہی اُن کی جانب دیکھے گا

اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ص

قیامت کے دن اور نہ اُن کو پاک کرے گا ،

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۷﴾ وَاِنَّ مِنْهُمْ

اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۷۷﴾ اور اُن میں

لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ

کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اپنی زبانوں کو کتاب پڑھتے

لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ

وقت موڑتے ہیں تاکہ تم اُس کو کتاب میں سے سمجھو؛

الْكِتٰبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

حالانکہ وہ کتاب میں سے نہیں، اور وہ کہتے ہیں کہ یہ بھی

وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ

اللہ کی جانب سے ہے؛ حالانکہ وہ اللہ کی جانب سے نہیں،

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۸﴾

اور وہ جان بوجھ کر اللہ پر جھوٹ بولتے ہیں ﴿۷۸﴾

مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ

کسی انسان کا یہ کام نہیں کہ اللہ اُس کو کتاب

وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ

اور حِکمت اور نُبوّت دے، پھر وہ لوگوں سے یہ کہے

كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
کہ تم اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے بن جاؤ ؛

وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ
بلکہ وہ تو کہے گا کہ تم اللہ والے بنو، اِس واسطے کہ

تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ
تم دوسروں کو کتاب کی تعلیم دیتے ہو اور خود بھی اُس کو

تَدْرُسُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا
پڑھتے ہو ﴿٧٩﴾ اور نہ وہ تمہیں یہ حکم دے گا کہ

الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ
تم فرشتوں اور پیغمبروں کو رب بناؤ، کیا وہ تمہیں

بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿٨٠﴾ ع ٨ ٩ ١٦
کُفر کا حکم دے گا بعد اِس کے کہ تم اسلام لا چکے ہو ﴿٨٠﴾

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ
اور جب اللہ نے پیغمبروں سے عہد لیا

لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ

کہ جو کچھ میں نے تم کو کتاب اور حکمت دی، پھر تمہارے پاس

ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ

پیغمبر آئے جو سچا ثابت کرے اُن (پیشین گوئیوں) کو جو

لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ

تمہارے پاس ہیں تو تم اُس پر ایمان لاؤ گے اور اُس کی مدد

ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ؕ

کرو گے، اللہ نے کہا: کیا تم نے اقرار کیا اور اُس پر میرا عہد

قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا

قبول کیا؟ اُنہوں نے کہا: ہم اقرار کرتے ہیں، فرمایا: اب

مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ فَمَنْ

گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں ﴿۸۱﴾ پس

تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

جو شخص اِس کے بعد پھر جائے تو ایسے ہی لوگ

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ

نافرمان ہیں ﴿۸۲﴾ کیا یہ لوگ اللہ کے دین کے سوا کوئی اور دین

يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

چاہتے ہیں؛ حالانکہ اُسی کے حکم میں ہے جو کچھ آسمان اور زمین

وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ

میں ہے، خوشی سے یا ناخوشی سے، اور سب اُسی کی طرف لوٹائے

يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ

جائیں گے ﴿۸۳﴾ (اے نبی) آپ کہہ دیں کہ ہم اللہ پر ایمان

اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ

لائے اور اُس پر جو ہمارے اوپر اُتارا گیا، اور جو اُتارا گیا

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

ابراہیم اور اسماعیل (علیہ السلام) پر، اور اسحاق و یعقوب پر اور

وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى

اولاد یعقوب (علیہم السلام) پر، اور جو دیا گیا موسیٰ اور عیسیٰ (علیہما السلام)

وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ص لَا نُفَرِّقُ

اور دوسرے نبیوں کو اُن کے رب کی طرف سے، ہم اُن

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ز وَنَحْنُ لَهٗ

کے درمیان فرق نہیں کرتے اور ہم اُسی کے فرماں بردار

مُسْلِمُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ

ہیں ﴿۸۴﴾ اور جو شخص اسلام کے سوا کسی دوسرے

الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ج

دین کو چاہے گا تو وہ اُس سے ہرگز قبول نہ کیا جائے گا،

وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾

اور وہ آخرت میں نامُرادوں میں سے ہوگا ﴿۸۵﴾

كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ

اللہ کیوں کر ایسے لوگوں کو ہدایت دے گا جو ایمان لانے

اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ

کے بعد مُنکر ہو گئے؛ حالانکہ وہ گواہی دے چکے کہ یہ رسول

حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاللّٰهُ

برحق ہے اور اُن کے پاس روشن نشانیاں آ چکی ہیں، اور

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٦﴾ اُولٰٓئِكَ

اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿٨٦﴾ ایسے لوگوں کی سزا یہ ہے

جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

کہ اُن پر اللہ کی اور اُس کے فرشتوں کی اور سارے

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٧﴾ۙ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ

انسانوں کی لعنت ہوگی ﴿٨٧﴾ وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے، نہ

لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ

اُن کا عذاب ہلکا کیا جائے گا اور نہ ہی اُن کو مُہلت دی

يُنْظَرُوْنَ ﴿٨٨﴾ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ

جائے گی ﴿٨٨﴾ البتّہ جو لوگ اُس کے بعد توبہ کر لیں اور اپنی

ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۗ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٨٩﴾

اصلاح کر لیں تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے ﴿٨٩﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ

بے شک جو لوگ ایمان لانے کے بعد مُنکر ہو گئے پھر

ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ

کفر میں بڑھتے رہے اُن کی توبہ ہرگز قبول نہ کی

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

جائے گی، اور یہی لوگ گمراہ ہیں ﴿۹۰﴾ بے شک جن

كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ

لوگوں نے انکار کیا اور انکار کی حالت میں مر گئے،

مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا

اگر وہ زمین بھر کر سونا بھی فِدیے میں دیں

وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

تو قبول نہ کیا جائے گا، اور اُن کے لیے دردناک

اَلِيْمٌ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۹۱﴾ ع ۹ ۱۱ ۱۷

عذاب ہے، اور اُن کا کوئی مددگار نہ ہوگا ﴿۹۱﴾

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا

تم ہرگز نیکی کے مرتبے کو نہیں پہونچ سکتے جب تک تم اُن چیزوں

تُحِبُّوْنَ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ

میں سے نہ خرچ کرو جن کو تم محبوب رکھتے ہو، اور جو چیز بھی تم خرچ

اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ

کرو گے اُس سے اللہ باخبر ہے ﴿۹۲﴾ سب کھانے کی چیزیں

حِلًّا لِّبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ

بنی اسرائیل کے لیے حلال تھیں سوائے اُس کے

اِسْرَآءِیْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ

جو اسرائیل نے اپنے اوپر حرام کرلیا تھا قبل اِس کے

تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ

کہ تورات اُترے، (اے نبی) آپ کہہ دیں کہ تورات

فَاتْلُوْهَاۤ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۹۳﴾

لاؤ اور اُس کو پڑھو ، اگر تم سچّے ہو ﴿۹۳﴾

فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ

پس اُس کے بعد بھی جو لوگ اللہ پر جھوٹ

ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ قُلْ

باندھیں وہی ظالم ہیں ﴿۹۴﴾ آپ کہہ دیجیے: اللہ نے تو سچ کہا،

صَدَقَ اللّٰهُ ۗ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ

اب ابراہیم (علیہ السلام) کے دین کی پیروی کرو جو سیدھے راستے پر

حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۵﴾

چلنے والے تھے اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے ﴿۹۵﴾

اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ

بے شک پہلا گھر جو لوگوں کے لیے بنایا گیا وہ وہی ہے جو مکّہ میں

بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۶﴾ ۚ

ہے، برکت والا اور سارے جہاں کے لیے ہدایت کا مرکز ہے ﴿۹۶﴾

فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ ۵

اُس میں کھُلی ہوئی نشانیاں ہیں ، مقامِ ابراہیم ہے ،

وقف جائز یہاں علیہ السلام

وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى

جو اُس میں داخل ہو جائے وہ امن پالے گا، اور لوگوں پر اللہ کا یہ

النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ

حق ہے کہ جو اُس گھر تک پہونچنے کی طاقت رکھتا ہو وہ اُس کا حج

سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ

کرے، اور جو مُنکر ہوا تو اللہ تمام دنیا والوں سے بے نیاز

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

ہے ﴿۹۷﴾ (اے نبی) آپ کہہ دیجیے کہ اے اہلِ کتاب!

تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ

تم کیوں اللہ کی نشانیوں کا انکار کرتے ہو؛ حالانکہ اللہ دیکھ

عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ

رہا ہے جو کچھ تم کرتے ہو ﴿۹۸﴾ آپ کہیے کہ اے اہلِ کتاب!

لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ

تم ایمان لانے والوں کو اللہ کی راہ سے کیوں روکتے ہو،

اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ

تم اُس میں عیب ڈھونڈتے ہو؛ حالانکہ تم گواہ بنائے گئے ہو،

وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۹﴾ يٰٓاَيُّهَا

اور اللہ تمہارے کاموں سے بے خبر نہیں ﴿۹۹﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ

ایمان والو! اگر تم اہلِ کتاب میں سے ایک گروہ کی بات

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ

مان لوگے تو وہ تم کو ایمان لانے کے بعد پھر منکر بنا

اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ

دیں گے ﴿۱۰۰﴾ اور تم کس طرح انکار کرو گے؛

وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ

حالانکہ تم کو اللہ کی آیتیں سنائی جارہی ہیں اور تمہارے درمیان

رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ

اُس کا رسول موجود ہے، اور جو شخص اللہ کو مضبوطی سے پکڑے گا

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ۱۰ ۱

تو وہ پہونچ گیا سیدھی راہ پر ﴿۱۰۱﴾ اے ایمان والو !

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ

اللہ سے ڈرو جیسا کہ اُس سے ڈرنا چاہیے، اور تم کو موت

اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَاعْتَصِمُوْا

نہ آئے مگر اِس حال میں کہ تم مسلم ہو ﴿۱۰۲﴾ اور سب مِل کر

بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ص

اللہ کی رسّی کو مضبوط پکڑ لو اور پھوٹ نہ ڈالو ،

وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ

اور اللہ کا یہ انعام اپنے اوپر یاد رکھو کہ تم ایک دوسرے کے

اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ

دُشمن تھے پھر اُس نے تمہارے دِلوں میں اُلفت ڈال دی، پس

بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ج وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا

تم اُس کے فضل سے بھائی بھائی بن گئے، اور تم آگ کے گڑھے

حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ

کے کنارے کھڑے تھے تو اللہ نے تم کو اُس سے بچالیا، اِس

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ

طرح اللہ تمہارے لیے اپنی نشانیاں بیان کرتا ہے؛ تاکہ تم راہ

تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ

پا جاؤ ﴿۱۰۳﴾ اور ضروری ہے کہ تم میں سے ایک گروہ ایسا ہو

اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

جو نیکی کی طرف بُلائے ، بھلائی کا حکم دے

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

اور بُرائی سے روکے ، اور ایسے ہی لوگ کامیاب ہوں

الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

گے ﴿۱۰۴﴾ اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جانا

تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ

جو فِرقوں میں بٹ گئے اور آپس میں اختلاف کرلیا

الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

بعد اِس کے کہ اُن کے پاس واضح احکام آ چکے تھے، اور اُن کے

عَظِيْمٌ ۙ﴿۱۰۵﴾ يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ

لیے بڑا عذاب ہے ﴿۱۰۵﴾ جس دن کچھ چہرے روشن ہوں گے اور

وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۫

کچھ چہرے کالے ہوں گے، تو جن کے چہرے کالے ہوں گے

اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا

اُن سے کہا جائے گا کہ کیا تم اپنے ایمان کے بعد کافر ہو گئے،

الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَاَمَّا

تو اب چکھو عذاب اپنے کفر کی وجہ سے ﴿۱۰۶﴾ اور جن

الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ

کے چہرے روشن ہوں گے وہ اللہ کی رحمت

اللّٰهِ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ تِلْكَ

میں ہوں گے، وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۰۷﴾ یہ

اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ

اللہ کی آیتیں ہیں جو ہم تم کو حق کے ساتھ سنا رہے ہیں ،

وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

اور اللہ جہان والوں پر ظلم نہیں چاہتا ﴿۱۰۸﴾ اور جو کچھ آسمانوں میں

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کے لیے ہے ، اور

ع ۱۱ ۸ ۲ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾ ع كُنْتُمْ

سارے معاملات اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے ﴿۱۰۹﴾ اب

خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ

تم بہترین گروہ ہو جس کو لوگوں کی بھلائی کے واسطے نکالا گیا ہے ،

بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

تم بھلائی کا حکم دیتے ہو اور بُرائی سے روکتے ہو

وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ

اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو ، اور اگر اہلِ کتاب بھی

الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ

ایمان لاتے تو اُن کے لیے بہتر ہوتا ، اُن میں سے

الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

کچھ ایمان والے ہیں اور اکثر نافرمان ہیں ﴿۱۱۰﴾

لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّاۤ اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ

وہ تمہارا کچھ بگاڑ نہیں سکتے مگر کچھ ستانا، اور اگر وہ تم سے مقابلہ کریں

يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

گے تو تم کو پیٹھ دِکھائیں گے، پھر اُن کو مدد بھی نہ پہونچے گی ﴿۱۱۱﴾

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْۤا

وہ جہاں کہیں بھی پائے جائیں اُن پر ذِلّت کا ٹھپّہ لگا دیا گیا ہے، سوائے اِس کے کہ

اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ

اللہ کی طرف سے کوئی سبب پیدا ہو جائے یا انسانوں کی طرف سے کوئی ذریعہ

النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ

نکل آئے (جو اُن کو سہارا دے)، انجامِ کار وہ اللہ کا غضب لے کر لوٹے ہیں،

وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ

اور اُن پر محتاجی مُسلّط کر دی گئی ہے ، اُس کی

بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

وجہ یہ ہے کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے اور پیغمبروں کو

وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ

ناحق قتل کرتے تھے، (نیز) اُس کی وجہ یہ بھی ہے کہ وہ نافرمانی

ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ق

کرتے تھے اور ساری حدیں پھلانگ جایا کرتے تھے ﴿۱۱۲﴾

لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ

سب اہلِ کتاب ایک جیسے نہیں، اُن میں ایک گروہ عہد پر قائم

قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ

ہے ، وہ راتوں کو اللہ کی آیتیں پڑھتے ہیں

وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

اور سجدہ کرتے ہیں ﴿۱۱۳﴾ وہ اللہ پر

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں اور بھلائی کا

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي

حکم دیتے ہیں اور بُرائی سے روکتے ہیں اور نیک

الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

کاموں کی طرف لپکتے ہیں ، یہ نیک لوگ ہیں ﴿۱۱۴﴾

وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ

اور جو نیکی بھی وہ کریں گے اُس کی ناقدری نہیں کی جائے گی ،

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور اللہ پرہیزگاروں کو خوب جانتا ہے ﴿۱۱۵﴾ بے شک جن لوگوں

كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ

نے انکار کیا تو اللہ کے مقابلے میں اُن کے مال

وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاُولٰٓئِكَ

اور اولاد اُن کے کچھ کام نہ آئیں گے ، اور وہ لوگ

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾

دوزخ والے ہیں وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۱۶﴾

مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ

وہ اِس دنیا کی زندگی میں جو کچھ خرچ کرتے ہیں اُس کی مثال

الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ

اُس طوفانی ہوا کی سی ہے جس میں سخت سردی ہو اور وہ اُن لوگوں

حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ؕ

کی کھیتی پر چلے جنہوں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے، پھر وہ اُس کو

وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ

برباد کر دے، اللہ نے اُن پر ظلم نہیں کیا؛ بلکہ وہ خود اپنی جانوں

يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

پر ظلم کرتے ہیں ﴿۱۱۷﴾ اے ایمان والو !

لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ

اپنے غیر کو اپنا رازدار نہ بناؤ ،

لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ
وہ تمہیں نقصان پہونچانے میں کوئی کمی نہیں کرتے، اُن کو خوشی ہوتی ہے

قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۖۚ
تم جس قدر تکلیف پاؤ، اُن کی عداوت اُن کی زبانوں سے نکلی پڑتی

وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ بَيَّنَّا
ہے، اور جو اُن کے دلوں میں چھپا ہے وہ اِس سے بھی سخت ہے، ہم نے

لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾
تمہارے لیے نشانیاں کھول کر ظاہر کر دی ہیں، اگر تم عقل رکھتے ہو ﴿۱۱۸﴾

هٰۤاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ
تم اُن سے محبّت رکھتے ہو مگر وہ تم سے محبّت نہیں رکھتے؛ حالانکہ تم سب

وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ
آسمانی کتابوں کو مانتے ہو، اور جب وہ تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم

قَالُوْۤا اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ
ایمان لائے، اور جب آپس میں ملتے ہیں تو تم پر غُصّہ سے

الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ؕ قُلْ مُوْتُوْا

اُنگلیاں کاٹتے ہیں ، آپ کہہ دیجیے کہ تم

بِغَيْظِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

اپنے غُصّہ میں مرجاؤ، بے شک اللہ دلوں کی بات کو جانتا

الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾ اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ

ہے ﴿۱۱۹﴾ اگر تم کو کوئی اچھی حالت پیش آتی ہے تو اُن کو رنج

تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا

ہوتا ہے، اور اگر تم پر کوئی مصیبت آتی ہے تو وہ اُس سے خوش

بِهَا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ

ہوتے ہیں، اگر تم صبر کرو اور اللہ سے ڈرو تو اُن کی کوئی تدبیر تم کو

كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

نقصان نہیں پہونچا سکے گی، جو کچھ وہ کر رہے ہیں سب اللہ کے احاطے

مُحِيْطٌ ﴿۱۲۰﴾ ع وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ ع ۱۲ ۱۱ ۳

میں ہے ﴿۱۲۰﴾ وہ وقت یاد کریں جب آپ صبح کے وقت اپنے گھر سے نکل کر

تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ؕ

مسلمانوں کو جنگ کے ٹھکانوں پر جما رہے تھے ،

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ﴿۱۲۱﴾ اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ

اور اللہ سب کچھ سُننے والا ، جاننے والا ہے ﴿۱۲۱﴾ جب تم میں سے دو

مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ؕ

جماعتوں نے ارادہ کیا کہ ہمّت ہار دیں ؛ حالانکہ اللہ اُن دونوں

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

جماعتوں کا مددگار تھا، اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے ﴿۱۲۲﴾

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ

اور اللہ (اِس سے پہلے) تمہاری مدد کر چکا ہے "بدر" میں جب کہ تم

فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ

کمزور تھے، پس اللہ سے ڈرو؛ تاکہ تم شکر گزار رہو ﴿۱۲۳﴾ (وہ وقت بھی یاد

تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ

کریں) جب آپ مسلمانوں سے کہہ رہے تھے کہ کیا تمہارے لیے کافی نہیں

يُمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ

کہ تمہارا رب تین ہزار فرشتے اُتار کر تمہاری

الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا

مدد کرے ﴿۱۲۴﴾ کیوں نہیں ، اگر تم صبر سے کام لو

وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا

اور اللہ سے ڈرو ، اور دُشمن اچانک تم پر آپہونچے تو تمہارا

يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ

پروردگار پانچ ہزار نشان کیے ہوئے فرشتوں کے ذریعہ

الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ ع

تمہاری مدد کرے گا ﴿۱۲۵﴾ اور یہ اللہ نے اِس لیے کیا

اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ

تاکہ تمہارے لیے خوش خبری ہو اور تمہارے دل مطمئن ہو

بِهٖ ۭ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

جائیں ، اور مدد تو صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے

الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱۲۶﴾ لِيَقْطَعَ طَرَفًا

جو زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿۱۲۶﴾ تاکہ اللہ کافروں کے ایک

مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا

حصے کو کاٹ دے یا اُن کو ذلیل کر دے، اِس طرح کہ وہ ناکام

خَآئِبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ

لوٹ جائیں ﴿۱۲۷﴾ تمہارا اِس بات میں کوئی دخل نہیں کہ اللہ

اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ

اُن کی توبہ قبول کرے یا اُن کو عذاب دے؛ کیونکہ وہ ظالم

ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

ہیں ﴿۱۲۸﴾ اور اللہ ہی کے اختیار میں ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے

فِي الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ

اور جو کچھ زمین میں ہے، وہ جس کو چاہے بخش دے اور جس کو

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ ع ۱۳ ۹ ۴

چاہے عذاب دے، اور اللہ بہت بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے ﴿۱۲۹﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا

اے ایمان والو ! سود کئی گنا

اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۠ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ

بڑھا چڑھا کر نہ کھاؤ اور اللہ سے ڈرو ؛ تاکہ تم

تُفْلِحُوْنَ ۚ﴿۱۳۰﴾ وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْٓ

کامیاب ہو ﴿۱۳۰﴾ اور ڈرو اُس آگ سے

اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۚ﴿۱۳۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

جو کافروں کے لیے تیّار کی گئی ہے ﴿۱۳۱﴾ اور اللہ

وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۚ﴿۱۳۲﴾

اور رسول کی اطاعت کرو ؛ تاکہ تم پر رحم کیا جائے ﴿۱۳۲﴾

وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ

اور دوڑو اپنے رب کی بخشش کی طرف اور اُس

وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ

جنّت کی طرف جس کی وُسعت آسمان اور زمین جیسی ہے ،

أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ

وہ تیّار کی گئی ہے اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے ﴿۱۳۳﴾ جو لوگ کہ

فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ

خرچ کرتے ہیں خوش حالی میں اور تنگی میں ، اور جو غصّہ کو پی

وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ

جانے والے ہیں اور لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں ، اور اللہ

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا

نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے ﴿۱۳۴﴾ اور ایسے لوگ کہ جب

فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا

وہ کوئی کھلی بُرائی کر بیٹھیں یا اپنی جان پر کوئی ظلم کر ڈالیں تو وہ اللہ

اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۗ وَمَنْ

کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں ، اور اللہ کے سوا کون

يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۗ وَلَمْ يُصِرُّوْا

ہے جو گناہوں کو معاف کرے ، اور وہ جانتے بوجھتے

عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ اُولٰٓئِكَ

اپنے کیے پر اِصرار نہیں کرتے ﴿۱۳۵﴾ یہ لوگ ہیں کہ اُن کا بدلہ اُن

جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ

کے رب کی طرف سے مغفرت ہے، اور ایسے باغات ہیں جن

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، اُن میں وہ ہمیشہ رہیں گے،

فِيْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ قَدْ

کیسا اچھا بدلہ ہے (نیک) کام کرنے والوں کا ﴿۱۳۶﴾ تم

خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا

سے پہلے بہت سی مثالیں گزر چکی ہیں تو

فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

زمین میں چل پھر کر دیکھو کہ کیا انجام ہوا ہے جُھٹلانے

الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ

والوں کا ﴿۱۳۷﴾ یہ بیان ہے لوگوں کے لیے

وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَلَا تَهِنُوْا

اور ہدایت و نصیحت ہے ڈرنے والوں کے لیے ﴿۱۳۸﴾ ہمّت

وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ

نہ ہارو اور غم نہ کرو ، تم ہی غالب رہوگے اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ

مؤمن ہو ﴿۱۳۹﴾ اگر تم کو کوئی زخم پہونچے تو دُشمن کو بھی

فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ

ویسا ہی زخم پہونچا ہے ، اور ہم اِن دنوں کو لوگوں کے

الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ

درمیان بدلتے رہتے ہیں ؛ تاکہ اللہ ایمان

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ

والوں کو جان لے اور تم میں سے کچھ لوگوں کو گواہ

شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾

بنائے ، اور اللہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا ﴿۱۴۰﴾

وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ

اور تا کہ اللہ ایمان والوں کو چھانٹ لے اور انکار کرنے والوں کو

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا

مٹا دے ﴿۱۴۱﴾ کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ تم جنّت میں داخل ہو جاؤ

الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا

گے؛ حالانکہ ابھی اللہ نے تم میں سے اُن لوگوں کو جانا نہیں جنہوں

مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَقَدْ

نے جہاد کیا اور نہ اُن کو جو ثابت قدم رہنے والے ہیں ﴿۱۴۲﴾ اور تم

كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ

موت کی تمنّا کر رہے تھے اُس سے مِلنے سے پہلے ہی ،

تَلْقَوْهُ ۖ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾ ع ۱۴ ۱۴ ۵

پس اب تو تم نے اُس کو کُھلی آنکھوں سے دیکھ ہی لیا ﴿۱۴۳﴾

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ

(پیارے) محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تو بس ایک رسول ہیں، اُن سے پہلے بھی

مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ

رسول گزر چکے ہیں ، پھر کیا اگر وہ وفات پا جائیں

اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ

یا قتل کر دیے جائیں تو تم اُلٹے پاؤں پھر جاؤ گے ، اور

يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ

جو شخص اُلٹے پاؤں پھر جائے وہ اللہ کا کچھ نہیں بگاڑے گا ،

شَيْـًٔا ؕ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾

اور اللہ شکر کرنے والوں کو بدلہ دے گا ﴿۱۴۴﴾

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ

اور کوئی جان مر نہیں سکتی بغیر اللہ کے حکم کے ،

اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ

اللہ کا لکھا ہوا وعدہ ہے ، اور جو شخص دنیا کا فائدہ چاہتا ہے

الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ

اُس کو ہم دنیا میں سے دے دیتے ہیں ، اور جو آخرت کا فائدہ

الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ؕ وَسَنَجْزِی

چاہتا ہے اُس کو ہم آخرت میں سے دے دیتے ہیں، اور شُکر کرنے والوں کو ہم

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ

اُن کا بدلہ ضرور عطا کریں گے ﴿۱۴۵﴾ اور کتنے نبی ہیں جن کے ساتھ ہو کر بہت سے

مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ

اللہ والوں نے جنگ کی، اللہ کی راہ میں جو مصیبتیں اُن پر پڑیں اُن

اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا

سے وہ نہ پست ہمّت ہوئے اور نہ اُنہوں نے کمزوری دِکھائی اور نہ

وَمَا اسْتَكَانُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾

ہی وہ دَبے، اور اللہ صبر کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے ﴿۱۴۶﴾

وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا

اُن کی زبان سے اِس کے سوا کچھ اور نہ نِکلا کہ اے ہمارے (پیارے) رب!

اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا

ہمارے گناہوں کو بخش دیجیے اور ہمارے کام میں ہم سے جو زیادتی ہوئی اُس کو

وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

معاف فرما دیجیے، اور ہمیں ثابت قدم رکھیے اور کافر قوم کے

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ

مقابلے میں ہماری مدد فرمایئے ﴿۱۴۷﴾ پس اللہ نے اُن کو دنیا کا

الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ

بدلہ بھی دیا اور آخرت کا اچھا بدلہ بھی، اور اللہ نیکی کرنے والوں

ع ۱۵ ۵ ۶ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

کو دوست رکھتا ہے ﴿۱۴۸﴾ اے ایمان والو! اگر تم

اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

مُنکروں کی بات مانو گے تو وہ تم کو اُلٹے پاؤں

يَرُدُّوْكُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا

پھیر دیں گے پھر تم ناکام ہوکر رہ جاؤ

خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ

گے ﴿۱۴۹﴾ بلکہ اللہ تمہارا مددگار ہے اور وہ

خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ

سب سے بہتر مدد کرنے والا ہے ﴿۱۵۰﴾ ہم منکروں کے دِلوں میں

الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ

تمہارا رُعب ڈال دیں گے؛ کیونکہ اُنہوں نے ایسی چیز کو اللہ کا

مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ

شریک ٹھہرایا جس کے حق میں اللہ نے کوئی دلیل نہیں اُتاری، اُن کا

النَّارُ ؕ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾

ٹھکانہ جہنم ہے، اور وہ بہت بُری جگہ ہے ظالموں کے لیے ﴿۱۵۱﴾

وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ

اور اللہ نے تم سے اپنے وعدے کو سچّا کر دِکھایا جب کہ تم اُن کو

تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ

اللہ کے حکم سے قتل کر رہے تھے، یہاں تک کہ جب تم خود کمزور

وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ

پڑ گئے اور تم نے حکم کو ماننے میں اختلاف کیا اور تم کہنے پر نہ چلے

بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ؕ مِنْكُمْ

بعد اِس کے کہ اللہ نے تم کو وہ چیز دِکھادی تھی جو تم چاہتے تھے، تم میں

مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ

سے بعض دنیا چاہتے تھے اور تم میں سے بعض آخرت چاہتے تھے،

الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ

پھر اللہ نے تمہارا رُخ اُن سے پھیر دیا تا کہ تمہاری آزمائش کرے،

وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى

اور اللہ نے تم کو معاف کر دیا، اور اللہ ایمان والوں کے حق میں بڑا

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ

فضل والا ہے ﴿۱۵۲﴾ جب تم چڑھے جا رہے تھے اور پلٹ کر بھی

عَلٰٓى اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ

کسی کو نہ دیکھتے تھے اور رسول تم کو تمہارے پیچھے سے پکار رہے

فَاَثَابَكُمْ غَمًّا ۢ بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى

تھے، پھر اللہ نے تم کو غم پر غم دیا؛ تا کہ تم رنجیدہ نہ ہو اُس چیز پر

مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا

جو تمہارے ہاتھ سے نکل گئی اور نہ اُس مصیبت پر جو تم پر پڑی، اور اللہ باخبر

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ

ہے اُس سے جو کچھ تم کرتے ہو ﴿۱۵۳﴾ پھر اللہ نے تمہارے اوپر غم کے بعد

الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ

اطمینان اُتارا یعنی ایسی اُونگھ کہ اُس کا تم میں سے ایک جماعت پر غلبہ ہو رہا

وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ

تھا اور ایک جماعت وہ تھی کہ اُس کو اپنی جانوں کی فکر پڑی ہوئی تھی، وہ اللہ

بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ

کے بارے میں خلاف حقیقت خیالات، جاہلیّت کے خیالات قائم کر رہے

هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ

تھے، وہ کہتے تھے: کیا ہمارا بھی کچھ اختیار ہے؟ آپ کہہ دیجیے کہ سارا معاملہ

الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

اللہ کے اختیار میں ہے، وہ اپنے دِلوں میں ایسی بات چھپائے ہوئے ہیں

مَّا لَا يُبۡدُوۡنَ لَكَ ؕ يَقُوۡلُوۡنَ لَوۡ كَانَ لَنَا

جو تم پر ظاہر نہیں کرتے، وہ کہتے ہیں کہ اگر اِس معاملہ میں ہمارا

مِنَ الۡاَمۡرِ شَیۡءٌ مَّا قُتِلۡنَا هٰهُنَا ؕ قُلۡ لَّوۡ

بھی کچھ دخل ہوتا تو ہم یہاں نہ مارے جاتے، آپ کہہ دیجیے:

كُنۡتُمۡ فِیۡ بُیُوۡتِكُمۡ لَبَرَزَ الَّذِیۡنَ كُتِبَ

اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے تب بھی جن کا قتل ہونا لکھا جا چکا وہ

عَلَیۡهِمُ الۡقَتۡلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِمۡ ۚ

اپنے قتل کی جگہوں کی طرف نکل پڑتے، یہ اِس لیے ہوا کہ اللہ کو

وَلِیَبۡتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیۡ صُدُوۡرِكُمۡ وَلِیُمَحِّصَ

آزمانا تھا جو کچھ تمہارے سینوں میں ہے اور نکھارنا تھا جو کچھ

مَا فِیۡ قُلُوۡبِكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ

تمہارے دِلوں میں ہے، اور اللہ جانتا ہے سینوں میں چھپی

الصُّدُوۡرِ ﴿۱۵۴﴾ اِنَّ الَّذِیۡنَ تَوَلَّوۡا مِنۡكُمۡ

باتوں کو ﴿۱۵۴﴾ تم میں سے جو لوگ پھر گئے تھے

يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ

اُس دن کہ دونوں گروہوں میں مڈبھیڑ ہوئی اُن کو شیطان نے

الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ

اُن کے بعض اعمال کے سبب سے پھسلا دیا تھا، اللہ نے اُن کو

عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۵۵﴾ ع ۱۶ ۱۷ ۷

معاف کر دیا، بے شک اللہ بخشنے والا، بڑا بُردبار ہے ﴿۱۵۵﴾

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

اے ایمان والو! تم اُن لوگوں کے مانند نہ ہو جانا جنہوں نے انکار

كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا

کیا، وہ اپنے بھائیوں کے بارے میں کہتے ہیں جب کہ وہ سفر پر

فِي الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا

جاتے ہیں یا جہاد میں نکلتے ہیں (اور اُن کو موت آجاتی) کہ اگر وہ

مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا ۚ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ

ہمارے پاس رہتے تو نہ مرتے اور نہ مارے جاتے، تاکہ اللہ اِس کو

حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ

اُن کے دِلوں میں حسرت کا سبب بنادے، اور اللہ ہی زندگی بخشتا ہے

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۵۶﴾ وَلَئِنْ

اور موت دیتا ہے، اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس کو دیکھ رہا ہے ﴿۱۵۶﴾ اور

قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ

اگر تم اللہ کی راہ میں مارے جاؤ یا مَر جاؤ تو اللہ کی مغفرت اور

مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

رحمت اُس سے بہتر ہے جس کو وہ جمع کر رہے ہیں ﴿۱۵۷﴾

وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِ اِلَى اللّٰهِ

اور اگر تم مَر گئے یا مارے گئے بہر حال تم اللہ ہی کے پاس جمع

تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ

کیے جاؤ گے ﴿۱۵۸﴾ یہ اللہ کی بڑی رحمت ہے کہ آپ اُن کے لیے

لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ

نرم ہو ، اگر آپ سخت مزاج اور سخت دِل ہوتے

لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۪ فَاعْفُ عَنْهُمْ

تو یہ لوگ آپ کے پاس سے بھاگ جاتے، پس اُن کو معاف

وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ

کردیں اور اُن کے لیے مغفرت مانگیں اور معاملات میں اُن

فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

سے مشورہ لیں، پھر جب فیصلہ کرلیں تو اللہ پر بھروسہ کریں، بے

يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِنْ يَّنْصُرْكُمُ

شک اللہ اُن سے محبّت کرتا ہے جو اُس پر بھروسہ رکھتے ہیں ﴿۱۵۹﴾

اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ

اگر اللہ تمہارا ساتھ دے تو کوئی تم پر غالب نہیں آسکتا، اور اگر وہ

فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ

تمہارا ساتھ چھوڑ دے تو اُس کے بعد کون ہے جو تمہاری مدد

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۶۰﴾

کرے، اور اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے ایمان والوں کو ﴿۱۶۰﴾

وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ؕ وَمَنْ يَّغْلُلْ

نبی کا یہ کام نہیں کہ وہ کچھ چھپائے رکھے، اور جو کوئی چھپائے گا وہ

يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ

اپنی چھپائی ہوئی چیز کو قیامت کے دن حاضر کرے گا، پھر ہر جان کو

نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾

اُس کے کیے ہوئے کا پورا بدلہ ملے گا اور اُن پر کچھ ظلم نہ ہوگا ﴿۱۶۱﴾

اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ

کیا وہ شخص جو اللہ کی مرضی کا تابع ہے وہ اُس شخص کے مانند ہو جائے

بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ

گا جو اللہ کا غضب لے کر لوٹا اور اُس کا ٹھکانہ جہنم ہے،

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶۲﴾ هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ

اور وہ کیا ہی بُرا ٹھکانہ ہے ﴿۱۶۲﴾ اللہ کے یہاں اُن کے درجے

اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ لَقَدْ

الگ الگ ہوں گے، اور اللہ دیکھ رہا ہے جو وہ کرتے ہیں ﴿۱۶۳﴾

مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ

اللہ نے ایمان والوں پر احسان کیا کہ اُن میں اُنہیں

رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ

میں سے ایک رسول بھیجا، جو اُن کو اللہ کی آیتیں سُناتا ہے

اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ

اور اُن کو پاک کرتا ہے اور اُن کو کتاب

وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ

اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے، ورنہ بے شک وہ اِس سے پہلے

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۶۴﴾ اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ

کُھلی گمراہی میں تھے ﴿۱۶۴﴾ اور جب تم کو ایسی مصیبت پہونچے

مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ

جس کی دوگُنی مصیبت تم پہونچا چکے تھے تو تم نے کہا کہ یہ کہاں

اَنّٰى هٰذَا ؕ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ؕ

سے آگئی؟ آپ کہہ دیجیے کہ یہ تمہارے اپنے پاس ہی سے ہے،

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۶۵﴾ وَمَآ

بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿۱۶۵﴾ اور دونوں جماعتوں کی

اَصَابَكُمْ یَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ

مڈبھیڑ کے دن تم کو جو مصیبت پہونچی وہ اللہ کے حکم سے پہونچی،

اللّٰهِ وَلِیَعْلَمَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۶۶﴾ۙ وَلِیَعْلَمَ

اور اِس واسطے کہ اللہ ایمان والوں کو جان لے ﴿۱۶۶﴾ اور

الَّذِیْنَ نَافَقُوْا ۚۖ وَقِیْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا

اُن کو بھی جان لے جو مُنافق تھے، جن سے کہا گیا کہ آؤ اللہ کی

قَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوْا ؕ قَالُوْا

راہ میں لڑو یا دُشمن کو دفع کرو، اُنہوں نے کہا: اگر ہم

لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ ؕ هُمْ

جانتے کہ جنگ ہونی ہے تو ہم ضرور تمہارے ساتھ چلتے، یہ

لِلْكُفْرِ یَوْمَىٕذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِیْمَانِ ۚ

لوگ اُس دن ایمان کے مقابلے کفر کے زیادہ قریب تھے،

يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ

وہ اپنے منہ سے وہ بات کہتے ہیں جو اُن کے دِلوں میں

قُلُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ ج

نہیں ہے، اور اللہ خوب جانتا ہے جس کو وہ چُھپاتے ہیں ﴿۱۶۷﴾

اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا

یہ لوگ جو خود بیٹھے رہے اپنے بھائیوں کے بارے میں کہتے ہیں

لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ؕ قُلْ فَادْرَءُوْا

کہ اگر وہ ہماری بات مانتے تو مارے نہ جاتے، (اے نبی)

عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ

آپ کہہ دیجیے کہ تم اپنے اوپر ہی سے موت کو ہٹا دو اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا

سچّے ہو ﴿۱۶۸﴾ اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ

جائیں اُن کو مُردہ نہ سمجھو ؛ بلکہ وہ زندہ ہیں

عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَرِحِيْنَ بِمَآ

اپنے رب کے پاس، جہاں اُن کو روزی مِل رہی ہے ﴿۱۶۹﴾ وہ

اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ

خوش ہیں اُس پر جو اللہ نے اپنے فضل سے اُن کو دیا ہے، اور

بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ

خوش خبری لے رہے ہیں کہ جو لوگ اُن کے پیچھے ہیں اور ابھی

خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

وہاں نہیں پہونچے ہیں اُن کے لیے بھی نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ وقف لازم

غمگین ہوں گے ﴿۱۷۰﴾ وہ خوش ہو رہے ہیں اللہ کے انعام

مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ

اور فضل پر، اور اِس پر کہ اللہ ایمان والوں کا

اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ع ۱۷ ۱۶ ۸ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا

اجر ضائع نہیں کرتا ﴿۱۷۱﴾ جن لوگوں نے اللہ

لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ

اور رسول کے حکم کو مانا بعد اُس کے کہ اُن کو زخم

مع الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ

لگ چکا تھا ، اُن میں سے جو نیک اور پرہیزگار ہیں

وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۚ﴿۱۷۲﴾ اَلَّذِيْنَ قَالَ

اُن کے لیے بڑا اجر ہے ﴿۱۷۲﴾ جن سے لوگوں نے کہا کہ دُشمنوں

لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا

نے تمہارے خلاف بڑی طاقت جمع کر لی ہے پس اُن سے ڈرو،

لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ قف

لیکن اِس چیز نے اُن کے ایمان میں اور اِضافہ کر دیا اور اُنہوں

وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾

نے کہا: اللہ ہمارے لیے کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے ﴿۱۷۳﴾

فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ

پس وہ اللہ کی نعمت اور اُس کے فضل کے ساتھ واپس آئے ،

لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ

اُن لوگوں کے ساتھ کوئی بُرائی پیش نہ آئی ، اور وہ اللہ کی

اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۷۴﴾ اِنَّمَا

رضا مندی پر چلے ، اور اللہ بڑا فضل والا ہے ﴿۱۷۴﴾ یہ

ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَآءَهٗ ۪ ص

شیطان ہے جو تم کو اپنے دوستوں سے ڈراتا ہے ،

فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ

تم اُن سے نہ ڈرو بلکہ مجھ سے ڈرو اگر تم مؤمن

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ

ہو ﴿۱۷۵﴾ اور وہ لوگ تمہارے لیے غم کا سبب نہ بنیں جو انکار

يُسَارِعُوْنَ فِى الْكُفْرِ ۚ اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا

کرنے میں آگے بڑھ رہے ہیں، وہ اللہ کو ہرگز کوئی نقصان نہیں

اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ

پہونچا سکیں گے ، اللہ چاہتا ہے کہ اُن کے لیے آخرت میں

لَهُمْ حَظًّا فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

کوئی حصّہ نہ رکھے ، اور اُن کے لیے بڑا عذاب

عَظِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ

ہے ﴿۱۷۶﴾ جن لوگوں نے ایمان کے بدلے کفر کو خریدا ہے

بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۚ وَلَهُمْ

وہ اللہ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتے ، اور اُن کے لیے دردناک عذاب

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ

ہے ﴿۱۷۷﴾ اور جو لوگ کفر کر رہے ہیں یہ خیال نہ کریں کہ ہم جو اُن کو

كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ؕ

مُہلت دے رہے ہیں یہ اُن کے حق میں بہتر ہے، ہم تو بس اِس

اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ

لیے مُہلت دے رہے ہیں کہ وہ جُرم میں اور بڑھ جائیں، اور اُن

عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ

کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب ہے ﴿۱۷۸﴾ اللہ وہ نہیں کہ مسلمانوں

الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى

کو اُس حالت پر چھوڑ دے جس طرح کہ تم اب ہو، جب تک کہ

يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ؕ وَمَا كَانَ

وہ ناپاک کو پاک سے الگ نہ کر لے، اور اللہ یوں نہیں کہ تم کو

اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

غیب سے باخبر کر دے؛ بلکہ اللہ چُن لیتا ہے اپنے رسولوں میں

يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۪ فَاٰمِنُوْا

سے جس کو چاہتا ہے، پس تم ایمان لاؤ اللہ پر اور اُس کے رسولوں

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا

پر، اور اگر تم ایمان لاؤ اور پرہیزگاری اختیار کرو تو تمہارے لیے

فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ

بڑا اجر ہے ﴿۱۷۹﴾ اور جو لوگ کنجوسی کرتے ہیں اُس چیز میں جو اللہ

الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ

نے اُن کو اپنے فضل میں سے دیا ہے وہ ہرگز یہ نہ سمجھیں کہ

فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ

یہ اُن کے حق میں اچھا ہے؛ بلکہ یہ اُن کے حق میں بہت بُرا ہے،

لَّهُمْ ؕ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ

جس چیز میں وہ کنجوسی کر رہے ہیں اُس کا قیامت کے دن

الْقِيٰمَةِ ؕ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ

اُن کو طوق پہنایا جائے گا، اور اللہ ہی کی ہے میراث زمین و

ع ۱۸ ۹ ۹ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾

آسمان کی، اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے باخبر ہے ﴿۱۸۰﴾

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ

اللہ نے اُن لوگوں کی بات سُن لی جنہوں نے کہا کہ

وقف لازم اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ

اللہ محتاج ہے اور ہم مال دار ہیں، ہم لکھ لیں گے اُن کی

مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ

اِس بات کو اور اُن کے پیغمبروں کو ناحق مار ڈالنے کو بھی،

وَّنَقُوۡلُ ذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡحَرِيۡقِ ﴿۱۸۱﴾

اور ہم کہیں گے کہ اب آگ کا عذاب چکھو ﴿۱۸۱﴾

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡكُمۡ وَاَنَّ اللّٰهَ

یہ تمہارے اپنے ہاتھوں کی کمائی ہے، اور اللہ اپنے بندوں کے

لَيۡسَ بِظَلَّامٍ لِّلۡعَبِيۡدِ ﴿۱۸۲﴾ ۚ اَلَّذِيۡنَ

ساتھ ناانصافی کرنے والا نہیں ﴿۱۸۲﴾ جو لوگ کہتے ہیں کہ اللہ ہم

قَالُوۡۤا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيۡنَاۤ اَلَّا نُؤۡمِنَ

سے یہ وعدہ لے چکا ہے کہ ہم کسی رسول کو تسلیم نہ کریں جب تک

لِرَسُوۡلٍ حَتّٰى يَاۡتِيَنَا بِقُرۡبَانٍ تَاۡكُلُهُ

وہ ہمارے سامنے ایسی قربانی پیش نہ کرے جس کو آگ کھا لے،

النَّارُ ؕ قُلۡ قَدۡ جَآءَكُمۡ رُسُلٌ مِّنۡ

اُن سے کہیے کہ مجھ سے پہلے تمہارے پاس کئی رسول آئے کھلی

قَبۡلِىۡ بِالۡبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِىۡ قُلۡتُمۡ فَلِمَ

نشانیاں لے کر اور وہ چیز لے کر جس کو تم کہہ رہے ہو، پھر

قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾

تم نے کیوں اُن کو مار ڈالا ، اگر تم سچّے ہو ﴿۱۸۳﴾

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ

پس اگر یہ آپ کو جھٹلاتے ہیں تو آپ سے پہلے بھی بہت سے

قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ

رسول جھٹلائے جا چکے ہیں جو کُھلی نشانیاں اور صحیفے اور روشن

الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ

کتاب لے کر آئے تھے ﴿۱۸۴﴾ ہر شخص کو موت کا مزہ چکھنا ہے،

وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

اور تم کو پورا پورا اجر تو بس قیامت کے دن مِلے گا،

فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ

پس جو شخص آگ سے بچالیا جائے اور جنّت میں داخل

فَقَدْ فَازَ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا

کیا جائے وہی کامیاب رہا ، اور دنیا کی زندگی تو بس

مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾ لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ

دھوکے کا سودا ہے ﴿۱۸۵﴾ یقیناً تم اپنی جان اور مال

وَاَنْفُسِكُمْ ۫ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ

میں آزمائے جاؤ گے ، اور تم بہت سی تکلیف دینے والی

اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ

باتیں سُنو گے اُن سے جن کو تم سے پہلے کتاب مِلی اور

الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ۭ وَاِنْ

اُن سے بھی جنہوں نے شرک کیا ، اور اگر تم

تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ

صبر کرو اور تقویٰ اختیار کرو تو یہ بڑے حوصلے کا کام

الْاُمُوْرِ ﴿۱۸۶﴾ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ

ہے ﴿۱۸۶﴾ اور جب اللہ نے اہلِ کتاب سے عہد لیا کہ تم اللہ

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ

کی کتاب کو پوری طرح لوگوں کے لیے ظاہر کرو گے

وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ

اور اُس کو نہیں چھپاؤ گے، مگر اُنہوں نے اُس کو پیٹھ کے پیچھے ڈال

وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ فَبِئْسَ

دیا اور اُس کو تھوڑی سی قیمت پر بیچ ڈالا، کیسی بُری ہے وہ چیز جس

مَا يَشْتَرُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ

کو وہ خرید رہے ہیں ﴿۱۸۷﴾ جو لوگ اپنے کرتوتوں پر

يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ

خوش ہیں اور چاہتے ہیں کہ جو کام اُنہوں نے نہیں کیے

يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ

اُس پر اُن کی تعریف کی جائے ، اُن کو

بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

عذاب سے بَری نہ سمجھو ، اُن کے لیے دردناک عذاب

اَلِيْمٌ ﴿۱۸۸﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

ہے ﴿۱۸۸﴾ اور اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۸۹﴾ ع

اور زمین کی بادشاہت ، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿۱۸۹﴾

اِنَّ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں اور رات

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى

دن کے باری باری آنے میں عقل والوں کے لیے بہت

الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾ صلے الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ

نشانیاں ہیں ﴿۱۹۰﴾ جو اللہ کو یاد کرتے ہیں کھڑے

اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ

اور بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر ، اور آسمانوں اور

وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ

زمین کی پیدائش میں غور کرتے رہتے ہیں ، (وہ کہہ اُٹھتے ہیں

وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ

کہ) اے ہمارے رب ! آپ نے یہ سب بلا وجہ نہیں بنایا ،

سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَآ

آپ پاک ہیں، پس ہم کو آگ کے عذاب سے بچا لیجیے ﴿۱۹۱﴾ اے ہمارے

اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ

پروردگار! آپ نے جس کو آگ میں ڈالا اُس کو آپ نے واقعی رُسوا کر دیا،

وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا

اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ﴿۱۹۲﴾ اے ہمارے (پیارے) رب! ہم نے

سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ

ایک پکارنے والے کو سُنا جو ایمان کی طرف بُلا رہا تھا کہ اپنے رب پر ایمان

اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۟ قف رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

لے آؤ، پس ہم ایمان لے آئے، اے ہمارے رب! ہمارے گناہوں کو

ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا

بخش دیجیے اور ہماری بُرائیوں کو ہم سے دور کر دیجیے اور ہمارا خاتمہ نیک

مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ ج رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا

لوگوں کے ساتھ فرمایئے ﴿۱۹۳﴾ اے ہمارے رب! آپ نے جو وعدے اپنے

عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

رسولوں کے ذریعے ہم سے کیے ہیں اُن کو ہمارے ساتھ پورا فرمایئے اور قیامت کے دن

اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ فَاسْتَجَابَ

ہمیں رُسوائی میں نہ ڈالیے، بے شک آپ وعدے کے خلاف کرنے والے نہیں ہیں ﴿۱۹۴﴾

لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ

پس اُن کے رب نے اُن کی دُعا قبول فرمائی کہ میں تم میں سے

مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ

کسی کا عمل ضائع کرنے والا نہیں ہوں، چاہے وہ مَرد ہو یا عورت، تم

مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا

سب ایک دوسرے سے ہو، پس جن لوگوں نے ہجرت کی

وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ

اور جو اپنے گھروں سے نِکالے گئے اور میری راہ میں ستائے

سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ

گئے اور وہ لڑے اور مارے گئے میں اُن کی خطائیں

عَنۡهُمۡ سَيِّاٰتِهِمۡ وَلَاُدۡخِلَنَّهُمۡ جَنّٰتٍ

ضرور اُن سے دور کردوں گا اور اُن کو ایسے باغات میں

تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ۚ ثَوَابًا

داخل کروں گا جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی ،

مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عِنۡدَهٗ حُسۡنُ

یہ اُن کا بدلہ ہے اللہ کے یہاں ، اور بہترین بدلہ اللہ ہی کے

الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيۡنَ

پاس ہے ﴿۱۹۵﴾ اور مُلک کے اندر مُنکروں کی سرگرمیاں

كَفَرُوۡا فِى الۡبِلَادِ ﴿۱۹۶﴾ؕ مَتَاعٌ قَلِيۡلٌ ۖ ثُمَّ

تم کو دھوکے میں نہ ڈالیں ﴿۱۹۶﴾ یہ تھوڑا سا فائدہ ہے ،

مَاۡوٰىهُمۡ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئۡسَ الۡمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾

پھر اُن کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ کیسا بُرا ٹھکانہ ہے ﴿۱۹۷﴾

لٰكِنِ الَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا رَبَّهُمۡ لَهُمۡ جَنّٰتٌ

البتہ جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے ہیں اُن کے لیے ایسے

تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ

باغات ہوں گے جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، وہ اُس میں

فِیْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنْدَ

ہمیشہ رہیں گے، یہ اللہ کی طرف سے اُن کی میزبانی ہوگی، اور جو کچھ اللہ

اللّٰهِ خَیْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾ وَاِنَّ مِنْ اَهْلِ

کے پاس ہے نیک لوگوں کے لیے وہی سب سے بہتر ہے ﴿۱۹۸﴾ اور اہلِ

الثلثة

الْكِتٰبِ لَمَنْ یُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ

کتاب میں کچھ ایسے بھی ہیں جو اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور اُس کتاب کو

اِلَیْكُمْ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْهِمْ خٰشِعِیْنَ

مانتے ہیں جو تمہاری طرف بھیجی گئی اور اس کتاب کو بھی جو خود اُن کی

لِلّٰهِ ۙ لَا یَشْتَرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا

طرف بھیجی گئی تھی، وہ اللہ کے آگے جُھکے ہوئے ہیں، اور وہ اللہ کی آیتوں

قَلِیْلًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ

کو تھوڑی قیمت پر بیچ نہیں دیتے، یہی وہ لوگ ہیں کہ اُن کا اجر

رَبِّهِمْ ط اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾

اُن کے رب کے پاس ہے، اور بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے ﴿۱۹۹﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا

اے ایمان والو ! صبر کرو اور مقابلہ میں مضبوط رہو

وَرَابِطُوْا قف وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ

اور لگے رہو، اور اللہ سے ڈرو ، امید ہے کہ تم کامیاب

تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾ ع ۲۰ ع ۱۱ ۱۱

ہوجاؤ گے ﴿۲۰۰﴾

سورۂ نساء مدینہ منورہ میں نازل ہوئی اور اِس میں (۱۷۶) آیات اور (۲۴) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۹۲) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۴) نمبر پر ہے اور سورۂ ممتحنہ کے بعد نازل ہوئی۔

| اس میں (۳۰۴۵) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۶۰۳۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ

اے لوگو ! اپنے رب سے ڈرو جس نے تم کو

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ

ایک جان سے پیدا کیا اور اُسی سے اُس کا جوڑا

مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا

پیدا کیا اور اُن دونوں سے بہت سے مَرد اور عورتیں پھیلا

كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ

دیں، اور اللہ سے ڈرو جس کے واسطے سے تم ایک دوسرے سے

تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

سوال کرتے ہو، اور خبردار رہو قرابت داروں کے بارے میں،

كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ۝۱ وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى

بے شک اللہ تمہاری نگرانی کر رہا ہے ۝۱ اور یتیموں کا مال اُن

اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ

کے حوالے کردو ، اور بُرے مال کو اچھّے مال سے

بِالطَّيِّبِ ۪ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى

نہ بدلو اور اُن کے مال اپنے مال کے ساتھ مِلا کر

اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ۝۲ وَاِنْ

نہ کھاؤ ، یقیناً یہ بہت بڑا گناہ ہے ۝۲ اور اگر

خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا

تم کو اندیشہ ہو کہ تم انصاف نہ کر سکو گے یتیموں کے معاملہ میں تو

مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى

عورتوں میں سے جو تم کو پسند ہوں اُن میں سے دو دو، تین تین،

وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا

چار چار تک نکاح کر لو، اور اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ تم انصاف نہ کر

فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ

سکو گے تو ایک ہی نکاح کر دیا جو باندی تمہاری ملکیت میں ہو،

اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ۝۳ ؕ وَاٰتُوا النِّسَآءَ

اِس میں اُمید ہے کہ تم انصاف سے نہ ہٹو گے ۝۳ اور عورتوں کو

صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ

اُن کا مہر خوش دلی کے ساتھ ادا کرو، پھر اگر وہ اُس میں سے کچھ

عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا

تمہارے لیے چھوڑ دیں اپنی خوشی سے تو تم اُس کو ہنسی

مَّرِيْٓـًٔا ﴿۴﴾ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ

خوشی کھاؤ ﴿۴﴾ اور نادانوں کو اپنا وہ مال نہ دو جس کو

الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ

اللہ نے تمہارے لیے قیام کا ذریعہ بنایا ہے ، اور اُس

فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا

مال میں سے اُن کو کھلاؤ اور پہناؤ اور اُن سے بھلائی کی بات

مَّعْرُوْفًا ﴿۵﴾ وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰٓى اِذَا

کہو ﴿۵﴾ اور یتیموں کو جانچتے رہو یہاں تک کہ جب وہ نکاح کی

بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا

عمر کو پہونچ جائیں تو اگر اُن میں ہوشیاری دیکھو تو اُن کا مال اُن

فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ

کے حوالے کردو ، اور اُن کا مال فضول خرچی کرتے ہوئے

اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا ۭ وَمَنْ

اور اِس خیال سے کہ وہ بڑے ہو جائیں گے نہ کھا جاؤ ، اور جو

كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ

مال دار ہو وہ (یتیم کے مال سے) پرہیز کرے، اور جو شخص

فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ فَاِذَا

محتاج ہو وہ مناسب طریقے پر اُس میں سے کھائے، پھر جب

دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا

تم اُن کا مال اُن کے حوالے کردو تو اُن پر گواہ ٹھہرا

عَلَيْهِمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝۶

لو، اور اللہ حساب لینے کے لیے کافی ہے ۝۶

لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ

مَردوں کا بھی حصّہ ہے ماں باپ اور رشتے داروں کے

وَالْاَقْرَبُوْنَ ۪ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

تَرکے میں سے، اور عورتوں کا بھی ماں باپ اور

تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ

رشتے داروں کے تَرکے میں سے حصّہ ہے، تھوڑا ہو

مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ؕ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝۷

یا زیادہ ہو ، ایک مُقرّر کیا ہوا حصّہ ۝۷

وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى

اور اگر (میراث کی) تقسیم کے وقت رشتہ دار

وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ

اور یتیم اور محتاج موجود ہوں تو اُس میں سے اُن کو بھی

مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝۸

کچھ دے دو اور اُن سے ہمدردی کی بات کہو ۝۸

وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ

اور ایسے لوگوں کو ڈرنا چاہیے کہ اگر وہ اپنے پیچھے کمزور

ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۪ فَلْيَتَّقُوا

بچّے چھوڑ جاتے تو اُنہیں اُن کی بہت فکر رہتی ، پس اُن کو

اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝۹ اِنَّ

چاہیے کہ اللہ سے ڈریں اور پکّی بات کہیں ۝۹ جو لوگ

الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا

یتیموں کا مال ناحق طریقے پر کھاتے ہیں وہ لوگ

اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ؕ

اپنے پیٹ میں آگ بھر رہے ہیں ، اور وہ بہت جلد

ع ۱۰ ۱۲ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ﴿۱۰﴾ ع يُوْصِيْكُمُ

بھڑکتی ہوئی آگ میں پہونچ جائیں گے ﴿۱۰﴾ اللہ تم کو تمہاری اولاد

اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۗ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ

کے بارے میں حکم دیتا ہے کہ مرد کا حصّہ دو عورتوں کے برابر ہے،

الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ

پھر اگر عورتیں دو سے زائد ہیں تو اُن کے لیے دو تہائی ہے اُس مال

فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ

سے جو میّت چھوڑ گیا ہے، اور اگر وہ اکیلی ہے تو اُس کے لیے آدھا

وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ؕ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ

ہے، اور میّت کے ماں باپ کو دونوں میں سے ہر ایک کے لیے

وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ

چھٹا حصّہ ہے اُس مال کا جو وہ چھوڑ گیا ہے اُس وقت جب کہ میّت کی اولاد

اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ

بھی ہو ، اور اگر میّت کی اولاد نہ ہو اور اُس کے ماں باپ

وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ

اُس کے وارث ہوں تو اُس کی ماں کا (حصّہ) تہائی ہے، اور اگر اُس کے

فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ

بھائی ہوں تو اُس کی ماں کے لیے چھٹا حصّہ ہے، یہ حصّے وصیّت پوری کرنے

مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ

کے یا قرض ادا کرنے کے بعد ہیں جو میّت کر جاتا ہے، تمہارے باپ ہوں

اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ ۚ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ

یا تمہارے بیٹے ہوں ، تم نہیں جانتے کہ اُن میں کون تمہارے لیے

اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ

زیادہ فائدہ مند ہے، یہ اللہ کی جانب سے ٹھہرائے ہوئے حصّے ہیں،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۱﴾ وَلَكُمْ

بے شک اللہ علم والا، حکمت والا ہے ﴿۱۱﴾ اور تمہارے لیے اُس مال کا

نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ

آدھا حصّہ ہے جو تمہاری بیویاں چھوڑیں اُس وقت جب کہ اُن کی

لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ

اولاد نہ ہوں، اور اگر اُن کی اولاد ہو تو تمہارے لیے بیویوں کے

الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

تَرکے کا چوتھائی حصّہ ہے وصیّت پوری کرنے کے بعد جس کی وہ

يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ

وصیّت کر جائیں یا قرض ادا کرنے کے بعد، اور اُن بیویوں کے

مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ

لیے چوتھائی ہے تمہارے تَرکے کا اگر تمہاری اولاد نہیں ہے،

فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ

اور اگر تمہاری اولاد ہے تو اُن کے لیے آٹھواں حصّہ ہے

مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ

تمہارے ترکے کا اُس وصیّت کے پورا کرنے کے بعد جسے تم کر جاؤ یا

بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ

قرض ادا کرنے کے بعد، اور اگر کوئی میّت مرد یا عورت ایسا ہو کہ اُس

كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗۤ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ

کے نہ اوپر والے رشتہ دار ہوں نہ نیچے والے اور اُس کا ایک بھائی یا ایک

وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْۤا

بہن ہو تو دونوں میں سے ہر ایک کے لیے چھٹا حصّہ ہے، اور اگر وہ اُس

اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِى الثُّلُثِ

سے زائد ہوں تو وہ ایک تہائی میں شریک ہوں گے وصیّت پوری کرنے

مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ

کے بعد جس کی وصیّت کی گئی ہو یا قرض ادا کرنے کے بعد،

غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

بغیر کسی کو نقصان پہونچائے، یہ حکم اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ

عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ

جاننے والا، بُردبار ہے ﴿۱۲﴾ یہ اللہ کی مُقرّر کی ہوئی حدیں ہیں، اور جو شخص

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ

اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرے گا اللہ اُس کو ایسے باغات میں داخل

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

کرے گا جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، اُن میں وہ ہمیشہ رہیں گے،

فِيْهَا وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ

اور یہی بڑی کامیابی ہے ﴿۱۳﴾ اور جو شخص اللہ اور اُس کے رسول کی نافرمانی

يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ

کرے گا اور اُس کے مُقرّر کیے ہوئے ضابطوں سے باہر نکل جائے گا،

يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۪ وَلَهٗ عَذَابٌ

وہ اُس کو آگ میں داخل کرے گا جس میں وہ ہمیشہ رہے گا، اور اُس کے

مُّهِيْنٌ ﴿۱۴﴾ ع وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ ع ۲ ۴ ۱۳

لیے ذِلّت والا عذاب ہے ﴿۱۴﴾ اور تمہاری عورتوں میں سے جو کوئی

نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً

بدکاری کرے تو اُن پر اپنوں میں سے چار مَرد گواہ کرو،

مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي

پھر اگر وہ گواہی دے دیں تو اُن عورتوں کو گھروں کے اندر بند

الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ

رکھو یہاں تک کہ اُن کو موت آجائے یا اللہ اُن کے لیے کوئی راہ

يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿۱۵﴾ وَالَّذٰنِ

نِکال دے ﴿۱۵﴾ اور تم میں سے جو دو مَرد وہی بدکاری کریں تو اُن کو

يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا

اذِیّت پہونچاؤ، پھر اگر وہ دونوں توبہ کریں اور اپنی اصلاح

وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

کرلیں تو اُن کا خیال چھوڑ دو، بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا،

تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۱۶﴾ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ

مہربان ہے ﴿۱۶﴾ توبہ جن کی قبول کرنا اللہ کے ذمّے ہے

لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ

وہ اُن لوگوں کی ہے جو بُری حرکت نادانی سے کر بیٹھتے ہیں

ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ

پھر جلد ہی توبہ کرلیتے ہیں ، وہی ہیں جن کی توبہ

يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا

اللہ قبول کرتا ہے ، اور اللہ جاننے والا ، حکمت والا

حَكِيْمًا ﴿۱۷﴾ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ

ہے ﴿۱۷﴾ اور ایسے لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہے جو برابر

يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ

گناہ کرتے رہیں ، یہاں تک کہ جب اُن میں سے کسی

اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ تُبْتُ

کی موت کا وقت آجائے تب وہ کہے: اب میں توبہ کرتا ہوں، اور

الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ

نہ اُن لوگوں کی توبہ (قابلِ قبول ہے) جو اِس حال میں مَرتے

كُفَّارٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا

ہیں کہ وہ کافر ہیں، اُن کے لیے تو ہم نے دردناک عذاب تیّار کر

اَلِيْمًا ﴿۱۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ

رکھا ہے ﴿۱۸﴾ اے ایمان والو! تمہارے لیے جائز نہیں

لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ؕ

کہ تم عورتوں کو زبردستی اپنی میراث میں لے لو، اور نہ اُن کو

وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ

اِس غرض سے روکے رکھو کہ تم نے جو کچھ اُن کو دیا ہے اُس کا

مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ

کچھ حصّہ اُن سے لے لو مگر اِس صورت میں کہ وہ کھُلی ہوئی

بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ

بے حیائی کریں، اور اُن کے ساتھ اچھی طرح گزر بسر

بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى

کرو، اگر وہ تم کو ناپسند ہوں تو ہوسکتا ہے کہ

اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ

ایک چیز تم کو پسند نہ ہو مگر اللہ نے اُس میں تمہارے لیے

فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۹﴾ وَاِنْ اَرَدْتُّمُ

بہت بڑی بھلائی رکھ دی ہو ﴿۱۹﴾ اور اگر تم ایک بیوی کی جگہ

اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ

بدل کر دوسری بیوی لانا چاہو اور تم اُن میں سے کسی

اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا

ایک کو بہت سامال دے چکے ہو تو تم اُس میں سے کچھ

مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا

واپس نہ لو، کیا تم اُس پر جھوٹا الزام لگا کر اور کھلا ظلم کر کے

وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾ وَكَيْفَ تَاْخُذُوْنَهٗ

واپس لوگے ﴿۲۰﴾ اور تم کس طرح اُس کو لو گے جب کہ

وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ

تم میں سے ہر ایک دوسرے سے تنہائی میں مِل چکا ہے

وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۲۱﴾

اور وہ تم سے پکّا وعدہ لے چکی ہیں ﴿۲۱﴾

وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ

اور اُن عورتوں سے نکاح مت کرو جن سے تمہارے

النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

باپ نکاح کرچکے ہیں مگر جو پہلے ہوچکا، بے شک یہ

فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۲۲﴾ ع ۳ ۸ ۱۴

بے حیائی اور نفرت کی بات ہے اور بہت بُرا طریقہ ہے ﴿۲۲﴾

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ

تمہارے اوپر حرام کی گئیں تمہاری مائیں، تمہاری بیٹیاں، تمہاری

وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ

بہنیں، تمہاری پھوپھیاں، تمہاری خالائیں، تمہاری بھتیجیاں اور

الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ

بھانجیاں اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا،

وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَآىِٕكُمْ

تمہاری دودھ شریک بہنیں، تمہاری بیویوں کی مائیں

وَرَبَآىِٕبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآىِٕكُمُ

اور اُن کی بیٹیاں جو تمہاری پرورش میں ہیں جو تمہاری

الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ز فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا

اُن بیویوں سے ہوں جن سے تم نے صُحبت کی ہے ،

دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ ز

لیکن اگر ابھی تم نے اُن سے صُحبت نہ کی ہو تو تم پر کوئی

وَحَلَآىِٕلُ اَبْنَآىِٕكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ لا

گناہ نہیں ، اور تمہارے حقیقی بیٹوں کی بیویاں ، اور یہ کہ

وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ

تم اکٹھا کرو دو بہنوں کو ، مگر جو پہلے ہو چکا ،

سَلَفَ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۳﴾ لا

بے شک اللہ بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿۲۳﴾

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ

اور وہ عورتیں بھی حرام ہیں جو کسی اور کے نکاح میں ہوں مگر یہ کہ وہ

اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ

جنگ میں تمہارے ہاتھ آئیں، یہ اللہ کا حکم ہے تمہارے اوپر، اِن

لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا

کے علاوہ جو عورتیں ہیں وہ سب تمہارے لیے حلال ہیں بشرطیکہ تم

بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ؕ

اپنے مال کے ذریعے اُن کے طالب بنو اُن سے نکاح کر کے نہ کے

فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ

بدکاری کی نیت سے، پھر اُن عورتوں میں سے جن سے تم نے فائدہ

اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

اُٹھایا اُن کو اُن کا طے شُدہ مہر دے دو، اور مہر کے ٹھہرانے کے بعد

فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ؕ

جس پر تم آپس میں راضی ہو گئے ہو تو اُس میں کوئی گناہ نہیں،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾ وَمَنْ

بے شک اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے ﴿۲۴﴾ اور تم میں سے جو شخص

لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ

طاقت نہ رکھتا ہو کہ (آزاد) مسلمان عورتوں سے نکاح کر سکے تو

الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ

اُس کو چاہیے کہ وہ نکاح کر لے تمہاری اُن باندیوں میں سے کسی

اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ

کے ساتھ جو تمہارے قبضے میں ہوں اور مؤمنہ ہوں، اللہ تمہارے

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ؕ بَعْضُكُمْ مِّنْ ۢ

ایمان کو خوب جانتا ہے، تم آپس میں ایک ہو، پس اُن کے مالکوں

بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ

کی اجازت سے اُن سے نکاح کر لو اور مناسب طریقے پر

وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ

اُن کے مہر ادا کر دو، اِس طرح کہ اُن سے نکاح کیا جائے

غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ

نہ کہ بدکاری کریں اور نہ چوری چھپے دوستی کریں ، پھر جب وہ

فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ

رشتۂ نکاح میں آجائیں اور اُس کے بعد وہ کوئی بدکاری کریں تو

فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ

آزاد عورتوں کے لیے جو سزا ہے اُس کی آدھی سزا اُن پر ہے، یہ

مِنَ الْعَذَابِ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ

اُس کے لیے ہے جو تم میں سے بدکاری کا اندیشہ رکھتا ہو، اور اگر

مِنْكُمْ ؕ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ

تم صبر سے کام لو تو یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے، اور اللہ بخشنے

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۵﴾ يُرِيْدُ اللّٰهُ ع ۴ ۱۳ ۱

والا، رحم کرنے والا ہے ﴿۲۵﴾ اللہ چاہتا ہے کہ تمہارے لیے بیان

لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ

کرے اور تمہیں اُن لوگوں کے طریقوں کی ہدایت دے

مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں اور تم پر توجہ کرے، اللہ جاننے والا،

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶﴾ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ

حکمت والا ہے ﴿۲۶﴾ اور اللہ چاہتا ہے کہ تمہارے اوپر توجہ

عَلَيْكُمْ ۚ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ

کرے، اور جو لوگ اپنی خواہشات کی پیروی کر رہے ہیں وہ

الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ﴿۲۷﴾

چاہتے ہیں کہ تم سیدھے راستے سے بہت دور نکل جاؤ ﴿۲۷﴾

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ

اللہ چاہتا ہے کہ تم سے بوجھ کو ہلکا کردے، اور

الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ﴿۲۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

انسان کمزور بنایا گیا ہے ﴿۲۸﴾ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ

آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق طور پر

بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ

نہ کھاؤ ، مگر یہ کہ تجارت ہو آپس کی خوشی سے،

تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۣ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ

اور خون نہ کرو آپس میں ، بے شک اللہ

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۲۹﴾ وَمَنْ

تمہارے اوپر بڑا مہربان ہے ﴿۲۹﴾ اور جو شخص

يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ

نافرمانی اور ظلم سے ایسا کرے گا اُس کو ہم

نُصْلِيْهِ نَارًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ

ضرور آگ میں ڈالیں گے ، اور یہ اللہ کے لیے آسان

يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾ اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَاۗىِٕرَ

ہے ﴿۳۰﴾ اگر تم اُن بڑے گناہوں سے بچتے رہے جن

مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ

سے تمہیں روکا گیا ہے تو ہم تمہاری چھوٹی بُرائیوں کو

سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾

معاف کردیں گے اور تم کو عزّت کی جگہ داخل کریں گے ﴿۳۱﴾

وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ

اور تم اُس چیز کی تمنّا نہ کرو جس میں اللہ نے تم میں سے

عَلٰى بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

ایک کو دوسرے پر بڑائی دی ہے ، مَردوں کے لیے

اكْتَسَبُوْا ؕ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

ایک حصّہ ہے اپنی کمائی کا اور عورتوں کے لیے ایک

اكْتَسَبْنَ ؕ وَسْـَٔلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ

حصّہ ہے اپنی کمائی کا ، اور اللہ سے اُس کا فضل مانگو ،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۳۲﴾

بے شک اللہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے ﴿۳۲﴾

وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ

اور ہم نے والدین اور رشتہ داروں کے چھوڑے ہوئے مال میں

وَالْاَقْرَبُوْنَ ؕ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ

ہر ایک کے لیے وارث ٹھہرا دیے ہیں، اور جن سے تم نے عہد

فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى

باندھ رکھا ہو تو اُن کو اُن کا حصّہ دے دو، بے شک اللہ کے

كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ ع ۵ ۸ ۲

سامنے ہے ہر چیز ﴿۳۳﴾ مرد عورتوں پر نگران ہیں، اِس بنا پر کہ

عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ

اللہ نے ایک کو دوسرے پر بڑائی دی ہے اور اس وجہ سے

عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ

کہ مرد نے اپنے مال خرچ کیے، پس جو نیک عورتیں ہیں

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ

وہ فرماں برداری کرنے والی، پیٹھ پیچھے (شوہر کے حقوق کا)

بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ

خیال رکھتی ہیں اللہ کی حفاظت سے، اور جن عورتوں کی نافرمانی کا

نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ

تم کو اندیشہ ہو تو اُن کو سمجھاؤ اور اُن کو اُن کے بستروں میں تنہا

فِی الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ

چھوڑ دو اور اُن کو (ہلکی) سزا دو، پھر اگر وہ تمہاری فرماں برداری

اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ

کریں تو اُن کے خلاف الزام کی راہ تلاش نہ کرو، بے شک اللہ

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ وَاِنْ

سب سے بلند ہے، بہت بڑا ہے ﴿۳۴﴾ اور اگر تمہیں میاں بیوی کے درمیان

خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا

تعلّقات کے بگڑنے کا اندیشہ ہو تو ایک فیصلہ کرنے والا مرد کے رشتے داروں میں سے

مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ

کھڑا کرو اور ایک فیصلہ کرنے والا عورت کے رشتہ داروں میں سے، اگر دونوں

يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ

مُعاملات درست کرنا چاہیں گے تو اللہ اُن کے درمیان مُوافقت پیدا کر دے گا،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿۳۵﴾ وَاعْبُدُوا

بے شک اللہ سب کچھ جاننے والا، باخبر ہے ﴿۳۵﴾ اور

اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ

اللہ کی عبادت کرو اور کسی چیز کو اُس کا شریک نہ بناؤ، اور ماں

اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

باپ کے ساتھ اچھا سُلوک کرو اور رشتے داروں کے ساتھ اور

وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ

یتیموں اور محتاجوں اور رشتے دار پڑوسی اور اجنبی پڑوسی

الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ

اور ساتھ اُٹھنے بیٹھنے والے اور مسافر کے

السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ

ساتھ اور جن کے تم مالک ہو (اُن کے ساتھ)،

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا

بے شک اللہ پسند نہیں کرتا اِترانے والے ،

فَخُوْرَا ۙ﴿۳۶﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ

بڑائی جتانے والے کو ﴿۳۶﴾ جو کہ خود کنجوسی کرتے ہیں اور لوگوں کو

النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ

بھی کنجوسی کا حکم دیتے ہیں اور جو کچھ اللہ نے اُن کو اپنے فضل سے

اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

دے رکھا ہے اُس کو چھپاتے ہیں، اور ہم نے منکروں کے لیے

عَذَابًا مُّهِيْنًا ۚ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ

ذِلّت کا عذاب تیّار کر رکھا ہے ﴿۳۷﴾ اور جو لوگ اپنا مال

اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ

لوگوں کو دِکھانے کے لیے خرچ کرتے ہیں اور نہ اللہ پر

بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ

ایمان رکھتے ہیں اور نہ آخرت کے دن پر، اور جس کا ساتھی

الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾

شیطان بن جائے تو وہ بہت بُرا ساتھی ہے ﴿۳۸﴾

وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

اُن کا کیا نقصان تھا اگر وہ اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان

الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَكَانَ

لاتے اور اللہ نے جو کچھ اُنہیں دے رکھا ہے اُس میں سے خرچ

اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ

کرتے، اور اللہ اُن سے اچھی طرح باخبر ہے ﴿۳۹﴾ بے شک اللہ

مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً

کسی پر ذرّہ برابر بھی ظلم نہیں کرے گا، اگر نیکی ہو تو وہ

يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا

اُس کو دوگنا بڑھا دیتا ہے اور اپنے پاس سے بہت بڑا ثواب

عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ

دیتا ہے ﴿۴۰﴾ پھر اُس وقت کیا حال ہوگا جب ہم ہر

اُمَّةٍۭ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ

اُمّت میں سے ایک گواہ لائیں گے اور آپ کو اُن لوگوں کے

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شَهِيْدًا ﴿۴۱﴾ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ

اوپر گواہ بنا کر کھڑا کریں گے ﴿۴۱﴾ اُس روز تمنّا کریں گے وہ لوگ

كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى

جنہوں نے انکار کیا اور پیغمبر کی نافرمانی کی کہ کاش! زمین اُن پر

بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ

برابر کر دی جائے، اور وہ اللہ سے کوئی بات چُھپا نہ سکیں

حَدِيْثًا ﴿۴۲﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ع ۲ ۷ ۲

گے ﴿۴۲﴾ اے ایمان والو! جب تم نشے کی حالت میں ہو تو

لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى

اُس وقت تک نماز کے قریب بھی نہ جانا جب تک تم جو کچھ

تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا

کہہ رہے ہو اُسے سمجھنے نہ لگو، اور نہ ہی جَنابَت کی حالت

عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ وَاِنْ

میں جب تک کہ غُسل نہ کر لو سوائے اِس کے کہ

كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ

تم مسافر ہو ، اور اگر تم بیمار ہو یا سفر پر ہو یا

اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ

تم میں سے کوئی استنجاء کرکے آیا ہو یا تم نے

النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا

عورتوں کو چھُوا ہو، پھر تم کو پانی نہ ملے تو پاک مِٹّی سے تیمّم

صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ

کرلو اور اپنے چہروں اور ہاتھوں کا (اُس مٹّی سے) مسح

وَاَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا

کرلو، بے شک اللہ بڑا معاف کرنے والا ، بڑا بخشنے والا

غَفُوْرًا ﴿۴۳﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا

ہے ﴿۴۳﴾ کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو

نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ

کتاب سے ایک حصّہ مِلا تھا، وہ گمراہی کو خرید رہے ہیں

وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۴۴﴾

اور چاہتے ہیں کہ تم بھی سیدھے راستے سے بھٹک جاؤ ﴿۴۴﴾

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

اللہ تمہارے دشمنوں کو خوب جانتا ہے ، اور اللہ کافی

وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ مِنَ

ہے حمایت کے لیے، اور اللہ کافی ہے مدد کے لیے ﴿۴۵﴾ یہود

الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ

میں سے ایک گروہ بات کو اُس کے ٹھکانے سے ہٹا دیتا

مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا

ہے اور کہتا ہے کہ ہم نے سنا لیکن اُسے نہیں مانا، اور کہتے ہیں کہ

وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا

سنو اور تمہیں سنوایا نہ جائے ، وہ اپنی زبان کو موڑ کر کہتے ہیں

بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِى الدِّيْنِ ؕ وَلَوْ

"راعنا" دین میں عیب لگانے کے لیے ، حالانکہ اگر

اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ

وہ کہتے کہ ہم نے سُنا اور ہم نے مان لیا اور سُنو اور ہم پر

وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ ۙ

نظر کرو تو یہ اُن کے حق میں زیادہ بہتر اور درست ہوتا،

وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ

مگر اللہ نے اُن کے انکار کی وجہ سے اُن پر لعنت کر دی،

فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾ يٰٓاَيُّهَا

پس وہ ایمان نہ لائیں گے مگر بہت کم ﴿۴۶﴾ اے وہ لوگو

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا

جن کو کتاب دی گئی! اُس پر ایمان لاؤ جو ہم نے اُتارا ہے،

مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ

تصدیق کرنے والی اُس کتاب کی جو تمہارے پاس ہے، اِس

وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ

سے پہلے کہ ہم چہروں کو مٹا دیں پھر اُن کو اُلٹ دیں پیٹھ کی طرف

نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ

یا اُن پر لعنت کریں جیسے ہم نے لعنت کی سنیچر والوں پر ،

وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ

اور اللہ کا حکم پورا ہو کر رہتا ہے ﴿۴۷﴾ بے شک اللہ اِس کو نہیں بخشے

لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا

گا کہ اُس کے ساتھ شرک کیا جائے، لیکن اِس کے علاوہ جو کچھ

دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ

ہے اُس کو جس کے لیے چاہے گا بخش دے گا، اور جس نے اللہ

بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾

کے ساتھ شریک ٹھہرایا اُس نے بڑا زبردست گناہ کیا ﴿۴۸﴾

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ

کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو اپنے آپ کو پاکیزہ کہتے

بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ

ہیں، بلکہ اللہ ہی پاک کرتا ہے جس کو چاہتا ہے، اور اُن پر ذرا بھی

فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى

ظلم نہ ہوگا ﴿۴۹﴾ ذرا دیکھیے کہ یہ کیسے اللہ پر جھوٹ باندھ رہے

اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَكَفٰى بِهٖۤ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۰﴾ ع ۷ ۸ ۴

ہیں، اور کھلا گناہ ہونے کے لیے تو یہی بات کافی ہے ﴿۵۰﴾

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ

کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں کتاب (یعنی تورات

الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ

کے علم) کا ایک حصّہ دیا گیا تھا کہ وہ (کس طرح) بتوں اور شیطان

وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰۤؤُلَآءِ

کی تصدیق کر رہے ہیں اور کافروں کے بارے میں کہتے ہیں کہ

اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾

ایمان والوں کے مقابلے یہ زیادہ سیدھے راستے پر ہیں ﴿۵۱﴾

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ

یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے، اور جس پر

يَّلْعَنِ اللّٰهُ ۭ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ۝۵۲

اللہ لعنت کرے آپ اُس کا کوئی مددگار نہ پاؤ گے ۵۲

اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا

کیا اللہ کی حکومت میں اُن کا بھی کچھ حصّہ ہے؟ پھر (اگر ایسا ہوتا) تو

لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ۝۵۳ۙ اَمْ يَحْسُدُوْنَ

یہ لوگوں کو ایک تِل کے دانے کے برابر بھی نہ دیں ۵۳ کیا یہ

النَّاسَ عَلٰي مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ

لوگوں پر حسد کر رہے ہیں اُس بنا پر جو اللہ نے اُن کو اپنے فضل

فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ

سے دیا ہے، پس ہم نے ابراہیم کی اولاد کو کتاب اور حکمت دی

وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ۝۵۴

ہے، اور ہم نے اُن کو ایک بڑی سلطنت بھی دے دی ۵۴

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ

اُن میں سے کسی نے اِس کو مانا اور کوئی اِس سے رُکا رہا، اور ایسے

عَنْهُ ؕ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ

لوگوں کے لیے جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ کافی ہے ﴿۵۵﴾ بے شک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ

جن لوگوں نے ہماری نشانیوں کا انکار کیا اُن کو ہم سخت آگ میں

نَارًا ؕ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ

ڈالیں گے، جب اُن کے جسم کی کھال جل جائے گی تو ہم اُن کی

جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ

کھال کو بدل کر دوسری کھال لگا دیں گے؛ تاکہ وہ عذاب چکھتے

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ ع

رہیں، بے شک اللہ زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿۵۶﴾ اور جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ

لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے اُن کو ہم ایسے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے سے نہریں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ

بہتی ہوں گی، اُس میں وہ ہمیشہ رہیں گے، وہاں اُن کے لیے

اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ز وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا

پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور اُن کو ہم گھنی

ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا

چھاؤں میں رکھیں گے ﴿۵۷﴾ اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ

الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ

امانتیں اُن کے حق داروں تک پہونچا دو ، اور جب تم

بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ

لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو،

اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اللہ کیا ہی اچھی نصیحت کرتا ہے تم کو ، بے شک اللہ

كَانَ سَمِيْعًا ۢ بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

سننے والا ، دیکھنے والا ہے ﴿۵۸﴾ اے ایمان والو !

اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ

اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور

وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ

اپنے میں سے ذمّہ داروں کی ، پھر اگر تمہارے درمیان

فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ

کسی چیز میں اختلاف ہو جائے تو اُس کو اللہ اور رسول کے

اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

حوالے کردو ، اگر تم اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان

الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝۵۹ ع ۸ ۹ ۵

رکھتے ہو، یہ بات اچھی ہے اور اِس کا انجام بہتر ہے ۝۵۹

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ

کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ

اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ

ایمان لائے ہیں اُس پر جو اُتارا گیا ہے آپ پر اور جو اُتارا گیا

مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا

ہے آپ سے پہلے، وہ چاہتے ہیں کہ معاملہ فیصلے کے لیے لے

اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا

جائیں شیطان کے پاس؛ حالانکہ اُن کو حکم ہو چکا ہے کہ اُس کو نہ

بِهٖ ؕ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ

مانیں ، اور شیطان چاہتا ہے کہ اُن کو بہکا کر نچلے درجہ کی

ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۶۰﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

گمراہی میں ڈال دے ﴿۶۰﴾ اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ

تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ

آؤ اللہ کی اُتاری ہوئی کتاب کی طرف اور رسول کی

رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ

طرف تو آپ دیکھو گے کہ مُنافقین آپ سے کترا جاتے

صُدُوْدًا ﴿۶۱﴾ۚ فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ

ہیں ﴿۶۱﴾ پھر اُس وقت کیا ہوگا جب اُن کے اپنے ہاتھوں کی

مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ

لائی ہوئی مصیبت اُن پر پہونچے گی، اُس وقت یہ آپ کے پاس

جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ

قسمیں کھاتے ہوئے آئیں گے کہ اللہ کی قسم! ہم نے تو صرف

اِلَّآ اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ﴿۶۲﴾ اُولٰٓئِكَ

بھلائی اور مِلاپ ہی کا سوچا تھا ﴿۶۲﴾ اُن کے دِلوں میں جو کچھ

الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ

ہے اللہ اُس سے خوب واقف ہے، پس آپ اُن کو نظر انداز

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ

کریں اور اُن کو نصیحت کریں اور اُن سے ایسی بات کہیں

فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا ﴿۶۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا

جو اُن کے دِلوں میں اُتر جائے ﴿۶۳﴾ اور ہم نے جو رسول بھیجا اِسی

مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَلَوْ

لیے بھیجا کہ اللہ کے حکم سے اُس کی اطاعت کی جائے، اور اگر

اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ

وہ جب کہ اُنہوں نے اپنا بُرا کیا تھا آپ کے پاس آتے

فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ

اور اللہ سے معافی مانگتے اور رسول بھی اُن کے لیے معافی

الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿٦٤﴾

چاہتے تو یقیناً وہ اللہ کو بخشنے والا، رحم کرنے والا پاتے ﴿٦٤﴾

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ

پس آپ کے رب کی قسم! وہ لوگ کبھی ایمان لانے والے نہیں

فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ

ہوسکتے جب تک وہ اپنے آپس کے جھگڑے میں آپ کو فیصلہ کرنے

اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا

والا نہ مان لیں، پھر جو فیصلہ آپ کریں اُس پر اپنے دِلوں میں کوئی

تَسْلِيْمًا ﴿٦٥﴾ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ

تنگی نہ پائیں اور اُس کو خوشی سے قبول کرلیں ﴿٦٥﴾ اور اگر ہم اُن کو

اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ

حکم دیتے کہ اپنے آپ کو ہلاک کرو یا اپنے گھروں سے نکلو،

دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ؕ

تو اُن میں سے تھوڑے ہی اِس پر عمل کرتے، اور اگر یہ لوگ وہ

وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ

کرتے جس کی اُنہیں نصیحت کی جاتی ہے تو اُن کے لیے

لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ۙ﴿۶۶﴾

یہ بات بہتر اور ایمان پر زیادہ ثابت رکھنے والی ہوتی ﴿۶۶﴾

وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا

اور اُس وقت ہم اُن کو اپنے پاس سے بڑا

عَظِيْمًا ۙ﴿۶۷﴾ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا

اجر دیتے ﴿۶۷﴾ اور ہم اُن کو سیدھا راستہ

مُّسْتَقِيْمًا ﴿۶۸﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ

دِکھاتے ﴿۶۸﴾ اور جو اللہ

وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ

اور رسول کی اطاعت کرے گا وہ اُن لوگوں کے ساتھ ہوگا

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ

جن پر اللہ نے انعام کیا ہے، یعنی پیغمبروں اور سچوں

وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ

اور شہیدوں اور نیک لوگوں کے ساتھ، اور کتنا ہی اچھا ہے

اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۭ ﴿۶۹﴾ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ

اُن کے ساتھ رہنا ﴿۶۹﴾ یہ فضل ہے اللہ کی طرف سے،

اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ﴿۷۰﴾ ع ۹ ۱۱ ۶ يٰٓاَيُّهَا

اور اللہ کا علم کافی ہے ﴿۷۰﴾ اے ایمان والو !

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا

اپنی حفاظت کا انتظام کرلو پھر نکلو جُدا جُدا

ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿۷۱﴾ وَاِنَّ مِنْكُمْ

یا اکھٹے ہوکر ﴿۷۱﴾ اور یقیناً تم میں کوئی

لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ

ایسا بھی ہے جو سُستی سے کام لیتا ہے، پھر اگر تمہیں کوئی مصیبت

قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ

پہونچے تو وہ کہتا ہے کہ اللہ نے مجھ پر انعام کیا کہ میں

مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿۷۲﴾ وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ

اُن کے ساتھ نہیں تھا ﴿۷۲﴾ اور اگر تم کو اللہ کا کوئی فضل

مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَيْنَكُمْ

حاصل ہو تو کہتا ہے گویا تمہارے اور اُس کے

وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ

درمیان کوئی تعلّق ہی نہ ہو کہ کاش ! میں بھی اُن کے ساتھ

فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۳﴾ فَلْيُقَاتِلْ فِيْ

ہوتا تو بڑی کامیابی حاصل کرلیتا ﴿۷۳﴾ پس چاہیے کہ لڑیں

سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ

اللہ کی راہ میں وہ لوگ جو آخرت کے بدلے

الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ

دنیا کی زندگی کو بیچ دیتے ہیں ، اور جو شخص

اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ

اللہ کی راہ میں لڑے پھر مارا جائے یا غالب آجائے تو ہم اُس کو

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ

بڑا اجر دیں گے ﴿۷۴﴾ اور تم کو کیا ہو گیا ہے کہ تم لڑتے نہیں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ

اللہ کی راہ میں اور اُن کمزور مَردوں اور عورتوں

الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ

اور بچّوں کے لیے جو کہتے ہیں کہ

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ

اے ہمارے رب ! ہم کو اُس بستی سے نکالیے

الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ

جس کے رہنے والے ظالم ہیں ، اور ہمارے لیے

لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۙ وَّاجْعَلْ لَّنَا
اپنے پاس سے کوئی حمایتی پیدا کیجیے اور ہمارے لیے

مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝۷۵ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اپنے پاس سے کوئی مددگار کھڑا کردیجیے ۷۵ جو لوگ

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ
ایمان والے ہیں وہ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں ،

كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ
اور جو مُنکِر ہیں وہ شیطان کی راہ میں لڑتے ہیں ،

فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ
پس تم شیطان کے ساتھیوں سے لڑو ، بے شک

الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ۝۷۶ ع اَلَمْ تَرَ ع ۱۰ ۷ ۶
شیطان کی چال بہت کمزور ہے ۷۶ کیا آپ نے اُن لوگوں کو

اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ
نہیں دیکھا جن سے کہا گیا تھا کہ اپنے ہاتھ روکے رکھو

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا

اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو ، پھر جب اُن کو لڑائی کا حکم

كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ

دیا گیا تو اُن میں سے ایک گروہ انسانوں سے ایسے ڈرنے لگا

مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ

جیسے اللہ سے ڈرنا چاہیے یا اُس سے بھی زیادہ، وہ کہتے ہیں کہ

اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ

اے ہمارے رب! تو نے ہم پر لڑائی کیوں فرض کر دی، کیوں نہ

عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ

چھوڑے رکھا ہم کو تھوڑی مدت تک ، (اے نبی) آپ کہہ

قَرِيْبٍ ؕ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ

دیجیے کہ دنیا کا فائدہ تھوڑا ہے اور آخرت بہتر ہے اُس

وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ وَلَا تُظْلَمُوْنَ

کے لیے جو پرہیزگاری کرے، اور تمہارے ساتھ ذرا بھی

فَتِيْلًا ﴿۷۷﴾ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ

ظلم نہ ہوگا ﴿۷۷﴾ اور تم جہاں بھی رہو گے موت تمہیں

الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ؕ

آ پکڑے گی ؛ اگرچہ تم مضبوط قِلعوں میں رہو،

وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ

اگر اُن کو کوئی بھلائی پہونچتی ہے تو کہتے ہیں کہ یہ

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ

اللہ کی طرف سے ہے ، اور اگر اُن کو کوئی بُرائی

يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ؕ قُلْ كُلٌّ

پہونچتی ہے تو کہتے ہیں کہ سب تمہاری وجہ سے ہے،

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ

آپ کہہ دیجیے کہ سب کچھ اللہ کی طرف سے ہے ، پس

لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ﴿۷۸﴾

اُن لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ کوئی بات ہی نہیں سمجھتے ﴿۷۸﴾

مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ز وَمَآ

تم کو جو بھی بھلائی پہونچتی ہے اللہ کی طرف سے پہونچتی ہے، اور

اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ط

تم کو جو بُرائی پہونچتی ہے وہ تمہاری اپنی ہی وجہ سے ہے، اور ہم

وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ

نے آپ کو انسانوں کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا ہے، اور اللہ کی

شَهِيْدًا ﴿۷۹﴾ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ

گواہی کافی ہے ﴿۷۹﴾ جس نے رسول کی اطاعت کی اُس نے اللہ

اَطَاعَ اللّٰهَ ج وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

کی اطاعت کی، اور جس نے منھ موڑ لیا تو ہم نے آپ کو اُن پر

عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ﴿۸۰﴾ ط وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ز

نگران بنا کر نہیں بھیجا ہے ﴿۸۰﴾ اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم کو قبول

فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ

ہے، پھر جب آپ کے پاس سے نکلتے ہیں تو اُن میں سے ایک

طَآىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِىْ تَقُوْلُ ؕ

گروہ اُس کے خلاف مشورہ کرتا ہے جو وہ کہہ چکا تھا،

وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ

اور اللہ اُن کی سرگوشیوں کو لکھ رہا ہے، پس آپ اُن سے

عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

دور رہیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں، اور اللہ بھروسے کے لیے کافی

وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ

ہے ﴿۸۱﴾ کیا یہ لوگ غور نہیں کرتے قرآن میں کہ اگر یہ

وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا

اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو وہ اُس کے

فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿۸۲﴾ وَاِذَا جَآءَهُمْ

اندر بڑا اختلاف پاتے ﴿۸۲﴾ اور جب اُن کو کوئی بات

اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ

امن کی یا خوف کی پہونچتی ہے تو وہ اُس کو پھیلا دیتے ہیں؛

وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِي الْاَمْرِ

حالانکہ اگر وہ اُس کو رسول تک یا اپنے ذمّہ دار لوگوں تک پہونچاتے

مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ

تو اُن میں سے جو لوگ تحقیق کرنے والے ہیں وہ اُس کی حقیقت کو

مِنْهُمْ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ

جان لیتے ، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اُس کی رحمت نہ ہوتی تو

لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۳﴾ فَقَاتِلْ

تھوڑے لوگوں کے سوا تم سب شیطان کی راہ پر چل پڑتے ﴿۸۳﴾

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ

پس لڑیے اللہ کی راہ میں، آپ پر اپنی جان کے سوا کسی

وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ

کی ذمّہ داری نہیں ہے ، اور مسلمانوں کو بھی اُبھاریے،

يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَاللّٰهُ

قریب ہے کہ اللہ مُنکِروں کا زور توڑ دے ، اور اللہ

اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿۸۴﴾ مَنْ

بڑا زور والا اور بہت سخت سزا دینے والا ہے ﴿۸۴﴾ جو شخص

يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ

(کسی کے حق میں) اچھی سفارش کرے گا اُس کے لیے

نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً

اُس میں سے حصّہ ہے، اور جو شخص بُری سفارش کرے گا

سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ؕ وَكَانَ

اُس کے لیے اُس میں سے حصّہ ہے، اور اللہ ہر

اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ مُّقِيْتًا ﴿۸۵﴾ وَاِذَا

چیز پر قُدرت رکھنے والا ہے ﴿۸۵﴾ اور جب

حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ

تم کو سلام کیا جائے تو تم بھی سلام کا جواب دو اُس سے بہتر

مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى

انداز میں یا جواب میں وہی کہہ دو، بے شک اللہ ہر چیز

كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ﴿۸۶﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

کا حساب لینے والا ہے ﴿۸۶﴾ اللہ وہ (معبود) ہے جس کے سوا

هُوَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

کوئی معبود نہیں، وہ ضرور تم سب کو قیامت کے دن جمع کرے گا

لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ

جس کے آنے میں کوئی شُبہ نہیں، اور اللہ کی بات سے بڑھ کر سچّی

حَدِيْثًا ﴿۸۷﴾ ع فَمَا لَكُمْ فِى الْمُنٰفِقِيْنَ ع ۱۱ ۸

بات اور کس کی ہوسکتی ہے ﴿۸۷﴾ پھر تم کو کیا ہوا ہے کہ تم مُنافقوں

فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ

کے معاملہ میں دو گروہ ہو رہے ہو؛ حالانکہ اللہ نے اُن کے اعمال

اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ

کی وجہ سے اُن کو اُلٹا پھیر دیا ہے، کیا تم چاہتے ہو کہ اُن کو راہ پر

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ

لاؤ جن کو اللہ نے گمراہ کر دیا ہے، اور جس کو اللہ گمراہ کر دے تم

سَبِيْلًا ﴿۸۸﴾ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا

ہرگز اُن کے لیے کوئی راہ نہیں پا سکتے ﴿۸۸﴾ وہ چاہتے ہیں کہ جس

كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا

طرح اُنہوں نے انکار کیا ہے تم بھی انکار کرو؛ تاکہ تم سب برابر

مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ

ہو جاؤ، پس تم اُن میں سے کسی کو دوست نہ بناؤ جب تک وہ اللہ

سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ

کی راہ میں ہجرت نہ کریں، پھر اگر وہ اِس کو قبول نہ کریں

وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ص

تو اُن کو پکڑو اور جہاں کہیں اُن کو پاؤ اُنہیں قتل کرو،

وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۙ﴿۸۹﴾

اور اُن میں سے کسی کو ساتھی اور مددگار نہ بناؤ ﴿۸۹﴾

اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ

مگر وہ لوگ جن کا تعلّق ایسی قوم سے ہو جن کے ساتھ

وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ

تمہارا مُعاہدہ ہوا ہے یا وہ لوگ جو تمہارے پاس اِس حال میں

صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا

آئیں کہ اُن کے سینے تنگ ہو رہے ہیں تمہاری لڑائی سے اور اپنی

قَوْمَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ

قوم کی لڑائی سے، اور اگر اللہ چاہتا تو اُن کو تم پر زور دے دیتا تو

عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ

وہ ضرور تم سے لڑتے، پس اگر وہ تم کو چھوڑے رہیں اور تم سے

فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ

جنگ نہ کریں اور تمہارے ساتھ صُلح کا رویّہ رکھیں تو اللہ تم کو بھی

فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ﴿۹۰﴾

اُن کے خلاف کسی اِقدام کی اجازت نہیں دیتا ﴿۹۰﴾

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ

دوسرے کچھ ایسے لوگوں کو بھی تم پاؤ گے جو چاہتے ہیں کہ

يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ كُلَّمَا

تم سے بھی امن میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی امن میں رہیں،

رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ

جب کبھی وہ فتنے کا موقع پائیں وہ اُس میں کُود پڑتے ہیں،

فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ

ایسے لوگ اگر تم سے دور نہ رہیں اور تمہارے ساتھ

السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ

صُلح کا رویّہ نہ رکھیں اور اپنے ہاتھ نہ روکیں تو

وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ

تم اُن کو پکڑو اور اُن کو قتل کرو جہاں کہیں اُنہیں پاؤ،

وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا

یہ وہ لوگ ہیں جن کے خلاف ہم نے تم کو کھُلی حجّت دی

مُّبِيْنًا ﴿۹۱﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ ع ۱۲ ۴ ۹

ہے ﴿۹۱﴾ اور کسی مسلمان کا کام نہیں کہ وہ مسلمان کو قتل

مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا

کرے مگر یہ کہ غلطی سے ایسا ہو جائے، اور جو شخص کسی مسلمان کو

خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ

غلطی سے قتل کر دے تو وہ ایک مسلمان غلام کو آزاد کرے اور

مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ؕ

مقتول کے وارثوں کو خون بہا دے مگر یہ کہ وہ معاف کر دیں، پھر

فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ

اگر (وہ مقتول) ایسی قوم میں سے تھا جو تمہاری دُشمن ہے اور وہ

مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ

خود مسلمان تھا تو وہ ایک مسلمان غلام کو آزاد کرے، اور اگر وہ

وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ

ایسی قوم میں سے تھا کہ تمہارے اور اُس کے درمیان مُعاہدہ ہے

مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ

تو وہ اُس کے وارثوں کو خون بہا دے اور ایک مسلمان (غلام)

رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ

کو آزاد کرے، پھر جس شخص کو مُیسّر نہ ہو تو وہ لگاتار دو مہینے کے

شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۙ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ

روزے رکھے، یہ توبہ (کی شکل) ہے اللہ کی طرف سے،

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾ وَمَنْ

اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے ﴿۹۲﴾ اور جو شخص کسی مسلمان کو

يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ

جان بوجھ کر قتل کر دے تو اُس کی سزا جہنم ہے جس میں وہ

خَالِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ

ہمیشہ رہے گا اور اُس پر اللہ کا غضب اور اُس کی لعنت ہے

وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿۹۳﴾ يٰۤاَيُّهَا

اور اللہ نے اُس کے لیے بڑا عذاب تیّار کر رکھا ہے ﴿۹۳﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ

ایمان والو! جب تم سفر کرو اللہ کی راہ میں

اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى
تو خوب تحقیق کرلیا کرو ، اور جو شخص تم کو

اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ
سلام کرے اُس کو یہ نہ کہو کہ تم مسلمان نہیں ہو ،

تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ز
تم دنیوی زندگی کا سامان چاہتے ہو تو اللہ کے پاس

فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ط كَذٰلِكَ
بہت سامانِ غنیمت ہے ، تم بھی پہلے ایسے ہی تھے

كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ
پھر اللہ نے تم پر فضل کیا تو تحقیق

فَتَبَيَّنُوْا ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
کر لیا کرو ، جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے

خَبِيْرًا ﴿۹۴﴾ لَا يَسْتَوِى الْقٰعِدُوْنَ
باخبر ہے ﴿۹۴﴾ برابر نہیں ہو سکتے بیٹھے رہنے والے

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ

مسلمان جن کو کوئی عذر نہیں ہے اور وہ

وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ

مسلمان جو اللہ کی راہ میں لڑنے والے ہیں اپنے مال

وَاَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ

اور اپنی جان سے ، مال و جان سے جہاد کرنے

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ

والوں کا درجہ اللہ نے بیٹھے رہنے والوں کی نسبت

دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ

بڑا رکھا ہے ، اور ہر ایک سے اللہ نے بھلائی کا وعدہ کیا ہے،

وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ

اور اللہ نے جہاد کرنے والوں کو بیٹھے رہنے والوں پر اجر عظیم کے

اَجْرًا عَظِيْمًا ۙ﴿۹۵﴾ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ

ذریعے برتری دی ہے ﴿۹۵﴾ اُن کے لیے اللہ کی طرف سے

وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا

بڑے درجے ہیں اور مغفرت اور رحمت ہے، اور اللہ بخشنے والا،

رَّحِيْمًا ﴿۹۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ ع ۱۳ ۵ ۱۰

مہربان ہے ﴿۹۶﴾ یقیناً جو لوگ اپنا بُرا کر رہے ہیں

الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ

جب اُن کی جان فرشتے نکالیں گے تو وہ اُن سے پوچھیں گے

كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ

کہ تم کس حال میں تھے، وہ کہیں گے کہ ہم زمین میں

فِي الْاَرْضِ ؕ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ

بے بس تھے، فرشتے کہیں گے: کیا اللہ کی زمین کُشادہ نہ تھی

اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ

کہ تم وطن چھوڑ کر وہاں چلے جاتے، یہ وہ لوگ ہیں

فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ

جن کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ بہت بُرا

مَصِيْرًا ﴿۹۷﴾ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ

ٹھکانہ ہے ﴿۹۷﴾ مگر وہ بے بس

مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ

مَرد اور عورتیں اور بچّے جو کوئی

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ

تدبیر نہیں کر سکتے اور نہ کوئی راہ

سَبِيْلًا ﴿۹۸﴾ فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ

پا رہے ہیں ﴿۹۸﴾ یہ لوگ امید ہے کہ اللہ

يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا

اُنہیں معاف کردے گا، اور اللہ معاف کرنے والا،

غَفُوْرًا ﴿۹۹﴾ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ

بخشنے والا ہے ﴿۹۹﴾ اور جو کوئی اللہ کی راہ میں

اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا

وطن چھوڑے گا وہ زمین میں بڑے ٹھکانے

وَّسَعَةً ؕ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ

اور بڑی وُسعت پائے گا ، اور جو شخص اپنے گھر سے

مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ

اللہ اور اُس کے رسول کی طرف ہجرت کر کے نکلے پھر اُس کو

الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ

موت آجائے تو اُس کا اجر اللہ کے یہاں مُقرّر ہو چکا ہے،

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۰﴾ وَاِذَا ع ۱۴ ۱۱

اور اللہ بخشنے والا ، رحم کرنے والا ہے ﴿۱۰۰﴾ اور جب

ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ

تم زمین میں سفر کرو تو تم پر کوئی گناہ نہیں

جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ ق

کہ تم نماز میں قصر کرو

اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ

اگر تم کو ڈر ہو کہ کافر تم کو

كَفَرُوْا ؕ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ

ستائیں گے ، بے شک کافر لوگ تمہارے کھلے ہوئے

عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۱۰۱﴾ وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ

دُشمن ہیں ﴿۱۰۱﴾ اور جب آپ مسلمانوں کے درمیان ہوں

فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ

اور اُن کے لیے نماز کھڑی کرو تو چاہیے کہ اُن کی ایک جماعت

مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ ۫

آپ کے ساتھ کھڑی ہو اور وہ اپنے ہتھیار لیے ہوئے ہوں،

فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ ۪

پس جب وہ سجدہ کر چکیں تو وہ تمہارے پاس سے ہٹ جائیں

وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا

اور دوسری جماعت آئے جس نے ابھی نماز نہیں پڑھی ہے اور وہ

فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ

تمہارے ساتھ نماز پڑھیں اور وہ بھی اپنے بچاؤ کا سامان

وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ

اور اپنے ہتھیار لیے رہیں ، کافر لوگ چاہتے ہیں کہ

تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ

تم اپنے ہتھیاروں اور سامان سے کسی طرح غافل ہو جاؤ

فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ؕ

تو وہ تم پر اچانک ٹوٹ پڑیں ، اور تمہارے اوپر کوئی

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ كَانَ بِكُمْ

گناہ نہیں اگر تم کو بارش کے سبب سے

اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَنْ

تکلیف ہو یا تم بیمار ہو تو اپنے ہتھیار اُتار دو ،

تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ؕ

اور اپنے بچاؤ کا سامان لیے رہو ،

اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا

بے شک اللہ نے کافروں کے لیے رُسوا کرنے والا عذاب

مُّهِيْنًا ﴿۱۰۲﴾ فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ

تیّار کر رکھا ہے ﴿۱۰۲﴾ پس جب تم نماز ادا کرلو

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى

تو اللہ کو یاد کرو کھڑے کھڑے اور بیٹھے بیٹھے

جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا

اور لیٹے لیٹے، پھر جب اطمینان ہو جائے تو

الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى

نماز کھڑی کرو، بے شک نماز اہلِ

الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿۱۰۳﴾ وَلَا تَهِنُوْا

ایمان پر مُقرّر وقتوں کے ساتھ فرض ہے ﴿۱۰۳﴾ اور قوم

فِى ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ

کا پیچھا کرنے سے ہمّت نہ ہارو، اگر تم دُکھ اُٹھاتے ہو

فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ

تو وہ بھی تمہاری طرح دُکھ اُٹھاتے ہیں اور تم اللہ سے وہ امید

مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْضَوْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

رکھتے ہو جو امید وہ نہیں رکھتے ، اور اللہ جاننے والا ، حکمت والا

ع ۱۵ ۴ ۱۲ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۰۴﴾ اِنَّاۤ اَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكَ

ہے ﴿۱۰۴﴾ بے شک ہم نے یہ کتاب آپ کی طرف حق کے ساتھ

الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ

اُتاری ہے ؛ تاکہ آپ لوگوں کے درمیان اُس کے مطابق

بِمَاۤ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ

فیصلہ کریں جو اللہ نے آپ کو دِکھایا ہے، اور آپ خیانت کرنے

خَصِيْمًا ۙ﴿۱۰۵﴾ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

والوں کی طرف سے جھگڑنے والے نہ بنیں ﴿۱۰۵﴾ اور اللہ سے

كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۚ﴿۱۰۶﴾ وَلَا تُجَادِلْ

بخشش مانگیں ، بے شک اللہ بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿۱۰۶﴾ اور آپ اُن

عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ

لوگوں کی طرف سے نہ جھگڑیں جو اپنے آپ سے خیانت کر رہے ہیں،

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا

بے شک اللہ ایسے شخص کو پسند نہیں کرتا جو خیانت کرنے والا،

اَثِيْمًا ﴿۱۰۷﴾ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ

گنہ گار ہو ﴿۱۰۷﴾ وہ انسانوں سے تو شرماتے ہیں اور

وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ

اللہ سے نہیں شرماتے؛ حالانکہ وہ اُن کے ساتھ ہوتا جب کہ وہ

اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ

سرگوشیاں کرتے ہیں اُس بات کی جس سے اللہ راضی نہیں، اور

وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿۱۰۸﴾

جو کچھ وہ کرتے ہیں اللہ اُس کا احاطہ کیے ہوئے ہے ﴿۱۰۸﴾

هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي

تم لوگوں نے دنیا کی زندگی میں تو اُن کی طرف سے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ

جھگڑا کر لیا مگر قیامت کے دن کون اُن کی جانب سے

عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ

اللہ سے جھگڑا کرے گا یا کون ہوگا اُن کا کام بنانے

عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۱۰۹﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا

والا ﴿۱۰۹﴾ اور جو شخص بُرائی کرے یا اپنے آپ پر

اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ

ظلم کرے پھر اللہ سے بخشش مانگے تو وہ

يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۱۰﴾ وَمَنْ

اللہ کو بخشنے والا ، رحم کرنے والا پائے گا ﴿۱۱۰﴾ اور جو

يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى

شخص کوئی گناہ کرتا ہے تو وہ اپنے ہی حق میں (بُرا) کرتا

نَفْسِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۱۱﴾

ہے ، اور اللہ جاننے والا ، حکمت والا ہے ﴿۱۱۱﴾

وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓـَٔةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ

اور جو شخص کوئی غلطی یا گناہ کرے پھر

يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓـًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا

اُس کی تُہمت کسی بے گناہ پر لگا دے تو اُس نے ایک بڑا بہتان

وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۲﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ ع ۱۶ ۸ ۱۳

اور کُھلا ہوا گناہ اپنے سَر لے لیا ﴿۱۱۲﴾ اور اگر تم پر اللہ کا فضل

عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ

اور اُس کی رحمت نہ ہوتی تو اُن میں سے ایک گروہ نے

اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ

تو یہ ٹھان ہی لیا تھا کہ تم کو بہکا کر رہے گا ؛ حالانکہ

اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ

وہ اپنے آپ کو بہکا رہے ہیں، وہ تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے ،

وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

اور اللہ نے تم پر کتاب اور حکمت اُتاری ہے

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ

اور تم کو وہ چیز سکھائی ہے جس کو تم نہیں جانتے تھے ،

فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾ لَا خَيْرَ

اور اللہ کا فضل تم پر بہت بڑا ہے ﴿۱۱۳﴾ اُن کی اکثر

فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ

سرگوشیوں میں کوئی بھلائی نہیں ہے، بھلائی والی سرگوشی صِرف

بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۭ

اُس کی ہے جو صدقہ کرنے کو کہے یا کسی نیک کام کے لیے یا

بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ

لوگوں میں صُلح کرانے کے لیے کہے، اور جو شخص اللہ کی

مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا

خوشنودی کے لیے ایسا کرے تو ہم اُس کو بڑا اجر عطا کریں

عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ

گے ﴿۱۱۴﴾ مگر جو شخص رسول کی مُخالفت کرے گا؛ حالانکہ اُس پر راہ

بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ

واضح ہو چکی ہے اور ایمان والوں کے راستے کے سوا کسی اور راستے

سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ
پر چلے گا تو ہم اُس کو اُسی طرف چلائیں گے جدھر وہ خود پھر گیا

جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ ع ۱۷ ۳ ۱۴
اور اُس کو جہنم میں داخل کریں گے اور وہ بُرا ٹھکانہ ہے ﴿۱۱۵﴾ بے شک اللہ

لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ
اِس بات کو نہیں بخشے گا کہ اُس کا شریک ٹھہرایا جائے اور اُس کے

ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ
سِوا گناہوں کو بخش دے گا جس کے لیے چاہے گا، اور جس نے

فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ﴿۱۱۶﴾ اِنْ يَّدْعُوْنَ
اللہ کا شریک ٹھہرایا وہ بہک کر بہت دور جا پڑا ﴿۱۱۶﴾ وہ اللہ کو

مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا
چھوڑ کر پکارتے ہیں دیویوں کو اور وہ پکارتے ہیں سرکش

شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ﴿۱۱۷﴾ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ وقف لازم
شیطان کو ﴿۱۱۷﴾ اُس پر اللہ نے لعنت کی ہے، اور شیطان نے

لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا

کہا تھا کہ میں تیرے بندوں میں سے ایک مُقرّر حصّہ لے کر

مَّفْرُوْضًا ﴿۱۱۸﴾ وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ

رہوں گا ﴿۱۱۸﴾ میں اُن کو بہکاؤں گا اور اُن کو اُمیدیں دِلاؤں گا

وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ

اور اُن کو سمجھاؤں گا تو وہ چوپایوں کے کان کاٹیں گے

وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ؕ

اور اُن کو سمجھاؤں گا تو وہ اللہ کی بناوٹ کو بدلیں گے،

وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ

اور جو شخص اللہ کے سوا شیطان کو اپنا دوست بنائے

اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ؕ ﴿۱۱۹﴾

تو وہ کُھلے ہوئے نقصان میں پڑ گیا ﴿۱۱۹﴾

يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ

وہ اُن سے وعدے کرتا ہے اور اُن کو اُمیدیں دِلاتا ہے، اور شیطان

الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲۰﴾ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ

کے تمام وعدے دھوکے کے سوا اور کچھ نہیں ﴿۱۲۰﴾ ایسے لوگوں کا

جَهَنَّمُ ۡ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿۱۲۱﴾

ٹھکانا جہنم ہے اور وہ اُس سے بچنے کی کوئی راہ نہ پائیں گے ﴿۱۲۱﴾

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک کام کیے

سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اُن کو ہم ایسے باغات میں داخل کریں گے جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ

نہریں بہتی ہوں گی اُن میں وہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ کا وعدہ

حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾

سچّا ہے اور اللہ سے بڑھ کر کون اپنی بات میں سچّا ہوگا ﴿۱۲۲﴾

لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ

نہ تمہاری آرزوؤں پر ہے اور نہ اہلِ کتاب کی آرزوؤں پر،

مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ

جو کوئی بھی بُرا کرے گا اُس کا بدلہ پائے گا ، اور وہ نہ

لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾

پائے گا اللہ کے سِوا اپنا کوئی حِمایتی اور نہ مددگار ﴿۱۲۳﴾

وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ

اور جو شخص کوئی نیک کام کرے گا خواہ وہ مَرد ہو

ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ

یا عورت بشرطیکہ وہ مؤمن ہو ، تو ایسے لوگ جنّت میں

يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾

داخل ہوں گے اور اُن پر ذرا بھی ظلم نہ ہوگا ﴿۱۲۴﴾

وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ

اور اُس سے بہتر کس کا دین ہے جو اپنا چہرہ اللہ کی طرف جھکا

لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ

دے اِس حال میں کہ وہ نیکی کرنے والا ہو اور وہ چلے دینِ ابراہیم

حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿۱۲۵﴾

پر جو سیدھی راہ پر چلنے والے تھے، اور اللہ نے ابراہیم کو اپنا دوست بنا لیا تھا ﴿۱۲۵﴾

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین

ع ۱۸ ۱۱ ۱۵

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿۱۲۶﴾

میں ہے ، اور اللہ ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے ﴿۱۲۶﴾

وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ؕ قُلِ اللّٰهُ

اور لوگ آپ سے عورتوں کے بارے میں حکم پوچھتے ہیں، آپ کہہ

يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ

دیجیے کہ اللہ تمہیں اُن کے بارے میں حکم بتاتا ہے اور وہ آیات بھی

فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ

جو تمہیں کتاب میں اُن یتیم عورتوں کے بارے میں پڑھ کر سنائی جاتی

لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ

ہیں جن کو تم وہ نہیں دیتے جو اُن کے لیے لکھا گیا ہے اور چاہتے ہو

اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ

کہ اُن کو نکاح میں لے آؤ ، اور جو آیات کمزور

الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى

بچّوں کے بارے میں ہیں اور یہ کہ تم یتیموں کے ساتھ

بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ

انصاف کرو ، اور جو بھلائی تم کرو گے اللہ اُس کو خوب

اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ﴿۱۲۷﴾ وَاِنِ امْرَاَةٌ

جاننے والا ہے ﴿۱۲۷﴾ اور اگر کسی عورت کو

خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا

اپنے شوہر کی طرف سے بدسلوکی یا بے رُخی کا اندیشہ ہو تو

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا

اِس میں کوئی حرج نہیں کہ دونوں آپس میں کوئی

صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ؕ وَاُحْضِرَتِ

صُلح کر لیں ، اور صُلح بہتر چیز ہے ، اور لالچ

الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا

انسان کی طبیعت میں بسی ہوئی ہے، اور اگر تم اچھا سلوک کرو اور

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾

تقوے سے کام لو تو جو کچھ تم کرو گے اللہ اُس سے باخبر ہے ﴿۱۲۸﴾

وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ

اور تم ہرگز طاقت نہیں رکھتے کہ تم برابری کرو عورتوں کے

النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ

درمیان اگرچہ تم ایسا کرنا چاہو، پس بالکل ایک ہی طرف نہ جھک

الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ

جاؤ کہ دوسری کو لٹکی ہوئی کی طرح چھوڑ دو، اور اگر تم اصلاح

تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا

کر لو اور تقویٰ اختیار کرو تو بے شک اللہ بخشنے والا،

رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾ وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ

مہربان ہے ﴿۱۲۹﴾ اور اگر وہ دونوں جُدا ہو جائیں تو اللہ ہر ایک کو

كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا

اپنی وُسعت سے بے نیاز کردے گا، اور اللہ بڑی وُسعت والا،

حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

حکمت والا ہے ﴿۱۳۰﴾ اور اللہ کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو

فِي الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا

کچھ زمین میں ہے، اور ہم نے حکم دیا ہے اُن لوگوں کو

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا

جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی اور تم کو بھی کہ اللہ سے ڈرو،

اللّٰهَ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي

اور اگر تم نہ مانو تب بھی اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور اللہ بے نیاز ہے، سب

غَنِيًّا حَمِيْدًا ﴿۱۳۱﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

خوبیوں والا ہے ﴿۱۳۱﴾ اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾

جو کچھ زمین میں ہے، اور بھروسے کے لیے اللہ ہی کافی ہے ﴿۱۳۲﴾

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ

اگر وہ چاہے تو تم سب کو لے جائے اے لوگو اور

بِاٰخَرِيْنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾

دوسروں کو لے آئے ، اور اللہ اِس پر قادر ہے ﴿۱۳۳﴾

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا

جو شخص دنیا کا ثواب چاہتا ہے تو اللہ کے پاس دنیا کا

فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ

ثواب بھی ہے اور آخرت کا ثواب بھی ،

وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ ع يٰٓاَيُّهَا ۱۹ ع ۸ ۱۶

اور اللہ سُننے والا ، دیکھنے والا ہے ﴿۱۳۴﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ

ایمان والو ! انصاف پر خوب قائم رہنے والے

شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ

اور اللہ کے لیے گواہی دینے والے بنو چاہے وہ خود تمہارے

الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ

یا تمہارے ماں باپ یا رشتے داروں کے خلاف ہی ہو، اگر کوئی

غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۣ قف

مال دار ہے یا محتاج ہے تو اللہ تم سے زیادہ اُن دونوں کا خیر خواہ

فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ

ہے، پس تم خواہش کی پیروی نہ کرو کہ حق سے ہٹ جاؤ،

تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا

اور اگر تم باتیں بناؤ گے یا منہ پھیر لو گے تو جو کچھ تم کر رہے ہو

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

اللہ اُس سے باخبر ہے ﴿۱۳۵﴾ اے ایمان والو! ایمان لاؤ

اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ

اللہ پر اور اُس کے رسول پر اور اُس کتاب پر

نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ

جو اُس نے اپنے رسول پر اُتاری اور اُس کتاب پر

اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ

جو اُس نے پہلے نازل کی ، اور جو شخص انکار کرے اللہ کا

وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ

اور اُس کے فرشتوں کا اور اُس کی کتابوں کا اور اُس کے رسولوں کا

الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۱۳۶﴾

اور آخرت کے دن کا تو وہ بہک کر دور جا پڑا ﴿۱۳۶﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ

بے شک جو لوگ ایمان لائے پھر انکار کیا پھر

اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا

ایمان لائے پھر انکار کیا اور پھر انکار میں بڑھتے گئے

كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ

تو اللہ اُن کو ہرگز نہیں بخشے گا

وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ﴿۱۳۷﴾ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ

اور نہ اُن کو راہ دِکھائے گا ﴿۱۳۷﴾ مُنافقوں کو خوش خبری

بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ۙ ﴿۱۳۸﴾ الَّذِيْنَ

دے دو کہ اُن کے لیے ایک دردناک عذاب ہے ﴿۱۳۸﴾ وہ لوگ

يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ

جو مؤمنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں ،

الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ

کیا وہ اُن کے پاس عزّت تلاش کررہے ہیں، تو عزّت

فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿۱۳۹﴾ وَقَدْ نَزَّلَ

ساری اللہ کے لیے ہے ﴿۱۳۹﴾ اور اللہ کتاب میں تم پر یہ

عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ

حکم اُتار چکا ہے کہ جب تم سُنو کہ اللہ کی نشانیوں کا

اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا

انکار کیا جا رہا ہے اور اُن کا مذاق اُڑایا جا رہا ہے

فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ

تو تم اُن کے ساتھ نہ بیٹھو یہاں تک کہ وہ کسی دوسری

حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ۚ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ

بات میں مشغول ہو جائیں ورنہ تم بھی اُن ہی جیسے ہو گئے ،

اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ

اللہ مُنافقوں کو اور کافروں کو جہنم میں ایک جگہ

فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعَا ۙ﴿۱۴۰﴾ الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ

اکٹھا کرنے والا ہے ﴿۱۴۰﴾ وہ مُنافق تمہارے بارے میں انتظار

بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ

میں رہتے ہیں، اگر تم کو اللہ کی طرف سے کوئی فتح حاصل ہوتی

قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۚ وَاِنْ كَانَ

ہے تو کہتے ہیں کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے، اور اگر کافروں کو

لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ

کوئی حصّہ مِل جائے تو اُن سے کہیں گے کہ کیا ہم تمہارے

عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

خلاف لڑنے پر قادر نہ تھے اور پھر بھی ہم نے تم کو مسلمانوں سے

فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

بچایا ، تو اللہ ہی تم لوگوں کے درمیان قیامت کے دن

وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى

فیصلہ کرے گا ، اور اللہ ہرگز کافروں کو مؤمنوں پر

الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿۱۴۱﴾ ع اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ع ۲۰ ۱۷

کوئی راہ نہ دے گا ﴿۱۴۱﴾ بے شک مُنافقین اللہ کے ساتھ دھوکے

يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا

بازی کر رہے ہیں؛ حالانکہ اللہ ہی نے اُن کو دھوکے میں ڈال

قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ

رکھا ہے، اور جب وہ نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں تو سُستی

يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا

کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں محض لوگوں کو دِکھانے کے لیے، اور

قَلِيْلًا ﴿۱۴۲﴾ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ

وہ اللہ کو کم ہی یاد کرتے ہیں ﴿۱۴۲﴾ وہ دونوں کے بیچ لٹک رہے

لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَمَنْ

ہیں ، نہ اِدھر ہیں اور نہ اُدھر ہیں ، اور جس کو اللہ

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾

بھٹکا دے آپ اُس کے لیے کوئی راہ نہیں پا سکتے ﴿۱۴۳﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا

اے ایمان والو ! مؤمنوں کو چھوڑ کر

الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ

کافروں کو اپنا دوست نہ بناؤ ،

اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ

کیا تم یہ چاہتے ہو کہ اپنے اوپر اللہ کی

سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي

کھلی حجّت قائم کرلو ﴿۱۴۴﴾ بے شک مُنافقین

الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ

دوزخ کے سب سے نچلے درجے میں ہوں گے، اور تم اُن کا

لَهُمْ نَصِيْرًا ۙ﴿۱۴۵﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا

کوئی مددگار نہ پاؤ گے ﴿۱۴۵﴾ البتہ جو لوگ توبہ کریں اور اپنی

وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا

اصلاح کرلیں اور اللہ کو مضبوطی سے پکڑ لیں اور اپنے دین کو اللہ

دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

کے لیے خالص کرلیں تو یہ لوگ ایمان والوں کے ساتھ ہوں

وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾

گے، اور اللہ ایمان والوں کو بڑا ثواب دے گا ﴿۱۴۶﴾

مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ

اللہ تم کو عذاب دے کر کیا کرے گا اگر تم شُکر گزاری کرو اور

وَاٰمَنْتُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾

ایمان لاؤ، اللہ بڑا قدردان ہے، سب کچھ جاننے والا ہے ﴿۱۴۷﴾

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ

اللہ بُری بات کہنے کو پسند نہیں کرتا مگر یہ کہ

الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا

کسی پر ظلم ہوا ہو ، اور اللہ سننے والا ، جاننے والا

عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ

ہے ﴿۱۴۸﴾ اگر تم بھلائی کو ظاہر کرو یا اُس کو چھپاؤ

اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ

یا کسی بُرائی سے درگُزر کرو تو اللہ معاف کرنے والا،

عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿۱۴۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ

قدرت رکھنے والا ہے ﴿۱۴۹﴾ جو لوگ اللہ اور اُس کے

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا

رسولوں کا انکار کررہے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ اللہ اور اُس

بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ

کے رسولوں کے درمیان تفریق کریں اور کہتے ہیں کہ ہم کسی کو

بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ

مانیں گے اور کسی کو نہ مانیں گے ، اور وہ چاہتے

اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۙ ﴿۱۵۰﴾

ہیں کہ اِس کے بیچ میں ایک راہ نکالیں ﴿۱۵۰﴾

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا

ایسے لوگ پکّے کافر ہیں ، اور ہم نے کافروں

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۵۱﴾ وَالَّذِيْنَ

کے لیے ذِلّت کا عذاب تیّار کر رکھا ہے ﴿۱۵۱﴾ اور جو لوگ

اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ

اللہ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لائے اور اُن میں سے

اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ

کسی کو جدا نہ کیا اُن کو اللہ اُن کا اجر دے

اُجُوْرَهُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۵۲﴾ ع ۲۱ ۱۱ ۱

گا ، اور اللہ بخشنے والا ، رحم کرنے والا ہے ﴿۱۵۲﴾

يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ

اہلِ کتاب آپ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ آپ اُن پر آسمان سے

كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى

ایک کتاب اُتار لائیں، پس موسیٰ (علیہ السلام) سے وہ اِس سے بھی

اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ

بڑی چیز کا مطالبہ کر چکے ہیں جب کہ اُنہوں نے کہا کہ ہمیں اللہ

جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ

کو بالکل سامنے دِکھا دو، پس اُن کی اِس زیادتی کے

ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا

سبب اُن پر بجلی آ پڑی، پھر کُھلی نشانیاں آ جانے کے بعد اُنہوں

جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ

نے بچھڑے کو معبود بنا لیا، پھر ہم نے اُس سے درگزر کیا،

وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾

اور موسیٰ (علیہ السلام) کو ہم نے کُھلی حُجّت عطا کی ﴿۱۵۳﴾

وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ

اور ہم نے اُن کے اوپر کوہِ طور کو اُٹھایا اُن سے عہد لینے کے

وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا

واسطے اور ہم نے اُن سے کہا کہ دروازے میں سے داخل ہو سَر

وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ

جُھکائے ہوئے اور اُن سے کہا کہ سنیچر کے معاملے

وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾

میں زیادتی نہ کرنا ، اور ہم نے اُن سے مضبوط عہد لیا ﴿۱۵۴﴾

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ

اُن کو جو سزا ملی وہ اِس پر کہ انہوں نے اپنے عہد کو توڑا اور اِس پر کہ اُنہوں

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ

نے اللہ کی نشانیوں کا انکار کیا اور اِس پر کہ اُنہوں نے پیغمبروں کو ناحق قتل

حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ

کیا ، اور اِس بات کے کہنے پر کہ ہمارے دِل تو بند ہیں ؛ بلکہ اللہ نے

اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ

اُن کے انکار کی وجہ سے اُن کے دِلوں پر مُہر لگادی ہے تو وہ

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾ وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ

کم ہی ایمان لاتے ہیں ﴿۱۵۵﴾ اور اُن کے انکار پر اور

عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ﴿۱۵۶﴾

مریم (علیہاالسلام) پر بڑا الزام لگانے کی وجہ سے ﴿۱۵۶﴾

وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى

اور اُن کے یہ کہنے پر کہ ہم نے مسیح عیسیٰ ابن مریم (علیہاالسلام) اللہ کے

ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ

رسول کو قتل کر دیا؛ حالانکہ اُنہوں نے نہ اُن کو قتل کیا اور نہ اُن کو سُولی دی

وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ

بلکہ معاملہ اُن کے لیے مُشتبہ کر دیا گیا، اور جو لوگ اِس میں اختلاف

الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ

کر رہے ہیں وہ اُن کے بارے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں،

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ

اُن کو اِس کا کوئی علم نہیں سوائے اس کے کہ وہ صرف اندازوں پر چل

وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۙ ﴿۱۵۷﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ

رہے ہیں، اور بے شک اُنہوں نے اُن کو قتل نہیں کیا ﴿۱۵۷﴾ بلکہ اللہ نے

اِلَيْهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۵۸﴾

اُنہیں اپنی طرف اُٹھالیا، اور اللہ زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿۱۵۸﴾

وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ

اور اہلِ کتاب میں سے کوئی ایسا نہیں جو اپنی موت سے پہلے

بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ

اُن پر ایمان نہ لے آئے، اور قیامت کے دن وہ اُن پر گواہ

عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۚ ﴿۱۵۹﴾ فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ

ہوں گے ﴿۱۵۹﴾ پس یہود کے ظلم کی وجہ سے ہم نے وہ

هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ

پاک چیزیں اُن پر حرام کر دیں جو اُن کے لیے حلال تھیں،

لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اور اِس وجہ سے کہ وہ اللہ کی راہ سے بہت روکتے

كَثِيْرًا ﴿۱۶۰﴾ وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا

تھے ﴿۱۶۰﴾ اور اِس وجہ سے کہ وہ سود لیتے تھے؛ حالانکہ اُس سے

عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ؕ

اُنہیں منع کیا گیا تھا، اور اِس وجہ سے کہ وہ لوگوں کا مال ناحق

وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا

طریقے سے کھاتے تھے، اور ہم نے اُن میں سے کافروں کے

اَلِيْمًا ﴿۱۶۱﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ

لیے دردناک عذاب تیّار کر رکھا ہے ﴿۱۶۱﴾ مگر اُن میں جو لوگ علم

مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ

میں پکّے ہیں اور ایمان والے ہیں وہ ایمان لائے ہیں اُس چیز پر

اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ

جو آپ پر اُتاری گئی اور جو آپ سے پہلے اُتاری گئی

وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

اور وہ نماز کے پابند ہیں اور زکوٰۃ ادا کرنے والے ہیں

وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ

اور اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھنے والے ہیں، ایسے

ع ۲۲ ۱۰ ۲ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۶۲﴾ ع اِنَّآ

لوگوں کو ہم ضرور بڑا اجر دیں گے ﴿۱۶۲﴾ ہم نے آپ کی

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ

طرف وحی بھیجی ہے جس طرح ہم نے نوح (علیہ السلام)

وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى

اور اُن کے بعد کے نبیوں کی طرف وحی بھیجی تھی، اور ہم نے وحی

اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

بھیجی تھی ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب

وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ

اور اولاد یعقوب اور عیسیٰ اور ایوب اور یونس

وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ

اور ہارون اور سلیمان (علیہم السلام) کی طرف ، اور ہم نے داؤد

زَبُوْرًا ﴿۱۶۳﴾ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ

(علیہ السلام) کو زبور عطا کی ﴿۱۶۳﴾ اور ہم نے ایسے رسول بھیجے جن کا

مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ

حال ہم آپ کو پہلے سنا چکے ہیں اور ایسے رسول بھی جن کا حال ہم

عَلَيْكَ ؕ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ۚ ﴿۱۶۴﴾

نے آپ کو نہیں سنایا، اور موسیٰ (علیہ السلام) سے تو اللہ نے گفتگو کی ﴿۱۶۴﴾

احتیاط ←

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ

(اللہ نے) رسولوں کو خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا؛

لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ ۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ

تاکہ رسولوں کے بعد لوگوں کے پاس اللہ کے مقابلہ میں کوئی حجت

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۶۵﴾ لٰكِنِ

باقی نہ رہے ، اور اللہ زبردست ہے ، حکمت والا ہے ﴿۱۶۵﴾ مگر

اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ

اللہ گواہ ہے اُس پر جو اُس نے آپ پر اُتارا ہے کہ اُس نے

بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ؕ

اُسے اپنے علم کے ساتھ اُتارا ہے، اور فرشتے بھی گواہی دیتے

وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ؕ ﴿۱۶۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

ہیں ، اور اللہ گواہی کے لیے کافی ہے ﴿۱۶۶﴾ بے شک

كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

جن لوگوں نے انکار کیا اور اللہ کے راستے سے روکا

قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًا ۢ بَعِيْدًا ﴿۱۶۷﴾ اِنَّ

وہ بہک کر بہت دور نکل گئے ﴿۱۶۷﴾ جن لوگوں نے کفر اپنایا ہے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ

اور (دوسروں کو اللہ کے راستے سے روک کر اُن پر) ظلم کیا ہے

اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَ لَا لِيَهْدِيَهُمْ

اللہ اُن کو بخشنے والا نہیں ہے اور نہ اُن کو کوئی اور راستہ

طَرِيْقًا ﴿۱۶۸﴾ اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ

دِکھانے والا ہے ﴿۱۶۸﴾ سوائے دوزخ کے راستے کے جس میں

فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

وہ ہمیشہ ہمیش رہیں گے ، اور یہ بات اللہ کے لیے بہت

يَسِيْرًا ﴿۱۶۹﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ

معمولی ہے ﴿۱۶۹﴾ اے لوگو ! تمہارے پاس رسول آچکا ہے

الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا

تمہارے رب کی طرف سے حق بات لے کر ، پس (اُس کو)

خَيْرًا لَّكُمْ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ

مان لو تا کہ تمہارا بھلا ہو ، اور اگر نہ مانو گے تب بھی اللہ ہی

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے ، اور اللہ جاننے

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷۰﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا

والا ، حکمت والا ہے ﴿۱۷۰﴾ اے اہلِ کتاب ! اپنے دین میں

فِیْ دِیْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ

حد سے نہ بڑھو اور اللہ کے بارے میں کوئی بات حق کے سوا نہ کہو،

اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِیْحُ عِیْسَى ابْنُ

مسیح عیسیٰ ابن مریم (علیہ السلام) تو بس اللہ کے ایک رسول اور اُس کا

مَرْیَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَاۤ

ایک کلمہ ہیں جس کو اُس نے مریم (علیہا السلام) کی طرف ڈالا تھا اور

اِلٰى مَرْیَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ ز فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

اُس کی جانب سے ایک روح ہیں، پس اللہ پر اور اُس کے

وَرُسُلِهٖ قف وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا

رسولوں پر ایمان لاؤ اور یہ نہ کہو کہ (خدا) تین ہیں، (ایسی باتیں

خَیْرًا لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ

کہنے سے) باز آجاؤ یہی تمہارے حق میں بہتر ہے، معبود تو بس ایک

سُبْحٰنَهٗۤ اَنْ یَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِی وقف لازم

اللہ ہی ہے، وہ پاک ہے کہ اُس کی اولاد ہو، اُسی کا ہے جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

آسمانوں اور زمین میں ہے ، اور اللہ ہی کا کارساز ہونا

۲۳ ع ۹ ۳ وَكِيْلًا ﴿۱۷۱﴾ ع لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ

کافی ہے ﴿۱۷۱﴾ مسیح کو ہرگز اللہ کا بندہ بننے

اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ

سے عار نہ ہوگی اور نہ مُقرّب فرشتوں کو ہوگی ،

الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ

اور جو اللہ کی بندگی سے عار کرے گا

وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿۱۷۲﴾

اور تکبّر کرے گا تو اللہ ضرور سب کو اپنے پاس جمع کرے گا ﴿۱۷۲﴾

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

پھر جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے نیک کام کیے تو اُن کو وہ

فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ

پورا پورا اجر دے گا اور اپنے فضل سے اُن کو مزید دے گا ،

وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا

اور جن لوگوں نے عار اور تکبّر کیا ہوگا اُن کو

فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّلَا يَجِدُوْنَ

دردناک عذاب دے گا اور وہ اللہ کے مقابلے

لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷۳﴾

میں نہ کسی کو اپنا دوست پائیں گے اور نہ مددگار ﴿۱۷۳﴾

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ

اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے دلیل

رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿۱۷۴﴾

آچکی ہے اور ہم نے تمہارے اوپر ایک واضح روشنی اُتار دی ﴿۱۷۴﴾

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ

پس جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور اُس کو اُنہوں نے مضبوط پکڑ

فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ

لیا اُن کو ضرور اللہ اپنی رحمت اور فضل میں داخل کرے گا

وَّيَهْدِيَهُمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۱۷۵﴾

اور اُن کو اپنی طرف سیدھا راستہ دِکھائے گا ﴿۱۷۵﴾

يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي

لوگ آپ سے حکم پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیجیے کہ اللہ تم کو "کلالہ" کے

الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ

بارے میں حکم بتاتا ہے، اگر کوئی شخص مَر جائے اور اُس کی کوئی اولاد

وَّلَهٗۤ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ

نہ ہو اور اُس کی ایک بہن ہو تو اُس کے لیے اُس کے تَرکے کا آدھا

يَرِثُهَاۤ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ؕ فَاِنْ كَانَتَا

حصّہ ہے، اور وہ مَرد اُس بہن کا وارث ہوگا اگر اُس بہن کی کوئی اولاد

اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ؕ وَاِنْ

نہ ہو، اور اگر دو بہنیں ہوں تو اُن کے لیے اُس کے تَرکے کا دو تہائی

كَانُوْۤا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ

ہوگا، اور اگر کئی بھائی بہن مرد عورتیں ہوں تو ایک مَرد کے لیے

مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ

دو عورتوں کے برابر حصّہ ہے، اللہ تمہارے لیے بیان کرتا ہے

اَنْ تَضِلُّوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾ ع ۲۴ ۵

تاکہ تم گمراہ نہ ہو، اور اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے ﴿۱۷۶﴾

(۶) اَلْمَآئِدَة ۵

سورۂ مائدہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی سوائے آیت نمبر (۳) کے جو عرفات کے دن حجۃ الوداع میں نازل ہوئی، اس میں (۱۲۰) آیتیں اور (۱۶) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۱۲) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۵) نمبر پر ہے اور سورۂ فتح کے بعد نازل ہوئی ہے۔

اس میں (۲۸۴۲) کلمات ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اس میں (۱۲۴۶۴) حروف ہیں

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ؕ

اے ایمان والو! عہد و پیمان کو پورا کرو، تمہارے لیے مویشی کی

اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا

قِسم کے سب جانور حلال کیے گئے سوائے اُن کے جن کا ذکر

يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ

آگے کیا جا رہا ہے، مگر اِحرام کی حالت میں شکار کو

حُرُمٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ﴿۱﴾

حلال نہ جانو، بے شک اللہ فیصلہ کرتا ہے جو چاہتا ہے ﴿۱﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ

اے ایمان والو! بے حرمتی نہ کرو اللہ کی نشانیوں کی اور نہ حُرمت

اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ

والے مہینوں کی اور نہ حَرم میں قربانی والے جانوروں کی اور نہ پٹے

وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ آٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ

بندھے ہوئے نیاز کے جانوروں کی اور نہ حُرمت والے گھر کی طرف

يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ؕ وَاِذَا

آنے والوں کی جو اپنے رب کا فضل اور اُس کی خوشنودی ڈھونڈتے

حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ

نکلے ہیں، اور جب تم اِحرام کی حالت سے باہر آجاؤ تو شکار کرو، اور

شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

کسی قوم کی دُشمنی کہ اُس نے تم کو مسجدِ حرام سے روکا ہے تم کو اِس پر

الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى وقف لازم

نہ اُبھارے کہ تم زیادتی کرنے لگو، تم نیکی اور تقوے میں

الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ص وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ

ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی میں ایک دوسرے کی

وَالْعُدْوَانِ ص وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ

مدد نہ کرو اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا

الْعِقَابِ ۝٢ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ ع

ہے ۝٢ تم پر حرام کیا گیا مُردار اور خون اور سُوّر کا گوشت اور وہ

وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ

جانور جو اللہ کے سوا کسی اور کے نام پر ذبح کیا گیا ہو اور جو مر گیا

لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ

ہو گلا گھونٹنے سے یا چوٹ لگنے سے یا اونچائی سے گر کر یا سینگ

وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ

مارے جانے سے اور وہ جس کو درندے نے کھایا ہو مگر جس کو تم

السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ق وَمَا ذُبِحَ

نے ذبح کر لیا ہو، اور وہ جو بُتوں کی خاص جگہوں پر

عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ؕ

ذبح کیا گیا ہو اور یہ کہ تم تقسیم کرو جوئے کے تیروں سے ،

ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ؕ اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ

یہ سب گناہ کے کام ہیں ، آج کافر تمہارے دین کی طرف

كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ

سے مایوس ہو گئے پس تم اُن سے نہ ڈرو بلکہ صرف مجھ سے

وَاخْشَوْنِ ؕ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ

ڈرو، آج میں نے تمہارے لیے تمہارے دین کو پورا کر دیا

وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ

اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو دین کی

الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ

حیثیت سے پسند کر لیا، پس جو بھوک سے مجبور ہو جائے

غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

لیکن گناہ پر مائل نہ ہو تو بے شک اللہ بخشنے والا ،

رَّحِيْمٌ ﴿۳﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ؕ

مہربان ہے ﴿۳﴾ وہ آپ سے پوچھتے ہیں کہ اُن کے لیے کیا چیز

قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ

حلال کی گئی ہے، کہہ دیجیے کہ تمہارے لیے پاکیزہ چیزیں حلال

مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا

ہیں، اور شکاری جانوروں میں سے جن کو تم نے سِدھایا ہے تم اُن کو

عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ز فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ

سِکھاتے ہو اُس میں سے جو اللہ نے تم کو سِکھایا ہے، پس تم اُن کے

وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ص وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

شکار میں سے کھاؤ جو وہ تمہارے لیے پکڑ رکھیں اور اُن پر اللہ کا نام لو

اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۴﴾ اَلْيَوْمَ

اور اللہ سے ڈرو، اللہ بے شک جلد حساب لینے والا ہے ﴿۴﴾ آج

اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ

تمہارے لیے سب پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئیں، اور اہلِ کتاب کا کھانا

أُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۖ وَطَعَامُكُمْ

تمہارے لیے حلال ہے اور تمہارا کھانا اُن کے لیے حلال ہے،

حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ

(اور حلال ہیں تمہارے لیے) پاک دامن عورتیں مسلمان

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا

عورتوں میں سے اور پاک دامن عورتیں اُن میں سے جن کو تم

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ

سے پہلے کتاب دی گئی جب تم اُنہیں اُن کا مہر دے دو اِس طرح

أُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ

کہ تم نکاح میں لانے والے ہوں نہ کہ بدکاری کرنے والے

وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ

ہوں اور نہ ہی چوری چھپے دوستی کرنے والے، اور جو شخص ایمان

بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۡ وَهُوَ

کے ساتھ کفر کرے گا تو اُس کا عمل ضائع ہو جائے گا اور وہ

فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝٥ يٰٓاَيُّهَا ع ع ١ ٥

آخرت میں نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہوگا ۝٥ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ

ایمان والو ! جب تم نماز کے لیے اُٹھو تو اپنے

فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى

چہروں اور اپنے ہاتھوں کو کُہنیوں تک دھو لو

الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ

اور اپنے سَروں کا مسح کرو اور اپنے پَیروں

وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ

کو ٹخنوں تک دھو لو، اور اگر تم جنابت کی حالت میں

جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى

ہو تو غسل کرو ، اور اگر تم

اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ

مریض ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی

مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ

استنجا سے آئے یا تم نے عورت سے صحبت کی ہو

فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا

پھر تم کو پانی نہ ملے تو پاک مٹّی سے تیمّم کر لو اور اپنے

طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ

چہروں اور ہاتھوں پر اُس سے مسح کر لو ،

مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ

اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر کوئی تنگی ڈالے ؛

مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ

بلکہ وہ چاہتا ہے کہ تم کو پاک کرے

وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ

اور تم پر اپنی نعمت پوری کرے ؛ تاکہ تم شکر گزار

تَشْكُرُوْنَ ۝٦ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ

بنو ۝٦ اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو

عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ

یاد کرو اور اُس کے عہد کو یاد کرو جو اُس نے تم سے لیا ہے،

بِهٖٓ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ز

جب تم نے کہا کہ ہم نے سُنا اور ہم نے مانا ،

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ دِلوں کی بات تک کو جانتا

الصُّدُوْرِ ۝٧ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ہے ۝٧ اے ایمان والو ! اللہ کے لیے قائم

كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ز

رہنے والے ، انصاف کے ساتھ گواہی دینے والے بنو ،

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا

اور کسی گروہ کی دُشمنی تم کو اِس پر نہ اُبھارے کہ تم انصاف نہ کرو

تَعْدِلُوْا ط اِعْدِلُوْا ۟ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ز

(بلکہ تم) انصاف کرو یہی تقوے سے زیادہ قریب ہے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا

اور اللہ سے ڈرو ، بے شک اللہ کو خبر ہے جو کچھ تم کرتے

تَعْمَلُوْنَ ﴿٨﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ہو ﴿٨﴾ جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ

نیک کام کیے اُن سے اللہ کا وعدہ ہے کہ اُن کے لیے بخشش

وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿٩﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اور بڑا اجر ہے ﴿٩﴾ اور جنہوں نے انکار کیا

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

اور ہماری نشانیوں کو جھٹلایا ایسے لوگ دوزخ والے

الْجَحِيْمِ ﴿١٠﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

ہیں ﴿١٠﴾ اے ایمان والو ! اپنے اوپر

اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ

اللہ کے احسان کو یاد کرو جب ایک قوم نے

قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ

ارادہ کیا کہ تمہاری جانب ہاتھ بڑھائے تو اللہ نے

فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

تم سے اُن کے ہاتھ کو روک دیا، اور اللہ سے ڈرو ،

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١١﴾ ع ٢ ٦ ٢

اور ایمان والوں کو تو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے ﴿١١﴾

وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ

اور اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا

وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَىْ عَشَرَ نَقِيْبًا ؕ

اور ہم نے اُن میں سے بارہ سردار مُقرّر کیے ،

وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مَعَكُمْ ؕ لَئِنْ اَقَمْتُمُ

اور اللہ نے کہا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں، اگر تم نماز قائم

الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ

کروگے اور زکوٰۃ ادا کروگے اور میرے پیغمبروں پر

بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ

ایمان لاؤ گے اور اُن کی مدد کرو گے اور اللہ کو

قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ

قرضِ حسن دو گے تو میں تم سے تمہارے

سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

گناہ ضرور دور کردوں گا اور تم کو ضرور ایسے باغوں میں داخل

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ

کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، پس تم میں سے جو

ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ

شخص اِس کے بعد انکار کرے گا تو وہ سیدھے راستے سے

السَّبِيْلِ ﴿۱۲﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ

بھٹک گیا ﴿۱۲﴾ پس اُن کے وعدہ توڑ دینے کی وجہ سے ہم نے اُن

لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ

پر لعنت کر دی اور ہم نے اُن کے دِلوں کو سخت کر دیا،

يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا

وہ گفتگو کو اُس کی (صحیح) جگہ سے بدل دیتے ہیں اور جو کچھ اُن کو

حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ

نصیحت کی گئی تھی اُس کا بڑا حصّہ وہ بھُلا بیٹھے، اور آپ برابر اُن کی

عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ

کسی نہ کسی خیانت سے آگاہ ہوتے رہتے ہو سوائے تھوڑے لوگوں

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

کے، پس اُن کو معاف کر دیں اور اُن سے درگزر کریں، بے شک

يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَمِنَ الَّذِيْنَ

اللہ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے ﴿۱۳﴾ اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ہم

قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ

نصرانی ہیں، اُن سے ہم نے عہد لیا تھا پس جو کچھ نصیحت اُن کو کی گئی

فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا

تھی اُس کا بڑا حصّہ وہ بھُلا بیٹھے، پھر ہم نے قیامت تک کے لیے

بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ

اُن کے درمیان دُشمنی اور بُغض ڈال دیا ،

الْقِيٰمَةِ ؕ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا

اور آخر میں اللہ اُن کو آگاہ کردے گا اُس سے جو کچھ

كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۴﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ

وہ کررہے تھے ﴿۱۴﴾ اے اہلِ کتاب! تمہارے پاس ہمارا رسول

جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا

آیا ہے، وہ کتابِ الٰہی کی بہت سی اُن باتوں کو تمہارے سامنے کھول

مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ

رہا ہے جن کو تم چُھپاتے تھے اور وہ درگزر کرتا ہے بہت سی چیزوں

وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ قَدْ جَآءَكُمْ

سے، بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک روشنی اور ایک

مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ يَّهْدِيْ

ظاہر کرنے والی کتاب آچکی ہے ﴿۱۵﴾ اُس کے ذریعے سے

بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ

اللہ اُن لوگوں کو سلامتی کی راہیں دِکھاتا ہے جو اُس کی رضا کے

السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى

طالب ہیں اور اپنی توفیق سے اُن کو اندھیروں سے نکال کر

النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ

روشنی میں لا رہا ہے اور سیدھی راہ کی طرف اُن کی رہنمائی

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٦﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا

کرتا ہے ﴿١٦﴾ بے شک اُن لوگوں نے کفر کیا جنہوں نے کہا کہ

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ

اللہ ہی تو مسیح ابن مریم ہے ، آپ کہہ دیجیے کہ

قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ

پھر کون اختیار رکھتا ہے اللہ کے آگے کسی بھی

اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ

چیز کا اگر وہ چاہے کہ ہلاک کر دے مسیح ابن مریم کو

وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ

اور اُن کی ماں کو اور جتنے لوگ زمین میں ہیں سب کو ،

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا

اور اللہ ہی کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ

بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

اُن کے درمیان ہے، وہ پیدا کرتا ہے جو کچھ چاہتا ہے، اور اللہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٧﴾ وَقَالَتِ

ہر چیز پر قادر ہے ﴿١٧﴾ اور یہود و نصاریٰ کہتے ہیں کہ

الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ

ہم ہی اللہ کے بیٹے اور اُس کے محبوب ہیں ،

وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ

آپ کہہ دیجیے کہ پھر وہ تمہارے گناہوں پر تم کو

بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ

سزا کیوں دیتا ہے، نہیں بلکہ تم بھی اُس کی پیدا کی ہوئی

خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ

مخلوق میں سے ایک آدمی ہو، وہ جس کو چاہے گا بخشے گا اور جس کو

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

چاہے گا عذاب دے گا، اور اللہ ہی کے لیے ہے بادشاہت

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَاِلَيْهِ

آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے، اور اُسی

الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ

کی طرف لوٹ کر جانا ہے ﴿۱۸﴾ اے اہلِ کتاب! تمہارے پاس

رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ

ہمارا رسول آچکا ہے وہ تم کو صاف صاف بتا رہا ہے رسولوں کے

الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ

ایک وقفے کے بعد؛ تاکہ تم یہ نہ کہو کہ ہمارے پاس کوئی خوش خبری

بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ۚ فَقَدْ جَآءَكُمْ

دینے والا اور ڈرانے والا نہیں آیا، پس اب تمہارے پاس

بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا آ گیا ہے، اور اللہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ﴿۱۹﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ ع ۳ ۸ ۷

قادر ہے ﴿۱۹﴾ اور جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا کہ

يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اے میری قوم ! اپنے اوپر اللہ کے احسان کو یاد کرو کہ

اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ

اُس نے تمہارے اندر نبی پیدا کیے اور تم کو بادشاہ بنایا

مُّلُوْكًا ۖ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا

اور تم کو وہ سب دیا جو دنیا میں کسی اور کو نہیں

مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۰﴾ يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ

دیا تھا ﴿۲۰﴾ اے میری قوم ! داخل ہو جاؤ

الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ

اُس پاک زمین میں جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دی ہے

وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا

اور اپنی پیٹھ کی طرف نہ لوٹو ورنہ نقصان میں پڑجاؤ

خٰسِرِيْنَ ﴿٢١﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا

گے ﴿٢١﴾ اُنہوں نے کہا: اے موسیٰ! وہاں ایک سخت مزاج قوم

قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا

آباد ہے، ہم ہرگز وہاں نہ جائیں گے جب تک وہ وہاں سے

حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا

نکل نہ جائے ، ہاں اگر وہ وہاں سے نکل جائے تو ہم داخل

مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿٢٢﴾ قَالَ رَجُلٰنِ

ہو جائیں گے ﴿٢٢﴾ (اُن میں سے) دو آدمی جو اللہ سے ڈرنے

مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ

والوں میں سے تھے اور اُن دونوں پر اللہ نے انعام کیا تھا اُنہوں

عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا

نے کہا کہ تم اُن پر حملہ کر کے شہر کے پھاٹک میں داخل ہو جاؤ، جب

دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ۵ وَعَلَى اللّٰهِ

تم اُس میں داخل ہو جاؤ گے تو تم ہی غالب رہو گے، اور اللہ پر

فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالُوْا

بھروسہ رکھو اگر تم مؤمن ہو ﴿۲۳﴾ اُنہوں نے کہا کہ اے

يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا

موسیٰ! ہم کبھی وہاں داخل نہ ہوں گے جب تک وہ لوگ وہاں

فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ

ہیں، پس تم اور تمہارا اللہ دونوں جا کر لڑو، ہم یہاں بیٹھے

اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿۲۴﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ

ہیں ﴿۲۴﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے پروردگار! اپنے اور

لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِيْ وَاَخِيْ فَافْرُقْ

اپنے بھائی کے سوا کسی پر میرا اختیار نہیں، پس آپ ہمارے اور

بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۵﴾

اِس نا فرمان قوم کے درمیان جدائی پیدا فرما دیجیے ﴿۲۵﴾

قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ

اللہ نے کہا: وہ مُلک اُن پر چالیس سال کے لیے حرام کر دیا گیا

سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِى الْاَرْضِ ؕ فَلَا تَاْسَ

ہے، یہ لوگ زمین میں بھٹکتے پھریں گے، پس آپ اِس نافرمان

عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ ع ۴ ۷ ۸

قوم پر افسوس نہ کریں ﴿۲۶﴾ اور اُن کو آدم (علیہ السلام) کے دونوں

نَبَاَ ابْنَىْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا وقف لازم

بیٹوں کا قِصّہ حق کے ساتھ سُنایئے، جبکہ اُن دونوں نے قُربانی پیش

فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ

کی تو اُن میں سے ایک کی قُربانی قبول ہوئی اور دوسرے کی قُربانی

مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ قَالَ

قبول نہ ہوئی، اُس نے کہا: میں تجھ کو مار ڈالوں گا، اُس نے جواب

اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾ النصف

دیا کہ اللہ تو صرف پرہیزگاروں ہی سے قبول کرتا ہے ﴿۲۷﴾

لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ
اگر تم مجھے قتل کرنے کے لیے ہاتھ اُٹھاؤ گے تو میں تم کو قتل کرنے

مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ
کے لیے تم پر ہاتھ نہیں اُٹھاؤں گا، میں ڈرتا ہوں اُس اللہ سے

اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنِّيْٓ
جو سارے جہانوں کا رب ہے ﴿۲۸﴾ میں چاہتا ہوں کہ میرا

اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ
اور اپنا گناہ تم ہی لے لو پھر تم آگ والوں میں

مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا
شامل ہو جاؤ، اور یہی سزا ہے ظلم کرنے والوں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ ۚ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ
کی ﴿۲۹﴾ پھر اُس کے نفس نے اُس کو اپنے بھائی کے قتل

قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ
پر راضی کرلیا اور اُس نے اُسے قتل کر ڈالا، پھر وہ نقصان

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا

اُٹھانے والوں میں شامل ہوگیا ﴿۳۰﴾ پھر اللہ نے ایک کوّے کو بھیجا

يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ

جو زمین میں کُریدتا تھا ؛ تاکہ وہ اُس کو دِکھائے کہ

يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ؕ قَالَ يٰوَيْلَتٰى

وہ اپنے بھائی کی لاش کو کس طرح چُھپائے ، اُس نے کہا :

اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ

افسوس میری حالت پر کہ میں اِس کوّے جیسا بھی نہ ہوسکا کہ

فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ

اپنے بھائی کی لاش کو چُھپا دیتا ، پس وہ شرمندگی اُٹھانے

النّٰدِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ۛ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۚۛ

والوں میں سے ہوگیا ﴿۳۱﴾ اِسی سبب سے ہم نے

كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ

بنی اسرائیل پر یہ لکھ دیا کہ جو شخص

قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِى

کسی کو قتل کرے بغیر اِس کے کہ اُس نے کسی کو قتل کیا ہو یا زمین

الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ

میں فساد برپا کیا ہو تو گویا اُس نے سارے انسانوں کو قتل کر ڈالا،

وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ

اور جس نے ایک شخص کو بچایا تو گویا اُس نے سارے

جَمِيْعًا ؕ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا

انسانوں کو بچالیا ، اور ہمارے پیغمبر اُن کے پاس کھلے

بِالْبَيِّنٰتِ ز ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ

ہوئے احکام لے کر آئے اُس کے باوجود اُن میں سے بہت

بَعْدَ ذٰلِكَ فِى الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ﴿۳۲﴾

سے لوگ زمین میں زیادتیاں کرتے ہیں ﴿۳۲﴾

اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ

جو لوگ اللہ اور اُس کے رسول سے

وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا

لڑتے ہیں اور زمین میں فساد کرنے کے لیے دوڑتے ہیں

اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ

اُن کی سزا یہی ہے کہ اُن کو قتل کر دیا جائے یا وہ سُولی پر چڑھائے

اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ

جائیں یا اُن کے ہاتھ اور پاؤں مخالف سمت سے

يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ۭ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ

کاٹے جائیں یا اُن کو ملک سے باہر نکال دیا جائے ،

فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ

یہ اُن کی رُسوائی ہے دنیا میں اور آخرت میں اُن کے لیے

عَظِيْمٌ ۙ﴿۳۴﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ

بڑا عذاب ہے ﴿۳۴﴾ مگر جو لوگ توبہ کر لیں تمہارے

اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

اُن پر قابو پا لینے سے پہلے تو جان لو کہ اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ع ۵ ۸ ۹

بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿۳۴﴾ اے ایمان والو !

اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ

اللہ سے ڈرو اور اُس کا قُرب تلاش کرو

وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ

اور اُس کی راہ میں جدّ و جُہد کرو ؛ تاکہ تم کامیاب

تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ

ہوجاؤ ﴿۳۵﴾ بے شک جن لوگوں نے کفر کیا ہے اگر اُن کے پاس وہ

اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا

سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اُتنا ہی اور ہو؛ تاکہ وہ اُس کو

وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ

فِدیے میں دے کر قیامت کے دن عذاب سے چھوٹ جائیں

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ

تب بھی وہ اُن سے قبول نہ کیا جائے گا اور اُن کے لیے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۳۶﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا

دردناک عذاب ہے ﴿۳۶﴾ وہ چاہیں گے کہ

مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ز

آگ سے نکل جائیں حالانکہ وہ اُس سے نکل نہ سکیں گے،

وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۳۷﴾ وَالسَّارِقُ

اور اُن کے لیے ایک مستقل عذاب ہے ﴿۳۷﴾ اور چور مرد اور

وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءً

چور عورت دونوں کے ہاتھ کاٹ دو، یہ اُن کے کرتوت کا بدلہ

بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ

ہے اور اللہ کی طرف سے عبرت ناک سزا، اور اللہ غالب،

حَكِيْمٌ ﴿۳۸﴾ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ

حکمت والا ہے ﴿۳۸﴾ پھر جس نے اپنے ظلم کے بعد توبہ کی

ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ط

اور اصلاح کر لی تو اللہ بے شک اُس پر توجّہ کرے گا،

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۹﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ

اور اللہ بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿۳۹﴾ کیا آپ نہیں جانتے کہ

اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

اللہ آسمانوں اور زمین کی سلطنت کا مالک ہے ،

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ

وہ جس کو چاہے سزا دے اور جس کو چاہے معاف

يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۰﴾

کر دے ، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿۴۰﴾

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ

اے (پیارے) نبی! آپ کو وہ لوگ رنج میں نہ ڈالیں جو کفر کی راہ

يُسَارِعُوْنَ فِى الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ

میں بڑی تیزی دِکھا رہے ہیں چاہے وہ اُن لوگوں میں سے ہوں جو

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ

اپنے منہ سے کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ؛ حالانکہ اُن کے دل

مع قُلُوْبُهُمْ ۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۚ

ایمان نہیں لائے یا اُن میں سے ہوں جو یہودی ہیں ،

سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ

جھوٹ کے بڑے سُننے والے، سُننے والے دوسرے لوگوں کی

اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ؕ يُحَرِّفُوْنَ

خاطر جو آپ کے پاس نہیں آئے، وہ گفتگو کو اُس کی جگہ سے ہٹا

الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ

دیتے ہیں ، وہ لوگوں سے کہتے ہیں کہ اگر تم کو یہ حکم مِلے تو

اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ

قبول کر لینا اور اگر یہ حکم نہ مِلے تو اُس سے بچ کر رہنا ،

لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ

اور جس کو اللہ فتنے میں ڈالنا چاہے تو آپ اللہ کے

فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ

مقابلے میں اُس کے معاملے میں کچھ نہیں کر سکتے ،

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ

یہی وہ لوگ ہیں کہ اللہ نے نہیں چاہا کہ اُن کے دِلوں

يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ؕ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا

کو پاک کرے ، اُن کے لیے دنیا میں رُسوائی ہے

خِزْيٌ ۖ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ

اور آخرت میں اُن کے لیے بڑا عذاب

عَظِيْمٌ ﴿٤١﴾ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ

ہے ﴿٤١﴾ وہ جھوٹ کے بڑے سُننے والے ہیں، حرام کے

لِلسُّحْتِ ؕ فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ

بڑے کھانے والے ہیں، اگر وہ آپ کے پاس آئیں تو چاہیں تو

بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ

آپ اُن کے درمیان فیصلہ کر دیں یا چاہیں تو اُن کو ٹال دیں ،

تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ؕ

اور اگر آپ اُن کو ٹال دیں تو وہ آپ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتے ،

وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ

اور اگر آپ فیصلہ کریں تو اُن کے درمیان انصاف کے مطابق

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَكَيْفَ

فیصلہ کریں، بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے ﴿۴۲﴾

يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا

اور وہ کیسے آپ کو فیصلہ کرنے والا بنا سکتے ہیں حالانکہ اُن کے

حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ

پاس تورات ہے جس میں اللہ کا حکم موجود ہے اور پھر وہ اُس سے

ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۳﴾ ع ٦ ۹ ۱۰

منہ موڑ رہے ہیں، اور یہ لوگ ہرگز ایمان والے نہیں ہیں ﴿۴۳﴾

اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ

بے شک ہم نے تورات اُتاری ہے جس میں ہدایت اور

يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا

روشنی ہے، اُسی کے مطابق اللہ کے فرماں بردار انبیاء

لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ

یہودی لوگوں کے درمیان فیصلہ کیا کرتے تھے اور اُن کے

بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا

اللہ والے لوگ اور علماء بھی؛ اِس لیے کہ وہ اللہ کی کتاب پر نگہبان

عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ

ٹھہرائے گئے تھے اور وہ اُس کے گواہ تھے، پس تم انسانوں سے

وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا

نہ ڈرو (بلکہ) مجھ سے ڈرو اور میری آیتوں کو معمولی قیمت کے

قَلِيْلًا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ

بدلے نہ بیچو، اور جو کوئی اُس کے موافق فیصلہ نہ کرے

اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۴﴾

جو اللہ نے اُتارا ہے تو وہی لوگ کافر ہیں ﴿۴۴﴾

وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ

اور ہم نے اِس کتاب میں اُن پر لکھ دیا ہے کہ جان کے بدلے

بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ

جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک

بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ

اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے

بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ فَمَنْ

دانت اور زخموں کا بدلہ اُن کے برابر ہوگا، پھر جس نے

تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنْ

اُس کو معاف کر دیا تو وہ اُس کے لیے کفّارہ ہے، اور جو شخص

لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ

اُس کے مطابق فیصلہ نہ کرے جو اللہ نے اُتارا ہے تو وہی

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ

لوگ ظالم ہیں ﴿۴۵﴾ اور ہم نے اُن کے پیچھے

بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا

عیسیٰ ابن مریم کو بھیجا تصدیق کرتے ہوئے

بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۬ وَاٰتَيْنٰهُ

اپنے سے پہلے کی کتاب تورات کی اور ہم نے اُن کو اِنجیل دی

الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا

جس میں ہدایت اور روشنی ہے اور وہ تصدیق کرنے والی تھی

لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى

اپنے سے پہلی کتاب تورات کی اور ہدایت اور نصیحت ڈرنے

وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٦﴾ ؕ وَلْيَحْكُمْ

والوں کے لیے ﴿٤٦﴾ اور چاہیے کہ اِنجیل والے اُس کے مطابق

اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ؕ

فیصلہ کریں جو اللہ نے اُس میں اُتارا ہے ، اور جو کوئی

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

اُس کے مطابق فیصلہ نہ کرے جو اللہ نے اُتارا ہے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَاَنْزَلْنَآ

تو وہی لوگ نافرمان ہیں ﴿٤٧﴾ اور ہم نے آپ کی طرف

اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا

کتاب اُتاری حق کے ساتھ ، تصدیق کرنے والی

بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا

پچھلی کتاب کی اور اُس کے مضامین پر نگہبان ،

عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ

پس آپ فیصلہ کریں اُس کے مطابق جو اللہ نے اُتارا ہے،

اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ

اور جو حق آپ کے پاس آچکا ہے اُس کو چھوڑ کر

مِنَ الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ

اُن کی خواہشوں کی پیروی نہ کریں ، ہم نے تم میں سے

شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ

ہر ایک کے لیے ایک شریعت اور ایک طریقہ ٹھہرایا ہے ،

اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

اور اگر اللہ چاہتا تو تم کو ایک ہی اُمّت بنا دیتا

وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ

مگر اللہ نے چاہا کہ وہ اپنے دیے ہوئے حکموں میں تمہاری آزمائش

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ

کرے پس تم بھلائیوں کی طرف دوڑو، آخر کار تم سب کو اللہ کی

جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ

طرف لوٹ کر جانا ہے پھر وہ تم کو آگاہ کر دے گا اُس چیز سے جس

تَخْتَلِفُوْنَ ۙ﴿۴۸﴾ وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ

میں تم اختلاف کر رہے تھے ﴿۴۸﴾ اور اُن کے درمیان اُس کے

بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ

مطابق فیصلہ کیجیے جو اللہ نے اُتارا ہے اور اُن کی خواہشوں کی پیروی

وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ

نہ کیجیے اور اُن لوگوں سے بچیے کہ کہیں وہ آپ کو پھسلا نہ دیں آپ

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا

کے اوپر اللہ کے اُتارے ہوئے کسی حکم سے، پس اگر وہ پھر جائیں

فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ

تو جان لیجیے کہ اللہ اُن کو اُن کے بعض

بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا

گناہوں کی سزا دینا چاہتا ہے ، اور یقیناً لوگوں میں

مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ﴿٤٩﴾ اَفَحُكْمَ

سے زیادہ انسان نافرمان ہیں ﴿٤٩﴾ کیا یہ لوگ

الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ؕ وَمَنْ اَحْسَنُ

جاہلیّت کا فیصلہ چاہتے ہیں ؟ اور اللہ سے بڑھ کر کس

مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿٥٠﴾ ع

کا فیصلہ ہوسکتا ہے اُن لوگوں کے لیے جو یقین رکھتے ہیں ﴿٥٠﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا

اے ایمان والو ! یہود اور نصاریٰ کو دوست

الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ

نہ بناؤ ، وہ ایک دوسرے کے

ع ۷ = وقف لازم ۔ قف منزل عند البعض ۔ وقف جائز

اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ

دوست ہیں، اور تم میں سے جو شخص اُن کو اپنا دوست بنائے گا تو

فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ

وہ اُن ہی میں سے ہوگا ، بے شک اللہ ظالم لوگوں کو

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ فَتَرَى الَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ

راہ نہیں دِکھاتا ﴿۵۱﴾ پس آپ دیکھو گے کہ جن لوگوں کے دِلوں

مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ

میں روگ ہے وہ اُن ہی کی طرف دوڑ رہے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ

نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى

ہم کو یہ اندیشہ ہے کہ ہم کسی مصیبت میں نہ پھنس جائیں، تو ممکن

اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِىَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ

ہے کہ اللہ فتح دے دے یا اپنی طرف سے کوئی خاص بات

عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا فِىْٓ

ظاہر کر دے تو یہ لوگ اُس چیز پر جس کو یہ اپنے دِلوں میں

اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ

چُھپائے ہوئے ہیں شرمندہ ہوں گے ﴿۵۲﴾ اور اُس وقت اہلِ

اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ

ایمان کہیں گے کہ کیا یہ وہی لوگ ہیں جو زور شور سے اللہ

جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ؕ

کی قسمیں کھا کر یقین دِلاتے تھے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں،

حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا

اُن کے سارے اعمال ضائع ہوگئے اور وہ گھاٹے میں

خٰسِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ع

رہے ﴿۵۳﴾ اے ایمان والو! تم میں سے جو شخص

مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ

اپنے دین سے پھر جائے تو اللہ جلد ایسے لوگوں کو لائے گا

يَاْتِى اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ

جو اللہ کو محبوب ہوں گے اور اللہ اُن کو محبوب ہوگا،

اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى

وہ مسلمانوں کے لیے نرم اور کافروں کے اوپر سخت

الْكٰفِرِيْنَ ز يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ

ہوں گے ، وہ اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے

اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ط ذٰلِكَ

اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈریں گے ،

فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ

یہ اللہ کا فضل ہے وہ جس کو چاہتا ہے عطا کرتا ہے، اور اللہ

وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٥٤﴾ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ

وُسعت والا ، علم والا ہے ﴿٥٤﴾ تمہارے دوست تو

وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ

بس اللہ اور اُس کا رسول اور وہ ایمان والے ہیں

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں

وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ

اور وہ (اللہ کے آگے) جھکنے والے ہیں ﴿۵۵﴾ اور جو شخص اللہ

وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ

اور اُس کے رسول اور ایمان والوں کو دوست بنائے تو بے شک

اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۵۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ۸ ۶ ۱۲

اللہ کی جماعت ہی غالب رہنے والی ہے ﴿۵۶﴾ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

اُن لوگوں کو دوست نہ بناؤ جنہوں نے تمہارے

دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ

دین کو مذاق اور کھیل بنا لیا ہے اُن لوگوں میں سے

اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ

جن کو تم سے پہلے کتاب دی گئی اور نہ کافروں

اَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ

کو ، اور اللہ سے ڈرتے رہو اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى

ایمان والے ہو ﴿۵۷﴾ اور جب تم نماز کے لیے

الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ؕ

بُلاتے ہو تو وہ لوگ اُس کو مذاق اور کھیل بنا لیتے ہیں ،

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۵۸﴾

اِس کی وجہ یہ ہے کہ وہ عقل نہیں رکھتے ﴿۵۸﴾

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ

(اے نبی) آپ کہہ دیجیے کہ اے اہلِ کتاب! تم ہم سے صرف اِس

اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا

لیے ضد رکھتے ہو کہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور اُس پر جو ہماری طرف

وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ

اُتارا گیا اور اُس پر جو ہم سے پہلے اُترا، اور تم میں سے اکثر لوگ

فٰسِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ

نافرمان ہیں ﴿۵۹﴾ آپ کہہ دیجیے کہ کیا میں تم کو بتاؤں وہ جو

مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ

اللہ کے یہاں انجام کے اعتبار سے اِس سے بھی زیادہ بُری ہے،

لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ

وہ جس پر اللہ نے لعنت کی اور جس پر اُس کا غضب ہوا

مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ

اور جن میں سے بندر اور سُوّر بنا دیے اور اُنہوں نے

الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا

شیطان کی عبادت کی ، ایسے لوگ ٹھکانے کہ اعتبار سے بدتر

وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿٦٠﴾ وَاِذَا

اور راہِ راست سے بہت دور ہیں ﴿٦٠﴾ اور جب وہ تمہارے

جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا

پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ؛ حالانکہ

بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ

وہ کافر آئے تھے اور کافر ہی چلے گئے ، اور اللہ

اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿٦١﴾ وَتَرٰى

خوب جانتا ہے اُس چیز کو جس کو وہ چُھپا رہے ہیں ﴿٦١﴾ اور

كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِي الْاِثْمِ

آپ اُن میں سے اکثر کو دیکھو گے کہ وہ گناہ اور ظلم

وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ

اور حرام کھانے پر دوڑتے ہیں ، کیسے بُرے کام ہیں

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٢﴾ لَوْلَا يَنْهٰهُمُ

جو وہ کر رہے ہیں ﴿٦٢﴾ کیوں نہیں روکتے

الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ

اُن کے بڑے بزرگ اور علماء اُن کو بُری

الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ

بات کہنے سے اور حرام کھانے سے ، کیسے بُرے

مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَقَالَتِ

کام ہیں جو وہ کر رہے ہیں ﴿٦٣﴾ اور یہود

الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ

کہتے ہیں کہ اللہ کے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں، اُنہیں کے

اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ وقف لازم

ہاتھ بندھ جائیں اور لعنت ہو اُن پر ایسی بات کہنے پر؛ بلکہ

يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ

اللہ کے دونوں ہاتھ کُھلے ہوئے ہیں وہ جس طرح چاہتا ہے

يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ

خرچ کرتا ہے، اور آپ کے اوپر آپ کے پروردگار کی طرف

مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا

سے جو کچھ اُترا ہے وہ اُن میں سے اکثر لوگوں کی سرکشی

وَّكُفْرًا ؕ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ

اور انکار کو بڑھا رہا ہے، اور ہم نے اُن کے درمیان دُشمنی

وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ

اور کینہ قیامت تک کے لیے ڈال دیا ہے، جب

اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ

کبھی وہ لڑائی کی آگ بھڑکاتے ہیں تو اللہ اُس کو بُجھا دیتا

وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ

ہے ، اور وہ زمین میں فساد پھیلانے میں مصروف ہیں ؛

لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَوْ اَنَّ

حالانکہ اللہ فساد پھیلانے والوں کو پسند نہیں کرتا ﴿۶۴﴾ اور اگر

اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا

اہلِ کتاب ایمان لاتے اور اللہ سے ڈرتے تو ہم ضرور اُن کی

عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ

بُرائیاں اُن سے دور کر دیتے اور اُن کو نعمتوں کے باغات میں

النَّعِيْمِ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ

داخل کرتے ﴿۶۵﴾ اور اگر وہ تورات اور اِنجیل کی پابندی

وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ

کرتے اور اُس کی جو اُن پر اُن کے رب کی طرف سے

رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ

اُتارا گیا ہے تو وہ کھاتے اپنے اوپر سے اور اپنے قدموں کے

اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ

نیچے سے، کچھ لوگ اُن میں سے سیدھی راہ پر ہیں لیکن زیادہ

وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ ع ۹ ع ۱۰ ۱۳

لوگ اُن میں سے ایسے ہیں جو بہت بُرا کر رہے ہیں ﴿٦٦﴾

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

اے (پیارے) نبی! جو کچھ آپ پر آپ کے رب کی طرف سے

مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ

اُترا ہے اُس کو پہونچا دیجیے، اور اگر آپ نے ایسا نہیں کیا تو آپ

رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ

نے اللہ کے پیغام کو نہیں پہونچایا، اور اللہ آپ کو لوگوں سے

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٧﴾

بچائے گا ، اللہ یقیناً مُنکِر لوگوں کو راہ نہیں دِکھاتا ﴿٦٧﴾

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ
آپ کہہ دیجیے کہ اے اہلِ کتاب ! تم کسی چیز پر نہیں

حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ
جب تک کہ تم قائم نہ کرو تورات اور اِنجیل کو اور اُس کو

اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ
جو تمہارے اوپر اُترا ہے تمہارے رب کی طرف سے ،

كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ
اور جو کچھ تمہارے رب کی طرف سے اُتارا گیا ہے وہ یقیناً

رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ
اُن میں سے اکثر کی سرکشی اور انکار کو بڑھائے گا ، پس آپ

عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ
انکار کرنے والوں پر افسوس نہ کریں ﴿٦٨﴾ بے شک

اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ
جو لوگ ایمان لائے اور جو لوگ یہودی ہوئے اور صابی

وَالنَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

اور نصرانی (اِن میں سے) جو شخص بھی ایمان لائے اللہ پر اور

الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

آخرت کے دن پر اور نیک عمل کرے تو اُن کے لیے نہ کوئی

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ

اندیشہ ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿٦٩﴾ ہم نے بنی اسرائیل سے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ؕ

عہد لیا اور اُن کی طرف بہت سے رسول بھیجے، جب جب

كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى

کوئی رسول اُن کے پاس ایسی بات لے کر آیا جس کو اُن کا

اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا

جی نہ چاہتا تھا تو بعض رسولوں کو اُنہوں نے جھٹلایا اور بعض کو

يَّقْتُلُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ

قتل کر دیا ﴿٧٠﴾ اور خیال کیا کہ کوئی خرابی

فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ

نہ ہوگی پس وہ اندھے اور بہرے بن گئے ، پھر اللہ نے

عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ؕ

اُن پر توجّہ کی پھر اُن میں سے بہت سے اندھے اور بہرے

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷۱﴾ لَقَدْ كَفَرَ

بن گئے ، اور اللہ دیکھتا ہے جو کچھ وہ کر رہے ہیں ﴿۷۱﴾ یقیناً اُن

الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ

لوگوں نے کفر کیا جنہوں نے کہا کہ اللہ ہی تو مسیح ابن

مَرْيَمَ ؕ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

مریم ہے ؛ حالانکہ مسیح نے کہا تھا کہ اے بنی اسرائیل !

اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ

اللہ کی عبادت کرو جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے، جو

يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

شخص اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرائے گا تو اللہ نے حرام کی اُس پر

الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ

جنّت اور اُس کا ٹھکانہ آگ ہے ، اور ظالموں کا کوئی

مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۷۲﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا

مددگار نہیں ﴿۷۲﴾ یقیناً اُن لوگوں نے کفر کیا جنہوں نے کہا کہ

وقف لازم

اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ

اللہ تین میں کا تیسرا ہے؛ حالانکہ کوئی معبود نہیں سوائے

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا

ایک معبود کے، اور اگر وہ باز نہ آئے اُس سے جو وہ کہتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

تو اُن میں سے کفر پر قائم رہنے والوں کو ایک دردناک

مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾ اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ

عذاب پکڑے گا ﴿۷۳﴾ یہ لوگ اللہ کے سامنے توبہ کیوں نہیں

اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

کرتے اور اُس سے معافی کیوں نہیں مانگتے ، اور اللہ بخشنے والا ،

رَّحِيْمٌ ﴿۷۴﴾ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ

مہربان ہے ﴿۷۴﴾ مسیح ابن مریم تو صرف ایک رسول ہیں، اُن سے

اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ

پہلے بھی بہت سے رسول گزر چکے ہیں، اور اُن کی والدہ بہت سچی

وَ اُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ

تھیں، دونوں کھانا کھاتے تھے، دیکھیے کہ ہم کس طرح اُن کے

اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ

سامنے دلیلیں بیان کر رہے ہیں پھر دیکھیے کہ وہ کِدھر اُلٹے چلے جا

اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۷۵﴾ قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ

رہے ہیں ﴿۷۵﴾ آپ کہہ دیجیے کہ کیا تم اللہ کو چھوڑ کر ایسی چیز کی

دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّ لَا

عبادت کرتے ہو جو نہ تمہارے نقصان کا اختیار رکھتی ہے اور نہ

نَفْعًا ؕ وَ اللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۷۶﴾

فائدے کا، اور سُننے والا، جاننے والا صرف اللہ ہی ہے ﴿۷۶﴾

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ

آپ کہہ دیجیے کہ اے اہلِ کتاب ! اپنے دین میں

دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْٓا

حق کو چھوڑ کر حد سے آگے نہ نکلو اور اُن لوگوں کے خیالات کی

اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا

پیروی نہ کرو جو اُس سے پہلے گمراہ ہوئے اور جنہوں نے بہت

كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۷۷﴾ ع ۱۱ ۱۴

سے لوگوں کو گمراہ کیا اور وہ سیدھی راہ سے بھٹک گئے ﴿۷۷﴾

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کیا اُن پر لعنت کی گئی

عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ

داؤد اور عیسیٰ ابن مریم کی زبان سے ؛ اِس لیے کہ

ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۷۸﴾

اُنہوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے آگے بڑھ جاتے تھے ﴿۷۸﴾

كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ

وہ ایک دوسرے کو منع نہیں کرتے تھے (اُس) بُرائی سے

فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۹﴾

جو وہ کرتے تھے، نہایت بُرا کام تھا جو وہ کر رہے تھے ﴿۷۹﴾

تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ

آپ اُن میں سے بہت لوگوں کو دیکھو گے کہ کفر کرنے

كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ

والوں سے دوستی رکھتے ہیں، کیسی بُری چیز ہے جو اُنہوں

اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

نے اپنے لیے آگے بھیجی ہے کہ اللہ کا غضب ہوا

وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَلَوْ

اُن پر اور وہ ہمیشہ عذاب میں پڑے رہیں گے ﴿۸۰﴾ اگر وہ

كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ

ایمان رکھنے والے ہوتے اللہ پر اور نبی پر

أُنْزِلَ إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ

اور اُس پر جو اُس کی طرف اُترا ہے تو وہ کافروں کو دوست

كَثِيرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُونَ ﴿٨١﴾ لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ

نہ بناتے، مگر اُن میں سے اکثر نافرمان ہیں ﴿٨١﴾ ایمان والوں

النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِينَ اٰمَنُوا الْيَهُودَ

کے ساتھ دُشمنی میں آپ سب سے بڑھ کر یہود

وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا ۚ وَلَتَجِدَنَّ أَقْرَبَهُمْ

اور مُشرکین کو پاؤ گے، اور ایمان والوں کے ساتھ دوستی میں

مَّوَدَّةً لِّلَّذِينَ اٰمَنُوا الَّذِينَ قَالُوٓا إِنَّا

آپ سب سے زیادہ اُن کو لوگوں کو پاؤ گے جو اپنے آپ کو

نَصٰرٰى ۛ ذٰلِكَ بِأَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيسِينَ

نصاریٰ کہتے ہیں، یہ اِس لیے کہ اُن میں عالم

وَرُهْبَانًا وَّأَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٨٢﴾

اور راہب ہیں اور اِس لیے کہ وہ تکبّر نہیں کرتے ﴿٨٢﴾

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ

اور جب وہ اُس کلام کو سُنتے ہیں جو رسول پر اُتارا گیا ہے تو آپ

تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ

دیکھو گے کہ اُن کی آنکھوں سے آنسو جاری ہیں اِس وجہ سے کہ

مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ

اُنہوں نے حق کو پہچان لیا، وہ پکار اُٹھتے ہیں کہ اے ہمارے رب!

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾

ہم ایمان لائے پس آپ ہم کو گواہی دینے والوں میں لکھ دیجیے ﴿۸۳﴾

وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا

اور ہم کیوں نہ ایمان لائیں اللہ پر اور اُس حق پر

مِنَ الْحَقِّ ۙ وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا

جو ہم کو پہونچا ہے جب کہ ہم یہ آرزو رکھتے ہیں کہ

رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۴﴾

ہمارا رب ہم کو نیک لوگوں کے ساتھ شامل کرے گا ﴿۸۴﴾

فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِیْ

پس اللہ اُن کو اِس قول کے بدلے میں ایسے باغ دے گا

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ

جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے،

وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۸۵﴾ وَالَّذِیْنَ

اور یہی بدلہ ہے نیک عمل کرنے والوں کا ﴿۸۵﴾ اور جنہوں نے

كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

انکار کیا اور ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تو وہی لوگ دوزخ

الْجَحِیْمِ ﴿۸۶﴾ ع یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ع ۱۱ ۹ ۱

والے ہیں ﴿۸۶﴾ اے ایمان والو ! اُن پاکیزہ چیزوں

لَا تُحَرِّمُوْا طَیِّبٰتِ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ

کو حرام نہ ٹھہراؤ جو اللہ نے تمہارے لیے حلال کی ہیں

لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ

اور حد سے نہ بڑھو ، اللہ حد سے بڑھنے والوں کو

الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ

پسند نہیں کرتا ﴿۸۷﴾ اور اللہ نے تم کو جو حلال پاکیزہ چیزیں

اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ

دی ہیں اُن میں سے کھاؤ، اور اُس اللہ سے ڈرو جس پر تم

اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ

ایمان لائے ہو ﴿۸۸﴾ اللہ تمہاری بے معنیٰ قسموں پر

اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ

تمہاری پکڑ نہیں کرتا مگر اُن قسموں پر وہ ضرور تمہاری

يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ

پکڑ کرے گا جن کو تم نے مضبوط باندھا، ایسی قسم کا

فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ

کفّارہ ہے دس مسکینوں کو درمیانی درجے کا کھانا

مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ

کِھلانا جو تم اپنے گھر والوں کو کھلاتے ہو یا

كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ؕ فَمَنْ

اُن کو کپڑا پہنا دینا یا ایک غلام آزاد کرنا ، اور جس کو

لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ

میسّر نہ ہو وہ تین دن کے روزے رکھے،

كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ؕ وَاحْفَظُوْٓا

یہ کفّارہ ہے تمہاری قسموں کا جب کہ تم قسم کھا بیٹھو ،

اَيْمَانَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ

اور اپنی قسموں کی حفاظت کرو ، اِس طرح اللہ تمہارے لیے

اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۸۹﴾ يٰٓاَيُّهَا

اپنے احکام بیان کرتا ہے تاکہ تم شکر ادا کرو ﴿۸۹﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ

ایمان والو ! بے شک شراب اور جُوا اور بُتوں

وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ

کے استھان اور پانسے سب گندے کام ہیں

عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ

شیطان کے پس تم اُن سے بچو ؛ تاکہ تم کامیاب

تُفْلِحُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ

ہو جاؤ ﴿۹۰﴾ شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ تمہارے

يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ

درمیان دُشمنی اور بُغض ڈال دے شراب

فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ

اور جوئے کے ذریعے سے اور تم کو اللہ کی یاد

ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ

سے اور نماز سے روک دے ، تو کیا تم اِن سے باز آ جاؤ

مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا

گے ؟ ﴿۹۱﴾ اور اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو

الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ

رسول کی اور بچو ، پھر اگر تم منہ پھیر لو گے

فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ

تو جان لو کہ ہمارے رسول کے ذِمّے صرف وضاحت کے ساتھ

الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

پہونچا دینا ہے ﴿۹۲﴾ جو لوگ ایمان لائے اور نیک

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا

کام کیے اُن پر اُس چیز میں کوئی گناہ نہیں جو وہ کھا

اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

چکے جب کہ وہ ڈرے اور ایمان لائے اور نیک کام کیے پھر

ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ؕ

ڈرے اور ایمان لائے پھر ڈرے اور نیک کام کیے ،

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ يٰٓاَيُّهَا ع ۱۲/۲

اور اللہ نیک کام کرنے والوں کے ساتھ محبّت رکھتا ہے ﴿۹۳﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ

ایمان والو ! اللہ تمہیں شِکار کے کچھ جانوروں کے ذریعے

الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ

آزمائے گا جو بالکل تمہارے ہاتھوں اور تمہارے نیزوں کی زد

لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ

میں ہوں گے؛ تاکہ اللہ دیکھ لے کہ کون شخص اُس سے بِن دیکھے

فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ

ڈرتا ہے، پھر جس نے اِس کے بعد زیادتی کی تو اُس کے لیے

اَلِيْمٌ ﴿۹۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا

دردناک عذاب ہے ﴿۹۴﴾ اے ایمان والو! شِکار کو نہ مارو

الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ وَمَنْ قَتَلَهٗ

جب کہ تم حالتِ احرام میں ہو اور تم میں سے جو شخص اُس کو

مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ

جان بوجھ کر مارے تو اُس کا بدلہ اُسی طرح کا جانور ہے

مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا

جیسا کہ اُس نے مارا ہے، اِس کا فیصلہ تم میں سے دو

عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ

انصاف کرنے والے آدمی کریں گے اور یہ نذرانہ کعبہ پہونچایا

كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ

جائے ، یا اُس کے کفّارے میں چند محتاجوں کو کھانا کھِلانا ہوگا

صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ؕ عَفَا

یا اُس کے برابر روزے رکھنے ہوں گے ؛ تاکہ وہ اپنے کیے کی سزا

اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ؕ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ

چکھے ، اللہ نے معاف کیا جو کچھ ہو چکا ، اور جو شخص پھرے گا تو اللہ

اللّٰهُ مِنْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۹۵﴾

اُس سے بدلہ لے گا ، اور اللہ زبردست ہے ، بدلہ لینے والا ہے ﴿۹۵﴾

اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ

تمہارے لیے دریا کا شِکار اور اُس کا کھانا جائز کیا گیا

مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ

تمہارے فائدے کے لیے اور قافلوں کے لیے ، اور جب تک

عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ؕ

تم حالتِ احرام میں ہو خشکی کا جانور تمہارے اوپر حرام کیا گیا،

وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۹۶﴾

اور اللہ سے ڈرو جس کے پاس تم حاضر کیے جاؤ گے ﴿۹۶﴾

جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ

اللہ نے حُرمت والے گھر کعبہ کو لوگوں کے لیے قیام کا ذریعہ بنایا

قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ

اور حُرمت والے مہینوں کو اور قُربانی کے جانوروں کو

وَالْقَلَآئِدَ ؕ ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

اور گلے میں پٹے پڑے جانوروں کو بھی، یہ اِس لیے کہ تم جان لو

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

کہ اللہ کو معلوم ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین

وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۹۷﴾ اِعْلَمُوْٓا

میں ہے اور یہ کہ اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے ﴿۹۷﴾ جان لو کہ

اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ

اللہ کا عذاب سخت ہے اور بے شک اللہ بخشنے والا ،

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۸﴾ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا

مہربان ہے ﴿۹۸﴾ رسول پر صرف پہونچا دینے کی ذِمّے داری

الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا

ہے ، اللہ جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ تم

تَكْتُمُوْنَ ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّا يَسْتَوِى الْخَبِيْثُ

چُھپاتے ہو ﴿۹۹﴾ (اے نبی) کہہ دیجیے کہ ناپاک اور پاک

وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ

برابر نہیں ہوسکتے اگرچہ ناپاک کی کثرت تم کو بھلی لگے ،

فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِى الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ

پس اللہ سے ڈرو اے عقل والو ؛ تاکہ تم

تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ع ۱۳ ۷ ۳

کامیاب ہوجاؤ ﴿۱۰۰﴾ اے ایمان والو !

لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ

ایسی باتوں کے بارے میں سوال نہ کرو کہ اگر وہ تم پر ظاہر کر دی جائیں

تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ

تو تم پر بھاری گزرے، اور اگر تم اُن کے بارے میں پوچھو گے ایسے

يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ؕ عَفَا اللّٰهُ

وقت میں جب کہ قرآن اُتر رہا ہے تو وہ تم پر ظاہر کر دی جائیں گی،

عَنْهَا ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ قَدْ

اللہ نے اُن سے درگزر کیا، اور اللہ بخشنے والا، بُردبار ہے ﴿۱۰۱﴾ ایسی

سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا

ہی باتیں تم سے پہلے ایک جماعت نے پوچھیں

بِهَا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ

پھر وہ اُن کے منکر ہو کر رہ گئے ﴿۱۰۲﴾ اللہ نے

بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ

بحیرہ اور سائبہ اور وصیلہ

وَّلَا حَامٍ ۙ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اور حام (بُتوں کے نام پر چھوڑے ہوئے جانور) مُقرّر نہیں

يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَاَكْثَرُهُمْ

کیے، مگر جن لوگوں نے کفر کیا وہ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں، اور

لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا

اُن میں سے اکثر عقل سے کام نہیں لیتے ﴿۱۰۳﴾ اور جب اُن سے کہا

اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا

جاتا ہے کہ اللہ نے جو کچھ اُتارا ہے اُس کی طرف آؤ اور رسول کی

حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ

طرف آؤ تو وہ کہتے ہیں کہ ہمارے لیے وہی کافی ہے جس پر ہم

اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا

نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے، کیا اگرچہ اُن کے بڑے نہ کچھ

وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

جانتے ہوں اور نہ ہدایت پر ہوں ﴿۱۰۴﴾ اے ایمان والو!

عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ

تم اپنی فکر رکھو ، کوئی گمراہ ہو تو اُس سے تمہارا نقصان

ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ

نہیں اگر تم ہدایت پر رہو ، تم سب کو اللہ کے پاس لوٹ

جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

کر جانا ہے پھر وہ تم کو بتا دے گا جو کچھ تم کر رہے تھے ﴿۱۰۵﴾

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ

اے ایمان والو ! تمہارے درمیان گواہی کا طریقہ

اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ

وصیّت کے وقت جب کہ تم میں سے کسی کی موت کا وقت آجائے

الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ

اِس طرح ہے کہ دو معتبر آدمی تم میں سے گواہ ہوں ، یا اگر تم سفر کی

اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ

حالت میں ہو اور وہاں موت کی مصیبت پیش آجائے

فِي الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ؕ

تو تمہارے علاوہ دوسرے لوگوں میں سے دو گواہ لے لیے جائیں،

تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ

پھر اگر تم کو شُبہ ہو جائے تو دونوں گواہوں کو نماز کے بعد روک لو اور وہ

فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ

دونوں اللہ کی قسم کھا کر کہیں کہ ہم کسی قیمت کے بدلے اِس کو نہ بیچیں

بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ

گے چاہے کوئی رشتے دار ہی کیوں نہ ہو اور نہ ہم اللہ کی گواہی کو

شَهَادَةَ اللّٰهِ اِنَّاۤ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ﴿۱۰۶﴾

چھپائیں گے، اگر ہم ایسا کریں تو بے شک ہم گنہ گار ہوں گے ﴿۱۰۶﴾

فَاِنْ عُثِرَ عَلٰۤى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّاۤ اِثْمًا

پھر اگر پتہ چلے کہ اُن دونوں نے کوئی حق تلفی کی ہے تو

فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ

اُن کی جگہ دوسرے دو شخص اُن لوگوں میں سے کھڑے ہوں

اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ

جن کا حق پچھلے دو گواہوں نے مارنا چاہا تھا، وہ اللہ کی قسم کھائیں

بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا

کہ ہماری گواہی اُن دونوں کی گواہی سے زیادہ سچّی ہے اور ہم

وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۖ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ

نے کوئی زیادتی نہیں کی، اگر ہم ایسا کریں تو ہم ظالموں میں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا

سے ہوں گے ﴿۱۰۷﴾ یہ قریب ترین طریقہ ہے کہ لوگ

بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا

گواہی ٹھیک طریقے پر دیں یا اِس سے ڈریں کہ ہماری قسم

اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۭ وَاتَّقُوا

اُن کی قسم کے بعد لوٹا دی جائے گی، اور اللہ سے ڈرو

اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

اور سُنو، اللہ نافرمانوں کو سیدھی راہ نہیں

الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ ع ۱۴ ۸ ۴

چلاتا ﴿۱۰۸﴾ جس دن اللہ پیغمبروں کو جمع کرے گا پھر پوچھے گا کہ

فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا عِلْمَ

تم کو کیا جواب مِلا تھا، وہ کہیں گے: ہمیں کچھ علم نہیں،

لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۰۹﴾ اِذْ

غیب کی باتوں کا تمام علم تو آپ ہی کے پاس ہے ﴿۱۰۹﴾ جب

قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ

اللہ کہے گا: اے عیسیٰ ابن مریم! میری اُس

نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ وقف لازم

نعمت کو یاد کرو جو میں نے تم پر اور تمہاری ماں پر کی، جب کہ

اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۟ قف تُكَلِّمُ

میں نے روح القُدس سے تمہاری مدد کی، تم لوگوں سے بات

النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَاِذْ

کرتے تھے گود میں بھی اور بڑی عمر میں بھی، اور جب

عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ

میں نے تم کو کتاب اور حکمت اور تورات و اِنجیل کی تعلیم دی، اور

وَالْاِنْجِيْلَ ۚ وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ

جب تم بناتے تھے مٹّی سے پرندے جیسی صورت میرے حکم

كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا

سے پھر اُس میں پھونک مارتے تھے تو وہ میرے حکم سے پرندہ

فَتَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِيْ وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ

بن جاتی تھی ، اور تم اندھے اور کوڑھی کو میرے حکم سے

وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى

اچھا کر دیتے تھے، اور جب تم مُردوں کو میرے حکم سے نکال

بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

کھڑا کرتے تھے، اور جب میں نے بنی اسرائیل کو تم سے

عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ

روکا جب کہ تم اُن کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے تو اُن میں سے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا

کافروں نے کہا کہ یہ تو بس ایک کھُلا ہوا

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۰﴾ وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى

جادو ہے ﴿۱۱۰﴾ اور جب میں نے حواریوں کے دِل میں ڈال دیا

الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ

کہ مجھ پر اور میرے رسول پر ایمان لاؤ تو اُنہوں نے کہا کہ ہم

قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

ایمان لائے اور آپ گواہ رہیے کہ ہم فرماں بردار ہیں ﴿۱۱۱﴾

اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ

جب حواریوں نے کہا کہ اے عیسیٰ ابن

مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ

مریم ! کیا آپ کا رب یہ کرسکتا ہے کہ ہم پر آسمان سے

عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ قَالَ

ایک دسترخوان اُتارے ، عیسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا :

اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا

اللہ سے ڈرو اگر تم ایمان والے ہو ﴿۱۱۲﴾ اُنہوں نے کہا

نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ

کہ ہم چاہتے ہیں کہ ہم اُس میں سے کھائیں اور

قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا

ہمارے دِل مطمئن ہوں اور ہم یہ جان لیں کہ آپ نے ہم سے

وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ ل

سچ کہا اور ہم اُس پر گواہی دینے والے بن جائیں ﴿۱۱۳﴾

قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ

عیسیٰ ابن مریم نے دعا کی: اے اللہ ہمارے رب! آپ آسمان

اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ

سے ہم پر ایک دسترخوان اُتاریے جو ہمارے لیے ایک عید بن

تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا

جائے ہمارے اگلوں کے لیے اور ہمارے پچھلوں کے لیے

وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ

اور آپ کی طرف سے ایک نشانی ہو، اور ہمیں عطا کر یے آپ ہی

الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا

بہترین عطا فرمانے والے ہیں ﴿۱۱۴﴾ اللہ نے کہا : میں یہ

عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ

دسترخوان ضرور تم پر اُتاروں گا ، پھر اُس کے بعد تم میں سے

فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا

جو شخص کفر کرے گا اُس کو میں ایسی سزا دوں گا جو دنیا میں کسی

مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ ع وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ ع ۱۵ ۷ ۵

کو نہ دی ہوگی ﴿۱۱۵﴾ اور جب اللہ پوچھے گا کہ

يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ

اے عیسیٰ ابن مریم ! کیا تم نے

لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ

لوگوں سے کہا تھا کہ مجھ کو اور میری ماں کو اللہ کے سوا

دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ

معبود بنالو؟ وہ جواب دیں گے کہ (اے رب) آپ تو پاک ہیں،

لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۗ بِحَقٍّ ؕ اِنْ

میرا یہ کام نہ تھا کہ میں وہ بات کہوں جس کا مجھے کوئی حق نہیں،

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا

اگر میں نے یہ کہا ہوگا تو آپ کو ضرور معلوم ہوگا، آپ جانتے ہیں

فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ؕ

جو میرے جی میں ہے اور میں نہیں جانتا جو آپ کے جی میں ہے،

اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۱۶﴾ مَا قُلْتُ

بے شک آپ ہی تو چھپی باتوں کو جاننے والے ہیں ﴿۱۱۶﴾ میں نے تو

لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا

اُن سے وہی بات کہی جس کا آپ نے مجھے حکم دیا تھا، یہ کہ اللہ کی

اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ

عبادت کرو جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے، اور میں اُن پر

شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ

گواہ تھا جب میں اُن کے درمیان تھا ، پھر جب آپ نے

كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ وَاَنْتَ

مجھ کو اُٹھا لیا تو آپ ہی اُن پر نگران تھے ، اور آپ تو

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۱۷﴾ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ

ہر چیز پر گواہ ہیں ﴿۱۱۷﴾ اگر آپ اُن کو سزا دیں تو وہ آپ ہی کے

فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ

بندے ہیں ، اور اگر آپ اُنہیں معاف فرما دیں تو آپ ہی

اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا

زبردست ہیں ، حکمت والے ہیں ﴿۱۱۸﴾ اللہ کہے گا : آج وہ

يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ

دن ہے کہ سچّوں کو اُن کا سچ کام آئے گا ، اُن کے لیے

جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں ،

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

اُن میں وہ ہمیشہ رہیں گے ، اللہ اُن سے راضی ہوا

وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۹﴾

اور وہ اللہ سے راضی ہوئے ، یہی بڑی کامیابی ہے ﴿۱۱۹﴾

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا

آسمانوں اور زمین میں اور جو کچھ اُن میں ہے سب کی

فِيْهِنَّ ؕ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۲۰﴾ ع ۱۶ ۱۵ ۲

بادشاہت اللہ ہی کے لیے ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿۱۲۰﴾

(سورۃ انعام مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر چند آیات (۲۰، ۲۳، ۹۱، ۹۳، ۱۱۴، ۱۴۱، ۱۵۱ تا ۱۵۳) مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (۱۶۵) آیات اور (۲۰) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۵۵) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۶) نمبر پر ہے اور سورۃ حجر کے بعد نازل ہوئی ہے)

| | | |
|---|---|---|
| اس میں (۳۱۰۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۲۹۳۵) حروف ہیں |

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے آسمانوں

وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ؕ

اور زمین کو پیدا کیا اور اندھیروں اور روشنی کو بنایا ،

ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ①

پھر بھی مُنکِر لوگ دوسروں کو اپنے رب کا ہمسر ٹھہراتے ہیں ①

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى

وہی ہے جس نے تم کو مٹّی سے پیدا کیا پھر ایک مدّت مُقرّر کی

اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ

اور (وہ) مُقرّرہ مدّت اُسی کے علم میں ہے ، پھر بھی تم

تَمْتَرُوْنَ ② وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ

شک کرتے ہو ② اور وہی اللہ آسمانوں میں ہے

وَفِي الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ

اور زمین میں ہے، وہ تمہارے چُھپے اور کُھلے کو جانتا ہے اور وہ

وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ③ وَمَا تَاْتِيْهِمْ

جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو ③ اور اُن کے رب کی نشانیوں

مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا

میں سے جو بھی نشانی اُن کے پاس آتی ہے تو وہ اُس سے

عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْا

منہ موڑ لیتے ہیں ﴿۴﴾ چنانچہ جو حق اُن کے پاس آیا ہے

بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ

اُس کو بھی اُنہوں نے جھٹلا دیا، پس جلد ہی اُن کے پاس

اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۵﴾

اُس چیز کی خبریں آئیں گی جس کا وہ مذاق اُڑاتے تھے ﴿۵﴾

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ

کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اُن سے پہلے کتنی قوموں کو

قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ

ہلاک کر دیا، اُن کو ہم نے زمین میں اُتنی طاقت دی تھی جتنی

لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ

تم کو نہیں دی اور ہم نے اُن پر آسمان سے خوب بارش

مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِىْ

برسائی، اور ہم نے نہریں جاری کیں جو اُن کے نیچے

مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ

بہتی تھیں پھر ہم نے اُن کو اُن کے گناہوں کی وجہ سے

وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۶

ہلاک کر ڈالا اور اُن کے بعد ہم نے دوسری قوموں کو اُٹھایا ۶

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ

اور اگر ہم آپ پر ایسی کتاب اُتارتے جو کاغذ میں لکھی ہوئی

فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ

ہوتی اور وہ اُس کو اپنے ہاتھوں سے چھُو بھی لیتے تب بھی انکار

كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۷

کرنے والے یہ کہتے کہ یہ تو ایک کھُلا ہوا جادو ہے ۷

وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ؕ وَلَوْ اَنْزَلْنَا

اور وہ کہتے ہیں کہ اُس پر کوئی فرشتہ کیوں نہیں اُتارا گیا، اور اگر ہم کوئی

مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۸

فرشتہ اُتارتے تو معاملے کا فیصلہ ہو جاتا پھر اُنہیں کوئی مُہلت نہ ملتی ۸

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا

اور اگر ہم کسی فرشتے کو رسول بنا کر بھیجتے تو اُس کو بھی آدمی بناتے اور

وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝۹

اُن کو اُسی شُبہ میں ڈال دیتے جس میں وہ اب پڑے ہوئے ہیں ۝۹

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ

اور آپ سے پہلے بھی رسولوں کا مذاق اُڑایا گیا تو اُن میں سے

فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا

جن لوگوں نے مذاق اُڑایا اُن کو اُس چیز نے آگھیرا جس کا وہ

كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۰ ع قُلْ سِيْرُوْا ع ۱۰ ۷

مذاق اُڑاتے تھے ۝۱۰ (اے نبی) آپ کہہ دیجیے کہ

فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ

زمین میں چلو پھرو اور دیکھو کہ جُھٹلانے والوں کا

عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۱ قُلْ لِّمَنْ مَّا

انجام کیا ہوا ۝۱۱ (اُن سے) پوچھیے کہ کس کا ہے

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلْ لِّلّٰهِ ؕ كَتَبَ

جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، آپ کہہ دیجیے کہ سب کچھ اللہ کا

عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ

ہے، اُس نے اپنے اوپر رحمت لکھ لی ہے، وہ ضرور تم کو جمع کرے گا

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اَلَّذِيْنَ

قیامت کے دن جس میں کوئی شک نہیں، جن لوگوں نے اپنے آپ کو

خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾

گھاٹے میں ڈالا وہی ہیں جو اُس پر ایمان نہیں لاتے ﴿۱۲﴾

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ

اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ ٹھہرتا ہے رات میں اور دن میں، اور وہ سب

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ

کچھ سُننے والا، جاننے والا ہے ﴿۱۳﴾ کہہ دیجیے کہ کیا میں اللہ کے

اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

سوا کسی اور کو مددگار بناؤں جو بنانے والا ہے آسمانوں کا اور زمین کا

وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۭ قُلْ اِنِّىْٓ اُمِرْتُ

اور وہ سب کو کھلاتا ہے اور اُس کو نہیں کھلایا جا سکتا، کہیے کہ مجھ کو

اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ

حکم ملا ہے کہ میں سب سے پہلے اسلام لانے والا بنوں اور تم

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۴﴾ قُلْ اِنِّىْٓ اَخَافُ اِنْ

ہرگز مشرکوں میں سے نہ بنو ﴿۱۴﴾ کہیے کہ اگر میں نے اپنے رب کی

عَصَيْتُ رَبِّىْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾

نافرمانی کی تو میں ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿۱۵﴾

مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ۭ

جس شخص سے وہ اُس دن ہٹا لیا گیا اُس پر اللہ نے بڑا رحم فرمایا،

وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾ وَاِنْ

اور یہی کھلی کامیابی ہے ﴿۱۶﴾ اور اگر اللہ تم کو کوئی نقصان

يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ

پہونچائے تو اُس کے سوا کوئی اُس کا دور کرنے والا نہیں،

اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ

اور اگر اللہ تم کو کوئی بھلائی پہونچائے تو وہ ہر چیز پر

عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ

قادر ہے ﴿۱۷﴾ اور اُسی کا زور ہے اپنے بندوں پر ،

فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۸﴾

اور وہ حکمت والا ، سب کی خبر رکھنے والا ہے ﴿۱۸﴾

قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ

پوچھیے کہ سب سے بڑا گواہ کون ہے ، کہہ دیجیے کہ اللہ ہے جو

اللّٰهُ ۙ قف شَهِيْدٌۢ بَيْنِیْ وَبَيْنَكُمْ ۙ قف وَاُوْحِیَ

میرے اور تمہارے درمیان گواہ ہے اور مجھ پر یہ قرآن اُتارا گیا

اِلَیَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ

ہے تاکہ میں تم کو اُس کے ذریعے سے خبردار کرتا رہوں اور اُس کو

بَلَغَ ؕ اَىِٕنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ

جس تک یہ پہونچے ، کیا تم اِس کی گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ

اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ لَّاۤ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا

کچھ اور معبود بھی ہیں؟ کہہ دیں کہ میں اِس کی گواہی نہیں دیتا، نیز

هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا

کہہ دیں کہ وہ تو بس ایک ہی معبود ہے اور میں بَری ہوں

وقف لازم

تُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ

تمہارے شِرک سے ﴿۱۹﴾ جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ

وقف لازم

یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۘ

محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ایسے پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے

اَلَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ

ہیں، جن لوگوں نے اپنے آپ کو گھاٹے میں رکھا وہ اُس

ع ۲ ۱۰ ۸

لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

کو نہیں مانتے ﴿۲۰﴾ اور اُس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰیٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ

جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے یا اللہ کی نشانیوں کو جُھٹلائے، یقیناً

لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ

ظالموں کو کامیابی نہیں ملتی ﴿۲۱﴾ اور جس دن ہم اُن سب کو

جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ

جمع کریں گے پھر ہم کہیں گے اُن مُشرکوں سے کہ تمہارے وہ

شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۲۲﴾

شریک کہاں ہیں جن کا تم کو دعویٰ تھا ﴿۲۲﴾ پھر اُن کے پاس کوئی

ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ

فریب نہیں رہے گا سوائے اِس کے کہ وہ کہیں گے کہ ہمارے

رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿۲۳﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ

رب اللہ کی قسم! ہم تو شرک کرنے والے نہ تھے ﴿۲۳﴾ دیکھیے کس

كَذَبُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ

طرح اِنہوں نے اپنے آپ پر جھوٹ بولا اور کھو گئیں اُن

مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ

سے وہ باتیں جو وہ بنایا کرتے تھے ﴿۲۴﴾ اور اُن میں سے

يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

بعض لوگ ایسے ہیں جو آپ کی طرف کان لگاتے ہیں؛ حالانکہ ہم

اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ

نے اُن کے دِلوں پر پردے ڈال دیے ہیں کہ وہ اُس کو نہ سمجھیں

وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ؕ

اور اُن کے کانوں میں بوجھ ہے، اگر وہ تمام نشانیاں بھی دیکھ لیں

حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ

تب بھی اُن پر ایمان نہ لائیں گے، یہاں تک کہ جب وہ آپ کے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ

پاس آپ سے جھگڑنے آتے ہیں تو وہ مُنکِر کہتے ہیں کہ یہ تو بس پہلے

الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْـَٔوْنَ

لوگوں کی کہانیاں ہیں ﴿۲۵﴾ وہ لوگوں کو اُس سے روکتے ہیں اور خود بھی

عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ

اُس سے الگ رہتے ہیں، وہ خود اپنے آپ کو ہلاک کر رہے ہیں

وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا

مگر وہ نہیں سمجھتے ﴿۲۶﴾ اور اگر آپ اُن کو اُس وقت دیکھو جب وہ آگ پر کھڑے

عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ

کیے جائیں گے اور کہیں گے کہ کاش! ہم دوبارہ لوٹا دیے جائیں تو ہم اپنے رب

بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷﴾

کی نشانیوں کو نہ جھٹلائیں گے اور ہم ایمان والوں میں سے ہو جائیں گے ﴿۲۷﴾

بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ

اب اُن پر وہ چیز کھل گئی جس کو وہ اِس سے پہلے چھپاتے تھے، اور اگر وہ

وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ

واپس بھیج بھی دیے جائیں تو وہ پھر وہی کریں گے جس سے وہ روکے گئے

لَكٰذِبُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا

تھے، اور بے شک وہ جھوٹے ہیں ﴿۲۸﴾ اور کہتے ہیں کہ زندگی تو بس یہی

الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَلَوْ

ہماری دنیا کی زندگی ہے اور ہم پھر اُٹھائے جانے والے نہیں ہیں ﴿۲۹﴾ اور اگر

تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ

آپ وہ وقت دیکھتے جب وہ اپنے رب کے سامنے کھڑے کیے جائیں گے، وہ اُن سے

هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا

پوچھے گا کہ کیا یہ حقیقت نہیں ہے، وہ جواب دیں گے کہ ہاں ہمارے رب کی قسم! یہ

الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۰﴾ قَدْ ع ۳ ۱۰ ۹

حقیقت ہے، اللہ فرمائے گا: اچھا تو عذاب چکھو اُس انکار کے بدلے جو تم کرتے تھے ﴿۳۰﴾

خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰٓى

یقیناً وہ لوگ گھاٹے میں رہے جنہوں نے اللہ سے ملنے کو جھٹلایا،

اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا

یہاں تک کہ جب وہ گھڑی اُن پر اچانک آئے گی تو وہ کہیں گے

يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ

کہ ہائے افسوس! اِس بارے میں ہم نے کیسی کوتاہی کی

يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا

اور وہ اپنے بوجھ اپنی پیٹھوں پر اُٹھائے ہوئے ہوں گے،

سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ

کتنا ہی بُرا ہے وہ بوجھ جس کو وہ اُٹھائیں گے ﴿۳۱﴾ اور دنیا

اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ

کی زندگی تو بس ایک کھیل تماشا ہے، اور آخرت کا گھر بہتر ہے

لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۳۲﴾ قَدْ

اُن لوگوں کے لیے جو تقویٰ رکھتے ہیں، کیا تم نہیں سمجھتے ﴿۳۲﴾ ہم کو

نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ

معلوم ہے کہ وہ جو کچھ کہتے ہیں اُس سے آپ کو رنج ہوتا ہے،

فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ

یہ لوگ آپ کو نہیں جھٹلاتے بلکہ یہ ظالم دراصل

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ

اللہ کی نشانیوں کا انکار کر رہے ہیں ﴿۳۳﴾ اور آپ سے پہلے

رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا

بھی رسولوں کو جھٹلایا گیا تو اُنہوں نے جھٹلائے جانے

وَاُوْذُوْا حَتّٰٓى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ

اور تکلیف دیے جانے پر صبر کیا یہاں تک کہ اُن کو ہماری مدد

لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى

پہونچ گئی، اور اللہ کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں، اور پیغمبروں

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۴﴾ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ

کی کچھ خبریں تو آپ کو پہونچ ہی چکی ہیں ﴿۳۴﴾ اور اگر اُن کی

اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِىَ

بے رُخی آپ پر گراں گزر رہی ہے تو اگر آپ میں کچھ زور ہے تو

نَفَقًا فِى الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِى السَّمَآءِ

یا تو زمین میں کوئی سُرنگ ڈھونڈو یا آسمان میں سیڑھی لگاؤ

فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ

اور اُن کے لیے کوئی نشانی لے آؤ، اور اگر اللہ چاہتا تو اُن سب کو

عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾

ہدایت پر جمع کر دیتا، پس آپ نادانوں میں سے نہ بنیں ﴿۳۵﴾

النصف

وقف نظرانی

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ

قبول تو وہی لوگ کرتے ہیں جو سُنتے ہیں ،

وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ

اور مُردوں کو اللہ اُٹھائے گا پھر وہ اُسی کی طرف لوٹائے جائیں

وقف منزل

يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ

گے ﴿۳۶﴾ اور وہ کہتے ہیں کہ رسول پر کوئی نشانی اُس کے رب کی

اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ

طرف سے کیوں نہیں اُتری ؟ آپ کہیے کہ بے شک اللہ قادر

يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾

ہے کہ کوئی نشانی اُتارے مگر اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿۳۷﴾

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ

اور جو جانور زمین پر چلتا ہے اور جو بھی پرندہ اپنے دونوں

يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ

پَروں سے اُڑتا ہے وہ سب تمہاری ہی طرح کی اُمّتیں ہیں ،

مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى

ہم نے لکھنے میں کوئی چیز نہیں چھوڑی ہے پھر سب اپنے رب کے

رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

پاس اکٹھے کیے جائیں گے ﴿۳۸﴾ اور جنہوں نے ہماری

بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ

نشانیوں کو جھٹلایا وہ بہرے اور گونگے ہیں جو اندھیروں

يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ

میں پڑے ہوئے ہیں ، اللہ جس کو چاہتا ہے بھٹکا دیتا ہے

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ

اور جس کو چاہتا ہے سیدھی راہ پر لگا دیتا ہے ﴿۳۹﴾ آپ کہیے

اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ

کہ یہ بتاؤ کہ اگر تم پر اللہ کا عذاب آجائے یا قیامت

السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ

آجائے تو کیا تم اللہ کے سوا کسی اور کو پکارو گے ؟

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۰﴾ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ

ذرا بتاؤ اگر تم سچّے ہو ﴿۴۰﴾ بلکہ تم اُسی کو پکارو گے، پھر وہ دور کر دیتا

فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ

ہے اُس مُصیبت کو جس کے لیے تم اُس کو پکارتے ہو اگر وہ چاہتا

وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿۴۱﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ ع ۱۱ ۱۰

ہے اور تم بھول جاتے ہو اُن کو جنہیں تم شریک ٹھہراتے ہو ﴿۴۱﴾ اور تم

اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ

سے پہلے بہت سی قوموں کی طرف ہم نے رسول بھیجے پھر ہم نے اُن

وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَلَوْلَآ

کو پکڑا سختی میں اور تکلیف میں؛ تا کہ وہ گڑگڑائیں ﴿۴۲﴾ پس جب

اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ

ہماری طرف سے اُن پر سختی آئی تو کیوں نہ وہ گڑگڑائے؛ بلکہ اُن

قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ

کے دل سخت ہو گئے اور شیطان اُن کے عمل کو اُن کی نظر میں

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا

خوش نما کر کے دِکھاتا رہا ﴿۴۳﴾ پھر جب اُنہوں نے اُس نصیحت کو بُھلا دیا

ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ

جو اُن کو کی گئی تھی تو ہم نے اُن پر ہر چیز کے دروازے کھول دیے،

حَتّٰۤى اِذَا فَرِحُوْا بِمَاۤ اُوْتُوْۤا اَخَذْنٰهُمْ

یہاں تک کہ جب وہ اُس چیز پر خوش ہو گئے جو اُنہیں دی گئی تھی تو ہم

بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَقُطِعَ

نے اچانک اُن کو پکڑ لیا، اُس وقت وہ نا اُمید ہو کر رہ گئے ﴿۴۴﴾ پس اُن

دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

لوگوں کی جڑ کاٹ دی گئی جنہوں نے ظلم کیا تھا، اور ساری تعریف اللہ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ

کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے ﴿۴۵﴾ آپ کہہ دیجیے کہ یہ بتاؤ کہ

اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى

اگر اللہ چھین لے تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں اور تمہارے دِلوں پر

قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ

مُہر لگا دے تو اللہ کے سوا کون معبود ہے جو اُن کو واپس لائے ،

اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ

دیکھو کہ ہم کیسے طرح طرح کی نشانیاں بیان کرتے ہیں پھر بھی

يَصْدِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ

وہ منہ موڑ لیتے ہیں ﴿۴۶﴾ کہہ دیجیے کہ یہ بتاؤ کہ اگر اللہ کا عذاب

عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ

تمہارے اوپر اچانک یا کُھلے طور پر آ جائے تو ظالموں کے سوا

اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرْسِلُ

اور کون ہلاک ہوگا ﴿۴۷﴾ اور رسولوں کو ہم صِرف خوش خبری دینے

الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ

والے یا ڈرانے والے کی حیثیت سے بھیجتے ہیں ، پھر جو ایمان

فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

لایا اور اپنی اصلاح کی تو اُن کے لیے نہ کوئی اندیشہ ہے

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿۴۸﴾ اور جنہوں نے ہماری نشانیوں کو

بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا

جھٹلایا تو اُن کو عذاب پکڑ لے گا اِس وجہ سے کہ وہ نافرمانی

يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾ قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ

کرتے تھے ﴿۴۹﴾ آپ کہہ دیں کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ

عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب کو جانتا ہوں اور

وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ

نہ میں تم سے کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں، میں تو بس اُس وحی کی

اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي

پیروی کرتا ہوں جو میرے پاس آتی ہے، آپ کہیے کہ کیا اندھا

الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع ۵ ۹ ۱۱

اور آنکھوں والا دونوں برابر ہو سکتے ہیں، کیا تم غور نہیں کرتے؟ ﴿۵۰﴾

وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا

اور آپ اِس وحی کے ذریعے سے ڈرایئے اُن لوگوں کو جو اندیشہ رکھتے ہیں اِس

اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ

بات کا کہ وہ اپنے رب کے پاس جمع کیے جائیں گے اِس حال میں کہ اللہ کے سوا

وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَا تَطْرُدِ

نہ اُن کا کوئی حمایتی ہوگا اور نہ سفارش کرنے والا، شاید کہ وہ اللہ سے ڈریں ﴿۵۱﴾

الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ

اور آپ اُن لوگوں کو اپنے سے دور نہ کریں جو صبح و شام

وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ

اپنے رب کو پکارتے ہیں اُس کی خوشنودی چاہتے ہوئے، اُن کے

مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ

حساب میں سے کسی چیز کا بوجھ آپ پر نہیں اور نہ آپ کے حساب میں

حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ

سے کسی چیز کا بوجھ اُن پر ہے کہ آپ اُن کو اپنے سے دور کر کے

فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَكَذٰلِكَ

ناانصافی کرنے والوں میں سے ہوجائیں ﴿۵۲﴾ اور اِس طرح ہم نے

فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ

اُن میں سے ایک کو دوسرے سے آزمایا ہے تاکہ وہ کہیں کہ کیا یہی

مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ

وہ لوگ ہیں جن پر ہمارے درمیان اللہ کا فضل ہوا ہے، کیا اللہ شکر

اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذَا جَآءَكَ

گزاروں سے خوب واقف نہیں؟ ﴿۵۳﴾ اور جب آپ کے پاس وہ

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ

لوگ آئیں جو ہماری آیات پر ایمان لائے ہیں تو اُن سے کہیے

عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ

کہ تم پر سلامتی ہو، تمہارے رب نے اپنے اوپر رحمت لکھ لی

اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًا بِجَهَالَةٍ

ہے، بے شک تم میں جو کوئی نادانی سے کوئی بُرائی کر بیٹھے

ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ ۙ فَاَنَّهٗ

پھر اُس کے بعد وہ توبہ کرے اور اصلاح کر لے تو وہ بخشنے والا،

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ

مہربان ہے ﴿۵۴﴾ اور اِس طرح ہم اپنی نشانیاں کھول کر بیان

ع ۶ ۵ ۱۲ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾ ع

کرتے ہیں اور تاکہ مجرموں کا طریقہ ظاہر ہو جائے ﴿۵۵﴾

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ

(اے نبی) آپ کہہ دیجیے کہ مجھے اِس سے روکا گیا ہے کہ میں اُن کی عبادت کروں جن

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّاۤ اَتَّبِعُ

کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو، آپ کہہ دیں کہ میں تمہاری خواہشوں کی پیروی نہیں

اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَاۤ اَنَا مِنَ

کرسکتا، اگر میں ایسا کروں تو میں راہ سے بھٹک جاؤں گا اور میں راہ پانے والوں میں

الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾ قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ

سے نہ رہوں گا ﴿۵۶﴾ کہہ دیجیے کہ میں اپنے رب کی طرف سے ایک روشن دلیل پر ہوں

رَّبِّیْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا عِنْدِیْ مَا

اور تم نے اُس کو جُھٹلا دیا ہے، وہ چیز میرے پاس نہیں ہے جس

تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ

کے لیے تم جلدی کر رہے ہو، فیصلے کا اختیار صرف اللہ ہی کو ہے،

یَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَیْرُ الْفٰصِلِیْنَ ﴿۵۷﴾

وہی حق کو بیان کرتا ہے اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے ﴿۵۷﴾

قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِیْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ

کہہ دیجیے کہ اگر وہ چیز میرے پاس ہوتی جس کے لیے تم جلدی

لَقُضِیَ الْاَمْرُ بَیْنِیْ وَبَیْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

کر رہے ہو تو میرے اور تمہارے درمیان معاملے کا فیصلہ ہو چکا

اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۸﴾ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ

ہوتا، اور اللہ خوب جانتا ہے ظالموں کو ﴿۵۸﴾ اور اُسی کے پاس غیب

الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَیَعْلَمُ

کی کُنجیاں ہیں جسے اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا، اللہ جانتا ہے

مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ

جو کچھ خشکی میں اور سمندر میں ہے، اور درخت سے گرنے والا

وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ

کوئی پتہ ایسا نہیں جس کا اُسے علم نہ ہو اور زمین کی تاریکیوں

الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ

میں کوئی دانہ نہیں گرتا اور نہ کوئی تر اور خشک چیز مگر سب

كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ

ایک کھلی کتاب میں درج ہے ﴿۵۹﴾ اور وہی ہے جو

بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ

رات میں تم کو وفات دیتا ہے اور دن کو جو کچھ تم کرتے ہو

ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ

اُس کو جانتا ہے پھر تم کو اُٹھا دیتا ہے اُس میں تا کہ مُقرّرہ مُدّت

مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ

پوری ہو جائے ، پھر اُسی کی طرف تمہاری واپسی ہے پھر

ع ۷ ۱۵ ۱۳

يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَهُوَ

وہ تم کو باخبر کردے گا اُس سے جو تم کرتے رہے ہو ﴿۶۰﴾ اور وہ

الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ

غالب ہے اپنے بندوں پر اور وہ تمہارے اوپر نگران بھیجتا ہے، یہاں تک

حَفَظَةً ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

کہ جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آجاتا ہے تو ہمارے بھیجے ہوئے

تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿۶۱﴾ ثُمَّ

فرشتے اُس کی روح قبض کرلیتے ہیں اور وہ کوتاہی نہیں کرتے ﴿۶۱﴾ پھر

رُدُّوْۤا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ

سب اپنے حقیقی مالک اللہ کی طرف واپس لائے جائیں گے،

الْحُكْمُ ۫ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿۶۲﴾

سُن لو! حکم اُسی کا ہے اور وہ بہت جلد حساب لینے والا ہے ﴿۶۲﴾

قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ

آپ کہہ دیجیے کہ کون تم کو نجات دیتا ہے خشکی اور سمندر کی

وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ

تاریکیوں سے جب کہ تم اُس کو پکارتے ہو عاجزی سے اور چپکے

لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ

چپکے کہ اگر اللہ نے ہم کو نجات دے دی اِس مُصیبت سے تو ہم

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ

اُس کے شُکر گُزار بندوں میں سے ہو جائیں گے ﴿۶۳﴾ کہہ دیجیے کہ

مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ

اللہ ہی تم کو نجات دیتا ہے اِس سے اور ہر تکلیف سے پھر بھی تم

تُشْرِكُوْنَ ﴿۶۴﴾ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ

شرک کرنے لگتے ہو ﴿۶۴﴾ کہہ دیں کہ اللہ قادر ہے اِس پر کہ

يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ

تم پر کوئی عذاب بھیج دے تمہارے اوپر سے یا تمہارے

مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ

پیروں کے نیچے سے یا تم کو گروہوں میں تقسیم کر کے

شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ؕ

آپس میں بھڑا دے اور ایک کو دوسرے کی طاقت کا مزہ چکھا دے،

اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ

دیکھو ہم کس طرح دلیلوں کو مختلف پہلوؤں سے بیان کرتے ہیں

يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ

تاکہ وہ سمجھیں ﴿۶۵﴾ اور آپ کی قوم نے اُس کو جھٹلا دیا ہے حالانکہ وہ

الْحَقُّ ؕ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۶۶﴾ ؕ

حق ہے، آپ کہہ دیں کہ میں تمہارے اوپر داروغہ نہیں ہوں ﴿۶۶﴾

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۫ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۷﴾

ہر خبر کے لیے ایک وقت مُقرّر ہے اور تم جلد ہی جان لو گے ﴿۶۷﴾

وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْۤ

اور جب آپ اُن لوگوں کو دیکھو جو ہماری آیتوں میں عیب نکالتے

اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا

ہیں تو اُن سے الگ ہو جایئے یہاں تک کہ وہ کسی اور بات میں

فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ؕ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ

لگ جائیں ، اور اگر کبھی شیطان آپ کو بُھلا دے

الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ

تو یاد آنے کے بعد ایسے ناانصاف لوگوں کے

الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ

پاس نہ بیٹھیے ﴿۶۸﴾ اور جو لوگ اللہ سے ڈرتے ہیں

يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ

اُن پر اُن کے حساب میں سے کسی چیز کی ذمّہ داری نہیں،

وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَذَرِ

البتہ یاد دِلانا ہے شاید کہ وہ بھی ڈریں ﴿۶۹﴾ اور اُن لوگوں کو چھوڑ دیجیے

الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا

جنہوں نے اپنے دین کو کھیل تماشہ بنا رکھا ہے اور جن کو دنیا کی زندگی نے

وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ

دھوکے میں ڈال رکھا ہے، اور قرآن کے ذریعے نصیحت کرتے رہیے

تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۚ لَيْسَ

تا کہ کوئی شخص اپنے کیے میں گرفتار نہ ہو جائے؛ اِس حال میں کہ

لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ

اللہ سے بچانے والا کوئی مددگار اور سفارشی اُس کے لیے نہ ہو

وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ

اور اگر وہ دنیا بھر کا مُعاوضہ بھی دے دے تب بھی اُس سے

مِنْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا

قبول نہ کیا جائے ، یہی لوگ ہیں جو اپنے کیے میں گرفتار

كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ

ہوگئے ، اُن کے پینے کے لیے کھولتا ہوا پانی ہوگا

وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝۷۰ ع ۸ ۱۰ ۱۴

اور دردناک سزا ہوگی اِس لیے کہ وہ کفر کرتے تھے ۷۰

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا

(اے نبی) آپ کہیے کہ کیا ہم اللہ کو چھوڑ کر اُن کو پکاریں جو ہم کو نہ نفع دے سکتے ہیں

وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ

اور نہ ہم کو نقصان پہونچا سکتے ہیں اور کیا ہم اُلٹے پاؤں پھر جائیں بعد اِس

هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ

کے کہ اللہ ہم کو سیدھا راستہ دِکھا چکا ہے، اُس شخص کے مانند جس کو شیطانوں

فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۖ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ

نے بیابان میں بھٹکا دیا ہو اور وہ حیران پھر رہا ہو، اُس کے ساتھی اُس کو

يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ۭ قُلْ اِنَّ

سیدھے راستے کی طرف بُلا رہے ہوں کہ ہمارے پاس آجاؤ، آپ کہہ

هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۭ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ

دیجیے کہ رہنمائی تو صرف اللہ کی رہنمائی ہے اور ہم کو حکم مِلا ہے کہ ہم اپنے

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۷۱﴾ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

آپ کو تمام جہانوں کے پروردگار کے حوالے کر دیں ﴿۷۱﴾ اور یہ کہ نماز قائم

وَاتَّقُوْهُ ۭ وَهُوَ الَّذِىْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۲﴾

کرو اور اللہ سے ڈرو، اور وہی ہے جس کی طرف تم سمیٹے جاؤ گے ﴿۷۲﴾

وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا

بِالْحَقِّ ؕ وَیَوْمَ یَقُوْلُ كُنْ فَیَكُوْنُ ۘ

ہے اور جس دن وہ کہے گا کہ ہو جا تو وہ ہو جائے گا، اُس کی

قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ الْمُلْكُ یَوْمَ یُنْفَخُ

بات حق ہے اور اُسی کی حکومت ہوگی اُس روز جب صُور پھونکا

فِی الصُّوْرِ ؕ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ

جائے گا، وہ چھپی ہوئی اور کھلی ہوئی باتوں کا جاننے والا

وَهُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ﴿۷۳﴾ وَاِذْ قَالَ

اور حکمت والا، خبر رکھنے والا ہے ﴿۷۳﴾ اور جب

اِبْرٰهِیْمُ لِاَبِیْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا

ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے باپ آزر سے کہا کہ کیا تم بُتوں کو

اٰلِهَةً ۚ اِنِّیْۤ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِیْ ضَلٰلٍ

خدا مانتے ہو؟ میں تم کو اور تمہاری قوم کو کھلی ہوئی

الثلثة

مُّبِيْنٍ ﴿۷۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ

گمراہی میں دیکھتا ہوں ﴿۷۴﴾ اور اِسی طرح ہم نے ابراہیم کو

مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ

دِکھا دی آسمانوں اور زمین کی حکومت اور تا کہ وہ یقین کرنے

مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ

والوں میں سے بن جائیں ﴿۷۵﴾ پھر جب رات نے اُن پر اندھیرا کر دیا تو

رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ

اُنہوں نے ایک تارے کو دیکھا، کہا کہ یہ میرا رب ہے، پھر جب وہ ڈوب گیا تو

قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ﴿۷۶﴾ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ

اُنہوں نے کہا کہ میں ڈوب جانے والوں کو دوست نہیں رکھتا ﴿۷۶﴾ پھر جب اُنہوں

بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ

نے چاند کو چمکتے ہوئے دیکھا تو کہا کہ یہ میرا رب ہے، پھر جب وہ ڈوب

لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ

گیا تو کہنے لگے کہ اگر میرا رب مجھے ہدایت نہ دے تو میں ضرور گمراہ

الضَّآلِّيْنَ ﴿۷۷﴾ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً

لوگوں میں سے ہو جاؤں گا ﴿۷۷﴾ پھر جب سورج کو چمکتے ہوئے دیکھا تو کہا کہ

قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ

یہ میرا رب ہے یہ سب سے بڑا ہے، پھر جب وہ بھی ڈوب گیا تو اُنہوں نے

قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۸﴾

کہا کہ اے میری قوم! میں اُس شرک سے دور ہوں جو تم کرتے ہو ﴿۷۸﴾

اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ

میں نے تو اپنا رُخ یکسو ہو کر اُس کی طرف کر لیا جس نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا

آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اور میں شرک کرنے والوں

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۷۹﴾ ۚ وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ؕ

میں سے نہیں ہوں ﴿۷۹﴾ اور اُن کی قوم اُن سے جھگڑنے لگی، اُنہوں نے

قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ؕ

کہا: کیا تم اللہ کے معاملے میں مجھ سے جھگڑتے ہو حالانکہ اُس نے مجھے راہ دِکھا دی،

وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ

اور میں اُن سے نہیں ڈرتا جن کو تم اللہ کا شریک ٹھہراتے ہو مگر یہ کہ

يَّشَآءَ رَبِّيْ شَيْـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ

کوئی بات میرا رب ہی چاہے، میرے رب کا علم ہر چیز پر چھایا ہوا

عِلْمًا ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَكَيْفَ اَخَافُ

ہے، کیا تم نہیں سوچتے ﴿۸۰﴾ اور میں کیوں کر ڈروں تمہارے شریکوں

مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ

سے جب کہ تم اللہ کے ساتھ اُن چیزوں کو خُدائی میں شریک

اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ

ٹھہراتے ہوئے نہیں ڈرتے جن کے لیے اُس نے تم پر کوئی

سُلْطٰنًا ؕ فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ

دلیل نہیں اُتاری، اب دونوں گروہوں میں سے امن کا زیادہ

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وقف لازم

مُستحق کون ہے (بتاؤ) اگر تم جانتے ہو ﴿۸۱﴾ جو لوگ ایمان لائے

وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ

اور نہیں ملایا اپنے ایمان میں کوئی نقصان اُنہیں کے لیے

۹ ع ۱۲ ۱۵ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۸۲﴾ وَتِلْكَ

امن ہے اور وہی سیدھی راہ پر ہیں ﴿۸۲﴾ یہ ہے ہماری دلیل

حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ؕ

جو ہم نے ابراہیم کو اُن کی قوم کے مقابلے میں دی، ہم جس کے

نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ

درجے چاہتے ہیں بلند کر دیتے ہیں، بے شک آپ کا رب

حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۸۳﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ

حکمت والا، علم والا ہے ﴿۸۳﴾ اور ہم نے ابراہیم کو اسحاق اور

وَيَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا

یعقوب عطا کیے، ہر ایک کو ہم نے ہدایت دی اور نوح کو بھی ہم

مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ

نے ہدایت دی اُس سے پہلے، اور اُس کی نسل میں سے داؤد

وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى

اور سلیمان اور ایوب اور یوسف اور موسیٰ اور ہارون (علیہم السلام)

وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۙ﴿۸۴﴾

کو بھی ، اور ہم نیکوں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿۸۴﴾

وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ؕ

اور زکریا اور یحییٰ اور عیسیٰ اور الیاس (علیہم السلام) کو بھی،

كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۙ﴿۸۵﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ

اُن میں سے ہر ایک نیک تھا ﴿۸۵﴾ اور اسماعیل اور الیسع

وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَكُلًّا فَضَّلْنَا

اور یونس اور لوط (علیہم السلام) کو بھی، اور اُن میں سے ہر ایک کو ہم نے دنیا

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۸۶﴾ وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ

والوں پر فضلیت عطا کی ﴿۸۶﴾ اور اُن کے باپ دادوں اور اُن کی اولاد

وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ

اور اُن کے بھائیوں میں سے بھی، اور اُن کو ہم نے چُن لیا اور ہم نے

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۸۷﴾ ذٰلِكَ هُدَى

سیدھے راستے کی طرف اُن کی رہنمائی کی ﴿۸۷﴾ یہ اللہ کی ہدایت

اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ

ہے جس سے وہ رہنمائی کرتا ہے اپنے بندوں میں سے جس کی

وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

چاہتا ہے ، اور اگر وہ شرک کرتے تو ضائع ہو جاتا جو کچھ

يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

اُنہوں نے کیا تھا ﴿۸۸﴾ یہ وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے کتاب

الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ

اور حکمت اور نبوّت عطا کی، پس اگر یہ (مکّہ والے)

بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا

اِس کا انکار کر دیں تو ہم نے اُس کے لیے ایسے لوگ مُقرّر کر

لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾ اُولٰٓئِكَ

دیے ہیں جو اُس کے مُنکر نہیں ہیں ﴿۸۹﴾ یہی وہ لوگ ہیں

الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ

جن کو اللہ نے ہدایت بخشی پس آپ بھی اُن کے طریقے پر چلیں،

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ

کہہ دیجیے کہ میں اِس پر تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتا، یہ تو بس ایک

اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۰﴾ وَمَا قَدَرُوا ع ۱۰ ۸ ۱۲

نصیحت ہے دنیا والوں کے لیے ﴿۹۰﴾ اور اُنہوں نے اللہ کے بارے میں

اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

بہت غلط اندازہ لگایا جب اُنہوں نے کہا کہ اللہ نے کسی انسان پر کوئی

عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَىْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ

چیز نہیں اُتاری، آپ کہہ دیجیے کہ وہ کتاب کس نے اُتاری تھی جس کو

الْكِتٰبَ الَّذِىْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى

لے کر موسیٰ آئے تھے جو روشن تھی اور رہنمائی (کا ذریعہ) تھی لوگوں کے

لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا

واسطے، جس کو تم نے ورق ورق کر رکھا ہے اُن میں سے کچھ کو ظاہر کرتے ہو

وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا

اور بہت کچھ چھپا جاتے ہو، اور تم کو وہ باتیں سکھائی گئیں جن کو نہ تم جانتے تھے اور

اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ

نہ تمہارے باپ دادا، کہہ دیجیے کہ اللہ نے اُتاری، پھر اُن کو اُن کے حال پر چھوڑ

ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَهٰذَا

دیجیے کہ وہ اپنی بے ہودہ گفتگو میں مشغول رہ کر دِل لگی کرتے ہیں ﴿۹۱﴾ اور یہ

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ

ایک کتاب ہے جو ہم نے اُتاری ہے برکت والی، تصدیق

بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ

کرنے والی اُن کی جو اُس سے پہلے ہیں اور تا کہ آپ ڈرائیں

حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

مکّہ والوں کو اور اُس کے آس پاس والوں کو، اور جو آخرت پر

يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ

یقین رکھتے ہیں وہی اُس پر ایمان لائیں گے اور وہ اپنی نماز کی

يُحَافِظُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى

پابندی کرنے والے ہیں ﴿۹۲﴾ اور اُس سے بڑھ کر کون

عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ

ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹی تہمت باندھے یا کہے کہ مجھ پر وحی اُتری

وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ

ہے؛ حالانکہ اُس پر کوئی وحی نازل نہ کی گئی ہو، اور کہے کہ

مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ

جیسا کلام اللہ نے اُتارا ہے میں بھی اُتاروں گا، اور اگر آپ

الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

وہ وقت دیکھو جب کہ یہ ظالم موت کی سختیوں میں ہوں گے

بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ

اور فرشتے ہاتھ بڑھا رہے ہوں گے کہ لاؤ اپنی جانیں نکالو،

اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا

آج تم کو ذِلّت کا عذاب دیا جائے گا

كُنۡتُمۡ تَقُوۡلُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ غَيۡرَ الۡحَقِّ

اِس وجہ سے کہ تم اللہ کے بارے میں جھوٹی باتیں کہتے

وَكُنۡتُمۡ عَنۡ اٰيٰتِهٖ تَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ﴿۹۳﴾

تھے اور تم اللہ کی نشانیوں سے تکبّر کیا کرتے تھے ﴿۹۳﴾

وَلَقَدۡ جِئۡتُمُوۡنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقۡنٰكُمۡ

اور تم ہمارے پاس اکیلے اکیلے آ گئے جیسا کہ ہم نے تم کو پہلی مرتبہ پیدا

اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكۡتُمۡ مَّا خَوَّلۡنٰكُمۡ وَرَآءَ

کیا تھا اور جو کچھ اسباب ہم نے تم کو دیے تھے سب تم پیچھے چھوڑ آئے،

ظُهُوۡرِكُمۡ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمۡ شُفَعَآءَكُمُ

اور ہم تمہارے ساتھ سفارش کرنے والوں کو بھی نہیں دیکھتے جن کے

الَّذِيۡنَ زَعَمۡتُمۡ اَنَّهُمۡ فِيۡكُمۡ شُرَكٰٓؤُا ؕ

متعلّق تم سمجھتے تھے کہ تمہارا کام بنانے میں اُن کا بھی حصّہ ہے،

لَقَدۡ تَّقَطَّعَ بَيۡنَكُمۡ وَضَلَّ عَنۡكُمۡ

یقیناً (اُن سے) تمہارا رشتہ ٹوٹ گیا ہے اور تم سے جاتے رہے

ع ۱۱ ۴ ۱۷

مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۹۴﴾ اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ

وہ دعوے جو تم کیا کرتے تھے ﴿۹۴﴾ بے شک اللہ دانے اور گٹھلی

الْحَبِّ وَالنَّوٰى ؕ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ

کو پھاڑنے والا ہے ، وہ جاندار کو بے جان سے نکالتا ہے

الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ؕ

اور وہی بے جان کو جان دار سے نکالنے والا ہے ، وہی تمہارا

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾ فَالِقُ

اللہ ہے پھر تم کدھر بہکے چلے جا رہے ہو؟ ﴿۹۵﴾ وہی نکالنے والا ہے

الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ

صبح کا اور اُس نے رات کو سکون کا وقت بنایا اور سورج اور چاند کو حساب

وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ

سے رکھا ہے ، یہ مُقرّر کیا ہوا ہے بڑے غلبے والے ، بڑے علم والے کی

الْعَلِيْمِ ﴿۹۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ

طرف سے ﴿۹۶﴾ اور وہی ہے جس نے تمہارے لیے ستارے بنائے ؛

لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ

تاکہ تم اُن کے ذریعے سے خشکی اور تری کے اندھیروں میں راہ پاؤ، بے شک ہم نے

فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾ وَهُوَ

دلیلوں کو کھول کر بیان کر دیا ہے اُن لوگوں کے لیے جو جاننا چاہتے ہیں ﴿۹۷﴾ اور وہی

الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ

ہے جس نے تم کو پیدا کیا ایک جان سے پھر ہر ایک کے لیے ایک ٹھکانہ ہے اور ہر

وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ

ایک کے لیے اُس کے سونپے جانے کی جگہ ہے، ہم نے دلیلوں کو کھول کر بیان

يَّفْقَهُوْنَ ﴿۹۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ

کر دیا ہے اُن لوگوں کے لیے جو سمجھتے ہیں ﴿۹۸﴾ اور وہی ہے جس نے آسمان

مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ

سے پانی برسایا پھر ہم نے اُس سے نکالی اُگنے والی ہر چیز، پھر ہم

فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا

نے اُس سے سرسبز شاخ نکالی جس سے ہم تہہ بہ تہہ دانے

مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا

پیدا کر دیتے ہیں، اور کھجور کے گابھے میں سے پھل کے گچھے جھکے

قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ ۙ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ

ہوئے اور باغ انگور کے اور زیتون کے اور انار کے آپس میں ملتے

وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ

جلتے اور جدا جدا بھی، ہر ایک پھل کو دیکھو جب وہ پھلتا ہے

اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ؕ

اور اُس کے پکنے کو دیکھو جب وہ پکتا ہے، بے شک اِن کے اندر

اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۹۹﴾

نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے جو ایمان کی طلب رکھتے ہیں ﴿۹۹﴾

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ

اور اُنہوں نے جنّات کو اللہ کا شریک قرار دیا حالانکہ اُسی نے اُن کو پیدا

وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ

کیا ہے، اور بغیر سوچے سمجھے اُس کے لیے بیٹے اور بیٹیاں تراشیں،

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع ۱۲ ۶ ۱۸

پاک اور برتر ہے وہ ذات اُن باتوں سے جو یہ بیان کرتے ہیں ﴿۱۰۰﴾

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ

وہ آسمانوں اور زمین کا بنانے والا ہے، اُس کا کوئی بیٹا کیسے

وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ

ہوسکتا ہے جب کہ اُس کی کوئی بیوی نہیں، اور اُس نے ہر

شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكُمُ

چیز کو پیدا کیا ہے اور وہ ہر چیز سے باخبر ہے ﴿۱۰۱﴾ یہ ہے اللہ

اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ

تمہارا رب اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی ہر چیز کا خالق ہے

فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۲﴾

پس تم اُسی کی عبادت کرو، اور وہ ہر چیز کا کارساز ہے ﴿۱۰۲﴾

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۫ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ

اُس کو نگاہیں نہیں پاتیں مگر وہ نگاہوں کو پا لیتا ہے

وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۰۳﴾ قَدْ جَآءَكُمْ

اور وہ بڑا باریک بیں، بڑا باخبر ہے ﴿۱۰۳﴾ اب تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف

بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ

سے بصیرت بھرے دلائل آ چکے ہیں، پس جو بینائی سے کام لے گا وہ اپنے ہی

وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ

لیے (فائدہ اُٹھائے گا) اور جو اندھا بنے گا وہ خود نقصان اُٹھائے گا، اور میں

بِحَفِيْظٍ ﴿۱۰۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ

تمہارے اوپر کوئی نگران نہیں ہوں ﴿۱۰۴﴾ اور اِس طرح ہم اپنی دلیلیں مختلف طریقوں

وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ

سے بیان کرتے ہیں اور تا کہ وہ کہیں کہ تم نے پڑھ دیا اور تا کہ ہم واضح کر دیں اُن

يَّعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ

لوگوں کے لیے جو جاننا چاہیں ﴿۱۰۵﴾ آپ بس اُس چیز کی پیروی کریں جو آپ کے

مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ

رب کی طرف سے آپ کی جانب وحی کی جا رہی ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں اور

عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

مشرکوں سے اعراض کیجیے ﴿۱۰۶﴾ اور اگر اللہ چاہتا تو یہ

مَآ اَشْرَكُوْا ؕ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ

لوگ شرک نہ کرتے ، اور ہم نے آپ کو اُن کے اوپر

حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۷﴾

نگران نہیں بنایا ہے اور نہ آپ اُن پر مختار ہو ﴿۱۰۷﴾

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

اور اللہ کے سوا جن کو یہ لوگ پکارتے ہیں اُن کو گالی نہ دو ورنہ یہ لوگ

اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ

حد سے گزر کر جہالت کی وجہ سے اللہ کو گالیاں دینے لگیں گے،

كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۪

اِسی طرح ہم نے ہر گروہ کی نظر میں اُس کے عمل کو خوش نما بنا دیا ہے، پھر

ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ

اُن سب کو اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے، اُس وقت اللہ اُنہیں بتا دے گا

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ

جو وہ کرتے تھے ﴿۱۰۸﴾ اور یہ لوگ اللہ کی قسم بڑے زور شور سے کھا کر

جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ

کہتے ہیں کہ اگر اُن کے پاس کوئی نشانی آجائے تو وہ ضرور اُس پر

لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ

ایمان لے آئیں گے، آپ کہہ دیجیے کہ نشانیاں تو اللہ کے پاس

اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَاۤ اِذَا جَآءَتْ

بہت ہیں، اور تمہیں کیا خبر کہ اگر نشانیاں آبھی جائیں تب بھی یہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ

ایمان نہیں لائیں گے ﴿۱۰۹﴾ اور ہم اُن کے دِلوں اور اُن کی نگاہوں کو

وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ

پھیر دیں گے جیسا کہ یہ لوگ اُس کے اوپر پہلی بار ایمان نہیں لائے،

وَّنَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ ع ۱۳ ع ۱۰ ۱۹

اور ہم اُن کو اُن کی سرکشی میں بھٹکتا ہوا چھوڑ دیں گے ﴿۱۱۰﴾

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ

اور اگر ہم اُن پر فرشتے اُتار دیتے اور مُردے اُن سے

وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ

باتیں کرتے اور ہم ساری چیزیں اُن کے سامنے اکٹھا

كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا

کردیتے تب بھی یہ لوگ ایمان لانے والے نہ تھے سوائے

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

اِس کے کہ اللہ چاہے، مگر اُن میں سے اکثر لوگ نادانی کی

يَجْهَلُوْنَ ﴿١١١﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ

باتیں کرتے ہیں ﴿١١١﴾ اور اِسی طرح ہم نے شریر

نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ

انسانوں اور شریر جنّات کو ہر نبی کا دُشمن بنا دیا،

يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ

وہ ایک دوسرے کو پُر فریب باتیں سِکھاتے ہیں

الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ

دھوکہ دینے کے لیے، اور اگر آپ کا رب چاہتا تو وہ ایسا نہ کر سکتے، پس آپ

فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَلِتَصْغٰٓى

اُنہیں چھوڑ دیں کہ وہ جھوٹ باندھتے رہیں ﴿۱۱۲﴾ اور ایسا اِس لیے ہے اُس کی

اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

طرف اُن لوگوں کے دِل مائل ہوں جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے اور

وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

تا کہ وہ اُس کو پسند کریں اور تا کہ جو کمائی اُنہیں کرنی ہے وہ کر لیں ﴿۱۱۳﴾

اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ

کیا میں اللہ کے سوا کسی اور کو فیصلہ کرنے والا بناؤں؛ حالانکہ اُس

اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِيْنَ

نے تمہاری طرف واضح کتاب اُتاری ہے، اور جن لوگوں کو ہم نے

اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ

پہلے کتاب دی تھی وہ جانتے ہیں کہ یہ آپ کے رب کی طرف سے

مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ

اُتاری گئی ہے حق کے ساتھ، پس آپ شک کرنے والوں میں

الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا

سے نہ بنیں ﴿۱۱۴﴾ اور آپ کے رب کی بات پوری سچّی ہے

وَّعَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ

اور انصاف کی ، کوئی بدلنے والا نہیں اُس کی بات کو اور وہ

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۱۵﴾ وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ

سُننے والا، جاننے والا ہے ﴿۱۱۵﴾ اور اگر آپ لوگوں کی اکثریت کے

مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ

کہنے پر چلو جو زمین میں ہیں تو وہ آپ کو اللہ کے راستے سے

اللّٰهِ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ

بھٹکا دیں گے، وہ محض گمان کی پیروی کرتے ہیں اور اندازے

اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ

لگایا کرتے ہیں ﴿۱۱۶﴾ بے شک آپ کا رب خوب جانتا ہے

مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ

اُن کو جو اپنے راستے سے بھٹکے ہوئے ہیں اور وہی خوب جانتا ہے

بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ

اُن کو جو راہ پائے ہوئے ہیں ﴿۱۱۷﴾ پس تم کھاؤ اُس جانور میں سے

اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

جس پر اللہ کا نام لیا جائے اگر تم اُس کی آیات پر ایمان رکھتے ہو ﴿۱۱۸﴾

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ

اور کیا وجہ ہے کہ تم اُس جانور میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہے؛

اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ

حالانکہ اللہ نے تفصیل سے بیان کر دی ہے وہ چیزیں جن کو اُس نے تم پر حرام کیا

عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ وَاِنَّ

ہے، سوائے اِس کے کہ اُس کے لیے تم مجبور ہو جاؤ، اور یقیناً بہت سے لوگ

كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ

اپنی خواہشات کی وجہ سے (دوسروں کو) گمراہ کرتے ہیں بغیر کسی علم کے،

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

بے شک آپ کا رب خوب جانتا ہے حد سے نکل جانے والوں کو ﴿۱۱۹﴾

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور تم گناہ کے ظاہر کو بھی چھوڑ دو اور اُس کے باطن کو بھی، جو لوگ

يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا

گناہ کما رہے ہیں اُن کو جلد بدلہ مل جائے گا اُس کا جو وہ کر رہے

يَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ

تھے ﴿۱۲۰﴾ اور تم اُس جانور میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام

اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ وَاِنَّ

نہ لیا گیا ہو، یقیناً یہ گناہ کی بات ہے، اور شیاطین اپنے

الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓـئِهِمْ

ساتھیوں کے دِلوں میں (وسوسے) ڈال رہے ہیں تاکہ وہ تم

لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ

سے جھگڑیں، اور اگر تم اُن کا کہا مانو گے تو تم بھی

لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا ع ١٤ ١١ ١

مُشرک ہو جاؤ گے ﴿۱۲۱﴾ کیا وہ شخص جو مُردہ تھا پھر ہم نے اُس کو

فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ

زندگی دی اور ہم نے اُس کو ایک روشنی دی کہ اُس کے ساتھ وہ

فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ

لوگوں میں چلتا ہے وہ اُس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو تاریکیوں

بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ

میں پڑا ہے جن سے وہ نکلنے والا نہیں، اِس طرح کافروں کی نظر میں

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا

اُن کے کرتوت خوش نما بنا دیے گئے ہیں ﴿۱۲۲﴾ اور اِس طرح ہر بستی

فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا

میں ہم نے گنہ گاروں کے سردار رکھ دیے ہیں کہ وہ وہاں حیلے بہانے

فِيْهَا ؕ وَمَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ

کریں؛ حالانکہ وہ جو حیلے کرتے ہیں اپنے ہی خلاف کرتے ہیں

وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ

مگر وہ اِس کو نہیں سمجھتے ﴿۱۲۳﴾ اور جب اُن کے پاس کوئی نشانی

قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ

آتی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم ہرگز نہ مانیں گے جب تک کہ ہم کو

وقف منزل
وقف لازم
اُوْتِىَ رُسُلُ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ

بھی وہی نہ دیا جائے جو اللہ کے پیغمبروں کو دیا گیا، اللہ ہی بہتر

يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ

جانتا ہے کہ وہ اپنی پیغمبری کس کو بخشے، جو لوگ مُجرم ہیں

اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ

اُن کو ضرور اللہ کے یہاں ذِلّت نصیب ہوگی اور سخت

شَدِيْدٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ فَمَنْ

عذاب بھی اِس وجہ سے کہ وہ مکر کرتے تھے ﴿۱۲۴﴾ اللہ جس کو

يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ

چاہتا ہے کہ ہدایت دے تو اُس کا سینہ اسلام کے لیے

لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ

کھول دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے کہ گمراہ کرے تو اُس کے سینے

صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي

کو بالکل تنگ کر دیتا ہے جیسے اُس کو آسمان میں چڑھنا پڑ

السَّمَآءِ ؕ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ

رہا ہو، اِس طرح اللہ گندگی ڈال دیتا ہے اُن لوگوں پر

عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَهٰذَا صِرَاطُ

جو ایمان نہیں لاتے ﴿۱۲۵﴾ اور یہی آپ کے رب کا سیدھا

رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ

راستہ ہے، ہم نے واضح کر دی ہیں نشانیاں غور کرنے والوں

لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ

کے لیے ﴿۱۲۶﴾ اُنہیں کے لیے سلامتی کا گھر ہے اُن کے

عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا

رب کے پاس اور وہ اُن کا مددگار ہے اُس عمل کی وجہ سے

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ

جو وہ خود کرتے رہے ﴿۱۲۷﴾ اور جس دن اللہ اُن سب کو جمع کرے

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ

گا، اے جنّات کے گروہ! تم بہت سے انسانوں کو گمراہ کر چکے،

الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓـُٔهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ

اور انسانوں میں سے اُن کے ساتھی کہیں گے کہ اے ہمارے

رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ

رب! ہم نے ایک دوسرے کو استعمال کیا اور ہم پہونچ گئے اپنی

اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ قَالَ النَّارُ

اُس مدت کو جو آپ نے ہمارے لیے مُقرّر کی تھی، اللہ کہے گا کہ

مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ

اب تمہارا ٹھکانہ آگ ہے ہمیشہ اُس میں رہو گے مگر جو

اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾

اللہ چاہے، بے شک آپ کا رب حکمت والا، علم والا ہے ﴿۱۲۸﴾

وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًۢا

اور اِسی طرح ہم ساتھ مِلا دیں گے گنہ گاروں کو ایک دوسرے

ع ۱۵ ۸ ۲

بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ

سے اُن اعمال کی وجہ سے جو وہ کرتے تھے ﴿۱۲۹﴾ اے جنّات

وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

اور انسانوں کے گروہ! کیا تمہارے پاس تمہیں میں سے پیغمبر

يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ

نہیں آئے تھے جو تم کو میری آیتیں سناتے اور تم کو اِس

لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا

دن کے پیش آنے سے ڈراتے تھے، وہ کہیں گے کہ ہم خود

عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ

اپنے خلاف گواہ ہیں اور اُن کو دنیا کی زندگی نے دھوکے

الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ

میں رکھا اور وہ اپنے خلاف خود گواہی دیں گے کہ

كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ

بے شک ہم منکر تھے ﴿۱۳۰﴾ یہ اس وجہ سے آپ کا رب بستیوں کو

رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا

اُن کے ظلم کی وجہ سے اِس حال میں ہلاک کرنے والا نہیں کہ

غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ

وہاں کے لوگ بے خبر ہوں ﴿۱۳۱﴾ اور ہر شخص کا درجہ ہے اُس کے عمل

وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۲﴾

کے لحاظ سے، اور آپ کا رب لوگوں کے اعمال سے بے خبر نہیں ﴿۱۳۲﴾

وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ يَّشَاْ

اور آپ کا رب بے نیاز رحمت والا ہے، اگر وہ چاہے

يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ

تو تم سب کو اُٹھا لے اور تمہارے بعد جس کو چاہے

مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ

تمہاری جگہ لے آئے جس طرح اُس نے تم کو پیدا کیا

قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ ط اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ لا

دوسروں کی نسل سے ﴿۱۳۳﴾ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ آ

وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ قُلْ يٰقَوْمِ

کر رہے گی اور تم (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتے ﴿۱۳۴﴾ آپ کہہ دیجیے

اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ج

کہ اے لوگو! تم عمل کرتے رہو اپنی جگہ پر میں بھی عمل کر رہا

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ لا مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ

ہوں، تم جلد ہی جان لو گے کہ آخرت کا انجام کس کے حق میں

الدَّارِ ط اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾

بہتر ہوتا ہے ، یقیناً ظالم کبھی فلاح نہیں پا سکتے ﴿۱۳۵﴾

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ

اور اللہ نے جو کھیتی اور چوپائے پیدا کیے اُس میں سے اُنہوں نے

وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ

اللہ کا کچھ حصّہ مُقرّر کیا ہے، پس وہ کہتے ہیں کہ یہ حصّہ اللہ کا ہے

بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ

اُن کے گمان کے مطابق اور یہ حصّہ ہمارے شریکوں کا ہے، پھر

لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا

جو حصّہ اُن کے شریکوں کا ہوتا ہے وہ تو اللہ کو نہیں پہونچتا اور جو

كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ

حصّہ اللہ کے لیے ہے وہ اُن کے شریکوں کو پہونچ جاتا ہے، کیسا

سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿١٣٦﴾ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ

بُرا فیصلہ ہے جو یہ لوگ کرتے ہیں ﴿١٣٦﴾ اور اِس طرح بہت سے

لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ

مشرکوں کی نظر میں اُن کے شریکوں نے اپنی اولاد کے قتل کو

شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ

خوش نما بنا دیا ہے؛ تا کہ اُن کو برباد کر دیں اور اُن پر اُن کے

دِيْنَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ

دین کو مُشتبہ بنا دیں، اور اگر اللہ چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے،

فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣٧﴾ وَقَالُوْا هٰذِهٖٓ

پس اُن کو چھوڑ دیجیے کہ اپنی من گھڑت باتوں میں لگے رہیں ﴿١٣٧﴾ اور

اَنْعَامٌ وَّحَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ

کہتے ہیں کہ یہ جانور اور کھیتی ممنوع ہے اُنہیں کوئی نہیں کھا سکتا سوائے

اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَاَنْعَامٌ

اُس کے جس کو ہم چاہیں اُن کے اپنے گمان کے مطابق، اور فلاں

حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ

چوپائے ہیں کہ اُن کی پیٹھ (پر سواری) حرام کر دی گئی ہے اور کچھ

اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ؕ

چوپائے ہیں جن پر وہ اللہ کا نام نہیں لیتے، یہ سب اُنہوں نے اللہ پر

سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣٨﴾

جھوٹ باندھا ہے، اللہ جلد اُن کو اِس جھوٹ باندھنے کا بدلہ دے گا ﴿١٣٨﴾

وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ

اور کہتے ہیں کہ فلاں قسم کے جانوروں کے پیٹ میں جو ہے

خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى

وہ ہمارے مَردوں کے لیے خاص ہے اور وہ ہماری عورتوں کے

اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ

لیے حرام ہے، اور اگر وہ مُردہ ہو تو اُس میں سب شریک ہیں، اللہ

فِيْهِ شُرَكَآءُ ۭ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ۭ

جلد اُن کو اِس کہنے کی سزا دے گا، بے شک اللہ حکمت والا،

اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ

علم والا ہے ﴿۱۳۹﴾ وہ لوگ گھاٹے میں پڑ گئے جنہوں نے اپنی

قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ

اولاد کو قتل کیا نادانی سے بغیر کسی علم کے اور اُنہوں نے اُس رزق

وَّحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَاۗءً عَلَى

کو حرام کر لیا جو اللہ نے اُن کو دیا تھا اللہ پر بہتان باندھتے

اللّٰهِ ۭ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ ع ١٦ ١١ ٣

ہوئے، وہ گمراہ ہو گئے اور ہدایت پانے والے نہ بنے ﴿۱۴۰﴾

وَهُوَ الَّذِیْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ

اور وہ اللہ ہی ہے جس نے ایسے باغات پیدا کیے (جن میں سے) کچھ

وَّغَیْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ

ٹٹیوں پر چڑھائے جاتے ہیں اور کچھ نہیں چڑھائے جاتے، اور کھجور

مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّیْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ

کے درخت اور کھیتی کہ اُس کے کھانے کی چیزیں مختلف ہوتی ہیں اور

مُتَشَابِهًا وَّغَیْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا

زیتون اور انار باہم ملتے جلتے بھی اور ایک دوسرے سے مختلف بھی، کھاؤ اُن

مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ یَوْمَ

کی پیداوار جب کہ وہ پھلیں اور اللہ کا حق ادا کرو اُس کے کاٹنے کے دن،

حَصَادِهٖ ۖ وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ

اور فضول خرچی نہ کرو بے شک اللہ فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں

الْمُسْرِفِیْنَ ۙ﴿۱۴۱﴾ وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً

کرتا ﴿۱۴۱﴾ اور چوپایوں میں سے اللہ نے وہ جانور بھی پیدا کیے جو بوجھ اُٹھاتے ہیں

وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ

اور وہ بھی جو زمین سے لگے ہوئے ہوتے ہیں، اللہ نے جو رزق تمہیں دیا ہے

وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ

اُس میں سے کھاؤ اور شیطان کے نقشِ قدم پر نہ چلو، یقین جانو کہ وہ

لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۙ﴿۱۴۲﴾ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ

تمہارے لیے ایک کھلا دشمن ہے ﴿۱۴۲﴾ (اللہ نے) آٹھ جوڑے پیدا

مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ

کیے، دو بھیڑ کی قسم سے اور دو بکری کی قسم سے، آپ

قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ

پوچھیے کہ دونوں نر اللہ نے حرام کیے ہیں یا دونوں

اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ

مادہ یا وہ بچے جو بھیڑوں اور بکریوں کے پیٹ میں ہوں،

نَبِّـُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۙ﴿۱۴۳﴾

مجھے دلیل کے ساتھ بتاؤ اگر تم سچے ہو ﴿۱۴۳﴾

وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ؕ

اور اِسی طرح دو اونٹ کی قِسم سے ہیں اور دو گائے کی قِسم سے،

قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ

آپ پوچھیے کہ دونوں نَر اللہ نے حرام کیے ہیں یا دونوں مادہ

اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ

یا وہ بچّے جو اونٹنی اور گائے کے پیٹ میں ہوں، کیا تم

اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ

اُس وقت حاضر تھے جب اللہ نے تم کو اِس کا حکم دیا تھا؟

بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى

پھر اُس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹا

اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ

بہتان باندھے تاکہ وہ لوگوں کو بہکا دے بغیر علم کے،

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ ع ١٧ ع ٤

بے شک اللہ ظالموں کو راہ نہیں دِکھاتا ﴿۱۴۴﴾

قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا

آپ کہہ دیجیے کہ مجھ پر جو وحی آئی ہے اُس میں تو میں کوئی چیز

عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ

نہیں پاتا جو حرام ہو کسی کھانے والے پر جو اُس کو کھائے سوائے

مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ

اِس کے کہ وہ مُردار ہو یا بہایا ہوا خون ہو یا سُوّر کا گوشت ہو کہ وہ

خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ

ناپاک ہے یا ناجائز ذبیحہ جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا

لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ

ہو، لیکن جو شخص بھوک سے بے اختیار ہو جائے نہ نافرمانی کرے

وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾

اور نہ زیادتی کرے تو آپ کا رب بخشنے والا، مہربان ہے ﴿۱۴۵﴾

وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ

اور یہود پر ہم نے سارے ناخن والے جانور حرام کیے تھے

ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا

اور گائے اور بکری کی چربی حرام کی

عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ

سوائے اُس کے جو اُن کی پیٹھ

ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ

یا آنتوں سے لگی ہو یا کسی ہڈّی سے لگی ہوئی ہو ،

بِعَظْمٍ ؕ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۖ صلے

یہ سزا دی تھی ہم نے اُن کو اُن کی سرکشی پر ، اور یقیناً ہم

وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۱۴۶﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ

سچّے ہیں ﴿۱۴۶﴾ پس اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو آپ کہہ دیں

رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ

کہ تمہارا رب تو بڑی وسیع رحمت والا ہے ، اور اُس کا

بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۴۷﴾

عذاب مجرم لوگوں سے پھیرا نہیں جاسکتا ﴿۱۴۷﴾

سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ

جنہوں نے شرک کیا وہ کہیں گے کہ اگر اللہ چاہتا تو نہ ہم شرک

مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا

کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا کرتے اور نہ ہم کسی چیز کو حرام کر

مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ

لیتے، اِسی طرح جھٹلایا اُن لوگوں نے بھی جو اِس سے پہلے

قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ

ہوئے تھے یہاں تک کہ اُنہوں نے ہمارا عذاب چکھا، آپ

هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ

پوچھیے کہ کیا تمہارے پاس کوئی علم ہے جس کو تم ہمارے سامنے

لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ

پیش کرو، تم تو صرف گمان کے پیچھے چل رہے ہو اور محض

اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿۱۴۸﴾ قُلْ فَلِلّٰهِ

اندازوں سے کام لے رہے ہو ﴿۱۴۸﴾ آپ کہہ دیجیے کہ

الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ

پوری حجت تو اللہ کی ہے، اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت

اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ

دے دیتا ﴿۱۴۹﴾ کہہ دیجیے کہ اپنے گواہوں کو لاؤ جو اِس پر گواہی

الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ

دیں کہ اللہ نے اِن چیزوں کو حرام ٹھہرایا ہے، اگر وہ جھوٹی گواہی

فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ

دے بھی دیں تو آپ اُن کے ساتھ گواہی نہ دینا، اور آپ اُن

وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

لوگوں کی خواہشوں کی پیروی نہ کریں جنھوں نے ہماری نشانیوں

وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ

کو جھٹلایا اور جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور دوسروں کو اپنے

بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ ع قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ ع ١٨ ٦ ٥

رب کا ہمسر ٹھہراتے ہیں ﴿۱۵۰﴾ آپ کہیے کہ آؤ میں سناؤں

مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا

وہ چیزیں جو تمہارے رب نے تم پر حرام کی ہیں، یہ کہ تم اُس کے

بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ

ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک

وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ

کرو اور اپنی اولاد کو مُفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو، ہم تم کو بھی

نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا

روزی دیتے ہیں اور اُن کو بھی ، اور بے حیائی کے کاموں

الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ

کے پاس نہ جاؤ چاہے وہ کُھلے عام ہوں یا چُھپے ہوئے ،

وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ

اور جس جان کو اللہ نے حرام ٹھہرایا اُس کو ناحق قتل

اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ

نہ کرو، یہ باتیں ہیں جن کی اللہ نے تمہیں ہدایت فرمائی ہے

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا

تا کہ تم عقل سے کام لو ﴿۱۵۱﴾ اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ

مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ

مگر ایسے طریقے پر جو بہتر ہو یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو

حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ

پہونچ جائے ، اور ناپ تول میں پورا انصاف کرو ، ہم کسی کے

وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا

ذِمّے وہی چیز لازم کرتے ہیں جس کی اُسے طاقت ہو ، اور جب

اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ

بولو تو انصاف کی بات بولو چاہے معاملہ اپنی رشتے داری ہی کا

كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ؕ ذٰلِكُمْ

ہو ، اور اللہ کے عہد کو پورا کرو ، یہ چیزیں ہیں جن کا اللہ

وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَاَنَّ

نے تمہیں حکم دیا ہے ؛ تا کہ تم نصیحت پکڑو ﴿۱۵۲﴾ اور

هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ
(اللہ نے حکم دیا کہ) یہی میرا سیدھا راستہ ہے

وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ
پس اُسی پر چلو اور دوسرے راستوں پر نہ چلو کہ وہ تم کو

عَنْ سَبِیْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ
اللہ کے راستے سے جُدا کر دیں گے، یہ اللہ نے تم کو حکم

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اٰتَیْنَا مُوْسَی
دیا ہے؛ تاکہ تم بچتے رہو ﴿۱۵۳﴾ پھر ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو

الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَی الَّذِیْۤ اَحْسَنَ
کتاب دی نیک کام کرنے والوں پر اپنی نعمت پوری

وَتَفْصِیْلًا لِّكُلِّ شَیْءٍ وَّهُدًی وَّرَحْمَةً
کرنے کے لیے اور ہر بات کی تفصیل اور ہدایت اور رحمت؛

لَّعَلَّهُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ ع ١٩ ع ٤ ٦
تاکہ وہ اپنے رب سے مُلاقات کا یقین کریں ﴿۱۵۴﴾

وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ

اور اِسی طرح ہم نے یہ کتاب اُتاری ہے ایک برکت والی کتاب

وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۙ﴿۱۵۵﴾ اَنْ تَقُوْلُوْٓا

پس اُس پر چلو اور اللہ سے ڈرو؛ تا کہ تم پر رحم کیا جائے ﴿۱۵۵﴾ اِس لیے

اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰى طَآىِٕفَتَيْنِ مِنْ

کہ تم یہ نہ کہنے لگو کہ کتاب تو ہم سے پہلے کے دو گروہوں

قَبْلِنَا ۪ وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ

کو دی گئی تھی اور ہم اُن کے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر

لَغٰفِلِيْنَ ۙ﴿۱۵۶﴾ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ

تھے ﴿۱۵۶﴾ یا یہ کہو کہ اگر ہم پر کتاب اُتاری جاتی تو ہم اُن سے

عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ

بہتر راہ پر چلنے والے ہوتے، پس آ چکی تمہارے پاس

فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى

تمہارے رب کی طرف سے ایک روشن دلیل اور ہدایت

وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ

اور رحمت ، تو اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ؕ سَنَجْزِي

جو اللہ کی نشانیوں کو جھٹلائے اور اُن سے منھ موڑے ،

الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْٓءَ

جولوگ ہماری نشانیوں سے منھ موڑتے ہیں ہم اُن کو اُن کے منھ

الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ هَلْ

پھیر لینے کی وجہ سے بہت بُرا عذاب دیں گے ﴿۱۵۷﴾ کیا

يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

یہ لوگ اِس کے مُنتظر ہیں کہ اُن کے پاس فرشتے

اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ

آئیں یا آپ کا رب آئے یا آپ کے

رَبِّكَ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ

رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی ظاہر ہو

لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ

جس دن آپ کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی آپہونچے

اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ

گی تو کسی شخص کو اُس کا ایمان لانا نفع نہ دے گا جو پہلے ایمان نہ

اِيْمَانِهَا خَيْرًا ؕ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا

لاچکا ہو یا اپنے ایمان میں کچھ نیکی نہ کی ہو، کہہ دیجیے کہ تم بھی

مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا

انتظار کرو ہم بھی انتظار کر رہے ہیں ﴿۱۵۸﴾ جنہوں نے اپنے

دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ

دین میں راہیں نکال لیں اور گروہوں میں بٹ گئے آپ کا اُن

فِيْ شَيْءٍ ؕ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ

سے کچھ بھی تعلّق نہیں ، اُن کا معاملہ اللہ کے حوالے ہے

يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ مَنْ

پھر وہی اُن کو بتا دے گا جو وہ کرتے تھے ﴿۱۵۹﴾ جو شخص

جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ
نیکی لے کر آئے گا تو اُس کے لیے اُس کا دس گنا ہے، اور جو شخص

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا
بُرائی لے کر آئے گا تو اُس کو بس اُس کے برابر ملے گا اور اُن پر

مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٦٠﴾ قُلْ اِنَّنِىْ
ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿١٦٠﴾ آپ کہہ دیجیے کہ میرے رب نے

هَدٰىنِىْ رَبِّىْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ ۵
مجھ کو تو سیدھا راستہ بتا دیا ہے درست دین ابراہیم (علیہ السلام)

دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ
کی ملّت کی شکل میں جو سیدھی راہ پر چلنے والے تھے

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٦١﴾ قُلْ اِنَّ
اور شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے ﴿١٦١﴾ کہہ دیجیے کہ

صَلَاتِىْ وَنُسُكِىْ وَمَحْيَاىَ وَمَمَاتِىْ
میری نماز اور میری قربانی ، میرا جینا اور میرا مرنا

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱۶۲﴾ لَا شَرِيْكَ

اللہ کے خاطر ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے ﴿۱۶۲﴾ کوئی اُس کا

لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ

شریک نہیں، اور مجھے اِسی کا حکم مِلا ہے اور میں سب سے پہلا

الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۶۳﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا

فرماں بردار ہوں ﴿۱۶۳﴾ کہیے کہ کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور رب تلاش

وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ؕ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ

کروں جب کہ وہی ہر چیز کا رب ہے، اور جو شخص بھی کوئی کمائی کرتا

نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ

ہے وہ اُسی پر رہتی ہے اور کوئی بوجھ اُٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہ

اُخْرٰى ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ

اُٹھائے گا، پھر تمہارے رب ہی کی طرف تمہارا لوٹنا ہے پس وہ

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۶۴﴾

تمہیں بتادے گا وہ چیز جس میں تم اختلاف کرتے تھے ﴿۱۶۴﴾

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ

اور وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں ایک دوسرے کا جانشین

وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ

بنایا اور تم میں سے ایک کا رُتبہ دوسرے پر بلند کیا؛ تاکہ وہ

لِّيَبْلُوَكُمْ فِیْ مَآ اٰتٰىكُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ

آزمائے تم کو اپنے دیے ہوئے میں، آپ کا رب جلد سزا

سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۵﴾ ع ۲۰ ۱۱ ۷ النصف

دینے والا ہے اور بے شک وہ بخشنے والا، مہربان ہے ﴿۱۶۵﴾

(سورہ اعراف مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۱۶۳) سے (۱۷۰) تک مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (۲۰۶) آیتیں اور (۲۴) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۳۹) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۷) نمبر پر ہے اور سورہ سباء کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۳۳۲۵) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اس میں (۱۴۰۱۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

الٓمّٓصٓ ﴿۱﴾ ج كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ

الٓمّٓصٓ ﴿۱﴾ یہ کتاب ہے جو آپ کی طرف اُتاری گئی ہے پس آپ

فِیْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ

کا دل اُس کے باعث تنگ نہ ہو؛ تاکہ آپ اُس کے ذریعے سے لوگوں کو ڈراؤ،

بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢﴾ اِتَّبِعُوْا

اور وہ ایمان والوں کے لیے یاد دہانی ہے ﴿٢﴾ جو اُترا ہے تمہاری

مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ

جانب تمہارے رب کی طرف سے اُس کی پیروی کرو اور اُس

وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ؕ قَلِيْلًا

کے سوا دوسرے سرپرستوں کی پیروی نہ کرو، تم بہت کم نصیحت

مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٣﴾ وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ

نصیحت مانتے ہو ﴿٣﴾ اور کتنی ہی بستیاں ہیں جن کو ہم نے

اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ

ہلاک کر دیا، اُن پر ہمارا عذاب رات کو آ پہونچا یا دوپہر کو جب

هُمْ قَآئِلُوْنَ ﴿٤﴾ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ

کہ وہ آرام کر رہے تھے ﴿٤﴾ پھر جب ہمارا عذاب اُن پر آیا

جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا

تو وہ اِس کے سوا کچھ نہ کہہ سکے کہ واقعی ہم

ظٰلِمِيْنَ ۝٥ فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ

ظالم تھے ۝٥ پس ہم کو ضرور پوچھنا ہے اُن لوگوں سے جن کے

اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٦ لا

پاس رسول بھیجے گئے اور ہم کو ضرور پوچھنا ہے رسولوں سے ۝٦

فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا

پھر ہم اُن کے سامنے سب بیان کر دیں گے علم کے ساتھ اور ہم

غَآئِبِيْنَ ۝٧ وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ ِۨالْحَقُّ ۚ

کہیں غائب نہ تھے ۝٧ اُس دن وزن دار صرف حق ہوگا ،

فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

پس جن کی (نیکیوں کی) تولیں بھاری ہوں گی وہی لوگ

الْمُفْلِحُوْنَ ۝٨ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ

کامیاب ٹھہریں گے ۝٨ اور جن کی تولیں ہلکی ہوں گی

فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو گھاٹے میں ڈالا ،

بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ﴿۹﴾ وَلَقَدْ

کیونکہ وہ ہماری نشانیوں کے ساتھ ناانصافی کرتے تھے ﴿۹﴾ اور

مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ

ہم نے تم کو زمین میں جگہ دی اور ہم نے تمہارے لیے اُس میں

فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۰﴾ ع ۱۰/۸

زندگی کا سامان فراہم کیا، مگر تم بہت کم شکر کرتے ہو ﴿۱۰﴾

وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ

اور ہم نے تم کو پیدا کیا پھر ہم نے تمہاری صورتیں بنائیں

قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ صلے

پھر فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو

فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ لَمْ يَكُنْ

پس اُنہوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس سجدہ کرنے والوں

مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۱۱﴾ قَالَ مَا مَنَعَكَ

میں شامل نہ ہوا ﴿۱۱﴾ اللہ نے کہا: تجھے کس چیز نے سجدہ کرنے سے

اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ؕ قَالَ اَنَا خَيْرٌ

روکا جبکہ میں نے تجھ کو حکم دیا تھا، ابلیس نے کہا کہ میں اُس سے

مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ

بہتر ہوں کہ تو نے مجھے آگ سے بنایا ہے اور آدم کو مٹّی

طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ

سے ﴿۱۲﴾ اللہ نے کہا: تو اُتر جا یہاں سے، تجھے یہ حق نہیں کہ

لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ

تو اُس میں گھمنڈ کرے، پس نکل جا یقیناً تو

مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿۱۳﴾ قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى

ذلیل ہے ﴿۱۳﴾ ابلیس نے کہا کہ تو مجھے اُس دن تک کے لیے

يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالَ اِنَّكَ مِنَ

مُہلت دے جب کہ سب لوگ اُٹھائے جائیں گے ﴿۱۴﴾ اللہ نے کہا کہ

الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۱۵﴾ قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ

تجھے مُہلت دی گئی ﴿۱۵﴾ ابلیس نے کہا کہ چونکہ مجھے تو نے گمراہ کیا ہے

لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿١٦﴾
میں بھی لوگوں کے لیے تیری سیدھی راہ پر بیٹھوں گا ﴿١٦﴾

ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ
پھر اُن پر آؤں گا اُن کے آگے سے اور اُن کے پیچھے

وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ
سے اور اُن کے دائیں سے اور اُن کے بائیں

شَمَآئِلِهِمْ ؕ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ
سے ، اور تو اُن میں سے اکثر کو شُکر گزار نہ

شٰكِرِيْنَ ﴿١٧﴾ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا
پائے گا ﴿١٧﴾ اللہ نے کہا کہ نکل جا یہاں سے ذلیل اور ٹھکرایا

مَّدْحُوْرًا ؕ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَـَٔنَّ
ہوا ، جو کوئی اُن میں سے تیری راہ پر چلے گا تو میں تم

جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٨﴾ وَيٰۤاٰدَمُ
سب سے جہنم کو بھر دوں گا ﴿١٨﴾ اور اے آدم!

اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا

تم اور تمہاری بیوی جنت میں رہو اور کھاؤ جہاں سے

مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ

چاہو ، مگر اُس درخت کے پاس نہ جانا ورنہ تم

الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٩﴾

نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہو جاؤ گے ﴿١٩﴾

فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا

پھر شیطان نے دونوں کو بہکایا تاکہ وہ کھول دے اُن کی

مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ

وہ شرمگاہیں جو اُن سے چھپائی گئی تھیں ، اُس نے اُن سے کہا

مَا نَهٰىكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ

کہ تمہارے رب نے تم کو اُس درخت سے صرف اِس لیے

اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ

روکا ہے کہ کہیں تم دونوں فرشتے نہ بن جاؤ یا تم کو

الْخٰلِدِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَقَاسَمَهُمَآ اِنِّيْ لَكُمَا

ہمیشہ کی زندگی حاصل ہو جائے ﴿٢٠﴾ اور اُس نے قسم کھا کر کہا کہ

لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿٢١﴾ فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ

میں تم دونوں کا خیر خواہ ہوں ﴿٢١﴾ پس مائل کر لیا اُن کو دھوکے

فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا

سے ، پھر جب دونوں نے درخت کا پھل چکھا

سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا

تو اُن کی شرمگاہیں اُن پر کھل گئیں اور وہ اپنے کو باغ

مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؕ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ

کے پتّوں سے ڈھانکنے لگے ، اور اُن کے رب نے اُن کو

اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ

پکارا کہ کیا میں نے تمہیں اُس درخت سے منع نہیں کیا تھا

وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ

اور یہ نہیں کہا تھا کہ شیطان تمہارا کھلا ہوا

مُّبِيْنٌ ﴿۲۲﴾ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سكتة

دُشمن ہے ﴿۲۲﴾ اُنہوں نے کہا: اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں

وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ

پر ظلم کیا، اور اگر آپ ہم کو معاف نہ کریں اور ہم پر رحم نہ کریں تو ہم

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ اهْبِطُوْا

نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے ﴿۲۳﴾ اللہ نے کہا: اُترو،

بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي

تم ایک دوسرے کے دُشمن ہوں گے اور تمہارے لیے

الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۲۴﴾

زمین میں ایک خاص مدّت تک ٹھہرنا اور نفع اُٹھانا ہے ﴿۲۴﴾

قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ

اللہ نے کہا: اُسی میں تم جیو گے اور اُسی میں تم مَرو گے

وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿۲۵﴾ ع يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ ع ۲ ۱۵ ۹

اور اُسی سے تم نکالے جاؤ گے ﴿۲۵﴾ اے آدم کی اولاد!

قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ

ہم نے تم پر لباس اُتارا جو تمہاری شرم گاہوں کو

سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى

ڈھانکے اور زینت بھی، اور تقوے کا لباس اُس سے

ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ

بھی بہتر ہے ، یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے

لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿٢٦﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ

تاکہ لوگ غور کریں ﴿٢٦﴾ اے آدم کی اولاد !

لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ

شیطان تم کو بہکا نہ دے جس طرح اُس نے تمہارے

اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا

ماں باپ کو جنت سے نکلوا دیا ، اُس نے اُن کے

لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ

لباس اُتروائے تاکہ اُن کو اُن کے سامنے بے پردہ کردے، وہ

يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ

اور اُس کے ساتھی تم کو ایسی جگہ سے دیکھتے ہیں جہاں سے تم

لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ

اُنہیں نہیں دیکھتے، ہم نے شیطانوں کو اُن لوگوں کا دوست بنا دیا

اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاِذَا

ہے جو ایمان نہیں لاتے ﴿۲۷﴾ اور جب وہ کوئی فحش (کھلی بُرائی)

فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ

کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو اِسی طرح کرتے

اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ

ہوئے پایا ہے اور اللہ نے ہم کو اِسی کا حکم دیا ہے، کہہ دیں کہ اللہ کبھی

لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى

بُرے کام کا حکم نہیں دیتا، کیا تم اللہ کے ذِمّے وہ بات لگاتے ہو جس کا

اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ

تمہیں کوئی علم نہیں ﴿۲۸﴾ کہہ دیجیے کہ میرے رب نے انصاف کا

بِالْقِسْطِ ؕ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ

حکم دیا ہے اور یہ کہ ہر نماز کے وقت اپنا رُخ سیدھا رکھو اور اُسی کو

كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ

پُکارو اُسی کے لیے دین کو خالص کرتے ہوئے، جس طرح اُس نے

لَهُ الدِّيْنَ ؕ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿٢٩﴾ ؕ

تم کو پہلے پیدا کیا اُسی طرح تم دوسری بار بھی پیدا ہوگے ﴿٢٩﴾

فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ

ایک گروہ کو اُس نے راہ دِکھا دی اور ایک گروہ ہے کہ

الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ

اُس پر گمراہی ثابت ہو چکی ، اُنہوں نے اللہ کو چھوڑ کر

اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ

شیطانوں کو اپنا دوست بنایا اور گمان یہ رکھتے ہیں کہ

اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٣٠﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا

وہ ہدایت پر ہیں ﴿٣٠﴾ اے آدم کی اولاد !

زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا

ہر نماز کے وقت اپنا لباس پہنو اور کھاؤ

وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

پیو اور حد سے تجاوز نہ کرو، بے شک اللہ حد سے تجاوز کرنے والوں کو

ع ٣ ١٠ ٢ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٣١﴾ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ

پسند نہیں کرتا ﴿٣١﴾ (اے نبی) آپ پوچھیے کہ اللہ کی زینت کو کس نے

اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ

حرام کیا جو اُس نے اپنے بندوں کے لیے نکالا تھا اور کھانے کی پاک

مِنَ الرِّزْقِ ۭ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

چیزوں کو، کہہ دیجیے کہ وہ دنیا کی زندگی میں بھی ایمان والوں کے لیے ہیں

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ

اور آخرت میں تو وہ خاص اُنہیں کے لیے ہوں گی، اِسی طرح ہم اپنی

كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٣٢﴾

آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں اُن لوگوں کے لیے جو جاننا چاہیں ﴿٣٢﴾

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ

کہہ دیجیے کہ میرے رب نے تو بس فحش باتوں کو حرام ٹھہرایا ہے

مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ

وہ کھلی ہوں یا چھپی اور گناہ کو اور ناحق کی زیادتی کو اور اِس بات

الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ

کو کہ تم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرو جس کی اُس نے کوئی دلیل

بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا

نہیں اُتاری اور یہ کہ تم اللہ کے ذِمّے ایسی بات لگاؤ جس کا تم علم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا

نہیں رکھتے ﴿٣٣﴾ اور ہر قوم کے لیے ایک مُقرّرہ مدت ہے، پھر

جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً

جب اُن کی مدت آجائے گی تو وہ نہ ایک لمحہ بھر پیچھے ہٹ سکیں

وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٣٤﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا

گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے ﴿٣٤﴾ اے آدم کی اولاد! اگر

يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ

تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول آئیں جو تم کو میری

عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ

آیات سنائیں تو جو شخص ڈرا اور جس نے اصلاح کرلی

فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٣٥﴾

اُن کے لیے نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿٣٥﴾

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا

اور جو لوگ میری آیات کو جھٹلائیں اور اُن سے تکبّر

عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ

کریں وہی لوگ دوزخ والے ہیں ، وہ اُس میں

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٣٦﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

ہمیشہ رہیں گے ﴿٣٦﴾ پھر اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ

جو اللہ پر بہتان باندھے یا اُس کی نشانیوں کو جھٹلائے ،

اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ؕ

اُن کے نصیب کا جو حصّہ لکھا ہوا ہے وہ اُنہیں مِل کر رہے گا، یہاں تک

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ

کہ جب ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے اُن کی جان لینے کے لیے اُن کے

قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ

پاس پہونچیں گے تو اُن سے پوچھیں گے کہ اللہ کے سِوا جن کو تم پُکارتے

دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا

تھے کہاں ہیں، وہ کہیں گے کہ وہ سب ہم سے کھو گئے اور وہ اپنے اوپر

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿٣٧﴾

اقرار کریں گے کہ بے شک وہ انکار کرنے والے تھے ﴿٣٧﴾

قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ

اللہ کہے گا: داخل ہو جاؤ آگ میں جِنّات اور انسانوں کے اُن گروہوں کے

قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِى النَّارِ ؕ

ساتھ جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں، جب بھی کوئی گروہ (جہنم میں) داخل ہوگا

كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ حَتّٰۤى

وہ اپنے ساتھی گروہ پر لعنت کرے گا، یہاں تک کہ جب وہ سب

اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ

اُس میں جمع ہو جائیں گے تو اُن کے پچھلے اپنے اگلوں کے

اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰۤؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا

بارے میں کہیں گے کہ اے ہمارے رب! یہی لوگ ہیں جنہوں

فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ؕ قَالَ

نے ہم کو گمراہ کیا پس آپ اِن کو آگ کا دوہرا عذاب دیجیے،

لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾

اللہ کہے گا کہ سب کے لیے دوہرا ہے مگر تم نہیں جانتے ﴿۳۸﴾

وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ

اور اُن کے اگلے اپنے پچھلوں سے کہیں گے

لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا

کہ تم کو ہم پر کوئی فضیلت حاصل نہیں، پس اپنی

الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٣٩﴾ اِنَّ ع

کمائی کے نتیجے میں عذاب کا مزہ چکھو ﴿٣٩﴾ بے شک

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا

جن لوگوں نے ہماری نشانیوں کو جُھٹلایا اور اُن سے تکبّر کیا

لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ

اُن کے لیے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جائیں گے اور وہ

الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ؕ

جنّت میں داخل نہ ہوں گے جب تک کہ اونٹ سوئی کے ناکہ میں

وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٤٠﴾ لَهُمْ

نہ گھُس جائے، اور ہم مجرموں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں ﴿٤٠﴾ اُن

مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ

کے لیے دوزخ کا بچھونا ہوگا اور اُن کے اوپر اُسی کا اوڑھنا ہوگا،

وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤١﴾ وَالَّذِيْنَ

اور ہم ظالموں کو اِسی طرح سزا دیتے ہیں ﴿٤١﴾ اور جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ

ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک کام کیے ہم کسی شخص پر

نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ ۚ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

اُس کی طاقت کے مطابق ہی بوجھ ڈالتے ہیں ، یہی لوگ

الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَنَزَعْنَا

جنّت والے ہیں ، وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۴۲﴾ اور اُن کے

مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ

سینے کی ہر رنجش کو ہم نکال دیں گے ، اُن کے نیچے

تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ

نہریں بہہ رہی ہوں گی ، اور وہ کہیں گے کہ ساری تعریف اللہ

الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ

کے لیے ہے جس نے ہم کو یہاں تک پہونچایا اور ہم راہ پانے

لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ

والے نہ تھے اگر اللہ ہم کو ہدایت نہ دیتا ، ہمارے رب کے

رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَنُوْدُوْٓا اَنْ

رسول سچّی بات لے کر آئے تھے ، اور آواز آئے گی کہ یہ

تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ

جنّت ہے جس کے تم وارث ٹھہرائے گئے ہو اپنے اعمال کے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ع ١٠

بدلے ﴿۴۳﴾ اور جنّت والے دوزخ والوں کو پُکاریں گے

اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا

کہ ہم سے ہمارے رب نے جو وعدہ کیا تھا ہم نے اُس کو سچّا

وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا

پایا ، کیا تم نے بھی اپنے رب کے وعدے کو سچّا پایا ،

وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ

وہ کہیں گے : ہاں ، پھر ایک پُکارنے والا

مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى

دونوں کے درمیان پُکارے گا کہ اللہ کی لعنت ہو

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ

ظالموں پر ﴿۴۴﴾ جو اللہ کی راہ سے روکتے تھے

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ

اور اُس میں کجی (ٹیڑھا پن) ڈھونڈتے تھے اور وہ

وقف لازم

بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَبَيْنَهُمَا

آخرت کے مُنکر تھے ﴿۴۵﴾ اور دونوں کے درمیان

حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ

ایک آڑ ہوگی، اور اعراف کے اوپر کچھ لوگ ہوں گے

يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا ۢ بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا

جو ہر ایک کو اُن کی علامتوں سے پہچانیں گے اور وہ

اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ قف

جنّت والوں کو پُکار کر کہیں گے کہ تم پر سلامتی ہو، وہ ابھی جنّت

لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿۴۶﴾

میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے مگر وہ امیدوار ہوں گے ﴿۴۶﴾

وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ

اور جب دوزخ والوں کی طرف اُن کی نگاہ پھیری جائے گی

اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا

تو وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب! ہم کو شامل نہ کیجیے

ع ۵ ۸ ۱۲ مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ

اِن ظالم لوگوں کے ساتھ ﴿۴۷﴾ اور اعراف والے اُن لوگوں کو

الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ

پکاریں گے جنہیں وہ اُن کی علامت سے پہچانتے ہوں گے،

قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا

وہ کہیں گے کہ تمہارے کام نہ آئی تمہاری جماعت اور

كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ

تمہارا اپنے آپ کو بڑا سمجھنا ﴿۴۸﴾ کیا یہی وہ لوگ ہیں جن کے بارے

اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ؕ

میں تم قسم کھا کر کہتے تھے کہ اُن کو کبھی اللہ کی رحمت نہ ملے گی،

اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ

جنّت میں داخل ہو جاؤ اب تم پر نہ کوئی ڈر ہے اور نہ تم کبھی غمگین

تَحْزَنُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ

ہوں گے ﴿۴۹﴾ اور دوزخ کے لوگ جنّت والوں کو پکاریں گے

اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا

کہ کچھ پانی ہم پر بھی ڈال دو یا اُس میں سے جو اللہ نے

مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْٓا

تمہیں کھانے کو دے رکھا ہے، وہ کہیں گے کہ اللہ نے

اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۰﴾ۙ

اُن دونوں چیزوں کو کافروں کے لیے حرام کر دیا ہے ﴿۵۰﴾

الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا

وہ جنہوں نے اپنے دین کو کھیل تماشہ بنا لیا تھا اور جن کو

وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ

دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈال رکھا تھا، پس آج

نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ

ہم اُن کو بُھلا دیں گے جس طرح اُنہوں نے اپنے اِس دن کی مُلاقات

هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۵۱﴾

کو بھلا دیا تھا اور جیسا کہ وہ ہماری نشانیوں کا انکار کرتے رہے ﴿۵۱﴾

وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى

اور ہم اُن لوگوں کے پاس ایک ایسی کتاب لے آئے ہیں جس کو ہم نے علم کی بنیاد

عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾

پر واضح کر دیا ہے ہدایت اور رحمت بنا کر اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائیں ﴿۵۲﴾

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ

کیا اب بھی وہ اِسی کے منتظر ہیں کہ اُس کا مضمون ظاہر ہو جائے، جس دن اُس کا

تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ

مضمون ظاہر ہو جائے گا تو وہ لوگ جو اُس کو پہلے سے بھولے ہوئے تھے بول

قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ

اُٹھیں گے کہ بے شک ہمارے رب کے پیغمبر حق لے کر آئے تھے، پس اب کیا

لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ

کوئی ہماری سفارش کرنے والے ہیں کہ ہماری سفارش کریں یا ہم کو

نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِىْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ

دوبارہ واپس ہی بھیج دیا جائے تاکہ ہم اُس عمل کے سوا دوسرے عمل

قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ

کریں جو ہم پہلے کرتے رہے تھے، اُنہوں نے اپنے آپ کو گھاٹے

مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ ع ۱۳

میں ڈالا اور اُن سے گُم ہو گیا وہ جو وہ گھڑتے تھے ﴿۵۳﴾ بے شک تمہارا

الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِىْ

رب وہی اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دِنوں

سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۘ

میں پیدا کیا پھر وہ عرش پر قائم ہوا، وہ اُڑھاتا ہے رات کو

يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ

دن پر اس طرح کہ دن اُس کے پیچھے لگا آتا ہے دوڑتا ہوا،

وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ

اور (اُس نے پیدا کیے) سورج اور چاند اور ستارے جو تابع دار

بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ

ہیں اُس کے حکم کے، یاد رکھو! اُسی کا کام ہے پیدا کرنا اور حکم کرنا،

تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا

بڑی برکت والا ہے اللہ جو رب ہے سارے جہانوں کا ﴿۵۴﴾ اپنے

رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

رب کو پکارو گڑگڑاتے ہوئے اور چپکے چپکے، یقیناً وہ حد سے

الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ۚ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ

گزرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ﴿۵۵﴾ اور زمین میں فساد نہ کرو

بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ

اُس کی اصلاح کے بعد اور اُسی کو پکارو خوف اور اُمید کے

اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ

ساتھ، یقیناً اللہ کی رحمت نیک کام کرنے والوں سے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٥٦﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ

قریب ہے ﴿٥٦﴾ اور وہ اللہ ہی ہے جو ہواؤں کو اپنی رحمت کے

الرِّيٰحَ بُشْرًا ۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ

آگے خوش خبری بنا کر بھیجتا ہے، پھر جب وہ بوجھل بادلوں کو اُٹھا

حَتّٰٓى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ

لیتی ہیں تو ہم اُس کو کسی خشک زمین کی طرف ہانک دیتے ہیں

لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا

پھر ہم اُس کے ذریعے پانی اُتارتے ہیں، پھر ہم اُس کے

بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ

ذریعے سے ہر قسم کے پھل نکالتے ہیں، اِسی طرح ہم مُردوں

الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَالْبَلَدُ

کو نکالیں گے؛ تاکہ تم غور کرو ﴿٥٧﴾ اور جو زمین اچھی ہے

الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ

اُس کی پیداوار نکلتی ہے اُس کے رب کے حکم سے،

وَالَّذِیْ خَبُثَ لَا یَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ

اور جو زمین خراب ہے اُس کی پیداوار کم ہی ہوتی ہے،

كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ

اِسی طرح ہم اپنی نشانیاں مختلف پہلوؤں سے دِکھاتے ہیں اُن

ع ۵ ۱۴ یَّشْكُرُوْنَ ﴿۵۸﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا ع

کے لیے جو شُکر کرنے والے ہیں ﴿۵۸﴾ ہم نے نوح (علیہ السلام) کو اُن

اِلٰی قَوْمِهٖ فَقَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

کی قوم کی طرف بھیجا، نوح نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اِنِّیْۤ اَخَافُ

عبادت کرو کہ اُس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، میں تم پر ایک

عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۵۹﴾ قَالَ

بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿۵۹﴾ اُس کی قوم کے

الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِیْ ضَلٰلٍ

بڑوں نے کہا کہ ہم کو تو یہ نظر آتا ہے تم ایک کُھلی ہوئی گمراہی میں

مُّبِيْنٍ ﴿٦٠﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ

مبتلا ہو ﴿٦٠﴾ نوح (علیہ السلام) نے فرمایا: اے میری قوم! مجھ میں کوئی گمراہی نہیں

وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦١﴾

ہے بلکہ میں بھیجا ہوا ہوں سارے جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ﴿٦١﴾

اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ

تم کو اپنے رب کے پیغامات پہونچا رہا ہوں اور تمہاری بھلائی چاہ رہا ہوں،

وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾ اَوَ

اور میں اللہ کی طرف سے وہ بات جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے ﴿٦٢﴾ کیا تم

عَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

کو اِس پر تعجّب ہوا کہ تمہارے رب کی نصیحت تمہارے پاس تمہیں

عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا

میں سے ایک شخص کے ذریعے آئی؛ تاکہ وہ تم کو ڈرائے اور تاکہ تم

وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿٦٣﴾ فَكَذَّبُوْهُ

بچو اور تاکہ تم پر رحم کیا جائے ﴿٦٣﴾ پس اُنہوں نے اُن کو جھٹلا دیا،

فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ

پھر ہم نے نوح کو بچا لیا اور اُن لوگوں کو بھی جو اُس کے ساتھ

وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ

کشتی میں تھے اور ہم نے اُن لوگوں کو ڈبو دیا جنہوں نے ہماری نشانیوں کو

كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ ع ٨ ٦ ١٥

جُھٹلایا تھا، بے شک وہ لوگ اندھے تھے ﴿٦٤﴾ اور عاد کی طرف ہم نے اُن

هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

کے بھائی ہود (علیہ السلام) کو بھیجا، اُنہوں نے کہا کہ اے میری قوم! اللہ کی

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٦٥﴾

عبادت کرو، اُس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، پس کیا تم ڈرتے نہیں ﴿٦٥﴾

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖۤ

اُس کی قوم کے بڑے جو انکار کر رہے تھے بولے: ہم تو تم

اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ

کو نادانی میں مبتلا دیکھتے ہیں اور ہم کو گمان ہے کہ تم

مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٦٦﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ

جھوٹے ہو ﴿٦٦﴾ ہود (علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! مجھے کوئی

بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ

نادانی نہیں ہے بلکہ میں سارے جہانوں کے پروردگار کا

رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٧﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ

رسول ہوں ﴿٦٧﴾ تم کو اپنے رب کے پیغامات پہونچا رہا

رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿٦٨﴾

ہوں اور میں تمہارے حق میں خیر خواہ، امانت دار ہوں ﴿٦٨﴾

اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ

کیا تم کو اِس پر تعجّب ہے کہ تمہارے پاس تمہیں میں سے ایک

رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ

شخص کے ذریعے تمہارے رب کی نصیحت آئی تاکہ وہ تم کو

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ

ڈرائے، اور یاد کرو جب کہ اُس نے قومِ نوح کے بعد تم کو

بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ

اُس کا جانشین بنایا اور ڈیل ڈول میں تم کو پھیلاؤ بھی

بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ

زیادہ دیا ، پس اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو تاکہ تم کامیاب

تُفْلِحُوْنَ ﴿٦٩﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ

ہو جاؤ ﴿٦٩﴾ ہود (علیہ السلام) کی قوم نے کہا: کیا تم ہمارے پاس اِس لیے

اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ

آئے ہو کہ ہم تنہا اللہ کی عبادت کریں اور اُن کو چھوڑ دیں جن کی عبادت

اٰبَآؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ

ہمارے باپ دادا کرتے آئے ہیں، پس تم جس عذاب کی دھمکی ہم کو

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ قَدْ وَقَعَ

دیتے ہو اُس کو لے آؤ اگر تم سچے ہو ﴿٧٠﴾ ہود (علیہ السلام) نے کہا: تم پر

عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ؕ

تمہارے رب کی طرف سے عذاب اور غصہ واقع ہو چکا ہے،

اَتُجَادِلُوْنَنِیْ فِیْۤ اَسْمَآءٍ سَمَّیْتُمُوْهَاۤ

کیا تم مجھ سے اُن ناموں پر جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے

اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا

باپ داداؤں نے رکھ لیے ہیں، جن کی اللہ نے کوئی دلیل نہیں

مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْۤا اِنِّیْ مَعَكُمْ

اُتاری، پس انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے

مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ ﴿۷۱﴾ فَاَنْجَیْنٰهُ

والوں میں ہوں ﴿۷۱﴾ پھر ہم نے بچا لیا اُس کو اور جو اُس کے

وَالَّذِیْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا

ساتھ تھے اپنی رحمت سے اور ہم نے اُن لوگوں کی جڑ کاٹ دی

دَابِرَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَمَا كَانُوْا

جو ہماری نشانیوں کو جُھٹلاتے تھے اور ماننے والے نہ

مُؤْمِنِیْنَ ﴿۷۲﴾ ع وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ؕ وقف لازم ع ۹ ۸ ۱۲

تھے ﴿۷۲﴾ اور ثمود کی طرف ہم نے اُن کے بھائی صالح (علیہ السلام) کو بھیجا،

قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ

اُنہوں نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اُس کے سوا تمہارا

اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ

کوئی معبود نہیں، تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک کھلی

رَّبِّكُمْ ؕ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا

ہوئی نشانی آ چکی ہے، یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لیے ایک نشانی کے طور پر

تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا

ہے پس اُس کو چھوڑ دو کہ وہ کھائے اللہ کی زمین میں اور اُسے کسی بُرائی

بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾

کے ارادے سے چھونا بھی نہیں ورنہ تم کو ایک دردناک عذاب پکڑ لے گا ﴿٧٣﴾

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ

اور یاد کرو جب کہ اللہ نے عاد کے بعد تم کو اُن کا جانشین

عَادٍ وَّبَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ

بنایا اور تم کو زمین میں ٹھکانہ دیا، تم اُس کے

مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ

میدانوں میں محل بناتے ہو اور پہاڑوں کو

بُيُوْتًا ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا

تراش کر گھر بناتے ہو ، پس اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو

فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿٧٤﴾ قَالَ الْمَلَاُ

اور زمین میں فساد کرتے نہ پھرو ﴿٧٤﴾ اُن کی قوم

الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ

کے بڑوں نے جنہوں نے گھمنڈ کیا اُن ایمان والوں سے کہا

اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ

جو کمزور سمجھے جاتے تھے : کیا تم کو یقین ہے کہ صالح اپنے

اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ

رب کا بھیجا ہوا ہے ، اُنہوں نے جواب دیا کہ

قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿٧٥﴾

ہم تو جو وہ لے کر آئے ہیں اُس پر ایمان رکھتے ہیں ﴿٧٥﴾

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِيْٓ

وہ متکبّر لوگ کہنے گے کہ ہم تو اُس چیز کے مُنکر ہیں

اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿٧٦﴾ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ

جس پر تم ایمان لائے ہو ﴿٧٦﴾ پھر اُنہوں نے اونٹنی کو کاٹ ڈالا

وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ

اور اپنے رب کے حکم سے پھر گئے اور اُنہوں نے کہا: اے صالح!

ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ

اگر تو پیغمبر ہے تو وہ عذاب لے آ جس سے تو ہم کو

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٧٧﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

ڈراتا ہے ﴿٧٧﴾ پھر اُنہیں زلزلے نے آ پکڑا

فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٧٨﴾

اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے منہ پڑے رہ گئے ﴿٧٨﴾

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ

اور صالح (علیہ السلام) یہ کہتے ہوئے (اُن کی بستیوں سے) نکل گئے کہ اے میری قوم!

اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ

میں نے تم کو اپنے رب کا پیغام دیا اور میں نے تمہاری

وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿٧٩﴾

خیر خواہی کی مگر تم خیر خواہوں کو پسند نہیں کرتے ﴿٧٩﴾

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ

اور ہم نے لوط (علیہ السلام) کو بھیجا، جب اُنہوں نے اپنی قوم سے

مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ

کہا کہ کیا تم کھُلی بے حیائی کا کام کرتے ہو جو تم سے پہلے دنیا

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ

میں کسی نے نہیں کیا ﴿٨٠﴾ تم عورتوں کو چھوڑ کر

شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ

مَردوں سے اپنی خواہش پوری کرتے ہو؛ بلکہ تم حد سے

قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿٨١﴾ وَمَا كَانَ جَوَابَ

گزر جانے والے لوگ ہو ﴿٨١﴾ مگر اُن کی قوم کا جواب

قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ

اِس بات کے سِوا کچھ نہ تھا کہ اِنہیں اپنی بستی سے

قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿٨٢﴾

نکال دو ، یہ لوگ بڑے پاک باز بنتے ہیں ﴿٨٢﴾

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ

پھر ہم نے بچا لیا لوط کو اور اُن کے گھر والوں کو سوائے اُن کی بیوی

مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ

کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی ﴿٨٣﴾ اور ہم نے اُن پر

مَّطَرًا ۭ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

بارش برسائی (پتھروں کی) پھر دیکھو کہ کیسا انجام ہوا

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٨٤﴾ ع وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ ع ١٢ ١٧

مجرموں کا ﴿٨٤﴾ اور مدیَن کی طرف ہم نے اُن کے بھائی

شُعَيْبًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

شعیب (علیہ السلام) کو بھیجا، اُنہوں نے کہا کہ اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ

جس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، تمہارے پاس

بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ

تمہارے رب کی طرف سے دلیل پہونچ چکی ہے پس

وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ

ناپ تول پورا کرو اور مت گھٹا کر دو لوگوں کو اُن کی چیزیں،

وَلَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؕ

اور فساد نہ مچاؤ زمین میں اُس کی اصلاح کے بعد،

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ ﴿٨٥﴾

یہ تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم مؤمن ہو ﴿٨٥﴾

وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ

اور راستوں پر مت بیٹھو کہ ڈراؤ اور اللہ کی راہ سے

وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ

اُن لوگوں کو روکو جو اُس پر ایمان لا چکے ہیں

بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ

اور اُس کی راہ میں کجی (ٹیڑھا پن) تلاش کرو، اور یاد کرو

كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۖ وَانْظُرُوْا

جب کہ تم بہت تھوڑے تھے پھر اُس نے تم کو بڑھا دیا،

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨٦﴾

اور دیکھو فساد مچانے والوں کا کیا انجام ہوا ﴿٨٦﴾

وَاِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ

اور اگر تم میں سے ایک گروہ اُس پر ایمان لایا ہے جو دے کر

اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا

میں بھیجا گیا ہوں اور ایک گروہ ایمان نہیں لایا ہے تو

فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ

انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ ہمارے درمیان فیصلہ کر دے،

وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿٨٧﴾

اور وہ بہتر فیصلہ کرنے والا ہے ﴿٨٧﴾

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ

قوم کے بڑے لوگ جو متکبّر تھے اُنہوں نے کہا کہ اے شعیب!

قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ وَالَّذِيْنَ

ہم تم کو اور اُن لوگوں کو جو تمہارے ساتھ ایمان لائے ہیں اپنی

اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ

بستی سے نکال دیں گے یا تم واپس ہماری مِلّت میں آجاؤ،

فِيْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿۸۸﴾

شعیب (علیہ السلام) نے کہا: کیا ہم بیزار ہوں تب بھی ﴿۸۸﴾

قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا

ہم اللہ پر جھوٹ گھڑنے والے ہوں گے اگر ہم تمہاری مِلّت

فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ

میں لوٹ آئیں بعد اِس کے کہ اللہ نے ہم کو اُس سے نجات دی،

وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ

اور ہم سے یہ ممکن نہیں کہ ہم اُس مِلّت میں لوٹ آئیں مگر

يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ

یہ کہ ہمارا رب اللہ ہی ایسا چاہے، ہمارا رب ہر چیز کو اپنے علم سے

عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ

گھیرے ہوئے ہے، ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا، اے ہمارے رب!

بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ

ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر دیجیے،

خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ

آپ ہی بہترین فیصلہ کرنے والے ہیں ﴿۸۹﴾ اور اُن بڑوں نے

كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ

جنہوں نے اُس کی قوم میں سے انکار کیا تھا کہا کہ

شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾

اگر تم شعیب کی پیروی کرو گے تو تم برباد ہو جاؤ گے ﴿۹۰﴾

فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

پھر اُن کو زلزلے نے پکڑ لیا ، پس وہ

دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا مع

اپنے گھر میں اوندھے منہ پڑے رہ گئے ﴿۹۱﴾ جنہوں نے شعیب

شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۚ اَلَّذِيْنَ

(علیہ السلام) کو جھٹلایا تھا گویا وہ اُس بستی میں بسے ہی نہ تھے،

كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۲﴾

جنہوں نے شعیب کو جھٹلایا وہی نقصان میں رہے ﴿۹۲﴾

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ

اُس وقت شعیب (علیہ السلام) اُن سے منہ موڑ کر چلے اور کہا کہ اے

اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ

میری قوم! میں تم کو اپنے رب کے پیغامات پہونچا چکا اور تمہاری

فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۹۳﴾ ع ۱۱ ۹ ۱

خیر خواہی کر چکا، اب میں کیا افسوس کروں منکروں پر ﴿۹۳﴾

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ

اور ہم نے جس بستی میں بھی کوئی نبی بھیجا

اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ

اُس کے رہنے والوں کو ہم نے سختی اور تکلیف میں مبتلا کیا؛

لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ

تا کہ وہ گڑگڑائیں ﴿۹۴﴾ پھر ہم نے دُکھ کو سُکھ سے بدل دیا یہاں

السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا

تک کہ اُنہیں خوب ترقی ہوئی اور وہ کہنے لگے کہ تکلیف اور خوشی

قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ

تو ہمارے باپ دادوں کو بھی پہونچتی رہی ہے، پھر ہم نے اُن کو

فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾

اچانک پکڑ لیا اور وہ اُس کا گمان بھی نہ رکھتے تھے ﴿۹۵﴾

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا

اور اگر بستیوں والے ایمان لاتے اور ڈرتے

لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ

تو ہم اُن پر آسمان

وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ

اور زمین کی نعمتیں کھول دیتے، مگر اُنہوں نے جُھٹلایا تو ہم نے اُن کو پکڑ

بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۶﴾ اَفَاَمِنَ اَهْلُ

لیا اُن کے اعمال کے بدلے ﴿۹۶﴾ پھر کیا بستی والے اِس سے بے خوف

الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ

ہو گئے ہیں کہ اُن پر ہمارا عذاب رات کے وقت آ پڑے جب کہ وہ

نَآئِمُوْنَ ﴿۹۷﴾ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ

سوتے ہوں ﴿۹۷﴾ یا کیا بستی والے اِس سے بے خوف ہو گئے ہیں کہ اُن

يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۸﴾

پر ہمارا عذاب آ پہونچے دن چڑھے جب وہ کھیلتے ہوں ﴿۹۸﴾

اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ

کیا یہ لوگ اللہ کی تدبیروں سے بے خوف ہو گئے ہیں، پس اللہ کی تدبیروں سے

اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹۹﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ ع ۱۲ ۶ ۲

وہی لوگ بے خوف ہوتے ہیں جو تباہ ہونے والے ہوں ﴿۹۹﴾ کیا سبق نہیں ملا

لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ

اُن کو جو زمین کے وارث ہوئے ہیں اُس کے اگلے رہنے

اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ

والوں کے بعد کہ اگر ہم چاہیں تو اُن کو پکڑ لیں اُن کے

بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ

گناہوں پر ، اور ہم نے اُن کے دِلوں پر مہر لگا دی ہے

لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ

پس وہ نہیں سُنتے ﴿۱۰۰﴾ یہ وہ بستیاں ہیں جن کے کچھ

عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ

حالات ہم تم کو سنا رہے ہیں ، اُن کے پاس اُن کے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا

رسول نشانیاں لے کر آئے تو ہرگز ایسا نہ ہوا کہ وہ

لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ

ایمان لائیں اُس بات پر جس کو وہ پہلے جُھٹلا چکے تھے،

يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۱﴾

اِس طرح اللہ منکرین کے دِلوں پر مہر لگا دیتا ہے ﴿۱۰۱﴾

وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ

اور ہم نے اُن کے اکثر لوگوں میں عہد کی پابندی نہ پائی اور ہم

وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ ثُمَّ

نے اُن میں سے اکثر کو نافرمان پایا ﴿۱۰۲﴾ پھر اُس کے بعد ہم نے

بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى

موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا فرعون اور اُس کی

فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ

قوم کے سرداروں کے پاس مگر اُنہوں نے ہماری نشانیوں کے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۰۳﴾

ساتھ ظلم کیا، پس دیکھو کہ فساد مچانے والوں کا کیا انجام ہوا ﴿۱۰۳﴾

وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ

اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے فرعون! میں تمام جہانوں کے

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱۰۴﴾ حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ

پروردگار کی طرف سے بھیجا ہوا رسول ہوں ﴿۱۰۴﴾ پابند ہوں اِس

لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ قَدْ

بات کا کہ اللہ کے نام پر کوئی بات حق کے سوا نہ کہوں ، میں

جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ

تمہارے رب کی طرف سے کھُلی ہوئی نشانی لے کر آیا ہوں

مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ؕ﴿۱۰۵﴾ قَالَ اِنْ كُنْتَ

پس تم بنی اسرائیل کو میرے ساتھ جانے دو ﴿۱۰۵﴾ فرعون نے کہا: اگر تم

جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ

کوئی نشانی لے کر آئے ہو تو اُس کو پیش کرو اگر تم

الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ

سچّے ہو ﴿۱۰۶﴾ تب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنا عصا ڈال دیا تو وہ اچانک ایک

ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۚ﴿۱۰۷﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا

صاف اژدہا بن گیا ﴿۱۰۷﴾ اور موسیٰ (علیہ السلام) نے ہاتھ نکالا تو اچانک

هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ قَالَ الْمَلَاُ ع ۱۳ ۹ ۳

وہ دیکھنے والوں کے سامنے چمک رہا تھا ﴿۱۰۸﴾ فرعون کی

مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ

قوم کے سرداروں نے کہا کہ یہ شخص بڑا ماہر جادوگر

عَلِيْمٌ ﴿۱۰۹﴾ لا يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ

ہے ﴿۱۰۹﴾ جو چاہتا ہے کہ تم کو تمہاری زمین سے نکال

اَرْضِكُمْ ج فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ قَالُوْٓا

دے ، اب تمہاری کیا رائے ہے ﴿۱۱۰﴾ اُنہوں نے کہا :

اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ

موسیٰ کو اور اُس کے بھائی کو مہلت دو اور شہروں میں جمع کرنے

حٰشِرِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ لا يَّاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحّٰرٍ

والے بھیج دو ﴿۱۱۱﴾ کہ وہ تمہارے پاس سارے ماہر جادوگر

عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾ وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ

لے آئیں ﴿۱۱۲﴾ اور جادوگر فرعون کے پاس آئے ،

قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ

اُنہوں نے کہا : ہم کو انعام تو ضرور ملے گا اگر ہم

الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ

غالب رہے ﴿۱۱۳﴾ فرعون نے کہا: ہاں، اور یقیناً تم ہمارے قریبی

الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ

لوگوں میں سے بن جاؤ گے ﴿۱۱۴﴾ جادوگروں نے کہا: موسیٰ! یا تو

تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾

تم (عصا) ڈالو یا ہم ڈالنے والے بنتے ہیں ﴿۱۱۵﴾

قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ

موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: تم ہی ڈالو، پھر جب اُنہوں نے ڈالا تو اُنہوں

النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ

نے لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا اور اُن پر دہشت طاری کر دی

عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ

اور بہت بڑا جادو دِکھایا ﴿۱۱۶﴾ اور ہم نے موسیٰ کی طرف حکم بھیجا کہ

اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا

اپنا عصا ڈال دو تو وہ اچانک نگلنے لگا اُس کو جو

يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ ۚ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا

اُنہوں نے گھڑا تھا ﴿۱۱۷﴾ پس حق ظاہر ہو گیا اور جو کچھ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ۚ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ

اُنہوں نے بنایا تھا باطل ہو کر رہ گیا ﴿۱۱۸﴾ پس وہ لوگ وہیں ہار

وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ ۚ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ

گئے اور ذلیل ہو کر رہ گئے ﴿۱۱۹﴾ اور جادوگر سجدے میں

سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ ۙ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ

گر پڑے ﴿۱۲۰﴾ اُنہوں نے کہا: ہم ایمان لائے تمام جہانوں کے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ ۙ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

پروردگار پر ﴿۱۲۱﴾ جو رب ہے موسیٰ (علیہ السلام) اور ہارون (علیہ السلام) کا ﴿۱۲۲﴾

قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ

فرعون نے کہا: تم لوگ موسیٰ پر ایمان لے آئے اِس سے پہلے کہ

اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ

میں تمہیں اجازت دوں؟ یقیناً یہ ایک سازش ہے جو تم لوگوں نے

فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ

شہر میں اِس غرض سے کی ہے کہ تم اُس میں رہنے والوں کو

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ لَاُقَطِّعَنَّ

وہاں سے نکال دو، تو تم جلد جان لو گے ﴿۱۲۳﴾ میں تمہارے

اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ

ہاتھ اور پاؤں مخالف سمتوں سے کاٹوں گا پھر

لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ

تم سب کو سولی پر چڑھا دوں گا ﴿۱۲۴﴾ اُنہوں نے کہا: ہم کو

اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ ۚ وَمَا تَنْقِمُ

اپنے رب ہی کی طرف لوٹنا ہے ﴿۱۲۵﴾ تم ہم کو صرف اِس بات کی سزا دینا

مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا

چاہتے ہو کہ ہمارے رب کی نشانیاں جب ہمارے سامنے آگئیں تو ہم

جَآءَتْنَا ؕ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا

اُن پر ایمان لے آئے، اے ہمارے رب! ہم پر صبر انڈیل

وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ ع وَقَالَ الْمَلَاُ ع ۱۴ ۱۸ ۴

دیجیے اور ہم کو اسلام پر وفات دیجیے ﴿۱۲۶﴾ فرعون کی قوم کے

مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ

سرداروں نے کہا: کیا تم موسیٰ کو اور اُس کی قوم کو چھوڑ دو گے کہ وہ

لِيُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ

ملک میں فساد پھیلائیں اور تم کو اور تمہارے معبودوں کو چھوڑ

وَاٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ

دیں؟ فرعون نے کہا: ہم اُن کے بیٹوں کو قتل کریں گے

وَنَسْتَحْىٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ

اور اُن کی عورتوں کو زندہ رکھیں گے، اور ہم اُن پر پوری طرح

قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ

غالب ہیں ﴿۱۲۷﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا کہ

اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ

اللہ سے مدد چاہو اور صبر کرو، بے شک زمین اللہ کی ہے وہ اپنے

لِلّٰهِ ۙ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ

بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اُس کا وارث بنا دیتا ہے، اور آخری

وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا

کامیابی تو اللہ سے ڈرنے والوں ہی کے لیے ہے ﴿۱۲۸﴾ موسیٰ کی قوم نے کہا:

مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا

ہم تمہارے آنے سے پہلے بھی ستائے گئے اور تمہارے

جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ

آنے کے بعد بھی، موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: قریب ہے کہ تمہارا رب

عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ

تمہارے دشمن کو ہلاک کر دے اور اُن کی جگہ تم کو اِس سرزمین کا

فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع وَلَقَدْ ع ۱۵ ۳ ۵

مالک بنا دے پھر دیکھے کہ تم کیسا عمل کرتے ہو ﴿۱۲۹﴾ اور ہم نے

اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ

فرعون کے لوگوں کو قحط اور پیداوار کی کمی میں

مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳۰﴾

مبتلا کیا ؛ تاکہ اُن کو نصیحت ہو ﴿۱۳۰﴾

فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا

لیکن جب اُن پر خوش حالی آتی تو کہتے کہ

لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ

یہ ہمارے لیے ہے، اور اگر اُن پر کوئی آفت آتی تو اُس کو

يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ؕ اَلَآ اِنَّمَا

موسیٰ اور اُس کے ساتھیوں کی نحوست بتاتے ، سُن لو! ان کی

طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

بدبختی تو اللہ کے پاس ہے مگر اُن میں سے اکثر نہیں

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ

جانتے ﴿۱۳۱﴾ اور وہ (موسیٰ سے) کہتے تھے کہ تم ہم پر اپنا جادو

مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ

چلانے کے لیے کیسی بھی نشانی لے کر آجاؤ ہم تم پر ایمان

لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ

لانے والے نہیں ہیں ﴿۱۳۲﴾ پھر ہم نے اُن کے اوپر

الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ

طوفان بھیجا اور ٹڈی اور جوئیں اور مینڈک اور خون، یہ سب

وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ قف فَاسْتَكْبَرُوْا

نشانیاں الگ الگ دِکھائیں پھر بھی اُنہوں نے تکبّر کیا

وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ وَلَمَّا وَقَعَ

اور وہ مجرم لوگ تھے ﴿۱۳۳﴾ اور جب اُن پر کوئی

عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا

عذاب پڑتا تو کہتے: اے موسیٰ! اپنے رب سے ہمارے لیے

رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ

دعا کرو جس کا اُس نے تم سے وعدہ کر رکھا ہے، اگر

كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ

تم ہم پر سے اِس عذاب کو ہٹا دو گے تو ہم ضرور تم پر ایمان لائیں

وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ (۱۳۴)

گے اور بنی اسرائیل کو تمہارے ساتھ جانے دیں گے (۱۳۴)

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ اِلٰٓى اَجَلٍ

پھر جب ہم اُن سے دور کر دیتے آفت کو کچھ مدّت کے لیے

هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ (۱۳۵)

جہاں بہر حال اُنہیں پہونچنا تھا تو اُسی وقت وہ عہد کو توڑ دیتے (۱۳۵)

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي

پھر ہم نے اُن کو سزا دی اور اُن کو سمندر میں ڈبو دیا ؛

الْيَمِّ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا

کیوں کہ اُنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا اور اُن سے

غٰفِلِيْنَ (۱۳۶) وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ

بے پروا ہو گئے (۱۳۶) اور جو لوگ کمزور سمجھے جاتے تھے

كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ

اُن کو ہم نے زمین کے مشرق و مغرب کا

وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ

وارث بنا دیا جس میں ہم نے برکت رکھی تھی ، اور بنی

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْٓ

اسرائیل پر آپ کے رب کا نیک وعدہ پورا ہو گیا

اِسْرَآءِيْلَ ۙ بِمَا صَبَرُوْا ؕ وَدَمَّرْنَا

اِس وجہ سے کہ اُنہوں نے صبر کیا ، اور ہم نے فرعون

مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ

اور اُس کی قوم کا وہ سب کچھ برباد کر دیا

وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَجٰوَزْنَا ع

جو وہ بناتے تھے اور جو وہ چڑھاتے تھے ﴿۱۳۷﴾ اور ہم نے

بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰى

بنی اسرائیل کو سمندر کے پار اُتار دیا پھر اُن کا گزر

قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ

ایک ایسی قوم پر ہوا جو اپنے بُتوں (کی عبادت) پر جمی ہوئی تھی،

قَالُوْا يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا

اُنہوں نے کہا: اے موسیٰ! ہماری عبادت کے لیے بھی ایک بُت

لَهُمْ اٰلِهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ

بنا دو جیسے اِن کے بُت ہیں، موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: تم تو بڑے

تَجْهَلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ

جاہل لوگ ہو ﴿۱۳۸﴾ یہ لوگ جس کام میں لگے ہوئے ہیں وہ برباد

فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۹﴾

ہونے والا ہے اور یہ جو کچھ کر رہے ہیں سب جھوٹا ہے ﴿۱۳۹﴾

قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا

موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: کیا میں تمہارے لیے اللہ کے سوا کوئی اور معبود تلاش

وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾

کروں؛ حالانکہ اُس نے تم کو تمام جہانوں پر فضلیت دی ہے ﴿۱۴۰﴾

وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ

اور جب ہم نے فرعون کے لوگوں سے تم کو نجات دی

يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ

جو تم کو سخت عذاب میں ڈالے ہوئے تھے کہ تمہارے

اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ

بیٹوں کو قتل کرتے اور تمہاری عورتوں کو زندہ رہنے دیتے ،

وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

اور اِس میں تمہارے رب کی طرف سے بڑی آزمائش

عَظِيْمٌ ۝۱۴۱ وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ ع ۱۶ ۱۲ ۶

تھی ۝۱۴۱ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) سے تیس راتوں کا وعدہ کیا

لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ

اور اُس کو پورا کیا مزید دس راتوں سے تو اُس کے رب کی

رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى

مدّت چالیس راتوں میں پوری ہوئی ، اور موسیٰ (علیہ السلام) نے

لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ

اپنے بھائی ہارون (علیہ السلام) سے کہا: میرے پیچھے تم میری قوم میں جانشینی کرنا

وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴۲﴾

اصلاح کرتے رہنا اور بگاڑ پیدا کرنے والوں کے طریقے پر نہ چلنا ﴿۱۴۲﴾

وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ

اور جب موسیٰ (علیہ السلام) ہمارے وقت پر آگئے تو اُس کے

رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ

رب نے اُس سے کلام کیا، اُس نے کہا: اے میرے رب! مجھے اپنے کو

قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى

دِکھا دیجیے کہ میں آپ کو دیکھوں، (اللہ نے) کہا: تم مجھ کو ہرگز نہیں دیکھ

الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ

سکتے البتہ پہاڑ کی طرف دیکھو اگر وہ اپنی جگہ قائم رہ جائے تو تم بھی مجھ کو

تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ

دیکھ سکو گے، پھر جب اُس کے رب نے پہاڑ پر اپنی تجلّی ڈالی

جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ

تو اُس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور موسیٰ (علیہ السلام) بے ہوش ہو کر گر

فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ

پڑے، پھر جب اُس کو ہوش آیا تو کہا کہ آپ پاک ہیں، میں نے آپ

اِلَيْكَ وَاَنَا۠ اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴۳﴾

کی طرف رجوع کیا اور میں سب سے پہلے ایمان لانے والا ہوں ﴿۱۴۳﴾

قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ عَلَى

اللہ نے کہا : اے موسیٰ ! میں نے تم کو لوگوں پر

النَّاسِ بِرِسٰلٰتِىْ وَبِكَلَامِىْ ۖ فَخُذْ

پیغمبری اور اپنے کلام کے ذریعے منتخب کیا، پس اب تھام لو

مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾

جو کچھ میں نے تم کو عطا کیا ہے اور شکر گزاروں میں سے بنو ﴿۱۴۴﴾

وَكَتَبْنَا لَهٗ فِى الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ

اور ہم نے اُس کے لیے تختیوں پر ہر قسم کی

شَیْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِیْلًا لِّكُلِّ

نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل لکھ دی ، پس اُس کو مضبوطی

شَیْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ قَوْمَكَ

سے پکڑو اور اپنی قوم کو حکم دو کہ اُن کے صحیح مطلب کی پیروی

یَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ؕ سَاُوْرِیْكُمْ دَارَ

کریں ، میں بہت جلد تم کو نافرمانوں کا ٹھکانہ

الْفٰسِقِیْنَ ﴿۱۴۵﴾ سَاَصْرِفُ عَنْ اٰیٰتِیَ

دِکھاؤں گا ﴿۱۴۵﴾ میں اپنی نشانیوں سے اُن لوگوں کو پھیر دوں گا

الَّذِیْنَ یَتَكَبَّرُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ

جو زمین میں ناحق گھمنڈ کرتے ہیں ، اور اگر وہ ہر قسم

الْحَقِّ ؕ وَاِنْ یَّرَوْا كُلَّ اٰیَةٍ لَّا یُؤْمِنُوْا

کی نشانیاں دیکھ لیں تب بھی اُن پر ایمان

بِهَا ۚ وَاِنْ یَّرَوْا سَبِیْلَ الرُّشْدِ

نہ لائیں ، اور اگر وہ ہدایت کا راستہ دیکھیں

لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا

تو اُس کو نہ اپنائیں گے ، اور اگر گمراہی کا راستہ دیکھیں

سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ؕ ذٰلِكَ

تو اُس کو اپنالیں گے، یہ اِس وجہ سے ہے کہ اُنہوں نے ہماری

بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا

نشانیوں کو جُھٹلایا اور وہ اُن کی طرف سے

غٰفِلِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

غافل رہے ﴿۱۴۶﴾ اور جنہوں نے ہماری نشانیوں کو

وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ؕ

اور آخرت کی ملاقات کو جُھٹلایا اُن کے اعمال غارت ہوگئے

هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ ع ۱۷ ۶ ۷

اور وہ بدلے میں وہی پائیں گے جو وہ کرتے تھے ﴿۱۴۷﴾

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ

اور موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم نے اُس (کے جانے) کے بعد

مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ

اپنے زیوروں سے ایک بچھڑا بنایا، ایک دھڑ جس سے بیل کی سی

خُوَارٌ ؕ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ

آواز نکلتی تھی، کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا کہ وہ نہ اُن سے بولتا اور

وَلَا يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وقف لازم

نہ اُنہیں کوئی راہ دِکھاتا ہے، اُس کو اُنہوں نے معبود بنا لیا

وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ وَلَمَّا سُقِطَ فِيْٓ

اور وہ بڑے ظالم تھے ﴿۱۴۸﴾ اور جب وہ پچھتائے اور اُنہوں نے

اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ

محسوس کیا کہ وہ گمراہی میں پڑ گئے تھے تو اُنہوں نے کہا کہ

قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ

اگر ہمارے رب نے ہم پر رحم نہ کیا اور ہم کو نہ

لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾

بخشا تو یقیناً ہم برباد ہو جائیں گے ﴿۱۴۹﴾

وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ

اور جب موسیٰ (علیہ السلام) رنج اور غصّے میں بھرے ہوئے اپنی قوم کی

اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ

طرف لوٹے تو اُنہوں نے کہا: تم نے میرے بعد میری بہت بُری

بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ

جانشینی کی، کیا تم نے اپنے رب کے حکم سے پہلے ہی جلدی کر لی؟

وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ

اور اُس نے تختیاں ڈال دیں اور وہ اپنے بھائی کا سر پکڑ کر اُس کو اپنی

يَجُرُّهٗٓ اِلَيْهِ ؕ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ

طرف کھینچنے لگے، ہارون (علیہ السلام) نے کہا: اے میری ماں کے بیٹے!

اسْتَضْعَفُوْنِيْ وَكَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِيْ ۖ

لوگوں نے مجھے کمزور سمجھا تھا اور قریب تھا کہ وہ مجھ کو مار ڈالیں،

فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَآءَ وَلَا تَجْعَلْنِيْ

پس آپ دشمنوں کو میرے اوپر ہنسنے کا موقع نہ دیں اور مجھ کو ظالموں

مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ قَالَ رَبِّ

کے ساتھ شامل نہ کریں ﴿۱۵۰﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب!

اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۖ

مجھے اور میرے بھائی کو معاف کر دیجیے اور ہم کو اپنی رحمت میں داخل

ع ۱۸ ۴ ۸ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ

فرمایئے، اور آپ ہی سب سے زیادہ رحم فرمانے والے ہیں ﴿۱۵۱﴾ بے شک

اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ

جن لوگوں نے بچھڑے کو معبود بنایا اُن کو اُن کے رب کا غضب

مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ

پہونچے گا اور ذِلّت دنیا کی زندگی میں ، اور ہم

وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَالَّذِيْنَ

ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں جھوٹ باندھنے والوں کو ﴿۱۵۲﴾ اور جن

عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا

لوگوں نے بُرے کام کیے پھر اُس کے بعد توبہ کی

وَاٰمَنُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا

اور ایمان لائے تو بے شک اُس کے بعد آپ کا رب

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۵۳﴾ وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ

بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿۱۵۳﴾ اور جب موسیٰ (علیہ السلام) کا

مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۖۚ

غصّہ ٹھنڈا ہوا تو اُنہوں نے تختیاں اُٹھائیں ،

وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ

اور جو اُن میں لکھا ہوا تھا اُس میں ہدایت اور رحمت تھی

لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ﴿۱۵۴﴾

اُن لوگوں کے لیے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں ﴿۱۵۴﴾

وَاخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ

اور موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم میں سے ستّر آدمی چُنے ہمارے

رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ

مُقرّر کیے ہوئے وقت کے لیے، پھر جب اُن کو زلزلے نے

الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ

پکڑا تو موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب! اگر آپ چاہتے

مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّاىَ ؕ اَتُهْلِكُنَا بِمَا

تو پہلے ہی اِن کو ہلاک کر دیتے اور مجھ کو بھی، کیا آپ ہم کو ایسے کام

فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِىَ اِلَّا

کی وجہ سے ہلاک کریں گے جو ہم میں سے بیوقوفوں نے کیا، یہ سب

فِتْنَتُكَ ؕ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ

آپ کی جانب سے آزمائش ہے آپ اِس سے جس کو چاہیں گمراہ کر

وَتَهْدِىْ مَنْ تَشَآءُ ؕ اَنْتَ وَلِيُّنَا

دیں اور جس کو چاہیں ہدایت دیں، آپ ہی ہمارے تھامنے والے ہیں

فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ

پس ہم کو بخش دیجیے اور ہم پر رحم فرمایئے، آپ سب سے بہتر

الْغٰفِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ وَاكْتُبْ لَنَا فِىْ هٰذِهِ

بخشنے والے ہیں ﴿۱۵۵﴾ اور آپ ہمارے لیے اِس دنیا میں

الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا

بھی بھلائی لکھ دیجیے اور آخرت میں بھی ، ہم نے آپ کی

هُدْنَآ اِلَيْكَ ؕ قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ

طرف رجوع کیا ، اللہ نے کہا : میں اپنے عذاب میں مبتلا کرتا

بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ

ہوں جس کو چاہتا ہوں اور میری رحمت شامل ہے ہر چیز کو ،

شَيْءٍ ؕ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ

پس میں اُس کو لکھ دوں گا اُن کے لیے جو ڈر رکھتے ہیں

وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ

اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور جو ہماری نشانیوں

بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۚ﴿۱۵۶﴾ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ

پر ایمان لاتے ہیں ﴿۱۵۶﴾ جو لوگ پیروی کریں گے اُس

الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ

رسول کی جو نبی اُمّی ہے ، جس کو وہ لکھا ہوا

مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ

پاتے ہیں اپنے یہاں تورات اور انجیل میں ،

وَالْاِنْجِيْلِ ز يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ

وہ اُن کو نیکی کا حکم دیتا ہے اور اُن کو بُرائی سے

وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ

روکتا ہے اور اُن کے لیے پاکیزہ چیزیں جائز ٹھہراتا ہے

الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ

اور ناپاک چیزیں اُن پر حرام کرتا ہے اور اُن پر سے

وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ

وہ بوجھ اور طوق اُتارتا ہے جو اُن پر تھیں ،

كَانَتْ عَلَيْهِمْ ط فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ

پس جو لوگ اُس پر ایمان لائے اور جنہوں نے اُس کی

وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ

عزّت کی اور اُس کی مدد کی اور اُس نور (قرآن) کی پیروی کی

الَّذِیْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ

جو اُس کے ساتھ اُتارا گیا ہے تو وہی لوگ کامیابی

الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ ع قُلْ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ ع ۱۹ ۶ ۹

پانے والے ہیں ﴿۱۵۷﴾ (اے نبی) کہہ دیجیے کہ اے لوگو!

اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعًا ۟

بے شک میں اُس اللہ کا رسول ہوں تم سب کی طرف جس کی

الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

حکومت ہے آسمانوں اور زمین میں ، اُس کے سوا کوئی

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ۪ فَاٰمِنُوْا

معبود نہیں، وہی زندگی دیتا ہے اور وہی مارتا ہے، پس ایمان لاؤ

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ

اللہ پر اور اُس کے اُمّی رسول و نبی پر جو ایمان رکھتا ہے

یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ

اللہ اور اُس کے کلمات پر اور اُس کی پیروی کرو؛

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَمِنْ قَوْمِ

تاکہ تم ہدایت پاؤ ﴿۱۵۸﴾ اور موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم میں ایک

مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ

گروہ ایسا بھی ہے جو حق کے مطابق رہنمائی کرتا ہے اور اُسی کے

يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ

مطابق انصاف کرتا ہے ﴿۱۵۹﴾ اور ہم نے اُن کو بارہ گھرانوں

عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَاَوْحَيْنَآ

میں تقسیم کر کے اُنہیں الگ الگ گروہ بنا دیا، اور ہم نے

اِلٰى مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ

موسیٰ کو حکم بھیجا اُس وقت جب اُس کی قوم نے پانی مانگا

اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ

کہ فلاں پتھر پر اپنی لاٹھی مارو تو

فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ

اُس سے بارہ چشمے پھوٹ پڑے،

قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ

ہر گروہ نے اپنا پانی پینے کا ٹھکانہ معلوم کر لیا ،

وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا

اور ہم نے اُن پر بدلیوں کا سایہ کیا اور ہم نے اُن پر

عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ

منّ و سلویٰ اُتارا ، کھاؤ پاکیزہ چیزوں میں سے

طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا

جو ہم نے تم کو دی ہیں ، اور اُنہوں نے ہمارا کچھ نہیں

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾

بگاڑا بلکہ وہ خود اپنا ہی نقصان کرتے رہے ﴿۱۶۰﴾

وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ

اور جب اُن سے کہا گیا کہ اُس بستی میں جا کر بس جاؤ

وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ

اور اُس میں سے جہاں سے چاہو کھاؤ اور کہو کہ ہم کو بخش دیجیے

وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ

اور دروازے میں سے جھکے ہوئے داخل ہو ، ہم تمہاری

خَطِيٰٓـئٰتِكُمْ ؕ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶۱﴾

خطائیں معاف کردیں گے، ہم نیکی کرنے والوں کو اور زیادہ دیں گے ﴿۱۶۱﴾

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا

پھر اُن میں سے ظالموں نے بدل ڈالا

غَيْرَ الَّذِىْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا

دوسرا لفظ اُس کے سِوا جو اُن سے کہا گیا تھا ،

عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا

پھر ہم نے اُن پر آسمان سے عذاب بھیجا اِس لیے کہ وہ

يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ ع وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ ع ۲۰ ۱۰ ۵

ظلم کرتے تھے ﴿۱۶۲﴾ اور آپ اُن سے اُس

الَّتِىْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ وقف لازم

بستی کا حال پوچھیے جو دریا کے کنارے تھی ، جب

يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ

وہ سَبت (سنیچر) کے بارے میں حد سے نکل جاتے تھے کہ

حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ

جب اُن کے سنیچر کے دن اُن کی مچھلیاں پانی کے اوپر آتیں

لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ۚ كَذٰلِكَ ۚ

اور جس دن سنیچر نہ ہوتا تو نہ آتیں، اِس طرح ہم نے اُن کی

نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۳﴾

آزمائش کی اِس لیے کہ وہ نافرمانی کر رہے تھے ﴿۱۶۳﴾

وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ

اور جب اُن میں سے ایک گروہ نے کہا کہ تم ایسے لوگوں کو کیوں

قَوْمًا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ

نصیحت کرتے ہو جنہیں اللہ ہلاک کرنے والا ہے یا اُن کو سخت

عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى

عذاب دینے والا ہے، اُنہوں نے کہا: تمہارے رب کے سامنے الزام

النّصف

رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ فَلَمَّا

اُتارنے کے لیے اور اِس لیے کہ شاید وہ ڈریں ﴿۱۶۴﴾ پھر جب

نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ

لوگ وہ بات بُھلا بیٹھے جس کی اُنہیں نصیحت کی گئی تھی تو بُرائی سے

يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ

روکنے والوں کو تو ہم نے بچا لیا اور جنہوں نے زیادتی کی تھی اُن

ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۭ بَـِٕيْسٍۢ بِمَا كَانُوْا

کی مُسلسل نافرمانی کی وجہ سے ہم نے اُنہیں ایک سخت عذاب

يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۵﴾ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا

میں پکڑ لیا ﴿۱۶۵﴾ پھر جب وہ بڑھنے لگے اُس کام میں جس سے

عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً

وہ روکے گئے تھے تو ہم نے اُن سے کہا کہ ذلیل بندر

خٰسِـِٕيْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ

بن جاؤ ﴿۱۶۶﴾ اور جب آپ کے رب نے اعلان کر دیا

لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

کہ وہ اُن (یہود) پر قیامت کے دن تک ضرور ایسے لوگ

مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ؕ

بھیجتا رہے گا جو اُن کو نہایت بُرا عذاب دیں گے ،

اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚ وَاِنَّهٗ

بے شک آپ کا رب جلد سزا دینے والا ہے اور بے شک وہ

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۷﴾ وَقَطَّعْنٰهُمْ

بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿۱۶۷﴾ اور ہم نے اُن کو گروہ گروہ کر کے

فِى الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ

زمین میں پھیلا دیا ، اُن میں سے کچھ نیک ہیں اور اُن

وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ۫ وَبَلَوْنٰهُمْ

میں سے کچھ اُس سے مختلف ، اور ہم نے اُن کو آزمایا

بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ

اچھے حالات سے اور بُرے حالات سے تاکہ وہ

يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۶۸﴾ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ

باز آئیں ﴿۱۶۸﴾ پھر اُن کے پیچھے نا اہل لوگ آئے

خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ

جو کتاب کے وارث بنے ، وہ اِسی دنیا کے سامان لیتے ہیں

عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ

اور کہتے ہیں کہ ہم یقیناً بخش دیے جائیں گے ،

سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ

اور اگر ایسا ہی سامان اُن کے سامنے پھر آئے

مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ؕ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ

تو وہ اُس کو لے لیں گے، کیا اُن سے کتاب میں اِس کا عہد

مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى

نہیں لیا گیا ہے کہ اللہ کے نام پر حق کے سِوا کوئی اور بات

اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ

نہ کہیں ، اور اُنہوں نے پڑھا ہے جو کچھ اُس میں لکھا ہے ،

وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ

اور آخرت کا گھر بہتر ہے ڈرنے والوں کے لیے،

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ

کیا تم سمجھتے نہیں؟ ﴿۱۶۹﴾ اور جو لوگ اللہ کی کتاب کو مضبوطی سے

بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا

پکڑتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں، بے شک ہم ایسے نیک

لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَاِذْ

کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کریں گے ﴿۱۷۰﴾ اور جب ہم

نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ

نے پہاڑ کو اُن کے اوپر اُٹھایا گویا کہ وہ سائبان ہے، اور اُنہوں

وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا

نے گمان کیا کہ وہ اُن پر آ پڑے گا، پکڑو اُس چیز کو جو ہم نے

مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ

تم کو دی ہے مضبوطی سے، اور یاد رکھو جو اُس میں ہے

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ ع ۲۱ ۹

تاکہ تم بچو ﴿۱۷۱﴾ اور جب آپ کے رب نے

مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ

آدم کی اولاد کی پیٹھوں سے اُن کی اولاد کو نکالا

وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ

اور اُن کو گواہ ٹھہرایا خود اُن کے اوپر ، کیا میں تمہارا

بِرَبِّكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى ۛ شَهِدْنَا ۛ اَنْ مُعَانَقَة ۷

رب نہیں ہوں ؟ اُنہوں نے کہا : ہاں کیوں نہیں ! ہم

تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ

اقرار کرتے ہیں، یہ اِس لیے ہوا کہ کہیں تم قیامت کے دن

هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ۙ اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ

کہنے لگو کہ ہم کو تو اِس کی خبر نہ تھی ﴿۱۷۲﴾ یا کہو کہ ہمارے

اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً

باپ دادا نے پہلے سے شِرک کیا تھا اور ہم اُن کے بعد

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ

اُن کی نسل میں ہوئے، تو کیا تو ہم کو ہلاک کرے گا اُس کام پر جو

الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

غلط کار لوگوں نے کیا ﴿۱۷۳﴾ اور اِس طرح ہم اپنی نشانیاں کھول کر

الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۷۴﴾ وَاتْلُ

بیان کرتے ہیں تا کہ وہ لوٹ جائیں ﴿۱۷۴﴾ اور اُن کو اُس شخص کا

عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا

حال سُنایئے جس کو ہم نے اپنی آیتیں دی تھیں تو وہ اُن سے نکل

فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ

بھاگا، پس شیطان اُس کے پیچھے لگ گیا اور وہ گمراہوں

فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَوْ شِئْنَا

میں سے ہو گیا ﴿۱۷۵﴾ اور اگر ہم چاہتے تو اُس کو اُن

لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى

آیتوں کے ذریعے سے بُلندی عطا کرتے مگر وہ تو

الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ

زمین کا ہو رہا اور اپنی خواہشوں کی پیروی کرنے لگا ،

الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ

پس اُس کی مثال کتّے کی سی ہے کہ اگر تم اُس پر بوجھ لاد دو

تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ

تب بھی ہانپے اور اگر چھوڑ دو تب بھی ہانپے ، یہ مثال اُن

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ

لوگوں کی ہے جنہوں نے ہماری نشانیوں کو جُھٹلایا، پس آپ یہ

الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ سَآءَ

واقعات اُن کو سُناؤ تاکہ وہ سوچیں ﴿۱۷۶﴾ کتنی بُری

مَثَلًا ۨ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

مثال ہے اُن لوگوں کی جنہوں نے ہماری آیتوں کو جُھٹلایا

وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ مَنْ يَّهْدِ

اور جو اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں ﴿۱۷۷﴾ اللہ جس کو راہ

اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِیْ ۚ وَمَنْ یُّضْلِلْ

دِکھائے وہی راہ پانے والا ہوتا ہے، اور جس کو وہ بے راہ کر دے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۸﴾ وَلَقَدْ

تو وہی گھاٹا اُٹھانے والے ہیں ﴿۱۷۸﴾ اور ہم نے

ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِیْرًا مِّنَ الْجِنِّ

جنّات اور انسان میں سے بہتوں کو جہنم کے لیے

وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ

پیدا کیا ہے ، اُن کے دِل ہیں جن سے وہ سمجھتے نہیں ،

بِهَا ۫ وَلَهُمْ اَعْیُنٌ لَّا یُبْصِرُوْنَ بِهَا ۫

اُن کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے نہیں

وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا یَسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ

اور اُن کے کان ہیں جن سے وہ سُنتے نہیں، وہ ایسے ہیں

اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ؕ

جیسے چوپائے بلکہ اُن سے بھی زیادہ بے راہ ،

أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ﴿۱۷۹﴾ وَلِلَّهِ

یہی لوگ غافل ہیں ﴿۱۷۹﴾ اور اسماء حسنیٰ (اچھے

الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ فَادْعُوهُ بِهَا ۖ

اچھے نام) اللہ ہی کے ہیں لہٰذا اُس کو اُن ہی ناموں سے پکارو،

وَذَرُوا الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي أَسْمَائِهِ ۚ

اور اُن لوگوں کو چھوڑ دو جو اُس کے ناموں میں ٹیڑھا راستہ اختیار

سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۸۰﴾

کرتے ہیں، وہ جو کچھ کر رہے ہیں اُس کا بدلہ اُنہیں دیا جائے گا ﴿۱۸۰﴾

وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ

اور ہماری مخلوق میں ایک جماعت ایسی بھی ہے جو لوگوں کو حق کا راستہ دِکھاتی ہے

وَبِهِ يَعْدِلُونَ ﴿۱۸۱﴾ ع وَالَّذِينَ كَذَّبُوا ۲۲ ع ۱۰ ۱۲

اور اُسی حق کے مطابق انصاف سے کام لیتی ہے ﴿۱۸۱﴾ اور جن لوگوں نے

بِآيَاتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ

نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا ہم اُن کو آہستہ آہستہ پکڑیں گے ایسی جگہ سے

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۲﴾ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ

جہاں سے اُن کو خبر بھی نہیں ہو گی ﴿۱۸۲﴾ اور میں اُن کو ڈھیل دیتا ہوں، یقین

كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۱۸۳﴾ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۗ سکتة

جانو کہ میری خفیہ تدبیر بڑی مضبوط ہے ﴿۱۸۳﴾ کیا اُن لوگوں نے غور نہیں کیا

مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ

کہ اُن کے ساتھی کو کوئی پاگل پن نہیں ہے، وہ تو

اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸۴﴾ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا

ایک صاف ڈرانے والا ہے ﴿۱۸۴﴾ کیا اُنہوں نے

فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا

آسمانوں اور زمین کے نظام پر نظر نہیں کی اور جو کچھ

خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰۤى اَنْ

اللہ نے پیدا کیا ہے ہر چیز سے اور اِس بات پر کہ

يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ

شاید اُن کی مدّت قریب آگئی ہو، پس اِس کے بعد

حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ مَنْ

وہ کس بات پر ایمان لائیں گے ﴿۱۸۵﴾ اللہ

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ؕ وَيَذَرُهُمْ

جس کو گمراہ کر دے اُس کو کوئی راہ دِکھانے والا نہیں، اور وہ اُن کو اُن کی

فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۸۶﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ

سرکشی ہی میں بھٹکتا ہوا چھوڑ دیتا ہے ﴿۱۸۶﴾ وہ آپ سے قیامت

عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ

کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ وہ کب واقع ہوگی، آپ کہہ دیجیے

اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا

کہ اُس کا علم تو میرے رب ہی کے پاس ہے، وہی اُس کے

لِوَقْتِهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وقف منزل وقف لازم

وقت پر اُس کو ظاہر کرے گا، وہ بھاری ہو رہی ہے آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ ؕ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ

اور زمین میں، وہ جب تم پر آئے گی تو اچانک آ جائے گی،

يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ

وہ آپ سے (اِس طرح) پوچھتے ہیں گویا آپ اُس کی تحقیق کر

اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

چکے ہو، کہہ دیجیے کہ اُس کا علم تو بس اللہ ہی کے پاس ہے لیکن

النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ

اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿۱۸۷﴾ (اے نبی) آپ کہہ دیجیے کہ

لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ

میں مالک نہیں اپنی جان کے بھلے کا اور نہ بُرے کا مگر

اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

جو اللہ چاہے، اور اگر میں غیب کو جانتا تو بہت سے فائدے

لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚۛ وَمَا مَسَّنِيَ

اپنے لیے حاصل کر لیتا اور مجھے کوئی نقصان نہ پہونچتا،

السُّوْٓءُ ۚۛ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ

میں تو محض ایک ڈرانے والا اور خوش خبری سنانے والا ہوں

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ع ۲۳ ۷ ۱۳

اُن لوگوں کے لیے جو میری بات مانیں ﴿۱۸۸﴾ وہی ہے جس نے تم

مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا

کو پیدا کیا ایک جان سے اور اُسی سے بنایا اُس کا جوڑا تا کہ اُس

زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا

کے پاس سکون حاصل کرے، پھر جب مرد نے عورت کو ڈھانک لیا

حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ

تو اُس کو ایک ہلکا سا حمل رہ گیا پھر وہ اُس کو لیے پھرتی رہی، پھر

فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا

جب وہ بوجھل ہو گئی تو دونوں نے مل کر اپنے رب اللہ سے دعا کی

لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ

کہ اگر آپ نے ہمیں تندرست اولاد دی تو ہم آپ کے

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا

شکر گزار رہیں گے ﴿۱۸۹﴾ مگر جب اللہ نے اُن کو تندرست اولاد دے دی

جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى

تو وہ اُس کی بخشی ہوئی چیز میں دوسروں کو اُس کا شریک ٹھہرانے لگے، اللہ برتر ہے

اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾ اَيُشْرِكُوْنَ مَا

اُن مشرکانہ باتوں سے جو یہ لوگ کرتے ہیں ﴿۱۹۰﴾ کیا وہ شریک بناتے

لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾ ۚ

ہیں ایسوں کو جو کسی چیز کو پیدا نہیں کرتے بلکہ وہ خود مخلوق ہیں ﴿۱۹۱﴾

وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا

اور وہ نہ اُن کی کسی قسم کی مدد کر سکتے ہیں

وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾ وَاِنْ

اور نہ ہی اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں ﴿۱۹۲﴾ اور اگر

تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ

تم اُن کو رہنمائی کے لیے پکارو تو وہ تمہاری پکار پر

سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ

نہ چلیں ، برابر ہے چاہے تم اُن کو پکارو یا تم

صَامِتُوْنَ ﴿۱۹۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

خاموش رہو ﴿۱۹۳﴾ جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ

وہ تمہارے ہی جیسے بندے ہیں ، پس تم اُن کو

فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ

پکارو پھر وہ تمہیں جواب دیں اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ

تم سچے ہو ﴿۱۹۴﴾ کیا اُن کے پاؤں ہیں کہ

يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ

اُن سے چلیں ، کیا اُن کے ہاتھ ہیں کہ اُن سے پکڑیں ،

بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ

کیا اُن کی آنکھیں ہیں کہ اُن سے دیکھیں ،

اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ قُلِ

کیا اُن کے کان ہیں کہ اُن سے سُنیں ، کہہ دیجیے کہ

ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ

تم اپنے شریکوں کو بُلاؤ پھر تم لوگ میرے خلاف تدبیریں کرو اور

فَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۱۹۵﴾ اِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ

مجھے مہلت نہ دو ﴿۱۹۵﴾ یقیناً میرا کارساز تو اللہ ہے

الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۚ وَهُوَ يَتَوَلَّى

جس نے کتاب اُتاری ہے اور وہی کارسازی کرتا ہے

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹۶﴾ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

نیک بندوں کی ﴿۱۹۶﴾ اور جن کو تم پکارتے ہو

مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ

اُس کے سوا وہ نہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں

وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۷﴾ وَاِنْ

اور نہ اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں ﴿۱۹۷﴾ اور اگر

تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَسْمَعُوْا ؕ

تم اُن کو ہدایت کی طرف بُلاؤ تو وہ تمہاری بات نہ سُنیں گے،

وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ

اور آپ کو نظر آتا ہے کہ وہ آپ کی طرف دیکھ رہے ہیں

لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۹۸﴾ خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ

مگر وہ کچھ نہیں دیکھتے ﴿۱۹۸﴾ در گزر کیجیے اور

بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۱۹۹﴾

نیکی کا حکم دیجیے اور جاہلوں سے نہ اُلجھیے ﴿۱۹۹﴾

وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ

اور اگر آپ کو کوئی وسوسہ شیطان کی طرف سے آئے

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۰۰﴾

تو اللہ کی پناہ مانگیے، بے شک وہ سننے والا، جاننے والا ہے ﴿۲۰۰﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ

جو لوگ ڈر رکھتے ہیں جب کبھی شیطان کے اثر سے کوئی بُرا

مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ

خیال اُنہیں چھو جاتا ہے تو وہ فوراً چونک پڑتے ہیں اور پھر

مُّبْصِرُوْنَ ﴿۲۰۱﴾ وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ

اُسی وقت اُن کو سوجھ آجاتی ہے ﴿۲۰۱﴾ اور جو شیطان کے بھائی ہیں

فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾

وہ اُن کو گمراہی میں کھینچے چلے جاتے ہیں پھر وہ کمی نہیں کرتے ﴿۲۰۲﴾

وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا

اور جب آپ اُن کے سامنے (منھ مانگا) معجزہ پیش نہیں کرتے تو یہ کہتے ہیں کہ تم

لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ

نے یہ معجزہ خود اپنی پسند سے کیوں پیش نہ کیا؟ کہہ دیں کہ میں تو اُسی بات کی

مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ

اتباع کرتا ہوں جو میرے رب کی طرف سے وحی کے ذریعے مجھ تک پہونچائی

مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ

جاتی ہے، یہ (قرآن) تمہارے رب کی طرف سے بصیرتوں کا مجموعہ ہے، اور جو

يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ

لوگ ایمان لائیں اُن کے لیے ہدایت اور رحمت ہے ﴿۲۰۳﴾ اور جب قرآن پڑھا جائے

فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ

تو اُس کو توجّہ سے سُنو اور خاموش رہو ؛ تاکہ

تُرْحَمُوْنَ ﴿٢٠٤﴾ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ

تم پر رحمت کی جائے ﴿٢٠٤﴾ اور اپنے رب کو صبح و شام

تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ

یاد کریں اپنے دِل میں عاجزی

الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ

اور خوف کے ساتھ اور پست آواز سے ،

مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿٢٠٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ

اور غافلوں میں سے نہ بنیں ﴿٢٠٥﴾ جو (فرشتے) آپ کے رب

رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ

کے پاس ہیں وہ اُس کی عبادت سے تکبّر نہیں کرتے اور وہ اُس

وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ﴿٢٠٦﴾ سجدة ع

کی پاک ذات کو یاد کرتے ہیں اور اُسی کو سجدہ کرتے ہیں ﴿٢٠٦﴾

الرکوع ٢٤ ١٨ ١٤

سجدة

(سورۂ انفال مدینہ منورہ میں نازل ہوئی مگر آیت (٣٠) سے (٣٦) تک مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (٧٥) آیات اور (١٠) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٨٨) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٨) نمبر پر ہے اور سورۂ بقرہ کے بعد نازل ہوئی۔)

| اس میں (١٠٧٥) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | اس میں (٥٠٨٠) حروف ہیں |
|---|---|---|

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ

وہ آپ سے انفال (مالِ غنیمت) کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے کہ

لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا

انفال اللہ اور اُس کے رسول کے لیے ہیں، پس تم لوگ اللہ

ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

سے ڈرو اور اپنے آپس کے تعلقات کی اصلاح کرو اور اللہ

وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝١

اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو، اگر تم ایمان رکھتے ہو ۝١

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ

ایمان والے تو وہ ہیں کہ جب اللہ کا ذکر

اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ

کیا جائے تو اُن کے دِل ڈر جائیں اور جب اللہ کی آیتیں

عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا

اُن کے سامنے پڑھی جائیں تو وہ اُن کا ایمان بڑھا دیتی ہیں

وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۚ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ

اور وہ اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں ﴿۲﴾ وہ نماز قائم کرتے

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

ہیں اور جو کچھ ہم نے اُنہیں دیا ہے اُس میں سے

يُنْفِقُوْنَ ؕ﴿۳﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ

خرچ کرتے ہیں ﴿۳﴾ یہی لوگ حقیقی مؤمن ہیں ، اُن

حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ

کے لیے اُن کے رب کے پاس درجے اور مغفرت ہیں

وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۚ﴿۴﴾ كَمَآ

اور (اُن کے لیے) عزّت کی روزی ہے ﴿۴﴾ جیسا کہ

اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۪

آپ کے رب نے آپ کو حق کے ساتھ آپ کے گھر سے نکالا ،

وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور مسلمانوں میں سے ایک گروہ کو یہ

لَكٰرِهُوْنَ ۙ﴿۵﴾ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ

پسند نہیں تھا ﴿۵﴾ وہ اِس حق کے معاملے میں آپ سے جھگڑ رہے

بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى

تھے بعد اِس کے کہ وہ ظاہر ہو چکا تھا، گویا کہ وہ موت کی طرف

الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۶﴾ وَاِذْ يَعِدُكُمُ

ہانکے جا رہے ہیں آنکھوں دیکھتے ﴿۶﴾ اور جب اللہ تم سے وعدہ

اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ

کر رہا تھا کہ دو جماعتوں میں سے ایک تم کو مِل جائے گی

وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ

اور تم چاہتے تھے کہ جس میں کانٹا نہ لگے وہ تم کو مِلے ،

لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ

اور اللہ چاہتا تھا کہ وہ حق کا حق ہونا ثابت کر دے

بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿٧﴾

اپنے کلمات سے اور منکروں کی جڑ کاٹ دے ﴿٧﴾

لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ

تاکہ حق حق ہو کر رہے اور باطل باطل ہو کر رہ جائے چاہے

كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۚ﴿٨﴾ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ

مجرموں کو کتنا ہی ناپسند ہو ﴿٨﴾ جب تم اپنے رب سے فریاد

رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ

کر رہے تھے تو اُس نے تمہاری فریاد سُنی کہ میں تمہاری

بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ﴿٩﴾

مدد کے لیے ایک ہزار فرشتے لگاتار بھیج رہا ہوں ﴿٩﴾

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ

اور یہ اللہ نے اِس لیے کیا کہ تمہارے لیے خوش خبری ہو اور تاکہ

بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ

تمہارے دِل اُس سے مطمئن ہو جائیں، اور مدد تو اللہ ہی کے

عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿١٠﴾ ع ع ١٠ ١٥

پاس سے آتی ہے، یقیناً اللہ زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿١٠﴾

اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ

جب اللہ نے تم پر اونگھ ڈال دی اپنی طرف سے تمہاری تسکین

وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً

کے لیے اور آسمان سے تمہارے اوپر پانی اُتارا کہ اُس کے

لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ

ذریعے سے تمہیں پاک کرے اور تم سے شیطان کی نجاست کو

رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ

دور کر دے اور تمہارے دِلوں کو مضبوط کر دے

وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ﴿١١﴾ ؕ اِذْ يُوْحِيْ

اور اُس سے قدموں کو جما دے ﴿١١﴾ جب آپ کے رب نے

رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا

فرشتوں کو حکم بھیجا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں پس تم ایمان والوں کو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ

جمائے رکھو ، میں کافروں کے دِلوں میں رُعب

الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ

ڈال دوں گا پس تم گردنوں کے اوپر مارو

الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ؕ ﴿١٢﴾

اور اُن کی اُنگلیوں کے ہر ہر جوڑ پر ضرب لگاؤ ﴿١٢﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ

یہ اِس وجہ سے کہ اُنہوں نے اللہ اور اُس کے رسول کی

وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ

مُخالفت کی ، اور جو کوئی اللہ اور اُس کے رسول کی مُخالفت

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿١٣﴾ ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ

کرتا ہے تو اللہ سزا دینے میں سخت ہے ﴿١٣﴾ تو اب یہ چکھو

وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ﴿١٤﴾

اور جان لو کہ مُنکروں کے لیے آگ کا عذاب ہے ﴿١٤﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ

اے ایمان والو ! جب تمہارا مقابلہ مُنکرین

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ

سے میدانِ جنگ میں ہو تو اُن سے پیٹھ مت

الْاَدْبَارَ ﴿۱۵﴾ وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَىِٕذٍ

پھیرو ﴿۱۵﴾ اور جس نے ایسے موقع پر پیٹھ پھیری سوائے

دُبُرَهٗٓ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا

اِس کے کہ جنگی چال کے طور پر ہو یا دوسری فوج سے

اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ

جا مِلنے کے لیے ہو تو وہ اللہ کے غضب کا شکار ہو جائے گا

وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶﴾

اور اُس کا ٹھکانہ جہنم ہے، اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانہ ہے ﴿۱۶﴾

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۪

پس اُن کو تم نے قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے اُنہیں قتل کیا ،

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

اور جب آپ نے اُن پر خاک پھینکی تو آپ نے نہیں پھینکی بلکہ اللہ

رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً

نے پھینکی تا کہ اللہ اپنی طرف سے ایمان والوں پر خوب احسان

حَسَنًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿١٧﴾ ذٰلِكُمْ

کرے، بے شک اللہ سُننے والا، جاننے والا ہے ﴿١٧﴾ یہ تو ہو چکا،

وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٨﴾

اور بے شک اللہ مُنکرین کی تمام تدبیریں بے کار کر کے رہے گا ﴿١٨﴾

اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَاۗءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ

اگر تم فیصلہ چاہتے تھے تو فیصلہ تمہارے سامنے آ گیا، اور اگر

وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ

تم باز آجاؤ تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے، اور اگر تم پھر وہی

تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ

کرو گے تو ہم بھی پھر وہی کریں گے اور تمہارا جتھا تمہارے

فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

کچھ کام نہ آئے گا چاہے وہ کتنا ہی زیادہ ہو، اور بے شک

ع ٢ ٩ ١٦ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٩﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اللہ ایمان والوں کے ساتھ ہے ﴿١٩﴾ اے ایمان والو !

اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا

اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو اور اُس سے منہ

عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا

نہ موڑو حالانکہ تم سُن رہے ہو ﴿٢٠﴾ اور اُن لوگوں کی

كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ

طرح نہ ہو جاؤ جنہوں نے کہا کہ ہم نے سُنا حالانکہ

لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿٢١﴾ ج اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ

وہ نہیں سُنتے ﴿٢١﴾ یقیناً اللہ کے نزدیک

عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ

بدتر جانور وہ بہرے گونگے لوگ ہیں

لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ

جو عقل سے کام نہیں لیتے ﴿٢٢﴾ اور اگر اللہ اُن میں کسی بھلائی کو

خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ

دیکھتا تو وہ ضرور اُن کو سُننے کی توفیق دیتا، اور اگر اب وہ اُنہیں

لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٣﴾ يٰۤاَيُّهَا

سُنوا دے تو وہ ضرور منہ پھیر لیں گے بے رُخی کرتے ہوئے ﴿٢٣﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ

ایمان والو! اللہ اور رسول کی پُکار پر لبّیک کہو جب کہ رسول تم کو

اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْۤا

اُس چیز کی طرف بُلا رہا ہے جو تم کو زندگی دینے والی ہے، اور

اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ

جان لو کہ اللہ انسان اور اُس کے دِل کے درمیان حائل ہو جاتا

وَاَنَّهٗۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَاتَّقُوْا

ہے اور یہ کہ اُسی کے پاس تم اکٹھا کیے جاؤ گے ﴿٢٤﴾ اور ڈرو

فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

اُس فتنے سے جو خاص اُنہیں لوگوں پر واقع نہ ہوگا

مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

جنہوں نے تم میں سے ظلم کیا ، اور جان لو کہ اللہ

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٢٥﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ

سخت سزا دینے والا ہے ﴿٢٥﴾ اور یاد کرو جب کہ

اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِى

تم تھوڑے تھے اور زمین میں کمزور سمجھے جاتے تھے ،

الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ

ڈرتے تھے کہ لوگ اچانک تم کو اُچک نہ لیں ،

النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ

پھر اللہ نے تم کو رہنے کی جگہ دی اور اپنی مدد سے

وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ

تمہاری تائید کی اور تم کو پاکیزہ روزی دی ؛ تاکہ

تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

تم شکر گزار بنو ﴿٢٦﴾ اے ایمان والو !

لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا

خیانت نہ کرو اللہ اور رسول کے ساتھ اور خیانت نہ کرو

اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٧﴾ وَاعْلَمُوْٓا

اپنی امانتوں میں حالانکہ تم جانتے ہو ﴿٢٧﴾ اور جان لو کہ

اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ

تمہارے مال اور تمہاری اولاد ایک آزمائش ہے ،

وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٨﴾ ع ٣ ع ٩ ١٧

اور یہ کہ اللہ ہی کے پاس بڑا اجر ہے ﴿٢٨﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ

اے ایمان والو ! اگر تم اللہ سے ڈرتے رہو گے تو اللہ تم

يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ

کو ایک فیصلے کی چیز دے گا اور تم سے تمہارے گناہوں کو

سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُو

دور کر دے گا اور تم کو بخش دے گا ، اور اللہ

الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢٩﴾ وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ

بڑے فضل والا ہے ﴿٢٩﴾ اور جب کافر آپ کے بارے میں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ

تدبیریں سوچ رہے تھے کہ آپ کو قید کر دیں یا قتل کر ڈالیں یا

اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ

وطن سے نکال دیں، وہ اپنی تدبیریں کر رہے تھے اور اللہ اپنی

اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿٣٠﴾ وَاِذَا

تدبیریں کر رہا تھا، اور اللہ بہترین تدبیر والا ہے ﴿٣٠﴾ اور جب

تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا

اُن کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم

لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ

نے سُن لیا، اگر ہم چاہیں تو ہم بھی ایسا ہی کلام پیش کر دیں، یہ تو بس

اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذْ

اگلوں کی کہانیاں ہیں ﴿۳۱﴾ اور جب

قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ

اُنہوں نے کہا کہ اے اللہ ! اگر یہی

الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا

حق ہے تیرے پاس سے تو ہم پر آسمان سے

حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا

پتھر برسا دے یا کوئی اور درد ناک عذاب

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ

ہم پر لے آ ﴿۳۲﴾ اور اللہ ایسا کرنے والا نہیں کہ اُن کو عذاب

لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۚ وَمَا كَانَ

دے اِس حال میں کہ آپ اُن میں موجود ہوں، اور اللہ اُن پر

اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾

عذاب لانے والا نہیں جب کہ وہ استغفار کر رہے ہوں ﴿۳۳﴾

وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ

اور اللہ اُن کو کیوں عذاب نہیں دے گا حالاں کہ وہ مسجدِ حرام

يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا

سے روکتے ہیں جب کہ وہ اُس کے متولّی نہیں ، اُس کے

كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ؕ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ

متولّی تو صرف اللہ سے ڈرنے والے ہی ہو سکتے ہیں ،

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَمَا كَانَ

مگر اُن میں سے اکثر اِس کو نہیں جانتے ﴿٣٤﴾ اور بیت اللہ

صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً

کے پاس اُن کی نماز سیٹی بجانے اور تالی پیٹنے کے سوا اور کچھ

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٥﴾

نہیں، پس اب چکھو عذاب اپنے کُفر کی وجہ سے ﴿٣٥﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ

بے شک جن لوگوں نے انکار کیا وہ اپنے مال کو اِس لیے خرچ کرتے ہیں کہ

لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا

لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکیں اور وہ اُس کو خرچ کرتے رہیں

ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ

گے پھر یہ اُن کے لیے حسرت (کا سبب) بنے گا پھر وہ

يُغْلَبُوْنَ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ

مغلوب کیے جائیں گے، اور جنہوں نے انکار کیا اُن کو جہنم کی

يُحْشَرُوْنَ ۙ﴿۳۶﴾ لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ

طرف اِکٹھا کیا جائے گا ﴿۳۶﴾ تاکہ اللہ ناپاک کو الگ

مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ

کر دے پاک سے اور ناپاک کو ایک پر

عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ

ایک رکھے پھر اُس ڈھیر کو جہنم میں ڈال دے

جَهَنَّمَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ قُلْ ع ۴ ۹ ۱۸

گا، یہی لوگ خسارے میں پڑنے والے ہیں ﴿۳۷﴾

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ

انکار کرنے والوں سے کہہ دیجیے کہ اگر وہ باز آجائیں تو جو کچھ ہو چکا

مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ

ہے وہ اُن سے معاف کر دیا جائے گا، اور اگر وہ پھر وہی کریں گے تو

سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٨﴾ وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى

ہمارا معاملہ اگلوں کے ساتھ گزر چکا ہے ﴿٣٨﴾ اور اُن سے لڑو یہاں

لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ

تک کہ کوئی فتنہ باقی نہ رہے اور دین سارا کا سارا اللہ کے لیے

لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

ہو جائے ، پھر اگر وہ باز آجائیں تو اللہ اُن کے کاموں کو

بَصِيْرٌ ﴿٣٩﴾ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

دیکھنے والا ہے ﴿٣٩﴾ اور اگر اُنہوں نے منہ پھیر لیا تو جان لو کہ اللہ ہی تمہارا

مَوْلٰىكُمْ ۭ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٤٠﴾

مولیٰ ہے، اور کیا ہی اچھا مولیٰ ہے اور کیا ہی اچھا مددگار ہے ﴿٤٠﴾

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ

اور جان لو کہ جو کچھ مالِ غنیمت تمہیں حاصل ہو

فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي

اُس کا پانچواں حِصّہ اللہ اور رسول کے لیے اور

الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ

رشتے داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں

السَّبِيْلِ ۙ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ

کے لیے ہے اگر تم ایمان رکھتے ہو اللہ پر

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ

اور اُس چیز پر جو ہم نے اپنے بندے (محمد) پر اُتاری

يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ

فیصلے کے دن جس دن کہ دونوں جماعتوں میں مڈبھیڑ ہوئی،

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٤١﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿٤١﴾ اور جب تم وادی کے

الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى

قریبی کنارے پر تھے اور وہ دور کے کنارے پر اور قافلہ تم سے

وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ؕ وَلَوْ

نیچے کی طرف تھا، اور اگر تم اور وہ وقت مُقرّر کرتے تو ضرور اُس

تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ

مُقرّرہ مدّت کے بارے میں تم میں اختلاف ہو جاتا،

وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ

لیکن جو ہوا وہ اِس لیے ہوا تا کہ اللہ اُس امر کا فیصلہ کر دے جس

مَفْعُوْلًا ۙ لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ

کو ہو کر رہنا تھا؛ تا کہ جس کو ہلاک ہونا ہے وہ روشن دلیل کے

بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ؕ

ساتھ ہلاک ہو اور جس کو زندگی حاصل کرنا ہے وہ روشن دلیل کے

وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٤٢﴾ ۙ اِذْ

ساتھ زندہ رہے، یقیناً اللہ سُننے والا، جاننے والا ہے ﴿٤٢﴾ جب

يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ؕ

اللہ آپ کے خواب میں اُن کو تھوڑے دِکھاتا رہا ،

وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ

اگر وہ تمہیں اُن کو زیادہ دِکھا دیتا تو تم لوگ ہِمّت ہار جاتے

وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

اور آپس میں جھگڑنے لگتے اُس معاملے میں لیکن اللہ نے

سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٤٣﴾

تم کو بچا لیا، یقیناً وہ دِلوں تک کا حال جانتا ہے ﴿٤٣﴾

وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ

اور وہ وقت یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے مدِّ مقابل آئے تھے تو اللہ

اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ

تمہاری نگاہوں میں اُن کی تعداد کم دِکھا رہا تھا اور اُن کی نگاہوں میں تمہیں کم

لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ؕ

کر کے دِکھا رہا تھا؛ تاکہ جو کام ہو کر رہنا تھا اللہ اُسے پورا کر دِکھائے ،

وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٤٤﴾ يٰٓاَيُّهَا ع ع ٥ ٧ ١

اور تمام معاملات اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں ﴿٤٤﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً

ایمان والو ! جب کسی گروہ سے تمہارا مقابلہ ہو تو تم

فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ

ثابت قدم رہو اور اللہ کو بہت یاد کرو ؛ تاکہ تم

تُفْلِحُوْنَ ﴿٤٥﴾ ج وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

کامیاب ہو ﴿٤٥﴾ اور اطاعت کرو اللہ کی اور اُس کے رسول کی

وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ

اور آپس میں جھگڑا نہ کرو ورنہ تمہارے اندر کمزوری آجائے گی

رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ط اِنَّ اللّٰهَ مَعَ

اور تمہاری ہَوا اُکھڑ جائے گی ، اور صبر کرو بے شک اللہ صبر کرنے

الصّٰبِرِيْنَ ﴿٤٦﴾ ج وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

والوں کے ساتھ ہے ﴿٤٦﴾ اور اُن لوگوں کی طرح مت بنو

خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ

جو اپنے گھروں سے اکڑتے ہوئے اور لوگوں کو دِکھاتے

النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

ہوئے نکلے اور اللہ کی راہ سے روکتے ہیں ؛ حالانکہ وہ جو کچھ

وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿٤٧﴾ وَاِذْ

کر رہے ہیں اللہ اُن کا احاطہ کیے ہوئے ہے ﴿٤٧﴾ اور جب

زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ

شیطان نے اُنہیں اُن کے اعمال خوش نما بنا کر دِکھائے

لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ

اور کہا کہ آج لوگوں میں سے کوئی تم پر غالب آنے

وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ

والا نہیں اور میں تمہارے ساتھ ہوں ، مگر جب دونوں گروہ

الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ

آمنے سامنے ہوئے تو وہ اُلٹے پاؤں بھاگا اور کہا کہ میں

بَرِیْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّیْٓ اَرٰی مَا لَا تَرَوْنَ

تم سے بَری ہوں ، میں وہ سب دیکھ رہا ہوں جو تم لوگ

اِنِّیْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ وَاللّٰهُ شَدِیْدُ

نہیں دیکھتے ، میں اللہ سے ڈرتا ہوں، اور اللہ سخت عذاب

ع ٦ ٤ ٢ الْعِقَابِ ﴿٤٨﴾ ع اِذْ یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ

دینے والا ہے ﴿٤٨﴾ جب مُنافق اور جن کے دِلوں میں

وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ

روگ ہے کہتے تھے کہ اِن لوگوں کو اُن کے دین نے

هٰٓؤُلَآءِ دِیْنُهُمْ ؕ وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَی

دھوکے میں ڈال دیا ہے ، اور جو اللہ پر بھروسہ کرے

اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿٤٩﴾

تو اللہ بڑا زبردست ہے ، حکمت والا ہے ﴿٤٩﴾

وَلَوْ تَرٰٓی اِذْ یَتَوَفَّی الَّذِیْنَ كَفَرُوا

اور اگر آپ دیکھتے جب کہ فرشتے اُن مُنکرین کی جان

الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ

قبض کرتے ہیں مارتے ہوئے اُن کے چہروں اور اُن کی

وَاَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا عَذَابَ

پیٹھوں پر اور یہ کہتے ہوئے کہ اب جلنے کا عذاب

الْحَرِيْقِ ﴿٥٠﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ

چکھو ﴿٥٠﴾ یہ بدلہ ہے اُس کا جو تم نے اپنے ہاتھوں

اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ

آگے بھیجا تھا اور اللہ ہرگز بندوں پر ظلم کرنے والا

لِّلْعَبِيْدِ ﴿٥١﴾ ۙ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ

نہیں ﴿٥١﴾ فرعون کے لوگوں کی طرح اور جو اُن سے پہلے

وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ

تھے ، کہ اُنہوں نے اللہ کی نشانیوں کا انکار کیا پس

اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ اِنَّ

اللہ نے اُن کے گناہوں پر اُن کو پکڑ لیا ، بے شک

اللّٰهَ قَوِیٌّ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿٥٢﴾ ذٰلِكَ

اللہ قوت والا، سخت سزا دینے والا ہے ﴿٥٢﴾ یہ اِس وجہ سے

بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ یَكُ مُغَیِّرًا نِّعْمَةً

ہوا کہ اللہ اُس انعام کو جو وہ کسی قوم پر کرتا ہے

اَنْعَمَهَا عَلٰی قَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا

اُس وقت تک نہیں بدلتا جب تک کہ وہ اُس کو نہ بدل دیں

مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ

جو اُن کے دِلوں میں ہے، اور بے شک اللہ سُننے والا،

عَلِیْمٌ ۙ﴿٥٣﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ

جاننے والا ہے ﴿٥٣﴾ فرعون کے لوگوں کی طرح

وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا

اور جو اُن سے پہلے تھے کہ اُنہوں نے اپنے رب کی نشانیوں کو

بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ

جُھٹلایا پھر ہم نے اُن کے گناہوں کی وجہ سے اُن کو ہلاک کر دیا

وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا

اور ہم نے فرعون کے لوگوں کو ڈبو دیا اور یہ سب لوگ

ظٰلِمِيْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ

ظالم تھے ﴿٥٤﴾ بے شک سب جانداروں میں بدترین

عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ

اللہ کے نزدیک وہ لوگ ہیں جنہوں نے انکار کیا اور وہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٥﴾ۖ اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ

ایمان نہیں لاتے ﴿٥٥﴾ جن سے آپ نے عہد لیا

مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ

پھر وہ اپنا عہد ہر بار توڑ دیتے ہیں

كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَاِمَّا

اور وہ ڈرتے نہیں ﴿٥٦﴾ پس اگر آپ اُن کو لڑائی میں

تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ

پاؤ تو اُن کو ایسی سزا دو کہ جو اُن کے پیچھے ہیں

مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿٥٧﴾

وہ بھی دیکھ کر بھاگ جائیں ؛ تاکہ اُنہیں عبرت ہو ﴿٥٧﴾

وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً

اور اگر آپ کو کسی قوم سے بدعہدی کا ڈر ہو تو اُن کا عہد اُن کی

فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

طرف پھینک دو اِس طرح کہ تم اور وہ برابر ہو جائیں، بے شک

لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿٥٨﴾ ع وَلَا يَحْسَبَنَّ ع ١٠ ١٣

اللہ بدعہدوں کو پسند نہیں کرتا ﴿٥٨﴾ اور انکار کرنے والے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ

یہ نہ سمجھیں کہ وہ نکل بھاگیں گے ، وہ ہرگز اللہ کو

لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا

عاجز نہیں کرسکتے ﴿٥٩﴾ اور اُن کے لیے جس قدر

اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ

تم سے ہو سکے تیار رکھو قُوت اور پلے ہوئے

الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ

گھوڑے کہ اُس سے تمہاری ہیبت رہے اللہ کے دشمنوں پر

وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ

اور تمہارے دشمنوں پر اور اُن کے علاوہ دوسروں پر بھی جن کو تم

لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ؕ وَمَا

نہیں جانتے ، اللہ اُن کو جانتا ہے ، اور جو کچھ تم

تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے وہ تمہیں پورا پورا دیا جائے گا

يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٦٠﴾

اور تمہارے ساتھ کوئی کمی نہیں کی جائے گی ﴿٦٠﴾

وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا

اور اگر وہ صُلح کی طرف جُھکیں تو آپ بھی اُس کے لیے جُھک

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

جایئے اور اللہ پر بھروسہ رکھیے ، بے شک وہ سُننے والا ،

الْعَلِيْمُ ﴿٦١﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ

جاننے والا ہے ﴿٦١﴾ اور اگر وہ آپ کو دھوکہ دینا چاہیں گے

يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ

تو اللہ آپ کے لیے کافی ہے ، وہی ہے جس نے

الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾ لا

اپنی مدد سے اور مؤمنین کے ذریعے آپ کو قوت دی ﴿٦٢﴾

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ

اور اُن کے دِلوں میں اتفاق پیدا کر دیا ، اگر آپ زمین

مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ

میں جو کچھ ہے سب خرچ کر ڈالتے تب بھی اُن کے دِلوں

بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ

میں اتفاق پیدا نہ کر سکتے ، لیکن اللہ نے اُن میں اتفاق

بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٣﴾

پیدا کر دیا ، بے شک وہ زبردست ہے ، حکمت والا ہے ﴿٦٣﴾

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ

اے (پیارے) نبی ! آپ کے لیے اللہ کافی ہے اور

اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٤﴾ يٰٓاَيُّهَا ع ٨ ٦ ٤

وہ مؤمنین جنہوں نے آپ کا ساتھ دیا ﴿٦٤﴾ اے

النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ

(پیارے) نبی ! مؤمنین کو لڑائی پر اُبھاریے ،

اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ

اگر تم میں بیس آدمی ثابت قدم ہوں گے تو

يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ

دو سو ٢٠٠ پر غالب آئیں گے ، اور اگر تم میں

مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

سو ہوں گے تو ہزار مُنکروں پر غالب آئیں گے ،

بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اَلْـٰٔنَ

اِس واسطے کہ وہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے ﴿٦٥﴾ اب

خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ

اللہ نے تم پر سے بوجھ ہلکا کر دیا اور اُس نے دیکھ لیا

ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ

کہ تم میں کچھ کمزوری ہے ، پس اگر تم میں سو ثابت

صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ

قدم ہوں گے تو دو سو پر غالب آئیں گے اور اگر تم میں

مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ

ہزار ہوں گے تو اللہ کے حکم سے دو ہزار پر غالب آئیں گے ،

اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٦٦﴾ مَا كَانَ

اور اللہ ثابت قدم رہنے والوں کے ساتھ ہے ﴿٦٦﴾ کسی نبی کے

لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى

لیے لائق نہیں کہ اُس کے پاس قیدی ہوں جب تک وہ زمین

يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ ؕ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ

میں اچھی طرح خون ریزی نہ کر لے ، تم دنیا کے اسباب

الدُّنْيَا ۖ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ

چاہتے ہو اور اللہ آخرت کو چاہتا ہے ،

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٧﴾ لَوْلَا كِتٰبٌ

اور اللہ زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿٦٧﴾ اور اگر اللہ کا لکھا ہوا

مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ

پہلے سے موجود نہ ہوتا تو جو طریقہ تم نے اختیار کیا ہے اُس کی وجہ

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٦٨﴾ فَكُلُوْا مِمَّا

سے تم کو سخت عذاب پہونچ جاتا ﴿٦٨﴾ پس جو مال تم نے لیا ہے

غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

اُس کو کھاؤ (وہ) تمہارے لیے حلال اور پاک ہے اور اللہ

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا ع ٩ ع ٥

سے ڈرو ، بے شک اللہ بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿٦٩﴾ اے

النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ

(پیارے) نبی ! آپ کے قبضے میں جو قیدی ہیں

الْاَسْرٰٓى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ

اُن سے کہہ دیجیے کہ اگر اللہ تمہارے دِلوں میں کوئی بھلائی پائے

خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ

گا تو جو کچھ تم سے لیا گیا ہے اُس سے بہتر وہ تمہیں دے دے گا

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٧٠

اور تم کو بخش دے گا، اور اللہ بخشنے والا ، مہربان ہے ۝٧٠

وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا

اور اگر یہ آپ سے بدعہدی کریں گے تو اِس سے پہلے اُنہوں

اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ۭ

نے اللہ سے بدعہدی کی تو اللہ نے (تم کو) اُن پر قابو دے دیا،

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝٧١ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور اللہ علم والا، حکمت والا ہے ۝٧١ جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں

اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ

نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں اپنے مال و جان سے جہاد کیا

وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ

اور وہ لوگ جنہوں نے پناہ دی اور مدد کی ، وہ لوگ آپس میں

اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ

ایک دوسرے کے دوست ہیں ، اور جو لوگ ایمان لائے مگر

بَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا

انہوں نے ہجرت نہیں کی تو اُن سے تمہارا دوستی کا کوئی تعلق نہیں

مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى

جب تک کہ وہ ہجرت کر کے نہ آجائیں، اور وہ تم سے دین کے

يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ

معاملے میں مدد مانگیں تو تم پر اُن کی مدد کرنا واجب ہے

فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ

سوائے اِس کے کہ یہ مدد ایسی قوم کے خلاف ہو جس کے ساتھ

وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

تمہارا معاہدہ ہے ، اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس کو

بَصِيْرٌ ﴿٧٢﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ

دیکھ رہا ہے ﴿٧٢﴾ اور جو لوگ مُنکر ہیں وہ ایک دوسرے

اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۭ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ

کے دوست ہیں ، اگر تم ایسا نہ کرو گے تو زمین میں

فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ﴿٧٣﴾ وَالَّذِيْنَ

فتنہ پھیلے گا اور بڑا فساد ہوگا ﴿٧٣﴾ اور جو لوگ

اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ

جہاد کیا اور جن لوگوں نے پناہ دی اور مدد کی یہی لوگ

اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰۗىِٕكَ

اور جن لوگوں نے پناہ دی اور مدد کی یہی لوگ

هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ

سچّے مؤمن ہیں ، اُن کے لیے بخشش ہے

وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٤﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ

اور بہترین رزق ہے ﴿٧٤﴾ اور جو لوگ بعد میں ایمان لائے

بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ

اور ہجرت کی اور تمہارے ساتھ مل کر جہاد کیا

فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ

وہ بھی تم میں سے ہیں ، اور خون کے رشتے دار

بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ؕ

ایک دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں اللہ کی کتاب میں،

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٧٥﴾ ع ١٠ ٦ ٢

بے شک اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے ﴿٧٥﴾

اس میں (٣٠٧٨) کلمات ہیں

(سورۂ توبہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی مگر اخیر کی دو آیتیں مکی ہیں، اس میں (١٢٩) آیتیں اور (١٦) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (١١٣) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٩) نمبر پر ہے اور سورۂ مائدہ کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (١٠٤٨٨) حروف ہیں

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى

اعلانِ براءت ہے اللہ اور اُس کے رسول کی طرف سے

الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١﴾ ؕ

اُن مشرکین کو جن سے تم نے معاہدے کیے تھے ﴿١﴾

فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ

پس تم لوگ مُلک میں چار مہینے چل پھر لو

وَّاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ

اور جان لو کہ تم اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے ،

وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢﴾

اور یہ کہ اللہ مُنکروں کو رُسوا کرنے والا ہے ﴿٢﴾

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ

اور اعلان ہے اللہ اور اُس کے رسول کی طرف سے

يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ

بڑے حج کے دن لوگوں کے لیے کہ اللہ اور اُس کا رسول

مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ ۭ فَاِنْ

مشرکوں سے بری ہے ، اب اگر تم لوگ توبہ کرو

تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ

تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے ، اور اگر تم منہ پھیرو گے

الجزء ١٠

فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ ط

تو جان لو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے نہیں ہو ،

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ

اور انکار کرنے والوں کو سخت عذاب کی خوش خبری

اَلِيْمٍ ۙ﴿٣﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ

دے دو ﴿٣﴾ مگر جن مشرکوں سے تم نے معاہدہ کیا تھا

الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا

پھر اُنہوں نے تمہارے ساتھ کوئی کمی نہیں کی

وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا

اور نہ تمہارے خلاف کسی کی مدد کی تو اُن کا معاہدہ

اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ط اِنَّ

اُن کی مدت تک پورا کرو ، بے شک اللہ پرہیز گاروں

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٤﴾ فَاِذَا انْسَلَخَ

کو پسند کرتا ہے ﴿٤﴾ پھر جب حُرمت والے مہینے

الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ

گزر جائیں تو مشرکین کو قتل کرو جہاں تم اُن کو پاؤ

حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ

اور اُن کو پکڑو اور اُن کو گھیرو

وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ

اور بیٹھو ہر جگہ اُن کی گھات میں،

مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ

پھر اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز قائم کریں

وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ

اور زکوٰۃ ادا کریں تو اُنہیں چھوڑ دو ،

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٥ وَاِنْ اَحَدٌ

بے شک اللہ بخشنے والا ، مہربان ہے ۝٥ اور اگر مشرکین میں

مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ

سے کوئی شخص آپ سے پناہ مانگے تو اُس کو پناہ دے دو ؛

حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ

تاکہ وہ اللہ کا کلام سُنے پھر اُس کو اُس کی امان کی

اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

جگہ پہونچا دو ، یہ اِس لیے کہ وہ لوگ علم

لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝٦ كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ ع ع ١ ٧ ٦

نہیں رکھتے ۝٦ اُن مشرکین کے لیے اللہ

عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا

اور اُس کے رسول کے ذِمّے کوئی عہد کیسے رہ سکتا ہے

الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ

مگر جن لوگوں سے تم نے عہد کیا تھا مسجدِ حرام

الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ

کے پاس ، پس جب تک وہ تم سے سیدھے رہیں تم بھی

فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

اُن سے سیدھے رہو، بے شک اللہ پرہیز گاروں کو

الْمُتَّقِيْنَ ۝٧ كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا

پسند کرتا ہے ۝٧ کیسے عہد رہے گا جب کہ یہ حال ہے کہ اگر وہ

عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا

تمہارے اوپر قابو پائیں تو تمہارے بارے میں نہ قرابت کا لحاظ

وَّلَا ذِمَّةً ؕ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ

کریں اور نہ عہد کا، وہ تم کو اپنے منہ کی بات سے راضی کرنا چاہتے

وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝٨

ہیں مگر اُن کے دِل انکار کرتے ہیں، اور اُن میں اکثر بدعہد ہیں ۝٨

اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا

اُنہوں نے اللہ کی آیتوں کو تھوڑی قیمت پر بیچ دیا

فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا

پھر اُنہوں نے اللہ کے راستے سے روکا، بہت بُرا ہے

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٩ لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ

جو وہ کر رہے ہیں ۝٩ کسی مؤمن کے معاملے میں

مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

وہ نہ قرابت کا لحاظ کرتے ہیں اور نہ عہد کا، اور یہی لوگ ہیں

الْمُعْتَدُوْنَ ﴿١٠﴾ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا

زیادتی کرنے والے ﴿١٠﴾ پس اگر وہ توبہ کریں اور

الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ

نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں تو وہ تمہارے دینی بھائی

فِي الدِّيْنِ ؕ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ

ہیں، اور ہم کھول کر بیان کرتے ہیں آیات کو جاننے والوں

يَّعْلَمُوْنَ ﴿١١﴾ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ

کے لیے ﴿١١﴾ اور اگر یہ اپنی قسموں کو توڑ ڈالیں

مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ

عہد کے بعد اور تمہارے دین میں عیب لگائیں

دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ

تو کفر کے اِن سرداروں سے لڑو، بے شک

لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ ﴿١٢﴾

اُن کی قسمیں کچھ نہیں ؛ تاکہ وہ باز آئیں ﴿١٢﴾

اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ

کیا تم نہ لڑو گے ایسے لوگوں سے جنہوں نے اپنے عہد توڑ

وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ

دیے اور رسول کو نکالنے کی جسارت کی اور وہی ہیں

بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ

جنہوں نے تم سے جنگ میں پہل کی، کیا تم اُن سے ڈرو گے

فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ

جب کہ اللہ زیادہ مستحق ہے کہ تم اُس سے ڈرو اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣﴾ قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ

مؤمن ہو ﴿١٣﴾ اُن سے لڑو ، اللہ تمہارے ہاتھوں اُن کو

بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ

سزا دے گا اور اُن کو رُسوا کرے گا اور تم کو اُن پر

عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ

غلبہ دے گا اور مسلمان لوگوں کے سینوں کو ٹھنڈا

مُّؤْمِنِيْنَ ۙ﴿١٤﴾ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ؕ

کرے گا ﴿١٤﴾ اور اُن کے دِلوں کی جلن کو دور کرے گا،

وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

اور اللہ توبہ نصیب کرے گا جس کو چاہے گا ، اور اللہ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٥﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ

جاننے والا، حکمت والا ہے ﴿١٥﴾ کیا تمہارا یہ گمان ہے کہ تم

تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

چھوڑ دیے جاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ نے تم میں سے

جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ

اُن لوگوں کو دیکھا ہی نہیں جنہوں نے جہاد کیا

دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ

اور جنہوں نے اللہ اور رسول اور مؤمنین کے سِوا

وَلِيْجَةً ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا

کسی کو دوست نہیں بنایا، اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم

تَعْمَلُوْنَ ﴿١٦﴾ مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ ع ٢ ١٠ ٨

کرتے ہو ﴿١٦﴾ مشرکوں کا کام نہیں کہ

اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ

وہ اللہ کی مسجدوں کو آباد کریں حالانکہ وہ

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ

خود اپنے اوپر کفر کے گواہ ہیں ، اُن لوگوں کے تو

حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚۖ وَفِى النَّارِ هُمْ

اعمال ہی غارت ہو چکے ہیں ، اور دوزخ ہی میں ہمیشہ

خٰلِدُوْنَ ﴿١٧﴾ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ

اُن کو رہنا ہے ﴿١٧﴾ اللہ کی مسجدوں کو تو وہ آباد کرتا ہے

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ

جو اللہ پر اور آخرت کے دِن پر ایمان لائے اور نماز

الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ

قائم کرے اور زکوٰۃ ادا کرے اور اللہ کے

اِلَّا اللّٰهَ ؕ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا

سوا کسی سے نہ ڈرے، ایسے لوگ اُمید ہے کہ ہدایت پانے

مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿١٨﴾ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ

والوں میں سے بنیں ﴿١٨﴾ کیا تم نے حاجیوں کے پانی پلانے

الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

اور مسجدِ حرام کے بسانے کو برابر کر دیا اُس شخص کے جو

كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

اللہ پر اور آخرت پر ایمان لایا اور اللہ کی راہ میں

وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ

جہاد کیا ، اللہ کے نزدیک یہ دونوں برابر

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

نہیں ہو سکتے ، اور اللہ ظالم لوگوں کو

الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٩﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا

راہ نہیں دِکھاتا ﴿١٩﴾ جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے ہجرت

وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ

کی اور اللہ کے راستے میں اپنے مال و جان سے

وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ

جہاد کیا ، اُن کا درجہ اللہ کے یہاں بڑا ہے

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿٢٠﴾ يُبَشِّرُهُمْ

اور یہی لوگ کامیاب ہیں ﴿٢٠﴾ اُن کا رب اُن کو خوش خبری دیتا

رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ

ہے اپنی رحمت اور خوشنودی کی اور ایسے باغات کی جن میں

لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿٢١﴾ ۙ خٰلِدِيْنَ

اُن کے لیے ہمیشہ رہنے والی نعمت ہوگی ﴿٢١﴾ اُن میں وہ

فِيْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ

ہمیشہ رہیں گے ، بے شک اللہ ہی کے پاس

اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٢﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بڑا اجر ہے ﴿٢٢﴾ اے ایمان والو !

لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ

اپنے باپوں اور اپنے بھائیوں کو دوست نہ بناؤ

اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ

اگر وہ ایمان کے مقابلے میں کفر کو عزیز رکھیں ،

وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

اور تم میں سے جو اُن کو اپنا دوست بنائیں گے تو ایسے ہی

الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٣﴾ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ

لوگ ظالم ہیں ﴿٢٣﴾ کہہ دیجیے کہ اگر تمہارے باپ اور

وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ

تمہارے لڑکے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں

وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ِۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا

اور تمہارا خاندان اور وہ مال جو تم نے کمائے ہیں

وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ

اور وہ تجارت جس کے بند ہونے سے تم ڈرتے ہو اور وہ گھر

تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

جن کو تم پسند کرتے ہو، یہ سب تم کو اللہ اور اُس کے

وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا

رسول اور اُس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ محبوب ہیں تو

حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ وَاللّٰهُ

انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم بھیج دے، اور اللہ

ع ٣ ٨ ٩ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٤﴾ لَقَدْ

نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿٢٤﴾ بے شک

نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ

اللہ نے بہت سے موقعوں پر تمہاری مدد کی ہے اور

وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ

حُنین کے دن بھی جب تمہاری کثرت نے تم کو ناز میں مبتلا کر دیا تھا

فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ

پھر وہ تمہارے کچھ کام نہ آئی اور زمین اپنی

عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ

وُسعت کے باوجود تم پر تنگ ہو گئی، پھر

وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ

تم پیٹھ پھیر کر بھاگے ﴿٢٥﴾ اُس کے بعد اللہ نے

سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

اپنے رسول اور مؤمنین پر اپنی سکینت اُتاری

وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۚ وَعَذَّبَ

اور ایسے لشکر اُتارے جن کو تم نے نہیں دیکھا اور اللہ نے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ

کافروں کو سزا دی ، اور یہی کافروں کا

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٦﴾ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ

بدلہ ہے ﴿٢٦﴾ پھر اُس کے بعد اللہ جس کو چاہے

بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

توبہ نصیب کردے ، اور اللہ بخشنے والا ،

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

مہربان ہے ﴿٢٧﴾ اے ایمان والو !

اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ

مشرکین بالکل ناپاک ہیں پس وہ اِس سال کے بعد

فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ

مسجدِ حرام کے پاس نہ آئیں ،

عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً

اور اگر تم کو مُفلسی کا اندیشہ ہو تو اگر اللہ چاہے گا

فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ

تو اپنے فضل سے تم کو بے نیاز کر دے گا ،

اِنْ شَآءَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٨﴾

بے شک اللہ جاننے والا ، حکمت والا ہے ﴿٢٨﴾

قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

اُن اہلِ کتاب سے لڑو جو نہ اللہ پر ایمان رکھتے

وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا

ہیں اور نہ آخرت کے دن پر اور نہ اللہ اور اُس کے

حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ

رسول کے حرام ٹھہرائے ہوئے کو حرام ٹھہراتے ہیں اور

دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

نہ دین حق کو اپنا دین بناتے ہیں ، یہاں تک کہ

الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ

وہ اپنے ہاتھ سے جزیہ دیں اور چھوٹے

يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿٢٩﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ ع ع ١٠ ٥

بن کر رہیں ﴿٢٩﴾ اور یہود نے کہا کہ

عُزَيْرُ ۨ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى

عُزیر اللہ کے بیٹے ہیں اور نصاریٰ نے کہا کہ

الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ
مسیح اللہ کے بیٹے ہیں ، یہ اُن کے اپنے منہ کی باتیں ہیں ،

بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ
وہ اُن لوگوں کی بات نقل کر رہے ہیں جنہوں نے اُن سے

كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ
پہلے کُفر کیا ، اللہ اُن کو ہلاک کرے وہ کدھر بہکے

اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٣٠﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ
جارہے ہیں ﴿٣٠﴾ اُنہوں نے اللہ کے سِوا اپنے عُلماء

وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اور مشائخ کو رب بنا ڈالا اور مسیح ابن مریم کو بھی ؛

وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا
حالانکہ اُن کو صِرف یہ حکم تھا کہ وہ ایک معبود کی

لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ
عبادت کریں ، اُس کے سِوا کوئی معبود نہیں ،

سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٣١﴾ يُرِيْدُوْنَ

وہ پاک ہے اُس شرک سے جو وہ کرتے ہیں ﴿٣١﴾ وہ چاہتے

اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ

ہیں کہ اللہ کی روشنی کو اپنے منہ سے بُجھا دیں اور اللہ

وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ

اپنی روشنی کو پورا کیے بغیر ماننے والا نہیں ، چاہے

وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٣٢﴾ هُوَ الَّذِيْٓ

کافروں کو یہ کتنا ہی ناگوار ہو ﴿٣٢﴾ اُسی نے

اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ

اپنے رسول کو بھیجا ہے ہدایت اور دین حق کے ساتھ؛

الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ

تاکہ اُس کو سارے دین پر غالب کردے ، چاہے یہ

كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

مشرکوں کو کتنا ہی ناگوار ہو ﴿٣٣﴾ اے ایمان والو !

النّصف

اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ

اہلِ کتاب کے اکثر علماء اور مشائخ لوگوں کے مال

وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ

باطل طریقوں سے کھاتے ہیں اور لوگوں کو

بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ

اللہ کے راستے سے روکتے ہیں ، اور جو

اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ

لوگ سونا اور چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں

وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ

اور اُن کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے اُن کو

اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ (٣٤)

ایک دردناک عذاب کی خوش خبری دے دیجیے (٣٤)

يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ

اُس دن اُس مال پر دوزخ کی آگ دہکائی جائے گی

فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ

پھر اُس سے اُن کی پیشانیاں اور اُن کے پہلو

وَظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ

اور اُن کی پیٹھیں داغی جائیں گی ، یہی ہے وہ

لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ

جس کو تم نے اپنے واسطے جمع کیا تھا ، پس اب چکھو

تَكْنِزُوْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ

جو تم جمع کرتے رہے ﴿٣٥﴾ بے شک مہینوں کی گنتی اللہ کے

اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ

نزدیک بارہ مہینے ہیں اللہ کی کتاب میں جس دِن

يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ

اُس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ، اُن میں سے

اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ

چار حُرمت والے ہیں ، یہی ہے سیدھا دین

فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ ۚ وَقَاتِلُوا

پس اُن میں تم اپنے اوپر ظلم نہ کرو ، اور

الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ

مشرکوں سے سب مِل کر لڑو جس طرح وہ سب مِل کر تم

كَآفَّةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ

سے لڑتے ہیں ، اور جان لو کہ اللہ پرہیز گاروں کے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٦﴾ اِنَّمَا النَّسِيْۗءُ زِيَادَةٌ

ساتھ ہے ﴿٣٦﴾ مہینوں کو آگے پیچھے کرنا کفر میں ایک اضافہ ہے

فِي الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اُس سے کفر کرنے والے گمراہی میں پڑتے ہیں، وہ کسی سال

يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا

حرام مہینے کو حلال کر لیتے ہیں اور کسی سال اُس کو حرام کر دیتے

لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا

ہیں؛ تا کہ اللہ کے حرام کیے ہوئے کی گنتی پوری کر کے اُس کے

مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ

حرام کیے ہوئے کو حلال کر لیں ، اُن کے بُرے

اَعْمَالِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ

اعمال اُن کے لیے خوش نما بنا دیے گئے ہیں ، اور اللہ انکار

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ع ٥ ٨ ١١

کرنے والوں کو راستہ نہیں دِکھاتا ﴿٣٧﴾ اے ایمان والو !

مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِىْ

تم کو کیا ہو گیا ہے کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہا

سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ؕ

اللہ کی راہ میں نکلو تو تم زمین سے لگے جاتے ہو،

اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ

کیا تم آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی پر

الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

راضی ہوگئے ، آخرت کے مقابلے میں

فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿٣٨﴾ اِلَّا تَنْفِرُوْا

دنیا کی زندگی کا سامان تو بہت تھوڑا ہے ﴿٣٨﴾ اگر تم نہ نکلو گے

يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ

تو اللہ تم کو دردناک سزا دے گا اور تمہاری جگہ دوسری

قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـًٔا ؕ

قوم لے آئے گا اور تم اللہ کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکو گے ،

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٣٩﴾ اِلَّا

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿٣٩﴾ اگر تم رسول کی

تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ

مدد نہ کرو گے تو اللہ خود اُس کی مدد کر چکا ہے جب کہ کافروں

اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ

نے اُس کو نکال دیا تھا ، وہ صرف دو میں کا دوسرا تھا جب وہ

اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ

دونوں غار میں تھے ، جب وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا کہ

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ

غم نہ کرو بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے ، پس

اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ

اللہ نے اُس پر اپنی سکینت نازل فرمائی اور اُس کی مدد

لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ

ایسے لشکروں سے کی جو تم کو نظر نہ آتے تھے اور اللہ

كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ

نے کافروں کی بات نیچی کر دی ، اور اللہ کی بات تو

الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٤٠﴾

اونچی ہے ، اور اللہ زبردست ہے ، حکمت والا ہے ﴿٤٠﴾

اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا

(جہاد کے لیے) نکل کھڑے ہو چاہے تم ہلکے ہو یا بوجھل

بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ

اور اپنے مال اور جان سے اللہ کے راستے میں جہاد کرو ،

اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ
اگر تم سمجھ رکھتے ہو تو یہی تمہارے حق میں

تَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾ لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا
بہتر ہے ﴿٤١﴾ اگر نفع قریب ہوتا اور سفر ہلکا ہوتا تو وہ ضرور

قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ
آپ کے پیچھے ہو لیتے مگر یہ منزل اُن پر کٹھن ہو گئی،

عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ؕ وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ
اب وہ اللہ کی قسمیں کھائیں گے کہ اگر ہم سے ہو سکتا تو ہم

لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ
ضرور تمہارے ساتھ چلتے، وہ اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈال

اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٤٢﴾ ع ٦ ع ٥ ١٢
رہے ہیں، اور اللہ جانتا ہے کہ یہ لوگ یقیناً جھوٹے ہیں ﴿٤٢﴾

عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى
اللہ آپ کو معاف کرے، آپ نے کیوں اُنہیں اجازت دے دی

يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ

یہاں تک کہ آپ پر کُھل جاتا کہ کون لوگ سچّے ہیں اور جھوٹوں کو

الْكٰذِبِيْنَ ﴿٤٣﴾ لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ

بھی آپ جان لیتے ﴿٤٣﴾ جو لوگ اللہ اور آخرت کے دن پر

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا

ایمان رکھتے ہیں وہ اپنے مال اور جان سے جہاد نہ کرنے کے

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

لیے آپ سے اجازت نہیں مانگتے ، اور اللہ پرہیز گاروں کو

بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٤﴾ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ

خوب جانتا ہے ﴿٤٤﴾ آپ سے اجازت تو وہی لوگ مانگتے ہیں

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور اُن کے

وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ

دل شک میں پڑے ہوئے ہیں ، پس وہ اپنے شک میں

يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ

بھٹک رہے ہیں ﴿٤٥﴾ اور اگر وہ نکلنا چاہتے تو ضرور اُس کا کچھ

لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ

سامان کر لیتے مگر اللہ نے اُن کا اُٹھنا پسند نہ کیا

انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا

اِس لیے اُنہیں جما رہنے دیا اور کہہ دیا گیا کہ بیٹھنے والوں

مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿٤٦﴾ لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ

کے ساتھ بیٹھے رہو ﴿٤٦﴾ اگر یہ لوگ تمہارے ساتھ نکلتے تو

مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاْ اَوْضَعُوْا

تمہارے لیے خرابی ہی بڑھانے کا سبب بنتے اور وہ تمہارے

خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ

درمیان فتنہ پھیلانے کے لیے دوڑ دھوپ کرتے اور تم میں اُن کی

سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٧﴾

سُننے والے ہیں ، اور اللہ ظالموں سے خوب واقف ہے ﴿٤٧﴾

لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا

یہ پہلے بھی فتنے کی کوشش کر چکے ہیں اور وہ آپ کے لیے کاموں

لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ

کا اُلٹ پھیر کرتے رہے ہیں یہاں تک کہ حق آ گیا اور اللہ کا

اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ

حکم ظاہر ہو گیا اور وہ ناخوش ہی رہے ﴿٤٨﴾ اور اُن میں وہ بھی ہیں

يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ؕ اَلَا فِي

جو کہتے ہیں کہ مجھے رخصت دے دیجیے اور مجھ کو فتنے میں نہ

الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۢ

ڈالیے، سُن لو! وہ تو فتنے میں پڑ چکے، اور بے شک جہنم مُنکروں کو

بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿٤٩﴾ اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ

گھیرے ہوئے ہے ﴿٤٩﴾ اگر آپ کو کوئی اچھائی پیش آتی ہے تو

تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا

اُن کو دُکھ ہوتا ہے، اور اگر آپ کو کوئی مُصیبت پہونچتی ہے تو کہتے ہیں

قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا

کہ ہم نے پہلے ہی اپنا بچاؤ کر لیا تھا اور وہ خوش ہو کر

وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ﴿٥٠﴾ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ

لوٹتے ہیں ﴿٥٠﴾ کہہ دیجیے کہ ہمیں صرف وہی چیز پہونچے گی جو

اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ

اللہ نے ہمارے لیے لکھ دی ہے، وہ ہمارا کارساز ہے اور اہلِ

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿٥١﴾ قُلْ

ایمان کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے ﴿٥١﴾ کہہ دیں کہ

هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ؕ

تم ہمارے لیے صرف دو بھلائیوں میں سے ایک بھلائی کے

وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ

منتظر ہو، مگر ہم تمہارے حق میں اِس کے منتظر ہیں کہ اللہ تم پر

اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۖ فَ

عذاب بھیجے اپنی طرف سے یا ہمارے ہاتھوں سے ،

فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿٥٢﴾

بس اب انتظار کرو ہم بھی تمہارے ساتھ منتظر ہیں ﴿٥٢﴾

قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ

کہہ دیجیے کہ تم خوشی سے خرچ کرو یا ناخوشی سے تم سے ہرگز قبول

مِنْكُمْ ؕ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٥٣﴾

نہ کیا جائے گا ، بے شک تم نافرمان لوگ ہو ﴿٥٣﴾

وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ

اور وہ اپنے خرچ کی قبولیت سے صرف اِس لیے محروم ہوئے

اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ

کہ اُنہوں نے اللہ اور اُس کے رسول کا انکار کیا اور یہ لوگ

الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ

نماز کے لیے آتے ہیں تو سستی کے ساتھ آتے ہیں اور خرچ

اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿٥٤﴾ فَلَا تُعْجِبْكَ

کرتے ہیں تو ناگواری کے ساتھ ﴿٥٤﴾ پس آپ اُن کے

اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ

مال اور اولاد کو کچھ وقعت نہ دیجیے، اللہ تو یہ چاہتا ہے کہ

اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اِن کے ذریعے سے اُنہیں دنیا کی زندگی میں عذاب دے

وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٥٥﴾

اور اُن کی جانیں اِس حالت میں نکلیں کہ وہ کافر ہوں ﴿٥٥﴾

وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ

وہ اللہ کی قسم کھا کر کہتے ہیں وہ تم میں سے ہیں ؛

وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ

حالانکہ وہ تم میں سے نہیں ہیں بلکہ وہ

يَّفْرَقُوْنَ ﴿٥٦﴾ لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ

ڈرپوک لوگ ہیں ﴿٥٦﴾ اگر وہ کوئی پناہ کی جگہ پائیں

مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ

یا کوئی کھوہ یا گھس بیٹھنے کی جگہ تو وہ

يَجْمَحُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ

اُلٹے بھاگ کر اُس میں جا چھُپیں ﴿٥٧﴾ اور اُن میں ایسے بھی ہیں جو آپ

فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا

پر صدقات کے بارے میں عیب لگاتے ہیں، اگر اُس میں سے

رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ

اُنہیں دیا جائے تو راضی رہتے ہیں اور اگر نہ دیا جائے تو

يَسْخَطُوْنَ ﴿٥٨﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا

ناراض ہو جاتے ہیں ﴿٥٨﴾ کیا اچھا ہوتا کہ اللہ اور اُس کے رسول

مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا

نے اُنہیں جو کچھ دیا تھا اُس پر وہ راضی رہتے اور کہتے کہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ

اللہ ہمارے لیے کافی ہے ، اللہ اپنے فضل سے ہم کو

فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ

اور بھی دے گا اور اُس کا رسول بھی ، ہم کو تو اللہ ہی

رٰغِبُوْنَ ﴿٥٩﴾ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ ع ١٧ ١٣

چاہیے ﴿٥٩﴾ صدقات (زکوٰۃ) تو در اصل فقیروں

وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا

اور مسکینوں کے لیے ہیں اور اُن کارکنوں کے لیے جو صدقات

وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ

کے کام پر مُقرر ہیں اور اُن کے لیے جن کا دِل رکھنا مطلوب ہے،

وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ

نیز گردنوں کے چھڑانے میں اور جو تاوان بھریں اور اللہ کے

السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

راستے میں اور مسافر کی امداد میں، یہ ایک فریضہ ہے اللہ کی طرف سے،

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٠﴾ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ

اور اللہ علم والا، حکمت والا ہے ﴿٦٠﴾ اور اُن میں وہ لوگ بھی ہیں

يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ

جو نبی کو دُکھ دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ شخص تو کان کا کچّا ہے،

قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

کہہ دیجیے کہ وہ تمہاری بھلائی کے لیے کان ہے، وہ اللہ پر

وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ

ایمان رکھتے ہیں اور اہلِ ایمان پر اعتماد کرتے ہیں اور وہ رحمت

اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ

ہیں اُن کے لیے جو تم میں اہلِ ایمان ہیں، اور جو لوگ اللہ اور

رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦١﴾

اُس کے رسول کو دُکھ دیتے ہیں اُن کے لیے دردناک سزا ہے ﴿٦١﴾

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ

وہ تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں تاکہ تم کو راضی

وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ

کرلیں؛ حالانکہ اللہ اور اُس کا رسول زیادہ حق دار ہے کہ وہ اُس

اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا

کو راضی کریں اگر وہ مؤمن ہیں ﴿٦٢﴾ کیا اُن کو معلوم نہیں کہ

الثلثة

اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ

جو اللہ اور اُس کے رسول کی مُخالفت کرے

لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ؕ

اُس کے لیے جہنم کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا ،

ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٣﴾ يَحْذَرُ

یہ بہت بڑی رُسوائی ہے ﴿٦٣﴾ منافقین ڈرتے ہیں

الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ

کہ کہیں اُن (مسلمانوں) پر ایسی سورت نازل نہ ہو جائے

تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلِ

جو اُن کو اُن کے دِلوں کے بھیدوں سے آگاہ کر دے ،

اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا

کہہ دیجیے کہ تم مذاق اُڑا لو ، اللہ یقیناً ظاہر کر دے گا

تَحْذَرُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ

جس سے تم ڈرتے ہو ﴿٦٤﴾ اور اگر آپ اُن سے پوچھو

لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ

تو وہ کہیں گے کہ ہم تو بس ہنسی اور دِل لگی کر رہے تھے ،

قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ

کہہ دیجیے : کیا تم اللہ سے اور اُس کی آیات سے اور اُس کے

تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٦٥﴾ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ

رسول سے ہنسی دِل لگی کر رہے تھے ؟ ﴿٦٥﴾ بہانے مت بناؤ ،

كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ

تم نے ایمان لانے کے بعد کفر کیا ہے ، اگر ہم معاف کر دیں

عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً

تم میں سے ایک گروہ کو تو دوسرے گروہ کو تو ضرور سزا دیں گے

بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٦٦﴾ اَلْمُنٰفِقُوْنَ ع ٨ ١٤

کیوں کہ وہ مجرم ہیں ﴿٦٦﴾ منافق مَرد

وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ وقف لازم

اور منافق عورتیں سب ایک طرح کے ہیں ،

يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ

وہ بُرائی کا حکم دیتے ہیں اور بھلائی سے منع کرتے

الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا

ہیں اور اپنے ہاتھوں کو بند رکھتے ہیں ، اُنہوں نے

اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ

اللہ کو بھُلا دیا تو اللہ نے بھی اُن کو بھُلا دیا ، بے شک منافقین

الْفٰسِقُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ

بہت نا فرمان ہیں ﴿٦٧﴾ منافق مَردوں اور منافق عورتوں اور

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ

کافروں سے اللہ نے جہنم کی آگ کا وعدہ کر رکھا ہے جس میں وہ

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ

ہمیشہ رہیں گے ، یہی اُن کے لیے بس ہے ، اُن پر اللہ کی لعنت

اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٦٨﴾ كَالَّذِيْنَ

ہے اور اُن کے لیے قائم رہنے والا عذاب ہے ﴿٦٨﴾ جس طرح

مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً

تم سے اگلے لوگ وہ تم سے زور میں زیادہ تھے اور مال اور اولاد

وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ؕ فَاسْتَمْتَعُوْا

کی کثرت میں بڑھے ہوئے تھے تو اُنہوں نے اپنے حصّے

بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ

سے فائدہ اُٹھایا اور تم نے بھی اپنے حصّے سے فائدہ اُٹھایا

كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

جیسا کہ تمہارے اگلوں نے اپنے حصّے سے فائدہ اُٹھایا تھا

بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْا ؕ

اور تم نے بھی وہی بحثیں کیں جیسی بحثیں اُنہوں نے کیں تھی ،

اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا

یہی لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت میں ضائع

وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٦٩﴾

ہو گئے اور یہی لوگ گھاٹے میں پڑنے والے ہیں ﴿٦٩﴾

اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

کیا اُنہیں اُن لوگوں کی خبر نہیں پہونچی جو اُن سے پہلے گزرے

قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۛ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ

قومِ نوح اور عاد اور ثمود اور قومِ ابراہیم

وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ اَتَتْهُمْ

اور اصحابِ مدیَن اور اُلٹی ہوئی بستیوں کی ، اُن کے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ

پاس اُن کے رسول دلیلوں کے ساتھ آئے تو ایسا نہ تھا کہ

لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

اللہ اُن پر ظلم کرتا مگر وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے

يَظْلِمُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ

رہے ﴿٧٠﴾ اور مؤمن مرد اور مؤمن عورتیں

بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ وقف لازم

ایک دوسرے کے مدد گار ہیں ، وہ بھلائی کا

بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

حکم دیتے ہیں اور بُرائی سے روکتے ہیں

وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

اور نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں

وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ

اور اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں، یہی لوگ

سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا ، بے شک اللہ زبردست ہے،

حَكِيْمٌ ﴿٧١﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

حکمت والا ہے ﴿٧١﴾ مؤمن مَردوں اور مؤمن عورتوں سے اللہ کا وعدہ ہے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

ایسے باغات کا کہ اُن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی اُن میں وہ ہمیشہ

فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ

رہیں گے، اور وعدہ ہے پاکیزہ مکانوں کا ہمیشہ رہنے والے باغات میں،

وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

اور اللہ کی رضامندی کا جو سب سے بڑھ کر ہے، یہی بڑی

الْعَظِيْمُ ﴿٧٢﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ ع ٩ ٦ ١٥

کامیابی ہے ﴿٧٢﴾ اے پیارے نبی! کافروں اور منافقوں سے

وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ

جہاد کیجیے اور اُن پر کڑے بن جایئے، اور اُن کا ٹھکانہ جہنم ہے

جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿٧٣﴾ يَحْلِفُوْنَ

اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانہ ہے ﴿٧٣﴾ وہ اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ

بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ؕ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ

اُنہوں نے نہیں کہا؛ حالانکہ اُنہوں نے کفر کی بات کہی

وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا

اور وہ اسلام لانے کے بعد کافر ہوگئے اور اُنہوں نے وہ چاہا

لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ

جو اُنہیں حاصل نہ ہوسکا، اور یہ صرف اِس کا بدلہ تھا کہ

اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ

اُن کو اللہ اور اُس کے رسول نے اپنے فضل سے غنی کر دیا،

فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ

اگر وہ توبہ کریں تو یہ اُن کے حق میں بہتر ہے اور اگر وہ

يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا

منہ پھیر لیں تو اللہ اُن کو درد ناک عذاب دے گا

فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِى الْاَرْضِ

دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی، اور زمین میں اُن کا نہ کوئی

مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿٧٤﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ

حمایتی ہوگا اور نہ مددگار ﴿٧٤﴾ اور اُن میں وہ بھی ہیں جنہوں نے

عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ

اللہ سے عہد کیا کہ اگر اُس نے ہم کو اپنے فضل سے عطا کیا تو

لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٧٥﴾

ہم ضرور صدقہ کریں گے اور ہم نیک بن کر رہیں گے ﴿٧٥﴾

فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ

پھر جب اللہ نے اُن کو اپنے فضل سے عطا کیا تو وہ اُس میں کنجوسی کرنے

وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٧٦﴾ فَاَعْقَبَهُمْ

لگے اور برگشتہ ہو کر منہ پھیر لیا ﴿٧٦﴾ پس اللہ نے اُن کے دِلوں میں نفاق

نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ

بٹھا دیا اُس دن تک کے لیے جب کہ وہ اُس سے مِلیں گے اِس وجہ سے کہ

اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا

اُنہوں نے اللہ سے کیے ہوئے وعدے کی خلاف ورزی کی اور اِس وجہ سے

يَكْذِبُوْنَ ﴿٧٧﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

کہ وہ جھوٹ بولتے رہے ﴿٧٧﴾ کیا اُنہیں خبر نہیں کہ اللہ

يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ

اُن کے راز اور اُن کی سرگوشی کو جانتا ہے اور یہ کہ اللہ تمام

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿٧٨﴾ اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ

چھپی ہوئی باتوں کو جاننے والا ہے ﴿٧٨﴾ وہ لوگ جو طعن کرتے ہیں

الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ

اُن مسلمانوں پر جو دِل کھول کر صدقات دیتے ہیں اور اُن پر جو

وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ

صرف اپنی محنت مزدوری سے خرچ کرتے ہیں اُن کا مذاق اُڑاتے

فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ؕ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ز

ہیں ، اللہ اُن (مذاق اُڑانے والوں) کا مذاق اُڑاتا ہے

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٩﴾ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ

اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿٧٩﴾ آپ اُن کے لیے معافی

اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ

کی درخواست کریں یا نہ کریں ، اگر آپ ستّر مرتبہ بھی اُنہیں معاف

سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ

کرنے کی درخواست کرو گے تو اللہ اُن کو ہرگز معاف کرنے والا نہیں ،

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ

یہ اِس لیے کہ اُنہوں نے اللہ اور اُس کے رسول کا انکار کیا ،

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٨٠﴾ ع

اور اللہ نافرمانوں کو راہ نہیں دِکھاتا ﴿٨٠﴾

فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ

پیچھے رہ جانے والے اللہ کے رسول سے پیچھے بیٹھے رہنے

رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا

پر بہت خوش ہوئے اور اُنہوں نے ناپسند کیا کہ

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

وہ اپنے مال اور جان سے اللہ کی راہ میں جہاد کریں

وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ؕ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ

اور اُنہوں نے کہا کہ گرمی میں نہ نکلو، آپ کہہ دیجیے کہ دوزخ

اَشَدُّ حَرًّا ؕ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿٨١﴾

کی آگ اِس سے زیادہ گرم ہے، کاش اُنہیں سمجھ ہوتی ﴿٨١﴾

فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ

پس وہ کم ہنسیں اور زیادہ روئیں

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٢﴾

اُس کے بدلے میں جو وہ کرتے تھے ﴿٨٢﴾

فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ

پس اگر اللہ آپ کو اُن میں سے کسی گروہ کی طرف واپس

مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ

لائے اور وہ آپ سے جہاد کے لیے نکلنے کی اجازت مانگیں

لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا

تو کہہ دیجیے کہ تم میرے ساتھ کبھی نہیں چلو گے اور نہ

مَعِيَ عَدُوًّا ؕ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ

میرے ساتھ ہو کر کسی دشمن سے لڑو گے، تم نے پہلی بار بھی

بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ

بیٹھے رہنے کو پسند کیا تھا پس پیچھے رہنے والوں کے ساتھ

الْخٰلِفِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ

بیٹھے رہو ﴿٨٣﴾ اور اُن میں سے جو کوئی مر جائے

مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ

اُس پر آپ کبھی نماز نہ پڑھیں اور نہ اُس کی قبر پر کھڑے

عَلٰى قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ

رہیں ، بے شک اُنہوں نے اللہ اور اُس کے رسول کا انکار

وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٨٤﴾

کیا اور وہ اِس حال میں مَرے کہ وہ نافرمان تھے ﴿٨٤﴾

وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ؕ

اور اُن کے مال اور اُن کی اولاد آپ کو تعجّب میں نہ ڈالیں ،

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا

اللہ تو بس یہ چاہتا ہے کہ اِن کے ذریعے سے اُن کو دنیا

فِى الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ

میں عذاب دے اور اُن کی جانیں اِس حال میں نکلیں

كٰفِرُوْنَ ﴿٨٥﴾ وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ

کہ وہ منکر ہوں ﴿٨٥﴾ اور جب کوئی سورت اُترتی ہے کہ

اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ

اللہ پر ایمان لاؤ اور اُس کے رسول کے ساتھ جہاد کرو تو اُن میں کے

اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا

خوش حال لوگ آپ سے رُخصت مانگتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم کو چھوڑ

ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿٨٦﴾ رَضُوْا

دیجیے کہ ہم یہاں ٹھہرنے والوں کے ساتھ رہ جائیں ﴿٨٦﴾ اُنہوں نے

بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ

اِس کو پسند کیا کہ پیچھے رہنے والی عورتوں کے ساتھ رہ جائیں،

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿٨٧﴾

اور اُن کے دِلوں پر مہر کردی گئی پس وہ کچھ نہیں سمجھتے ﴿٨٧﴾

لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

لیکن رسول اور جو لوگ اُس کے ساتھ ایمان لائے

جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ

ہیں اُنہوں نے اپنے مال اور جان سے جہاد کیا،

وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۚ وَاُولٰٓئِكَ

اور اُنہیں کے لیے ہیں خوبیاں اور وہی

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٨٨﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ

فلاح پانے والے ہیں ﴿٨٨﴾ اُن کے لیے اللہ نے ایسے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

باغات تیّار کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ

ہیں ، اُن میں وہ ہمیشہ رہیں گے، یہی بڑی کامیابی

الْعَظِيْمُ ﴿٨٩﴾ ع وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ ع ١١ ٩ ١٧

ہے ﴿٨٩﴾ اور دیہاتیوں میں سے بھی بہانہ کرنے والے

مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ

آئے کہ اُنہیں اجازت مِل جائے اور جنہوں نے

الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ

اللہ اور اُس کے رسول سے جھوٹ بولا وہ بیٹھے رہے ،

سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ

اُن میں سے جنہوں نے انکار کیا اُن کو ایک دردناک

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٩٠﴾ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ

عذاب پکڑے گا ﴿٩٠﴾ کوئی گناہ نہیں ہے کمزوروں پر

وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ

اور نہ بیماروں پر اور نہ اُن پر جو خرچ کرنے کو

لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا

کچھ نہیں پاتے جب کہ وہ اللہ اور

نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى

اُس کے رسول کے ساتھ خیر خواہی کریں ،

الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ

نیکی کرنے والوں پر کوئی الزام نہیں ، اور اللہ بخشنے والا ،

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩١﴾ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا

مہربان ہے ﴿٩١﴾ اور نہ اُن لوگوں پر کوئی الزام ہے کہ جب

مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ

آپ کے پاس آئے کہ آپ اُن کو سواری دے دیں، آپ نے کہا کہ میرے

مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ص تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ

پاس کوئی چیز نہیں کہ تم کو اُس پر سوار کروں تو وہ اِس حال میں واپس

تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا

ہوئے کہ اُن کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے اِس غم میں کہ اُنہیں کچھ

مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿٩٢﴾ ط اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى

مُیسّر نہیں جو وہ خرچ کریں ﴿٩٢﴾ الزام تو بس اُن لوگوں پر ہے جو آپ

الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ج

سے اجازت مانگتے ہیں ؛ حالانکہ وہ مال دار ہیں ، وہ اِس پر

رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ لا وَطَبَعَ

راضی ہو گئے کہ پیچھے رہنے والی عورتوں کے ساتھ رہ جائیں، اور

اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٩٣﴾

اللہ نے اُن کے دِلوں پر مہر کردی پس وہ نہیں جانتے ﴿٩٣﴾

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ

تم جب اُن کی طرف پلٹو گے تو وہ تمہارے سامنے اعذار پیش

اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ

کریں گے، کہہ دیجیے کہ بہانے نہ بناؤ، ہم ہرگز تمہاری بات نہ

لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ

مانیں گے، بے شک اللہ نے ہم کو تمہارے حالات بتا دیے ہیں،

وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ

اب اللہ اور اُس کا رسول تمہارے عمل کو دیکھیں گے پھر

تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

تم اُس کی طرف لوٹائے جاؤ گے جو کُھلے اور چُھپے کا جاننے والا

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٤﴾

ہے، پس وہ تم کو بتا دے گا جو کچھ تم کر رہے تھے ﴿٩٤﴾

سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ

یہ لوگ تمہاری واپسی پر تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھائیں گے

اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا

تاکہ تم اُن سے درگزر کرو ، پس تم اُن سے درگزر

عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ۙ وَّمَاْوٰىهُمْ

کرو ، بے شک وہ ناپاک ہیں اور اُن کا ٹھکانہ

جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٥﴾

جہنم ہے بدلے میں اُس کے جو وہ کرتے رہے ہیں ﴿٩٥﴾

يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ

وہ تمہارے سامنے قسمیں کھائیں گے کہ تم اُن سے راضی ہو جاؤ،

تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ

اگر تم اُن سے راضی بھی ہو جاؤ تو اللہ نافرمان لوگوں سے

الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٩٦﴾ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ

راضی ہونے والا نہیں ﴿٩٦﴾ دیہات والے کفر و نفاق میں زیادہ سخت

كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا

ہیں اور اِسی لائق ہیں کہ اللہ نے اپنے رسول پر

حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ

جو کچھ اُتارا ہے اُس کے حدود سے بے خبر رہیں، اور اللہ سب کچھ

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٩٧﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ

جاننے والا، حکمت والا ہے ﴿٩٧﴾ اور اُن دیہاتیوں میں سے بعض

مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ

ایسے ہیں کہ جو کچھ خرچ کرتے ہیں اُس کو جُرمانہ سمجھتے ہیں اور تم

بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ

مسلمانوں کے واسطے بُرے وقت کے منتظر رہتے ہیں، بُرا وقت اُن ہی

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٩٨﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ

پر پڑنے والا ہے اور اللہ سُننے والا، جاننے والا ہے ﴿٩٨﴾ اور دیہاتیوں

مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ

میں سے کچھ وہ بھی ہیں جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں

مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ

اور جو کچھ خرچ کرتے ہیں اُس کو اللہ کے یہاں قُرب کا اور رسول کی

الرَّسُوْلِ ؕ اَلَاۤ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ

دعائیں لینے کا ذریعہ بناتے ہیں، ہاں بے شک وہ اُن کے لیے قُرب

سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

کا ذریعہ ہے، اللہ اُن کو اپنی رحمت میں داخل کرے گا، یقیناً اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩٩﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ ع ١٠ ١٢

بخشنے والا، مہربان ہے ﴿٩٩﴾ اور جو لوگ پہل کرنے والے اور مُقدّم ہیں

مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ

مہاجرین وانصار میں سے اور جنہوں نے خوبی کے ساتھ اُن کی

اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ

پیروی کی اللہ اُن سے راضی ہوا اور وہ اُس سے راضی ہوئے

عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ

اور اللہ نے اُن کے لیے ایسے باغات تیار کر رکھے ہیں

تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ

جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے،

اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٠٠﴾ وَمِمَّنْ

یہی بڑی کامیابی ہے ﴿١٠٠﴾ اور تمہارے

حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛؕ مع

آس پاس جو دیہاتی ہیں اُن میں منافق ہیں ،

وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛؔ مَرَدُوْا عَلَى وقف منزل

اور مدینہ والوں میں بھی (منافق ہیں) ، وہ نفاق پر

النِّفَاقِ قف لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ

جم گئے ہیں ، تم اُن کو نہیں جانتے لیکن ہم اُن کو جانتے ہیں ،

سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى

ہم اُن کو دوہرا عذاب دیں گے پھر وہ ایک بڑے عذاب کی طرف

عَذَابٍ عَظِيْمٍ ﴿١٠١﴾ ۚ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا

بھیجے جائیں گے ﴿١٠١﴾ کچھ اور لوگ ہیں جنہوں نے اپنے قصوروں کا اعتراف

بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ

کرلیا ہے ، اُنہوں نے ملے جُلے عمل کیے تھے ، کچھ بھلے اور کچھ بُرے ،

سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ

امید ہے کہ اللہ اُن پر توجّہ کرے ،

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠٢﴾ خُذْ مِنْ

بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے ﴿١٠٢﴾ آپ اُن کے مالوں میں سے

اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ

صدقہ لیجیے جس سے آپ اُن کو پاک کروگے اور اُس کے ذریعے اُن کا تزکیہ

بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ

کروگے، اور آپ اُن کے لیے دعا کیجیے بے شک آپ کی دعا اُن کے

سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿١٠٣﴾

لیے تسکین کا سبب ہوگی، اور اللہ سب کچھ سُننے والا، جاننے والا ہے ﴿١٠٣﴾

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ

کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ

عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ

قبول کرتا ہے اور وہی صدقات کو قبول کرتا ہے ، اور

اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١٠٤﴾ وَقُلِ

اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہے ﴿١٠٤﴾ کہہ دیجیے کہ

اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ

عمل کرو، اللہ اور اُس کا رسول اور اہلِ ایمان تمہارے عمل کو

وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ

دیکھیں گے، اور تم جلد اُس کے پاس لوٹائے جاؤ گے جو تمام کُھلے

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا

اور چُھپے کو جانتا ہے پس وہ تم کو بتا دے گا جو کچھ تم

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٠٥﴾ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ

کر رہے تھے ﴿١٠٥﴾ کچھ دوسرے لوگ ہیں جن کا معاملہ ابھی

لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ

اللہ کا حکم آنے تک ٹھہرا ہوا ہے، یا وہ اُن کو سزا دے گا یا اُن کی

عَلَيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٠٦﴾

توبہ قبول کرے گا، اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے ﴿١٠٦﴾

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا

اور کچھ لوگ وہ ہیں جنہوں نے ایک مسجد اِس کام کے لیے بنائی ہے کہ

وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا ۢ بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

(مسلمانوں کو) نقصان پہونچائیں اور کافرانہ باتیں کریں، مؤمنوں میں

وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

پھوٹ ڈالیں اور اُس شخص کو ایک اڈّہ فراہم کریں جس کی پہلے سے اللہ اور

مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَآ

اُس کے رسول کے ساتھ جنگ ہے، اور یہ قسمیں ضرور کھالیں گے کہ بھلائی

اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ

کے سوا ہماری کوئی اور نیّت نہیں ہے، لیکن اللہ اِس بات کی گواہی دیتا ہے

لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٠٧﴾ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ

کہ وہ پکّے جھوٹے ہیں ﴿١٠٧﴾ آپ اُس عمارت میں کبھی کھڑے نہ ہونا،

لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ

البتہ جس مسجد کی بنیاد پہلے دن سے تقوے پر پڑی ہے

اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ
وہ اِس لائق ہے کہ آپ اُس میں کھڑے ہوں،

فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ
اُس میں ایسے لوگ ہیں جو خوب پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿١٠٨﴾ اَفَمَنْ
اور اللہ خوب پاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے ﴿١٠٨﴾ کیا وہ شخص بہتر

اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ
ہے جس نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ سے ڈر اور اللہ کی خوشنودی پر

وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ
رکھی یا وہ شخص بہتر ہے جس نے اپنی عمارت کی بنیاد ایک کھائی کے

عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ
کنارے پر رکھی جو گرنے کو ہے پھر وہ عمارت اُس کو لے

جَهَنَّمَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
کر جہنم کی آگ میں گر پڑی ، اور اللہ ظالم لوگوں کو

الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ

راہ نہیں دِکھاتا ﴿١٠٩﴾ اور یہ عمارت جو اُنہوں نے بنائی

الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّآ

ہمیشہ اُن کے دِلوں میں شک کی بنیاد بنی رہے گی سوائے

اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

اِس کے کہ اُن کے دل ہی ٹکڑے ہو جائیں، اور اللہ جاننے والا،

حَكِيْمٌ ﴿١١٠﴾ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ ع ١٣ ١١ ٢

حکمت والا ہے ﴿١١٠﴾ بے شک اللہ نے

الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ

مؤمنوں سے اُن کی جان اور اُن کے مال کو

بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ

خرید لیا ہے جنّت کے بدلے ، وہ اللہ کی راہ

سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۟ قف

میں لڑتے ہیں پھر مارتے ہیں اور مارے جاتے ہیں ،

وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ

یہ اللہ کے ذِمّے ایک سچّا وعدہ ہے تورات میں اور انجیل میں

وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ

اور قرآن میں ، اور اللہ سے بڑھ کر اپنے وعدے کو

اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ

پورا کرنے والا کون ہے، پس تم خوشیاں مناؤ اُس معاملے پر

بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

جو تم نے اللہ سے کیا ہے ، اور یہی سب سے بڑی

الْعَظِيْمُ ﴿١١١﴾ اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ

کامیابی ہے ﴿١١١﴾ وہ توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں،

الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ

حمد کرنے والے ہیں، اللہ کی راہ میں پھرنے والے ہیں، رکوع کرنے

السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

والے ہیں، سجدہ کرنے والے ہیں، بھلائی کا حکم کرنے والے ہیں،

وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ

بُرائی سے روکنے والے ہیں ، اللہ کی حدوں کا خیال

لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١٢﴾

رکھنے والے ہیں ، اور مؤمنوں کو خوش خبری دے دیجیے ﴿١١٢﴾

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ

نبی کے لیے اور اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں مناسب

يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ

نہیں کہ مُشرکوں کے لیے مغفرت کی دعا کریں ، چاہے وہ اُن کے

قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ

رشتے دار ہی ہوں جب کہ اُن پر کُھل چکا کہ یہ جہنم میں

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿١١٣﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ

جانے والے لوگ ہیں ﴿١١٣﴾ اور ابراہیم (علیہ السلام) کا اپنے والد کے لیے مغفرت

اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ

کی دعا مانگنا صرف اُس وعدہ کی وجہ سے تھا جو اُنہوں نے اُس سے کر لیا تھا ،

اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ

پھر جب اُن پر کُھل گیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اُس سے

تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ

بے تعلّق ہو گئے ، بے شک ابراہیم بڑے نرم دل ،

حَلِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًاۢ

بردبار تھے ﴿۱۱۴﴾ اور اللہ کسی قوم کو اُس کو ہدایت دینے کے بعد

بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ

گمراہ نہیں کرتا جب تک اُن کو صاف صاف وہ چیزیں نہ بتا

مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ

دے جن سے اُنہیں بچنا ہے ، بے شک اللہ ہر چیز کا

عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

علم رکھتا ہے ﴿۱۱۵﴾ بے شک اللہ ہی کی سلطنت ہے آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ ؕ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ وَمَا لَكُمْ

اور زمین میں ، وہی زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے ، اور اللہ کے سوا

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿١١٦﴾

نہ تمہارا کوئی دوست ہے اور نہ کوئی مددگار ﴿١١٦﴾

لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ

بے شک اللہ نے نبی پر اور مہاجرین و انصار پر

وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ

توجّہ فرمائی جنہوں نے تنگی کے وقت میں نبی کا ساتھ دیا،

الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ

بعد اِس کے کہ اُن میں سے کچھ لوگوں کے دِل کجی کی

قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ

طرف مائل ہو چکے تھے، پھر اللہ نے اُن پر توجّہ فرمائی،

عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٧﴾

بے شک اللہ اُن پر مہربان ہے، رحم کرنے والا ہے ﴿١١٧﴾

وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰۤى

اور اُن تین شخصوں کے حال پر بھی جن کا معاملہ مُلتوی چھوڑ دیا گیا تھا، یہاں

اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا

تک کہ جب زمین باوجود اپنی وسعت کے اُن پر تنگ ہونے لگی اور وہ

رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ

خود اپنی جان سے تنگ آ گئے اور اُنہوں نے سمجھ لیا کہ اللہ سے کہیں پناہ

وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ

نہیں مِل سکتی سوائے اِس کے کہ اُسی کی طرف رجوع کیا جائے، پھر

اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ؕ

اللہ نے اُن کے حال پر توجّہ فرمائی تا کہ وہ آئندہ بھی توبہ کر سکیں،

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١١٨﴾ ع ١٤ ع ٨ ٣

بے شک اللہ بہت توبہ قبول کرنے والا بڑا رحم کرنے والا ہے ﴿١١٨﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ

اے ایمان والو ! اللہ سے ڈرو

وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿١١٩﴾ مَا كَانَ

اور سچّے لوگوں کے ساتھ رہو ﴿١١٩﴾ مناسب نہیں تھا

لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ

مدینہ والوں اور اطراف کے دیہاتیوں کے لیے کہ

الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ

وہ اللہ کے رسول کو چھوڑ کر پیچھے بیٹھے رہیں

اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ

اور نہ یہ کہ اپنی جانوں کو اُن کی جان سے عزیز

نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ

رکھیں ، یہ اِس لیے کہ جو پیاس اور تھکان

وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ

اور بھوک بھی اُن کو اللہ کی راہ میں لاحق ہوتی ہے

اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ

اور جو قدم بھی وہ کافروں کو رنج پہونچانے والا اُٹھاتے ہیں

وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ

اور جو چیز بھی وہ دشمن سے چھینتے ہیں اُن کے بدلے میں

لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اُن کے لیے ایک نیکی لکھ دی جاتی ہے، بے شک اللہ

لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٢٠﴾

نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا ﴿١٢٠﴾

وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً

اور جو چھوٹا یا بڑا خرچ اُنہوں نے کیا اور جو میدان

وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ

اُنہوں نے طے کیے وہ سب اُن کے لیے لکھا گیا ؛

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا

تاکہ اللہ اُن کے عمل کا اچھے سے اچھا بدلہ

يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢١﴾ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ

دے ﴿١٢١﴾ اور یہ ممکن نہ تھا کہ اہلِ ایمان سب کے سب

لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ

نکل کھڑے ہوں ، تو ایسا کیوں نہ ہوا کہ اُن کے ہر گروہ

فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا

میں سے ایک حصّہ نکل کر آتا ؛ تاکہ وہ دین میں سمجھ پیدا

فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا

کرتا اور واپس جا کر اپنی قوم کے لوگوں کو آگاہ

رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿١٢٢﴾ ع ١٥ ع ٤

کرتا ؛ تاکہ وہ بھی پرہیز کرنے والے بنتے ﴿١٢٢﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ

اے ایمان والو ! اُن کافروں سے جنگ کرو

يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا

جو تمہارے آس پاس ہیں اور چاہیے کہ وہ تمہارے

فِيْكُمْ غِلْظَةً ط وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ

اندر سختی پائیں ، اور جان لو کہ اللہ ڈرنے والوں کے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿١٢٣﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ ع ١١

ساتھ ہے ﴿١٢٣﴾ اور جب کوئی سورت اُترتی ہے

فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ

تو اُن میں سے بعض کہتے ہیں کہ اِس نے تم میں سے کس کا

اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ

ایمان بڑھا دیا ہے؟ پس جو ایمان والے ہیں اُن کا اِس نے

اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿١٢٤﴾ وَاَمَّا

ایمان بڑھا دیا ہے اور وہ خوش ہو رہے ہیں ﴿١٢٤﴾ اور جن

الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ

لوگوں کے دِلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے تو اُس نے

رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ

بڑھا دی اُن کی گندگی پر گندگی اور وہ مرنے تک

كٰفِرُوْنَ ﴿١٢٥﴾ اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ

کافر ہی رہے ﴿١٢٥﴾ کیا یہ لوگ دیکھتے نہیں کہ وہ ہر سال

فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ

ایک بار یا دو بار آزمائش میں ڈالے جاتے ہیں

لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿١٢٦﴾ وَاِذَا

پھر بھی نہ توبہ کرتے ہیں اور نہ سبق حاصل کرتے ہیں ﴿١٢٦﴾ اور

مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى

جب کوئی سورت اُتاری جاتی ہے تو یہ لوگ آپس میں ایک

بَعْضٍ ؕ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ

دوسرے کو دیکھتے ہیں کہ کوئی دیکھتا تو نہیں، پھر چل دیتے ہیں،

انْصَرَفُوْا ؕ صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ

اللہ نے اُن کے دِلوں کو پھیر دیا اِس وجہ سے کہ یہ سمجھ سے کام

قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿١٢٧﴾ لَقَدْ جَآءَكُمْ

لینے والے لوگ نہیں ہیں ﴿١٢٧﴾ تمہارے پاس ایک رسول آیا ہے

رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ

جو خود تم ہی میں سے ہے، تمہارا نقصان میں پڑنا اُس پر بھاری

مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

ہے، وہ تمہاری بھلائی کا حریص ہے، ایمان والوں پر

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٢٨﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ

نہایت شفقت کرنے والا، مہربان ہے ﴿١٢٨﴾ پھر بھی اگر وہ منہ پھیر

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ

لیں تو کہہ دیجیے کہ اللہ میرے لیے کافی ہے، اُس کے سوا کوئی معبود

تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾ ع

نہیں، اُسی پر میں نے بھروسہ کیا اور وہی عرشِ عظیم کا مالک ہے ﴿١٢٩﴾

ع ١٦ / ٧ / ٥

(سورۂ یونس مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر چند آیتیں (۴۰، ۹۴ تا ۹۶) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہیں، اس میں (۱۰۹) آیتیں اور (۱۱) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۵۱) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۰) نمبر پر ہے اور سورۂ اسراء کے بعد نازل ہوئی)

اس میں (۱۸۳۲) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۹۰۹۹) حروف ہیں

الٓرٰ ۚ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿١﴾

الٓرٰ، یہ حکمت سے بھری کتاب کی آیتیں ہیں ﴿١﴾

اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى

کیا لوگوں کو اِس پر حیرت ہے کہ ہم نے اُنہیں میں سے ایک

رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ

شخص پر وحی کی کہ لوگوں کو ڈراؤ اور جو ایمان لائیں اُن کو

وَقْفُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ
خوش خبری سُنا دو کہ اُن کے لیے اُن کے
عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ
رب کے پاس سچا مرتبہ ہے، مُنکِروں نے کہا کہ یہ شخص
هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۝۲ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ
تو کُھلا جادوگر ہے ۝۲ بے شک تمہارا رب اللہ ہے
الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ
جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں
سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ
(ادوار) میں پیدا کیا پھر وہ عرش پر قائم ہوا ،
يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا
وہی معاملات کا انتظام کرتا ہے ، اُس کی اجازت کے
مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ
بغیر کوئی سفارش کرنے والا نہیں ، وہی اللہ تمہارا رب ہے

فَاعْبُدُوْهُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٣﴾ اِلَيْهِ

پس تم اُسی کی عبادت کرو ، کیا تم سوچتے نہیں ﴿٣﴾ اُسی

مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ

کی طرف تم سب کو لوٹ کر جانا ہے ، یہ اللہ کا پکّا وعدہ ہے ،

اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ

بے شک وہ پیدائش کی ابتدا کرتا ہے پھر وہ دوبارہ پیدا کرے گا ؛

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

تا کہ جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک کام کیے اُن کو

بِالْقِسْطِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ

انصاف کے ساتھ بدلہ دے ، اور جنہوں نے انکار کیا اُن کے

مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا

انکار کے بدلے اُن کے لیے کھولتا ہوا پانی اور دردناک

يَكْفُرُوْنَ ﴿٤﴾ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ

عذاب ہے ﴿٤﴾ اور اللہ وہی ہے جس نے سورج کو

ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ

سراپا روشنی بنایا اور چاند کو سراپا نور اور اُس کے (سفر کے) لیے منزلیں

لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ

مُقرّر کر دیں؛ تاکہ تم برسوں کی گنتی اور (مہینوں کا) حساب معلوم کر سکو،

مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ

اللہ نے یہ سب کچھ بغیر کسی صحیح مقصد کے پیدا نہیں کر دیا، وہ یہ نشانیاں

الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝٥ اِنَّ فِي

کھول کھول کر بیان کرتا ہے اُن کے لیے جو سمجھ رکھتے ہیں ۝٥ یقیناً

اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ

رات اور دن کے اُلٹ پھیر میں اور اللہ نے جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

آسمانوں اور زمین میں پیدا کیا ہے اُن میں اُن لوگوں کے لیے

يَّتَّقُوْنَ ۝٦ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ

نشانیاں ہیں جو ڈرتے ہیں ۝٦ بے شک جو لوگ ہماری ملاقات کی

لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اُمید نہیں رکھتے اور دنیا کی زندگی پر راضی

وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا

اور مطمئن ہیں اور جو ہماری نشانیوں سے

غٰفِلُوْنَ ۙ﴿۷﴾ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا

بے پروا ہیں ﴿۷﴾ اُن کا ٹھکانہ جہنم ہوگا اُس وجہ سے جو

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وہ کرتے تھے ﴿۸﴾ بے شک جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ

اور نیک کام کیے ، اللہ اُن کے ایمان کی بدولت

بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ

اُن کو اُن کے مقصد تک پہونچا دے گا ، اُن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۹﴾ دَعْوٰىهُمْ

نہریں بہتی ہوں گی نعمت کے باغوں میں ﴿۹﴾ اُن کے منہ سے

فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ
یہ بات نکلے گی: ''سبحان اللہ'' اور اُن کا آپس میں سلام

فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ
یہ ہوگا: ''السلام علیکم'' اور اُن کی آخری بات یہ ہوگی کہ تمام تعریفیں

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠﴾ وَلَوْ ع ١٠ ٦
اللہ کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا رب ہے ﴿١٠﴾ اور اگر اللہ لوگوں

يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ
کے لیے عذاب اُسی طرح جلد پہونچا دے جس طرح وہ اُن کے ساتھ

بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ؕ فَنَذَرُ
رحمت میں جلدی کرتا ہے تو اُن کی مُدّت ختم کر دی گئی ہوتی، لیکن ہم اُن

الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ
لوگوں کو جو ہماری ملاقات کی اُمید نہیں رکھتے اُن کی سرکشی میں بھٹکنے کے

يَعْمَهُوْنَ ﴿١١﴾ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ
لیے چھوڑ دیتے ہیں ﴿١١﴾ اور انسان کو جب کوئی تکلیف

الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآىِٕمًا ۚ

پہونچتی ہے تو وہ کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے ہم کو پکارتا ہے، پھر جب ہم

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ

اُس سے اُس کی تکلیف دور کر دیتے ہیں تو وہ ایسا ہو جاتا ہے گویا اُس

لَّمْ يَدْعُنَاۤ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ

نے کبھی اپنے کسی بُرے وقت پر ہم کو پکارا ہی نہ تھا، اِس طرح حد سے

زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲﴾

گُزر جانے والوں کے لیے اُن کے اعمال خوش نما بنا دیے گئے ہیں ﴿۱۲﴾

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

اور ہم نے تم سے پہلے قوموں کو ہلاک کیا جب کہ اُنہوں نے

لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

ظلم کیا ، اور اُن کے پیغمبر اُن کے پاس کُھلی دلیلوں کے

بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ

ساتھ آئے اور وہ ایمان لانے والے نہ بنے، ہم ایسا ہی

نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٣﴾ ثُمَّ

بدلہ دیتے ہیں مُجرم لوگوں کو ﴿١٣﴾ پھر

جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ

ہم نے اُن کے بعد تم کو ملک میں جانشین بنایا ؛

بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤﴾

تاکہ ہم دیکھیں کہ تم کیسا عمل کرتے ہو ﴿١٤﴾

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ

اور جب اُن کو ہماری کُھلی ہوئی آیتیں پڑھ کر سُنائی جاتی ہیں تو

قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ

جن لوگوں کو ہمارے پاس آنے کی اُمید نہیں ہے وہ کہتے ہیں

بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ

کہ اِس کے سِوا کوئی اور قرآن لاؤ یا اِس کو بدل دو، آپ کہہ

مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ

دیجیے کہ میرا یہ کام نہیں کہ میں اپنے جی سے اُس کو

نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى
بدل دوں، میں تو صرف اُس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو میرے

اِلَيَّ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ
پاس آتی ہے، اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥﴾ قُلْ لَّوْ شَآءَ
بڑے دِن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿١٥﴾ کہہ دیجیے کہ اگر

اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ
اللہ چاہتا تو میں اِس کو تمہیں نہ سناتا اور نہ اللہ اِس سے تمہیں

بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا
باخبر کرتا، میں اِس سے پہلے تمہارے درمیان ایک عمر بسر کر

مِّنْ قَبْلِهٖ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٦﴾ فَمَنْ
چکا ہوں، پھر کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے ﴿١٦﴾ اُس سے بڑھ

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا
کر ظالم اور کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے

اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ

یا اُس کی نشانیوں کو جُھٹلائے ، یقیناً مُجرموں کو کامیابی حاصل

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿١٧﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ

نہیں ہوتی ﴿١٧﴾ اور وہ اللہ کے سِوا ایسی چیزوں کی عبادت

اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ

کرتے ہیں جو اُن کو نہ نقصان پہونچا سکیں اور نہ نفع پہونچا سکیں ،

وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ

اور وہ کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے یہاں ہمارے سفارشی ہیں ،

قُلْ اَتُنَبِّـُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي

کہہ دیجیے کہ کیا تم اللہ کو ایسی چیز کی خبر دیتے ہو

السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَهٗ

جو اُس کو آسمانوں اور زمین میں معلوم نہیں ، وہ پاک

وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿١٨﴾ وَمَا كَانَ

اور برتر ہے اُس سے جس کو وہ شریک کرتے ہیں ﴿١٨﴾ اور لوگ

النَّاسُ اِلَّآ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ؕ

ایک ہی اُمّت تھے پھر اُنہوں نے اختلاف کیا، اور اگر آپ کے رب کی

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ

طرف سے ایک بات پہلے سے نہ ٹھہر چکی ہوتی تو اُن کے درمیان اُس

بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٩﴾

بات کا فیصلہ کر دیا جاتا جس میں وہ اختلاف کر رہے ہیں ﴿١٩﴾

وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ

اور وہ کہتے ہیں کہ نبی پر اُس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں

مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ

نہیں اُتاری گئی، کہہ دیں کہ غیب کی خبر تو اللہ ہی کو ہے، پس تم لوگ

فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿٢٠﴾ ع ٢ ١٠ ٧

انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں ﴿٢٠﴾

وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ

اور جب کوئی تکلیف پڑنے کے بعد ہم لوگوں کو اپنی رحمت کا

ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ

مزہ چکھاتے ہیں تو وہ فوراً ہماری نشانیوں کے معاملے میں بہانے بنانے

اٰيَاتِنَا ؕ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ؕ اِنَّ

لگتے ہیں، کہہ دیجیے کہ اللہ اپنی تدبیروں میں اُن سے بھی زیادہ تیز ہے،

رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿٢١﴾ هُوَ

یقیناً ہمارے فرشتے تمہاری بہانے بازیوں کو لکھ رہے ہیں ﴿٢١﴾ وہ

الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ

اللہ ہی ہے جو تم کو خشکی اور تری میں چلاتا ہے؛

حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ

چنانچہ جب تم کشتی میں ہوتے ہو اور کشتیاں لوگوں کو لے کر

بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا

مُوافق ہوا سے چل رہی ہوتی ہیں اور لوگ اُس سے خوش ہوتے

جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ

ہیں کہ یکا یک ایک تیز ہوا آتی ہے اور اُن پر ہر جانب سے

الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

موجیں اُٹھنے لگتی ہیں اور وہ گمان کر لیتے ہیں کہ ہم گھر

اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ

گئے، اُس وقت وہ اپنے دین کو اللہ ہی کے لیے خالص کر کے

لَهُ الدِّيْنَ ۚ لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ

اُس کو پکارنے لگتے ہیں کہ اگر آپ نے ہمیں اِس سے نجات

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿٢٢﴾ فَلَمَّآ

دے دی تو یقیناً ہم شکر گزار بندے بنیں گے ﴿٢٢﴾ پھر جب وہ

اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ

اُن کو نجات دے دیتا ہے تو وہ فوراً ہی زمین میں

بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا

ناحق سرکشی کرنے لگتے ہیں ، اے لوگو ! تمہاری

بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ

سرکشی تمہارے اپنے ہی خلاف ہے ، دنیا کی زندگی

الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ

کا نفع اُٹھا لو پھر تم کو ہماری طرف لوٹ کر آنا ہے پھر ہم

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٣﴾ اِنَّمَا مَثَلُ

بتا دیں گے جو کچھ تم کر رہے تھے ﴿٢٣﴾ دنیا کی زندگی کی مثال

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ

ایسی ہے جیسے پانی کہ ہم نے اُس کو آسمان سے برسایا تو

السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ

زمین کا سبزہ خوب نکلا جس کو آدمی کھاتے ہیں

مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ

اور جس کو جانور کھاتے ہیں ، یہاں تک کہ جب

اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ

زمین پوری رونق پر آگئی اور سنور اُٹھی اور زمین والوں

وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ

نے گمان کر لیا کہ اب یہ ہمارے قابو میں ہے

اَتٰىهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا

تو اچانک اُس پر ہمارا حکم رات کو یا دِن کو آ گیا پھر ہم نے اُس کو کاٹ کر

حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ؕ كَذٰلِكَ

ڈھیر کر دیا گویا کل یہاں کچھ تھا ہی نہیں، اِس طرح ہم نشانیاں کھول

نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢٤﴾

کر بیان کرتے ہیں اُن لوگوں کے لیے جو غور کرتے ہیں ﴿٢٤﴾

وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَيَهْدِيْ

اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بُلاتا ہے اور وہ جس

مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٢٥﴾

کو چاہتا ہے سیدھا راستہ دِکھا دیتا ہے ﴿٢٥﴾

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ؕ

جن لوگوں نے بھلائی کی اُن کے لیے بھلائی ہے اور اُس پر مزید

وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ؕ

بھی، اور اُن کے چہروں پر نہ سیاہی چھائے گی اور نہ ذِلّت،

أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا

یہی جنّت والے لوگ ہیں وہ اُس میں ہمیشہ

خٰلِدُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ

رہیں گے ﴿٢٦﴾ اور جنہوں نے بُرائیاں کمائیں تو بُرائی

جَزَآءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ

کا بدلہ اُس کے برابر ہے اور اُن پر رُسوائی چھائی ہوئی

ذِلَّةٌ ؕ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ

ہوگی ، کوئی اُن کو اللہ سے بچانے والا نہ ہوگا ، گویا کہ

كَأَنَّمَآ أُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ

اُن کے چہرے اندھیری رات کے ٹکڑوں سے ڈھانک

الَّيْلِ مُظْلِمًا ؕ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

دیے گئے ہیں ، یہی لوگ دوزخ والے ہیں وہ اُس میں

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٧﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ

وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٢٧﴾ اور جس دن ہم اُن سب کو جمع کریں گے

جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا

پھر ہم شرک کرنے والوں سے کہیں گے کہ ٹھہرو تم بھی اور

مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا

تمہارے بنائے ہوئے شریک بھی، پھر ہم اُن کے درمیان

بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ

تفریق کر دیں گے اور اُن کے شریک کہیں گے کہ تم ہماری

اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٢٨﴾ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا

عبادت تو نہیں کرتے تھے ﴿٢٨﴾ پس اللہ ہمارے اور تمہارے

بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ

درمیان گواہی کے لیے کافی ہے، ہم تمہاری عبادت سے بالکل

لَغٰفِلِيْنَ ﴿٢٩﴾ هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ

بے خبر تھے ﴿٢٩﴾ اُس وقت ہر شخص اپنے اُس عمل سے دو چار ہوگا

مَّآ اَسْلَفَتْ وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ

جو اُس نے کیا تھا اور لوگ اپنے حقیقی مالک اللہ کی طرف لوٹائے

الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٣٠﴾ ع

جائیں گے اور جو جھوٹ اُنہوں نے گھڑے تھے وہ سب اُن سے جاتے رہیں گے ﴿٣٠﴾

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ

کہہ دیجیے کہ کون تم کو آسمان اور

وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ

زمین سے روزی دیتا ہے یا کون ہے جو کان پر

وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ

اور آنکھوں پر اختیار رکھتا ہے اور کون بے جان میں سے

الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ

جاندار کو اور جاندار میں سے بے جان کو نکالتا ہے

وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ

اور کون معاملات کا انتظام کر رہا ہے، وہ کہیں گے کہ اللہ،

فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٣١﴾ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ

کہہ دیجیے کہ پھر کیا تم ڈرتے نہیں ﴿٣١﴾ پس وہی اللہ

رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ

تمہارا حقیقی پروردگار ہے ، حق کے بعد بھٹکنے کے

اِلَّا الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿٣٢﴾

سوا اور کیا ہے ؟ تم کِدھر پِھرے جاتے ہو ﴿٣٢﴾

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى

اِسی طرح آپ کے رب کی بات سرکشی کرنے والوں کے

الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٣﴾

حق میں پوری ہو چکی ہے کہ وہ ایمان نہ لائیں گے ﴿٣٣﴾

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا

کہہ دیں کہ کیا تمہارے ٹھہرائے ہوئے شریکوں میں کوئی ہے جو پہلی بار

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا

پیدا کرتا ہو پھر وہ دوبارہ بھی پیدا کرے؟ کہہ دیں کہ اللہ ہی پہلی بار پیدا

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٣٤﴾

کرتا ہے پھر وہی دوبارہ بھی پیدا کرے گا پھر تم کہاں بھٹکے جاتے ہو ﴿٣٤﴾

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ

کہہ دیں کہ کیا تمہارے شرکاء میں کوئی ہے جو حق کی طرف

اِلَى الْحَقِّ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ

رہنمائی کرتا ہو، کہہ دیں کہ اللہ ہی حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے،

اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ

پھر جو حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے وہ پیروی کیے جانے کا زیادہ

يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ

مستحق ہے یا وہ جس کو خود ہی راستہ نہ ملتا ہو بلکہ اُسے راستہ بتایا

فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَمَا يَتَّبِعُ

جائے، تم کو کیا ہو گیا ہے کہ تم کیسا فیصلہ کرتے ہو ﴿٣٥﴾ اُن میں سے

اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ

اکثر صرف گمان کی پیروی کر رہے ہیں ، اور گمان حق

مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ

بات میں کچھ بھی کام نہیں دیتا، بے شک اللہ کو خوب معلوم ہے

بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَمَا كَانَ هٰذَا

جو کچھ وہ کرتے ہیں ﴿٣٦﴾ اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ

الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اللہ کے سوا کوئی اُس کو بنا لے ؛ بلکہ یہ تصدیق ہے

وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ

اُن پیشین گوئیوں کی جو اِس سے پہلے موجود ہیں اور کتاب کی

وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ

تفصیل ہے، اِس میں کوئی شک نہیں کہ وہ تمام جہانوں کے

رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٧﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ

پروردگار کی طرف سے ہے ﴿٣٧﴾ کیا لوگ کہتے ہیں کہ اِس شخص

قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ

نے اُس کو گھڑا ہے، کہہ دیجیے کہ تم اُس کے مانند کوئی ایک ہی

اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

سورت لے آؤ اور اللہ کے سوا تم جس کو بُلا سکو بُلا لو، اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿٣٨﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا

سچے ہو ﴿٣٨﴾ بلکہ یہ لوگ اُس چیز کو جُھٹلا رہے ہیں جو اُن کے علم کے

بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ

اِحاطے میں نہیں آئی اور جس کی حقیقت ابھی اُن پر نہیں کُھلی، اِسی

كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ

طرح اُن لوگوں نے بھی جُھٹلایا جو اُن سے پہلے گزرے ہیں، پس

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٣٩﴾ وَمِنْهُمْ

دیکھو کہ ظالموں کا انجام کیا ہوا ﴿٣٩﴾ اور اُن میں سے وہ بھی ہیں جو

مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ

قرآن پر ایمان لے آئیں گے اور وہ بھی ہیں جو اُس پر ایمان نہیں

بِهٖ ؕ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿٤٠﴾ ع ١٠ ٤ ٩

لائیں گے، اور آپ کا رب فساد مچانے والوں کو خوب جانتا ہے ﴿٤٠﴾

وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ

اور اگر وہ آپ کو جُھٹلاتے ہیں تو کہہ دیجیے کہ میرا عمل میرے لیے ہے اور تمہارا عمل

عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ

تمہارے لیے، تم اُس سے بری ہو جو میں کرتا ہوں اور میں بھی

وَاَنَا۠ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٤١﴾ وَمِنْهُمْ

اُس سے بری ہوں جو تم کر رہے ہو ﴿٤١﴾ اور اُن میں بعض ایسے

مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ

بھی ہیں جو آپ کی طرف کان لگاتے ہیں، تو کیا آپ بہروں کو

الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٤٢﴾

سُناؤ گے جب کہ وہ سمجھ سے کام نہ لے رہے ہوں؟ ﴿٤٢﴾

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ

اور اُن میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو آپ کی طرف دیکھتے ہیں، تو

تَهْدِی الْعُمْیَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿٤٣﴾

کیا آپ اندھوں کو راستہ دِکھاؤ گے اگرچہ وہ دیکھ نہ رہے ہوں ﴿٤٣﴾

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْـًٔا وَّلٰكِنَّ

اللہ لوگوں پر کچھ بھی ظلم نہیں کرتا مگر

النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَيَوْمَ

لوگ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں ﴿٤٤﴾ اور جس دن

يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً

اللہ اُن کو جمع کرے گا ، گویا کہ وہ بس دن کی گھڑی

مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ؕ

دنیا میں تھے ، وہ ایک دوسرے کو پہچانیں گے ،

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ

بے شک سخت گھاٹے میں رہے وہ لوگ جنہوں نے اللہ سے ملنے کو جھٹلایا

وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ

اور وہ راہِ راست پر نہ آئے ﴿٤٥﴾ ہم تم کو اُس کا کوئی حصّہ دِکھا دیں

بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ

جس کا ہم اُن سے وعدہ کر رہے ہیں یا تمہیں وفات دے دیں

فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى

بہرحال اُن کو ہماری ہی طرف لوٹنا ہے ، پھر اللہ گواہ ہے

مَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ

اُس پر جو کچھ وہ کر رہے ہیں ﴿٤٦﴾ اور ہر اُمّت کے لیے ایک رسول

فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ

ہے، پھر جب اُن کا رسول آ جاتا ہے تو اُن کے درمیان انصاف کے

بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ

ساتھ فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور اُن پر کوئی ظلم نہیں ہوتا ﴿٤٧﴾ اور وہ کہتے

مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٨﴾

ہیں کہ یہ وعدہ کب پورا ہوگا اگر تم سچّے ہو ﴿٤٨﴾

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا

کہہ دیجیے کہ میں اپنے واسطے بھی بُرے اور بھلے کا مالک نہیں

اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ؕ

مگر جو اللہ چاہے، ہر اُمّت کے لیے ایک وقت ہے،

اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ

جب اُن کا وقت آ جاتا ہے تو پھر نہ وہ ایک گھڑی پیچھے

سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٤٩﴾ قُلْ

ہوتے ہیں اور نہ آگے ﴿٤٩﴾ کہہ دیں کہ

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا

بتاؤ اگر اللہ کا عذاب تم پر رات کو آ پڑے

اَوْ نَهَارًا مَّا ذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ

یا دن کو آ جائے تو مجرم لوگ اُس سے پہلے کیا

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٥٠﴾ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ

کرلیں گے ﴿٥٠﴾ کیا جب وہ عذاب آ ہی پڑے گا تب اُسے مانو گے؟

اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ

(اُس وقت تو تم سے یہ کہا جائے گا کہ) اب مانے؟ حالانکہ تم ہی

تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٥١﴾ ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ

(اِس کا انکار کرکے) اُس کی جلدی مچایا کرتے تھے ﴿٥١﴾ پھر ظالموں سے

ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ

کہا جائے گا کہ اب ہمیشہ کا عذاب چکھو، یہ

تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٥٢﴾

اُسی کا بدلہ مِل رہا ہے جو کچھ تم کماتے تھے ﴿٥٢﴾

وَقْفُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وآله وسلم

وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ

اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں کہ کیا یہ بات سچ ہے، کہہ دیجیے کہ

ع ١٣ ١٠ ٥ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؕ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿٥٣﴾

ہاں میرے رب کی قَسم! یہ سچ ہے اور تم اُس کو تھکا نہ سکو گے ﴿٥٣﴾

وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي

اور اگر ہر ظالم کے پاس وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے تو وہ اُس

الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا

کو فِدیے میں دے دینا چاہے گا، اور جب وہ عذاب کو دیکھیں گے

النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِيَ

تو اپنے دِل میں پچھتائیں گے، اور اُن کے درمیان

بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٥٤﴾

انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور اُن پر ظلم نہ ہوگا ﴿٥٤﴾

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

یاد رکھو! جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ کا ہے،

اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

یاد رکھو ! اللہ کا وعدہ سچّا ہے مگر اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ

نہیں جانتے ﴿۵۵﴾ وہی زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے اور اُسی کی

وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ

طرف تم لوٹائے جاؤ گے ﴿۵۶﴾ اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے

قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

رب کی جانب سے نصیحت آ گئی اور اُس کے لیے

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ۬ وَهُدًى

شفاء جو سینوں میں ہوتی ہے، اور اہلِ ایمان کے لیے

وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ

ہدایت اور رحمت ﴿۵۷﴾ آپ کہہ دیجیے کہ بس

اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ

لوگوں کو اللہ کے اِس انعام اور رحمت پر خوش ہونا چاہیے، وہ اُس

هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ

سے بہت زیادہ بہتر ہے جس کو وہ جمع کر رہے ہیں ﴿۵۸﴾ کہہ دیں

مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ

کہ یہ بتاؤ کہ اللہ نے تمہارے لیے جو رزق اُتارا پھر تم نے اُس

مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ

میں سے کچھ کو حرام ٹھہرایا اور کچھ کو حلال، کہہ دیں کہ کیا اللہ نے تم

لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَا

کو اِس کا حکم دیا ہے یا تم اللہ پر جھوٹ لگا رہے ہو؟ ﴿۵۹﴾ اور

ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ

قیامت کے دن کے بارے میں اُن لوگوں کا کیا خیال ہے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى

جو اللہ پر جھوٹ لگا رہے ہیں، بے شک اللہ لوگوں پر بڑا فضل

النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٦٠﴾ ع ٦ ١١

فرمانے والا ہے مگر اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتے ﴿٦٠﴾

وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ

اور تم جس حال میں بھی ہو اور قرآن میں سے جو حصّہ بھی

مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ

سُنا رہے ہو اور تم لوگ جو کام بھی کرتے ہو ہم تمہارے

اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ

اوپر گواہ رہتے ہیں جس وقت تم اُس میں مشغول رہتے

فِيْهِ ط وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ

ہو ، اور آپ کے رب سے ذرّہ برابر بھی کوئی

مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ

چیز غائب نہیں ، نہ زمین میں اور نہ آسمان میں

وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا

اور نہ اُس سے چھوٹی اور نہ بڑی ، مگر

فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٦١﴾ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ

وہ ایک واضح کتاب میں (محفوظ) ہے ﴿٦١﴾ سُن لو! اللہ کے

لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾

دوستوں کے لیے نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿٦٢﴾

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾

یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور ڈرتے رہے ﴿٦٣﴾

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اُن کے لیے خوش خبری ہے دنیا کی زندگی میں

وَفِي الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ

اور آخرت میں بھی ، اللہ کی باتوں میں کوئی

اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٤﴾

تبدیلی نہیں ، یہی بڑی کامیابی ہے ﴿٦٤﴾

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ

اور آپ کو اُن کی بات غم میں نہ ڈالے، بے شک سارا زور

وقف لازم

لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦٥﴾

اللہ ہی کے لیے ہے ، وہ سُننے والا ، جاننے والا ہے ﴿٦٥﴾

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي

سُن لو ! جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں سب

الْاَرْضِ ؕ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

اللہ ہی کے ہیں، اور جو لوگ اللہ کے سوا شریکوں کو پکارتے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ

ہیں وہ کس چیز کی پیروی کر رہے ہیں ، وہ صرف گمان کی

اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿٦٦﴾

پیروی کر رہے ہیں اور وہ محض اندازے لگا رہے ہیں ﴿٦٦﴾

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا

وہ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی تاکہ تم اُس میں

فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

سکون حاصل کرو اور دن کو روشن بنایا، بے شک اِس میں نشانیاں

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا اتَّخَذَ

ہیں اُن لوگوں کے لیے جو سُنتے ہیں ﴿٦٧﴾ کہتے ہیں کہ

اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ الْغَنِيُّ ؕ

اللہ نے بیٹا بنایا ہے، وہ تو پاک ہے، بے نیاز ہے، اُسی کا ہے

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے،

اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۭ بِهٰذَا ؕ

تمہارے پاس اُس کی کوئی دلیل نہیں ، کیا تم اللہ پر

اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٨﴾

ایسی بات گھڑتے ہو جس کا تم علم نہیں رکھتے ﴿٦٨﴾

قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

کہہ دیجیے کہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں

الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿٦٩﴾ ؕ مَتَاعٌ فِي

وہ کامیابی نہیں پائیں گے ﴿٦٩﴾ اُن کے لیے بس

الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ

دنیا میں تھوڑا فائدہ اُٹھا لینا ہے پھر ہماری ہی طرف

نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا

اُن کا لوٹنا ہے، پھر ہم اُن کو اِس انکار کے بدلے سخت عذاب کا

كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ

مزہ چکھائیں گے ﴿٧٠﴾ اور اُن کو نوح (علیہ السلام) کا حال

نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ

سُنایئے جب کہ اُس نے اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم!

اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ

اگر میرا کھڑا ہونا اور اللہ کی آیتوں کے ذریعے نصیحت کرنا تم پر

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا

بھاری ہو گیا ہے تو میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، تم سب مِل کر

اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ

اپنا فیصلہ کر لو اور اپنے شریکوں کو بھی ساتھ لے لو، پھر تم

اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا

کو اپنے فیصلے میں کوئی شبہ باقی نہ رہے پھر تم لوگ میرے ساتھ جو

اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۷۱﴾ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ

کرنا چاہتے ہو کر گزرو اور مجھ کو مُہلت نہ دو ﴿۷۱﴾ پھر اگر تم منہ موڑ لو گے

فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ اَجْرِيَ

تو میں نے تم سے کوئی مزدوری نہیں مانگی ہے، میرا اجر تو اللہ ہی

اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ

کے ذِمّے ہے اور مجھ کو حکم دیا گیا ہے کہ میں فرماں برداروں

الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ

میں سے رہوں ﴿۷۲﴾ پھر اُنہوں نے اُس کو جُھٹلا دیا تو ہم نے نوح

وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ

(علیہ السلام) کو اور جو لوگ اُس کے ساتھ کشتی میں تھے نجات دی اور اُن

خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

کو جانشین بنایا، اور اُن لوگوں کو ڈبو دیا جنہوں نے ہماری نشانیوں کو

بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

جُھٹلایا تھا ، دیکھیے کہ کیا انجام ہوا اُن کا جن کو

الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ

ڈرایا گیا تھا ﴿۷۳﴾ اُس کے بعد ہم نے مختلف پیغمبر اُن کی اپنی اپنی

بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ

قوموں کے پاس بھیجے جو اُن کے پاس کُھلے کُھلے دلائل لے

بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا

کر آئے لیکن اُن لوگوں نے جس بات کو پہلے جُھٹلا دیا تھا

كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ

اُسے بالکل نہ مانا، جو لوگ حد سے گزر جاتے ہیں اُن کے

عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۷۴﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا

دِلوں پر ہم اِسی طرح مہر لگا دیتے ہیں ﴿۷۴﴾ پھر ہم نے

مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى

اُن کے بعد موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کو

فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا

فرعون اور اُس کے سرداروں کے پاس اپنی نشانیاں دے کر بھیجا مگر

وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّا

اُنہوں نے گھمنڈ کیا اور وہ مجرم لوگ تھے ﴿۷۵﴾ پھر جب

جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ

اُن کے پاس ہماری طرف سے سچّی بات پہونچی تو اُنہوں نے کہا

هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۶﴾ قَالَ مُوْسٰٓى

کہ یہ تو کُھلا ہوا جادو ہے ﴿۷۶﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ

اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ

کیا تم حق کو جادو کہتے ہو جب کہ وہ تمہارے پاس آچکا ہے، کیا یہ جادو ہے؛

هٰذَا ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْٓا

حالانکہ جادو والے تو کبھی کامیاب نہیں ہوتے ﴿۷۷﴾ اُنہوں نے کہا کہ

اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ

کیا تم ہمارے پاس اِس لیے آئے ہو کہ ہم کو اُس راستے سے پھیر دو جس پر ہم نے

اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِي

اپنے باپ دادا کو پایا ہے اور اِس ملک میں تم دونوں کی بڑائی قائم

الْاَرْضِ ؕ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۸﴾

ہو جائے، اور ہم تم دونوں کی بات کبھی ماننے والے نہیں ہیں ﴿۷۸﴾

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ

اور فرعون نے کہا کہ تمام ماہر جادوگروں کو میرے پاس

عَلِيْمٍ ﴿۷۹﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ

لے آؤ ﴿۷۹﴾ جب جادوگر آئے تو موسیٰ (علیہ السلام) نے

لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۸۰﴾

اُن سے کہا کہ جو کچھ تمہیں ڈالنا ہے ڈال دو ﴿۸۰﴾

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ

پھر جب جادوگروں نے ڈالا تو موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ جو کچھ تم

السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ

لائے ہو وہ تو جادو ہے، بے شک اللہ اُس کو باطل کر دے گا،

اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨١﴾

اللہ یقیناً مُفسدوں کے کام کو سُدھرنے نہیں دیتا ﴿٨١﴾

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ

اور اللہ اپنے حکم سے حق کو حق کر دِکھاتا ہے چاہے مجرِموں کو وہ

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى ع ٨ ١٢ ١٣

کتنا ہی ناگوار ہو ﴿٨٢﴾ پھر موسیٰ (علیہ السلام) کو اُس کی قوم میں سے

اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ

چند نوجوانوں کے سوا کسی نے نہ مانا فرعون کے ڈر سے اور خود

مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ

اپنی قوم کے بڑے لوگوں کے ڈر سے کہ کہیں وہ اُن کو کسی فتنے

وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِى الْاَرْضِ ۚ

میں نہ ڈال دیں ، بے شک فرعون زمین میں غلبہ رکھتا تھا

وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَقَالَ

اور وہ اُن لوگوں میں سے تھا جو حد سے گزر جاتے ہیں ﴿٨٣﴾ اور

مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ

موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! اگر تم اللہ پر ایمان

فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ﴿٨٤﴾

رکھتے ہو تو اُسی پر بھروسہ کرو اگر تم واقعی فرماں بردار ہو ﴿٨٤﴾

فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا

اُنہوں نے کہا: ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا، اے ہمارے رب!

لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٥﴾ لا

ہمیں ظالم لوگوں کے لیے فتنہ نہ بنائیے ﴿٨٥﴾

وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ

اور اپنی رحمت سے ہم کو کافر لوگوں سے نجات

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى

دیجیے ﴿٨٦﴾ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) اور اُس کے بھائی

وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ

کی طرف وحی کی کہ اپنی قوم کے لیے مصر میں

بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً

کچھ گھر مُقرر کر لو اور اپنے اُن گھروں کو قِبلہ بناؤ

وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٧﴾

اور نماز قائم کرو، اور اہلِ ایمان کو خوش خبری دے دو ﴿٨٧﴾

وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ

اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے ہمارے رب! آپ نے فرعون کو

فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِى

اور اُس کے سرداروں کو دنیا کی زندگی میں رونق اور مال دیا ہے،

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ

اے ہمارے رب! اِس لیے کہ وہ آپ کی راہ سے لوگوں کو

سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ

بھٹکائیں، اے ہمارے رب! اُن کے مال کو غارت کر دیجیے اور

وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى

اُن کے دِلوں کو سخت کر دیجیے کہ وہ ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ

يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٨٨﴾ قَالَ

دردناک عذاب کو دیکھ لیں ﴿٨٨﴾ (اللہ نے) کہا :

قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا

تم دونوں کی دعا قبول کی گئی ، اب تم دونوں جمے رہو

وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾

اور اُن لوگوں کی راہ کی پیروی نہ کرو جو علم نہیں رکھتے ﴿٨٩﴾

وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ

اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر پار کرا دیا تو فرعون

فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا

اور اُس کے لشکر نے اُن کا پیچھا کیا سرکشی اور زیادتی کی

وَّعَدْوًا ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ

غرض سے ، یہاں تک کہ جب فرعون ڈوبنے لگا تو

قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ

اُس نے کہا کہ میں ایمان لایا کہ کوئی معبود نہیں مگر وہ

اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ

جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں فرماں برداروں میں سے

الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٩٠﴾ آٰلْئٰنَ وَقَدْ عَصَيْتَ

ہوں ﴿٩٠﴾ (اُسے جواب دیا گیا) اب ایمان لاتا ہے حالانکہ اِس سے

قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٩١﴾

پہلے تو نافرمانی کرتا رہا اور تو فساد برپا کرنے والوں میں سے تھا ﴿٩١﴾

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ

پس آج ہم تیری لاش کو بچائیں گے تاکہ تو اپنے

لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا

بعد والوں کے لیے نشانی بنے ، اور بے شک بہت سے

مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿٩٢﴾ ع ٩ ع ١٠ ١٤

لوگ ہماری نشانیوں سے غافل رہتے ہیں ﴿٩٢﴾

وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ

اور ہم نے بنی اسرائیل کو اچھا ٹھکانہ

صِدْقٍ وَّ رَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ

دیا اور اُن کو پاکیزہ چیزیں کھانے کے لیے دیں، پھر اُنہوں

فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰى جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ؕ

نے اختلاف نہیں کیا مگر اُس وقت جب کہ اُن کے پاس

اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

علم آ چکا تھا، یقیناً آپ کا رب قیامت کے دن اُن کے درمیان

فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٩٣﴾ فَاِنْ

اُس چیز کا فیصلہ کر دے گا جس میں وہ اختلاف کرتے رہے ﴿٩٣﴾ پس اگر

كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّاۤ اَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكَ

آپ کو اُس چیز کے بارے میں شک ہے جو ہم نے آپ کی طرف

فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ

اُتاری ہے تو اُن لوگوں سے پوچھ لیجیے جو آپ سے پہلے کتاب پڑھ

قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ

رہے ہیں، بے شک یہ آپ پر حق آیا ہے آپ کے رب کی طرف سے

فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَكُوْنَنَّ

پس آپ شک کرنے والوں میں سے نہ بنیں ﴿٩٤﴾ اور آپ اُن لوگوں

مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ

میں شامل نہ ہوں جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جُھٹلایا ہے ورنہ آپ

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٩٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ

نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہو جاؤ گے ﴿٩٥﴾ بے شک جن لوگوں پر

عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٩٦﴾

آپ کے رب کی بات پوری ہو چکی ہے وہ ایمان نہیں لائیں گے ﴿٩٦﴾

وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا

چاہے اُن کے پاس ساری نشانیاں آ جائیں جب تک کہ وہ دردناک

الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٩٧﴾ فَلَوْلَا كَانَتْ

عذاب کو سامنے آتا نہ دیکھ لیں ﴿٩٧﴾ پس کیوں نہ ہوا کہ

قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ

کوئی بستی ایمان لاتی کہ اُس کا ایمان لانا اُس کو نفع دیتا

اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ؕ لَمَّاۤ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا

یونس (علیہ السلام) کی قوم کے سوا، جب وہ ایمان لائے تو ہم نے اُن

عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

سے دنیا کی زندگی میں رُسوائی کا عذاب ٹال دیا اور اُن کو ایک

وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٩٨﴾ وَلَوْ شَآءَ

مدت تک زندگی کا لطف اُٹھانے دیا ﴿٩٨﴾ اور اگر آپ

رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ

کا رب چاہتا تو زمین پر جتنے لوگ ہیں سب کے

جَمِيْعًا ؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى

سب ایمان لے آتے، پھر کیا آپ لوگوں کو مجبور کرو گے کہ

يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٩٩﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ

وہ مؤمن ہو جائیں ﴿٩٩﴾ اور کسی شخص کے لیے ممکن

اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَجْعَلُ

نہیں کہ وہ اللہ کی اجازت کے بغیر ایمان لا سکے، اور اللہ اُن

الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿١٠٠﴾

لوگوں پر گندگی ڈال دیتا ہے جو عقل سے کام نہیں لیتے ﴿١٠٠﴾

قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

کہہ دیجیے کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اُسے دیکھو، اور

وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ

نشانیاں اور ڈراوے اُن لوگوں کو فائدہ نہیں پہونچاتے جو

لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠١﴾ فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ

ایمان نہیں لاتے ﴿١٠١﴾ وہ تو بس اُس طرح کے دن کا انتظار کر رہے ہیں

اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ

جس طرح کے دن اُن سے پہلے گزرے ہوئے لوگوں کو پیش آئے،

قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ

کہہ دیجیے کہ انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے

مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾ ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا

والوں میں سے ہوں ﴿١٠٢﴾ پھر ہم بچا لیتے ہیں اپنے رسولوں کو

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا

اور اُن کو جو ایمان لائے ، اِسی طرح ہمارا ذِمّہ ہے کہ

ع ١٠ ١١ ١٥ نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ

ہم ایمان والوں کو بچالیں گے ﴿١٠٣﴾ کہہ دیجیے کہ اے لوگو !

اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ

اگر تم میرے دین کے متعلق شک میں ہو تو میں اُن کی

اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

عبادت نہیں کرتا جن کی عبادت تم کرتے ہو اللہ کے سِوا ؛

وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۖ

بلکہ میں اُس اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تم کو وفات دیتا ہے

وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٤﴾ لا

اور مجھ کو حکم ملا ہے کہ میں ایمان والوں میں سے رہوں ﴿١٠٤﴾

وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ

اور یہ کہ اپنا رُخ یکسو ہو کر (اُس) دین کی طرف کر لینا ،

وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٠٥﴾

اور کبھی مُشرکوں میں سے نہ ہونا ﴿١٠٥﴾

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ

اور اللہ کے علاوہ اُن کو نہ پُکارو جو تم کو نہ نفع پہونچا سکتے ہیں

وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا

اور نہ نقصان ، پھر اگر تم ایسا کرو گے تو یقیناً ظالموں

مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٦﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ

میں سے ہو جاؤ گے ﴿١٠٦﴾ اور اگر اللہ تم کو کسی تکلیف میں پکڑ لے تو

بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ

اُس کے سوا کوئی نہیں جو اُس کو دور کر سکے ، اور اگر وہ تم کو کوئی

بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ يُصِيْبُ بِهٖ

بھلائی پہونچانا چاہے تو اُس کے فضل کو کوئی روکنے والا نہیں ، وہ اپنا

مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ

فضل اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے ، اور وہ بخشنے والا ،

الرَّحِيْمُ ﴿١٠٧﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ

مہربان ہے ﴿١٠٧﴾ کہہ دیجیے کہ اے لوگو ! تمہارے

جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ

رب کی طرف سے تمہارے پاس حق آ گیا ہے ، پس جو

اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ

ہدایت قبول کر لے گا وہ اپنے ہی لیے کرے گا اور جو بھٹکے گا

ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا

تو اُس کا وبال اُسی پر آئے گا ، اور میں تمہارے اوپر

عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿١٠٨﴾ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى

ذِمّے دار نہیں ہوں ﴿١٠٨﴾ اور آپ اُس کی پیروی کریں جو آپ پر

اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ

وحی کی جاتی ہے اور صبر کیجیے ، یہاں تک کہ اللہ فیصلہ کر دے اور وہ

خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾ ع ١١ ٢ ١٢

بہترین فیصلہ کرنے والا ہے ﴿١٠٩﴾

(سورۂ ہود مکۂ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر چند آیتیں (۱۲، ۱۷ اور ۱۱۴) مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں۔ اس میں (۱۲۳) آیتیں اور (۱۰) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۵۲) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۱) نمبر پر ہے اور سورۂ یونس کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۱۱۰۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۹۵۶۷) حروف ہیں |
|---|---|---|

الٓرٰ قف كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ

الٓرٰ، یہ کتاب ہے جس کی آیتیں پہلے محکم کی گئیں پھر ایک دانا اور

مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۙ﴿۱﴾ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا

خبیر ہستی کی طرف سے اُن کی تفصیل کی گئی ﴿۱﴾ کہ تم اللہ کے سوا کسی اور

اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ

کی عبادت نہ کرو، میں تمہاری جانب اُس کی طرف سے ڈرانے والا

وَّبَشِيْرٌ ۙ﴿۲﴾ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ

اور خوش خبری دینے والا ہوں ﴿۲﴾ اور یہ کہ تم اپنے رب سے

ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا

معافی چاہو اور اُس کی طرف پلٹ آؤ، وہ تم کو ایک مُدت تک

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ

اچھا لطف اٹھانے کا موقع دے گا، اور ہر زیادہ کے مستحق کو اپنی طرف سے

فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ

زیادہ عطا کرے گا، اور اگر تم پھر جاؤ تو میں تمہارے حق میں

عَذَابَ یَوْمٍ كَبِیْرٍ ۳ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ

ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ۳ تم سب کو اللہ کی

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۴ اَلَاۤ اِنَّهُمْ

طرف پلٹنا ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ۴ دیکھو یہ لوگ اپنے

یَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِیَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ

سینوں کو لپیٹتے ہیں تاکہ اُس سے چھُپ جائیں،

اَلَا حِیْنَ یَسْتَغْشُوْنَ ثِیَابَهُمْ ۙ یَعْلَمُ

خبردار! جب وہ کپڑوں سے اپنے آپ کو ڈھانپتے ہیں، اللہ جانتا

مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا یُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ

ہے جو کچھ وہ چُھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں، وہ دِلوں کی

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۵

بات تک جاننے والا ہے ۵

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى

اور زمین پر کوئی چلنے والا ایسا نہیں جس کی

اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا

روزی اللہ کے ذِمّے نہ ہو ، اور وہ جانتا ہے جہاں کوئی

وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ

ٹھہرتا ہے اور جہاں وہ سونپا جاتا ہے، سب کچھ ایک کُھلی کتاب

مُّبِيْنٍ ۝٦ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

میں موجود ہے ۝٦ اور وہی ہے جس نے آسمانوں

وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ

اور زمین کو چھ دِنوں میں پیدا کیا اور اُس کا عرش

عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ

پانی پر تھا ؛ تاکہ تم کو آزمائے کہ کون تم میں سے

اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ

اچھا کام کرتا ہے ، اور اگر آپ کہو کہ

مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ

مَرنے کے بعد تم لوگ اُٹھائے جاؤ گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ

تو مُنکِرین کہتے ہیں کہ یہ تو ایک کُھلا ہوا

مُّبِيْنٌ ۝۷ وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ

جادو ہے ۝۷ اور اگر ہم کچھ مدت تک اُن کی سزا کو

الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ

روک دیں تو کہتے ہیں کہ کیا چیز اُس کو روکے ہوئے

مَا يَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ

ہے، سُن لو! جس دن وہ اُن پر آ پڑے گا تو اُن سے

مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا

پھیرا نہ جائے گا اور اُن کو گھیر لے گی وہ چیز جس کا وہ

بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۸ وَلَئِنْ اَذَقْنَا ع ۸

مذاق اُڑا رہے تھے ۝۸ اور اگر ہم انسان کو اپنی کسی

الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا

رحمت سے نوازتے ہیں پھر اُس سے اُس کو محروم کر دیتے ہیں

مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَـُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ۝۹ وَلَئِنْ

تو وہ مایوس اور ناشکرا بن جاتا ہے ۝۹ اور اگر کسی

اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ

تکلیف کے بعد جو اُس کو پہونچی تھی، اُس کو ہم نعمت سے نوازتے

لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّىْ ؕ اِنَّهٗ

ہیں تو وہ کہتا ہے کہ ساری مصیبتیں مجھ سے دور ہو گئیں (اور) وہ

لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝۱۰ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا

اِترانے والا، اکڑنے والا بن جاتا ہے ۝۱۰ مگر جو لوگ صبر

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ

کرنے والے اور نیک عمل کرنے والے ہیں، اُن کے لیے

مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝۱۱ فَلَعَلَّكَ

بخشش ہے اور بڑا اجر ہے ۝۱۱ کہیں ایسا نہ ہو کہ

تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ

آپ اُس چیز کا کچھ حصّہ چھوڑ دیں جو آپ کی طرف وحی

بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ

کی گئی ہے اور آپ اِس بات پر تنگ دل ہوں کہ وہ کہتے ہیں کہ

عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ

اِس پر کوئی خزانہ کیوں نہیں اُتارا گیا یا اِس کے ساتھ کوئی فرشتہ

اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

کیوں نہیں آیا، آپ تو صرف ایک ڈرانے والے ہو اور اللہ ہر

وَّكِيْلٌ ؕ ﴿۱۲﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ

چیز کا ذمّہ دار ہے ﴿۱۲﴾ کیا وہ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اِس کتاب کو

قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ

گھڑ لیا ہے، کہہ دیجیے کہ تم بھی ایسی ہی دس من گھڑت سورتیں

مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ

بنا کر لے آؤ اور اللہ کے سِوا جس کو بُلا سکو

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾

بُلا لو اگر تم سچّے ہو ﴿۱۳﴾

فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ

پس اگر وہ تمہارا کہا پورا نہ کرسکیں تو جان لو کہ یہ اللہ کے علم

اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

سے اُترا ہے اور یہ کہ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں ،

فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ كَانَ

پھر کیا تم حکم کو مانتے ہو ﴿۱۴﴾ جو لوگ

يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ

دنیا کی زندگی اور اُس کی زینت چاہتے ہیں ہم اُن کے

اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا

اعمال کا بدلہ دنیا ہی میں دے دیتے ہیں اور اُس میں اُن کے

لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

ساتھ کوئی کمی نہیں کی جاتی ﴿۱۵﴾ یہی لوگ ہیں جن کے لیے

لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ
آخرت میں آگ کے سوا کچھ نہیں ہے ،

وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ
اُنہوں نے دنیا میں جو کچھ بنایا تھا وہ برباد ہوا اور خراب ہوگیا

مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى
جو کچھ اُنہوں نے کمایا تھا ﴿۱۶﴾ بھلا ایک شخص جو اپنے رب کی

بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ
طرف سے ایک دلیل پر ہے اُس کے بعد اللہ کی طرف سے اُس کے

وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا
لیے ایک گواہ بھی آ گیا، اور اُس سے پہلے موسیٰ (علیہ السلام) کی کتاب رہنما

وَّرَحْمَةً ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ
اور رحمت کی حیثیت سے موجود تھی، ایسے ہی لوگ اُس پر ایمان لاتے

يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ
ہیں، اور جماعتوں میں سے جو کوئی اُس کا انکار کرے تو اُس کے

مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۫

وعدے کی جگہ آگ ہے، پس آپ اُس کے بارے میں

اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

شک میں نہ پڑیں، یہ حق ہے آپ کے رب کی طرف سے مگر اکثر

النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ

لوگ نہیں مانتے ﴿۱۷﴾ اور اُس سے بڑھ کر ظالم کون ہے

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ

جو اللہ پر جھوٹ گھڑے، ایسے لوگ اپنے رب کے سامنے

يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ

پیش ہوں گے اور گواہی دینے والے کہیں گے کہ

هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ گھڑا تھا،

اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ الَّذِيْنَ

سُن لو! اللہ کی لعنت ہے ظالموں کے اوپر ﴿۱۸﴾ اُن

يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا

لوگوں کے اوپر جو اللہ کے راستے سے لوگوں کو روکتے ہیں اور

عِوَجًا ؕ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

اُس میں کجی (ٹیڑھا پن) ڈھونڈتے ہیں، اور یہی لوگ آخرت

كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا

کے مُنکِر ہیں ﴿۱۹﴾ وہ لوگ زمین میں اللہ کو

مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ

بے بس کرنے والے نہیں اور نہ اللہ کے سوا

دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ وقف لازم

اُن کا کوئی مددگار ہے ، اُن پر دوگنا

الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ

عذاب ہوگا ، وہ نہ سُن سکتے ہیں

وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

اور نہ دیکھتے ہیں ﴿۲۰﴾ یہ وہ لوگ ہیں

خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ

جنہوں نے اپنے آپ کو گھاٹے میں ڈالا اور وہ سب کچھ اُن سے

مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ

کھو گیا جو اُنہوں نے گھڑ رکھا تھا ﴿۲۱﴾ اِس میں شک نہیں کہ یہی

فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾

لوگ آخرت میں سب سے زیادہ گھاٹے میں رہیں گے ﴿۲۲﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے

وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

اور اپنے رب کے سامنے عاجزی کی وہی لوگ

الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾

جنّت والے ہیں ، وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۳﴾

مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ

اُن دونوں گروہوں کی مثال ایسی ہے جیسے ایک اندھا اور بہرا ہو

وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ

اور دوسرا دیکھنے والا اور سُننے والا ، کیا یہ دونوں برابر

ع ۲ ۱۶ ۲ مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَلَقَدْ

ہو جائیں گے ، کیا تم غور نہیں کرتے ﴿۲۴﴾ اور ہم نے

اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖۤ ز اِنِّيْ لَكُمْ

نوح (علیہ السلام) کو اُس کی قوم کی طرف بھیجا کہ میں تم کو کُھلا ہوا

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۵﴾ لا اَنْ لَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا

ڈرانے والا ہوں ﴿۲۵﴾ یہ کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت

اللّٰهَ ؕ اِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ

نہ کرو ، میں تم پر ایک دردناک عذاب کے دن کا اندیشہ

اَلِيْمٍ ﴿۲۶﴾ فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

رکھتا ہوں ﴿۲۶﴾ اُس کی قوم کے سرداروں نے جنہوں نے انکار کیا

مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا

تھا کہا کہ ہم تو تم کو بس اپنے جیسا ایک آدمی دیکھتے ہیں

وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ

اور ہم نہیں دیکھتے کہ کسی نے تمہاری تابع داری کی ہو سوائے

اَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّاْيِ ۚ وَمَا نَرٰى

اُن کے جو ہم میں بے حیثیت اور ناسمجھ لوگ ہیں ، اور ہم

لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ

نہیں دیکھتے کہ تم کو ہمارے اوپر کوئی بڑائی حاصل ہو؛ بلکہ ہم تو تم کو

كٰذِبِيْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ

جھوٹا خیال کرتے ہیں ﴿۲۷﴾ نوح (علیہ السلام) نے فرمایا: اے میری قوم!

اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰنِيْ

بتاؤ اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک روشن دلیل پر ہوں اور

رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ؕ

اُس نے مجھ پر اپنے پاس سے رحمت بھیجی ہے مگر وہ تم کو نظر نہ آئی تو

اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾

کیا ہم اُس کو تم پر چپکا سکتے ہیں جب کہ تم اُس سے بیزار ہو ﴿۲۸﴾

وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ؕ

اور اے میری قوم ! میں اِس پر تم سے کچھ مال نہیں مانگتا،

اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ

میرا اجر تو بس اللہ کے ذِمّے ہے اور میں ہرگز اُن کو اپنے سے دور

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ

کرنے والا نہیں جو ایمان لائے ہیں، اُن لوگوں کو اپنے رب سے

وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۹﴾

مِلنا ہے، مگر میں دیکھتا ہوں کہ تم لوگ جہالت میں مبتلا ہو ﴿۲۹﴾

وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ

اور اے میری قوم! اللہ کے مقابلے میں کون میری مدد کرے گا

اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳۰﴾

اگر میں اُن لوگوں کو دُھتکار دوں، کیا تم غور نہیں کرتے ﴿۳۰﴾

وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ

اور میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں

وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ

اور نہ میں غیب کی خبر رکھتا ہوں اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ

وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ

ہوں، اور میں یہ بھی نہیں کہہ سکتا کہ جو لوگ تمہاری نگاہوں میں

لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ

حقیر ہیں اُن کو اللہ کوئی بھلائی نہیں دے گا، اللہ خوب جانتا ہے جو

بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۖ اِنِّيْٓ اِذًا لَّمِنَ

کچھ اُن کے دِلوں میں ہے، اگر میں ایسا کہوں تو میں ہی

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا

ظالم ہوں گا ﴿۳۱﴾ اُنہوں نے کہا: اے نوح! تم نے ہم سے جھگڑا

فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ

کیا اور بہت جھگڑا کر لیا پس اب وہ چیز لے آؤ جس کا تم ہم سے

اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ

وعدہ کرتے رہے ہو اگر تم سچّے ہو ﴿۳۲﴾ نوح (علیہ السلام) نے

اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ

فرمایا: اُس کو تمہارے اوپر اللہ ہی لائے گا اگر وہ چاہے گا اور تم

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا يَنْفَعُكُمْ

اُس کے قابو سے باہر نہ جا سکو گے ﴿۳۳﴾ اور میری نصیحت

نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ

تم کو فائدہ نہیں دے گی اگر میں تم کو نصیحت کرنا چاہوں

اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ؕ

جب کہ اللہ یہ چاہتا ہو کہ وہ تم کو گمراہ کر دے ،

هُوَ رَبُّكُمْ ۫ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۴﴾ ؕ اَمْ

وہی تمہارا رب ہے اور اُسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے ﴿۳۴﴾ کیا وہ

يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ

کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اِس کو گھڑ لیا ہے؟ کہہ دیجیے کہ اگر میں نے اِس کو

فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا۠ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا

گھڑا ہے تو میرا جرم میرے اوپر ہے اور جو جرم تم کر رہے ہو اُس سے

تُجْرِمُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ ع ۳ ۱۱ ۳

میں بری ہوں ﴿۳۵﴾ اور نوح (علیہ السلام) کی طرف وحی کی گئی کہ اب آپ

لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ

کی قوم میں سے کوئی ایمان نہیں لائے گا سوائے اُس کے جو ایمان

اٰمَنَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ ج

لا چکا، پس آپ اُن کاموں پر غمگین نہ ہو جو وہ کر رہے ہیں ﴿۳۶﴾

وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا

اور ہمارے رو برو اور ہمارے حکم سے آپ کشتی بنائیے اور

وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ج

ظالموں کے حق میں مجھ سے بات نہ کیجیے، بے شک یہ لوگ

اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ قف

ڈوبنے والے ہیں ﴿۳۷﴾ اور نوح (علیہ السلام) کشتی بنانے لگے، اور

وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ

جب کبھی اُن کی قوم کے کوئی سردار اُن کے پاس سے گزرتے

سَخِرُوْا مِنْهُ ؕ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا

وہ اُن کا مذاق اُڑاتے، نوح (علیہ السلام) کہتے: اگر تم ہمارا مذاق اُڑاتے

فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ ؕ

ہو تو ہم بھی تم پر ایک دن ہنسیں گے جیسے تم ہم پر ہنستے ہو ﴿۳۸﴾

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ

تم جلد ہی جان لو گے کہ وہ کون ہیں جن پر وہ عذاب آتا ہے جو

يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ

اُس کو رُسوا کر دے اور اُس پر وہ عذاب اُترتا ہے جو ہمیشہ

مُّقِيْمٌ ﴿۳۹﴾ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا

رہے گا ﴿۳۹﴾ یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آپہونچا اور طوفان اُبل پڑا تو

وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ

ہم نے (نوح سے) کہا کہ ہر قسم کے جانوروں کا ایک ایک جوڑا

كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ

کشتی میں رکھ لو اور اپنے گھر والوں کو بھی سوائے اُن لوگوں کے

سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ؕ وَمَآ اٰمَنَ

جن کے بارے میں پہلے کہا جا چکا ہے اور سب ایمان والوں کو بھی، اور تھوڑے

مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۴۰﴾ وَقَالَ ارْكَبُوْا

ہی لوگ تھے جو نوح کے ساتھ ایمان لائے تھے ﴿۴۰﴾ اور نوح (علیہ السلام) نے کہا کہ

فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ

کشتی میں سوار ہو جاؤ، اللہ کے نام سے اِس کا چلنا ہے اور اِس کا ٹھہرنا بھی،

اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۴۱﴾ وَهِيَ

بے شک میرا رب بخشنے والا، مہربان ہے ﴿۴۱﴾ اور کشتی

تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۫ قف

پہاڑ جیسی موجوں کے درمیان اُن کو لے کر چلنے لگی،

وَنَادٰى نُوْحُ ِۨ ابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ

اور نوح (علیہ السلام) نے اپنے بیٹے کو پکارا جو اُس سے الگ تھا کہ

يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ

اے میرے بیٹے! ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور کافروں کے ساتھ

۵ امام حفص کے نزدیک میم کے بعد را اور را کے لام کے ساتھ پڑھا جائے گا۔

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ

مت رہ ﴿۴۲﴾ اُس نے کہا: میں کسی پہاڑ کی پناہ لے لوں گا

يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ

جو مجھ کو پانی سے بچا لے گا، نوح (علیہ السلام) نے کہا کہ آج کوئی

الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ

اللہ کے حکم سے بچانے والا نہیں مگر وہ جس پر اللہ رحم کرے،

وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ

اور دونوں کے درمیان موج حائل ہو گئی اور وہ ڈوبنے والوں

الْمُغْرَقِيْنَ ﴿۴۳﴾ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ

میں شامل ہو گیا ﴿۴۳﴾ اور کہا گیا کہ اے زمین! اپنا پانی نگل لے

مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ

اور اے آسمان! تھم جا، اور پانی سُکھا دیا گیا

وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ

اور معاملے کا فیصلہ ہو گیا اور کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہر گئی

وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾

اور کہہ دیا گیا کہ دور ہو ظالموں کی قوم ﴿۴۴﴾

وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ

اور نوح (علیہ السلام) نے اپنے رب کو پکارا اور کہا کہ اے میرے رب! میرا بیٹا

مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ

میرے گھر والوں میں سے ہے، اور بے شک آپ کا وعدہ سچّا ہے

اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۴۵﴾ قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ

اور آپ سے بڑے حاکم ہیں ﴿۴۵﴾ اللہ نے کہا: اے نوح! وہ

لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ

تمہارے گھر والوں میں سے نہیں، اُس کے کام خراب

صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ

ہیں، پس مجھ سے اُس چیز کے لیے سوال نہ کرو جس کا

بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّيْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ

تمہیں علم نہیں، میں تم کو نصیحت کرتا ہوں کہ تم

الْجٰهِلِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ

نادانوں میں سے نہ بنو ﴿۴۶﴾ نوح (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب!

اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ

میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں کہ آپ سے وہ چیز مانگوں جس کا مجھے علم

وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ

نہیں، اور اگر آپ مجھے معاف نہ کریں اور مجھ پر رحم نہ فرمائیں تو میں

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۴۷﴾ قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ

برباد ہو جاؤں گا ﴿۴۷﴾ کہا گیا کہ اے نوح! اُترو ہماری طرف سے سلامتی

بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى

کے ساتھ اور برکتوں کے ساتھ تم پر اور اُن گروہوں پر جو تمہارے ساتھ

اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ؕ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ

ہیں، اور (اُن سے ظہور میں آنے والے) گروہ کہ ہم اُن کو فائدہ دیں

ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۸﴾

گے پھر اُن کو ہماری طرف سے ایک دردناک عذاب پکڑ لے گا ﴿۴۸﴾

تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ

یہ غیب کی خبریں ہیں جن کو ہم آپ کی طرف وحی

اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ

کر رہے ہیں ، اِس سے پہلے نہ آپ اِن کو جانتے تھے

وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۛ

اور نہ آپ کی قوم ، پس صبر کریں

اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۹﴾ وَاِلٰى عَادٍ ع

بے شک نیک انجام ڈرنے والوں کے لیے ہے ﴿۴۹﴾ اور عاد کی طرف ہم نے

اَخَاهُمْ هُوْدًا ۛ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا

اُن کے بھائی ہود (علیہ السلام) کو بھیجا، اُس نے کہا کہ اے میری قوم! اللہ کی

اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۛ اِنْ اَنْتُمْ

عبادت کرو ، اُس کے سِوا تمہارا کوئی معبود نہیں ، تم نے محض

اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ

جھوٹ گھڑ رکھے ہیں ﴿۵۰﴾ اے میری قوم! میں اِس پر تم سے کوئی اجر

عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى

نہیں مانگتا ، میرا اجر تو اُسی پر ہے جس نے

الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

مجھے پیدا کیا ہے ، کیا تم سمجھتے نہیں ﴿۵۱﴾

وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ

اور اے میری قوم ! اپنے رب سے معافی چاہو پھر

تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ

اُس کی طرف پلٹو ، وہ تمہارے اوپر خوب بارشیں

مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ

برسائے گا اور تمہاری قوت پر مزید قوت کا اضافہ کرے گا ،

وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا يٰهُوْدُ

اور تم مجرم ہو کر منہ نہ پھیرلو ﴿۵۲﴾ اُنہوں نے کہا کہ اے ہود! تم ہمارے

مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ

پاس کوئی کھلی نشانی لے کر نہیں آئے ہو ، اور ہم تمہارے کہنے سے

اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ

اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں ہیں، اور ہم ہرگز تم کو ماننے

بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ

والے نہیں ہیں ﴿۵۳﴾ ہم تو یہی کہیں گے کہ تمہارے اوپر ہمارے

بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ

معبودوں میں سے کسی کی مار پڑ گئی ہے، ہود (علیہ السلام) نے کہا: میں

اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ

اللہ کو گواہ ٹھہراتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ میں بری ہوں

مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ لا مِنْ دُوْنِهٖ

اُن سے جن کو تم شریک کرتے ہو ﴿۵۴﴾ اُس کے سوا، پس تم سب

فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾

مِل کر میرے خلاف تدبیر کرو پھر مجھ کو مہلت نہ دو ﴿۵۵﴾

اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ؕ

میں نے اللہ پر بھروسہ کیا جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے،

مَامِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَاٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ؕ

کوئی جاندار ایسا نہیں جس کی چوٹی اُس کے ہاتھ میں نہ ہو،

اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾

بے شک میرا رب سیدھی راہ پر ہے ﴿۵۶﴾

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ

اگر تم منہ موڑتے ہو تو میں نے تم کو وہ پیغام پہونچا دیا جس کو دے کر

بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ؕ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّيْ قَوْمًا

مجھے تمہاری طرف بھیجا گیا تھا، اور میرا رب تمہاری جگہ تمہارے سوا

غَيْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ

کسی اور گروہ کو جانشین (خلیفہ) بنائے گا اور تم اُس کا کچھ نہ بگاڑ

رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۵۷﴾ وَلَمَّا

سکو گے، بے شک میرا رب ہر چیز پر نگہبان ہے ﴿۵۷﴾ اور جب ہمارا

جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ

حکم آپہونچا تو ہم نے اپنی رحمت سے بچا لیا ہود کو اور اُن لوگوں کو

اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنٰهُمْ

جو اُس کے ساتھ ایمان لائے تھے اور ہم نے اُن کو ایک سخت

مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ عَادٌ

عذاب سے بچا لیا ﴿۵۸﴾ اور یہ عاد تھے کہ اُنہوں نے

جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ

اپنے رب کی نشانیوں کا انکار کیا اور اُس کے رسولوں کو نہ مانا

وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۵۹﴾

اور ہر سرکش اور مخالف کی بات کی اتباع کی ﴿۵۹﴾

وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ

اور اُن کے پیچھے لعنت لگادی گئی اِس دُنیا میں اور

الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ

قیامت کے دن ، سُن لو ! عاد نے اپنے رب کا انکار کیا ،

اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾ ع وَاِلٰى ثَمُوْدَ ع ۱۱ ۵

سُن لو! دوری ہے عاد کے لیے جو ہود کی قوم تھی ﴿۶۰﴾ اور ثمود کی طرف

وقف لازم

اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا

ہم نے اُن کے بھائی صالح (علیہ السلام) کو بھیجا، اُس نے کہا: اے

اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ هُوَ

میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اُس کے سوا کوئی تمہارا معبود نہیں،

اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ

اُسی نے تم کو زمین سے بنایا اور اُس میں تم کو آباد کیا،

فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ

پس اُس سے معافی چاہو پھر اُس کی طرف رجوع کرو،

اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿۶۱﴾ قَالُوْا

بے شک میرا رب قریب ہے، قبول کرنے والا ہے ﴿۶۱﴾ اُنہوں نے کہا کہ

يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ

اے صالح! اِس سے پہلے ہم کو تم سے اُمید تھی،

هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ

کیا تم ہم کو اُن کی عبادت سے روکتے ہو جن کی عبادت

اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ

ہمارے باپ دادا کرتے تھے، اور جس چیز کی طرف تم ہم کو بلاتے ہو اُس کے بارے میں

اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿۶۲﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ

ہم کو سخت شبہ ہے، اور ہم بڑے شک میں ہیں ﴿۶۲﴾ اُس نے کہا کہ اے میری قوم! بتاؤ

اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰنِيْ

اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک واضح دلیل پر ہوں اور اُس نے

مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ

مجھ کو اپنے پاس سے رحمت دی ہے تو مجھ کو اللہ سے کون بچائے گا

اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ ؕ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ

اگر میں اُس کی نافرمانی کروں، پس تم کچھ نہیں بڑھاؤ گے میرا

غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿۶۳﴾ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ

سوائے نقصان کے ﴿۶۳﴾ اور اے میری قوم! یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے

اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ

لیے ایک نشانی ہے، پس اُس کو چھوڑ دو کہ وہ اللہ کی زمین میں کھائے

اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ

اور اُس کو کوئی تکلیف نہ پہونچاؤ ورنہ بہت جلد تم کو

عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿٦٤﴾ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ

عذاب پکڑ لے گا ﴿٦٤﴾ پھر اُنہوں نے اُس کے پاؤں کاٹ ڈالے،

تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ

تب صالح (علیہ السلام) نے کہا کہ تین دن اور اپنے گھروں میں فائدہ

وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿٦٥﴾ فَلَمَّا جَآءَ

اُٹھا لو، یہ ایک وعدہ ہے جو جھوٹا نہ ہوگا ﴿٦٥﴾ پھر جب ہمارا

اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

حکم آ گیا تو ہم نے اپنی رحمت سے صالح کو اور اُن لوگوں کو

مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ

جو اُس کے ساتھ ایمان لائے تھے بچا لیا اور اُس دن کی رُسوائی

يَوْمِئِذٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ

سے (محفوظ رکھا)، بے شک آپ کا رب ہی طاقتور،

الْعَزِيْزُ ﴿٦٦﴾ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا

زبردست ہے ﴿٦٦﴾ اور جن لوگوں نے ظلم کیا تھا اُن کو ایک

الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ

ہَولناک آواز نے پکڑ لیا پھر صبح کو وہ اپنے گھروں میں اوندھے

جٰثِمِيْنَ ﴿٦٧﴾ۙ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ

پڑے رہ گئے ﴿٦٧﴾ جیسے کہ وہ کبھی اُن میں بَسے ہی نہیں ،

اَلَا اِنَّ ثَمُوْدَا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا

سُنو! ثمود نے اپنے رب کا انکار کیا ، سُنو ! پھٹکار ہے ثمود

لِّثَمُوْدَ ﴿٦٨﴾ ع وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ ع ۸

کے لیے ﴿٦٨﴾ اور ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس ہمارے فرشتے خوش

اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ

خبری لے کر آئے (اور) کہا کہ تم پر سلامتی ہو، ابراہیم (علیہ السلام) نے

قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ

کہا: تم پر بھی سلامتی ہو، پھر دیر نہ گزری کہ ابراہیم ایک بھُنا ہوا

حَنِيْذٍ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا رَآ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ

بچھڑا لے آئے ﴿۶۹﴾ پھر جب دیکھا کہ اُن کے ہاتھ کھانے کی

اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ

طرف نہیں بڑھ رہے ہیں تو کھٹک گئے اور دِل ہی دِل میں

خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ

اُن سے ڈرے، اُنہوں نے کہا کہ ڈرو نہیں ہم لوط (علیہ السلام) کی

اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ﴿۷۰﴾ ؕ وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ

قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں ﴿۷۰﴾ اور ابراہیم (علیہ السلام) کی بیوی

فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ

کھڑی تھی وہ ہنس پڑی ، پس ہم نے اُس کو اسحاق

وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾

کی خوش خبری دی اور اسحاق کے آگے یعقوب کی ﴿۷۱﴾

قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا۠ عَجُوْزٌ

اُس نے کہا: اے خرابی! کیا مجھے بچہ ہوگا حالانکہ میں تو بُڑھیا ہوں

وَّ هٰذَا بَعْلِیْ شَیْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ

اور یہ میرے شوہر بھی بوڑھے ہیں، یہ تو ایک عجیب

عَجِیْبٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْۤا اَتَعْجَبِیْنَ مِنْ

بات ہے ﴿۷۲﴾ فرشتوں نے کہا: کیا تم اللہ کے حکم پر تعجب کرتی ہو،

اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَ بَرَكٰتُهٗ عَلَیْكُمْ

ابراہیم کے گھر والو! تم پر اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہیں،

اَهْلَ الْبَیْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ﴿۷۳﴾

بے شک اللہ نہایت قابلِ تعریف، بڑی شان والا ہے ﴿۷۳﴾

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِیْمَ الرَّوْعُ

پھر جب ابراہیم (علیہ السلام) کا خوف دور ہوا اور

وَ جَآءَتْهُ الْبُشْرٰى یُجَادِلُنَا فِیْ قَوْمِ

اُن کو خوش خبری ملی تو وہ ہم سے قومِ لوط کے بارے میں

لُوْطٍ ﴿۷۴﴾ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِیْمَ لَحَلِیْمٌ

بحث کرنے لگے ﴿۷۴﴾ بے شک ابراہیم بڑے بُردبار،

اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ﴿۷۵﴾ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ

نرم دل اور رجوع کرنے والے تھے ﴿۷۵﴾ اے ابراہیم! اُس کو

عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ

چھوڑو ، بے شک تمہارے رب کا حکم آچکا ہے

وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ﴿۷۶﴾

اور اُن پر ایک ایسا عذاب آنے والا ہے جو لوٹایا نہیں جاتا ﴿۷۶﴾

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ

اور جب ہمارے فرشتے لوط (علیہ السلام) کے پاس پہونچے تو وہ

بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا

گھبرائے اور اُن کے آنے سے دل تنگ ہوا، اُس نے کہا: آج

يَوْمٌ عَصِيْبٌ ﴿۷۷﴾ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ

کا دن بڑا سخت ہے ﴿۷۷﴾ اور اُس کی قوم کے لوگ

يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ؕ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا

دوڑتے ہوئے اُس کے پاس آئے ، اور وہ پہلے سے

يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوْمِ

بُرے کام کر رہے تھے، لوط (علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم!

هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ

یہ میری بیٹیاں ہیں وہ تمہارے لیے زیادہ پاکیزہ ہیں ،

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ؕ

پس تم اللہ سے ڈرو اور مجھ کو میرے مہمانوں کے سامنے رُسوا نہ کرو،

اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ﴿۷۸﴾

کیا تم میں کوئی بھلا آدمی نہیں ہے ﴿۷۸﴾

قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنَاتِكَ

اُنہوں نے کہا: تم جانتے ہو کہ ہم کو تمہاری بیٹیوں سے

مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ﴿۷۹﴾

کچھ غرض نہیں اور تم جانتے ہو کہ ہم کیا چاہتے ہیں ﴿۷۹﴾

قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى

لوط (علیہ السلام) نے کہا: کاش! میرے پاس تم سے مقابلے کی قُوت ہوتی یا میں کسی مضبوط

رُكْنٍ شَدِيْدٍ ﴿۸۰﴾ قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا

سہارے کی پناہ لیتا ﴿۸۰﴾ فرشتوں نے کہا کہ اے لوط! ہم آپ

رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ

کے رب کے بھیجے ہوئے ہیں، وہ ہرگز آپ تک پہونچ نہ

بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ

سکیں گے، پس آپ اپنے لوگوں کو لے کر کچھ رات رہے نکل

مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ

جایئے اور تم میں سے کوئی مُڑ کر نہ دیکھے، مگر آپ کی بیوی کہ اُس

مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ ؕ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ

پر وہی کچھ گزرنے والا ہے جو اُن لوگوں پر گزرے گا،

الصُّبْحُ ؕ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ﴿۸۱﴾

اُن کے لیے صبح کا وقت مُقرّر ہے، کیا صبح قریب نہیں ﴿۸۱﴾

فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا

پھر جب ہمارا حکم آ پہونچا تو ہم نے اُس بستی کو اُلٹ

سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً

پلٹ کر دیا اور اُس پر کنکریلے پتھر

مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ۙ﴿۸۲﴾ مُّسَوَّمَةً

برسائے جو تہہ بہ تہہ تھے ﴿۸۲﴾ آپ کے

عِنْدَ رَبِّكَ ؕ وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

رب کے پاس سے نشان لگائے ہوئے، اور وہ بستی اُن ظالموں

ع ۷ النصف ۱۵ ۷ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۳﴾ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ

سے کچھ دور نہیں ﴿۸۳﴾ اور مدین کی طرف اُن کے بھائی

شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

شعیب (علیہ السلام) کو بھیجا، اُس نے کہا کہ اے میری قوم! اللہ کی

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ وَلَا تَنْقُصُوا

عبادت کرو اُس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، اور ناپ تول

الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْۤ اَرٰىكُمْ

میں اور وزن کرنے میں کمی نہ کرو، میں تم کو اچھے حال میں

بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ

دیکھ رہا ہوں اور میں تم پر ایک گھیر لینے والے

عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿۸۴﴾ وَيٰقَوْمِ

دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿۸۴﴾ اور اے میری قوم !

اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ

ناپ تول کو اور وزن کو پورا کرو انصاف کے ساتھ ،

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ

اور لوگوں کو اُن کی چیزیں گھٹا کر نہ دو ،

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۸۵﴾

اور زمین میں فساد مچاتے نہ پھرو ﴿۸۵﴾

بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

جو اللہ کا دیا بچ رہے وہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ

مؤمن ہو، اور میں تمہارے اوپر

بِحَفِيْظٍ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ

نگہبان نہیں ہوں ﴿۸۶﴾ اُنہوں نے کہا کہ اے شعیب! کیا تمہاری نماز تم

تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ

کو یہ سکھاتی ہے کہ ہم اُن چیزوں کو چھوڑ دیں جن کی عبادت ہمارے باپ

اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ

دادا کیا کرتے تھے یا اپنے مال میں اپنی مرضی کے مطابق تصرّف کرنا

اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ﴿۸۷﴾

چھوڑ دیں، بس تم ہی تو ایک عقلمند اور نیک چلن آدمی ہو ﴿۸۷﴾

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى

شعیب (علیہ السلام) نے کہا کہ اے میری قوم! بتاؤ اگر میں اپنے رب کی

بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا

طرف سے ایک واضح دلیل پر ہوں اور اُس نے اپنی جانب سے مجھ

حَسَنًا ؕ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ

کو اچھا رزق بھی دیا، اور میں نہیں چاہتا کہ میں خود وہی کام کروں

اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ؕ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا
جس سے میں تم کو روک رہا ہوں ، میں تو صرف اصلاح
الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ
چاہتا ہوں جہاں تک ہو سکے ، اور مجھے توفیق تو اللہ ہی سے ملے
اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ
گی ، اُسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اُسی کی طرف میں رجوع
اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾ وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ
کرتا ہوں ﴿۸۸﴾ اور اے میری قوم ! ایسا نہ ہو کہ میری ضد
اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ
کر کے تم پر وہ آفت آ پڑے جو قومِ
نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ
نوح یا قومِ ہود یا قومِ صالح پر آئی تھی ،
وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۹﴾
اور لوط کی قوم تو تم سے دور بھی نہیں ﴿۸۹﴾

وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ط

اور اپنے رب سے معافی مانگو پھر اُس کی طرف پلٹ آؤ ،

اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا

بے شک میرا رب مہربان ہے، محبت والا ہے ﴿۹۰﴾ اُنہوں نے کہا

يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا

کہ اے شعیب ! جو تم کہتے ہو اُس کا بہت سا حصّہ ہماری سمجھ

تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ج

میں نہیں آتا اور ہم تو دیکھتے ہیں کہ تم ہم میں کمزور ہو ،

وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ز وَمَآ اَنْتَ

اور اگر تمہاری برادری نہ ہوتی تو ہم تم کو پتھر مار مار کر ہلاک کر دیتے اور

عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿۹۱﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ

تم ہم پر کچھ بھاری نہیں ہو ﴿۹۱﴾ شعیب (علیہ السلام) نے کہا کہ اے میری

اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ط وَاتَّخَذْتُمُوْهُ

قوم! کیا میری برادری تم پر اللہ سے زیادہ بھاری ہے اور اللہ کو تم نے

وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

پیٹھ پیچھے ڈال دیا ہے، بے شک میرے رب کے قابو میں ہے جو

مُحِيْطٌ ﴿۹۲﴾ وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى

کچھ تم کرتے ہو ﴿۹۲﴾ اور اے میری قوم! تم اپنے طریقے پر کام

مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ

کیے جاؤ اور میں اپنے طریقے پر کام کرتا رہوں گا، جلد ہی تم کو

مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ

معلوم ہو جائے گا کہ کس کے اوپر رُسوا کرنے والا عذاب آتا ہے

هُوَ كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ

اور کون جھوٹا ہے، اور انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے

رَقِيْبٌ ﴿۹۳﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا

والوں میں ہوں ﴿۹۳﴾ اور جب ہمارا حکم آیا ہم نے شعیب (علیہ السلام) کو

شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ

اور جو اُس کے ساتھ ایمان لائے تھے اپنی رحمت سے بچا لیا،

مِّنَّا ۚ وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا
اور جن لوگوں نے ظلم کیا تھا اُن کو کڑک نے پکڑ لیا

الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ
پس وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے

جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ
رہ گئے ﴿۹۴﴾ گویا کہ کبھی اُن میں بسے ہی نہ تھے ،

اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ
سُن لو ! پھٹکار ہے مدین کو جیسے پھٹکار ہوئی تھی

ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا ع ۸/۱۲
ثمود کو ﴿۹۵﴾ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیوں

وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۶﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ
اور واضح سند کے ساتھ بھیجا ﴿۹۶﴾ فرعون اور اُس کے

وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ
سرداروں کی طرف ، پھر وہ فرعون کے حکم پر چلے؛

وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾ يَقْدُمُ

حالانکہ فرعون کا کوئی حکم درست نہ تھا ﴿۹۷﴾ قیامت کے

قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ

دن وہ اپنی قوم کے آگے ہوگا اور اُن کو آگ پر پہونچائے گا،

وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾ وَاُتْبِعُوْا

اور کیسا بُرا گھاٹ ہے جس پر وہ پہونچیں گے ﴿۹۸﴾ اور اِس

فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ بِئْسَ

دنیا میں اُن کے پیچھے لعنت لگادی گئی اور قیامت کے دن بھی،

الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ

کیسا بُرا انعام ہے جو اُن کو مِلا ﴿۹۹﴾ یہ بستیوں کے کچھ حالات

الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ

ہیں جو ہم آپ کو سُنا رہے ہیں، اُن میں سے بعض اب تک قائم

وَّحَصِيْدٌ ﴿۱۰۰﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ

ہیں اور بعض مِٹ گئیں ﴿۱۰۰﴾ اور ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا بلکہ

ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ

اُنہوں نے خود اپنے اوپر ظلم کیا ، پھر جب آپ کے

اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

رب کا حکم آ گیا تو اُن کے وہ معبود اُن کے کچھ کام نہ آئے

اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ

جن کو وہ اللہ کے سوا پکارتے تھے ، اور اُنہوں نے

وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿۱۰۱﴾

اُن کے حق میں بربادی کے سوا کچھ نہیں بڑھایا ﴿۱۰۱﴾

وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى

اور آپ کے رب کی پکڑ ایسی ہی ہے جب کہ وہ بستیوں کو

وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ

اُن کے ظلم پر پکڑتا ہے، بے شک اُس کی پکڑ بڑی دردناک اور

شَدِيْدٌ ﴿۱۰۲﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ

سخت ہے ﴿۱۰۲﴾ اِس میں اُن لوگوں کے لیے نشانی ہے

خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ

جو آخرت کے عذاب سے ڈریں ، وہ ایک ایسا دن ہے

مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ

جس میں سب لوگ جمع ہوں گے اور وہ حاضری

مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا نُؤَخِّرُهٗۤ اِلَّا لِاَجَلٍ

کا دن ہوگا ﴿۱۰۳﴾ اور ہم اُس کو ایک مدت تک کے لیے ٹال رہے ہیں جو

مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾ؕ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ

مُقرّر ہے ﴿۱۰۴﴾ جب وہ دن آئے گا تو کوئی جان اُس کی اجازت کے بغیر گفتگو

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿۱۰۵﴾

نہ کر سکے گی، پس اُن میں کچھ بدنصیب ہوں گے اور کچھ خوش نصیب ﴿۱۰۵﴾

فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِى النَّارِ لَهُمْ

پس جو لوگ بدنصیب ہیں وہ آگ میں ہوں گے ،

فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ﴿۱۰۶﴾ۙ خٰلِدِيْنَ

اُن کو وہاں چیخنا ہے اور دہاڑنا ﴿۱۰۶﴾ وہ اُس میں رہیں گے

فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ

جب تک آسمان اور زمین قائم ہیں

اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ

مگر جو آپ کا رب چاہے، بے شک آپ کا رب کر ڈالتا

لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا

ہے جو چاہتا ہے ﴿۱۰۷﴾ اور جو لوگ خوش نصیب ہیں تو

فَفِى الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ

وہ جنّت میں ہوں گے، وہ اُس میں رہیں گے جب تک

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ

آسمان اور زمین قائم ہیں مگر جو آپ کا رب چاہے،

عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾ فَلَا تَكُ

بخشش ہے بے انتہا ﴿۱۰۸﴾ پس آپ اُن چیزوں

فِىْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ

سے شک میں نہ رہیں جن کی یہ لوگ عبادت کر رہے ہیں،

مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ

یہ تو بس اُسی طرح عبادت کر رہے ہیں جس طرح اِن سے پہلے اِن کے

مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ

باپ دادا عبادت کر رہے تھے، اور ہم اُن کا حصّہ پورا پورا دیں گے

غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى ع ۹/۱۴/۹

بغیر کسی کمی کے ﴿۱۰۹﴾ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب دی پھر اُس

الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ

میں پھوٹ پڑ گئی، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے پہلے ہی ایک

سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ

بات نہ آ چکی ہوتی تو اُن کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا، اور یہ لوگ اُس

وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾

کے بارے میں (ابھی تک) سخت قسم کے شک میں پڑے ہوئے ہیں ﴿۱۱۰﴾

وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ

اور یقیناً آپ کا رب ہر ایک کو اُس کے اعمال کا

اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

پورا بدلہ دے گا ، وہ باخبر ہے اُس سے جو وہ کر رہے

خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ

ہیں ﴿۱۱۱﴾ پس آپ جمے رہیے جیسا کہ آپ کو حکم ہوا ہے

وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ

اور وہ بھی جنہوں نے آپ کے ساتھ توبہ کی ہے اور حد سے نہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا

بڑھو، بے شک وہ دیکھ رہا ہے جو تم کرتے ہو ﴿۱۱۲﴾ اور اُن کی طرف

اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ

نہ جھکو جنہوں نے ظلم کیا ورنہ تم کو آگ پکڑ

النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

لے گی اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی

مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

مددگار نہیں ، پھر تم کہیں مدد نہ پاؤ گے ﴿۱۱۳﴾

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا

اور نماز قائم کیجیے دن کے دونوں حصّوں میں اور

مِّنَ الَّيْلِ ط اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ

رات کے کچھ حصّے میں ، بے شک نیکیاں دور کرتی ہیں

السَّيِّاٰتِ ط ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ ج

بُرائیوں کو، یہ ایک نصیحت ہے اُن لوگوں کے لیے جو نصیحت مانیں ﴿۱۱۴﴾

وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

اور صبر کریں، بے شک اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ

ضائع نہیں کرتا ﴿۱۱۵﴾ پس کیوں نہ ایسا ہوا کہ

الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ

تم سے پہلے کی قوموں میں ایسے اہلِ خیر ہوتے

يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ

جو لوگوں کو زمین میں فساد کرنے سے روکتے ،

اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ

ایسے تھوڑے لوگ نکلے جن کو ہم نے اُن میں سے بچا لیا،

وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا

اور ظالم لوگ تو اُسی عیش میں پڑے رہے

فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ

جو اُنہیں مِلا تھا اور وہ مجرم تھے ﴿۱۱۶﴾ اور آپ کا رب ایسا نہیں کہ

رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا

وہ بستیوں کو ناحق تباہ کر دے؛ حالانکہ اُس کے رہنے والے

مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ

اصلاح کرنے والے ہوں ﴿۱۱۷﴾ اور اگر آپ کا رب چاہتا تو

النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ

لوگوں کو ایک ہی اُمّت بنا دیتا مگر وہ ہمیشہ اختلاف

مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ

میں رہیں گے ﴿۱۱۸﴾ سوائے اُن کے جن پر آپ کا رب رحم فرمائے،

وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ

اور اُس نے اِسی لیے اُن کو پیدا کیا ہے، اور آپ کے رب کی

لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

بات پوری ہوئی کہ میں جہنم کو جِنّات اور انسانوں سے اکٹھے

اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ

بھر دوں گا ﴿۱۱۹﴾ اور ہم رسولوں کے احوال سے سب

اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ

چیزیں آپ کو سُنا رہے ہیں جس سے آپ کے دل کو

وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ

مضبوط کریں اور اُس میں تمہارے پاس حق آیا ہے

وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَقُلْ

اور مؤمنوں کے لیے نصیحت اور یاد دہانی ﴿۱۲۰﴾ اور جو لوگ

لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى

ایمان نہیں لائے اُن سے کہہ دیجیے کہ تم اپنے طریقے پر

مَكَانَتِكُمْ ط اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ لا وَانْتَظِرُوْا ج

عمل کرتے رہو اور ہم (اپنے طریقے پر) عمل کر رہے ہیں ﴿۱۲۱﴾ اور انتظار کرو

اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ

ہم بھی منتظر ہیں ﴿۱۲۲﴾ اور آسمانوں اور زمین کی چھپی بات

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ

اللہ کے پاس ہے اور تمام امور اُسی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں،

الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ط

پس آپ اُسی کی عبادت کریں اور اُسی پر بھروسہ رکھیں،

ع ۱۰ ۱۲ ۱۰ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

اور آپ کا رب اُس سے بے خبر نہیں جو تم کر رہے ہو ﴿۱۲۳﴾

(سورۂ یوسف مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر چند آیتیں (۱، ۲، ۳ اور ۷) مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں۔ اس میں (۱۱۱) آیتیں اور (۱۲) رکوع ہیں۔ نازل ہونے کے اعتبار سے (۵۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۲) نمبر پر ہے اور سورۂ ہود کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۲۶۰۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۷۱۶۶) حروف ہیں

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۱﴾ قف

الٓرٰ، یہ واضح کتاب کی آیتیں ہیں ﴿۱﴾

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

ہم نے اِس کو عربی قرآن بنا کر اُتارا ہے ؛ تاکہ

تَعْقِلُوْنَ ﴿۲﴾ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ

تم سمجھو ﴿۲﴾ ہم آپ کو بہترین واقعہ سناتے ہیں

اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

اُس قرآن کی بدولت جو ہم نے آپ کی طرف

هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۚ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ

وحی کیا ، ورنہ اِس سے پہلے بے شک آپ

لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۳﴾ اِذْ قَالَ يُوْسُفُ

بے خبروں میں سے تھے ﴿۳﴾ جب یوسف (علیہ السلام) نے

لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ

اپنے والد سے کہا کہ ابا جان ! میں نے خواب میں گیارہ

كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ

ستارے اور سورج اور چاند دیکھے ہیں، میں نے اُن کو دیکھا کہ

لِیْ سٰجِدِیْنَ ﴿۴﴾ قَالَ یٰبُنَیَّ

وہ مجھ کو سجدہ کر رہے ہیں ﴿۴﴾ اُس کے والد نے کہا کہ اے

لَا تَقْصُصْ رُءْیَاكَ عَلٰٓی اِخْوَتِكَ

میرے بیٹے ! تم اپنا یہ خواب اپنے بھائیوں کو نہ سُنانا

فَیَكِیْدُوْا لَكَ كَیْدًا ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ

کہ وہ تمہارے خلاف کوئی سازش کرنے لگیں، بے شک شیطان

لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ﴿۵﴾ وَكَذٰلِكَ

انسان کا کُھلا ہوا دُشمن ہے ﴿۵﴾ اور اِسی طرح

یَجْتَبِیْكَ رَبُّكَ وَیُعَلِّمُكَ مِنْ

تمہارا رب تم کو منتخب کرے گا اور تم کو باتوں کی

تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ وَیُتِمُّ نِعْمَتَهٗ

حقیقت تک پہونچنا سِکھائے گا اور تم پر اور

عَلَیْكَ وَعَلٰٓی اٰلِ یَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا

آلِ یعقوب پر اپنی نعمت پوری کرے گا جس طرح وہ اِس سے پہلے

عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ

تمہارے باپ دادا ابراہیم اور اسحاق (علیہما السلام) پر اپنی نعمت پوری

وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۶ ع

کر چکا ہے، یقیناً تمہارا رب جاننے والا، حکمت والا ہے ۶

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ

حقیقت یہ ہے کہ یوسف (علیہ السلام) اور اُس کے بھائیوں میں پوچھنے والوں

لِّلسَّآئِلِيْنَ ۷ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ

کے لیے بڑی نشانیاں ہیں ۷ جب اُس کے بھائیوں نے آپس میں کہا

وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ

کہ یوسف اور اُس کا بھائی ہمارے والد کو ہم سے زیادہ محبوب ہیں؛

عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ

حالانکہ ہم ایک پوری جماعت ہیں، یقیناً ہمارے والد ایک کھلی ہوئی

مُّبِيْنِ ۘ ۸ اُقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ

غلطی میں مبتلا ہیں ۸ یوسف کو قتل کر دو یا اُس کو کسی جگہ پھینک دو؛

اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ

تاکہ تمہارے والد کی توجہ صرف تمہاری طرف ہو جائے

وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝۹

اور اُس کے بعد تم بالکل ٹھیک ہو جانا ۹

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ

اُن میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ یوسف کو قتل نہ کرو،

وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ

اگر تم کچھ کرنے ہی والے ہو تو اُس کو کسی اندھے کنویں

بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝۱۰

میں ڈال دو، کوئی راہ چلتا قافلہ اُس کو نکال لے جائے گا ۱۰

قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى

اُنہوں نے والد سے کہا: اے ہمارے ابا جان! کیا بات ہے کہ آپ یوسف کے معاملے

يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۝۱۱ اَرْسِلْهُ

میں ہم پر بھروسہ نہیں کرتے؛ حالانکہ ہم تو اُس کے خیر خواہ ہیں ۱۱ کل اُس کو

* یہاں ادغام کے ساتھ اشمام کرنا واجب ہے۔

مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ

ہمارے ساتھ بھیج دیجیے، خوب کھائے اور کھیلے اور ہم اُس کے

لَحٰفِظُوْنَ ﴿۱۲﴾ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ

نگہبان ہیں ﴿۱۲﴾ والد نے کہا: میں اِس سے غمگین ہوتا ہوں کہ

تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ

تم اُس کو لے جاؤ اور مجھ کو اندیشہ ہے کہ اُس کو کوئی بھیڑیا کھا

وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا لَئِنْ

جائے جب کہ تم اُس سے غافل ہو ﴿۱۳﴾ اُنہوں نے کہا کہ اگر اُس

اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ

کو بھیڑیا کھا گیا جب کہ ہم ایک پوری جماعت ہیں تو ہم

اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ

بڑے خسارے والے ثابت ہوں گے ﴿۱۴﴾ پھر جب وہ اُس کو

وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ

لے گئے اور یہ طے کر لیا کہ اُس کو ایک اندھے کنویں میں

الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ

ڈال دیں ، اور ہم نے یوسف (علیہ السلام) کو وحی کی کہ تم اُن کو

بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵﴾

اُن کا یہ کام جتاؤ گے اور وہ (تم کو) نہ جانیں گے ﴿۱۵﴾

وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ﴿۱۶﴾

اور وہ شام کو اپنے والد کے پاس روتے ہوئے آئے ﴿۱۶﴾

قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ

اُنہوں نے کہا: اے ہمارے ابا! ہم دوڑ کا مقابلہ کرنے لگے

وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ

اور یوسف کو ہم نے اپنے سامان کے پاس چھوڑ دیا پھر اُس کو

الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ

بھیڑیا کھا گیا ، اور آپ ہماری بات کا یقین نہ کریں گے

كُنَّا صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ

چاہے ہم سچّے ہوں ﴿۱۷﴾ اور وہ یوسف کی قمیص پر

الثلثة

بِدَمٍ كَذِبٍ ؕ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ

جھوٹا خون لگا کر لے آئے، والد نے کہا: نہیں؛ بلکہ تمہارے

اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ

نفس نے تمہارے لیے ایک بات بنادی ہے، اب صبر ہی بہتر ہے،

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

اور جو بات تم ظاہر کر رہے ہو اُس پر اللہ ہی سے مدد مانگتا ہوں ﴿۱۸﴾

وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ

اور ایک قافلہ آیا تو اُنہوں نے اپنا پانی بھرنے والا بھیجا، اُس

فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ؕ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا

نے اپنا ڈول لٹکایا، اُس نے کہا: خوش خبری ہو! یہ تو ایک

غُلٰمٌ ؕ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ؕ وَاللّٰهُ

لڑکا ہے اور اُس کو تجارت کا مال سمجھ کر محفوظ کر لیا، اور اللہ

عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَرَوْهُ

خوب جانتا تھا جو وہ کر رہے تھے ﴿۱۹﴾ اور اُنہوں نے اُس کو

بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ
تھوڑی سی قیمت چند درہم کے بدلے بیچ دیا،

وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ ع ۲ ۱۴ ۱۲
اور وہ اُس سے بے رغبت تھے ﴿۲۰﴾

وَقَالَ الَّذِى اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ
اور اہلِ مصر میں سے جس شخص نے اُس کو خریدا اُس نے

لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِىْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى
اپنی بیوی سے کہا کہ اِس کو اچھی طرح رکھو، اُمید ہے کہ

اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ؕ
وہ ہمارے لیے مفید ہو یا ہم اُس کو بیٹا بنا لیں ،

وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِى الْاَرْضِ ۖ
اور اِس طرح ہم نے یوسف (علیہ السلام) کو اُس ملک میں جگہ دی

وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ؕ
اور تاکہ ہم اُس کو باتوں کی تاویل سِکھائیں ،

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

اور اللہ اپنے کام پر غالب رہتا ہے لیکن اکثر

النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا بَلَغَ

لوگ نہیں جانتے ﴿۲۱﴾ اور جب وہ اپنی بھرپور

اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ

جوانی کو پہونچا تو ہم نے اُس کو حکم اور علم عطا کیا، اور نیکی

نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَرَاوَدَتْهُ

کرنے والوں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں ﴿۲۲﴾ اور یوسف (علیہ السلام)

الَّتِىْ هُوَ فِىْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ

جس عورت کے گھر میں تھے وہ اُس کو پھُسلانے لگی

وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ

اور ایک روز دروازے بند کردیے اور بولی کہ آجا،

قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّىْٓ اَحْسَنَ

یوسف نے کہا: اللہ کی پناہ! وہ میرا آقا ہے اُس نے مجھے اچھی طرح

مَثْوَایَ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾

رکھا ہے ، بے شک ظالم لوگ کبھی کامیابی نہیں پاتے ﴿۲۳﴾

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَاۤ اَنْ

اور عورت نے اُس کا ارادہ کرلیا اور وہ بھی اُس کا ارادہ کرتا اگر وہ

رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ

اپنے رب کی دلیل نہ دیکھ لیتا، ایسا ہوا تا کہ ہم اُس سے بُرائی اور

السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا

بے حیائی کو دور کردیں ، بے شک وہ ہمارے چُنے ہوئے

الْمُخْلَصِیْنَ ﴿۲۴﴾ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ

بندوں میں سے تھا ﴿۲۴﴾ اور دونوں دروازے کی طرف بھاگے اور

قَمِیْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَیَا سَیِّدَهَا لَدَا

عورت نے یوسف کا کُرتہ پیچھے سے پھاڑ دیا، اور دونوں نے اُس

الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ

کے شوہر کو دروازے پر پایا، عورت بولی کہ جو تیری گھر والی کے ساتھ

بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ

بُرائی کا ارادہ کرے اُس کی سزا اِس کے سوا کیا ہے کہ اُسے قید کیا جائے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ

یا اُسے سخت عذاب دیا جائے ﴿۲۵﴾ یوسف (علیہ السلام) نے کہا کہ اِسی نے

عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ

مجھے پھُسلانے کی کوشش کی، اور عورت کے کنبہ والوں میں سے ایک

اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ

گواہی دینے والے نے گواہی دی کہ اگر اُس کا کُرتہ آگے سے پھٹا ہوا

وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۲۶﴾ وَاِنْ كَانَ

ہو تو عورت سچی ہے اور وہ جھوٹا ہے ﴿۲۶﴾ اور اگر

قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ

اُس کا کُرتہ پیچھے سے پھٹا ہو تو عورت جھوٹی ہے

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ

اور وہ سچا ہے ﴿۲۷﴾ پھر جب عزیز نے دیکھا کہ اُس کا کُرتہ پیچھے سے

مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ؕ اِنَّ

پھٹا ہے تو اُس نے کہا کہ بے شک یہ تم عورتوں کی چال ہے، اور

كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ يُوْسُفُ اَعْرِضْ

تمہاری چالیں بہت بڑی ہوتی ہیں ﴿۲۸﴾ یوسف ! اِس سے

عَنْ هٰذَا ۫ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۚ

درگذر کرو، اور اے عورت ! تو اپنی غلطی کی معافی مانگ،

ع ۳ ۹ ۱۳ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿۲۹﴾ وَقَالَ

بے شک تو ہی خطا کار تھی ﴿۲۹﴾ اور شہر کی

نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ

عورتوں میں چرچا ہونے لگا کہ عزیز کی بیوی اپنے (جوان) غلام کو اپنا مطلب

تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا

نکالنے کے لیے بہلانے پھُسلانے میں لگی رہتی ہے، اُس کے دِل میں یوسف

حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾

کی محبت بیٹھ گئی ہے، ہمارے خیال میں تو وہ کُھلی گمراہی میں ہے ﴿۳۰﴾

فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ

پھر جب اُس نے اُن کا فریب سُنا تو اُس نے اُن کو بُلا بھیجا

وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ

اور اُن کے لیے ایک مجلس تیار کی اور اُن میں سے ہر ایک کو ایک

وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ

ایک چھُری دی اور یوسف سے کہا کہ تم اِن کے سامنے آؤ،

عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ

پھر جب عورتوں نے اُس کو دیکھا تو وہ دنگ رہ گئیں اور اُنہوں

اَيْدِيَهُنَّ ز وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا

نے اپنے ہاتھ کاٹ ڈالے اور اُنہوں نے کہا: حاشا للہ!

بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾

(اللہ کی پناہ) یہ آدمی نہیں یہ تو کوئی بزرگ فرشتہ ہے ﴿۳۱﴾

قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ؕ

اُس وقت عزیزِ مصر کی بیوی نے کہا: یہی ہے وہ جس کے بارے میں تم مجھے طعنے دے رہی تھیں،

وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ

میں نے ہر چند اُس سے اپنا مطلب حاصل کرنا چاہا لیکن یہ بال بال بچا رہا،

وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ

اور جو کچھ میں اُس سے کہہ رہی ہوں اگر یہ نہ کرے گا تو یقیناً قید کر دیا جائے

وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ

گا اور بے شک یہ بہت ہی بے عزت ہوگا ﴿۳۲﴾ یوسف (علیہ السلام) نے کہا: اے

السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ

میرے رب! قید خانہ مجھ کو اُس چیز سے زیادہ پسند ہے جس کی طرف یہ

اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ

مجھے بُلا رہی ہیں، اور اگر آپ نے اُن کے فریب کو مجھ سے دور نہ کیا تو میں

اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۳﴾

اُن کی طرف مائل ہو جاؤں گا اور نادانوں میں سے ہو جاؤں گا ﴿۳۳﴾

فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ

پس اُس کے رب نے اُس کی دعا قبول کر لی اور اُن کے فریب کو اُس سے

كَيْدَهُنَّ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۴﴾

دور کر دیا، بے شک وہ سُننے والا ، جاننے والا ہے ﴿۳۴﴾

ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ

پھر نشانیاں دیکھ لینے کے بعد اُن لوگوں کی سمجھ میں آیا

ع ۴ ۶ ۱۴ لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۳۵﴾ ع وَدَخَلَ مَعَهُ

کہ ایک مُدت کے لیے اُس کو قید کر دیں ﴿۳۵﴾ اور قید خانے میں اُس کے ساتھ

السِّجْنَ فَتَيٰنِ ؕ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّيْٓ

دو اور نوجوان داخل ہوئے ، اُن میں سے ایک نے (ایک روز) کہا کہ میں

اَرٰىنِيْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّيْٓ

خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں شراب نچوڑ رہا ہوں، اور دوسرے نے کہا کہ

اَرٰىنِيْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِيْ خُبْزًا تَاْكُلُ

میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ اپنے سر پر روٹی اُٹھائے ہوئے ہوں جس

الطَّيْرُ مِنْهُ ؕ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ

میں سے چڑیاں کھا رہی ہیں، ہم کو اِس کی تعبیر بتاؤ، ہم دیکھتے ہیں کہ تم

مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا

نیک لوگوں میں سے ہو ﴿۳۶﴾ یوسف (علیہ السلام) نے کہا : جو

طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ

کھانا تم کو ملتا ہے اُس کے آنے سے پہلے میں تمہیں اِن خوابوں

قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ؕ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ

کی تعبیر بتا دوں گا، یہ اُس علم میں سے ہے جو میرے

رَبِّيْ ؕ اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ

رب نے مجھے سکھایا ہے، میں نے اُن لوگوں کے مذہب کو چھوڑا

بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾

جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور وہ لوگ آخرت کے مُنکر ہیں ﴿۳۷﴾

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ

اور میں نے اپنے بزرگوں ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب (علیہم السلام)

وَيَعْقُوْبَ ؕ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ

کے مذہب کی پیروی کی، ہم کو یہ حق نہیں کہ ہم کسی چیز کو اللہ کا شریک

بِاللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ

ٹھہرائیں ، یہ اللہ کا فضل ہے

اللّٰهِ عَلَیْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

ہمارے اوپر اور سب لوگوں کے اوپر مگر

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۳۸﴾

اکثر لوگ شکر نہیں کرتے ﴿۳۸﴾

یٰصَاحِبَیِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ

اے میرے جیل کے ساتھیو ! کیا جُدا جُدا

خَیْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۳۹﴾ ؕ

کئی معبود بہتر ہیں یا اکیلا زبردست اللہ ؟ ﴿۳۹﴾

مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اَسْمَآءً

تم اُس کے سِوا نہیں پوجتے مگر کچھ ناموں کو

سَمَّیْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّاۤ

جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیے ہیں ،

اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ

اللہ نے اُس کی کوئی سند نہیں اُتاری ،

الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا

اقتدار صرف اللہ ہی کے لیے ہے، اُس نے حکم دیا ہے کہ

اِلَّآ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ

اُس کے سِوا کسی کی عبادت نہ کرو ، یہی سیدھا دین ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۰﴾

مگر بہت سے لوگ نہیں جانتے ﴿۴۰﴾

يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا

اے میرے قید خانے کے ساتھیو ! تم میں سے ایک

فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَاَمَّا الْاٰخَرُ

اپنے آقا کو شراب پلائے گا، اور جو دوسرا ہے اُس کو

فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ؕ

سولی دی جائے گی پھر پرندے اُس کے سر میں سے کھائیں گے،

قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ﴿۴۱﴾

اُس معاملے کا فیصلہ ہو گیا جس کے بارے میں تم پوچھ رہے تھے ﴿۴۱﴾

وَقَالَ لِلَّذِيْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا

اور یوسف نے اُس شخص سے کہا جس کے بارے میں اُس کا

اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۚ فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ

گمان تھا کہ وہ بچ جائے گا کہ اپنے آقا کے پاس میرا ذکر کرنا،

ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ

پھر شیطان نے اُس کو اپنے آقا سے ذکر کرنا بھلا دیا، پس وہ قید خانے

سِنِيْنَ ﴿۴۲﴾ ع وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّيْٓ اَرٰى ع ۵ ۷ ۱۵

میں کئی سال ٹھہرا رہا ﴿۴۲﴾ اور بادشاہ نے کہا کہ میں خواب میں

سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ

دیکھتا ہوں کہ سات موٹی گائیں ہیں جن کو سات دُبلی گائیں

عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ

کھا رہی ہیں، اور سات ہری بالیاں ہیں اور دوسری سات

یٰبِسٰتٍ ؕ یٰۤاَیُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِیْ فِیْ

سوکھی ، اے دربار والو ! میرے خواب کی تعبیر

رُءْیَایَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْیَا تَعْبُرُوْنَ ﴿۴۳﴾

مجھے بتاؤ اگر تم خواب کے تعبیر دیتے ہو ﴿۴۳﴾

قَالُوْۤا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ

وہ بولے : یہ خیالی خواب ہیں ، اور ہم کو ایسے

بِتَاْوِیْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِیْنَ ﴿۴۴﴾ وَقَالَ

خوابوں کی تعبیر معلوم نہیں ﴿۴۴﴾ اُن دو قیدیوں میں سے جو شخص

الَّذِیْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ

بچ گیا تھا اور اُس کو ایک مدت کے بعد یاد آیا، اُس نے کہا کہ میں تم لوگوں کو

اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِیْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾

اِس کی تعبیر بتاؤں گا پس مجھ کو (یوسف کے پاس) جانے دو ﴿۴۵﴾

یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ اَفْتِنَا فِیْ سَبْعِ

اے سچّے یوسف ! مجھے اِس خواب کا مطلب بتایئے کہ سات

بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ

موٹی گائیں ہیں جن کو سات دُبلی گائیں کھا رہی ہیں ،

وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ؕ

اور سات بالیاں ہری ہیں اور دوسری سات سوکھی ؛

لَّعَلِّيْٓ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ

تاکہ میں اُن لوگوں کے پاس جاؤں تاکہ وہ

يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ

جان لیں ﴿۴۶﴾ یوسف (علیہ السلام) نے کہا کہ تم سات سال تک

دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖٓ

برابر کھیتی کرو گے، پس جو فصل تم کاٹو اُس کو اُس کی بالیوں

اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ

میں رہنے دو مگر تھوڑا سا جو تم کھاؤ ﴿۴۷﴾ پھر اُس کے

مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ

بعد سات سخت سال آئیں گے، اُس زمانے میں وہ غلّہ

مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا

کھالیا جائے گا جو تم اُس وقت کے لیے جمع کرو گے، سوائے

تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ

تھوڑا سا جو تم محفوظ کرلو گے ﴿۴۸﴾ پھر اُس کے بعد ایک سال آئے

ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ

گا جس میں لوگوں پر بارش برسے گی اور وہ اُس میں رس

يَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ ع وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ ع ۶ ۷ ۱۲

نچوڑیں گے ﴿۴۹﴾ اور بادشاہ نے کہا کہ اُس کو میرے پاس لاؤ،

بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ

پھر جب قاصد اُس کے پاس آیا تو اُس نے کہا کہ تم اپنے آقا کے پاس

اِلٰى رَبِّكَ فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ

واپس جاؤ اور اُس سے پوچھو کہ اُن عورتوں کا معاملہ کیا ہے جنہوں نے

قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ

اپنے ہاتھ کاٹ لیے تھے، میرا رب تو اُن عورتوں کے فریب سے

عَلِيْمٌ ﴿۵۰﴾ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ

خوب واقف ہے ﴿۵۰﴾ بادشاہ نے پوچھا: تمہارا کیا ماجرا ہے جب تم

يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ

نے یوسف کو پھسلانے کی کوشش کی تھی، اُنہوں نے کہا: حاشا للہ!

مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ قَالَتِ امْرَاَتُ

(اللہ کی پناہ) ہم نے اُس میں کچھ بُرائی نہیں پائی ،

الْعَزِيْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ۫ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ

عزیز کی بیوی نے کہا کہ اب حق کُھل گیا، میں نے ہی اُس کو

عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۵۱﴾

پھسلانے کی کوشش کی تھی اور وہ یقیناً سچّا ہے ﴿۵۱﴾

ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ

یہ اِس لیے کہ (عزیزِ مصر) جان لے کہ میں نے اُس کے پیٹھ پیچھے اُس کی خیانت

وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۲﴾

نہیں کی، اور بے شک اللہ خیانت کرنے والوں کی چال کو چلنے نہیں دیتا ﴿۵۲﴾

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ

اور میں اپنے نفس کی براءت نہیں کرتا ، نفس تو

لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ؕ

بُرائی ہی سِکھاتا ہے مگر یہ کہ میرا رب رحم فرمائے ،

اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۵۳﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ

بے شک میرا رب بخشنے والا، مہربان ہے ﴿۵۳﴾ اور بادشاہ نے کہا کہ اُس کو

ائْتُوْنِیْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِیْ ۚ فَلَمَّا

میرے پاس لاؤ میں اُس کو خاص اپنے لیے رکھوں گا، پھر جب یوسف (علیہ السلام)

كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْیَوْمَ لَدَیْنَا مَكِیْنٌ

نے اُس سے بات کی تو بادشاہ نے کہا: آج سے ہمارے پاس تمہارا بڑا مرتبہ ہوگا

اَمِیْنٌ ﴿۵۴﴾ قَالَ اجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآىٕنِ

اور تم پر پورا بھروسہ کیا جائے گا ﴿۵۴﴾ یوسف (علیہ السلام) نے کہا کہ مجھ کو ملک کے

الْاَرْضِ ۚ اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ﴿۵۵﴾ وَكَذٰلِكَ

خزانوں پر مُقرّر کر دو، میں نگہبان ہوں اور جاننے والا ہوں ﴿۵۵﴾ اور اِس طرح

مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا

ہم نے یوسف (علیہ السلام) کو ملک میں با اختیار بنا دیا، وہ اُس

حَيْثُ يَشَآءُ ؕ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ

میں جہاں چاہے جگہ بنائے، ہم جس پر چاہیں اپنی عنایت متوجہ

نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾

کر دیں اور ہم نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے ﴿۵۶﴾

وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور آخرت کا اجر کہیں زیادہ بڑھ کر ہے ایمان اور

وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۷﴾ ع وَجَآءَ اِخْوَةُ ع ۸

تقوے والوں کے لیے ﴿۵۷﴾ اور یوسف (علیہ السلام) کے بھائی (مصر)

يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ

آئے پھر اُس کے پاس پہونچے، پس یوسف (علیہ السلام) نے اُن کو پہچان

وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ

لیا اور اُنہوں نے یوسف کو نہیں پہچانا ﴿۵۸﴾ اور جب اُس نے اُن کا سامان

بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ

تیار کردیا تو کہا کہ اپنے سوتیلے بھائی کو بھی میرے پاس

مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي

لے آنا، تم دیکھتے نہیں ہو کہ میں غلّہ بھی پورا ناپ کر دیتا

الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۵۹﴾ فَاِنْ

ہوں اور میں بہترین میزبانی کرنے والا بھی ہوں ﴿۵۹﴾ اور اگر تم اُس کو

لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ

میرے پاس نہ لائے تو نہ میرے پاس تمہارے لیے غلّہ ہے اور نہ تم

وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ

میرے پاس آنا ﴿۶۰﴾ اُنہوں نے کہا کہ ہم اُس کے بارے میں اُس کے

اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ

والد کو راضی کرنے کی کوشش کریں گے، اور ہم کو یہ کام کرنا ہے ﴿۶۱﴾ اور اُس

اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ

نے اپنے نوکروں سے کہا کہ اُن کا مال اُن کی بوریوں میں رکھ دو؛

لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى

تاکہ جب وہ اپنے گھر کو پہونچیں تو اُس کو

اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۲﴾ فَلَمَّا

پہچان لیں ، شاید وہ پھر واپس آئیں ﴿۶۲﴾ پھر جب وہ اپنے

رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ

والد کے پاس لوٹے تو اُنہوں نے کہا کہ اے ہمارے ابا جان! ہم سے

مِنَّا الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا

غلّہ روک دیا گیا پس ہمارے بھائی (بنیامین) کو ہمارے ساتھ جانے

نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۶۳﴾ قَالَ

دیجیے کہ ہم غلّہ لائیں اور ہم اُس کے نگہبان ہیں ﴿۶۳﴾ یعقوب (علیہ السلام) نے

هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ

کہا: کیا میں اُس کے بارے میں تمہارا ویسا ہی اعتبار کروں جیسا اِس سے

عَلٰٓى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَيْرٌ

پہلے اُس کے بھائی کے بارے میں تمہارا اعتبار کر چکا ہوں، پس اللہ بہتر

حٰفِظًا ص وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَمَّا

نگہبان ہے اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے ﴿۶۴﴾ اور جب

فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ

اُنہوں نے اپنا سامان کھولا تو دیکھا کہ اُن کی پونجی بھی اُن کو لوٹا دی

رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ط قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ط

گئی ہے، اُنہوں نے کہا: اے ہمارے ابا جان! ہم کو اور کیا چاہیے،

هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ج وَنَمِيْرُ

یہ ہماری پونجی بھی ہم کو لوٹا دی گئی ہے، اب ہم جائیں گے اور اپنے اہل وعیال

اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ط

کے لیے اور غلّہ لائیں گے اور اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے اور ایک اونٹ

ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿۶۵﴾ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ

کا بوجھ غلّہ اور زیادہ لائیں گے، یہ غلّہ تو تھوڑا ہے ﴿۶۵﴾ یعقوب (علیہ السلام) نے کہا:

مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ

میں اُس کو تمہارے ساتھ ہرگز نہ بھیجوں گا جب تک تم مجھ سے اللہ کے نام پر

اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِیْ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ یُّحَاطَ بِكُمْ ۚ
یہ عہد نہ کرو کہ تم اُس کو ضرور میرے پاس لے آؤ گے سوائے اِس کے کہ تم

فَلَمَّآ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰی
سب گھر جاؤ، پھر جب اُنہوں نے اُس کو اپنا پکّا قول دے دیا تو اُس نے کہا

مَا نَقُوْلُ وَكِیْلٌ ﴿۶۶﴾ وَقَالَ یٰبَنِیَّ
کہ جو کچھ ہم کہہ رہے ہیں اُس پر اللہ نگہبان ہے ﴿۶۶﴾ اور یعقوب (علیہ السلام)

لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا
نے کہا کہ اے میرے بیٹو! تم سب ایک ہی دروازے سے

مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَآ اُغْنِیْ
داخل نہ ہونا بلکہ الگ الگ دروازوں سے داخل ہونا، اور

عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ
میں تم کو اللہ کی کسی بات سے بچا نہیں سکتا، حکم

اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَیْهِ
تو بس اللہ ہی کا ہے، میں اُسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا

بھروسہ کرنے والوں کو اُسی پر بھروسہ کرنا چاہیے ﴿۶۷﴾ اور جب

مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ

وہ داخل ہوئے جہاں سے اُن کے والد نے اُن کو ہدایت کی تھی،

يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا

وہ اُن کو بچا نہیں سکتا تھا اللہ کی کسی بات سے، وہ بس

حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ

یعقوب (علیہ السلام) کے دل میں ایک خیال تھا جو اُس نے پورا کیا،

وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ

بے شک وہ ہماری دی ہوئی تعلیم کی وجہ سے صاحبِ علم تھا

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾ ع وَلَمَّا ع ۱۱ ۲

مگر اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿۶۸﴾ اور جب وہ یوسف (علیہ السلام)

دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ اَخَاهُ

کے پاس پہونچے تو اُس نے اپنے بھائی کو اپنے پاس رکھا،

قَالَ اِنِّیْٓ اَنَا۠ اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ

کہا کہ میں تمہارا بھائی (یوسف) ہوں پس غمگین نہ ہو

بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ

اُس سے جو وہ کر رہے ہیں ﴿۶۹﴾ پھر جب اُن کا سامان تیار کروا دیا

بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَایَةَ فِیْ رَحْلِ

تو پینے کا پیالہ اپنے بھائی کے سامان میں رکھ دیا ،

اَخِیْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَیَّتُهَا الْعِیْرُ

پھر ایک پکارنے والے نے پکارا کہ اے قافلے والو !

اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿۷۰﴾ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا

تم لوگ چور ہو ﴿۷۰﴾ اُنہوں نے اُن کی طرف متوجّہ ہو کر کہا :

عَلَیْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ قَالُوْا

تمہاری کیا چیز کھوئی گئی ہے ﴿۷۱﴾ اُنہوں نے کہا :

نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ

ہم بادشاہ کا پیالہ نہیں پا رہے ہیں ، اور جو اُس کو لائے گا

حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْا

اُس کے لیے ایک اونٹ بھر غلّہ ہے اور میں اِس کا ذمّہ دار ہوں ﴿۷۲﴾ اُنہوں

تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ

نے کہا : اللہ کی قسم ! تم کو معلوم ہے کہ ہم لوگ اِس ملک میں

فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوْا

فساد کرنے کے لیے نہیں آئے اور نہ ہم کبھی چور تھے ﴿۷۳﴾ اُنہوں نے کہا:

فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالُوْا

اگر تم جھوٹے نکلے تو اُس چوری کرنے والے کی سزا کیا ہے؟ ﴿۷۴﴾ اُنہوں

جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ

نے کہا: اُس کی سزا یہ ہے کہ جس شخص کے سامان میں ملے پس وہی شخص

جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۵﴾

اپنی سزا ہے، ہم لوگ ظالموں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں ﴿۷۵﴾

فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ

پھر اُس نے تلاشی لینا شروع کیا اُن کے سامان کی اُس کے (چھوٹے) بھائی

ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ
کے سامان سے پہلے پھر اُس کے بھائی کے تھیلے سے اُس

كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ
(پیالے) کو نکالا، اِس طرح ہم نے یوسف (علیہ السلام) کے لیے

لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ
تدبیر کی، وہ بادشاہ کے قانون کی رو سے اپنے بھائی کو نہیں لے

اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ
سکتا تھا مگر یہ کہ اللہ چاہے، ہم جس کے درجات چاہتے ہیں بلند

نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾
کر دیتے ہیں اور ہر علم والے سے بڑھ کر ایک علم والا ہے ﴿۷۶﴾

قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ
اُنہوں نے کہا: اگر یہ چوری کرے تو اِس سے پہلے اِس کا ایک بھائی بھی

مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ
چوری کر چکا ہے، پس یوسف (علیہ السلام) نے اِس بات کو اپنے دل میں رکھا

وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ

اور اُس کو اُن پر ظاہر نہیں کیا، اُس نے اپنے دل میں کہا کہ تم خود ہی

مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾

بُرے لوگ ہو اور جو کچھ تم بیان کر رہے ہو اللہ اُس کو خوب جانتا ہے ﴿۷۷﴾

قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا

اُنہوں نے کہا کہ اے عزیز! اِس کا ایک بہت بوڑھا باپ ہے تو

كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ

آپ اِس کی جگہ ہم میں سے کسی اور کو رکھ لیں، ہم آپ کو

مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ

بہت نیک دیکھتے ہیں ﴿۷۸﴾ اُس نے کہا: اللہ کی پناہ کہ ہم

اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا

کسی کو پکڑیں سوائے اُس کے جس کے پاس ہم نے اپنی چیز

عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ ع فَلَمَّا ع ۹ ۱۱ ۶

پائی ہے، اِس صورت میں ہم ضرور ظالم ٹھہریں گے ﴿۷۹﴾ جب

اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ قَالَ

وہ اُس سے نا اُمید ہو گئے تو الگ ہو کر آپس میں مشورہ کرنے لگے، اُن کے

كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ

بڑے نے کہا: کیا تم کو معلوم نہیں کہ تمہارے والد نے تم سے

عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا

اللہ کے نام پر پکّا اقرار لیا اور اِس سے پہلے یوسف کے معاملے میں جو زیادتی

فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ

تم کر چکے ہو وہ بھی تم کو معلوم ہے، پس میں اِس زمین سے ہرگز نہیں ٹلوں گا جب

حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْٓ اَبِيْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ

تک کہ میرے والد مجھے اجازت نہ دیں یا اللہ میرے لیے کوئی فیصلہ نہ فرما دے،

وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى

اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے ﴿۸۰﴾ تم لوگ اپنے

اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ

والد کے پاس جاؤ اور کہو کہ اے ہمارے ابا جان! آپ کے بیٹے نے

سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا

چوری کی اور ہم وہی بات کہہ رہے ہیں جو ہم کو معلوم ہوئی،

وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَسْـَٔلِ

ہم کچھ غیب کی حفاظت کرنے والے نہ تھے ﴿۸۱﴾ اور آپ اُس

الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ

بستی کے لوگوں سے پوچھ لیجیے جہاں ہم تھے اور اُس قافلے سے بھی

اَقْبَلْنَا فِيْهَا ؕ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۸۲﴾

پوچھ لیجیے جس کے ساتھ ہم آئے ہیں، اور ہم بالکل سچّے ہیں ﴿۸۲﴾

قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ

والد نے کہا: بلکہ تم نے اپنے دل میں ایک بات بنالی ہے،

فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ

پس میں صبر کروں گا، امید ہے کہ اللہ اُن سب کو

بِهِمْ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ

میرے پاس لائے گا، بے شک وہی جاننے والا،

الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ

حکمت والا ہے ﴿۸۳﴾ اور اُس نے اُن سے رُخ پھیر لیا اور کہا:

يٰٓاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ

ہائے یوسف ! اور غم سے اُس کی آنکھیں سفید

مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾ قَالُوْا

پڑگئیں اور وہ غم کو دبائے ہوئے تھا ﴿۸۴﴾ اُنہوں نے کہا :

تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ

اللہ کی قسم ! آپ تو یوسف ہی کی یاد میں رہو گے یہاں تک کہ

حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾ قَالَ

گھُل جاؤ گے یا ہلاک ہوجاؤ گے ﴿۸۵﴾ اُس نے کہا :

اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ

میں اپنی پریشانی اور اپنے غم کا شکوہ صرف اللہ سے کرتا ہوں اور میں اللہ کی

مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا

طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے ﴿۸۶﴾ اے میرے بیٹو! جاؤ

فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ

اور یوسف اور اُس کے بھائی کی تلاش کرو

وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ

اور اللہ کی رحمت سے نااُمید نہ ہو ، بے شک

لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ

اللہ کی رحمت سے صرف مُنکِر ہی نااُمید

الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ

ہوتے ہیں ﴿۸۷﴾ پھر جب وہ یوسف کے پاس پہونچے تو اُنہوں

قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا

نے کہا: اے عزیز! ہم کو اور ہمارے گھر والوں کو بڑی تکلیف

الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ

پہونچ رہی ہے اور ہم تھوڑی پونجی لے کر آئے ہیں تو آپ ہم کو

فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ

پورا غلّہ دے دیجیے اور ہم کو صدقہ بھی دے دیجیے ،

اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِى الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿۸۸﴾

بے شک اللہ صدقہ کرنے والوں کو اُس کا بدلہ دیتا ہے ﴿۸۸﴾

قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ

اُس نے کہا: کیا تم کو خبر ہے کہ تم نے یوسف اور اُس کے بھائی

وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿۸۹﴾ قَالُوْٓا

کے ساتھ کیا کیا جب کہ تم کو سمجھ نہ تھی؟ ﴿۸۹﴾ اُنہوں نے کہا:

ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ؕ قَالَ اَنَا

کیا سچ مچ تم ہی یوسف ہو؟ اُس نے کہا: ہاں میں

يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِىْ ز قَدْ مَنَّ اللّٰهُ

یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے، اللہ نے ہم پر

عَلَيْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ

فضل فرمایا، جو شخص ڈرتا ہے اور صبر کرتا ہے تو

اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۰﴾

اللہ نیک کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا ﴿۹۰﴾

قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا

بھائیوں نے کہا: اللہ کی قسم! اللہ نے آپ کو ہمارے اوپر فضیلت

وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۱﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ

دی اور بے شک ہم غلطی پر تھے ﴿۹۱﴾ یوسف (علیہ السلام) نے کہا:

عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ؕ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۫ وَهُوَ

آج تم پر کوئی الزام نہیں، اللہ تم کو معاف کرے اور وہ سب

اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ

مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے ﴿۹۲﴾ تم میرا یہ کُرتہ لے جاؤ اور

هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ

اِس کو میرے والد کے چہرے پر ڈال دو اُن کی آنکھوں کی روشنی

بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۳﴾ ع ۱۰ ۱۴ ۴

لوٹ آئے گی، اور تم اپنے گھر والوں کے ساتھ میرے پاس آجاؤ ﴿۹۳﴾

وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ

اور جب قافلہ (مصر سے) چلا تو اُن کے والد نے (کنعان میں) کہا

اِنِّیْ لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ لَوْ لَآ اَنْ

کہ اگر تم مجھ کو بُڑھاپے میں بہکی باتیں کرنے والا نہ سمجھو تو میں یوسف

تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِیْ

کی خوشبو محسوس کر رہا ہوں ﴿۹۴﴾ لوگوں نے کہا: اللہ کی قسم! تم تو ابھی تک

ضَلٰلِكَ الْقَدِیْمِ ﴿۹۵﴾ فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ

اپنے پرانے غلط خیال میں مبتلا ہو ﴿۹۵﴾ پس جب خوش خبری دینے

الْبَشِیْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ

والا آیا تو اُس نے کُرتہ یعقوب کے چہرے پر ڈال دیا پس اُس کی

بَصِیْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّیْٓ

آنکھوں کی روشنی واپس آ گئی، اُس نے کہا: کیا میں نے تم سے نہیں کہا

اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾

تھا کہ میں اللہ کی جانب سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے ﴿۹۶﴾

قَالُوْا یٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا

یوسف کے بھائیوں نے کہا: اے ہمارے ابا جان! ہمارے گناہوں کی معافی کی دعا کیجیے،

كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ

بے شک ہم خطاوار تھے ﴿۹۷﴾ یعقوب (علیہ السلام) نے کہا: میں اپنے رب سے تمہارے

لَكُمْ رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۹۸﴾

لیے مغفرت کی دعا کروں گا، بے شک وہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے ﴿۹۸﴾

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ

پس جب وہ سب یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہونچے تو اُس نے

اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ

اپنے والدین کو اپنے پاس بٹھایا اور کہا کہ مصر میں ان شاء اللہ (اگر اللہ

اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾ ؕ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى

نے چاہا تو) امن چین سے رہو ﴿۹۹﴾ اور اُس نے اپنے والدین کو تخت پر

الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ

بٹھایا اور سب اُس کے لیے سجدے میں جُھک گئے، اور یوسف (علیہ السلام) نے

يٰۤاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۫

کہا: اے ابا جان! یہ ہے میرے خواب کی تعبیر جو میں نے پہلے دیکھا تھا،

قَدْ جَعَلَهَا رَبِّیْ حَقًّا ؕ وَقَدْ اَحْسَنَ بِیْۤ

میرے رب نے اُس کو سچا کر دیا اور اُس نے میرے ساتھ

اِذْ اَخْرَجَنِیْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ

احسان کیا کہ اُس نے مجھے قید سے نکالا اور تم سب کو

مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ

دیہات سے یہاں لایا بعد اِس کے کہ شیطان نے میرے

الشَّیْطٰنُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اِخْوَتِیْ ؕ اِنَّ

اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد ڈال دیا تھا، بے شک

رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

میرا رب جو کچھ چاہتا ہے اُس کی عمدہ تدبیر کر لیتا ہے، یقیناً وہی

الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۰۰﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ

جاننے والا، حکمت والا ہے ﴿۱۰۰﴾ اے میرے رب! آپ نے

مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِیْلِ

مجھ کو حکومت میں سے حصّہ دیا اور مجھ کو خوابوں کی تعبیر کرنا

الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف

سِکھایا، اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! آپ ہی

اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ

میرا کام بنانے والے ہیں دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی، مجھ کو فرماں برداری

مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾

کی حالت میں وفات دیجیے اور مجھ کو نیک بندوں میں شامل فرمایئے ﴿۱۰۱﴾

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ

یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم آپ پر وحی کر رہے ہیں، اور

اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا

آپ اُس وقت اُن کے پاس موجود نہ تھے جب یوسف کے بھائیوں

اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَآ اَكْثَرُ

نے اپنا ارادہ پکّا کیا اور وہ تدبیریں کر رہے تھے ﴿۱۰۲﴾ اور آپ خواہ کتنا

النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾

ہی چاہو لیکن اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں ﴿۱۰۳﴾

وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ هُوَ

اور آپ اِس پر اُن سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتے ، یہ تو صرف

اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ ع ۱۱ ۱۱ ۵

ایک نصیحت ہے تمام جہان والوں کے لیے ﴿۱۰۴﴾ اور آسمانوں

اٰيَةٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ

اور زمین میں کتنی ہی نشانیاں ہیں جن پر سے اُن کا گذر ہوتا

عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

رہتا ہے اور وہ اُن پر دھیان نہیں کرتے ﴿۱۰۵﴾

وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ

اور اکثر لوگ جو اللہ کو مانتے ہیں وہ اُس کے ساتھ دوسروں کو

مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ

شریک بھی ٹھہراتے ہیں ﴿۱۰۶﴾ کیا یہ لوگ اِس بات سے مطمئن ہیں

غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ

کہ اُن پر عذابِ الٰہی کی کوئی آفت آپڑے یا اچانک

السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۰۷﴾

اُن پر قیامت آجائے اور وہ اُس سے بے خبر ہوں ﴿۱۰۷﴾

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ

کہہ دیجیے کہ یہ میرا راستہ ہے، میں اللہ کی طرف بُلاتا ہوں

عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا۠ وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ؕ

سمجھ بوجھ کر، میں بھی اور وہ لوگ بھی جنہوں نے میری پیروی کی،

وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

اور اللہ پاک ہے اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں ﴿۱۰۸﴾

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا

اور ہم نے آپ سے پہلے مختلف بستی والوں میں سے جتنے رسول

نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ

بھیجے سب آدمی ہی تھے، ہم اُن کی طرف وحی کرتے تھے،

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا

کیا یہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ دیکھتے کہ

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ

اُن لوگوں کا انجام کیا ہوا جو اُن سے

قَبْلِهِمْ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ

پہلے تھے، اور آخرت کا گھر اُن لوگوں کے لیے بہتر ہے جو

اتَّقَوْا ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا

ڈرتے ہیں، کیا تم سمجھتے نہیں ﴿۱۰۹﴾ یہاں تک کہ جب

اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ

پیغمبر مایوس ہو گئے اور وہ خیال کرنے لگے کہ اُن سے

كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ

جھوٹ کہا گیا تھا تو اُن کو ہماری مدد آپہونچی، پس نجات

نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ

ملی جس کو ہم نے چاہا، اور مجرم لوگوں سے ہمارا عذاب

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ

ٹالا نہیں جاسکتا ﴿۱۱۰﴾ اِن کے قِصّوں میں

عِبۡرَةٌ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ ؕ مَا کَانَ حَدِیۡثًا

سمجھ دار لوگوں کے لیے بڑی عبرت ہے، یہ کوئی گھڑی ہوئی بات

یُّفۡتَرٰی وَلٰکِنۡ تَصۡدِیۡقَ الَّذِیۡ بَیۡنَ

نہیں بلکہ تصدیق ہے اُس چیز کی جو اِس سے پہلے موجود

یَدَیۡهِ وَتَفۡصِیۡلَ کُلِّ شَیۡءٍ وَّهُدًی

ہے اور تفصیل ہے ہر چیز کی اور ہدایت

ع ۱۲ ۷ ۶

وَّرَحۡمَةً لِّقَوۡمٍ یُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۱۱﴾

اور رحمت ہے ایمان والوں کے لیے ﴿۱۱۱﴾

(سورۂ رعد مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۴۳) آیات اور (۶) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۹۶) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۳) نمبر پر ہے اور سورۂ محمد کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۸۵۵) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | اس میں (۳۵۰۶) حروف ہیں |
|---|---|---|

الٓمّٓرٰ ۚ قف تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡکِتٰبِ ؕ وَالَّذِیۡۤ

الٓمّٓرٰ، یہ کتابِ الٰہی کی آیتیں ہیں ، اور جو کچھ آپ کے

اُنۡزِلَ اِلَیۡکَ مِنۡ رَّبِّکَ الۡحَقُّ

اوپر آپ کے رب کی طرف سے اُترا ہے وہ حق ہے

وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ۝۱

مگر اکثر لوگ نہیں مانتے ۝۱

اَللّٰهُ الَّذِىۡ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيۡرِ

اللہ ہی ہے جس نے آسمان کو بلند کیا بغیر ایسے

عَمَدٍ تَرَوۡنَهَا ثُمَّ اسۡتَوٰى عَلَى

ستون کے جو تمہیں نظر آئیں، پھر وہ اپنے عرش پر قائم ہوا اور

الۡعَرۡشِ وَسَخَّرَ الشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ ؕ

اُس نے سورج اور چاند کو ایک قانون کا پابند بنایا،

كُلٌّ يَّجۡرِىۡ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ

ہر ایک ایک مُقرر وقت پر چلتا ہے، اللہ ہی ہر کام کا انتظام کرتا

الۡاَمۡرَ يُفَصِّلُ الۡاٰيٰتِ لَعَلَّكُمۡ بِلِقَآءِ

ہے، وہ نشانیوں کو کھول کھول کر بیان کرتا ہے؛ تاکہ تم اپنے

رَبِّكُمۡ تُوۡقِنُوۡنَ ۝۲ وَهُوَ الَّذِىۡ مَدَّ

رب سے ملنے کا یقین کرو ۝۲ اور وہی ہے جس نے زمین کو

الۡاَرۡضَ وَجَعَلَ فِيۡهَا رَوَاسِيَ وَاَنۡهٰرًا ؕ

پھیلایا اور اُس میں پہاڑ اور ندیاں رکھ دیں

وَمِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيۡهَا زَوۡجَيۡنِ

اور ہر قسم کے پھلوں کے جوڑے اُس میں پیدا کیے ،

اثۡنَيۡنِ يُغۡشِي الَّيۡلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيۡ

وہ رات کو دن سے چُھپا دیتا ہے ، بے شک اِن چیزوں

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ۝۳

میں نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے جو غور کریں ۝۳

وَفِي الۡاَرۡضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ

اور زمین میں مختلف ٹکڑے ایک دوسرے سے لگتے لگاتے ہیں اور انگوروں

مِّنۡ اَعۡنَابٍ وَّزَرۡعٌ وَّنَخِيۡلٌ صِنۡوَانٌ

کے باغات ہیں اور کھیت ہیں اور کھجوروں کے درخت ہیں ٹہنی والے ہیں اور

وَّغَيۡرُ صِنۡوَانٍ يُّسۡقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ ۟

بعض ایسے ہیں جو بغیر ٹہنی کے ہیں ، سب ایک ہی پانی پلائے جاتے ہیں

وَنُفَضِّلُ بَعۡضَهَا عَلٰى بَعۡضٍ فِى الۡاُكُلِ ؕ

پھر بھی ہم ایک کو ایک پر پھلوں میں برتری دیتے ہیں،

اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّعۡقِلُوۡنَ ۝۴

اِس میں عقل مندوں کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں ۝۴

وَاِنۡ تَعۡجَبۡ فَعَجَبٌ قَوۡلُهُمۡ ءَاِذَا

اور اگر آپ تعجّب کرو تو تعجّب کے قابل اُن کی یہ بات ہے کہ جب

كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِىۡ خَلۡقٍ جَدِيۡدٍ ؕ

ہم مٹّی ہو جائیں گے تو کیا ہم نئے سرے سے پیدا کیے

اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِرَبِّهِمۡ ۚ

جائیں گے، یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کا انکار کیا

وَاُولٰٓئِكَ الۡاَغۡلٰلُ فِىۡۤ اَعۡنَاقِهِمۡ ۚ

اور یہ وہ لوگ ہیں جن کی گردنوں میں طوق پڑے ہوئے ہیں،

وَاُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ هُمۡ فِيۡهَا

وہ آگ والے لوگ ہیں ، وہ اُس میں

خٰلِدُوۡنَ ۝۵ وَيَسۡتَعۡجِلُوۡنَكَ بِالسَّيِّئَةِ

ہمیشہ رہیں گے ۝۵ وہ بھلائی سے پہلے بُرائی کے لیے

قَبۡلَ الۡحَسَنَةِ وَقَدۡ خَلَتۡ مِنۡ

جلدی کر رہے ہیں ؛ حالانکہ اُن سے پہلے مثالیں

قَبۡلِهِمُ الۡمَثُلٰتُ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوۡ

گُذر چکی ہیں، اور آپ کا رب لوگوں کے ظلم کے باوجود

مَغۡفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلۡمِهِمۡ ۚ وَاِنَّ

اُن کو معاف کرنے والا ہے اور بے شک

رَبَّكَ لَشَدِيۡدُ الۡعِقَابِ ۝۶ وَيَقُوۡلُ

آپ کا رب سخت سزا دینے والا ہے ۝۶ اور جن لوگوں نے

الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَوۡلَاۤ اُنۡزِلَ عَلَيۡهِ اٰيَةٌ

انکار کیا وہ کہتے ہیں کہ اِس شخص پر اُس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی

مِّنۡ رَّبِّهٖ ؕ اِنَّمَاۤ اَنۡتَ مُنۡذِرٌ وَّلِكُلِّ

کیوں نہیں اُتری، آپ تو صرف خبردار کر دینے والے ہو، اور ہر قوم

ع ۱ ۷ قَوۡمٍ هَادٍ ۧ ﴿۷﴾ اَللّٰهُ يَعۡلَمُ مَا تَحۡمِلُ

کے لیے ایک راہ بتانے والا ہے ﴿۷﴾ اللہ جانتا ہے ہر مادہ کے

كُلُّ اُنۡثٰى وَمَا تَغِيۡضُ الۡاَرۡحَامُ

حمل کو اور جو کچھ رحموں میں گھٹتا اور بڑھتا ہے

وَمَا تَزۡدَادُ ؕ وَكُلُّ شَىۡءٍ عِنۡدَهٗ

اُس کو بھی ، اور ہر چیز کا اُس کے یہاں ایک

بِمِقۡدَارٍ ﴿۸﴾ عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ

اندازہ ہے ﴿۸﴾ وہ پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والا ہے ،

الۡكَبِيۡرُ الۡمُتَعَالِ ﴿۹﴾ سَوَآءٌ مِّنۡكُمۡ

سب سے بڑا ہے، (سب سے) بلند و بالا ہے ﴿۹﴾ تم میں سے

مَّنۡ اَسَرَّ الۡقَوۡلَ وَمَنۡ جَهَرَ بِهٖ

کوئی شخص چپکے سے بات کہے اور جو پکار کر کہے

وَمَنۡ هُوَ مُسۡتَخۡفٍۢ بِالَّيۡلِ وَسَارِبٌۢ

اور جو رات میں چھپا ہوا ہو اور جو دن میں چل رہا ہو

بِالنَّهَارِ ﴿۱۰﴾ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنۡۢ بَيۡنِ

اللہ کے لیے سب برابر ہیں ﴿۱۰﴾ ہر شخص کے آگے اور پیچھے اُس

يَدَيۡهِ وَمِنۡ خَلۡفِهٖ يَحۡفَظُوۡنَهٗ مِنۡ

کے نگران ہیں جو اللہ کے حکم سے اُس کی دیکھ بھال

اَمۡرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوۡمٍ

کررہے ہیں، بے شک اللہ کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جب

حَتّٰى يُغَيِّرُوۡا مَا بِاَنۡفُسِهِمۡ ؕ وَاِذَآ

تک کہ وہ اُس کو نہ بدل ڈالیں جو اُن کے جی میں ہے، اور جب

اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوۡمٍ سُوۡٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ

اللہ کسی قوم پر کوئی آفت لانا چاہتا ہے تو پھر اُس کے ہٹنے کی کوئی صورت

وَمَا لَهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِهٖ مِنۡ وَّالٍ ﴿۱۱﴾

نہیں اور اللہ کے سوا اُس کے مقابلے میں کوئی اُن کا مددگار نہیں ﴿۱۱﴾

هُوَ الَّذِىۡ يُرِيۡكُمُ الۡبَرۡقَ خَوۡفًا وَّطَمَعًا

وہی ہے جو تم کو بجلی دِکھاتا ہے جس سے ڈر بھی پیدا ہوتا ہے اور اُمید بھی

وَّيُنۡشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ﴿۱۲﴾ ۚ وَيُسَبِّحُ

اور وہی ہے جو پانی سے لدے ہوئے بادل کو اُٹھاتا ہے ﴿۱۲﴾ اور بجلی کی

الرَّعۡدُ بِحَمۡدِهٖ وَالۡمَلٰٓئِكَةُ مِنۡ خِيۡفَتِهٖ ۚ

گرج اُس کی حمد کے ساتھ اُس کی پاکی بیان کرتی ہے اور فرشتے بھی

وَيُرۡسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيۡبُ بِهَا مَنۡ

اُس کے خوف سے، اور وہ بجلیاں بھیجتا ہے پھر جس پر چاہے اُنہیں گرا

يَّشَآءُ وَهُمۡ يُجَادِلُوۡنَ فِى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ

دیتا ہے اور وہ لوگ اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں؛ حالانکہ وہ

شَدِيۡدُ الۡمِحَالِ ﴿۱۳﴾ ؕ لَهٗ دَعۡوَةُ الۡحَقِّ ؕ

زبردست ہے، قوت والا ہے ﴿۱۳﴾ اُسی کو پکارنا حق ہے،

وَالَّذِيۡنَ يَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِهٖ

جو لوگ اوروں کو اُس کے سوا پکارتے ہیں وہ اُن

لَا يَسۡتَجِيۡبُوۡنَ لَهُمۡ بِشَىۡءٍ اِلَّا

(کی پکار) کا کچھ بھی جواب نہیں دیتے مگر

كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ

جیسے کوئی شخص اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف پھیلائے ہوئے ہو کہ وہ اُس

وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ

کے منہ میں پڑ جائے؛ حالانکہ وہ پانی کبھی اُس کے منہ میں پہونچنے والا نہیں،

اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ

اِن مُنکِروں کی جتنی پکار ہے سب گمراہی میں ہے ﴿۱۴﴾ اور آسمانوں اور

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا

زمین میں جو بھی ہیں سب اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں خوشی سے یا

وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾ سجدة

مجبوری سے اور اُن کے سائے بھی صبح اور شام ﴿۱۵﴾

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

کہہ دیجیے کہ آسمانوں اور زمین کا رب کون ہے ؟

قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ

کہہ دیجیے کہ اللہ ہے، کہیے کہ کیا پھر بھی تم نے اُس کے سوا

دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ لَا يَمۡلِكُوۡنَ لِاَنۡفُسِهِمۡ

ایسے مددگار بنا رکھے ہیں جو خود اپنی ذات کے

نَفۡعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلۡ هَلۡ يَسۡتَوِى

نفع اور نقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتے، کہیے کہ کیا

الۡاَعۡمٰى وَالۡبَصِيۡرُ ۙ اَمۡ هَلۡ تَسۡتَوِى

اندھا اور آنکھوں والا دونوں برابر ہو سکتے ہیں، یا کیا اندھیرا اور

الظُّلُمٰتُ وَالنُّوۡرُ ۚ اَمۡ جَعَلُوۡا لِلّٰهِ

اُجالا دونوں برابر ہو جائیں گے، کیا اُنہوں نے اللہ کے ساتھ

شُرَكَآءَ خَلَقُوۡا كَخَلۡقِهٖ فَتَشَابَهَ

ایسے شریک ٹھہرائے ہیں انہوں نے بھی پیدا کیا جیسا کہ اللہ نے

الۡخَلۡقُ عَلَيۡهِمۡ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ

پیدا کیا پھر پیدائش اُن کی نظر میں مشتبہ ہو گئی، کہہ دیجیے کہ اللہ ہر

شَىۡءٍ وَّهُوَ الۡوَاحِدُ الۡقَهَّارُ ﴿۱۶﴾ اَنۡزَلَ

چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہی ہے اکیلا، زبردست ﴿۱۶﴾ اللہ نے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتۡ اَوۡدِيَةٌۢ

آسمان سے پانی اُتارا پھر نالے اپنی مقدار کے مُوافق بہہ نکلے،

بِقَدَرِهَا فَاحۡتَمَلَ السَّيۡلُ زَبَدًا

پھر سیلاب نے اُبھرتے جھاگ کو اُٹھا لیا

رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوۡقِدُوۡنَ عَلَيۡهِ فِى النَّارِ

اور اُسی طرح کا جھاگ اُن چیزوں میں بھی اُبھر آتا ہے جن کو

ابۡتِغَآءَ حِلۡيَةٍ اَوۡ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثۡلُهٗ ؕ

لوگ زیور یا سامان بنانے کے لیے آگ میں پگھلاتے ہیں،

كَذٰلِكَ يَضۡرِبُ اللّٰهُ الۡحَقَّ وَالۡبَاطِلَ ؕ

اِس طرح اللہ حق اور باطل کی مثال بیان کرتا ہے،

فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذۡهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا

پس جھاگ تو سوکھ کر رہ جاتا ہے اور جو چیز

مَا يَنۡفَعُ النَّاسَ فَيَمۡكُثُ فِى الۡاَرۡضِ ؕ

انسانوں کو نفع پہونچانے والی ہے وہ زمین میں ٹھہر جاتی ہے،

كَذٰلِكَ يَضۡرِبُ اللّٰهُ الۡاَمۡثَالَ ؕ ﴿۱۷﴾

اللہ اِسی طرح مثالیں بیان کرتا ہے ﴿۱۷﴾

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لِلَّذِيۡنَ اسۡتَجَابُوۡا لِرَبِّهِمُ الۡحُسۡنٰى ؕ

جن لوگوں نے اپنے رب کی پکار پر لبّیک کہا اُن کے لیے

وَالَّذِيۡنَ لَمۡ يَسۡتَجِيۡبُوۡا لَهٗ لَوۡ اَنَّ

بھلائی ہے، اور جن لوگوں نے اُس کی پکار کو نہ مانا اگر اُن کے

لَهُمۡ مَّا فِى الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا وَّمِثۡلَهٗ

پاس وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اُس کے برابر اور بھی

مَعَهٗ لَافۡتَدَوۡا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ

تو وہ سب اپنی نجات کے لیے دے ڈالیں ، اُن لوگوں

سُوۡٓءُ الۡحِسَابِ ۙ وَمَاۡوٰىهُمۡ جَهَنَّمُ ؕ

کا حساب سخت ہوگا اور اُن کا ٹھکانہ جہنم ہوگا،

وَبِئۡسَ الۡمِهَادُ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنۡ يَّعۡلَمُ اَنَّمَاۤ ع ۲ ۱۱ ۸

اور وہ کیسا بُرا ٹھکانہ ہے ﴿۱۸﴾ جو شخص یہ جانتا ہے

اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ مِنۡ رَّبِّكَ الۡحَقُّ كَمَنۡ

کہ جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر اُتارا گیا ہے وہ حق

هُوَ اَعۡمٰى ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا

ہے کیا وہ اُس کے مانند ہوسکتا ہے جو اندھا ہے، نصیحت تو عقل

الۡاَلۡبَابِ ۙ﴿۱۹﴾ الَّذِيۡنَ يُوۡفُوۡنَ بِعَهۡدِ اللّٰهِ

والے لوگ ہی قبول کرتے ہیں ﴿۱۹﴾ وہ لوگ جو اللہ کے عہد کو پورا

وَلَا يَنۡقُضُوۡنَ الۡمِيۡثَاقَ ۙ﴿۲۰﴾ وَالَّذِيۡنَ

کرتے ہیں اور اُس کے عہد کو نہیں توڑتے ﴿۲۰﴾ اور جو اُس کو

يَصِلُوۡنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖۤ اَنۡ يُّوۡصَلَ

جوڑتے ہیں جس کو اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے

وَيَخۡشَوۡنَ رَبَّهُمۡ وَيَخَافُوۡنَ سُوۡٓءَ

اور وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور وہ بُرے حساب کا

الۡحِسَابِ ؕ﴿۲۱﴾ وَالَّذِيۡنَ صَبَرُوا ابۡتِغَآءَ

اندیشہ رکھتے ہیں ﴿۲۱﴾ اور جنہوں نے اپنے رب کی رضا کے لیے

وَجۡهِ رَبِّهِمۡ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنۡفَقُوۡا

صبر کیا اور نماز قائم کی اور ہمارے دیے ہوئے میں سے

مِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدۡرَءُوۡنَ

چھُپ کر اور کھُلے عام خرچ کیا اور جو بُرائی کو

بِالۡحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ

بھلائی سے دفع کرتے ہیں ، آخرت کا گھر اُنہیں لوگوں

عُقۡبَى الدَّارِ ﴿۲۲﴾ جَنّٰتُ عَدۡنٍ يَّدۡخُلُوۡنَهَا

کے لیے ہے ﴿۲۲﴾ ہمیشہ رہنے والے باغات جن میں وہ داخل ہوں گے

وَمَنۡ صَلَحَ مِنۡ اٰبَآئِهِمۡ وَاَزۡوَاجِهِمۡ

اور وہ بھی جو اُس کے اہل بنیں گے اُن کے باپ دادا اور اُن کی بیویوں

وَذُرِّيّٰتِهِمۡ وَالۡمَلٰٓئِكَةُ يَدۡخُلُوۡنَ

اور اُن کی اولاد میں سے ، اور فرشتے ہر دروازے سے

عَلَيۡهِمۡ مِّنۡ كُلِّ بَابٍ ﴿۲۳﴾ سَلٰمٌ عَلَيۡكُمۡ

اُن کے پاس آئیں گے ﴿۲۳﴾ (کہیں گے کہ) تم لوگوں پر سلامتی ہو

بِمَا صَبَرۡتُمۡ فَنِعۡمَ عُقۡبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾

اُس صبر کے بدلے جو تم نے کیا، پس کیا ہی خوب ہے یہ آخرت کا گھر ﴿۲۴﴾

وَالَّذِيۡنَ يَنۡقُضُوۡنَ عَهۡدَ اللّٰهِ مِنۡۢ

اور جو لوگ اللہ کے عہد کو مضبوط کرنے کے بعد توڑتے ہیں

بَعۡدِ مِيۡثَاقِهٖ وَيَقۡطَعُوۡنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ

اور اُس کو کاٹتے ہیں جس کو اللہ نے جوڑنے کا حکم

بِهٖۤ اَنۡ يُّوۡصَلَ وَيُفۡسِدُوۡنَ فِى

دیا ہے اور زمین میں فساد پھیلاتے

الۡاَرۡضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعۡنَةُ وَلَهُمۡ

ہیں ، ایسے لوگوں پر اللہ کی لعنت ہے اور اُن کے لیے

سُوۡٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾ اَللّٰهُ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ

بُرا گھر ہے ﴿۲۵﴾ اللہ جس کو چاہتا ہے روزی زیادہ دیتا ہے

لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيَقۡدِرُ ؕ وَفَرِحُوۡا

اور جس کے لیے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے ، اور وہ دنیا کی

بِالۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ؕ وَمَا الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا

زندگی پر خوش ہیں ؛ حالانکہ آخرت کے مقابلے میں

فِى الۡاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿۲۶﴾ ع وَيَقُوۡلُ ۳ ع ۸ ۹

دنیا نہایت (حقیر) پونجی ہے ﴿۲۶﴾ اور جنہوں نے انکار کیا

الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَوۡلَاۤ اُنۡزِلَ عَلَيۡهِ اٰيَةٌ

وہ کہتے ہیں کہ اِس شخص پر اُس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں

مِّنۡ رَّبِّهٖ ؕ قُلۡ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنۡ يَّشَآءُ

نہیں اُتاری گئی، کہہ دیجیے کہ بے شک اللہ جس کو چاہتا ہے گمراہ کر دیتا

وَيَهۡدِىۡۤ اِلَيۡهِ مَنۡ اَنَابَ ﴿۲۷﴾ ۚ اَلَّذِيۡنَ

ہے اور وہ اپنا راستہ اُسی کو دِکھاتا ہے جو اُس کی طرف متوجہ ہو ﴿۲۷﴾ وہ لوگ

اٰمَنُوۡا وَتَطۡمَئِنُّ قُلُوۡبُهُمۡ بِذِكۡرِ اللّٰهِ ؕ

جو ایمان لائے اور جن کے دل اللہ کی یاد سے مطمئن ہوتے ہیں،

اَلَا بِذِكۡرِ اللّٰهِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ ﴿۲۸﴾ ؕ

سُن لو! اللہ کی یاد ہی سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے ﴿۲۸﴾

اَلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوۡبٰى

جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے اچھے کام کیے اُن کے لیے

لَهُمۡ وَحُسۡنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ كَذٰلِكَ اَرۡسَلۡنٰكَ

خوش خبری ہے اور اچھا ٹھکانہ ہے ﴿۲۹﴾ اِسی طرح ہم نے آپ کو بھیجا ہے

فِىۡۤ اُمَّةٍ قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهَاۤ اُمَمٌ

ایک اُمّت میں جس سے پہلے بھی بہت سی اُمّتیں گذر چکی ہیں؛ تا کہ

لِّتَتۡلُوَا۟ عَلَيۡهِمُ الَّذِىۡۤ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ

آپ لوگوں کو وہ پیغام سُنا دیں جو ہم نے آپ کی طرف بھیجا ہے، اور وہ

وَهُمۡ يَكۡفُرُوۡنَ بِالرَّحۡمٰنِ ؕ قُلۡ هُوَ رَبِّىۡ

مہربان اللہ کا انکار کر رہے ہیں، کہہ دیجیے کہ وہی میرا رب ہے

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَاِلَيۡهِ

اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، اُسی پر میں نے بھروسہ کیا اور اُسی

مَتَابِ ﴿۳۰﴾ وَلَوۡ اَنَّ قُرۡاٰنًا سُيِّرَتۡ بِهِ

کی طرف لوٹنا ہے ﴿۳۰﴾ اور اگر ایسا قرآن اُترتا جس سے پہاڑ

الۡجِبَالُ اَوۡ قُطِّعَتۡ بِهِ الۡاَرۡضُ اَوۡ كُلِّمَ

چلنے لگتے یا اُس سے زمین ٹکڑے ہو جاتی یا اُس سے مُردے

بِهِ الۡمَوۡتٰى ؕ بَلۡ لِّلّٰهِ الۡاَمۡرُ جَمِيۡعًا ؕ

بولنے لگتے (تب بھی ایمان نہ لاتے)؛ بلکہ سارا اختیار اللہ ہی کے لیے ہے،

اَفَلَمۡ يَايۡـَٔسِ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَنۡ لَّوۡ

کیا ایمان لانے والوں کو اِس سے اطمینان نہیں کہ اگر

يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيۡعًا ؕ

اللہ چاہتا تو سارے لوگوں کو ہدایت دے دیتا ،

وَلَا يَزَالُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا تُصِيۡبُهُمۡ

اور انکار کرنے والوں پر کوئی نہ کوئی آفت آتی رہتی ہے

بِمَا صَنَعُوۡا قَارِعَةٌ اَوۡ تَحُلُّ قَرِيۡبًا

اُن کے اعمال کی وجہ سے یا اُن کی بستی کے قریب

مِّنۡ دَارِهِمۡ حَتّٰى يَاۡتِىَ وَعۡدُ اللّٰهِ ؕ

کہیں نازل ہوتی رہے گی یہاں تک کہ اللہ کا وعدہ آجائے ،

ع ۴ ۵ ۱۰

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخۡلِفُ الۡمِيۡعَادَ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ

یقیناً اللہ وعدے کے خلاف نہیں کرتا ﴿۳۱﴾ اور آپ سے

اسۡتُهۡزِئَ بِرُسُلٍ مِّنۡ قَبۡلِكَ فَاَمۡلَيۡتُ

پہلے بھی رسولوں کا مذاق اُڑایا گیا تو میں نے

لِلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ثُمَّ اَخَذۡتُهُمۡ ۫ فَكَيۡفَ

انکار کرنے والوں کو ڈھیل دی پھر میں نے اُن کو پکڑ لیا، تو دیکھو

كَانَ عِقَابِ ﴿۳۲﴾ اَفَمَنۡ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ

کیسی تھی میری سزا ﴿۳۲﴾ پھر کیا جو ہر شخص سے اُس کے عمل کا

نَفۡسٍۢ بِمَا كَسَبَتۡ ؕ وَجَعَلُوۡا لِلّٰهِ

حساب کرنے والا ہے، اور لوگوں نے اللہ کے شریک بنا

شُرَكَآءَ ؕ قُلۡ سَمُّوۡهُمۡ ؕ اَمۡ تُنَبِّئُوۡنَهٗ بِمَا

لیے ہیں، کہہ دیجیے کہ اُن کا نام لو، کیا تم اللہ کو ایسی چیز کی

لَا يَعۡلَمُ فِى الۡاَرۡضِ اَمۡ بِظَاهِرٍ مِّنَ

خبر دے رہے ہو جس کو وہ زمین میں نہیں جانتا یا تم اوپر ہی

الۡقَوۡلِ ؕ بَلۡ زُيِّنَ لِلَّذِيۡنَ كَفَرُوا مَكۡرُهُمۡ

اوپر باتیں کر رہے ہو؛ بلکہ انکار کرنے والوں کے لیے اُن کے دھوکے

وَصُدُّوا عَنِ السَّبِيۡلِ ؕ وَمَنۡ يُّضۡلِلِ

خوبصورت بنا دیے گئے ہیں اور وہ (سیدھے) راستے سے روک دیے گئے ہیں،

اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنۡ هَادٍ ﴿۳۳﴾ لَهُمۡ عَذَابٌ

اور اللہ جس کو گمراہ کر دے اُس کو کوئی راہ بتانے والا نہیں ﴿۳۳﴾ اُن کے لیے

فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَلَعَذَابُ الۡاٰخِرَةِ

دنیا کی زندگی میں بھی عذاب ہے اور آخرت کا عذاب تو

اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمۡ مِّنَ اللّٰهِ مِنۡ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾

بہت سخت ہے اور کوئی اُن کو اللہ سے بچانے والا نہیں ﴿۳۴﴾

مَثَلُ الۡجَنَّةِ الَّتِىۡ وُعِدَ الۡمُتَّقُوۡنَ ؕ

اُس جنّت کی مثال جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے

تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ؕ اُكُلُهَا

ایسی ہے کہ اُس کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، اُس کا پھل

دَآىِٕمٌ وَّظِلُّهَا ؕ تِلۡكَ عُقۡبَى الَّذِيۡنَ

اور سایہ ہمیشہ رہے گا ، یہ انجام اُن لوگوں کا ہے جو اللہ

اتَّقَوۡا ۖ وَّعُقۡبَى الۡكٰفِرِيۡنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾

سے ڈرے اور مُنکِروں کا انجام آگ ہے ﴿۳۵﴾

وَالَّذِيۡنَ اٰتَيۡنٰهُمُ الۡكِتٰبَ يَفۡرَحُوۡنَ

اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی تھی وہ اُس چیز پر خوش ہیں جو آپ پر

بِمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ وَمِنَ الۡاَحۡزَابِ

اُتاری گئی ہے، اور اُن گروہوں میں ایسے بھی ہیں جو اُس کے بعض حصّے

مَنۡ يُّنۡكِرُ بَعۡضَهٗ ؕ قُلۡ اِنَّمَآ اُمِرۡتُ

کا انکار کرتے ہیں ، کہہ دیجیے کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی

اَنۡ اَعۡبُدَ اللّٰهَ وَلَاۤ اُشۡرِكَ بِهٖ ؕ اِلَيۡهِ

عبادت کروں اور کسی کو اُس کا شریک نہ ٹھہراؤں ، میں اُسی کی طرف

اَدۡعُوۡا وَاِلَيۡهِ مَاٰبِ ﴿۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ

بُلاتا ہوں اور اُسی کی طرف میرا لوٹنا ہے ﴿۳۶﴾ اور اِسی طرح

اَنۡزَلۡنٰهُ حُكۡمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعۡتَ

ہم نے اِس کو ایک حکم کی حیثیت سے عربی میں اُتارا ہے، اور اگر آپ اُن

اَهۡوَآءَهُمۡ بَعۡدَ مَا جَآءَكَ مِنَ الۡعِلۡمِ ۙ

کی خواہشوں کی پیروی کرو بعد اِس کے کہ آپ کے پاس علم آچکا ہے تو

ع ۵ ۶ ۱۱ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِىٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾ ع

اللہ کے مقابلے میں آپ کا نہ کوئی مددگار ہوگا اور نہ کوئی بچانے والا ﴿۳۷﴾

وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا رُسُلًا مِّنۡ قَبۡلِكَ

اور ہم نے آپ سے پہلے کتنے رسول بھیجے

وَجَعَلۡنَا لَهُمۡ اَزۡوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ

اور ہم نے اُن کو بیویاں اور اولاد عطا کیں ،

وَمَا كَانَ لِرَسُوۡلٍ اَنۡ يَّاۡتِىَ بِاٰيَةٍ اِلَّا

اور کسی رسول کے لیے یہ ممکن نہیں کہ وہ اللہ کی اجازت کے بغیر

بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾

کوئی نشانی لے آئے ، ہر ایک وعدہ لکھا ہوا ہے ﴿۳۸﴾

يَمۡحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثۡبِتُ ۚۖ
اللہ جس کو چاہے مِٹا تا ہے اور جس کو چاہے باقی رکھتا ہے

وَعِنۡدَهٗۤ اُمُّ الۡكِتٰبِ ﴿۳۹﴾ وَاِنۡ مَّا
اور اُسی کے پاس اصل کتاب ہے ﴿۳۹﴾ اور جس کا وعدہ ہم اُن

نُرِيَنَّكَ بَعۡضَ الَّذِىۡ نَعِدُهُمۡ اَوۡ
سے کر رہے ہیں اُس کا کچھ حصّہ ہم آپ کو دِکھا دیں یا ہم آپ کو

نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيۡكَ الۡبَلٰغُ
وفات دے دیں ، پس آپ کے اوپر صرف پہونچا دینا ہے

وَعَلَيۡنَا الۡحِسَابُ ﴿۴۰﴾ اَوَلَمۡ يَرَوۡا
اور ہمارے اوپر ہے حساب لینا ﴿۴۰﴾ کیا وہ دیکھتے نہیں کہ

اَنَّا نَاۡتِى الۡاَرۡضَ نَنۡقُصُهَا مِنۡ
ہم زمین کو اُس کے اطراف سے کم کرتے چلے آ رہے

اَطۡرَافِهَا ؕ وَاللّٰهُ يَحۡكُمُ لَا مُعَقِّبَ
ہیں ، اور اللہ فیصلہ کرتا ہے کوئی اُس کے فیصلے کو

لِحُكۡمِهٖ ؕ وَهُوَ سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ ﴿۴۱﴾

ہٹانے والا نہیں اور وہ جلد حساب لینے والا ہے ﴿۴۱﴾

وَقَدۡ مَكَرَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَلِلّٰهِ

جو اُن سے پہلے تھے اُنہوں نے بھی تدبیریں کیں مگر تمام

الۡمَكۡرُ جَمِيۡعًا ؕ يَعۡلَمُ مَا تَكۡسِبُ كُلُّ

تدبیریں اللہ کے اختیار میں ہیں، وہ جانتا ہے کہ ہر ایک کیا کر رہا

نَفۡسٍ ؕ وَسَيَعۡلَمُ الۡكُفّٰرُ لِمَنۡ عُقۡبَى

ہے اور مُنکِرین جلد جان لیں گے کہ آخرت کا گھر کس کے

الدَّارِ ﴿۴۲﴾ وَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَسۡتَ

لیے ہے ﴿۴۲﴾ اور مُنکِرین کہتے ہیں کہ آپ اللہ کے بھیجے ہوئے

مُرۡسَلًا ؕ قُلۡ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيۡدًا ۢ بَيۡنِىۡ

نہیں ہو، کہہ دیجیے کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی گواہی

وَبَيۡنَكُمۡ ۙ وَمَنۡ عِنۡدَهٗ عِلۡمُ الۡكِتٰبِ ﴿۴۳﴾ ع ۶ ۶ ۱۲

کافی ہے، اور اُس کی گواہی جس کے پاس کتاب کا علم ہے ﴿۴۳﴾

(سورہ ابراہیم مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۲۸، ۲۹) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہیں، اس میں (۵۲) آیات اور (۷) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۷۲) نمبر پڑھے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۴) نمبر پڑھے اور سورۂ نوح کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۸۶۱) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اس میں (۳۴۳۴) حروف ہیں |
|---|---|---|

الٓرٰ قف كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ

الٓرٰ، یہ کتاب ہے جس کو ہم نے آپ کی طرف نازل کیا ہے؛ تاکہ

النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ

آپ لوگوں کو اندھیروں سے نکال کر اُجالے کی طرف لائیں، اُن

رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿۱﴾

کے رب کے حکم سے خدائے عزیز وحمید کے راستے کی طرف ﴿۱﴾

اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

اُس اللہ کی طرف کہ آسمانوں اور زمین میں

فِي الْاَرْضِ ؕ وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ

جو کچھ ہے سب اُسی کا ہے، اور مُنکروں کے لیے ایک

عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ

سخت عذاب کی تباہی ہے ﴿۲﴾ جو کہ آخرت کے مقابلے میں

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ

دنیا کی زندگی کو پسند کرتے ہیں اور اللہ کے راستے روکتے ہیں اور

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ

اُس میں کجی (ٹیڑھا پن) نکالنا چاہتے ہیں ،

اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ۝۳ وَمَآ اَرْسَلْنَا

یہ لوگ راستے سے بھٹک کر بہت دور جا پڑے ہیں ۳ اور ہم

مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ

نے جو پیغمبر بھی بھیجا اُس قوم کی زبان میں بھیجا تا کہ وہ اُن سے

لَهُمْ ؕ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ

بیان کر دے ، پھر اللہ جس کو چاہتا ہے بھٹکا دیتا ہے

وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

اور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے ، وہ زبردست ہے ،

الْحَكِيْمُ ۝۴ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى

حکمت والا ہے ۴ اور یقیناً ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا

بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ
کہ اپنی قوم کو اندھیروں سے نکال کر

اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ
اُجالے میں لائیے اور اُن کو اللہ کے دِنوں کی یاد دِلائیے ،

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ
بے شک اُن کے اندر بڑی نشانیاں ہیں ہر اُس شخص کے لیے جو صبر اور

شَكُوْرٍ ۝۵ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ
شُکر کرنے والا ہو ۝۵ اور جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا

اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ
کہ اپنے اوپر اللہ کے اُس انعام کو یاد کرو جب کہ

اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ
اُس نے تم کو فرعون کی قوم سے چھڑایا جو تم کو سخت

سُوْٓءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ
تکلیفیں پہونچاتے تھے اور وہ تمہارے بیٹوں کو مار ڈالتے تھے

وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ

اور تمہاری عورتوں کو زندہ رہنے دیتے تھے ، اور اُس میں

ع ۱ ۶ ۱۳ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝۶ ع وَاِذْ تَاَذَّنَ

تمہارے رب کی طرف سے بڑا امتحان تھا ۝۶ اور جب تمہارے

رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ

رب نے تم کو آگاہ کر دیا کہ اگر تم شکر کرو گے تو میں تم کو زیادہ

وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝۷

دوں گا اور اگر تم ناشکری کرو گے تو میرا عذاب بڑا سخت ہے ۝۷

وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ

اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ اگر تم انکار کرو

وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ

اور زمین کے سارے لوگ بھی منکر ہو جائیں تب بھی اللہ

لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۸ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا

بے نیاز ہے ، خوبیوں والا ہے ۝۸ کیا تم کو اُن لوگوں کی

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ

خبر نہیں پہونچی جو تم سے پہلے گذر چکے ہیں قومِ نوح اور عاد

وَّثَمُوْدَ ۛ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛ مع

اور ثمود اور جو لوگ اُن کے بعد ہوئے ہیں

لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ۭ جَآءَتْهُمْ

جن کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اُن کے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ

پیغمبر اُن کے پاس دلائل لے کر آئے تو اُنہوں نے اپنے ہاتھ اُن کے

فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ

منھ میں دے دیے اور کہا کہ تم جو کچھ دے کر بھیجے گئے ہو ہم اُس کو نہیں

اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا

مانتے اور جس چیز کی طرف تم ہم کو بُلاتے ہو ہم اُس کے بارے

تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝۹ قَالَتْ الشلشة

میں سخت اُلجھن والے شک میں پڑے ہوئے ہیں ۝۹ اُن کے

رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ

پیغمبروں نے کہا: کیا اللہ کے بارے میں شک ہے جو آسمانوں

وَالْاَرْضِ ؕ يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ

اور زمین کو وجود میں لانے والا ہے، وہ تم کو بُلا رہا ہے کہ تمہارے

ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ

گناہوں کو معاف کر دے اور تم کو ایک مُقرّر مدت تک مہلت دے،

قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ؕ

اُنہوں نے کہا کہ تم اِس کے سوا کچھ نہیں کہ ہمارے جیسے ہی ایک آدمی

تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ

ہو، تم چاہتے ہو کہ ہم کو اُن چیزوں کی عبادت سے روک دو جن کی

يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ

عبادت ہمارے باپ دادا کرتے تھے، تم ہمارے سامنے کوئی

مُّبِيْنٍ ﴿۱۰﴾ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ

کُھلی سند لے آؤ ﴿۱۰﴾ اُن کے رسولوں نے اُن سے کہا کہ ہم

نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

اِس کے سوا کچھ نہیں کہ تمہارے ہی جیسے انسان ہیں مگر اللہ اپنے

يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ

بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنا انعام فرماتا ہے

وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ

اور یہ ہمارے اختیار میں نہیں کہ ہم تم کو کوئی معجزہ دِکھائیں

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

بغیر اللہ کے حکم کے ، اور ایمان والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ

کرنا چاہیے ﴿۱۱﴾ اور ہم کیوں نہ اللہ پر بھروسہ کریں

عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ

جب کہ اُس نے ہم کو ہمارے راستے بتائے،

وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى

اور جو تکلیف تم ہمیں دو گے ہم اُس پر صبر کریں گے ، اور

اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَقَالَ ع ۲ ۶ ۱۴

بھروسہ کرنے والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے ﴿۱۲﴾ اور

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ

انکار کرنے والوں نے اپنے پیغمبروں سے کہا کہ یا تو ہم تم کو اپنی

مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ

زمین سے نکال دیں گے یا تم کو ہماری ملّت میں واپس آنا ہوگا،

فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ

تو پیغمبروں کے رب نے اُن پر وحی بھیجی کہ ہم اِن ظالموں کو

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ لا وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ

ہلاک کر دیں گے ﴿۱۳﴾ اور اُن کے بعد تم کو زمین پر بسائیں گے،

مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ

یہ اُس شخص کے لیے ہے جو میرے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرے

مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾ وَاسْتَفْتَحُوْا

اور جو میری وعید سے ڈرے ﴿۱۴﴾ اور اُنہوں نے فیصلہ چاہا،

وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۙ﴿۱۵﴾ مِّنْ

اور ہر سرکش ضدّی نامُراد ہوا ﴿۱۵﴾ اُس کے

وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ

آگے دوزخ ہے اور اُس کو پیپ کا پانی پینے کو

صَدِيْدٍ ۙ﴿۱۶﴾ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ

مِلے گا ﴿۱۶﴾ وہ اُس کو گھونٹ گھونٹ پیے گا اور اُس کو حلق سے

يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ

مشکل سے اُتار سکے گا، موت ہر طرف سے اُس پر چھائی

مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ

ہوئی ہوگی مگر وہ کسی طرح نہیں مَرے گا اور اُس کے آگے

عَذَابٌ غَلِيْظٌ ﴿۱۷﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

سخت عذاب ہوگا ﴿۱۷﴾ جن لوگوں نے اپنے رب کا انکار کیا

بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ ِۨ اشْتَدَّتْ بِهِ

اُن کے اعمال اُس راکھ کی طرح ہیں جس کو ایک

الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ

طوفانی دن کی آندھی نے اُڑا دیا ہو ، وہ اپنے

مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰى شَيْءٍ ؕ ذٰلِكَ هُوَ

کیے میں سے کچھ بھی نہ پاسکیں گے ، یہی

الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

دور کی گمراہی ہے ﴿۱۸﴾ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ

آسمانوں اور زمین کو بالکل ٹھیک پیدا کیا ہے ،

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ

اگر وہ چاہے تو تم لوگوں کو لے جائے اور ایک نئی

جَدِيْدٍ ﴿۱۹﴾ لا وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

مخلوق لے آئے ﴿۱۹﴾ اور یہ اللہ پر ذرا بھی

بِعَزِيْزٍ ﴿۲۰﴾ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ

دُشوار نہیں ﴿۲۰﴾ اور اللہ کے سامنے سب پیش ہوں گے ، پھر

الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا

کمزور لوگ اُن لوگوں سے کہیں گے جو بڑائی والے تھے

لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا

کہ ہم تمہارے تابع تھے تو کیا تم اللہ کے

مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قَالُوْا لَوْ

عذاب سے کچھ ہم کو بچاؤ گے، وہ کہیں گے کہ اگر اللہ ہم کو کوئی

هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ

راہ دِکھاتا تو ہم تم کو بھی ضرور وہ راہ دِکھا دیتے، اب ہمارے لیے

اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ

برابر ہے کہ ہم بے قرار ہوں یا صبر کریں، ہمارے بچنے کی کوئی

مَّحِيْصٍ ﴿۲۱﴾ ع وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا ع ۳ ۹ ۱۵

صورت نہیں ﴿۲۱﴾ اور جب معاملے کا فیصلہ ہو جائے گا تو

قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ

شیطان کہے گا کہ اللہ نے تم سے سچّا وعدہ کیا تھا

وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ؕ

اور میں نے تم سے وعدہ کیا تو میں نے اُس کی خلاف ورزی کی،

وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ

اور میرا تمہارے اوپر کوئی زور نہ تھا

اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ

مگر یہ کہ میں نے تم کو بُلایا تو تم نے میری بات کو مان لیا،

فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ

پس تم مجھ کو الزام نہ دو اور تم اپنے آپ کو الزام دو،

مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ؕ

نہ میں تمہارا مددگار ہوسکتا ہوں اور نہ تم میرے مددگار ہوسکتے ہو،

اِنِّيْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ

میں خود اِس سے بیزار ہوں کہ تم اِس سے پہلے مجھ کو شریک

قَبْلُ ؕ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ

ٹھہراتے تھے، بے شک ظالموں کے لیے دردناک

اَلِيْمٌ ﴿۲۲﴾ وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

عذاب ہے ﴿۲۲﴾ اور جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

اور جنہوں نے نیک عمل کیے وہ ایسے باغوں میں داخل کیے جائیں گے

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، اُن میں وہ اپنے رب کے حکم

بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ؕ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا

سے ہمیشہ رہیں گے، وہ آپس میں ایک دوسرے کا استقبال سلام سے

سَلٰمٌ ﴿۲۳﴾ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ

کریں گے ﴿۲۳﴾ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ کس طرح مثال بیان فرمائی

مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ

ہے اللہ نے کلمۂ طیبہ کی، وہ ایک پاکیزہ درخت کی مانند ہے جس کی جڑ

اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ﴿۲۴﴾

زمین میں جمی ہے اور جس کی ٹہنیاں آسمان تک پہونچی ہوئی ہیں ﴿۲۴﴾

تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۭ بِاِذْنِ رَبِّهَا ؕ

وہ ہر وقت پر اپنا پھل دیتا ہے اپنے رب کے حکم سے ،

وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

اور اللہ لوگوں کے لیے مثالیں بیان کرتا ہے ؛ تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ

نصیحت حاصل کریں ﴿۲۵﴾ اور کلمۂ خبیثہ کی مثال ایک

كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ ِۨ اجْتُثَّتْ مِنْ

خراب درخت کی سی ہے جو زمین کے اوپر ہی سے

فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿۲۶﴾

اُکھاڑ لیا جائے کہ اُس میں ذرا بھی جماؤ نہ ہو ﴿۲۶﴾

يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ

اللہ ایمان والوں کو ایک پکّی بات سے

الثَّابِتِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

دنیا اور آخرت میں مضبوط

وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۙ قف
کرتا ہے ، اور اللہ ظالموں کو بھٹکا دیتا ہے ،

ع ۴ ۱۶ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ع ﴿۲۷﴾ اَلَمْ تَرَ
اور اللہ کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے ﴿۲۷﴾ کیا آپ نے اُن

اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا
لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے اللہ کی نعمت کے بدلے کفر کیا

وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ۙ ﴿۲۸﴾
اور جنہوں نے اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر جہنم میں پہونچا دیا ﴿۲۸﴾

جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۭ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۲۹﴾
وہ اُس میں داخل ہوں گے، اور وہ کیسا بُرا ٹھکانہ ہے ﴿۲۹﴾

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا عَنْ
اور اُنہوں نے اللہ کے مقابل ٹھہرائے؛ تا کہ وہ لوگوں کو اللہ کے

سَبِيْلِهٖ ۭ قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ
راستے سے بھٹکا دیں، کہہ دیجیے کہ چند دن کا فائدہ اُٹھالو، آخرکار

اِلَى النَّارِ ﴿۳۰﴾ قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ

تمہارا ٹھکانہ دوزخ ہے ﴿۳۰﴾ میرے جو بندے ایمان لائے ہیں

اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا

اُن سے کہہ دیجیے کہ وہ نماز قائم کریں اور جو کچھ ہم نے اُن کو دیا

رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ

ہے اُس میں سے کُھلے اور چھپے خرچ کریں اِس سے پہلے کہ وہ دن

يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾

آئے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی اور نہ دوستی کام آئے گی ﴿۳۱﴾

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

اللہ وہ ہے جس نے آسمان اور زمین بنائے

وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ

اور آسمان سے پانی اُتارا پھر اُس سے

بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ

مختلف پھل نکالے تمہاری روزی کے لیے ، اور

لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ

کشتی کو تمہارے لیے تابع کر دیا کہ سمندر میں اُس کے حکم سے

بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿۳۲﴾ ۚ

چلے اور اُس نے دریاؤں کو تمہارے لیے تابع کر دیا ﴿۳۲﴾

وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

اور اُس نے سورج اور چاند کو تمہارے لیے تابع کر دیا کہ برابر

دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ

چلے جا رہے ہیں اور اُس نے رات اور دن کو

وَالنَّهَارَ ﴿۳۳﴾ ۚ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا

تمہارے لیے تابع کر دیا ﴿۳۳﴾ اور اُس نے تم کو ہر اُس چیز میں

سَاَلْتُمُوْهُ ؕ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

سے دیا جو تم نے مانگا ، اگر تم اللہ کی نعمتوں کو گنو تو تم

لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ

اُن کو گِن نہیں سکتے ، بے شک انسان بہت بے انصاف ،

ع ۵ ۷ ۱۷

گَفَّارٌ ﴿۳۴﴾ ع وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ

بڑا ناشکرا ہے ﴿۳۴﴾ اور جب ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا کہ اے

اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ

میرے رب! اِس شہر کو امن والا بنایئے اور مجھ کو اور میری اولاد کو

وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿۳۵﴾ ط رَبِّ

اِس سے دور رکھیے کہ ہم بُتوں کی عبادت کریں ﴿۳۵﴾ اے میرے

اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ج

رب! اِن بُتوں نے بہت لوگوں کو گمراہ کر دیا، پس جس نے میری

فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ج وَمَنْ

پیروی کی وہ میرا ہے ، اور جس نے میرا کہا

عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۶﴾

نہ مانا تو آپ بخشنے والے ، مہربان ہیں ﴿۳۶﴾

رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ

اے ہمارے رب ! میں نے اپنی اولاد کو ایک

غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ
بغیر کھیتی کی وادی میں آپ کے محترم گھر کے پاس بسایا ہے،

رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ
اے ہمارے رب ! تاکہ وہ نماز قائم کریں ،

اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ
پس آپ لوگوں کے دلوں کو اُن کی طرف مائل کر دیجیے

وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ
اور اُن کو پھلوں کی روزی عطا فرمایئے تاکہ وہ

يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۷﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ
شکر کریں ﴿۳۷﴾ اے ہمارے پیارے رب ! آپ جانتے ہیں

مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ؕ وَمَا يَخْفٰى
جو کچھ ہم چُھپاتے ہیں اور جو کچھ ہم ظاہر کرتے ہیں ،

عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ
اور اللہ سے کوئی چیز چھُپی نہیں نہ زمین میں

وَلَا فِي السَّمَآءِ ﴿۳۸﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

اور نہ آسمان میں ﴿۳۸﴾ شکر ہے اُس اللہ کا

وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ

جس نے مجھ کو بُڑھاپے میں اسماعیل

وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾

اور اسحاق (علیہما السلام) دیے، بے شک میرا رب دعا کا سُننے والا ہے ﴿۳۹﴾

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ

اے میرے پیارے رب! مجھے نماز قائم کرنے والا بنائیے اور

ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾

میری اولاد میں بھی اور اے میرے رب! میری دعا قبول فرمائیے ﴿۴۰﴾

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ

اے ہمارے رب! مجھے معاف فرمائیے اور میرے والدین کو اور مؤمنین کو

يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ ع ۶ ۷ ۱۸

اُس روز جب کہ حساب قائم ہوگا ﴿۴۱﴾ اور آپ ہرگز یہ خیال نہ کریں

اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۬ؕ اِنَّمَا

کہ اللہ اُس سے بے خبر ہے جو ظالم لوگ کر رہے ہیں، وہ اُن کو

يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ

اُس دن کے لیے ڈھیل دے رہا ہے جس دن آنکھیں پتھرا

الْاَبْصَارُ ۙ﴿۴۲﴾ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ

جائیں گی ﴿۴۲﴾ وہ سر اُٹھائے ہوئے بھاگ رہے ہوں گے اُن کی

لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَاَفْـِٕدَتُهُمْ

نظر اُن کی طرف پلٹ کر نہ آئے گی اور اُن کے دل بدحواس

هَوَآءٌ ؕ﴿۴۳﴾ وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ

ہوں گے ﴿۴۳﴾ اور لوگوں کو اُس دن سے ڈرایئے جس دن اُن پر عذاب

الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ

آجائے گا، اُس وقت ظالم لوگ کہیں گے کہ اے ہمارے رب!

اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ

ہم کو تھوڑی مہلت اور دے دیجیے، ہم آپ کی دعوت قبول کر لیں گے

وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ

اور رسولوں کی پیروی کریں گے ، کیا تم نے اِس سے

مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ۙ﴿۴۴﴾

پہلے قسمیں نہیں کھائی تھیں کہ تم پر کچھ زوال آنا نہیں ہے ﴿۴۴﴾

وَّسَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا

اور تم اُن لوگوں کی بستیوں میں آباد تھے جنہوں نے اپنی

اَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا

جانوں پر ظلم کیا اور تم پر کُھل چکا تھا کہ ہم نے

بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ﴿۴۵﴾

اُن کے ساتھ کیا کیا، اور ہم نے تم سے مثالیں بیان کیں ﴿۴۵﴾

وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ

اور اُنہوں نے اپنی ساری تدبیریں کیں اور اُن کی تدبیریں اللہ

مَكْرُهُمْ ؕ وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ

کے سامنے تھیں ، اگرچہ اُن کی تدبیریں ایسی تھیں کہ اُن سے

مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿۴۶﴾ فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ

پہاڑ بھی ٹل جائیں ﴿۴۶﴾ پس آپ اللہ کو اپنے پیغمبروں سے

مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

وعدہ خلافی کرنے والا نہ سمجھیں، بے شک اللہ زبردست ہے،

ذُو انْتِقَامٍ ﴿۴۷﴾ ؕ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ

بدلہ لینے والا ہے ﴿۴۷﴾ جس دن یہ زمین دوسری زمین

غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ

سے بدل جائے گی اور آسمان بھی اور سب ایک زبردست

الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ

اللہ کے سامنے پیش ہوں گے ﴿۴۸﴾ اور آپ اُس دن مجرموں

يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۴۹﴾ ۚ

کو زنجیروں میں جکڑا ہوا دیکھو گے ﴿۴۹﴾

سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى

اُن کے لباس تارکول کے ہوں گے اور اُن کے چہروں پر

وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ۝۵۰ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ

آگ چھائی ہوئی ہوگی ۝۵۰ تاکہ اللہ ہر شخص کو اُس کے

نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

کیے کا بدلہ دے ، بے شک اللہ جلد حساب

الْحِسَابِ ۝۵۱ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ

لینے والا ہے ۝۵۱ یہ لوگوں کے لیے ایک اعلان ہے

وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ

اور تاکہ اِس کے ذریعے وہ ڈرا دیے جائیں ، اور تاکہ وہ جان لیں کہ

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝۵۲ ع ۱۱ ۱۹

وہی ایک معبود ہے اور تاکہ عقل مند لوگ نصیحت حاصل کریں ۝۵۲

(سورۂ حجر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۸۷) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۹۹) آیتیں اور (۶) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۵۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۵) نمبر پر ہے اور سورۂ یوسف کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۶۵۴) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | اس میں (۲۷۶۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝۱

الٓرٰ ، یہ آیتیں ہیں کتاب کی اور ایک واضح قرآن کی ۝۱

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا

وہ وقت آئے گا جب انکار کرنے والے لوگ تمنا کریں گے کہ کاش وہ ماننے

مُسْلِمِيْنَ ﴿۲﴾ ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا

والے بنے ہوتے ﴿۲﴾ اُن کو چھوڑ دیجیے کہ وہ کھائیں اور فائدہ اُٹھائیں اور

وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾

خیالی اُمید اُن کو بھلاوے میں ڈالے رکھے پس آئندہ وہ جان لیں گے ﴿۳﴾

وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا

اور ہم نے اِس سے پہلے جس بستی کو بھی ہلاک کیا ہے اُس کا ایک

كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ

مُقرّر وقت لکھا ہوا تھا ﴿۴﴾ کوئی قوم نہ اپنے مُقرر وقت سے آگے

اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۵﴾ وَقَالُوْا

بڑھتی ہے اور نہ پیچھے ہٹتی ہے ﴿۵﴾ اور یہ لوگ کہتے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ

ہیں کہ اے وہ شخص جس پر نصیحت اُتری ہے تو بے شک

لَمَجْنُوْنٌ ﴿۶﴾ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ

دیوانہ ہے ﴿۶﴾ اگر تو سچا ہے تو ہمارے پاس فرشتوں

اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۷﴾ مَا نُنَزِّلُ

کو کیوں نہیں لے آتا ﴿۷﴾ ہم فرشتوں کو

الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا

صرف فیصلے کے لیے اُتارتے ہیں اور اُس وقت لوگوں کو

اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ﴿۸﴾ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا

مہلت نہیں دی جاتی ﴿۸﴾ ہم نے ہی اِس قرآن کو نازل

الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۹﴾ وَلَقَدْ

کیا ہے اور ہم ہی اِس کے محافظ ہیں ﴿۹﴾ اور ہم آپ

اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۰﴾

سے پہلے گذری ہوئی قوموں میں رسول بھیج چکے ہیں ﴿۱۰﴾

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا

اور جو رسول بھی اُن کے پاس آیا وہ

بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۱﴾ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ

اُس کا مذاق اُڑاتے رہے ﴿۱۱﴾ اِسی طرح ہم یہ (مذاق) مجرمین

فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۲﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ

کے دلوں میں ڈال دیتے ہیں ﴿۱۲﴾ وہ اُس پر ایمان

بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَوْ

نہیں لائیں گے اور یہ دستور اگلوں سے ہوتا آیا ہے ﴿۱۳﴾ اور اگر

فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا

ہم اُن پر آسمان کا کوئی دروازہ کھول دیتے

فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ﴿۱۴﴾ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ

جس پر وہ چڑھنے لگتے ﴿۱۴﴾ تب بھی وہ کہہ دیتے کہ ہماری

اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ﴿۱۵﴾ ع ۱۵/۱

آنکھوں کو دھوکہ ہو رہا ہے؛ بلکہ ہم پر تو جادو کر دیا گیا ہے ﴿۱۵﴾

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا

اور ہم نے آسمان میں بُرج بنائے اور دیکھنے والوں کے لیے

لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ

اُسے رونق دی ﴿۱۶﴾ اور ہم نے اُس کو ہر شیطان

شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۱۷﴾ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ

مردود سے محفوظ کیا ﴿۱۷﴾ کوئی چوری چھپے سُننے کے لیے

السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾

کان لگاتا ہے تو ایک روشن شعلہ اُس کا پیچھا کرتا ہے ﴿۱۸﴾

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا

اور ہم نے زمین کو پھیلایا اور اُس پر ہم نے

رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ

پہاڑ رکھ دیے اور اُس میں ہر چیز ایک اندازے سے

مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا

اُگائی ﴿۱۹﴾ اور اُسی میں ہم نے تمہاری روزیاں

مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ﴿۲۰﴾

بنا دی ہیں اور جنہیں تم روزی دینے والے نہیں ہو ﴿۲۰﴾

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ ۫

اور کوئی چیز ایسی نہیں جس کے خزانے ہمارے پاس نہ ہوں، اور

وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾

ہم اُس کو ایک مُعیّن اندازے کے ساتھ ہی اُتارتے ہیں ﴿۲۱﴾

وَاَرْسَلْنَا الرِّیٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا

اور ہم ہی ہواؤں کو بوجھل بنا کر چلاتے ہیں پھر ہم آسمان سے پانی

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَیْنٰكُمُوْهُ ۚ

برساتے ہیں پھر اُس پانی سے تم کو سیراب کرتے ہیں، اور تمہارے بس

وَمَاۤ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِیْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ

میں نہ تھا کہ تم اُس کا ذخیرہ کر کے رکھتے ﴿۲۲﴾ اور بے شک ہم ہی زندہ

نُحْیٖ وَنُمِیْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾

کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہم ہی باقی رہ جائیں گے ﴿۲۳﴾

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِیْنَ مِنْكُمْ

اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں بتا دیا تھا کہ

لَتُفْسِدُنَّ فِی الْاَرْضِ مَرَّتَیْنِ وَلَتَعْلُنَّ

تم دو مرتبہ زمین (ملکِ شام) میں خرابی کرو گے اور بڑی

عُلُوًّا كَبِیْرًا ۝٤ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا

سرکشی کرو گے ۝٤ پھر جب اُن میں سے پہلا وعدہ آیا

بَعَثْنَا عَلَیْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِیْ بَاْسٍ

تو ہم نے تم پر اپنے بندے بھیجے نہایت

شَدِیْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّیَارِ ؕ وَكَانَ

زور والے پس وہ گھروں میں گھُس پڑے اور

وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ۝٥ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ

وعدہ پورا ہو کر رہا ۝٥ پھر ہم نے تمہاری

الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ

باری اُن پر لوٹا دی اور مال اور اولاد سے تمہاری مدد کی

وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝٦ اِنْ

اور تم کو زیادہ بڑی جماعت بنادیا ۝٦ اگر تم

اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۫ وَاِنْ

اچھے کام کرو گے تو تم اپنے لیے اچھا کرو گے اور اگر تم بُرے کام کرو گے تب

اَسَاْتُمْ فَلَهَا ؕ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ

بھی اپنے لیے بُرا کرو گے، پھر جب دوسرے وعدے کا وقت آیا تو ہم نے

لِيَسُوْٓءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ

اور بندے بھیجے کہ وہ تمہارے چہروں کو بگاڑ دیں اور مسجد (بیت المقدس) میں

كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا

گھس جائیں جس طرح اُس میں پہلی بار گھسے تھے اور جس چیز پر اُن کا زور چلے اُس کو

تَتْبِيْرًا ﴿٧﴾ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ

برباد کر دیں ﴿٧﴾ قریب ہے کہ تمہارا رب تمہارے اوپر رحم کرے،

وَقف لازم

وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ

اور اگر تم پھر وہی کرو گے تو ہم بھی وہی کریں گے، اور ہم نے جہنم

لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ﴿٨﴾ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

کو منکرین کے لیے قید خانہ بنا دیا ہے ﴿٨﴾ بے شک یہ قرآن

يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ

وہ راہ دِکھاتا ہے جو بالکل سیدھی ہے اور وہ خوش خبری دیتا ہے

الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ

ایمان والوں کو جو اچھے عمل کرتے ہیں کہ

اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ﴿٩﴾ ۙ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ

اُن کے لیے بڑا اجر ہے ﴿٩﴾ اور یہ کہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ

جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے اُن کے لیے ہم نے ایک دردناک

عَذَابًا اَلِیْمًا ﴿١٠﴾ وَیَدْعُ الْاِنْسَانُ ع ١٠

عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿١٠﴾ اور انسان بُرائی مانگتا ہے

بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَیْرِ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ

جس طرح اُس کو بھلائی مانگنا چاہیے، اور انسان بڑا

عَجُوْلًا ﴿١١﴾ وَجَعَلْنَا الَّیْلَ وَالنَّهَارَ اٰیَتَیْنِ

جلد باز ہے ﴿١١﴾ اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا

فَمَحَوْنَآ اٰیَةَ الَّیْلِ وَجَعَلْنَآ اٰیَةَ النَّهَارِ

پھر ہم نے رات کی نشانی کو مِٹا دیا اور دن کی نشانی کو

مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ

ہم نے روشن کر دیا؛ تاکہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو

وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ ؕ

اور تاکہ تم برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کرو ،

وَكُلَّ شَیْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِیْلًا ﴿١٢﴾ وَكُلَّ

اور ہم نے ہر چیز کو خوب کھول کر بیان کیا ہے ﴿١٢﴾ اور

اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓىِٕرَهٗ فِیْ عُنُقِهٖ ؕ

ہم نے ہر انسان کی بُرائی بھلائی کو اُس کے گلے لگا دیا ہے،

وَنُخْرِجُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ كِتٰبًا

اور ہم قیامت کے دن اُس کے لیے ایک کتاب نکالیں گے

یَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ

جس کو وہ کھُلا ہوا پائے گا ﴿۱۳﴾ پڑھ اپنی کتاب ،

كَفٰى بِنَفْسِكَ الْیَوْمَ عَلَیْكَ حَسِیْبًا ﴿۱۴﴾ ؕ

آج اپنا حساب لینے کے لیے تو خود ہی کافی ہے ﴿۱۴﴾

مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ۚ

جو شخص ہدایت کی راہ چلتا ہے تو وہ اپنے ہی لیے چلتا ہے،

وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیْهَا ؕ

اور جو شخص بے راہ ہوتا ہے وہ بھی اپنے ہی نقصان کے لیے بے راہ ہوتا ہے،

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا

اور کوئی بوجھ اُٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہ اُٹھائے گا، اور ہم سزا نہیں

احتیاط

مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿١٥﴾

دیتے جب تک کہ ہم کسی رسول کو نہ بھیجیں ﴿١٥﴾

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا

اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو اُس کے خوش عیش لوگوں

مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ

کو حکم دیتے ہیں پھر وہ اُس میں نافرمانی کرتے ہیں، تب اُن پر

عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿١٦﴾

بات ثابت ہو جاتی ہے پھر ہم اُس بستی کو تباہ و برباد کر دیتے ہیں ﴿١٦﴾

وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ

اور نوح (علیہ السلام) کے بعد ہم نے کتنی ہی قومیں ہلاک

بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ

کر دیں، اور آپ کا رب کافی ہے اپنے بندوں کے گناہوں کو

عِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿١٧﴾ مَنْ كَانَ

جاننے کے لیے (اور) اُن کو دیکھنے کے لیے ﴿١٧﴾ جس کا

يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا

ارادہ صرف اِس جلدی والی دنیا (فوری فائدے) کا ہی ہو اُسے ہم یہاں

نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ

جس قدر جس کے لیے چاہیں فوراً دے دیتے ہیں، بالآخر اُس کے لیے ہم

يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿١٨﴾ وَمَنْ

جہنم مُقرر کر دیتے ہیں جہاں وہ بُرے حالوں دُھتکارا ہوا داخل ہوگا ﴿١٨﴾ اور

اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ

جس کا ارادہ آخرت کا ہو اور جیسی کوشش اُس کے لیے ہونی چاہیے وہ کرتا

مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ

بھی ہو اور وہ ایمان والا بھی ہو، پس یہی لوگ ہیں جن کی کوشش کی اللہ

مَّشْكُوْرًا ﴿١٩﴾ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ

کے پاس پوری قدر دانی کی جائے گی ﴿١٩﴾ ہم ہر ایک کو آپ کے رب کی

مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۭ وَمَا كَانَ عَطَآءُ

بخشش میں سے پہونچاتے ہیں، اُن کو بھی اور اِن کو بھی، اور آپ کے رب کی

رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿٢٠﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ

بخشش کسی کے اوپر بند نہیں ﴿٢٠﴾ دیکھیے ہم نے اُن کے ایک کو

فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ وَلَلْاٰخِرَةُ

دوسرے پر کس طرح فوقیت دی ہے، اور یقیناً آخرت اور بھی

اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ﴿٢١﴾

زیادہ بڑی ہے درجے کے اعتبار سے اور فضیلت کے اعتبار سے ﴿٢١﴾

لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ

آپ اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہ بنایئے ورنہ آپ بدحال

مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿٢٢﴾ ع وَقَضٰى رَبُّكَ ع ٢ ١٢ ٢

اور بے کس ہو کر رہ جائیں گے ﴿٢٢﴾ اور آپ کے رب نے فیصلہ کر دیا

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ

ہے کہ تم اُس کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ

اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ

اچھا سلوک کرو، اگر وہ تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہونچ جائیں

اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ

اُن میں سے کوئی ایک یا دونوں تو اُن کو

اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا

اُف نہ کہیں اور نہ اُن کو جِھڑکیں اور اُن سے احترام کے

كَرِيْمًا ﴿٢٣﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ

ساتھ بات کریں ﴿٢٣﴾ اور اُن کے سامنے نرمی سے عاجزی کے بازو

الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا

جُھکا دیں اور کہیے کہ اے میرے رب! اُن دونوں پر رحم فرمایئے

كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿٢٤﴾ ط رَبُّكُمْ اَعْلَمُ

جیسا کہ اُنہوں نے مجھے بچپن میں پالا ﴿٢٤﴾ تمہارا رب خوب جانتا

بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ط اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ

ہے کہ تمہارے دِلوں میں کیا ہے، اگر تم نیک رہو گے تو

فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿٢٥﴾

وہ توبہ کرنے والوں کو معاف کر دینے والا ہے ﴿٢٥﴾

وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ

اور رشتے دار کو اُس کا حق دیجیے اور مسکین کو

وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿٢٦﴾ اِنَّ

اور مسافر کو اور فضول خرچی نہ کریں ﴿٢٦﴾ بے شک

الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ؕ

فضول خرچی کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں ،

وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿٢٧﴾

اور شیطان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے ﴿٢٧﴾

وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ

اور اگر آپ کو اپنے رب کے فضل کے انتظار میں جس کی آپ کو

مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا

اُمید ہے اُن سے اعراض کرنا پڑے تو آپ اُن سے نرمی کی

مَّيْسُوْرًا ﴿٢٨﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً

بات کہیے ﴿٢٨﴾ اور نہ تو اپنا ہاتھ گردن سے باندھ لیں

اِلٰی عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ

اور نہ اُس کو بالکل کھُلا چھوڑ دیں کہ آپ بدحال

فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿٢٩﴾ اِنَّ رَبَّكَ

اور عاجز بن کر رہ جائیں ﴿٢٩﴾ بے شک آپ کا رب جس کو چاہتا ہے زیادہ

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ

رزق دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے، بے شک

كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿٣٠﴾ وَلَا تَقْتُلُوْٓا ع ٣ ٨ ٣

وہ اپنے بندوں کو جاننے والا، دیکھنے والا ہے ﴿٣٠﴾ اور اپنی

اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ

اولاد کو مفلسی کے اندیشے سے قتل نہ کرو، ہم اُن کو بھی

نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ؕ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ

رزق دیتے ہیں اور تم کو بھی، بے شک اُن کو قتل کرنا

خِطْاً كَبِيْرًا ﴿٣١﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ

بڑا گناہ ہے ﴿٣١﴾ اور زنا کے قریب بھی نہ جاؤ، یقیناً وہ

فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿٣٢﴾ وَلَا تَقْتُلُوا

بے حیائی ہے اور بُرا راستہ ہے ﴿٣٢﴾ اور جس جان کو

النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ

اللہ نے محترم ٹھہرایا ہے اُس کو قتل مت کرو مگر حق پر ،

وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ

اور جو شخص ناحق قتل کیا جائے تو ہم نے اُس کے وارث کو اختیار

سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّی الْقَتْلِ ؕ اِنَّهٗ

دیا ہے پس وہ قتل میں حد سے نہ گزرے ، بے شک اُس کی

كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿٣٣﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ

مدد کی جائے گی ﴿٣٣﴾ اور تم یتیم کے مال کے

الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ حَتّٰی

پاس نہ جاؤ مگر جس طرح کہ بہتر ہو یہاں تک کہ

يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۪ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ

وہ اپنی جوانی کی عمر کو پہونچ جائے ، اور عہد کو پورا کرو ،

اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔوْلًا ﴿٣٤﴾ وَاَوْفُوا

بے شک عہد کی پوچھ ہوگی ﴿٣٤﴾ اور جب ناپ کر

الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ

دو تو پورا پورا ناپو اور ٹھیک ترازو سے

الْمُسْتَقِيْمِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ

تول کر دو ، یہ بہتر طریقہ ہے اور اِس کا انجام بھی

تَاْوِيْلًا ﴿٣٥﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ

اچھا ہے ﴿٣٥﴾ اور ایسی چیز کے پیچھے نہ لگیں جس کی

بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ

آپ کو خبر نہیں ، بے شک کان اور آنکھ

وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ

اور دل سب کی آدمی سے پوچھ

مَسْـُٔوْلًا ﴿٣٦﴾ وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ

ہوگی ﴿٣٦﴾ اور زمین میں اکڑ کر نہ چلیں ،

مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ

آپ زمین کو پھاڑ نہیں سکتے اور نہ ہی

وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ﴿٣٧﴾ كُلُّ

آپ پہاڑوں کی لمبائی کو پہونچ سکتے ہو ﴿٣٧﴾ یہ

ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ

سارے بُرے کام آپ کے رب کے نزدیک

مَكْرُوْهًا ﴿٣٨﴾ ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ

ناپسندیدہ ہیں ﴿٣٨﴾ یہ وہ باتیں ہیں جو آپ کے رب نے حکمت

رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ وَلَا تَجْعَلْ

میں سے آپ کی طرف وحی کی ہیں، اور (اے انسان)

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِىْ جَهَنَّمَ

اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہ بنا، ورنہ تجھے ملامت کر کے دھکّے دے

مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿٣٩﴾ اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ

کر دوزخ میں پھینک دیا جائے گا ﴿٣٩﴾ کیا تمہارے رب نے تم کو

بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ؕ

بیٹے چُن کر دیے اور اپنے لیے فرشتوں میں سے بیٹیاں بنالیں،

ع ۴ ۱۰ ۴ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ وَلَقَدْ

بے شک تم بڑی سخت بات کہتے ہو ﴿۴۰﴾ اور ہم نے

صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ؕ

اِس قرآن میں طرح طرح سے بیان کیا ہے تا کہ وہ یاد دہانی

وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۱﴾ قُلْ

حاصل کریں، لیکن اُن کی بیزاری بڑھتی ہی جارہی ہے ﴿۴۱﴾ کہہ

لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا

دیجیے کہ اگر اللہ کے ساتھ اور بھی معبود ہوتے جیسا کہ یہ لوگ

لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾

کہتے ہیں تو وہ عرش والے کی طرف ضرور راستہ نکالتے ﴿۴۲﴾

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا

اللہ پاک اور برتر ہے اُس سے جو یہ لوگ

كَبِيْرًا ﴿٤٣﴾ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ

کہتے ہیں ﴿٤٣﴾ اُسی کی پاکی بیان کرتے ہیں

السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ

ساتوں آسمان اور زمین اور جو اُن میں ہیں ،

وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ

اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اُس کی

وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ؕ

پاکی بیان نہ کرتی ہو مگر تم اُن کی تسبیح کو نہیں سمجھتے ،

اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿٤٤﴾ وَاِذَا

بے شک وہ بُردبار ہے ، بخشنے والا ہے ﴿٤٤﴾ اور جب

قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ

آپ قرآن پڑھتے ہو تو ہم آپ کے اور اُن لوگوں کے

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا

درمیان ایک چُھپا ہوا پردہ حائل کر دیتے ہیں جو آخرت کو

مَّسْتُوْرًا ﴿٤٥﴾ وَّجَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ

نہیں مانتے ﴿٤٥﴾ اور ہم اُن کے دلوں پر پردہ رکھ دیتے ہیں کہ

اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِیْٓ اٰذَانِهِمْ

وہ اُس کو نہ سمجھیں اور اُن کے کانوں میں گرانی پیدا کر دیتے

وَقْرًا ؕ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِی الْقُرْاٰنِ

ہیں ، اور جب آپ قرآن میں تنہا اپنے رب کا

وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓی اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ﴿٤٦﴾

ذکر کرتے ہو تو وہ نفرت کے ساتھ پیٹھ پھیر لیتے ہیں ﴿٤٦﴾

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ

ہم جانتے ہیں کہ جب وہ آپ کی طرف کان لگاتے ہیں تو وہ کس

يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓی

لیے سُنتے ہیں اور جب کہ وہ آپس میں کانا پھوسی کرتے ہیں

اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا

یہ ظالم لوگ کہتے ہیں کہ تم لوگ بس ایک جادو کیے ہوئے

رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿٤٧﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا

انسان کے پیچھے چل رہے ہو ﴿٤٧﴾ دیکھیں تو سہی کہ وہ آپ کے

لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

لیے کیا کیا مثالیں بیان کرتے ہیں، پس وہ بہک رہے ہیں، اب

سَبِيْلًا ﴿٤٨﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا ع ١٥

تو راہ پانا اُن کے بس میں نہیں رہا ﴿٤٨﴾ اور وہ کہتے ہیں کہ کیا

وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا

جب ہم ہڈی اور ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہم پھر سے

جَدِيْدًا ﴿٤٩﴾ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ

اُٹھائے جائیں گے ﴿٤٩﴾ کہہ دیجیے کہ تم پتھر یا

حَدِيْدًا ﴿٥٠﴾ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ

لوہا ہو جاؤ ﴿٥٠﴾ یا اور کوئی چیز جو تمہارے خیال میں اُن سے بھی زیادہ

صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ؕ

مشکل ہو، پھر وہ کہیں گے کہ وہ کون ہے جو ہم کو دوبارہ زندہ کرے گا،

قُلِ الَّذِیْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ
آپ کہیے کہ وہی جس نے تم کو پہلی بار پیدا کیا ہے ،

فَسَیُنْغِضُوْنَ اِلَیْكَ رُءُوْسَهُمْ
پھر وہ آپ کے آگے اپنے سر ہلائیں گے

وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هُوَ ؕ قُلْ عَسٰۤی اَنْ
اور کہیں گے کہ یہ کب ہوگا، کہہ دیجیے کہ عجب نہیں کہ اُس کا وقت

یَّكُوْنَ قَرِیْبًا ﴿۵۱﴾ یَوْمَ یَدْعُوْكُمْ
قریب آ پہونچا ہو ﴿۵۱﴾ جس دن اللہ تم کو پکارے گا تو تم اُس کی

فَتَسْتَجِیْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ
حمد کرتے ہوئے اُس کی پکار پر چلے آؤ گے اور تم یہ خیال کرو گے

اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۵۲﴾ وَقُلْ لِّعِبَادِیْ ع ۱۲ ۵
کہ تم بہت تھوڑی مدت رہے ﴿۵۲﴾ اور میرے بندوں سے

یَقُوْلُوا الَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ
کہہ دیجیے کہ وہی بات کہیں جو بہتر ہو ، شیطان

يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ

اُن کے درمیان فساد ڈالتا ہے ، بے شک شیطان

لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿٥٣﴾ رَبُّكُمْ

انسان کا کُھلا ہوا دشمن ہے ﴿٥٣﴾ تمہارا رب تم کو

اَعْلَمُ بِكُمْ ؕ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ اَوْ

خوب جانتا ہے، اگر وہ چاہے تو تم پر رحم کرے

اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

یا اگر وہ چاہے تو تم کو عذاب دے ، اور ہم نے آپ کو اُن کا

عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿٥٤﴾ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ

ذِمّہ دار بنا کر نہیں بھیجا ﴿٥٤﴾ اور آپ کا رب خوب جانتا ہے اُن کو

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا

جو آسمانوں اور زمین میں ہیں ، اور ہم نے بعض نبیوں کو

بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا

بعض پر فضیلت دی اور ہم نے داؤد (علیہ السلام) کو

دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿٥٥﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِیْنَ

زبور دی ﴿٥٥﴾ کہہ دیجیے کہ اُن کو پکارو جن کو تم نے

زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا یَمْلِكُوْنَ

اللہ کے سوا معبود سمجھ رکھا ہے، وہ نہ تم سے کسی مصیبت کو دور

كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِیْلًا ﴿٥٦﴾

کرنے کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ اُس کو بدل سکتے ہیں ﴿٥٦﴾

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ یَبْتَغُوْنَ

جن کو یہ لوگ پکارتے ہیں وہ خود اپنے رب کا قُرب ڈھونڈتے

اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِیْلَةَ اَیُّهُمْ اَقْرَبُ

ہیں کہ اُن میں سے کون سب سے زیادہ قریب ہو جائے اور وہ

وَیَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَیَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ

اپنے رب کی رحمت کے اُمیدوار ہیں اور وہ اُس کے عذاب سے

اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿٥٧﴾

ڈرتے ہیں، واقعی آپ کے رب کا عذاب ڈرنے ہی کی چیز ہے ﴿٥٧﴾

وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا

اور کوئی بستی ایسی نہیں جس کو ہم

قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا

قیامت سے پہلے ہلاک نہ کریں یا اُس کو سخت

شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿٥٨﴾

عذاب نہ دیں ، یہ بات کتاب میں لکھی ہوئی ہے ﴿٥٨﴾

وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ

اور ہم کو نشانیاں بھیجنے سے نہیں روکا مگر اِس چیز نے کہ اگلوں نے

اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ

اُن کو جھٹلایا ، اور ہم نے قومِ ثمود کو اونٹنی دی تھی جو آنکھیں

النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ؕ وَمَا

کھولنے کے لیے کافی تھی مگر اُنہوں نے اُس پر ظلم کیا، اور ہم

نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ﴿٥٩﴾

نشانیاں صرف ڈرانے کے لیے بھیجتے ہیں ﴿٥٩﴾

وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ

اور جب ہم نے آپ سے کہا کہ آپ کے رب نے لوگوں کو گھیرے میں لے لیا ہے،

وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا

اور وہ نظارہ جو ہم نے آپ کو دِکھایا وہ صرف لوگوں کی جانچ

فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ

کے لیے تھا اور اُس درخت کو بھی جس کی قرآن میں مذمّت

فِي الْقُرْاٰنِ ؕ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ

کی گئی ہے، اور ہم اُن کو ڈراتے ہیں لیکن اُن کی زبردست

اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿٦٠﴾ وَاِذْ قُلْنَا ع ٨ ٢

سرکشی بڑھتی ہی جارہی ہے ﴿٦٠﴾ اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا

کہ آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو تو اُنہوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ

نہیں کیا، اُس نے کہا: کیا میں ایسے شخص کو سجدہ کروں جس کو

خَلَقْتَ طِیْنًا ﴿٦١﴾ قَالَ اَرَءَیْتَكَ هٰذَا

تو نے مٹّی سے بنایا ہے ﴿٦١﴾ اُس نے کہا: ذرا دیکھ! یہ شخص جس

الَّذِیْ كَرَّمْتَ عَلَیَّ ۫ لَىِٕنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰی

کو تو نے مجھ پر عزت دی ہے، اگر تو مجھ کو قیامت کے دن تک

یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّیَّتَهٗٓ

مہلت دے تو میں تھوڑے لوگوں کے سوا اُس کی تمام اولاد کو

اِلَّا قَلِیْلًا ﴿٦٢﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ

کھا جاؤں گا ﴿٦٢﴾ اللہ نے کہا کہ جا، اُن میں سے

مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً

جو بھی تیرا ساتھی بنا تو جہنم تم سب کا پورا پورا بدلہ

مَّوْفُوْرًا ﴿٦٣﴾ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ

ہے ﴿٦٣﴾ اور اُن میں سے جس پر تیرا بس چلے تو اپنی

مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَیْهِمْ

آواز سے اُن کا قدم اُکھاڑ دے اور اُن پر اپنے سوار

بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ

اور پیدل سپاہی چڑھا لا اور اُن کے مال اور اولاد میں اُن کا

وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ

ساجھی بن جا اور اُن سے وعدہ کر، اور شیطان کا وعدہ ایک

الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿٦٤﴾ اِنَّ عِبَادِيْ

دھوکے کے سوا اور کچھ نہیں ﴿٦٤﴾ بے شک جو میرے بندے ہیں

لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ؕ وَكَفٰى

اُن پر تیرا زور نہیں چلے گا ، اور آپ کا

بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ﴿٦٥﴾ رَبُّكُمُ الَّذِيْ

رب کام بنانے کے لیے کافی ہے ﴿٦٥﴾ تمہارا رب وہ ہے

يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا

جو تمہارے لیے سمندر میں کشتی چلاتا ہے تاکہ تم اُس کا

مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿٦٦﴾

فضل تلاش کرو، بے شک وہ تمہارے اوپر مہربان ہے ﴿٦٦﴾

وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ

اور جب سمندر میں تم پر کوئی آفت آتی ہے تو تم اُن معبودوں کو

تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ

بھول جاتے ہو جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے تھے، پھر جب وہ تم کو

اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ

خشکی کی طرف بچا لاتا ہے تو تم دوبارہ پھر جاتے ہو، اور انسان

كَفُوْرًا ﴿٦٧﴾ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ

بڑا ہی ناشکرا ہے ﴿٦٧﴾ کیا تم اِس سے بے خوف ہو گئے کہ اللہ تم کو

بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ

خشکی کی طرف لا کر زمین میں دھنسا دے یا تم پر پتھر برسانے

حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ﴿٦٨﴾ لا

والی آندھی بھیج دے، پھر تم کسی کو اپنا کام بنانے والا نہ پاؤ ﴿٦٨﴾

اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً

یا تم اِس سے بے خوف ہو گئے ہو کہ وہ تم کو دوبارہ اُس (سمندر) میں لے جائے

أُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ

پھر تم پر ہوا کا سخت طوفان بھیج دے اور تم کو تمہارے

فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا

انکار کی وجہ سے غرق کر دے، پھر تم اُس پر کوئی ہمارا

لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿٦٩﴾ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا

پیچھا کرنے والا نہ پاؤ ﴿٦٩﴾ اور ہم نے آدم (علیہ السلام) کی اولاد کو

بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

عزّت دی اور ہم نے اُن کو خشکی اور تری میں سوار کیا

وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ

اور ہم نے اُن کو پاکیزہ چیزوں کا رزق دیا، اور ہم نے

عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿٧٠﴾ ع ١٠ ٧

اُن کو اپنی بہت سی مخلوقات پر فوقیت دی ﴿٧٠﴾

يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ ج

جس دن ہم ہر گروہ کو اُس کے رہنما کے ساتھ بُلائیں گے،

فَمَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِیَمِیْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ

پس جس کا اعمال نامہ اُس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ

یَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَ لَا یُظْلَمُوْنَ

لوگ اپنا اعمال نامہ پڑھیں گے اور اُن کے ساتھ ذرا بھی ناانصافی

فَتِیْلًا ﴿٧١﴾ وَمَنْ كَانَ فِیْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى

نہیں کی جائے گی ﴿٧١﴾ اور جو شخص اِس دنیا میں اندھا رہا

فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَ اَضَلُّ

وہ آخرت میں بھی اندھا رہے گا وہ بہت دور پڑا ہوگا

سَبِیْلًا ﴿٧٢﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَكَ

راستے سے ﴿٧٢﴾ اور قریب تھا کہ یہ لوگ فتنے میں ڈال کر آپ کو اُس سے

عَنِ الَّذِیْٓ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ لِتَفْتَرِیَ

ہٹا دیں جو ہم نے آپ پر وحی کی ہے تاکہ آپ اُس کے سوا

عَلَیْنَا غَیْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ

ہماری طرف غلط بات منسوب کرو، اور تب وہ آپ کو اپنا دوست

خَلِيْلًا ﴿٧٣﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ

بنا لیتے ﴿٧٣﴾ اور اگر ہم نے آپ کو جمائے نہ رکھا ہوتا

كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا قَلِيْلًا ﴿٧٤﴾

تو قریب تھا کہ آپ اُن کی طرف کچھ جُھک پڑتے ﴿٧٤﴾

اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ

پھر ہم آپ کو زندگی اور موت دونوں کا دہرا (عذاب) چکھاتے

الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا

پھر اُس کے بعد آپ ہمارے مقابلے میں اپنا کوئی مددگار

نَصِيْرًا ﴿٧٥﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ

نہ پاتے ﴿٧٥﴾ اور یہ لوگ اِس سرزمین سے آپ کے

مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا

قدم اُکھاڑنے لگے تھے تاکہ آپ کو اُس سے نکال دیں،

وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا

پھر یہ بھی آپ کے بعد بہت ہی کم

قَلِیْلًا ﴿٧٦﴾ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا

ٹھہر پاتے ﴿٧٦﴾ جیسا کہ اُن رسولوں کے بارے میں ہمارا طریقہ

قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا

رہا ہے جن کو ہم نے آپ سے پہلے بھیجا تھا اور آپ ہمارے

ع ٨ ٧ ٨ تَحْوِیْلًا ﴿٧٧﴾ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ

طریقے میں تبدیلی نہ پاؤ گے ﴿٧٧﴾ نماز قائم کیجیے سورج

الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ

ڈھلنے کے بعد سے رات کے اندھیرے تک اور خاص کر فجر کی

الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ

قراءت ، یقیناً فجر کے وقت کا قرآن پڑھنا

مَشْهُوْدًا ﴿٧٨﴾ وَمِنَ الَّیْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ

حاضر کیا گیا ہے ﴿٧٨﴾ اور رات کو تہجد پڑھیے یہ

نَافِلَةً لَّكَ ۖ۟ قف عَسٰۤى اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ

نفل ہے آپ کے لیے ، اُمید ہے کہ آپ کا رب آپ کو

مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿٧٩﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ

مقامِ محمود پر کھڑا کرے ﴿٧٩﴾ اور کہیے کہ اے میرے رب !

مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ

مجھ کو داخل کیجیے سچا داخل کرنا اور مجھ کو نکالیے

صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ

سچا نکالنا ، اور مجھ کو اپنے پاس سے مددگار

سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿٨٠﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ

قوت عطا کیجیے ﴿٨٠﴾ اور کہہ دیجیے کہ حق آیا

وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ

اور باطل مٹ گیا ، بے شک باطل مٹنے ہی

زَهُوْقًا ﴿٨١﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ

والا تھا ﴿٨١﴾ اور ہم قرآن میں سے اُتارتے ہیں

مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۙ

جس میں شفا اور رحمت ہے ایمان والوں کے لیے ،

وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿٨٢﴾

اور ظالموں کے لیے اُس سے نقصان کے سوا اور کچھ نہیں بڑھتا ﴿٨٢﴾

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ

اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں تو وہ اعراض کرتا ہے

وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ

اور پیٹھ پھیر لیتا ہے، اور جب اُس کو تکلیف پہونچتی ہے تو وہ

يَـُٔوْسًا ﴿٨٣﴾ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى

نا امید ہو جاتا ہے ﴿٨٣﴾ کہہ دیجیے کہ ہر ایک اپنے طریقے پر عمل

شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ

کر رہا ہے، اب تمہارا رب ہی بہتر جانتا ہے کہ کون زیادہ

اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿٨٤﴾ ع وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ ع ٩ ٧ ٩

ٹھیک راستے پر ہے ﴿٨٤﴾ اور وہ آپ سے روح کے متعلق

الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ

پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے کہ روح میرے رب کے حکم سے ہے،

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٨٥﴾

اور تم کو تو بہت تھوڑا علم دیا گیا ہے ﴿٨٥﴾

وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ

اور اگر ہم چاہیں تو وہ سب کچھ تم سے چھین لیں جو ہم نے

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ

وحی کے ذریعے آپ کو دیا ہے، پھر آپ اُس کے لیے ہمارے

عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿٨٦﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ

مقابلے میں کوئی حمایتی نہ پاؤ ﴿٨٦﴾ مگر یہ صرف آپ کے

رَّبِّكَ ط اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ

رب کی رحمت ہے، بے شک آپ کے اوپر اُس کا بڑا

كَبِيْرًا ﴿٨٧﴾ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ

فضل ہے ﴿٨٧﴾ کہہ دیجیے کہ اگر تمام انسان

الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا

اور جنّات جمع ہو جائیں کہ وہ اِس جیسا

بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ

قرآن بنا لائیں تب بھی وہ اِس کے جیسا نہ لاسکیں گے ؛

وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿٨٨﴾

اگرچہ وہ ایک دوسرے کے مددگار بن جائیں ﴿٨٨﴾

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا

اور ہم نے لوگوں کے لیے اِس قرآن میں

الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ز فَاَبٰٓى

ہر قِسم کا مضمون طرح طرح سے بیان کیا ہے ، پھر بھی

اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿٨٩﴾ وَقَالُوْا

اکثر لوگ انکار ہی پر جمے رہے ﴿٨٩﴾ اور وہ کہتے ہیں

لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ

کہ ہم ہرگز تم پر ایمان نہ لائیں گے جب تک تم ہمارے

الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿٩٠﴾ لا اَوْ تَكُوْنَ

لیے زمین سے کوئی چشمہ جاری نہ کر دو ﴿٩٠﴾ یا تمہارے پاس

لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ

کھجوروں اور انگوروں کا کوئی باغ ہو جائے پھر تم

فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ۙ﴿٩١﴾

اُس باغ کے بیچ میں بہت سی نہریں جاری کردو ﴿٩١﴾

اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا

یا جیسا کہ تم کہتے ہو ہمارے اوپر آسمان سے ٹکڑے

كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

گرا دو یا اللہ اور فرشتوں کو لا کر ہمارے سامنے کھڑا

قَبِيْلًا ۙ﴿٩٢﴾ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ

کر دو ﴿٩٢﴾ یا تمہارے پاس سونے کا کوئی گھر ہو جائے

مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ؕ

یا تم آسمان پر چڑھ جاؤ ، اور ہم تمہارے

وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ

چڑھنے کو بھی نہ مانیں گے جب تک تم وہاں سے ہم پر

عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ قُلْ سُبْحَانَ

کوئی کتاب نہ اُتار دو جسے ہم پڑھیں ، کہہ دیجیے کہ میرا

ع ١٠ ٩ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿٩٣﴾

رب پاک ہے، میں تو صرف ایک انسان ہوں اللہ کا رسول ﴿٩٣﴾

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ

اور جب اُن کے پاس ہدایت آ گئی تو اُن کو ایمان لانے سے اِس

جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ

کے سوا اور کوئی چیز مانع نہیں ہوئی کہ اُنہوں نے کہا کہ کیا اللہ نے

اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿٩٤﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ فِي

انسان کو رسول بنا کر بھیجا ہے ﴿٩٤﴾ کہہ دیجیے کہ اگر زمین میں

الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ

فرشتے ہوتے کہ وہ اُس میں اطمینان کے ساتھ چلتے

لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا

پھرتے تو البتہ ہم اُن پر آسمان سے فرشتے کو رسول بنا کر

رَّسُوْلًا ﴿٩٥﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا

بھیجتے ﴿٩٥﴾ کہیے کہ میرے اور تمہارے درمیان گواہی

بَيْنِىْ وَبَيْنَكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ

کے لیے اللہ کافی ہے ، بے شک وہ اپنے بندوں کو

خَبِيْرًا بَصِيْرًا ﴿٩٦﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ

جاننے والا ، دیکھنے والا ہے ﴿٩٦﴾ اللہ جس کو راہ دِکھائے وہی

فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ

راہ پانے والا ہے ، اور جس کو وہ بے راہ کر دے تو آپ

لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَنَحْشُرُهُمْ

اُن کے لیے اللہ کے سوا کسی کو مددگار نہ پاؤ گے، اور ہم قیامت

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا

کے دن اُن کو اُن کے منہ کے بَل اندھے اور گونگے

وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ؕ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ كُلَّمَا

اور بہرے اکٹھا کریں گے ، اُن کا ٹھکانہ جہنم ہے ، جب جب

النصف

خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ﴿٩٧﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ

اُس کی آگ دھیمی ہوگی ہم اُس کو مزید بھڑکا دیں گے ﴿٩٧﴾ یہ ہے اُن کا بدلہ

بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا

اِس وجہ سے کہ اُنہوں نے ہماری نشانیوں کا انکار کیا اور کہا کہ

كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ

جب ہم ہڈی اور ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہم دوبارہ پیدا کر کے

خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿٩٨﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا

اُٹھائے جائیں گے ﴿٩٨﴾ کیا اُن لوگوں نے نہیں دیکھا کہ

اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

جس اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا وہ اِس پر

وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ

قادر ہے کہ اُن کے مانند دوبارہ پیدا کر دے، اور اُس نے

مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ

اُن کے لیے ایک مدت مقرر کر رکھی ہے جس میں کوئی شک نہیں،

فِیْهِ ؕ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿٩٩﴾ قُلْ

اِس پر بھی ظالم لوگ بے سبب انکار کیے نہ رہے ﴿٩٩﴾ کہہ دیجیے کہ

لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآىِٕنَ رَحْمَةِ رَبِّیْٓ

اگر تم لوگ میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے مالک ہوتے تو

اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْیَةَ الْاِنْفَاقِ ؕ وَكَانَ

اِس صورت میں تم خرچ ہو جانے کے اندیشے سے ضرور ہاتھ روک

الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿١٠٠﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسٰى ع ١١ ١٧ ١١

لیتے، اور انسان بڑا ہی تنگ دل ہے ﴿١٠٠﴾ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو

تِسْعَ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ

نو کھلی نشانیاں دیں تو بنی اسرائیل سے پوچھ لیجیے جب کہ وہ اُن

اِذْ جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّیْ

کے پاس آئے تو فرعون نے اُن سے کہا کہ اے موسیٰ! میرے

لَاَظُنُّكَ یٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ﴿١٠١﴾ قَالَ

خیال میں تو ضرور تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے ﴿١٠١﴾ موسیٰ نے کہا:

لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا

تم خوب جانتے ہو کہ اِن کو آسمانوں اور زمین کے

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآىِٕرَ ۚ

رب ہی نے اُتارا ہے آنکھیں کھول دینے کے لیے ، اور

وَاِنِّیْ لَاَظُنُّكَ یٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ﴿١٠٢﴾

اے فرعون ! میں تو سمجھ رہا ہوں کہ تم یقیناً برباد و ہلاک کیے گئے ہو ﴿١٠٢﴾

فَاَرَادَ اَنْ یَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ

پھر فرعون نے چاہا کہ اُن کو اُس سرزمین سے اُکھاڑ دے ،

فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِیْعًا ﴿١٠٣﴾ لَا

پس ہم نے اُس کو اور جو اُس کے ساتھ تھے سب کو غرق کر دیا ﴿١٠٣﴾

وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ

اور ہم نے اُس کے بعد بنی اسرائیل سے کہا کہ

اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ

تم زمین میں رہو ، پھر جب آخرت کا وعدہ آجائے گا

جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ﴿١٠٤﴾ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ

تو ہم تم سب کو اکٹھا کر کے لائیں گے ﴿١٠٤﴾ اور ہم نے قرآن کو حق کے ساتھ اُتارا ہے

وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا

اور وہ حق ہی کے ساتھ اُترا ہے، اور ہم نے آپ کو صرف خوش خبری دینے والا

وَّنَذِيْرًا ﴿١٠٥﴾ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ

اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے ﴿١٠٥﴾ اور ہم نے قرآن کو تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارا؛ تاکہ آپ اُس

عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿١٠٦﴾

کو لوگوں کے سامنے ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں، اور ہم نے اُس کو تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارا ہے ﴿١٠٦﴾

قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

کہہ دیجیے کہ تم اِس پر ایمان لاؤ یا ایمان نہ لاؤ، وہ لوگ جن کو اِس

اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ

سے پہلے علم دیا گیا تھا جب وہ اُن کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو وہ

يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿١٠٧﴾ وَّيَقُوْلُوْنَ

ٹھوڑیوں کے بل سجدے میں گر پڑتے ہیں ﴿١٠٧﴾ اور وہ کہتے ہیں کہ

سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا

ہمارا رب پاک ہے، بے شک ہمارے رب کا وعدہ ضرور

لَمَفْعُوْلًا ﴿١٠٨﴾ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ

پورا ہوتا ہے ﴿١٠٨﴾ اور وہ ٹھوڑیوں کے بل روتے ہوئے گرتے

وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ﴿١٠٩﴾ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ

ہیں اور قرآن اُن کا خشوع بڑھا دیتا ہے ﴿١٠٩﴾ کہیے کہ چاہے اللہ

اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ

کہہ کر پکارو یا پھر رحمان کہہ کر پکارو، جس نام سے بھی پکارو اُس

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ

کے لیے سب اچھے نام ہیں، اور آپ اپنی نماز نہ بہت پکار کر پڑھیں

وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ

اور نہ بالکل چپکے چپکے پڑھیں اور دونوں کے درمیان کا طریقہ

سَبِيْلًا ﴿١١٠﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

اختیار کریں ﴿١١٠﴾ اور کہیے کہ تمام خوبیاں اُس اللہ کے لیے ہیں

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ

جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ بادشاہی میں کوئی اُس کا

شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ

شریک ہے اور نہ کمزوری کی وجہ سے اُس کا کوئی

مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾ ع ۱۲ ۱۱ ۱۲

مددگار ہے، اور آپ اُس کی خوب بڑائی بیان کیجیے ﴿۱۱۱﴾

(سورۂ کہف مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ہے مگر آیت (۲۸) اور آیت نمبر (۸۳) سے (۱۰۱) تک مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہیں، اس میں (۱۱۰) آیتیں اور (۱۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۶۹) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۸) نمبر پر ہے اور سورۂ فاطر کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۱۵۷۷) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۶۳۶۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ

تمام تعریفیں اُسی اللہ کے لائق ہیں جس نے اپنے بندے پر

الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ﴿۱﴾ ط سکتة*

یہ قرآن اُتارا اور اُس میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی ﴿۱﴾

* یہاں پر سکتہ واجب ہے۔

قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ

بالکل ٹھیک؛ تاکہ وہ اللہ کی طرف سے ایک سخت عذاب سے

لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ

آگاہ کر دے اور ایمان والوں کو خوش خبری دے دے

يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا

جو نیک اعمال کرتے ہیں کہ اُن کے لیے اچھا

حَسَنًا ۙ﴿٢﴾ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۙ﴿٣﴾

بدلہ ہے ﴿٢﴾ وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٣﴾

وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝﴿٤﴾

اور اُن لوگوں کو ڈرا دے جو کہتے ہیں کہ اللہ نے بیٹا بنایا ہے ﴿٤﴾

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ

اُن کو اِس بات کا کوئی علم نہیں اور نہ اُن کے باپ دادا کو،

كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ

یہ بڑی بھاری بات ہے جو اُن کے منہ سے نکل رہی ہے،

اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ﴿٥﴾ فَلَعَلَّكَ

وہ صرف جھوٹ کہتے ہیں ﴿٥﴾ شاید آپ

بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ

اُن کے پیچھے غم سے اپنے آپ کو ہلاک

اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ

کر ڈالو گے اگر وہ اِس بات پر ایمان

اَسَفًا ۝٦ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ

نہ لائے ۝٦ روئے زمین پر جو کچھ ہے ہم نے اُسے زمین

زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ

کی رونق کا باعث بنایا ہے کہ ہم اُنہیں آزمالیں کہ اُن میں سے کون نیک

عَمَلًا ۝٧ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا

اعمال والا ہے ۝٧ اور (یہ بھی یقین رکھو کہ) روئے زمین پر جو کچھ ہے ایک

صَعِيْدًا جُرُزًا ۝٨ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ

دن ہم اُسے ایک سپاٹ میدان بنادیں گے ۝٨ کیا آپ خیال کرتے ہو

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ

کہ کہف اور رقیم والے ہماری نشانیوں میں سے

اٰيٰتِنَا عَجَبًا ﴿٩﴾ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى

بہت عجیب نشانی تھے ﴿٩﴾ جب اُن نوجوانوں نے غار میں پناہ لی

الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ

پھر اُنہوں نے کہا کہ اے ہمارے رب! ہم کو اپنے پاس سے رحمت

رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿١٠﴾

دیجیے اور ہمارے لیے ہمارے معاملے کو درست کر دیجیے ﴿١٠﴾

فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ

پس ہم نے غار میں اُن کے کانوں پر سالہا سال کے لیے (نیند کا پردہ)

عَدَدًا ﴿١١﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ

ڈال دیا ﴿١١﴾ پھر ہم نے اُن کو اُٹھایا تا کہ ہم معلوم کریں کہ دونوں

الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿١٢﴾ ع ١٢/١٣

گروہوں میں سے کون ٹھہرنے کی مدّت کا زیادہ ٹھیک شمار کرتا ہے ﴿١٢﴾

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ؕ

ہم آپ کو اُن کا اصل قصّہ سُناتے ہیں ،

اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ

وہ کچھ نوجوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے اور ہم نے اُن کی

هُدًى ﴿١٣﴾ وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ ق صلے

ہدایت میں مزید ترقّی دی ﴿١٣﴾ اور ہم نے اُن کے دِلوں کو مضبوط کر دیا

اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ

جب کہ وہ اُٹھے اور کہا کہ ہمارا رب وہی ہے جو آسمانوں اور زمین کا رب

وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاْ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا

ہے، ہم اُس کے سوا کسی دوسرے معبود کو نہ پُکاریں گے، اگر ہم ایسا

لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ﴿١٤﴾ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا

کریں تو ہم بہت بے جا بات کریں گے ﴿١٤﴾ یہ ہماری قوم کے لوگوں

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا يَاْتُوْنَ

نے اُس کے سوا دوسرے معبود بنا رکھے ہیں، یہ اُن کے حق میں

عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ

کوئی واضح دلیل کیوں نہیں لاتے، پھر اُس شخص سے بڑا ظالم

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ﴿١٥﴾ وَاِذِ

اور کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے ﴿١٥﴾ اور جب تم اُن لوگوں

اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ

سے الگ ہو گئے ہو اور اُن کے معبودوں سے جن کی وہ اللہ کی سوا

فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ

عبادت کرتے ہیں تو اب چل کر غار میں پناہ لو تمہارا رب تمہارے

مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ

اوپر اپنی رحمت پھیلائے گا اور تمہارے کام کے لیے سروسامان مہیا

مِّرْفَقًا ﴿١٦﴾ وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ

کرے گا ﴿١٦﴾ اور آپ سورج کو دیکھتے ہو کہ جب وہ طلوع

تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا

ہوتا ہے تو اُن کے غار سے دائیں جانب کو بچا رہتا ہے

غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ

اور جب ڈوبتا ہے اُن سے بائیں طرف کو کترا جاتا ہے

وَهُمْ فِیْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰیٰتِ

اور وہ غار کے اندر ایک وسیع جگہ میں ہیں، یہ اللہ کی نشانیوں میں سے

اللّٰهِ ؕ مَنْ یَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ

ہے، جس کو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پانے والا ہے اور جس کو اللہ

یُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِیًّا مُّرْشِدًا ﴿١٧﴾ ع ٢ ١٥ ١٤

بے راہ کر دے تو آپ اُس کے لیے کوئی مددگار، راہ بتانے والا نہ پاؤ گے ﴿١٧﴾

وَتَحْسَبُهُمْ اَیْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖ

اور آپ اُنہیں دیکھ کر یہ سمجھتے کہ وہ جاگ رہے ہیں؛ حالانکہ وہ سو

وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْیَمِیْنِ وَذَاتَ

رہے تھے، ہم اُن کو دائیں اور بائیں کروٹ بدلواتے رہتے

الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْهِ

تھے، اور اُن کا کتّا غار کے منہ پر دونوں ہاتھ پھیلائے بیٹھا تھا،

بِالْوَصِیْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَیْهِمْ لَوَلَّیْتَ

اگر آپ اُن کو جھانک کر دیکھتے تو اُن سے پیٹھ پھیر کر بھاگ

مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿١٨﴾

کھڑے ہوتے اور آپ کے اندر اُن کی دہشت بیٹھ جاتی ﴿١٨﴾

وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ؕ

اور اِسی طرح ہم نے اُن کو جگایا تا کہ وہ آپس میں پوچھ گچھ کریں،

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا

اُن میں سے ایک کہنے والے نے کہا: تم کتنی دیر یہاں ٹھہرے؟

لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالُوْا

اُنہوں نے کہا کہ ہم ایک دن یا ایک دن سے بھی کم ٹھہرے

رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْٓا

ہوں گے، وہ بولے کہ تمہارا رب ہی بہتر جانتا ہے کہ تم کتنی دیر

اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ

یہاں رہے پس اپنے میں سے کسی کو یہ چاندی کا سِکّہ دے کر شہر

فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ

بھیجو، پس وہ دیکھے کہ پاکیزہ کھانا کہاں ملتا ہے

بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ

اور تمہارے لیے اُس میں سے کچھ کھانا لائے، اور وہ نرمی سے

بِكُمْ اَحَدًا ﴿١٩﴾ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا

جائے اور کسی کو تمہاری خبر نہ ہونے دے ﴿١٩﴾ اگر وہ تمہاری خبر

عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ

پا جائیں گے تو تم کو پتھروں سے مار ڈالیں گے یا تم کو اپنے

فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿٢٠﴾

دین میں لوٹا لیں گے اور پھر تم کبھی کامیابی نہ پاؤ گے ﴿٢٠﴾

وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ

اور اِس طرح ہم نے اُن پر لوگوں کو مطّلع کر دیا؛ تا کہ لوگ جان

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ

لیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ قیامت میں کوئی شک نہیں،

فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ

جب لوگ آپس میں اُن کے معاملے میں جھگڑ رہے تھے

فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ؕ رَبُّهُمْ

پھر کہنے لگے کہ اُن کے غار پر ایک عمارت بنادو، اُن کا رب

اَعْلَمُ بِهِمْ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى

اُن کو خوب جانتا ہے، جو لوگ اُن کے معاملے میں غالب آئے

اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ﴿٢١﴾

اُنہوں نے کہا کہ ہم اُن کے غار پر ایک عبادت گاہ بنائیں گے ﴿٢١﴾

سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ

کچھ لوگ کہیں گے کہ وہ تین تھے اور چوتھا اُن کا کتّا تھا،

وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ

اور کچھ لوگ کہیں گے کہ وہ پانچ تھے اور چھٹا اُن کا کتّا تھا، یہ لوگ

رَجْمًۢا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ

بے تحقیق بات کہہ رہے ہیں، اور کچھ لوگ کہیں گے کہ وہ سات تھے

وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ؕ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ

اور آٹھواں اُن کا کتّا تھا، کہہ دیجیے کہ میرا رب بہتر جانتا ہے کہ

بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۫ قف ۵

وہ کتنے تھے ، تھوڑے ہی لوگ اُن کو جانتے ہیں،

فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۪ ص

پس آپ سرسری بات سے زیادہ اُن کے معاملے میں بحث نہ کریں

وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿٢٢﴾ ع ۳ ع ۵ ۱۵

اور نہ اُن کے بارے میں اُن میں سے کسی سے پوچھیں ﴿٢٢﴾

وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَاْیْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ

اور آپ کسی کام کے بارے میں یوں نہ کہیں کہ میں اُس کو کل

غَدًا ﴿٢٣﴾ لا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ز وَاذْكُرْ

کردوں گا ﴿٢٣﴾ مگر یہ کہ اللہ چاہے، اور جب آپ بھول جائیں تو

رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ

اپنے رب کو یاد کریں اور کہیے کہ اُمید ہے کہ میرا رب مجھ کو

رَبِّیْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾ وَلَبِثُوْا

بھلائی کی اِس سے زیادہ قریب راہ دِکھا دے ﴿٢٤﴾ اور وہ لوگ

فِیْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا

اپنے غار میں تین سو سال رہے اور (کچھ لوگ مدت کے شمار میں) نو سال

تِسْعًا ﴿٢٥﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ

اور بڑھ گئے ﴿٢٥﴾ کہہ دیجیے کہ اللہ اُن کے رہنے کی مدّت کو زیادہ جانتا ہے،

لَهٗ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَبْصِرْ

آسمانوں اور زمین کا غیب اُس کے علم میں ہے، کیا خوب ہے وہ

بِهٖ وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ

دیکھنے والا اور سُننے والا ، اللہ کے سوا اُن کا کوئی مددگار

وَّلِیٍّ ز وَّلَا یُشْرِكُ فِیْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ﴿٢٦﴾

نہیں اور نہ اللہ کسی کو اپنے اختیار میں شریک کرتا ہے ﴿٢٦﴾

وَاتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ كِتَابِ

اور آپ کے رب کی جو کتاب آپ پر وحی کی جارہی ہے اُس کو

رَبِّكَ ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ

سُنایئے، اللہ کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور اُس کے سوا آپ

مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿٢٧﴾ وَاصْبِرْ

کوئی پناہ نہیں پا سکتے ﴿٢٧﴾ اور اپنے آپ کو

نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ

اُن لوگوں کے ساتھ جمائے رکھیے جو صبح و شام اپنے رب کو

بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ

پکارتے ہیں ، وہ اُس کی رضا کے طالب ہیں، اور آپ کی

وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ

آنکھیں دنیوی زندگی کی رونق کی خاطر اُن سے ہٹنے نہ پائے ،

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا

اور آپ ایسے شخص کا کہنا نہ مانیں جس کے دل کو ہم نے

قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ

اپنی یاد سے غافل کر دیا اور وہ اپنی خواہش پر چلتا ہے

وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿٢٨﴾ وَقُلِ الْحَقُّ

اور اُس کا معاملہ حد سے گزر گیا ہے ﴿٢٨﴾ اور کہہ دیجیے کہ یہ حق ہے

مِنْ رَّبِّكُمْ ۣ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ

تمہارے رب کی طرف سے، پس جو شخص چاہے اُسے مانے

وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۚ اِنَّآ اَعْتَدْنَا

اور جو شخص چاہے نہ مانے، ہم نے ظالموں کے لیے ایسی آگ تیار

لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ

کر رکھی ہے جس کی قناتیں اُن کو اپنے گھیرے میں لے لیں گی،

وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ

اور اگر وہ پانی کے لیے فریاد کریں گے تو اُن کی مدد ایسے پانی سے کی جائے

يَشْوِى الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ

گی جو تیل کی تلچھٹ کی طرح ہوگا جو چہروں کو بھون ڈالے گا، کیا بُرا پانی ہوگا

وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٢٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور کیسا بُرا ٹھکانہ ﴿٢٩﴾ بے شک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ

ایمان لائے اور اُنہوں نے اچھے کام کیے تو ہم ایسے لوگوں کا اجر

اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿٣٠﴾ اُولٰٓئِكَ

ضائع نہیں کریں گے جو اچھی طرح کام کریں ﴿٣٠﴾ یہ وہ لوگ ہیں

لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ

جن کے لیے ہمیشہ رہنے والے باغات ہیں، اُن کے نیچے سے

الْاَنْهٰرُ یُحَلَّوْنَ فِیْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ

نہریں بہتی ہوں گی ، اُن کو وہاں سونے کے

ذَهَبٍ وَّیَلْبَسُوْنَ ثِیَابًا خُضْرًا مِّنْ

کنگن پہنائے جائیں گے اور وہ اونچی مسندوں پر

سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕیْنَ فِیْهَا عَلَی

تکیہ لگائے ہوئے باریک اور دبیز قسم کے سبز کپڑے

الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ وَحَسُنَتْ

پہنے ہوں گے ، کتنا بہترین اجر ہے اور کیسی حسین

مُرْتَفَقًا ﴿٣١﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا ع ۴ ۹ ۱۶

آرام گاہ ہے ﴿٣١﴾ اور اُنہیں دو شخصوں کی مثال بھی

رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ

سُنا دیجیے جن میں سے ایک کو ہم نے دو باغ انگوروں کے دے

مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا

رکھے تھے اور جنہیں ہم نے کھجور کے درختوں سے گھیر رکھا تھا اور

بَيْنَهُمَا زَرْعًا ؕ ﴿٣٢﴾ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ

دونوں کے درمیان کھیتی لگا رکھی تھی ﴿٣٢﴾ دونوں باغ اپنا پورا پھل

اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا

لائے اور اُن میں کچھ کمی نہیں کی، اور دونوں باغوں کے بیچ ہم

خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۙ ﴿٣٣﴾ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ

نے نہر جاری کر دی ﴿٣٣﴾ اور اُس کو خوب پھل ملا تو اُس نے اپنے

لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا۠ اَكْثَرُ مِنْكَ

ساتھی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ میں تجھ سے مال میں زیادہ ہوں

مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿٣٤﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ

اور تعداد میں بھی زیادہ طاقت ور ہوں ﴿٣٤﴾ وہ اپنے باغ میں داخل ہوا

وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ

اور وہ اپنے آپ پر ظلم کر رہا تھا، اُس نے کہا کہ میں نہیں

اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ۙ﴿٣٥﴾ وَّمَآ اَظُنُّ

سمجھتا کہ یہ کبھی برباد ہوجائے گا ﴿٣٥﴾ اور میں نہیں سمجھتا کہ

السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى

قیامت کبھی آئے گی ، اور اگر میں اپنے رب کی طرف لوٹا

رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ۚ﴿٣٦﴾

دیا گیا تو ضرور اِس سے زیادہ اچھی جگہ مجھ کو ملے گی ﴿٣٦﴾

قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ

اُس کے ساتھی نے اُس سے بات کرتے ہوئے کہا: کیا تم

اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ

اُس ذات سے انکار کر رہے ہو جس نے تم کو مٹّی سے بنایا

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ؕ﴿٣٧﴾

پھر پانی کی ایک بوند سے پھر تم کو پورا آدمی بنایا ﴿٣٧﴾

لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّیْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّیْٓ

لیکن میرا رب تو وہی اللہ ہے اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک

اَحَدًا ﴿٣٨﴾ وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ

نہیں ٹھہراتا ﴿٣٨﴾ اور جب تم اپنے باغ میں داخل ہوئے تو تم نے کیوں نہ

قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ

کہا کہ جو اللہ چاہتا ہے وہی ہوتا ہے، اللہ کے بغیر کسی میں کوئی قوت نہیں،

اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٣٩﴾ۚ

اگر تم دیکھتے ہو کہ میں مال اور اولاد میں تم سے کم ہوں ﴿٣٩﴾

فَعَسٰى رَبِّیْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ

تو اُمید ہے کہ میرا رب مجھ کو تمہارے باغ سے بہتر

جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ

باغ دے دے اور تمہارے باغ پر آسمان سے کوئی آفت

السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿٤٠﴾ۙ

بھیج دے جس سے وہ باغ صاف میدان ہو کر رہ جائے ﴿٤٠﴾

اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ

یا اُس کا پانی خشک ہو جائے پھر تم اُس کو کسی طرح

لَهٗ طَلَبًا ﴿٤١﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ

نہ پاسکو ﴿٤١﴾ اور اُس کے (سارے) پھل گھیر لیے گئے، پس

يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا

وہ اپنے اُس خرچ پر ہاتھ مَلنے لگا جو اُس نے اُس میں کیا تھا

وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ

اور وہ باغ تو اوندھا اُلٹا پڑا تھا، اور وہ شخص کہہ رہا تھا کہ

يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿٤٢﴾

کاش! میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہ کرتا ﴿٤٢﴾

وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ

اُس کی حمایت میں کوئی جماعت نہ اُٹھی کہ اللہ سے اُس کا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿٤٣﴾

بچاؤ کرتی اور نہ وہ خود ہی بدلہ لینے والا بن سکا ﴿٤٣﴾

هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ

یہاں سارا اختیار صرف خدائے برحق کا ہے ، وہ بہتر ین

ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿٤٤﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ ع ١٣ ٥ ١٧

اجر اور بہترین انجام والا ہے ﴿٤٤﴾ اور اُن کو دنیا کی زندگی کی

مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ

مثال سُنایئے جیسے کہ پانی جس کو ہم نے آسمان سے اُتارا

مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ

پھر اُس سے زمین کے نباتات خوب گھنی ہو گئیں

الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ

پھر وہ ریزہ ریزہ ہو گئیں جس کو ہوائیں اُڑاتی

الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

پھرتی ہیں ، اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے

مُّقْتَدِرًا ﴿٤٥﴾ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ

والا ہے ﴿٤٥﴾ مال اور اولاد دنیوی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ

زندگی کی رونق ہیں، اور باقی رہنے والی نیکیاں آپ کے رب کی

خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿٤٦﴾

نزدیک ثواب کے اعتبار سے اور توقّع کے اعتبار سے بہتر ہیں ﴿٤٦﴾

وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ

اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور آپ دیکھو گے زمین کو بالکل

بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ

کھُلی ہوئی اور ہم اُن سب کو جمع کریں گے پھر ہم اُن میں سے کسی کو نہ چھوڑیں

اَحَدًا ﴿٤٧﴾ ۚ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ

گے ﴿٤٧﴾ اور سب لوگ آپ کے رب کے سامنے صف باندھ کر پیش کیے جائیں گے،

جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ بَلْ

تم ہمارے پاس آ گئے جس طرح ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا؛ بلکہ تم نے یہ

زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿٤٨﴾

گمان کیا کہ ہم تمہارے لیے کوئی وعدے کا وقت مقرّر نہیں کریں گے ﴿٤٨﴾

وَ وُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ

اور رجسٹر رکھا جائے گا تو آپ مجرموں کو دیکھو گے کہ اُس میں

مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ

جو کچھ ہے وہ اُس سے ڈرتے ہوں گے اور کہیں گے کہ

يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ

ہائے ہماری خرابی ! کیسی ہے یہ کتاب کہ اِس نے نہ کوئی

صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ

چھوٹی بات درج کرنے سے چھوڑی ہے اور نہ کوئی بڑی بات،

وَ وَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ

اور جو کچھ اُنہوں نے کیا ہے وہ سب سامنے پائیں گے،

وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿٤٩﴾ وَاِذْ قُلْنَا ع ٦ ٥ ١٨

اور آپ کا رب کسی کے اوپر ظلم نہ کرے گا ﴿٤٩﴾ اور جب ہم نے

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا

فرشتوں سے کہا کہ آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو تو اُنہوں نے سجدہ کیا

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ

مگر ابلیس نے نہ کیا، وہ جنّات میں سے تھا پس اُس نے اپنے

عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ

رب کے حکم کی نافرمانی کی ، اب کیا تم اُس کو اور اُس کی

وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ

اولاد کو میرے سِوا اپنا دوست بناتے ہو ؛ حالانکہ وہ

لَكُمْ عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ﴿٥٠﴾

تمہارے دشمن ہیں، یہ ظالموں کے لیے بہت بُرا بدل ہے ﴿٥٠﴾

مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

میں نے اُن کو نہ آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے کے وقت

وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۖ وَمَا كُنْتُ

بُلایا اور نہ خود اُن کے پیدا کرنے کے وقت بُلایا، اور میں ایسا

مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿٥١﴾ وَيَوْمَ

نہیں کہ گمراہ کرنے والوں کو اپنا مددگار بناؤں ﴿٥١﴾ اور جس دن

يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ

اللہ کہے گا کہ جن کو تم میرا شریک سمجھتے تھے اُن کو پکارو، پس وہ اُن کو

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا

پکاریں گے مگر وہ اُن کو کوئی جواب نہ دیں گے اور ہم اُن کے درمیان

بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿٥٢﴾ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ

ہلاکت کا سامان کر دیں گے ﴿٥٢﴾ اور مجرم لوگ آگ کو دیکھیں گے

فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا

اور سمجھ لیں گے کہ وہ اُس میں گرنے والے ہیں اور وہ اُس سے بچنے کی

عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿٥٣﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ ع ٧ ١٩

کوئی راہ نہ پائیں گے ﴿٥٣﴾ اور ہم نے اِس قرآن میں

هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ

لوگوں کی ہدایت کے لیے ہر قسم کی مثالیں بیان کی ہیں،

وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿٥٤﴾

اور انسان سب سے زیادہ جھگڑالو ہے ﴿٥٤﴾

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ

اور جب لوگوں کے پاس ہدایت آ چکی تو اب اُنہیں ایمان لانے اور

الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ

اپنے رب سے معافی مانگنے سے اِس (مطالبے) کے سوا کوئی اور چیز

تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ

نہیں روک رہی کہ اُن کے ساتھ بھی پچھلے لوگوں جیسے واقعات پیش آ جائیں

الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿٥٥﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ

یا عذاب اُن کے بالکل سامنے آ کھڑا ہو ﴿٥٥﴾ اور رسولوں کو ہم صرف

اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ

خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجتے ہیں، اور منکر لوگ ناحق

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا

کی باتیں لے کر جھوٹا جھگڑا کرتے ہیں؛ تاکہ اُس کے ذریعے سے حق کو

بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ اُنْذِرُوْا

نیچا کر دیں، اور اُنہوں نے میری نشانیوں کو اور جو ڈر سنائے گئے اُن کو

هُزُوًا ﴿٥٦﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ

مذاق بنا دیا ﴿٥٦﴾ اور اُس سے بڑا ظالم کون ہوگا جس کو اُس کے رب کی

رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ

آیات کے ذریعے یاددہانی کی جائے تو وہ اُس سے منہ پھیر لے اور

يَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً

اپنے ہاتھوں کے عمل کو بھول جائے، ہم نے اُن کے دِلوں پر پردے

اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ

ڈال دیے ہیں کہ وہ اُس کو نہ سمجھیں اور اُن کے کانوں میں بوجھ ہے،

تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا

اور اگر آپ اُن کو ہدایت کی طرف بُلاؤ تو وہ کبھی راہ پر آنے والے

اَبَدًا ﴿٥٧﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ

نہیں ہیں ﴿٥٧﴾ اور آپ کا رب بخشنے والا، رحمت والا ہے، اگر

يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ

وہ اُن کے کیے پر اُنہیں پکڑے تو فوراً اُن پر عذاب

الْعَذَابَ ؕ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا

بھیج دے، مگر اُن کے لیے ایک مقرر وقت ہے (اور) وہ اُس کے

مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ الْقُرٰٓى

مقابلے میں کوئی پناہ کی جگہ نہ پائیں گے ﴿٥٨﴾ اور یہ بستیاں ہیں جن کو ہم

اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ

نے ہلاک کر دیا جب کہ وہ ظالم ہو گئے، اور ہم نے اُن کی ہلاکت کا ایک

مَّوْعِدًا ﴿٥٩﴾ ع وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ ع ٨ ٢ ٢٠

وقت مقرر کیا تھا ﴿٥٩﴾ اور جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے شاگرد سے کہا کہ میں

لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ

چلتا رہوں گا یہاں تک کہ یا تو دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ پر پہونچ جاؤں یا

اَوْ اَمْضِىَ حُقُبًا ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ

اِسی طرح برسوں تک چلتا رہوں ﴿٦٠﴾ پس جب وہ دریاؤں کے ملنے کی جگہ

بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ

پہونچے تو وہ اپنی مچھلی کو بھول گئے، اور مچھلی نے دریا میں

فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿٦١﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ

اپنی راہ بنالی ﴿٦١﴾ پھر جب وہ آگے بڑھے تو موسیٰ (علیہ السلام) نے

لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۫ لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ

اپنے شاگرد سے کہا کہ ہمارا کھانا لاؤ، ہمارے اِس سفر سے

سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾ قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ

ہم کو بڑی تکان ہوگئی ہے ﴿٦٢﴾ شاگرد نے کہا: کیا آپ نے

اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ

دیکھا جب ہم اُس پتھر کے پاس ٹھہرے تھے تو میں مچھلی کو

الْحُوْتَ ۫ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ

بھول گیا، اور مجھ کو شیطان نے بھُلا دیا کہ میں اُس کا

اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ ۖ

ذِکر کرتا، اور مچھلی عجیب طریقے سے نکل کر دریا میں

عَجَبًا ﴿٦٣﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ

چلی گئی ﴿٦٣﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اُسی موقع کی تو ہمیں تلاش تھی،

فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿٦٤﴾ فَوَجَدَا

پس دونوں اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے واپس لوٹے ﴿٦٤﴾ تو اُنہوں نے

عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ

وہاں ہمارے بندوں میں سے ایک بندے کو پایا جس کو ہم نے اپنے

عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿٦٥﴾

پاس سے رحمت دی تھی اور جس کو ہم نے اپنے پاس سے علم سکھایا تھا ﴿٦٥﴾

قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ

موسیٰ (علیہ السلام) نے اُس سے کہا: کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں؛ تاکہ

تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿٦٦﴾ قَالَ اِنَّكَ

آپ مجھے اُس علم میں سے سکھا دیں جو آپ کو سکھایا گیا ہے ﴿٦٦﴾ اُس نے

لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٦٧﴾ وَكَيْفَ

کہا کہ تم میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے ﴿٦٧﴾ اور تم اُس چیز پر کیسے

تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿٦٨﴾

صبر کر سکتے ہو جو تمہاری جانکاری کے دائرے سے باہر ہے ﴿٦٨﴾

قَالَ سَتَجِدُنِیْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا

موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: ان شاء اللہ آپ مجھ کو صبر کرنے والا پائیں گے

وَّلَآ اَعْصِیْ لَكَ اَمْرًا ﴿٦٩﴾ قَالَ فَاِنِ

اور میں کسی بات میں آپ کی نافرمانی نہیں کروں گا ﴿٦٩﴾ اُس نے کہا

اتَّبَعْتَنِیْ فَلَا تَسْـَٔلْنِیْ عَنْ شَیْءٍ حَتّٰٓى

کہ اگر تم میرے ساتھ چلتے ہو تو مجھ سے کوئی بات نہ پوچھنا جب

ع ٩ ١١ ٢١ اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿٧٠﴾ فَانْطَلَقَا قف

تک کہ میں خود تم سے اُس کا ذِکر نہ کروں ﴿٧٠﴾ پھر دونوں چلے،

حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِی السَّفِیْنَةِ خَرَقَهَا ؕ

یہاں تک کہ جب وہ کشتی میں سوار ہوئے تو اُس شخص نے کشتی میں سوراخ کر دیا، موسیٰ

قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ

(علیہ السلام) نے کہا: کیا آپ نے اِس کشتی میں اِس لیے سوراخ کیا ہے کہ کشتی والوں کو غرق کر

جِئْتَ شَیْـًٔا اِمْرًا ﴿٧١﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ

دیں، یہ تو آپ نے بڑی سخت چیز کر ڈالی ﴿٧١﴾ اُس نے کہا: میں نے تم سے

اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٢﴾

نہیں کہا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر نہ کر سکو گے ﴿٧٢﴾

قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ

موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا : میری بھول پر مجھ کو نہ پکڑیے

وَ لَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ﴿٧٣﴾

اور میرے معاملے میں سختی سے کام نہ لیجیے ﴿٧٣﴾

فَانْطَلَقَا ق حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا

پھر وہ دونوں چلے، یہاں تک کہ وہ ایک لڑکے سے ملے تو اُس

فَقَتَلَهٗ لا قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا

شخص نے اُس کو مار ڈالا، موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: کیا آپ نے

زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ط لَقَدْ جِئْتَ

ایک معصوم جان کو مار ڈالا حالانکہ اُس نے کسی کا خون نہیں کیا تھا،

شَيْـًٔا نُّكْرًا ﴿٧٤﴾

بے شک آپ نے تو بڑی ناپسندیدہ حرکت کی ﴿٧٤﴾

قَالَ اَلَمۡ اَقُلۡ لَّكَ اِنَّكَ لَنۡ تَسۡتَطِيۡعَ

اُس شخص نے کہا کہ کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ تم میرے

مَعِيَ صَبۡرًا ﴿٧٥﴾ قَالَ اِنۡ سَاَلۡتُكَ عَنۡ

ساتھ صبر نہ کرسکو گے ﴿٧٥﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ اِس کے بعد اگر میں

شَيۡءٍ بَعۡدَهَا فَلَا تُصٰحِبۡنِيۡ ۚ قَدۡ

آپ سے کسی چیز کے متعلّق پوچھوں تو آپ مجھ کو ساتھ نہ رکھیں، آپ

بَلَغۡتَ مِنۡ لَّدُنِّيۡ عُذۡرًا ﴿٧٦﴾ فَانۡطَلَقَا ۟

میری طرف سے عذر کی حد کو پہونچ گئے ﴿٧٦﴾ پھر دونوں چلے

حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَيَاۤ اَهۡلَ قَرۡيَةِ ِۨ اسۡتَطۡعَمَاۤ

یہاں تک کہ وہ ایک بستی والوں کے پاس پہونچے تو وہاں والوں

اَهۡلَهَا فَاَبَوۡا اَنۡ يُّضَيِّفُوۡهُمَا فَوَجَدَا

سے کھانے کو مانگا مگر اُنہوں نے اُن کی میزبانی سے انکار کردیا،

فِيۡهَا جِدَارًا يُّرِيۡدُ اَنۡ يَّنۡقَضَّ

پھر اُن کو وہاں ایک دیوار ملی جو گرنے ہی والی تھی تو اُس نے اُس (دیوار)

فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوۡ شِئۡتَ لَتَّخَذۡتَ

کو سیدھا کر دیا، موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اگر آپ چاہتے تو اِس پر

عَلَيۡهِ اَجۡرًا ﴿۷۷﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ

کچھ اُجرت لے لیتے ﴿۷۷﴾ اُس نے کہا کہ اب یہ

بَيۡنِىۡ وَبَيۡنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاۡوِيۡلِ مَا

میرے اور تمہارے درمیان جدائی (کا موقع) ہے، میں تم کو اُن

لَمۡ تَسۡتَطِعۡ عَّلَيۡهِ صَبۡرًا ﴿۷۸﴾ اَمَّا السَّفِيۡنَةُ

چیزوں کی حقیقت بتاؤں گا جن پر تم صبر نہ کر سکے ﴿۷۸﴾ کشتی کا معاملہ

فَكَانَتۡ لِمَسٰكِيۡنَ يَعۡمَلُوۡنَ فِى الۡبَحۡرِ

یہ ہے کہ وہ چند مسکینوں کی تھی جو دریا میں محنت کرتے تھے،

فَاَرَدۡتُّ اَنۡ اَعِيۡبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمۡ

تو میں نے چاہا کہ اُس کو عیب دار کر دوں، اور اُن کے آگے

مَّلِكٌ يَّاۡخُذُ كُلَّ سَفِيۡنَةٍ غَصۡبًا ﴿۷۹﴾

ایک بادشاہ تھا جو ہر کشتی کو زبردستی چھین کر لے لیتا تھا ﴿۷۹﴾

وَاَمَّا الۡغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤۡمِنَيۡنِ

اور لڑکے کا معاملہ یہ ہے کہ اُس کے ماں باپ ایمان دار تھے

فَخَشِيۡنَاۤ اَنۡ يُّرۡهِقَهُمَا طُغۡيَانًا

پس ہم کو اندیشہ ہوا کہ وہ بڑا ہو کر اپنی سرکشی اور کفر سے اُن کو

وَّكُفۡرًا ۚ﴿۸۰﴾ فَاَرَدۡنَاۤ اَنۡ يُّبۡدِلَهُمَا رَبُّهُمَا

تنگ کرے گا ﴿۸۰﴾ پس ہم نے چاہا کہ اُن کا رب اُن کو اُس کی جگہ ایسی

خَيۡرًا مِّنۡهُ زَكٰوةً وَّاَقۡرَبَ رُحۡمًا ﴿۸۱﴾

اولاد دے جو پاکیزگی میں اُس سے بہتر ہو اور شفقت کرنے والی ہو ﴿۸۱﴾

وَاَمَّا الۡجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيۡنِ يَتِيۡمَيۡنِ

اور دیوار کا معاملہ یہ ہے کہ وہ شہر کے دو یتیم لڑکوں کی تھی

فِى الۡمَدِيۡنَةِ وَكَانَ تَحۡتَهٗ كَنۡزٌ لَّهُمَا

اور اُس دیوار کے نیچے اُن کا ایک خزانہ دفن تھا اور اُن کا

وَكَانَ اَبُوۡهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ

باپ ایک نیک آدمی تھا، پس آپ کے رب نے چاہا کہ

اَنۡ يَّبۡلُغَاۤ اَشُدَّهُمَا وَيَسۡتَخۡرِجَا

وہ دونوں اپنی جوانی کی عمر کو پہونچیں اور اپنا خزانہ

كَنۡزَهُمَا ۖ رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ ۚ وَمَا

نکالیں ، یہ آپ کے رب کی رحمت سے ہوا اور میں نے

فَعَلۡتُهٗ عَنۡ اَمۡرِىۡ ؕ ذٰلِكَ تَاۡوِيۡلُ مَا لَمۡ

اِس کو اپنی رائے سے نہیں کیا ، یہ ہے حقیقت اُن باتوں کی

تَسۡطِعۡ عَّلَيۡهِ صَبۡرًا ﴿۸۲﴾ وَيَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنۡ ع ١٢ ١

جن پر آپ صبر نہ کرسکے ﴿۸۲﴾ اور وہ آپ سے

ذِى الۡقَرۡنَيۡنِ ؕ قُلۡ سَاَتۡلُوۡا عَلَيۡكُمۡ مِّنۡهُ

ذوالقرنین کا حال پوچھتے ہیں ، کہہ دیجیے کہ میں اُس کا کچھ حال تمہارے

ذِكۡرًا ﴿۸۳﴾ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِى الۡاَرۡضِ

سامنے بیان کروں گا ﴿۸۳﴾ ہم نے اُس کو زمین میں اقتدار دیا تھا

وَاٰتَيۡنٰهُ مِنۡ كُلِّ شَىۡءٍ سَبَبًا ﴿۸۴﴾ فَاَتۡبَعَ

اور ہم نے اُس کو ہر چیز کا سامان دیا تھا ﴿۸۴﴾ جس کے نتیجے میں وہ ایک راستے

سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَغۡرِبَ الشَّمۡسِ

کے پیچھے چل پڑا ﴿٨٥﴾ یہاں تک کہ جب وہ سورج کے غروب ہونے کے

وَجَدَهَا تَغۡرُبُ فِىۡ عَيۡنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ

مقام تک پہونچ گیا تو اُس نے سورج کو دیکھا کہ وہ ایک کالے پانی میں

عِنۡدَهَا قَوۡمًا ؕ قُلۡنَا يٰذَا الۡقَرۡنَيۡنِ

ڈوب رہا ہے اور وہاں اُس کو ایک قوم ملی، ہم نے کہا کہ اے ذوالقرنین!

اِمَّاۤ اَنۡ تُعَذِّبَ وَاِمَّاۤ اَنۡ تَتَّخِذَ

تم چاہو تو اِن کو سزا دو اور چاہو تو اِن کے ساتھ

فِيۡهِمۡ حُسۡنًا ﴿٨٦﴾ قَالَ اَمَّا مَنۡ ظَلَمَ

اچھا سلوک کرو ﴿٨٦﴾ اُس نے کہا کہ جو اِن میں سے ظلم کرے گا

فَسَوۡفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ

ہم اُس کو سزا دیں گے پھر وہ اپنے رب کے پاس پہونچایا جائے گا

فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكۡرًا ﴿٨٧﴾ وَاَمَّا مَنۡ

پھر وہ اُس کو سخت سزا دے گا ﴿٨٧﴾ اور جو شخص

اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ۨ الۡحُسۡنٰى ۚ

ایمان لائے گا اور نیک عمل کرے گا اُس کے لیے اچھا بدلہ ہے

وَسَنَقُوۡلُ لَهٗ مِنۡ اَمۡرِنَا يُسۡرًا ؕ ﴿۸۸﴾ ثُمَّ

اور ہم بھی اُس کے ساتھ آسان معاملہ کریں گے ﴿۸۸﴾ پھر

اَتۡبَعَ سَبَبًا ﴿۸۹﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَطۡلِعَ

وہ ایک راہ پر چلا ﴿۸۹﴾ یہاں تک کہ جب وہ سورج نکلنے کی جگہ

الشَّمۡسِ وَجَدَهَا تَطۡلُعُ عَلٰى قَوۡمٍ

پہونچا تو اُس نے سورج کو ایسی قوم پر طلوع ہوتے ہوئے پایا

لَّمۡ نَجۡعَلۡ لَّهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِهَا سِتۡرًا ۙ ﴿۹۰﴾

جن کے لیے ہم نے سورج کے اوپر کوئی آڑ نہیں رکھی تھی ﴿۹۰﴾

كَذٰلِكَ ؕ وَقَدۡ اَحَطۡنَا بِمَا لَدَيۡهِ

یہ اِسی طرح ہے ، اور ہم ذوالقرنین کے احوال سے

خُبۡرًا ﴿۹۱﴾ ثُمَّ اَتۡبَعَ سَبَبًا ﴿۹۲﴾ حَتّٰۤى اِذَا

باخبر ہیں ﴿۹۱﴾ پھر وہ ایک راہ پر چلا ﴿۹۲﴾ یہاں تک کہ جب

بَلَغَ بَيۡنَ السَّدَّيۡنِ وَجَدَ مِنۡ دُوۡنِهِمَا

وہ دو پہاڑوں کے درمیان پہونچا تو اُن کے پاس اُس نے

قَوۡمًا ۙ لَّا يَكَادُوۡنَ يَفۡقَهُوۡنَ قَوۡلًا ﴿٩٣﴾

ایک قوم کو پایا جو کوئی بات سمجھ نہیں پاتی تھی ﴿٩٣﴾

قَالُوۡا يٰذَا الۡقَرۡنَيۡنِ اِنَّ يَاۡجُوۡجَ وَمَاۡجُوۡجَ

اُنہوں نے کہا: اے ذوالقرنین! یاجوج اور ماجوج اِس زمین

مُفۡسِدُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ فَهَلۡ نَجۡعَلُ

میں فساد پھیلانے والے لوگ ہیں تو کیا ہم آپ کو کچھ مال کی

لَكَ خَرۡجًا عَلٰٓى اَنۡ تَجۡعَلَ بَيۡنَنَا

پیشکش کر سکتے ہیں جس کے بدلے آپ ہمارے اور اُن کے

وَبَيۡنَهُمۡ سَدًّا ﴿٩٤﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّىۡ فِيۡهِ

درمیان کوئی دیوار بنادیں ﴿٩٤﴾ ذوالقرنین نے جواب دیا کہ جو کچھ میرے

رَبِّىۡ خَيۡرٌ فَاَعِيۡنُوۡنِىۡ بِقُوَّةٍ اَجۡعَلۡ

رب نے مجھے دیا ہے وہ بہت ہے، تم محنت سے میری مدد کرو میں تمہارے

بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَهُمۡ رَدۡمًا ﴿٩٥﴾ اٰتُوۡنِىۡ زُبَرَ

اور اُن کے درمیان ایک دیوار بنادوں گا ﴿٩٥﴾ تم مجھے لوہے کے

الۡحَدِيۡدِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى بَيۡنَ

تختے لا کر دو، یہاں تک کہ جب اُس نے دونوں کے درمیانی خلا

الصَّدَفَيۡنِ قَالَ انۡفُخُوۡا ؕ حَتّٰٓى اِذَا

کو بھر دیا تو لوگوں سے کہا کہ آگ دہکاؤ، یہاں تک کہ جب

جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوۡنِىۡٓ اُفۡرِغۡ عَلَيۡهِ

اُس کو آگ کر دیا تو کہا کہ لاؤ اب میں اُس پر پگھلا ہوا تانبہ ڈال

قِطۡرًا ﴿٩٦﴾ ؕ فَمَا اسۡطَاعُوۡٓا اَنۡ يَّظۡهَرُوۡهُ

دوں ﴿٩٦﴾ پس یاجوج و ماجوج نہ اُس پر چڑھ سکتے تھے

وَمَا اسۡتَطَاعُوۡا لَهٗ نَقۡبًا ﴿٩٧﴾ قَالَ هٰذَا

اور نہ اُس میں سوراخ کر سکتے تھے ﴿٩٧﴾ ذوالقرنین نے کہا کہ یہ

رَحۡمَةٌ مِّنۡ رَّبِّىۡ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ رَبِّىۡ

میرے رب کی رحمت ہے، پھر جب میرے رب کا وعدہ آئے گا

جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعۡدُ رَبِّىۡ حَقًّا ۖ ﴿٩٨﴾

تو وہ اِس کو ڈھا کر برابر کر دے گا اور میرے رب کا وعدہ سچا ہے ﴿٩٨﴾

وَتَرَكۡنَا بَعۡضَهُمۡ يَوۡمَئِذٍ يَّمُوۡجُ فِىۡ

اور اُس دن ہم لوگوں کو چھوڑ دیں گے، وہ موجوں کی طرح ایک

بَعۡضٍ وَّنُفِخَ فِى الصُّوۡرِ فَجَمَعۡنٰهُمۡ

دوسرے میں گھُسیں گے اور صور پھونکا جائے گا پس ہم سب کو

جَمۡعًا ۙ ﴿٩٩﴾ وَّعَرَضۡنَا جَهَنَّمَ يَوۡمَئِذٍ

ایک ساتھ جمع کریں گے ﴿٩٩﴾ اور اُس دن ہم جہنم کو

لِّلۡكٰفِرِيۡنَ عَرۡضًا ۙ ﴿١٠٠﴾ الَّذِيۡنَ كَانَتۡ

منکروں کے سامنے لائیں گے ﴿١٠٠﴾ جن کی

اَعۡيُنُهُمۡ فِىۡ غِطَآءٍ عَنۡ ذِكۡرِىۡ وَكَانُوۡا

آنکھوں پر ہماری یاد دہانی سے پردہ پڑا رہا اور وہ

لَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ سَمۡعًا ﴿١٠١﴾ اَفَحَسِبَ ع ١١ ١٩ ٢

کچھ سُننے کے لیے تیّار نہ تھے ﴿١٠١﴾ کیا انکار کرنے والے

الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اَنۡ يَّتَّخِذُوۡا عِبَادِىۡ

یہ سمجھتے ہیں کہ وہ میرے سوا میرے بندوں کو

مِنۡ دُوۡنِىۡۤ اَوۡلِيَآءَ ؕ اِنَّاۤ اَعۡتَدۡنَا جَهَنَّمَ

اپنا دوست بنائیں گے، ہم نے کافروں کی مہمانی کے لیے جہنم

لِلۡكٰفِرِيۡنَ نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾ قُلۡ هَلۡ نُنَبِّئُكُمۡ

تیار کر رکھی ہے ﴿۱۰۲﴾ کہہ دیجیے کہ میں تم کو بتادوں کہ اپنے اعمال کے

بِالۡاَخۡسَرِيۡنَ اَعۡمَالًا ﴿۱۰۳﴾ ؕ اَلَّذِيۡنَ

اعتبار سے سب سے زیادہ گھاٹے میں کون لوگ ہیں ﴿۱۰۳﴾ یہ وہ لوگ

ضَلَّ سَعۡيُهُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَهُمۡ

ہیں کہ دُنیوی زندگی میں اُن کی ساری دوڑ دھوپ سیدھے راستے

يَحۡسَبُوۡنَ اَنَّهُمۡ يُحۡسِنُوۡنَ صُنۡعًا ﴿۱۰۴﴾

سے بھٹکی رہی اور وہ سمجھتے رہے کہ وہ بہت اچھا کام کر رہے ہیں ﴿۱۰۴﴾

اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمۡ

یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں کا

وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ فَلَا نُقِيۡمُ

اور اُس کے سامنے پیش ہونے کا انکار کیا اِس لیے اُن کا سارا کیا دھرا غارت ہو

لَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ وَزۡنًا ﴿١٠٥﴾ ذٰلِكَ

گیا؛ چنانچہ قیامت کے دن ہم اُن کا کوئی وزن شمار نہیں کریں گے ﴿١٠٥﴾ یہ

جَزَآؤُهُمۡ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوۡا وَاتَّخَذُوۡۤا

جہنم اُن کا بدلہ ہے اِس لیے کہ اُنہوں نے انکار کیا اور میری

اٰيٰتِىۡ وَرُسُلِىۡ هُزُوًا ﴿١٠٦﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا

نشانیوں اور میرے رسولوں کا مذاق اُڑایا ﴿١٠٦﴾ بے شک جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتۡ لَهُمۡ جَنّٰتُ

اور اُنہوں نے نیک عمل کیے اُن کے لیے فردوس کے

الۡفِرۡدَوۡسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا

باغوں کی مہمانی ہے ﴿١٠٧﴾ اُس میں وہ ہمیشہ رہیں گے،

لَا يَبۡغُوۡنَ عَنۡهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾ قُلۡ لَّوۡ كَانَ

وہاں سے کبھی نکلنا نہ چاہیں گے ﴿١٠٨﴾ کہہ دیجیے کہ اگر

الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ

سمندر میرے رب کی نشانیوں کو لکھنے کے لیے روشنائی ہو جائے تو سمندر

الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ

ختم ہو جائے گا اِس سے پہلے کہ میرے رب کی باتیں ختم ہوں، اگرچہ

جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا

ہم اُس کے ساتھ اُسی کے مانند اور سمندر ملا دیں ﴿۱۰۹﴾ کہہ دیجیے کہ

بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰۤی اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ

میں تمہاری ہی طرح ایک آدمی ہوں، مجھ پر وحی آتی ہے کہ تمہارا

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ

معبود صرف ایک ہی معبود ہے، پس جس کو اپنے رب سے ملنے کی

رَبِّهٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِكْ

اُمید ہو اُس کو چاہیے کہ نیک عمل کرے اور اپنے رب کی عبادت

بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ ع ۱۲ ۹ ۳

میں کسی کو شریک نہ ٹھہرائے ﴿۱۱۰﴾

(سورہ مریم مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۵۸) اور (۷۱) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۹۸) آیتیں اور (۶) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۴۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۹) نمبر پر ہے اور سورۂ فاطر کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۷۸۰) کلمات ہیں | سورۃ مریم | اس میں (۳۷۸۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿١﴾ ذِكۡرُ رَحۡمَتِ رَبِّكَ

كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿١﴾ یہ اُس رحمت کا ذکر ہے جو آپ کے رب نے

عَبۡدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿٢﴾ اِذۡ نَادٰى رَبَّهٗ

اپنے بندے زکریا پر کی ﴿٢﴾ جب اُس نے اپنے رب کو

نِدَآءً خَفِيًّا ﴿٣﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّىۡ وَهَنَ

چھپی آواز سے پکارا ﴿٣﴾ زکریا (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب! میری

الۡعَظۡمُ مِنِّىۡ وَاشۡتَعَلَ الرَّاۡسُ شَيۡبًا

ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں اور سر کے بالوں میں سفیدی پھیل گئی ہے

وَّلَمۡ اَكُنۡ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ﴿٤﴾

اور اے میرے رب! میں آپ سے مانگ کر کبھی محروم نہیں رہا ﴿٤﴾

وَاِنِّىۡ خِفۡتُ الۡمَوَالِىَ مِنۡ وَّرَآءِىۡ

اور میں اپنے بعد رشتہ داروں کی طرف سے اندیشہ رکھتا ہوں

وَكَانَتِ امۡرَاَتِيۡ عَاقِرًا فَهَبۡ لِيۡ مِنۡ

اور میری بیوی بانجھ ہے ، پس مجھ کو اپنے پاس سے

لَّدُنۡكَ وَلِيًّا ۙ﴿۵﴾ يَّرِثُنِيۡ وَيَرِثُ مِنۡ

ایک وارث دیجیے ﴿۵﴾ جو میری جگہ لے اور

اٰلِ يَعۡقُوۡبَ ۗ وَاجۡعَلۡهُ رَبِّ رَضِيًّا ﴿۶﴾

آلِ یعقوب کی بھی، اور میرے رب! اُس کو اپنا پسندیدہ بنایئے ﴿۶﴾

يٰزَكَرِيَّاۤ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ِۨاسۡمُهٗ يَحۡيٰى ۙ

اے زکریا! ہم تم کو ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہوگا،

لَمۡ نَجۡعَلۡ لَّهٗ مِنۡ قَبۡلُ سَمِيًّا ﴿۷﴾ قَالَ

ہم نے اِس سے پہلے اِس نام کا کوئی آدمی نہیں بنایا ﴿۷﴾ اُس نے کہا:

رَبِّ اَنّٰى يَكُوۡنُ لِيۡ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امۡرَاَتِيۡ

اے میرے رب! میرے یہاں لڑکا کیسے ہوگا جب کہ میری بیوی

عَاقِرًا وَّقَدۡ بَلَغۡتُ مِنَ الۡكِبَرِ عِتِيًّا ﴿۸﴾

بانجھ ہے اور میں بڑھاپے کے انتہائی درجے کو پہونچ چکا ہوں ﴿۸﴾

قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ

جواب ملا کہ ایسا ہی ہوگا، آپ کا رب فرماتا ہے کہ یہ میرے لیے

وَّقَدۡ خَلَقۡتُكَ مِنۡ قَبۡلُ وَلَمۡ تَكُ

آسان ہے، میں نے اِس سے پہلے آپ کو پیدا کیا؛ حالانکہ آپ کچھ بھی

شَيۡـًٔا ۝٩ قَالَ رَبِّ اجۡعَلۡ لِّيۡۤ اٰيَةً ؕ

نہ تھے ۝٩ زکریا (علیہ السلام) نے کہا کہ اے میرے رب! میرے لیے کوئی نشانی مقرر کر

قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ

دیجیے، فرمایا کہ آپ کی نشانی یہ ہے کہ آپ تین شب و روز لوگوں سے بات نہ کر سکو

لَيَالٍ سَوِيًّا ۝١٠ فَخَرَجَ عَلٰى قَوۡمِهٖ

گے حالانکہ آپ تندرست رہو گے ۝١٠ پھر زکریا (علیہ السلام) محرابِ

مِنَ الۡمِحۡرَابِ فَاَوۡحٰۤى اِلَيۡهِمۡ اَنۡ

عبادت سے نکل کر لوگوں کے پاس آئے اور اُن سے اشارے

سَبِّحُوۡا بُكۡرَةً وَّعَشِيًّا ۝١١ يٰيَحۡيٰى

سے کہا کہ تم صبح و شام اللہ کی پاکی بیان کرو ۝١١ اے یحییٰ!

خُذِ الۡكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ؕ وَاٰتَيۡنٰهُ الۡحُكۡمَ

کتاب کو مضبوطی سے پکڑو، اور ہم نے اُس کو بچپن ہی میں دین کی

صَبِيًّا ۙ﴿۱۲﴾ وَّحَنَانًا مِّنۡ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ؕ

سمجھ عطا کی ﴿۱۲﴾ اور اپنی طرف سے اُس کو نرم دلی اور پاکیزگی عطا کی

وَكَانَ تَقِيًّا ۙ﴿۱۳﴾ وَّبَرًّا بِوَالِدَيۡهِ وَلَمۡ يَكُنۡ

اور وہ پرہیزگار تھے ﴿۱۳﴾ اور اپنے والدین کے خدمت گزار تھے اور وہ

جَبَّارًا عَصِيًّا ﴿۱۴﴾ وَسَلٰمٌ عَلَيۡهِ يَوۡمَ وُلِدَ

سرکش اور نافرمان نہ تھے ﴿۱۴﴾ اور اُس پر سلامتی ہے جس دن وہ پیدا ہوا

وَيَوۡمَ يَمُوۡتُ وَيَوۡمَ يُبۡعَثُ حَيًّا ﴿۱۵﴾ ع ۱۵ ۴

اور جس دن وہ مرے گا اور جس دن وہ زندہ کر کے اُٹھایا جائے گا ﴿۱۵﴾

وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ مَرۡيَمَ ۘ اِذِ انۡتَبَذَتۡ وقف لازم

اور کتاب میں مریمؑ کا ذِکر کیجیے جب کہ وہ اپنے لوگوں سے

مِنۡ اَهۡلِهَا مَكَانًا شَرۡقِيًّا ۙ﴿۱۶﴾ فَاتَّخَذَتۡ

الگ ہو کر شرقی مکان میں چلی گئی ﴿۱۶﴾ پھر اُس نے اپنے آپ کو

مِنۡ دُوۡنِهِمۡ حِجَابًا ۖ فَاَرۡسَلۡنَاۤ اِلَيۡهَا

اُن سے پردے میں کر لیا، پھر ہم نے اُس کے پاس اپنا

رُوۡحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿١٧﴾

فرشتہ بھیجا جو اُس کے سامنے ایک پورا آدمی بن کر ظاہر ہوا ﴿١٧﴾

قَالَتۡ اِنِّىۡۤ اَعُوۡذُ بِالرَّحۡمٰنِ مِنۡكَ اِنۡ

مریمؑ نے کہا: میں تجھ سے خدائے رحمان کی پناہ مانگتی ہوں اگر تو

كُنۡتَ تَقِيًّا ﴿١٨﴾ قَالَ اِنَّمَاۤ اَنَا رَسُوۡلُ

اللہ سے ڈرنے والا ہے ﴿١٨﴾ اُس نے کہا: میں آپ کے رب کا

رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿١٩﴾ قَالَتۡ

بھیجا ہوا ہوں؛ تا کہ آپ کو ایک پاکیزہ لڑکا دوں ﴿١٩﴾ مریمؑ نے کہا:

اَنّٰى يَكُوۡنُ لِىۡ غُلٰمٌ وَّلَمۡ يَمۡسَسۡنِىۡ بَشَرٌ

میرے یہاں لڑکا کیسے ہوگا جب کہ مجھ کو کسی آدمی نے نہیں چھُوا

وَّلَمۡ اَكُ بَغِيًّا ﴿٢٠﴾ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ

اور نہ میں بدکار ہوں ﴿٢٠﴾ فرشتے نے کہا کہ ایسا ہی ہوگا، آپ کا رب

رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجۡعَلَهٗۤ اٰيَةً

فرماتا ہے کہ یہ میرے لیے آسان ہے اور تا کہ ہم اُس کو لوگوں

لِّلنَّاسِ وَرَحۡمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمۡرًا

کے لیے نشانی بنادیں اور اپنی جانب سے ایک رحمت، اور یہ

مَّقۡضِيًّا ﴿٢١﴾ فَحَمَلَتۡهُ فَانۡتَبَذَتۡ بِهٖ

ایک طے شُدہ بات ہے ﴿٢١﴾ پس مریمؑ نے اُس کا حمل اُٹھا لیا

مَكَانًا قَصِيًّا ﴿٢٢﴾ فَاَجَآءَهَا الۡمَخَاضُ اِلٰى

اور وہ اُس کو لے کر ایک دور کی جگہ چلی گئی ﴿٢٢﴾ پھر دردِ زہ اُس کو

جِذۡعِ النَّخۡلَةِ ۚ قَالَتۡ يٰلَيۡتَنِىۡ مِتُّ

کھجور کے درخت کی طرف لے گیا، اُس نے کہا: کاش! میں

قَبۡلَ هٰذَا وَكُنۡتُ نَسۡيًا مَّنۡسِيًّا ﴿٢٣﴾

اِس سے پہلے مَر جاتی اور بھولی بِسری چیز ہو جاتی ﴿٢٣﴾

فَنَادٰٮهَا مِنۡ تَحۡتِهَاۤ اَلَّا تَحۡزَنِىۡ قَدۡ

پھر مریمؑ کو اُس نے نیچے سے آواز دی کہ غمگین نہ ہو،

جَعَلَ رَبُّكِ تَحۡتَكِ سَرِيًّا ﴿٢٤﴾ وَهُزِّيۡۤ

آپ کے رب نے آپ کے نیچے ایک چشمہ جاری کر دیا ہے ﴿٢٤﴾ اور آپ

اِلَيۡكِ بِجِذۡعِ النَّخۡلَةِ تُسٰقِطۡ عَلَيۡكِ

کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلایئے اُس سے آپ کے اوپر

رُطَبًا جَنِيًّا ﴿٢٥﴾ فَكُلِىۡ وَاشۡرَبِىۡ وَقَرِّىۡ

پکی ہوئی کھجوریں گریں گی ﴿٢٥﴾ پس کھاؤ اور پیو اور آنکھیں

عَيۡنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الۡبَشَرِ اَحَدًا ۙ

ٹھنڈی کرو، پھر اگر تم کوئی آدمی دیکھو تو اُس سے کہہ دو کہ

فَقُوۡلِىۡۤ اِنِّىۡ نَذَرۡتُ لِلرَّحۡمٰنِ صَوۡمًا

میں نے رحمان کا روزہ مان رکھا ہے تو آج میں کسی

فَلَنۡ اُكَلِّمَ الۡيَوۡمَ اِنۡسِيًّا ۚ ﴿٢٦﴾ فَاَتَتۡ بِهٖ

انسان سے نہیں بولوں گی ﴿٢٦﴾ پھر وہ اُس کو گود میں لیے ہوئے

قَوۡمَهَا تَحۡمِلُهٗ ؕ قَالُوۡا يٰمَرۡيَمُ لَقَدۡ

اپنی قوم کے پاس آئی، لوگوں نے کہا: اے مریم! تم نے تو

جِئۡتِ شَيۡـًٔا فَرِيًّا ﴿٢٧﴾ يٰۤاُخۡتَ هٰرُوۡنَ

بڑا طوفان کر ڈالا ﴿٢٧﴾ اے ہارون کی بہن !

مَا كَانَ اَبُوۡكِ امۡرَاَ سَوۡءٍ وَّمَا كَانَتۡ اُمُّكِ

نہ تمہارا باپ کوئی بُرا آدمی تھا اور نہ تمہاری ماں بدکار

بَغِيًّا ﴿٢٨﴾ فَاَشَارَتۡ اِلَيۡهِ ؕ قَالُوۡا كَيۡفَ

تھی ﴿٢٨﴾ پھر مریمؑ نے اُس (بچّے) کی طرف اشارہ کیا، لوگوں

نُكَلِّمُ مَنۡ كَانَ فِى الۡمَهۡدِ صَبِيًّا ﴿٢٩﴾

نے کہا کہ ہم اُس سے کیسے بات کریں گے جو کہ گود میں بچّہ ہے ﴿٢٩﴾

قَالَ اِنِّىۡ عَبۡدُ اللّٰهِ ۖ اٰتٰنِىَ الۡكِتٰبَ

بچّہ بولا : میں اللہ کا بندہ ہوں ، اُس نے مجھے کتاب دی

وَجَعَلَنِىۡ نَبِيًّا ﴿٣٠﴾ وَّجَعَلَنِىۡ مُبٰرَكًا

اور مجھ کو نبی بنایا ﴿٣٠﴾ اور میں جہاں کہیں بھی ہوں اُس نے مجھ کو

اَيۡنَ مَا كُنۡتُ ۖ وَاَوۡصٰنِىۡ بِالصَّلٰوةِ

برکت والا بنایا ہے اور اُس نے مجھ کو نماز اور زکوٰۃ کی

وَالزَّكٰوةِ مَادُمۡتُ حَيًّا ﴿٣١﴾ وَّبَرًّا
تاکید کی ہے جب تک میں زندہ رہوں ﴿٣١﴾ اور مجھ کو

بِوَالِدَتِيۡ ۫ وَلَمۡ يَجۡعَلۡنِىۡ جَبَّارًا
میری ماں کا خدمت گزار بنایا ہے اور مجھ کو سرکش و بدبخت نہیں

شَقِيًّا ﴿٣٢﴾ وَالسَّلٰمُ عَلَىَّ يَوۡمَ وُلِدۡتُّ
بنایا ہے ﴿٣٢﴾ اور مجھ پر سلامتی ہے جس دن میں پیدا ہوا

وَيَوۡمَ اَمُوۡتُ وَيَوۡمَ اُبۡعَثُ حَيًّا ﴿٣٣﴾ ذٰلِكَ
اور جس دن میں مروں گا اور جس دن میں زندہ کر کے اٹھایا جاؤں گا ﴿٣٣﴾ یہ

عِيۡسَى ابۡنُ مَرۡيَمَ ۚ قَوۡلَ الۡحَقِّ الَّذِىۡ
ہے عیسیٰ ابن مریم ، سچّی بات جس میں لوگ

فِيۡهِ يَمۡتَرُوۡنَ ﴿٣٤﴾ مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنۡ
جھگڑ رہے ہیں ﴿٣٤﴾ اللہ ایسا نہیں کہ وہ کوئی

يَّتَّخِذَ مِنۡ وَّلَدٍ ۙ سُبۡحٰنَهٗ ؕ اِذَا قَضٰٓى
اولاد بنائے ، وہ پاک ہے ، جب وہ کسی کام کا فیصلہ

اَمۡرًا فَاِنَّمَا يَقُوۡلُ لَهٗ كُنۡ فَيَكُوۡنُ ﴿٣٥﴾ ط

کرتا ہے تو کہتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے ﴿٣٥﴾

وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّىۡ وَرَبُّكُمۡ فَاعۡبُدُوۡهُ ؕ ط

اور بے شک اللہ میرا رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے پس تم اُسی کی عبادت کرو،

هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِيۡمٌ ﴿٣٦﴾ فَاخۡتَلَفَ

یہی سیدھا راستہ ہے ﴿٣٦﴾ پھر اُن کے فِرقوں نے آپس میں

الۡاَحۡزَابُ مِنۡۢ بَيۡنِهِمۡ ۚ فَوَيۡلٌ لِّلَّذِيۡنَ

اختلاف کیا، پس انکار کرنے والوں کے لیے ایک بڑے دن

كَفَرُوۡا مِنۡ مَّشۡهَدِ يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ﴿٣٧﴾

کے آنے سے خرابی ہے جس دن یہ لوگ ہمارے پاس آئیں گے ﴿٣٧﴾

اَسۡمِعۡ بِهِمۡ وَاَبۡصِرۡ ۙ يَوۡمَ يَاۡتُوۡنَنَا

وہ خوب سُنتے اور خوب دیکھتے ہوں گے جس دن وہ

لٰكِنِ الظّٰلِمُوۡنَ الۡيَوۡمَ فِىۡ ضَلٰلٍ

ہمارے پاس آئیں گے ، مگر آج یہ ظالم کُھلی ہوئی

مُّبِيۡنٍ ﴿٣٨﴾ وَاَنۡذِرۡهُمۡ يَوۡمَ الۡحَسۡرَةِ

گمراہی میں ہیں ﴿٣٨﴾ اور اُن لوگوں کو اُس حسرت کے دن سے ڈرایئے

وقف لازم

اِذۡ قُضِىَ الۡاَمۡرُ ۘ وَهُمۡ فِىۡ غَفۡلَةٍ وَّهُمۡ

جب معاملے کا فیصلہ کر دیا جائے گا اور وہ غفلت میں ہیں اور وہ

لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿٣٩﴾ اِنَّا نَحۡنُ نَرِثُ الۡاَرۡضَ

ایمان نہیں لا رہے ہیں ﴿٣٩﴾ بے شک ہم ہی زمین اور زمین کے رہنے

وَمَنۡ عَلَيۡهَا وَاِلَيۡنَا يُرۡجَعُوۡنَ ﴿٤٠﴾ ع ٢ ٢٥ ٥

والوں کے وارث ہوں گے اور لوگ ہماری ہی طرف لوٹائے جائیں گے ﴿٤٠﴾

وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ اِبۡرٰهِيۡمَ ۘ اِنَّهٗ

اور کتاب میں ابراہیم (علیہ السلام) کا ذِکر کیجیے ، بے شک

كَانَ صِدِّيۡقًا نَّبِيًّا ﴿٤١﴾ اِذۡ قَالَ لِاَبِيۡهِ

وہ سچّے تھے اور نبی تھے ﴿٤١﴾ جب اُس نے اپنے والد سے کہا کہ

يٰۤاَبَتِ لِمَ تَعۡبُدُ مَا لَا يَسۡمَعُ

اے میرے ابا! آپ ایسی چیز کی عبادت کیوں کرتے ہو جو نہ سُنے

وَلَا يُبۡصِرُ وَلَا يُغۡنِىۡ عَنۡكَ شَيۡـًٔا ﴿۴۲﴾

اور نہ دیکھے اور نہ تمہارے کچھ کام آسکے ﴿۴۲﴾

يٰۤاَبَتِ اِنِّىۡ قَدۡ جَآءَنِىۡ مِنَ الۡعِلۡمِ

اے میرے ابا! میرے پاس ایسا علم آیا ہے جو تمہارے پاس

مَا لَمۡ يَاۡتِكَ فَاتَّبِعۡنِىۡۤ اَهۡدِكَ صِرَاطًا

نہیں ہے تو تم میرے کہنے پر چلو، میں تم کو سیدھا راستہ

سَوِيًّا ﴿۴۳﴾ يٰۤاَبَتِ لَا تَعۡبُدِ الشَّيۡطٰنَ ؕ

دِکھاؤں گا ﴿۴۳﴾ اے میرے والد! آپ شیطان کی عبادت نہ کرو،

اِنَّ الشَّيۡطٰنَ كَانَ لِلرَّحۡمٰنِ عَصِيًّا ﴿۴۴﴾

بے شک شیطان خدائے رحمٰن کی نافرمانی کرنے والا ہے ﴿۴۴﴾

يٰۤاَبَتِ اِنِّىۡۤ اَخَافُ اَنۡ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ

اے میرے والد! مجھ کو ڈر ہے کہ تم کو خدائے رحمٰن کا

مِّنَ الرَّحۡمٰنِ فَتَكُوۡنَ لِلشَّيۡطٰنِ

کوئی عذاب پکڑ لے اور تم شیطان کے

وَلِيًّا ﴿٤٥﴾ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنۡتَ عَنۡ اٰلِهَتِيۡ

ساتھی بن کر رہ جاؤ ﴿٤٥﴾ والد نے کہا کہ اے ابراہیم! کیا تم میرے معبودوں

يٰۤاِبۡرٰهِيۡمُ ۚ لَئِنۡ لَّمۡ تَنۡتَهِ لَاَرۡجُمَنَّكَ

سے پھر گئے ہو، اگر تم باز نہ آئے تو میں تم کو پتھروں سے ماروں گا

وَاهۡجُرۡنِيۡ مَلِيًّا ﴿٤٦﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيۡكَ ۚ

اور تم مجھ سے ہمیشہ کے لیے دور ہو جاؤ ﴿٤٦﴾ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: تم پر سلامتی ہو

سَاَسۡتَغۡفِرُ لَكَ رَبِّيۡ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِيۡ

میں اپنے رب سے تمہارے لیے بخشش کی دعا کروں گا، بے شک وہ مجھ پر

حَفِيًّا ﴿٤٧﴾ وَاَعۡتَزِلُكُمۡ وَمَا تَدۡعُوۡنَ

مہربان ہے ﴿٤٧﴾ اور میں تم لوگوں کو چھوڑتا ہوں اور اُن کو بھی جنہیں تم

مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَاَدۡعُوۡا رَبِّيۡ ۖ عَسٰۤى

اللہ کے سوا پکارتے ہو اور میں اپنے رب ہی کو پکاروں گا، اُمید

اَلَّاۤ اَكُوۡنَ بِدُعَآءِ رَبِّيۡ شَقِيًّا ﴿٤٨﴾ فَلَمَّا

ہے کہ میں اپنے رب کو پکار کر محروم نہیں رہوں گا ﴿٤٨﴾ پس جب

اعۡتَزِلُهُمۡ وَمَا يَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ

وہ لوگوں سے جُدا ہو گیا اور اُن سے جن کو وہ اللہ کے سوا پوجتے

اللّٰهِ ۙ وَهَبۡنَا لَهٗۤ اِسۡحٰقَ وَيَعۡقُوۡبَ ؕ وَكُلًّا

تھے تو ہم نے اُس کو اسحاق اور یعقوب (علیہما السلام) عطا کیے اور ہم نے

جَعَلۡنَا نَبِيًّا ﴿۴۹﴾ وَّوَهَبۡنَا لَهُمۡ مِّنۡ

اُن میں سے ہر ایک کو نبی بنایا ﴿۴۹﴾ اور اُن کو اپنی

رَّحۡمَتِنَا وَجَعَلۡنَا لَهُمۡ لِسَانَ صِدۡقٍ

رحمت کا حصّہ دیا اور ہم نے اُن کا نام نیک

عَلِيًّا ﴿۵۰﴾ وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ مُوۡسٰۤى ۖ اِنَّهٗ ع ۳ ۱۰ ۶

اور بلند کیا ﴿۵۰﴾ اور کتاب میں موسیٰ (علیہ السلام) کا ذِکر کیجیے، بے شک

كَانَ مُخۡلَصًا وَّكَانَ رَسُوۡلًا نَّبِيًّا ﴿۵۱﴾

وہ چُنے ہوئے تھے اور رسول و نبی تھے ﴿۵۱﴾

وَنَادَيۡنٰهُ مِنۡ جَانِبِ الطُّوۡرِ الۡاَيۡمَنِ

اور ہم نے اُس کو کوہِ طور کی داہنی جانب سے پُکارا

وَقَرَّبۡنٰهُ نَجِيًّا ﴿٥٢﴾ وَوَهَبۡنَا لَهٗ مِنۡ

اور اُس کو ہم نے راز کی باتیں کرنے کے لیے قریب کیا ﴿٥٢﴾ اور اپنی رحمت

رَّحۡمَتِنَاۤ اَخَاهُ هٰرُوۡنَ نَبِيًّا ﴿٥٣﴾ وَاذۡكُرۡ

سے ہم نے اُس کے بھائی ہارون (علیہ السلام) کو نبی بنا کر اُسے دیا ﴿٥٣﴾ اور

فِى الۡكِتٰبِ اِسۡمٰعِيۡلَ ۚ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ

کتاب میں اسماعیل (علیہ السلام) کا ذِکر کیجیے، وہ وعدے کے

الۡوَعۡدِ وَكَانَ رَسُوۡلًا نَّبِيًّا ﴿٥٤﴾ ۚ وَكَانَ

سچّے تھے اور رسول و نبی تھے ﴿٥٤﴾ اور وہ

يَاۡمُرُ اَهۡلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۖ وَكَانَ

اپنے لوگوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتے تھے اور اپنے

عِنۡدَ رَبِّهٖ مَرۡضِيًّا ﴿٥٥﴾ وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ

رب کے نزدیک پسندیدہ تھے ﴿٥٥﴾ اور کتاب میں

اِدۡرِيۡسَ ۚ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيۡقًا نَّبِيًّا ﴿٥٦﴾ ۙ

ادریس (علیہ السلام) کا ذِکر کیجیے، بے شک وہ سچّے تھے اور نبی تھے ﴿٥٦﴾

وَّرَفَعۡنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ

اور ہم نے اُس کو بلند مرتبے تک پہونچایا ﴿٥٧﴾ یہ وہ لوگ ہیں

اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنۡ

جن پر اللہ نے پیغمبروں میں سے اپنا فضل فرمایا آدم (علیہ السلام) کی اولاد میں

ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۗ وَمِمَّنۡ حَمَلۡنَا مَعَ نُوۡحٍ ۫

سے اور اُن لوگوں میں سے جن کو ہم نے نوح (علیہ السلام) کے ساتھ سوار کیا تھا،

وَّمِنۡ ذُرِّيَّةِ اِبۡرٰهِيۡمَ وَاِسۡرَآءِيۡلَ ۫

اور ابراہیم اور اسرائیل (علیہما السلام) کی نسل سے اور اُن لوگوں میں

وَمِمَّنۡ هَدَيۡنَا وَاجۡتَبَيۡنَا ؕ اِذَا تُتۡلٰى

سے جن کو ہم نے ہدایت بخشی اور اُن کو مقبول بنایا، جب اُن کو

عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُ الرَّحۡمٰنِ خَرُّوۡا سُجَّدًا

خدائے رحمٰن کی آیتیں سنائی جاتیں تو وہ سجدہ کرتے ہوئے

وَّبُكِيًّا ﴿٥٨﴾ سجدة فَخَلَفَ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ

اور روتے ہوئے گر پڑتے ﴿٥٨﴾ پھر اُن کے بعد ایسے ناخلف جانشین ہوئے

خَلۡفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ
جنہوں نے نماز کو کھو دیا اور خواہشوں کے پیچھے پڑ گئے

فَسَوۡفَ يَلۡقَوۡنَ غَيًّا ۙ﴿۵۹﴾ اِلَّا مَنۡ
پس بہت جلد وہ اپنی خرابی کو دیکھیں گے ﴿۵۹﴾ البتہ جس نے

تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ
توبہ کی اور ایمان لے آیا اور نیک کام کیا تو یہی لوگ جنّت میں داخل

يَدۡخُلُوۡنَ الۡجَنَّةَ وَلَا يُظۡلَمُوۡنَ شَيۡـًٔا ۙ﴿۶۰﴾
ہوں گے اور اُن کی ذرا بھی حق تلفی نہیں کی جائے گی ﴿۶۰﴾

جَنّٰتِ عَدۡنِ ِۨالَّتِىۡ وَعَدَ الرَّحۡمٰنُ عِبَادَهٗ
اُن کے لیے ہمیشہ رہنے والے باغات ہیں جن کا رحمان نے اپنے

بِالۡغَيۡبِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ وَعۡدُهٗ مَاۡتِيًّا ﴿۶۱﴾
بندوں سے غائبانہ وعدہ کر رکھا ہے، اور یہ وعدہ پورا ہو کر رہنا ہے ﴿۶۱﴾

لَا يَسۡمَعُوۡنَ فِيۡهَا لَغۡوًا اِلَّا سَلٰمًا ؕ
اُس میں وہ لوگ کوئی فضول بات نہیں سُنیں گے سوائے سلام کے،

وَلَهُمۡ رِزۡقُهُمۡ فِيۡهَا بُكۡرَةً وَّعَشِيًّا ﴿٦٢﴾

اور اُس میں اُن کا رزق صبح و شام ملے گا ﴿٦٢﴾

تِلۡكَ الۡجَنَّةُ الَّتِىۡ نُوۡرِثُ مِنۡ عِبَادِنَا

یہ وہ جنّت ہے جس کا وارث ہم اپنے بندوں میں سے اُن کو بنائیں گے

مَنۡ كَانَ تَقِيًّا ﴿٦٣﴾ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمۡرِ

جو اللہ سے ڈرنے والے ہوں ﴿٦٣﴾ اور ہم نہیں اُترتے مگر آپ کے رب

رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡنَا وَمَا خَلۡفَنَا

کے حکم سے، اُسی کا ہے جو ہمارے آگے ہے اور جو ہمارے پیچھے ہے

وَمَا بَيۡنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ۚ ﴿٦٤﴾

اور جو اُس کے بیچ میں ہے، اور آپ کا رب بھولنے والا نہیں ﴿٦٤﴾

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا

وہ رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو اُن کے بیچ میں ہے

فَاعۡبُدۡهُ وَاصۡطَبِرۡ لِعِبَادَتِهٖ ؕ هَلۡ

پس آپ اُسی کی عبادت کیجیے اور اُس کی عبادت پر قائم رہیے، کیا

تَعۡلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ وَيَقُوۡلُ الۡاِنۡسَانُ ع ١٥ ٤

آپ اُس کا کوئی ہم صِفت جانتے ہو ﴿٦٥﴾ اور انسان کہتا ہے کہ

ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوۡفَ اُخۡرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾

کیا جب میں مر جاؤں گا تو پھر زندہ کر کے نکالا جاؤں گا ﴿٦٦﴾

اَوَلَا يَذۡكُرُ الۡاِنۡسَانُ اَنَّا خَلَقۡنٰهُ مِنۡ

کیا انسان کو یاد نہیں آتا کہ ہم نے اُس کو اِس سے پہلے پیدا کیا

قَبۡلُ وَلَمۡ يَكُ شَيۡـًٔا ﴿٦٧﴾ فَوَرَبِّكَ

اور وہ کچھ بھی نہ تھا ﴿٦٧﴾ پس آپ کے رب کی قسم!

لَنَحۡشُرَنَّهُمۡ وَالشَّيٰطِيۡنَ ثُمَّ لَنُحۡضِرَنَّهُمۡ

ہم اُن کو جمع کریں گے اور شیطانوں کو بھی پھر اُن کو جہنم کے گرد اِس طرح حاضر کریں

حَوۡلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ثُمَّ لَنَنۡزِعَنَّ مِنۡ ج

گے کہ وہ گھٹنوں کے بل گرے ہوں گے ﴿٦٨﴾ پھر ہم ہر گروہ میں سے اُن لوگوں کو جُدا

كُلِّ شِيۡعَةٍ اَيُّهُمۡ اَشَدُّ عَلَى الرَّحۡمٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ ج

کریں گے جو رحمان کے مقابلے میں سب سے زیادہ سرکش بنے ہوئے تھے ﴿٦٩﴾

ثُمَّ لَنَحۡنُ اَعۡلَمُ بِالَّذِيۡنَ هُمۡ اَوۡلٰى بِهَا

پھر ہم ایسے لوگوں کو خوب جانتے ہیں جو جہنم میں داخل ہونے کے زیادہ

صِلِيًّا ﴿٧٠﴾ وَاِنۡ مِّنۡكُمۡ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ

مستحق ہیں ﴿٧٠﴾ اور تم میں سے کوئی نہیں جس کا اُس پر سے گزر نہ ہو، یہ

عَلٰى رَبِّكَ حَتۡمًا مَّقۡضِيًّا ﴿٧١﴾ ثُمَّ نُنَجِّى

آپ کے رب کے اوپر لازم ہے جو پورا ہو کر رہے گا ﴿٧١﴾ پھر ہم

الَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيۡنَ فِيۡهَا

اُن لوگوں کو بچا لیں گے جو ڈرتے تھے اور ظالموں کو اُس میں

جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا

گرا ہوا چھوڑ دیں گے ﴿٧٢﴾ اور جب اُن کو ہماری کھلی کھلی آیتیں

بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِلَّذِيۡنَ

سنائی جاتی ہیں تو انکار کرنے والے ایمان لانے والوں سے

اٰمَنُوۡۤا ۙ اَىُّ الۡفَرِيۡقَيۡنِ خَيۡرٌ مَّقَامًا

کہتے ہیں کہ دونوں گروہوں میں سے کون بہتر حالت میں ہے

وَّاَحۡسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمۡ اَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُمۡ

اور کس کی مجلس زیادہ اچھی ہے ﴿٧٣﴾ اور اُن سے پہلے ہم نے کتنی ہی قومیں ہلاک

مِّنۡ قَرۡنٍ هُمۡ اَحۡسَنُ اَثَاثًا وَّرِءۡيًا ﴿٧٤﴾

کر دیں جو اُن سے زیادہ اسباب والی اور اُن سے زیادہ شان والی تھیں ﴿٧٤﴾

قُلۡ مَنۡ كَانَ فِى الضَّلٰلَةِ فَلۡيَمۡدُدۡ لَهُ

کہہ دیجیے کہ جو شخص گمراہ ہوتا ہے تو رحمان اُس کو

الرَّحۡمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوۡا مَا

ڈھیل دیا کرتا ہے یہاں تک کہ جب وہ دیکھ لیں گے

يُوۡعَدُوۡنَ اِمَّا الۡعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ ؕ

اُس چیز کو جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہے عذاب یا قیامت تو

فَسَيَعۡلَمُوۡنَ مَنۡ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضۡعَفُ

اُن کو معلوم ہو جائے گا کہ کس کا حال بُرا ہے اور کس کا لشکر

جُنۡدًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيۡدُ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اهۡتَدَوۡا

کمزور ہے ﴿٧٥﴾ اور اللہ ہدایت پانے والوں کی ہدایت میں

هُدًى ؕ وَالۡبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيۡرٌ عِنۡدَ

اضافہ کرتا ہے اور باقی رہنے والی نیکیاں آپ کے رب کے نزدیک اجر کے

رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيۡرٌ مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾ اَفَرَءَيۡتَ

اعتبار سے بہتر ہیں اور انجام کے اعتبار سے بھی بہتر ہیں ﴿٧٦﴾ کیا آپ نے

الَّذِىۡ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوۡتَيَنَّ

اُس کو دیکھا جس نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور کہا کہ مجھ کو

مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٧٧﴾ ؕ اَطَّلَعَ الۡغَيۡبَ اَمِ

مال اور اولاد مل کر رہیں گے ﴿٧٧﴾ کیا اُس نے غیب میں جھانک کر

اتَّخَذَ عِنۡدَ الرَّحۡمٰنِ عَهۡدًا ﴿٧٨﴾ ۙ كَلَّا ؕ

کر دیکھا ہے یا اُس نے اللہ سے کوئی عہد لے لیا ہے ﴿٧٨﴾ ہرگز نہیں!

سَنَكۡتُبُ مَا يَقُوۡلُ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ

جو کچھ وہ کہتا ہے اُس کو ہم لکھ لیں گے اور اُس کی سزا میں اضافہ

الۡعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ ۙ وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوۡلُ

کریں گے ﴿٧٩﴾ اور جن چیزوں کا وہ مدّعی ہے اُس کے وارث ہم بنیں گے

وَيَاۡتِيۡنَا فَرۡدًا ﴿٨٠﴾ وَاتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِ

اور وہ ہمارے پاس اکیلا آئے گا ﴿٨٠﴾ اور اُنہوں نے اللہ کے سوا

اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوۡنُوۡا لَهُمۡ عِزًّا ﴿٨١﴾ كَلَّا ؕ

معبود بنائے ہیں تاکہ وہ اُن کے لیے مدد بنیں ﴿٨١﴾ ہرگز نہیں!

سَيَكۡفُرُوۡنَ بِعِبَادَتِهِمۡ وَيَكُوۡنُوۡنَ

وہ اُن کی عبادت کا انکار کریں گے اور اُن کے

عَلَيۡهِمۡ ضِدًّا ﴿٨٢﴾ اَلَمۡ تَرَ اَنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا ع ١٧ ٥ ٨

مخالف بن جائیں گے ﴿٨٢﴾ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ

الشَّيٰطِيۡنَ عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ تَؤُزُّهُمۡ

ہم نے منکروں پر شیطانوں کو چھوڑ دیا ہے وہ اُن کو خوب اُبھار

اَزًّا ﴿٨٣﴾ فَلَا تَعۡجَلۡ عَلَيۡهِمۡ ؕ اِنَّمَا نَعُدُّ

رہے ہیں ﴿٨٣﴾ پس آپ اُن کے لیے جلدی نہ کریں، ہم اُن کی گنتی پوری

لَهُمۡ عَدًّا ﴿٨٤﴾ يَوۡمَ نَحۡشُرُ الۡمُتَّقِيۡنَ اِلَى ج

کر رہے ہیں ﴿٨٤﴾ جس دن ہم ڈرنے والوں کو رحمان کی طرف

الرَّحۡمٰنِ وَفۡدًا ﴿٨٥﴾ وَّنَسُوۡقُ الۡمُجۡرِمِيۡنَ

مہمان بنا کر جمع کریں گے ﴿٨٥﴾ اور مجرموں کو جہنم کی طرف

وقف لازم

اِلٰى جَهَنَّمَ وِرۡدًا ﴿٨٦﴾ لَا يَمۡلِكُوۡنَ الشَّفَاعَةَ

پیاسا ہانکیں گے ﴿٨٦﴾ کسی کو شفاعت کا اختیار نہ ہوگا

وقف لازم

اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنۡدَ الرَّحۡمٰنِ عَهۡدًا ﴿٨٧﴾

مگر اُس کو جس نے رحمان کے پاس سے اجازت لی ہو ﴿٨٧﴾

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحۡمٰنُ وَلَدًا ﴿٨٨﴾ لَقَدۡ

اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ رحمان نے کسی کو بیٹا بنایا ہے ﴿٨٨﴾ یہ تم نے

جِئۡتُمۡ شَيۡـًٔا اِدًّا ﴿٨٩﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ

بڑی سنگین بات کہی ہے ﴿٨٩﴾ قریب ہے کہ اُس سے آسمان

يَتَفَطَّرۡنَ مِنۡهُ وَتَنۡشَقُّ الۡاَرۡضُ وَتَخِرُّ

پھٹ پڑیں اور زمین ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے اور پہاڑ ٹوٹ

الۡجِبَالُ هَدًّا ﴿٩٠﴾ اَنۡ دَعَوۡا لِلرَّحۡمٰنِ وَلَدًا ﴿٩١﴾

کر گر پڑیں ﴿٩٠﴾ اِس پر کہ لوگ رحمان کی طرف اولاد کی نسبت کرتے ہیں ﴿٩١﴾

وَمَا يَنۡۢبَغِىۡ لِلرَّحۡمٰنِ اَنۡ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ؕ ﴿۹۲﴾

حالانکہ رحمان کی یہ شان نہیں کہ وہ اولاد اختیار کرے ﴿۹۲﴾

اِنۡ كُلُّ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ اِلَّاۤ اٰتِى

آسمانوں اور زمین میں کوئی نہیں جو رحمان کا بندہ

الرَّحۡمٰنِ عَبۡدًا ؕ ﴿۹۳﴾ لَقَدۡ اَحۡصٰىهُمۡ وَعَدَّهُمۡ

ہو کر نہ آئے ﴿۹۳﴾ اُس کے پاس اُن کا شمار ہے اور اُس نے اُن کو

عَدًّا ؕ ﴿۹۴﴾ وَكُلُّهُمۡ اٰتِيۡهِ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ

اچھی طرح گِن رکھا ہے ﴿۹۴﴾ اور اُن میں سے ہر ایک قیامت کے

فَرۡدًا ﴿۹۵﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا

دن اُس کے سامنے اکیلا آئے گا ﴿۹۵﴾ البتہ جو لوگ ایمان لائے اور

الصّٰلِحٰتِ سَيَجۡعَلُ لَهُمُ الرَّحۡمٰنُ وُدًّا ﴿۹۶﴾

جنہوں نے نیک عمل کیے اُن کے لیے اللہ محبّت پیدا کر دے گا ﴿۹۶﴾

فَاِنَّمَا يَسَّرۡنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ

پس ہم نے اِس قرآن کو آپ کی زبان میں اِس لیے آسان کر دیا ہے کہ آپ پرہیزگاروں کو

الۡمُتَّقِيۡنَ وَتُنۡذِرَ بِهٖ قَوۡمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾ وَكَمۡ

خوش خبری سنا دیں اور ہٹ دھرم لوگوں کو ڈرائیں ﴿٩٧﴾ اور اِن

اَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُمۡ مِّنۡ قَرۡنٍ ؕ هَلۡ تُحِسُّ

سے پہلے ہم کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں، کیا آپ

مِنۡهُمۡ مِّنۡ اَحَدٍ اَوۡ تَسۡمَعُ لَهُمۡ رِكۡزًا ﴿٩٨﴾ ع

اُن میں سے کسی کو دیکھتے ہو یا اُن کی کوئی آہٹ سُنتے ہو ﴿٩٨﴾

نصف ع ٦ ١٦ ٩

(سورۂ طٰہٰ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۱۳۰ اور ۱۳۱) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۳۵) آیتیں اور (۸) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۴۵) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۲۰) نمبر پر ہے اور سورۂ مریم کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۱۶۴۱) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اس میں (۵۲۴۲) حروف ہیں |
|---|---|---|

طٰهٰ ﴿١﴾ مَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡكَ الۡقُرۡاٰنَ

طٰهٰ ﴿١﴾ ہم نے آپ پر قرآن اِس لیے نہیں اُتارا کہ آپ

لِتَشۡقٰۤى ۙ﴿٢﴾ اِلَّا تَذۡكِرَةً لِّمَنۡ

مصیبت میں پڑ جاؤ ﴿٢﴾ بلکہ ایسے شخص کی نصیحت کے لیے

يَّخۡشٰى ۙ﴿٣﴾ تَنۡزِيۡلًا مِّمَّنۡ خَلَقَ الۡاَرۡضَ

جو ڈرتا ہو ﴿٣﴾ یہ اُس کی طرف سے اُتارا گیا ہے جس نے زمین کو

وَالسَّمٰوٰتِ الۡعُلٰی ؕ ﴿۴﴾ اَلرَّحۡمٰنُ عَلَی

اور اونچے آسمانوں کو پیدا کیا ہے ﴿۴﴾ وہ رحمت والا ہے

الۡعَرۡشِ اسۡتَوٰی ﴿۵﴾ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ

عرش پر قائم ہے ﴿۵﴾ اُسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے

وَمَا فِی الۡاَرۡضِ وَمَا بَیۡنَهُمَا وَمَا

اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو اُن دونوں کے درمیان ہے اور جو

تَحۡتَ الثَّرٰی ﴿۶﴾ وَاِنۡ تَجۡهَرۡ بِالۡقَوۡلِ

کچھ زمین کے نیچے ہے ﴿۶﴾ اور آپ چاہے اپنی بات پکار کر کہیے وہ چپکے سے

فَاِنَّهٗ یَعۡلَمُ السِّرَّ وَاَخۡفَی ﴿۷﴾ اَللّٰهُ

کہی ہوئی بات کو جانتا ہے اور اُس سے زیادہ چھپی بات کو بھی ﴿۷﴾ وہ اللہ ہے

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی ﴿۸﴾

اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، تمام اچھے نام اُسی کے ہیں ﴿۸﴾

وَهَلۡ اَتٰىكَ حَدِیۡثُ مُوۡسٰی ﴿۹﴾ وقف لازم

اور کیا آپ کو موسیٰ (علیہ السلام) کی بات پہونچی ﴿۹﴾

اِذۡ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهۡلِهِ امۡكُثُوۡۤا اِنِّيۡۤ

جب کہ اُس نے ایک آگ دیکھی تو اپنے گھر والوں سے کہا کہ ٹھہرو

اٰنَسۡتُ نَارًا لَّعَلِّيۡۤ اٰتِيۡكُمۡ مِّنۡهَا

میں نے ایک آگ دیکھی ہے، شاید میں اُس میں سے تمہارے لیے

بِقَبَسٍ اَوۡ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿١٠﴾

ایک انگارہ لاؤں یا اُس آگ پر مجھے راستے کا پتہ مل جائے ﴿١٠﴾

فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوۡدِىَ يٰمُوۡسٰى ﴿١١﴾ اِنِّيۡۤ اَنَا

پھر جب وہ اُس کے پاس پہونچا تو آواز دی گئی کہ اے موسیٰ! ﴿١١﴾ میں ہی

رَبُّكَ فَاخۡلَعۡ نَعۡلَيۡكَ ۚ اِنَّكَ بِالۡوَادِ

تمہارا رب ہوں پس تم اپنے جوتے اُتار دو کیوں کہ تم طُویٰ کی

الۡمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾ وَاَنَا اخۡتَرۡتُكَ

مقدّس وادی میں ہو ﴿١٢﴾ اور میں نے تم کو چُن لیا ہے

فَاسۡتَمِعۡ لِمَا يُوۡحٰى ﴿١٣﴾ اِنَّنِيۡۤ اَنَا اللّٰهُ

پس جو وحی کی جا رہی ہے اُس کو سُنو ﴿١٣﴾ میں ہی اللہ ہوں

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعۡبُدۡنِیۡ ۙ وَاَقِمِ

میرے سوا کوئی معبود نہیں، پس تم میری ہی عبادت کرو اور میری

الصَّلٰوةَ لِذِكۡرِیۡ ﴿۱۴﴾ اِنَّ السَّاعَةَ

یاد کے لیے نماز قائم کرو ﴿۱۴﴾ بے شک قیامت آنے والی ہے

اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخۡفِيۡهَا لِتُجۡزٰى كُلُّ

میں اُس کو چھپائے رکھنا چاہتا ہوں تا کہ ہر شخص کو اُس کے

نَفۡسٍۢ بِمَا تَسۡعٰى ﴿۱۵﴾ فَلَا يَصُدَّنَّكَ

کیے کا بدلہ ملے ﴿۱۵﴾ پس اُس سے تم کو وہ شخص غافل نہ کر دے

عَنۡهَا مَنۡ لَّا يُؤۡمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ

جو اُس پر ایمان نہیں رکھتا اور اپنی خواہشوں پر چلتا ہے کہ

هَوٰىهُ فَتَرۡدٰى ﴿۱۶﴾ وَمَا تِلۡكَ بِيَمِيۡنِكَ

تم ہلاک ہو جاؤ ﴿۱۶﴾ اور یہ تمہارے ہاتھ میں کیا ہے

يٰمُوۡسٰى ﴿۱۷﴾ قَالَ هِىَ عَصَاىَ ۚ اَتَوَكَّؤُا

اے موسیٰ ﴿۱۷﴾ اُس نے کہا: یہ میری لاٹھی ہے میں اُس پر ٹیک لگاتا ہوں

عَلَيۡهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِىۡ وَلِىَ

اور اُس سے اپنی بکریوں کے لیے پتّے جھاڑتا ہوں اور اِس

فِيۡهَا مَاٰرِبُ اُخۡرٰى ﴿۱۸﴾ قَالَ اَلۡقِهَا

میں میرے لیے دوسرے بھی کام ہیں ﴿۱۸﴾ فرمایا کہ اے موسیٰ! اُس

يٰمُوۡسٰى ﴿۱۹﴾ فَاَلۡقٰىهَا فَاِذَا هِىَ حَيَّةٌ

کو زمین پر ڈال دو ﴿۱۹﴾ اُس نے اُس کو ڈال دیا تو یکا یک وہ ایک

تَسۡعٰى ﴿۲۰﴾ قَالَ خُذۡهَا وَلَا تَخَفۡ قف

دوڑتا ہوا سانپ بن گیا ﴿۲۰﴾ فرمایا کہ اُس کو پکڑ لو اور مت ڈرو،

سَنُعِيۡدُهَا سِيۡرَتَهَا الۡاُوۡلٰى ﴿۲۱﴾ وَاضۡمُمۡ

ہم دوبارہ اُس کو اُس کی پہلی حالت پر لوٹا دیں گے ﴿۲۱﴾ اور تم اپنا

يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخۡرُجۡ بَيۡضَآءَ مِنۡ

ہاتھ اپنی بغل سے مِلا لو تو وہ چمکتا ہوا نکلے گا بغیر کسی

غَيۡرِ سُوۡٓءٍ اٰيَةً اُخۡرٰى ﴿۲۲﴾ لِنُرِيَكَ مِنۡ

عیب کے، یہ دوسری نشانی ہے ﴿۲۲﴾ تاکہ ہم اپنی بڑی نشانیوں

اٰيٰتِنَا الۡكُبۡرٰى ﴿٢٣﴾ اِذۡهَبۡ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ

میں سے بعض نشانیاں تمہیں دِکھائیں ﴿٢٣﴾ تم فرعون کے پاس جاؤ، وہ

اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ اشۡرَحۡ لِىۡ ع ١٠ ٢٤

حد سے نکل گیا ہے ﴿٢٤﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب! میرے سینے کو میرے لیے

صَدۡرِىۡ ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرۡ لِىۡۤ اَمۡرِىۡ ﴿٢٦﴾ وَاحۡلُلۡ

کھول دیجیے ﴿٢٥﴾ اور میرے کام کو میرے لیے آسان فرما دیجیے ﴿٢٦﴾ اور میری

عُقۡدَةً مِّنۡ لِّسَانِىۡ ﴿٢٧﴾ يَفۡقَهُوۡا قَوۡلِىۡ ﴿٢٨﴾

زبان کی گرہ کو کھول دیجیے ﴿٢٧﴾ تاکہ لوگ میری بات سمجھیں ﴿٢٨﴾

وَاجۡعَلۡ لِّىۡ وَزِيۡرًا مِّنۡ اَهۡلِىۡ ﴿٢٩﴾

اور میرے خاندان سے میرے لیے ایک مددگار مُقرّر کر دیجیے ﴿٢٩﴾

هٰرُوۡنَ اَخِى ﴿٣٠﴾ اشۡدُدۡ بِهٖۤ اَزۡرِىۡ ﴿٣١﴾

ہارون (علیہ السلام) کو جو میرا بھائی ہے ﴿٣٠﴾ اُس کے ذریعے سے میری کمر مضبوط کیجیے ﴿٣١﴾

وَاَشۡرِكۡهُ فِىۡۤ اَمۡرِىۡ ﴿٣٢﴾ كَىۡ نُسَبِّحَكَ

اور اُس کو میرے کام میں شریک کیجیے ﴿٣٢﴾ تاکہ ہم دونوں کثرت سے

كَثِيۡرًا ﴿٣٣﴾ وَّنَذۡكُرَكَ كَثِيۡرًا ﴿٣٤﴾ اِنَّكَ

آپ کی پاکی بیان کریں ﴿٣٣﴾ اور کثرت سے آپ کا ذِکر کریں ﴿٣٤﴾ بے شک

كُنۡتَ بِنَا بَصِيۡرًا ﴿٣٥﴾ قَالَ قَدۡ اُوۡتِيۡتَ

آپ ہم کو دیکھ رہے ہیں ﴿٣٥﴾ فرمایا کہ اے موسیٰ! تم نے جو کچھ

سُؤۡلَكَ يٰمُوۡسٰى ﴿٣٦﴾ وَلَقَدۡ مَنَنَّا

مانگا وہ تمہیں دے دیا گیا ﴿٣٦﴾ اور ہم نے تمہارے اوپر

عَلَيۡكَ مَرَّةً اُخۡرٰٓى ﴿٣٧﴾ اِذۡ اَوۡحَيۡنَآ

ایک بار اور احسان کیا ﴿٣٧﴾ جب کہ ہم نے تمہاری

اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوۡحٰٓى ﴿٣٨﴾ اَنِ اقۡذِفِيۡهِ

ماں کی طرف وحی کی جو وحی کی جا رہی ہے ﴿٣٨﴾ کہ اُس کو

فِى التَّابُوۡتِ فَاقۡذِفِيۡهِ فِى الۡيَمِّ

صندوق میں رکھو پھر اُس کو دریا میں ڈال دو ، پھر دریا

فَلۡيُلۡقِهِ الۡيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاۡخُذۡهُ

اُس کو کنارے پر ڈال دے ، اُس کو ایک شخص

عَدُوٌّ لِّیۡ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَاَلۡقَیۡتُ عَلَیۡكَ

اٹھالے گا جو میرا بھی دشمن ہے اور اُس کا بھی دشمن ہے، اور میں نے اپنی طرف

وقف لازم

مَحَبَّةً مِّنِّیۡ ۚ وَلِتُصۡنَعَ عَلٰی عَیۡنِیۡ ﴿۳۹﴾

سے تم پر ایک محبت ڈال دی اور تا کہ تم میری نگرانی میں پرورش پاؤ ﴿۳۹﴾

اِذۡ تَمۡشِیۡۤ اُخۡتُكَ فَتَقُوۡلُ هَلۡ اَدُلُّكُمۡ

جب کہ تمہاری بہن چلتی ہوئی آئی پھر وہ کہنے لگی: کیا میں تم لوگوں کو اُس

عَلٰی مَنۡ یَّكۡفُلُهٗ ؕ فَرَجَعۡنٰكَ اِلٰۤی

کا پتہ دوں جو اِس بچّے کی پرورش اچھی طرح کرے، پس ہم نے تم کو

اُمِّكَ كَیۡ تَقَرَّ عَیۡنُهَا وَلَا تَحۡزَنَ ؕ

تمہاری ماں کی طرف لوٹا دیا تا کہ اُس کی آنکھ ٹھنڈی ہو اور اُس کو غم نہ

وَقَتَلۡتَ نَفۡسًا فَنَجَّیۡنٰكَ مِنَ الۡغَمِّ

رہے، اور تم نے ایک شخص کو قتل کر دیا پھر ہم نے تم کو اُس غم

وَفَتَنّٰكَ فُتُوۡنًا ۬ؕ فَلَبِثۡتَ سِنِیۡنَ

سے نجات دی اور ہم نے تم کو خوب جانچا، پھر تم کئی سال

فِیۡۤ اَهۡلِ مَدۡیَنَ ۙ ثُمَّ جِئۡتَ عَلٰی

مدین والوں میں رہے پھر تم ایک اندازے پر

قَدَرٍ یّٰمُوۡسٰی ﴿۴۰﴾ وَاصۡطَنَعۡتُكَ

آگئے اے موسیٰ ﴿۴۰﴾ اور میں نے تم کو اپنے لیے

لِنَفۡسِیۡ ﴿۴۱﴾ۚ اِذۡهَبۡ اَنۡتَ وَاَخُوۡكَ

منتخب کیا ﴿۴۱﴾ جاؤ تم اور تمہارا بھائی میری نشانیوں کے

بِاٰیٰتِیۡ وَلَا تَنِیَا فِیۡ ذِكۡرِیۡ ﴿۴۲﴾ۚ اِذۡهَبَاۤ

ساتھ اور تم دونوں میری یاد میں سستی نہ کرنا ﴿۴۲﴾ تم دونوں

اِلٰی فِرۡعَوۡنَ اِنَّهٗ طَغٰی ﴿۴۳﴾ۖ فَقُوۡلَا لَهٗ

فرعون کے پاس جاؤ کہ وہ سرکش ہو گیا ہے ﴿۴۳﴾ پس اُس سے

قَوۡلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّهٗ یَتَذَكَّرُ اَوۡ یَخۡشٰی ﴿۴۴﴾

نرمی سے بات کرنا شاید وہ نصیحت قبول کرے یا ڈر جائے ﴿۴۴﴾

قَالَا رَبَّنَاۤ اِنَّنَا نَخَافُ اَنۡ یَّفۡرُطَ

دونوں نے کہا کہ اے ہمارے رب! ہم کو اندیشہ ہے کہ وہ ہم پر زیادتی کرے

عَلَيۡنَاۤ اَوۡ اَنۡ يَّطۡغٰى ﴿٤٥﴾ قَالَ لَا تَخَافَاۤ

یا سرکشی کرنے لگے ﴿٤٥﴾ فرمایا کہ تم اندیشہ نہ کرو، میں تم

اِنَّنِىۡ مَعَكُمَاۤ اَسۡمَعُ وَاَرٰى ﴿٤٦﴾ فَاۡتِيٰهُ

دونوں کے ساتھ ہوں سُن رہا ہوں اور دیکھ رہا ہوں ﴿٤٦﴾ پس تم

فَقُوۡلَاۤ اِنَّا رَسُوۡلَا رَبِّكَ فَاَرۡسِلۡ مَعَنَا

اُس کے پاس جاؤ اور کہو کہ ہم دونوں تیرے رب کے بھیجے ہوئے ہیں

بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبۡهُمۡ ؕ

پس تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے دے اور اُن کو نہ ستا،

قَدۡ جِئۡنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ

ہم تیرے رب کے پاس سے ایک نشانی بھی لائے ہیں، اور سلامتی

عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الۡهُدٰى ﴿٤٧﴾ اِنَّا قَدۡ

اُس شخص کے لیے ہے جو ہدایت کی پیروی کرے ﴿٤٧﴾ ہم پر

اُوۡحِىَ اِلَيۡنَاۤ اَنَّ الۡعَذَابَ عَلٰى مَنۡ

یہ وحی کی گئی ہے کہ اُس شخص پر عذاب ہوگا جو

كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿٤٨﴾ قَالَ فَمَنۡ رَّبُّكُمَا

جُھٹلائے اور منہ موڑ لے ﴿٤٨﴾ فرعون نے کہا: پھر تم دونوں کا رب کون ہے

يٰمُوۡسٰى ﴿٤٩﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِىۡۤ اَعۡطٰى

اے موسیٰ ﴿٤٩﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر

كُلَّ شَىۡءٍ خَلۡقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ﴿٥٠﴾ قَالَ

چیز کو اُس کی صورت عطا کی پھر رہنمائی فرمائی ﴿٥٠﴾ فرعون نے کہا:

فَمَا بَالُ الۡقُرُوۡنِ الۡاُوۡلٰى ﴿٥١﴾ قَالَ عِلۡمُهَا

پھر اگلی قوموں کا کیا حال ہے ﴿٥١﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اُس کا علم

عِنۡدَ رَبِّىۡ فِىۡ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّىۡ

میرے رب کے پاس ایک دفتر میں ہے، میرا رب نہ غلطی کرتا ہے

وَلَا يَنۡسَى ﴿٥٢﴾ ۙ الَّذِىۡ جَعَلَ لَـكُمُ

اور نہ بھولتا ہے ﴿٥٢﴾ وہی ہے جس نے تمہارے لیے

الۡاَرۡضَ مَهۡدًا وَّسَلَكَ لَـكُمۡ فِيۡهَا سُبُلًا

زمین کا فرش بنایا اور اُس میں تمہارے لیے راہیں نکالیں

وَّاَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ؕ فَاَخۡرَجۡنَا

اور آسمان سے پانی اُتارا پھر ہم نے اُس کے ذریعے سے

بِهٖۤ اَزۡوَاجًا مِّنۡ نَّبَاتٍ شَتّٰى ؕ﴿۵۳﴾ كُلُوۡا

مختلف قسم کی نباتات پیدا کیں ﴿۵۳﴾ کھاؤ

وَارۡعَوۡا اَنۡعَامَكُمۡ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

اور اپنے مویشیوں کو چَراؤ، بے شک اِس کے اندر عقل والوں

لِّاُولِى النُّهٰى ؕ﴿۵۴﴾ مِنۡهَا خَلَقۡنٰكُمۡ وَفِيۡهَا ع ٢ ٣٠ ١١

کے لیے نشانیاں ہیں ﴿۵۴﴾ اِسی سے ہم نے تم کو پیدا کیا ہے اور

نُعِيۡدُكُمۡ وَمِنۡهَا نُخۡرِجُكُمۡ تَارَةً

اِسی میں ہم تم کو لوٹائیں گے اور اِسی سے ہم تم کو دوبارہ نکالیں

اُخۡرٰى ﴿۵۵﴾ وَلَقَدۡ اَرَيۡنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا

گے ﴿۵۵﴾ اور ہم نے فرعون کو اپنی سب نشانیاں دِکھائیں تو اُس نے

فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿۵۶﴾ قَالَ اَجِئۡتَنَا لِتُخۡرِجَنَا

جُھٹلایا اور انکار کیا ﴿۵۶﴾ اُس نے کہا کہ اے موسیٰ! کیا تم اِس لیے ہمارے پاس آئے ہو

مِنۡ اَرۡضِنَا بِسِحۡرِكَ يٰمُوۡسٰى ﴿٥٧﴾

کہ اپنے جادو سے ہم کو ہمارے ملک سے نکال دو ﴿٥٧﴾

فَلَنَاۡتِيَنَّكَ بِسِحۡرٍ مِّثۡلِهٖ فَاجۡعَلۡ

تو ہم تمہارے مقابلے میں ایسا ہی جادو لائیں گے پس تم

بَيۡنَنَا وَبَيۡنَكَ مَوۡعِدًا لَّا نُخۡلِفُهٗ

ہمارے اور اپنے درمیان ایک وعدہ مقرر کرلو، نہ ہم اُس کے خلاف

نَحۡنُ وَلَاۤ اَنۡتَ مَكَانًا سُوًى ﴿٥٨﴾ قَالَ

کریں اور نہ تم، یہ مقابلہ ایک ہموار میدان میں ہو ﴿٥٨﴾ موسیٰ (علیہ السلام)

مَوۡعِدُكُمۡ يَوۡمُ الزِّيۡنَةِ وَاَنۡ يُّحۡشَرَ

نے کہا: تمہارے لیے وعدے کا دن میلے والا دن ہے اور یہ کہ لوگ دن

النَّاسُ ضُحًى ﴿٥٩﴾ فَتَوَلّٰى فِرۡعَوۡنُ فَجَمَعَ

چڑھے جمع کیے جائیں ﴿٥٩﴾ فرعون وہاں سے ہٹا پھر اپنے سارے داؤ

كَيۡدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿٦٠﴾ قَالَ لَهُمۡ مُّوۡسٰى

جمع کیے اُس کے بعد وہ مقابلے پر آیا ﴿٦٠﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا:

وَيۡلَكُمۡ لَا تَفۡتَرُوۡا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

تمہارا بُرا ہو ، اللہ پر جھوٹ نہ باندھو کہ وہ تم کو کسی

فَيُسۡحِتَكُمۡ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدۡ خَابَ

آفت سے غارت کر دے، اور جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا

مَنِ افۡتَرٰى ﴿٦١﴾ فَتَنَازَعُوۡۤا اَمۡرَهُمۡ

وہ ناکام ہوا ﴿٦١﴾ پھر اُنہوں نے اپنے معاملے میں اختلاف کیا

بَيۡنَهُمۡ وَاَسَرُّوا النَّجۡوٰى ﴿٦٢﴾ قَالُوۡۤا

اور اُنہوں نے چُپکے چُپکے باہم مشورہ کیا ﴿٦٢﴾ اُنہوں نے کہا:

اِنۡ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيۡدٰنِ اَنۡ

یہ دونوں یقیناً جادوگر ہیں وہ چاہتے ہیں کہ

يُّخۡرِجٰكُمۡ مِّنۡ اَرۡضِكُمۡ بِسِحۡرِهِمَا

اپنے جادو کے زور سے تم کو تمہارے ملک سے نکال دیں

وَيَذۡهَبَا بِطَرِيۡقَتِكُمُ الۡمُثۡلٰى ﴿٦٣﴾

اور تمہارے عمدہ طریقے کا خاتمہ کر دیں ﴿٦٣﴾

فَاَجۡمِعُوۡا كَيۡدَكُمۡ ثُمَّ ائۡتُوۡا صَفًّا ۚ

پس تم اپنی تدبیریں اکٹھا کرو پھر متحد ہو کر آؤ ،

وَقَدۡ اَفۡلَحَ الۡيَوۡمَ مَنِ اسۡتَعۡلٰى ﴿٦٤﴾

اور وہی جیت گیا جو آج غالب رہا ﴿٦٤﴾

قَالُوۡا يٰمُوۡسٰۤى اِمَّاۤ اَنۡ تُلۡقِىَ وَاِمَّاۤ اَنۡ

اُنہوں نے کہا کہ اے موسیٰ ! یا تو تم ڈالو یا ہم

نَّكُوۡنَ اَوَّلَ مَنۡ اَلۡقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ بَلۡ

پہلے ڈالنے والے بنیں ﴿٦٥﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ تم ہی

اَلۡقُوۡا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمۡ وَعِصِيُّهُمۡ يُخَيَّلُ

پہلے ڈالو، تو یکا یک اُن کی رسّیاں اور اُن کی لاٹھیاں اُن کے جادو

اِلَيۡهِ مِنۡ سِحۡرِهِمۡ اَنَّهَا تَسۡعٰى ﴿٦٦﴾

کے زور سے اُس کو اِس طرح دِکھائی دیں گویا کہ وہ دوڑ رہی ہیں ﴿٦٦﴾

فَاَوۡجَسَ فِىۡ نَفۡسِهٖ خِيۡفَةً مُّوۡسٰى ﴿٦٧﴾

پس موسیٰ (علیہ السلام) اپنے دِل میں کچھ ڈر گئے ﴿٦٧﴾

قُلۡنَا لَا تَخَفۡ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡاَعۡلٰى ﴿٦٨﴾

ہم نے کہا کہ تم ڈرو نہیں ، تم ہی غالب رہو گے ﴿٦٨﴾

وَاَلۡقِ مَا فِىۡ يَمِيۡنِكَ تَلۡقَفۡ مَا صَنَعُوۡا ؕ

اور جو تمہارے داہنے ہاتھ میں ہے اُس کو ڈال دو وہ اُس کو نگل جائے گا

اِنَّمَا صَنَعُوۡا كَيۡدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفۡلِحُ

جو اُنہوں نے بنایا ہے، یہ جو کچھ اُنہوں نے بنایا ہے یہ جادوگر کا فریب ہے،

السّٰحِرُ حَيۡثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾ فَاُلۡقِىَ السَّحَرَةُ

اور جادوگر کبھی کامیاب نہیں ہوتا چاہے وہ کیسے ہی آئے ﴿٦٩﴾ پس جادوگر

سُجَّدًا قَالُوۡۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوۡنَ

سجدے میں گر پڑے، اُنہوں نے کہا کہ ہم ہارون اور موسیٰ (علیہما السلام)

وَمُوۡسٰى ﴿٧٠﴾ قَالَ اٰمَنۡتُمۡ لَهٗ قَبۡلَ

کے رب پر ایمان لائے ﴿٧٠﴾ فرعون نے کہا کہ تم نے اُس کو مان لیا

اَنۡ اٰذَنَ لَـكُمۡ ؕ اِنَّهٗ لَكَبِيۡرُكُمُ الَّذِىۡ

اِس سے پہلے کہ میں تم کو اجازت دیتا، وہی تمہارا بڑا ہے جس نے

عَلَّمَكُمُ السِّحۡرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيۡدِيَكُمۡ

تم کو جادو سکھایا ہے، تو اب میں تمہارے ہاتھ اور پاؤں مخالف

وَاَرۡجُلَكُمۡ مِّنۡ خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمۡ

سمتوں سے کٹواؤں گا اور میں تم کو کھجور کے تنوں پر سولی دوں گا

فِىۡ جُذُوۡعِ النَّخۡلِ ز وَلَتَعۡلَمُنَّ اَيُّنَاۤ

اور تم جان لو گے کہ ہم میں سے کس کا عذاب زیادہ سخت

اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبۡقٰى ﴿٧١﴾ قَالُوۡا لَنۡ نُّؤۡثِرَكَ

ہے اور زیادہ دیر تک رہنے والا ہے ﴿٧١﴾ جادوگروں نے کہا کہ

عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الۡبَيِّنٰتِ وَالَّذِىۡ

ہم تجھ کو ہرگز اُن دلائل پر ترجیح نہیں دیں گے جو ہمارے

فَطَرَنَا فَاقۡضِ مَاۤ اَنۡتَ قَاضٍ ؕ

پاس آئے ہیں اور نہ اُس ذات پر جس نے ہم کو پیدا کیا ہے،

اِنَّمَا تَقۡضِىۡ هٰذِهِ الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا ﴿٧٢﴾ ؕ

پس تجھ کو جو کرنا ہے اُسے کر ڈال، تم اِسی دنیا کی زندگی کا کر سکتے ہو ﴿٧٢﴾

اِنَّاۤ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغۡفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا

ہم اپنے رب پر ایمان لائے تا کہ وہ ہمارے گناہوں کو بخش

وَمَاۤ اَكۡرَهۡتَنَا عَلَيۡهِ مِنَ السِّحۡرِ ؕ

دے اور اُس جادو کو بھی جس پر تم نے ہمیں مجبور کیا ،

وَاللّٰهُ خَيۡرٌ وَّاَبۡقٰى ﴿٧٣﴾ اِنَّهٗ مَنۡ يَّاۡتِ رَبَّهٗ

اور اللہ بہتر ہے اور باقی رہنے والا ہے ﴿٧٣﴾ بے شک جو شخص مجرم بن کر اپنے

مُجۡرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوۡتُ

رب کے سامنے حاضر ہوگا تو اُس کے لیے جہنم ہے، اُس میں وہ نہ مرے گا

فِيۡهَا وَلَا يَحۡيٰى ﴿٧٤﴾ وَمَنۡ يَّاۡتِهٖ مُؤۡمِنًا

اور نہ جیے گا ﴿٧٤﴾ اور جو شخص اپنے رب کے پاس مؤمن ہو کر آئے گا

قَدۡ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ

جس نے نیک عمل کیے ہوں تو ایسے لوگوں کے لیے بڑے

الدَّرَجٰتُ الۡعُلٰى ﴿٧٥﴾ جَنّٰتُ عَدۡنٍ تَجۡرِىۡ

اونچے درجے ہیں ﴿٧٥﴾ اُن کے لیے ہمیشہ رہنے والے باغات ہیں جن کے نیچے

الثلثة

مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ؕ

نہریں جاری ہوں گی، وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے ،

ع ۳ ۲۲ ۱۲ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنۡ تَزَكّٰى ﴿٧٦﴾ وَلَقَدۡ

اور یہ بدلہ ہے اُس شخص کا جو پاکیزگی اختیار کرے ﴿٧٦﴾ اور ہم

اَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰى مُوۡسٰٓى ۙ اَنۡ اَسۡرِ بِعِبَادِىۡ

نے موسیٰ (علیہ السلام) کو وحی کی کہ رات کے وقت میرے بندوں کو

فَاضۡرِبۡ لَهُمۡ طَرِيۡقًا فِى الۡبَحۡرِ

لے کر نکلو پھر اُن کے لیے سمندر میں سوکھا راستہ بنا لو ،

يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخۡشٰى ﴿٧٧﴾

تم نہ پیچھا کیے جانے سے گھبراؤ اور نہ کسی اور چیز سے ڈرو ﴿٧٧﴾

فَاَتۡبَعَهُمۡ فِرۡعَوۡنُ بِجُنُوۡدِهٖ فَغَشِيَهُمۡ

پھر فرعون نے اپنے لشکروں کے ساتھ اُن کا پیچھا کیا پھر اُن کو سمندر

مِّنَ الۡيَمِّ مَا غَشِيَهُمۡ ﴿٧٨﴾ ؕ وَاَضَلَّ

کے پانی نے ڈھانپ لیا جیسا کہ ڈھانپ لیا ﴿٧٨﴾ اور فرعون نے

فِرۡعَوۡنُ قَوۡمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿٧٩﴾ يٰبَنِيۡۤ

اپنی قوم کو گمراہ کیا اور اُس کو صحیح راہ نہ دِکھائی ﴿٧٩﴾ اے بنی

اِسۡرَآءِيۡلَ قَدۡ اَنۡجَيۡنٰكُمۡ مِّنۡ عَدُوِّكُمۡ

اسرائیل ! ہم نے تم کو تمہارے دشمن سے نجات دی

وَوٰعَدۡنٰكُمۡ جَانِبَ الطُّوۡرِ الۡاَيۡمَنَ

اور تم سے طور کے دائیں جانب وعدہ ٹھہرایا

وَنَزَّلۡنَا عَلَيۡكُمُ الۡمَنَّ وَالسَّلۡوٰى ﴿٨٠﴾

اور ہم نے تمہارے اوپر منّ و سلویٰ اُتارا ﴿٨٠﴾

كُلُوۡا مِنۡ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقۡنٰكُمۡ وَلَا تَطۡغَوۡا

کھاؤ ہماری دی ہوئی پاک روزی اور اُس میں

فِيۡهِ فَيَحِلَّ عَلَيۡكُمۡ غَضَبِىۡ ۚ وَمَنۡ

سرکشی نہ کرو کہ تمہارے اوپر میرا غضب نازل ہو ، اور

يَّحۡلِلۡ عَلَيۡهِ غَضَبِىۡ فَقَدۡ هَوٰى ﴿٨١﴾

جس پر میرا غضب اُترا وہ تباہ ہوا ﴿٨١﴾

وَاِنِّیۡ لَغَفَّارٌ لِّمَنۡ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ

البتہ جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور نیک عمل کرے اور سیدھی راہ پر رہے تو اُس

صَالِحًا ثُمَّ اهۡتَدٰی ﴿۸۲﴾ وَمَاۤ اَعۡجَلَكَ

کے لیے میں بہت زیادہ بخشنے والا ہوں ﴿۸۲﴾ اور اے موسیٰ! اپنی قوم کو چھوڑ کر جلد

عَنۡ قَوۡمِكَ یٰمُوۡسٰی ﴿۸۳﴾ قَالَ هُمۡ اُولَآءِ

آنے پر آپ کو کس چیز نے اُبھارا ﴿۸۳﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: وہ لوگ بھی میرے پیچھے ہی

عَلٰۤی اَثَرِیۡ وَعَجِلۡتُ اِلَیۡكَ رَبِّ لِتَرۡضٰی ﴿۸۴﴾

ہیں، اور میں اے میرے رب! آپ کی طرف جلدی آ گیا تا کہ آپ راضی ہو جائیں ﴿۸۴﴾

قَالَ فَاِنَّا قَدۡ فَتَنَّا قَوۡمَكَ مِنۡۢ

فرمایا: تو ہم نے آپ کی قوم کو آپ کے بعد ایک

بَعۡدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِیُّ ﴿۸۵﴾

فتنے میں ڈال دیا ہے اور سامری نے اُن کو گمراہ کر دیا ﴿۸۵﴾

فَرَجَعَ مُوۡسٰۤی اِلٰی قَوۡمِهٖ غَضۡبَانَ

پھر موسیٰ (علیہ السلام) اپنی قوم کی طرف غصّے اور رنج میں بھرے

اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوۡمِ اَلَمۡ يَعِدۡكُمۡ

ہوئے لوٹے ، اُنہوں نے کہا کہ اے میری قوم! کیا تم سے

رَبُّكُمۡ وَعۡدًا حَسَنًا ۬ؕ اَفَطَالَ عَلَيۡكُمُ

تمہارے رب نے ایک اچھا وعدہ نہیں کیا تھا، کیا تم پر زیادہ

الۡعَهۡدُ اَمۡ اَرَدۡتُّمۡ اَنۡ يَّحِلَّ عَلَيۡكُمۡ

زمانہ گزر گیا یا تم نے چاہا کہ تمہارے اوپر

غَضَبٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ فَاَخۡلَفۡتُمۡ

تمہارے رب کا غضب نازل ہو اِس لیے تم نے مجھ سے وعدہ

مَّوۡعِدِىۡ ﴿۸۶﴾ قَالُوۡا مَاۤ اَخۡلَفۡنَا مَوۡعِدَكَ

خلافی کی ﴿۸۶﴾ اُنہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے اختیار سے آپ کے

بِمَلۡكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلۡنَاۤ اَوۡزَارًا مِّنۡ

ساتھ وعدہ خلافی نہیں کی بلکہ قوم کے زیورات کا بوجھ ہم سے اُٹھوایا

زِيۡنَةِ الۡقَوۡمِ فَقَذَفۡنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلۡقَى

گیا تھا تو ہم نے اُس کو پھینک دیا، پھر اِس طرح سامری نے

السَّامِرِيُّ ﴿٨٧﴾ فَاَخۡرَجَ لَهُمۡ عِجۡلًا

ڈھال لیا ﴿٨٧﴾ پس اُس نے اُن کے لیے ایک بچھڑا برآمد کر دیا ایک ڈھانچہ جس

جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوۡا هٰذَاۤ اِلٰهُكُمۡ

سے بیل کی سی آواز نکلتی تھی پس (اُس کے بارے میں) لوگوں نے کہا کہ یہ تمہارا

وَاِلٰهُ مُوۡسٰى ۙ فَنَسِىَ ﴿٨٨﴾ اَفَلَا يَرَوۡنَ

معبود ہے اور موسیٰ کا بھی (یہی) معبود ہے لیکن موسیٰ اُسے بھول گئے ﴿٨٨﴾ کیا وہ

اَلَّا يَرۡجِعُ اِلَيۡهِمۡ قَوۡلًا ۙ وَّلَا يَمۡلِكُ

دیکھتے نہ تھے کہ نہ وہ کسی بات کا جواب دیتا ہے اور نہ کوئی

لَهُمۡ ضَرًّا وَّلَا نَفۡعًا ﴿٨٩﴾ وَلَقَدۡ قَالَ ع ۴ ۱۳ ۱۳

نفع یا نقصان پہونچا سکتا ہے ﴿٨٩﴾ اور ہارون (علیہ السلام) نے

لَهُمۡ هٰرُوۡنُ مِنۡ قَبۡلُ يٰقَوۡمِ اِنَّمَا

اُن سے پہلے ہی کہا تھا کہ اے میری قوم! تم اِس بچھڑے

فُتِنۡتُمۡ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحۡمٰنُ

کے ذریعے سے بہک گئے ہو اور تمہارا رب تو رحمان ہے

فَاتَّبِعُوۡنِیۡ وَاَطِیۡعُوۡۤا اَمۡرِیۡ ﴿۹۰﴾ قَالُوۡا

پس میری پیروی کرو اور میری بات مانو ﴿۹۰﴾ اُنہوں نے کہا کہ ہم

لَنۡ نَّبۡرَحَ عَلَیۡهِ عٰكِفِیۡنَ حَتّٰی یَرۡجِعَ

تو اُسی کی عبادت میں لگے رہیں گے جب تک کہ موسیٰ ہمارے پاس

اِلَیۡنَا مُوۡسٰی ﴿۹۱﴾ قَالَ یٰهٰرُوۡنُ مَا مَنَعَكَ

لوٹ نہ آئے ﴿۹۱﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ اے ہارون! جب تم نے دیکھا کہ

اِذۡ رَاَیۡتَهُمۡ ضَلُّوۡۤا ﴿۹۲﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ؕ

وہ بہک گئے ہیں تو تم کو کس چیز نے روکا ﴿۹۲﴾ کہ تم میری پیروی کرو،

اَفَعَصَیۡتَ اَمۡرِیۡ ﴿۹۳﴾ قَالَ یَبۡنَؤُمَّ

کیا تم نے میرے کہنے کے خلاف کیا ﴿۹۳﴾ ہارون (علیہ السلام) نے کہا: اے میری

لَا تَاۡخُذۡ بِلِحۡیَتِیۡ وَلَا بِرَاۡسِیۡ ۚ اِنِّیۡ

ماں کے بیٹے! آپ میری داڑھی نہ پکڑیں اور نہ میرا سر، مجھے

خَشِیۡتُ اَنۡ تَقُوۡلَ فَرَّقۡتَ بَیۡنَ بَنِیۡۤ

یہ ڈر تھا کہ آپ کہو گے کہ تم نے بنی اسرائیل کے درمیان

اِسۡرَآءِيۡلَ وَلَمۡ تَرۡقُبۡ قَوۡلِىۡ ﴿۹۴﴾ قَالَ

پھوٹ ڈال دی اور میری بات کا لحاظ نہ کیا ﴿۹۴﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا

فَمَا خَطۡبُكَ يٰسَامِرِىُّ ﴿۹۵﴾ قَالَ بَصُرۡتُ

کہ اے سامری! تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ﴿۹۵﴾ اُس نے کہا کہ مجھ کو وہ

بِمَا لَمۡ يَبۡصُرُوۡا بِهٖ فَقَبَضۡتُ قَبۡضَةً

چیز نظر آئی جو دوسروں کو نظر نہیں آئی تو میں نے رسول کے نقشِ قدم

مِّنۡ اَثَرِ الرَّسُوۡلِ فَنَبَذۡتُهَا وَكَذٰلِكَ

سے ایک مُٹھی اُٹھائی اور وہ اُس میں ڈال دی اور میرے

سَوَّلَتۡ لِىۡ نَفۡسِىۡ ﴿۹۶﴾ قَالَ فَاذۡهَبۡ فَاِنَّ

نفس نے مجھ کو ایسا ہی سمجھایا ﴿۹۶﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ دور ہو،

لَكَ فِى الۡحَيٰوةِ اَنۡ تَقُوۡلَ لَا مِسَاسَ ۖ

اب تیرے لیے زندگی بھر یہ ہے کہ تو کہے کہ مجھ کو نہ چھونا،

وَاِنَّ لَكَ مَوۡعِدًا لَّنۡ تُخۡلَفَهٗ ۚ وَانۡظُرۡ

اور تیرے لیے ایک وعدہ ہے جو تجھ سے ٹلنے والا نہیں، اور تو

اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِىۡ ظَلۡتَ عَلَيۡهِ عَاكِفًا ؕ
اپنے اُس معبود کو دیکھ جس پر تو برابر اَڑا رہتا تھا کہ

لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنۡسِفَنَّهٗ فِى الۡيَمِّ
ہم اُس کو جلائیں گے پھر اُس کو دریا میں بکھیر کر بہا

نَسۡفًا ﴿۹۷﴾ اِنَّمَاۤ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِىۡ
دیں گے ﴿۹۷﴾ تمہارا معبود تو صرف اللہ ہے اُس کے

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَسِعَ كُلَّ شَىۡءٍ
سِوا کوئی معبود نہیں ، اُس کا علم ہر چیز پر

عِلۡمًا ﴿۹۸﴾ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيۡكَ مِنۡ
حاوی ہے ﴿۹۸﴾ اِسی طرح ہم آپ کو اُن کے احوال سناتے ہیں

اَنۡۢبَآءِ مَا قَدۡ سَبَقَ ۚ وَقَدۡ اٰتَيۡنٰكَ
جو پہلے گزر چکے ، اور ہم نے آپ کو اپنے پاس سے

مِنۡ لَّدُنَّا ذِكۡرًا ﴿۹۹﴾ مَّنۡ اَعۡرَضَ عَنۡهُ
ایک نصیحت نامہ دیا ہے ﴿۹۹﴾ جو اُس سے منہ موڑے گا

فَاِنَّهٗ يَحۡمِلُ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ وِزۡرًا ۙ﴿۱۰۰﴾

وہ قیامت کے دن ایک بھاری بوجھ اُٹھائے گا ﴿۱۰۰﴾

خٰلِدِيۡنَ فِيۡهِ ؕ وَسَآءَ لَهُمۡ يَوۡمَ

وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ بوجھ قیامت کے دن

الۡقِيٰمَةِ حِمۡلًا ۙ﴿۱۰۱﴾ يَّوۡمَ يُنۡفَخُ

اُن کے لیے بہت بُرا ہوگا ﴿۱۰۱﴾ جس دن صور میں پھونک

فِى الصُّوۡرِ وَنَحۡشُرُ الۡمُجۡرِمِيۡنَ

ماری جائے گی اور مجرموں کو ہم اِس حال میں جمع کریں گے کہ

يَوۡمَئِذٍ زُرۡقًا ۙ﴿۱۰۲﴾ يَّتَخَافَتُوۡنَ بَيۡنَهُمۡ

خوف سے اُن کی آنکھیں نیلی ہوں گی ﴿۱۰۲﴾ آپس میں چپکے چپکے کہتے

اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ اِلَّا عَشۡرًا ﴿۱۰۳﴾ نَحۡنُ اَعۡلَمُ

ہوں گے کہ تم صرف دس دن رہے ہوگے ﴿۱۰۳﴾ ہم خوب جانتے

بِمَا يَقُوۡلُوۡنَ اِذۡ يَقُوۡلُ اَمۡثَلُهُمۡ

ہیں جو کچھ وہ کہیں گے، جب کہ اُن کا سب سے زیادہ واقف کار

طَرِيۡقَةً اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ اِلَّا يَوۡمًا ﴿١٠٤﴾ ع ١٥ ١٤

کہے گا کہ تم صرف ایک دن ٹھہرے ﴿١٠٤﴾

وَيَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنِ الۡجِبَالِ فَقُلۡ

اور لوگ آپ سے پہاڑوں کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے

يَنۡسِفُهَا رَبِّىۡ نَسۡفًا ﴿١٠٥﴾ لا فَيَذَرُهَا قَاعًا

کہ میرا رب اُن کو اُڑا کر بکھیر دے گا ﴿١٠٥﴾ پھر زمین کو صاف میدان

صَفۡصَفًا ﴿١٠٦﴾ لا لَّا تَرٰى فِيۡهَا عِوَجًا

بنا کر چھوڑ دے گا ﴿١٠٦﴾ آپ اُس میں نہ کوئی کجی (ٹیڑھا پن) دیکھو

وَّلَاۤ اَمۡتًا ﴿١٠٧﴾ ط يَوۡمَئِذٍ يَّتَّبِعُوۡنَ الدَّاعِىَ

گے اور نہ کوئی اونچائی ﴿١٠٧﴾ اُس دن سب پکارنے والے کے پیچھے

لَا عِوَجَ لَهٗ ج وَخَشَعَتِ الۡاَصۡوَاتُ

چل پڑیں گے ذرا بھی کجی نہ ہوگی، اور تمام آوازیں رحمان کے آگے

لِلرَّحۡمٰنِ فَلَا تَسۡمَعُ اِلَّا هَمۡسًا ﴿١٠٨﴾

دب جائیں گی پس آپ ایک سرسراہٹ کے سوا کچھ نہ سُنو گے ﴿١٠٨﴾

يَوۡمَئِذٍ لَّا تَنۡفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنۡ

اُس دن سفارش نفع نہ دے گی مگر ایسا شخص جس کو

اَذِنَ لَهُ الرَّحۡمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ قَوۡلًا ﴿١٠٩﴾

رحمان نے اجازت دی ہو اور اُس کے لیے بولنا پسند کیا ہو ﴿١٠٩﴾

يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ

وہ سب کے اگلے اور پچھلے احوال کو جانتا ہے

وَلَا يُحِيۡطُوۡنَ بِهٖ عِلۡمًا ﴿١١٠﴾ وَعَنَتِ

اور اُن کا علم اُس کا احاطہ نہیں کر سکتا ﴿١١٠﴾ اور تمام چہرے اُس زندہ

الۡوُجُوۡهُ لِلۡحَىِّ الۡقَيُّوۡمِ ؕ وَقَدۡ خَابَ

و قائم رہنے والی ذات کے سامنے جُھکے ہوں گے، اور ایسا شخص

مَنۡ حَمَلَ ظُلۡمًا ﴿١١١﴾ وَمَنۡ يَّعۡمَلۡ مِنَ

ناکام رہے گا جو ظلم لے کر آیا ہوگا ﴿١١١﴾ اور جس نے نیک کام کیے

الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤۡمِنٌ فَلَا يَخٰفُ

ہوں گے اور وہ ایمان بھی رکھتا ہوگا تو اُس کو نہ کسی کی

ظُلۡمًا وَّلَا هَضۡمًا ﴿۱۱۲﴾ وَكَذٰلِكَ

زیادتی کا اندیشہ ہوگا اور نہ کسی کمی کا ﴿۱۱۲﴾ اور اِسی طرح

اَنۡزَلۡنٰهُ قُرۡاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفۡنَا

ہم نے عربی کا قرآن اُتارا ہے اور اُس میں ہم نے

فِيۡهِ مِنَ الۡوَعِيۡدِ لَعَلَّهُمۡ يَتَّقُوۡنَ

طرح طرح سے وعید بیان کی ہے؛ تاکہ لوگ ڈریں یا وہ اُن

اَوۡ يُحۡدِثُ لَهُمۡ ذِكۡرًا ﴿۱۱۳﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ

کے دل میں کچھ سوچ ڈال دے ﴿۱۱۳﴾ پس بلند ہے اللہ

الۡمَلِكُ الۡحَقُّ ۚ وَلَا تَعۡجَلۡ بِالۡقُرۡاٰنِ

حقیقی بادشاہ، اور آپ قرآن کے لینے میں جلدی نہ کریں

مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ يُّقۡضٰۤى اِلَيۡكَ وَحۡيُهٗ ۫

جب تک اُس کی وحی تکمیل کو نہ پہونچ جائے ،

وَقُلۡ رَّبِّ زِدۡنِىۡ عِلۡمًا ﴿۱۱۴﴾ وَلَقَدۡ عَهِدۡنَاۤ

اور کہیے کہ اے میرے رب! میرا علم زیادہ کر دیجیے ﴿۱۱۴﴾ اور ہم نے

اِلٰۤی اٰدَمَ مِنۡ قَبۡلُ فَنَسِیَ وَلَمۡ نَجِدۡ

آدم (علیہ السلام) کو اِس سے پہلے حکم دیا تھا تو وہ بھول گئے اور ہم نے

لَهٗ عَزۡمًا ﴿۱۱۵﴾ وَاِذۡ قُلۡنَا لِلۡمَلٰٓئِكَةِ ع ٦ ١١ ١٥

اُس میں عزم نہ پایا ﴿۱۱۵﴾ اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ

اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوۡۤا اِلَّاۤ

آدم کو سجدہ کرو تو اُنہوں نے سجدہ کیا مگر

اِبۡلِیۡسَ ؕ اَبٰی ﴿۱۱۶﴾ فَقُلۡنَا یٰۤاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا

ابلیس کہ اُس نے انکار کیا ﴿۱۱۶﴾ پھر ہم نے کہا کہ اے آدم! یقیناً یہ

عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوۡجِكَ فَلَا یُخۡرِجَنَّكُمَا

تمہارا اور تمہاری بیوی کا دشمن ہے تو کہیں وہ تم دونوں کو جنّت سے

مِنَ الۡجَنَّةِ فَتَشۡقٰی ﴿۱۱۷﴾ اِنَّ لَكَ

نکلوا نہ دے پھر تم محروم ہو کر رہ جاؤ ﴿۱۱۷﴾ یہاں تمہارے لیے

اَلَّا تَجُوۡعَ فِیۡهَا وَلَا تَعۡرٰی ﴿۱۱۸﴾ لا

یہ ہے کہ تم نہ بھوکے رہو گے اور نہ تم ننگے ہو گے ﴿۱۱۸﴾

وَاَنَّكَ لَا تَظۡمَؤُا فِيۡهَا وَلَا تَضۡحٰى ﴿۱۱۹﴾

اور تم یہاں نہ پیاسے ہوگے اور نہ تم کو دھوپ لگے گی ﴿۱۱۹﴾

فَوَسۡوَسَ اِلَيۡهِ الشَّيۡطٰنُ قَالَ يٰۤاٰدَمُ

پھر شیطان نے اُن کو بہکایا، اُس نے کہا کہ اے آدم!

هَلۡ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الۡخُلۡدِ وَمُلۡكٍ

کیا میں تم کو ہمیشگی کا درخت نہ بتاؤں اور ایسی بادشاہی کہ

لَّا يَبۡلٰى ﴿۱۲۰﴾ فَاَكَلَا مِنۡهَا فَبَدَتۡ لَهُمَا

جس میں کبھی کمزوری نہ آئے ﴿۱۲۰﴾ پس اُن دونوں نے اُس درخت کا پھل کھالیا تو

سَوۡاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخۡصِفٰنِ عَلَيۡهِمَا

اُن دونوں کے ستر ایک دوسرے کے سامنے کُھل گئے اور دونوں اپنے آپ کو

مِنۡ وَّرَقِ الۡجَنَّةِ ۛ وَعَصٰۤى اٰدَمُ رَبَّهٗ

جنّت کے پتّوں سے ڈھانپنے لگے، اور آدم نے اپنے رب کے حکم کی خلاف

فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾ ثُمَّ اجۡتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ

ورزی کی تو بہک گئے ﴿۱۲۱﴾ پھر اُس کے رب نے اُس کو نوازا، پس اُس کی توبہ

احتیاط

عَلَيۡهِ وَهَدٰى ﴿١٢٢﴾ قَالَ اهۡبِطَا مِنۡهَا

قبول کی اور اُس کو ہدایت دی ﴿١٢٢﴾ اللہ نے کہا کہ تم دونوں یہاں

جَمِيۡعًا ۚ بَعۡضُكُمۡ لِبَعۡضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا

سے اُترو، تم ایک دوسرے کے دشمن ہو گے پھر اگر تمہارے پاس

يَاۡتِيَنَّكُمۡ مِّنِّىۡ هُدًى ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ

میری طرف سے ہدایت آئے تو جو شخص میری ہدایت کی

هُدَاىَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشۡقٰى ﴿١٢٣﴾

پیروی کرے گا وہ نہ گمراہ ہوگا اور نہ محروم رہے گا ﴿١٢٣﴾

وَمَنۡ اَعۡرَضَ عَنۡ ذِكۡرِىۡ فَاِنَّ لَهٗ

اور جو شخص میری نصیحت سے منہ موڑے گا تو اُس کے لیے

مَعِيۡشَةً ضَنۡكًا وَّنَحۡشُرُهٗ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ

تنگی کا جینا ہوگا اور قیامت کے دن ہم اُس کو اندھا

اَعۡمٰى ﴿١٢٤﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرۡتَنِىۡۤ

اُٹھائیں گے ﴿١٢٤﴾ وہ کہے گا کہ اے میرے رب! آپ نے مجھے اندھا کیوں

اَعۡمٰى وَقَدۡ كُنۡتُ بَصِيۡرًا ﴿۱۲۵﴾ قَالَ

اُٹھایا میں تو آنکھوں والا تھا ﴿۱۲۵﴾ ارشاد ہوگا کہ اِسی طرح

كَذٰلِكَ اَتَتۡكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيۡتَهَا ۚ

تمہارے پاس ہماری نشانیاں آئیں تو تم نے اُن کا کچھ خیال نہ کیا

وَكَذٰلِكَ الۡيَوۡمَ تُنۡسٰى ﴿۱۲۶﴾ وَكَذٰلِكَ

تو اُسی طرح آج تمہارا کچھ خیال نہ کیا جائے گا ﴿۱۲۶﴾ اور اِسی طرح

نَجۡزِىۡ مَنۡ اَسۡرَفَ وَلَمۡ يُؤۡمِنۡ

ہم بدلہ دیں گے اُس کو جو حد سے گزر جائے اور اپنے رب

بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ الۡاٰخِرَةِ اَشَدُّ

کی نشانیوں پر ایمان نہ لائے، اور آخرت کا عذاب بڑا سخت ہے

وَاَبۡقٰى ﴿۱۲۷﴾ اَفَلَمۡ يَهۡدِ لَهُمۡ كَمۡ اَهۡلَكۡنَا

اور بہت باقی رہنے والا ہے ﴿۱۲۷﴾ کیا لوگوں کو اِس بات سے سمجھ نہ آئی کہ

قَبۡلَهُمۡ مِّنَ الۡقُرُوۡنِ يَمۡشُوۡنَ فِىۡ

اُن سے پہلے ہم نے کتنے گروہ ہلاک کر دیے، یہ اُن کی بستیوں میں

مَسٰكِنِهِمۡ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى

چلتے ہیں، بے شک اِس میں عقل مندوں کے لیے بڑی نشانیاں

النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾ وَلَوۡلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتۡ مِنۡ ع ١٣ ع ١٦

ہیں ﴿۱۲۸﴾ اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک بات پہلے طے نہ ہو چکی ہوتی

رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾ ؕ

اور مہلت کی ایک مدت مقرر نہ ہوتی تو ضرور اُن کا فیصلہ چکا دیا جاتا ﴿۱۲۹﴾

فَاصۡبِرۡ عَلٰى مَا يَقُوۡلُوۡنَ وَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ

پس جو یہ کہتے ہیں اُس پر صبر کریں اور اپنے رب کی حمد

رَبِّكَ قَبۡلَ طُلُوۡعِ الشَّمۡسِ وَقَبۡلَ

کے ساتھ اُس کی تسبیح کیجیے سورج نکلنے سے پہلے اور اُس کے

غُرُوۡبِهَا ۚ وَمِنۡ اٰنَآئِ الَّيۡلِ فَسَبِّحۡ

ڈوبنے سے پہلے، اور رات کے اوقات میں بھی تسبیح کیجیے

وَاَطۡرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرۡضٰى ﴿۱۳۰﴾

اور دن کے کناروں پر بھی تاکہ تم راضی ہو جاؤ ﴿۱۳۰﴾

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيۡنَيۡكَ اِلٰى مَا مَتَّعۡنَا بِهٖۤ

اور ہرگز اُن چیزوں کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی نہ دیکھیے

اَزۡوَاجًا مِّنۡهُمۡ زَهۡرَةَ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۙ

جن کو ہم نے اُن کے کچھ گروہوں کو اُن کی آزمائش کے لیے

لِنَفۡتِنَهُمۡ فِيۡهِ ؕ وَرِزۡقُ رَبِّكَ خَيۡرٌ

اُنہیں دے رکھا ہے، اور آپ کے رب کا رزق زیادہ بہتر ہے

وَّاَبۡقٰى ﴿۱۳۱﴾ وَاۡمُرۡ اَهۡلَكَ بِالصَّلٰوةِ

اور باقی رہنے والا ہے ﴿۱۳۱﴾ اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دیجیے

وَاصۡطَبِرۡ عَلَيۡهَا ؕ لَا نَسۡـَٔـلُكَ رِزۡقًا ؕ

اور اُس کے پابند رہیے، ہم آپ سے کوئی رزق نہیں مانگتے،

نَحۡنُ نَرۡزُقُكَ ؕ وَالۡعَاقِبَةُ لِلتَّقۡوٰى ﴿۱۳۲﴾

رزق تو ہم آپ کو دیں گے، اور بہتر انجام تو تقوے ہی کے لیے ہے ﴿۱۳۲﴾

وَقَالُوۡا لَوۡلَا يَاۡتِيۡنَا بِاٰيَةٍ مِّنۡ رَّبِّهٖ ؕ

اور لوگ کہتے ہیں کہ یہ اپنے رب کے پاس سے ہمارے لیے کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے،

اَوَلَمۡ تَاۡتِهِمۡ بَيِّنَةُ مَا فِى الصُّحُفِ

کیا اُن کو اگلی کتابوں کی دلیل نہیں

الۡاُوۡلٰى ﴿۱۳۳﴾ وَلَوۡ اَنَّاۤ اَهۡلَكۡنٰهُمۡ بِعَذَابٍ

پہونچی ﴿۱۳۳﴾ اور اگر ہم اُن کو اِس سے پہلے کسی عذاب سے ہلاک

مِّنۡ قَبۡلِهٖ لَقَالُوۡا رَبَّنَا لَوۡلَاۤ اَرۡسَلۡتَ

کر دیتے تو وہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! آپ نے

اِلَيۡنَا رَسُوۡلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنۡ قَبۡلِ

ہمارے پاس کوئی رسول کیوں نہ بھیجا کہ ہم ذلیل اور رُسوا ہونے

اَنۡ نَّذِلَّ وَنَخۡزٰى ﴿۱۳۴﴾ قُلۡ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ

سے پہلے آپ کی نشانیوں کی پیروی کرتے ﴿۱۳۴﴾ کہہ دیجیے کہ ہر

فَتَرَبَّصُوۡا ۚ فَسَتَعۡلَمُوۡنَ مَنۡ اَصۡحٰبُ

ایک منتظر ہے تو تم بھی انتظار کرو، آئندہ تم جان لو گے کہ

الصِّرَاطِ السَّوِىِّ وَمَنِ اهۡتَدٰى ﴿۱۳۵﴾ ع ٨ ٧ ١٧

کون سیدھی راہ والا ہے اور کون منزل تک پہونچا ہے ﴿۱۳۵﴾

(سورۃ انبیاء مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ہے، اس میں (۱۱۲) آیتیں اور (۷) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۷۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۲۱) نمبر پر ہے اور سورۃ ابراہیم کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۱۱۸۶) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۴۸۹۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ

لوگوں کے لیے اُن کا حساب نزدیک آ پہونچا اور وہ

غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۝۱ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ

غفلت میں پڑے ہوئے منہ پھیر رہے ہیں ۝۱ اُن کے رب

ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ

کی طرف سے جو بھی نئی نصیحت اُن کے پاس آتی ہے وہ اُس کو

وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۝۲ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ؕ

ہنسی کرتے ہوئے سُنتے ہیں ۝۲ اُن کے دل غفلت میں پڑے

وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ

ہوئے ہیں اور ظالموں نے آپس میں یہ کانا پھوسی کی کہ

هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ

یہ شخص تو تمہارے ہی جیسا ایک آدمی ہے، پھر تم

السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۝۳ قٰلَ رَبِّيْ

کیوں آنکھوں دیکھے اُس کے جادو میں پھنستے ہو ۝۳ رسول نے کہا

يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ز

کہ میرا رب ہر بات کو جانتا ہے چاہے وہ آسمان میں ہو یا زمین میں،

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۴ بَلْ قَالُوْٓا

اور وہ سُننے والا، جاننے والا ہے ۝۴ بلکہ وہ کہتے ہیں کہ

اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ

یہ اِدھر اُدھر کے خیالات ہیں بلکہ اِس کو اِنہوں نے گھڑ لیا ہے بلکہ وہ ایک

شَاعِرٌ ج فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ

شاعر ہے، پس اُن کو چاہیے کہ ہمارے پاس اُس طرح کی کوئی نشانی لائیں جس

الْاَوَّلُوْنَ ۝۵ مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ

طرح کی نشانیوں کے ساتھ پچھلے رسول بھیجے گئے تھے ۝۵ اُن سے پہلے کسی بستی کے

قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ج اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝۶

لوگ بھی جن کو ہم نے ہلاک کیا ایمان نہیں لائے تو کیا یہ لوگ ایمان لائیں گے ۝۶

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ

اور آپ سے پہلے بھی جس کو ہم نے رسول بنا کر بھیجا آدمیوں ہی میں

اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ

سے بھیجا، ہم اُن کی طرف وحی بھیجتے تھے، پس تم اہلِ کتاب سے پوچھ لو

لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۷ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا

اگر تم نہیں جانتے ۝۷ اور ہم نے اُن رسولوں کو ایسے جسم نہیں دیے

لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝۸

کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں اور وہ ہمیشہ رہنے والے نہ تھے ۝۸

ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ

پھر ہم نے اُن سے وعدہ پورا کیا پس اُن کو اور جس جس کو ہم نے

وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝۹

چاہا بچا لیا اور ہم نے حد سے گزرنے والوں کو ہلاک کر دیا ۝۹

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ؕ

ہم نے تمہاری طرف ایک کتاب اُتاری ہے جس میں تمہاری یاددہانی ہے،

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰﴾ وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ ع ۱۰

پھر کیا تم سمجھتے نہیں ﴿۱۰﴾ اور کتنی ہی ظالم بستیاں ہیں

قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا

جن کو ہم نے پیس ڈالا اور اُن کے بعد ہم نے

قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۱۱﴾ فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ

دوسری قوم کو اٹھایا ﴿۱۱﴾ پس جب اُنہوں نے ہمارا

اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ﴿۱۲﴾ ط لَا تَرْكُضُوْا

عذاب آتے دیکھا تو وہ اُس سے بھاگنے لگے ﴿۱۲﴾ بھاگو مت،

وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ

اور اپنے سامانِ عیش کی طرف اور اپنے مکانوں کی

وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا

طرف واپس چلو؛ تاکہ تم سے پوچھا جائے ﴿۱۳﴾ اُنہوں نے کہا:

يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴﴾ فَمَا زَالَتْ

ہائے ہماری کم بختی! بے شک ہم ظالم لوگ تھے ﴿۱۴﴾ پس وہ یہی

تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا

پکارتے رہے یہاں تک کہ ہم نے اُن کو ایسا کر دیا جیسے کھیتی کٹ گئی ہو

خٰمِدِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ

اور آگ بجھ گئی ہو ﴿۱۵﴾ اور ہم نے آسمان اور زمین کو

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۱۶﴾ لَوْ

اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے کھیل کے طور پر نہیں بنایا ﴿۱۶﴾ اگر

اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ

ہم کوئی کھیل بنانا چاہتے تو اُس کو ہم اپنے پاس سے

مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ بَلْ

بنا لیتے ، اگر ہم کو یہ کرنا ہوتا ﴿۱۷﴾ بلکہ ہم

نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ

حق کو باطل پر ماریں گے تو وہ اُس کا سر توڑ دے گا تو

فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۭ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا

وہ یکا یک جاتا رہے گا ، اور تمہارے لیے اُن باتوں سے

تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

بڑی خرابی ہے جو تم بیان کرتے ہو ﴿۱۸﴾ اور اُسی کے ہیں جو

وَالْاَرْضِ ؕ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ

آسمانوں اور زمین میں ہیں اور جو اُس کے پاس ہیں وہ

عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ ۚ

اُس کی عبادت سے منہ نہیں پھیرتے اور نہ سُستی کرتے ہیں ﴿۱۹﴾

يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾

وہ رات دن اُس کو یاد کرتے ہیں کبھی نہیں تھکتے ﴿۲۰﴾

اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ

کیا اُنہوں نے زمین میں سے معبود ٹھہرائے ہیں جو کسی کو زندہ

يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا

کرتے ہوں ﴿۲۱﴾ اگر اُن دونوں میں اللہ کے سوا معبود ہوتے

اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ

تو دونوں درہم برہم ہو جاتے ، پس اللہ عرش کا مالک

الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا يُسْـَٔلُ

اُن باتوں سے پاک ہے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں ﴿۲۲﴾ وہ جو کچھ

عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَمِ

کرتا ہے اُس پر وہ پوچھا نہ جائے گا اور اُن سے پوچھ ہوگی ﴿۲۳﴾ کیا

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ قُلْ هَاتُوْا

اُنہوں نے اللہ کے سوا اور معبود بنائے ہیں، اُن سے کہہ دیجیے

بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ

کہ تم اپنی دلیل لاؤ، یہی بات اُن لوگوں کی ہے جو میرے ساتھ ہیں اور

مَنْ قَبْلِيْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ

یہی بات اُن لوگوں کی ہے جو مجھ سے پہلے ہوئے، بلکہ اُن میں سے اکثر

الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا

حق کو نہیں جانتے پس وہ منہ موڑ رہے ہیں ﴿۲۴﴾ اور ہم نے آپ سے

مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ

پہلے کوئی ایسا پیغمبر نہیں بھیجا جس کی طرف ہم نے یہ وحی نہ کی ہو کہ

اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا۠ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۲۵﴾

میرے سوا کوئی معبود نہیں ، پس تم میری عبادت کرو ﴿۲۵﴾

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ

اور وہ کہتے ہیں کہ رحمان نے اولاد بنائی ہے، وہ اِس سے پاک ہے؛

بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ

بلکہ وہ (فرشتے) تو معزز بندے ہیں ﴿۲۶﴾ وہ اُس سے آگے بڑھ کر

بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾

بات نہیں کرتے اور وہ اُسی کے حکم کے مطابق عمل کرتے ہیں ﴿۲۷﴾

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ

اللہ اُن کے اگلے اور پچھلے احوال کو جانتا ہے

وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ

اور وہ سفارش نہیں کر سکتے مگر اُس کے لیے جس کو اللہ پسند کرے

مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَمَنْ

اور وہ اُس کی ہیبت سے ڈرتے رہتے ہیں ﴿۲۸﴾ اور اُن میں سے

يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ

جو شخص کہے گا کہ اُس کے سوا میں معبود ہوں تو

نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي

ہم اُس کو جہنم کی سزا دیں گے ، ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا

الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ع ٢ ١٩ ٢

دیتے ہیں ﴿٢٩﴾ کیا انکار کرنے والوں نے نہیں دیکھا کہ

اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا

آسمان اور زمین دونوں بند تھے پھر ہم نے اُن کو

فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ

کھول دیا ، اور ہم نے پانی سے ہر جاندار چیز

شَيْءٍ حَيٍّ ؕ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَجَعَلْنَا

کو بنایا پھر بھی وہ ایمان نہیں لاتے ﴿٣٠﴾ اور ہم نے

فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ

زمین میں پہاڑ بنائے کہ وہ اُن کو لے کر جھک نہ جائے

وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ

اور اُس میں ہم نے چوڑے راستے بنائے تاکہ لوگ

يَهْتَدُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا

راہ پائیں ﴿۳۱﴾ اور ہم نے آسمان کو ایک محفوظ چھت

مَّحْفُوْظًا ۚۖ وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا

بنایا ، اور وہ اُس کے نشانیوں سے منھ موڑے

مُعْرِضُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ الَّيْلَ

ہوئے ہیں ﴿۳۲﴾ اور وہی ہے جس نے رات

وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِيْ

اور دن اور سورج اور چاند بنائے، سب ایک ایک

فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ

مدار میں تیر رہے ہیں ﴿۳۳﴾ اور ہم نے آپ سے پہلے بھی کسی انسان کو

مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ اَفَاْئِنْ مِّتَّ فَهُمُ

ہمیشہ کی زندگی نہیں دی ، تو کیا اگر آپ کو موت آ جائے تو وہ

الْخٰلِدُوْنَ ﴿۳۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ

ہمیشہ رہنے والے ہیں ﴿۳۴﴾ ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے،

وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ؕ

اور ہم تم کو بُری حالت اور اچھی حالت سے آزماتے ہیں پرکھنے

وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ

کے لیے، اور تم سب ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿۳۵﴾ اور جب

كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ

منکر لوگ آپ کو دیکھتے ہیں تو وہ سب آپ کو مذاق بنا لیتے ہیں،

اَهٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ

کیا یہی ہے جو تمہارے معبودوں کا ذِکر کیا کرتا ہے، اور خود

بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۶﴾ خُلِقَ

یہ لوگ رحمان کے ذِکر کا انکار کرتے ہیں ﴿۳۶﴾ انسان

الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ

جلد باز مخلوق ہے، میں تم کو جلد ہی اپنی نشانیاں دِکھاؤں گا

فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٣٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى

پس تم مجھ سے جلدی نہ کرو ﴿٣٧﴾ اور لوگ کہتے ہیں کہ

هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٣٨﴾

یہ وعدہ کب آئے گا اگر تم سچّے ہو ﴿٣٨﴾

لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ

کاش ! اُن منکروں کو اُس وقت کی خبر ہوتی جب کہ

لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ

وہ آگ کو نہ اپنے سامنے سے روک سکیں گے

وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٣٩﴾

اور نہ اپنے پیچھے سے اور نہ اُن کو مدد پہونچے گی ﴿٣٩﴾

بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ

بلکہ وہ اچانک اُن پر آجائے گی پس اُن کو بدحواس کردے گی

فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ

پھر وہ نہ اُس کو ہٹا سکیں گے اور نہ اُن کو

يُنْظَرُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ

مہلت دی جائے گی ﴿۴۰﴾ اور آپ سے پہلے بھی رسولوں کا مذاق

مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا

اڑایا گیا پھر جن لوگوں نے اُن میں سے مذاق اڑایا تھا

مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۱﴾ ع ۳ ۱۲ ۳

اُن کو اُس چیز نے گھیر لیا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے ﴿۴۱﴾

قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ

کہہ دیجیے کہ کون ہے جو رات اور دن میں رحمان سے

مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ

تمہاری حفاظت کرتا ہے، بلکہ وہ لوگ اپنے رب کی یاد سے

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ

منہ موڑ رہے ہیں ﴿۴۲﴾ کیا اُن کے لیے ہمارے سوا کچھ معبود ہیں

مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ

جو اُن کو بچا لیتے ہیں، وہ خود اپنی حفاظت کی قدرت نہیں

اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ﴿٤٣﴾

رکھتے اور نہ ہمارے مقابلے میں کوئی اُن کا ساتھ دے سکتا ہے ﴿٤٣﴾

بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى

بلکہ ہم نے اُن کو اور اُن کے باپ دادا کو دنیا کا سامان دیا یہاں

طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ؕ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا

تک کہ اِس حال میں اُن پر لمبی مدت گزر گئی، کیا وہ نہیں دیکھتے

نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ

کہ ہم زمین کو اُس کے کناروں سے گھٹاتے چلے جا رہے ہیں،

اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿٤٤﴾ قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ

پھر کیا یہی لوگ غالب رہنے والے ہیں ﴿٤٤﴾ کہہ دیجیے کہ میں بس

بِالْوَحْيِ ۚ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ

وحی کے ذریعے سے تم کو ڈراتا ہوں، اور بہرے پکار کو نہیں سُنتے

اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ

جب کہ اُنہیں ڈرایا جائے ﴿٤٥﴾ اور اگر آپ کے رب کے

نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ

عذاب کا ایک جھونکا بھی اُنہیں لگ جائے تو کہنے لگیں گے کہ

يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَضَعُ

ہائے ہماری بدبختی ! بے شک ہم ظالم تھے ﴿۴۶﴾ اور ہم

الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ

قیامت کے دن انصاف کی ترازو رکھیں گے

فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ كَانَ

پس کسی جان پر ذرا بھی ظلم نہ ہوگا ، اور اگر رائی کے دانے

مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ

کے برابر بھی کسی کا عمل ہوگا تو ہم اُس کو حاضر کر دیں گے ،

وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

اور ہم حساب لینے کے لیے کافی ہیں ﴿۴۷﴾ یہ بالکل سچ ہے کہ ہم نے

مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا

موسیٰ وہارون (علیہما السلام) کو فیصلہ کرنے والی نورانی اور پرہیزگاروں کے لیے وعظ ونصیحت والی

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ

کتاب عطا کی ہے ﴿۴۸﴾ جو بِن دیکھے اپنے رب سے

بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾

ڈرتے ہیں اور وہ قیامت کا خوف رکھنے والے ہیں ﴿۴۹﴾

وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ

اور یہ ایک بابرکت یاددہانی ہے جو ہم نے اُتاری ہے، تو کیا تم

مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ ع

اِس کے منکر ہو ﴿۵۰﴾ اور ہم نے اِس سے پہلے ابراہیم (علیہ السلام)

رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ ج

کو اُس کی ہدایت عطا کی اور ہم اُس کو خوب جانتے تھے ﴿۵۱﴾

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ

جب اُس نے اپنے والد اور اپنی قوم سے کہا کہ یہ کیا

التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿۵۲﴾

مورتیاں ہیں جن پر تم جمے بیٹھے ہو ﴿۵۲﴾

قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾

اُنہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو اِن کی عبادت کرتے ہوئے پایا ہے ﴿۵۳﴾

قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ

ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا کہ بے شک تم اور تمہارے باپ دادا ایک

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ

کُھلی گمراہی میں مبتلا رہے ﴿۵۴﴾ انہوں نے کہا: کیا تم ہمارے پاس سچّی

اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ بَلْ

بات لائے ہو یا تم مذاق کر رہے ہو ﴿۵۵﴾ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: بلکہ

رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِيْ

تمہارا رب وہ ہے جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے جس نے

فَطَرَهُنَّ ۫ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ

اُن کو پیدا کیا ، اور میں اِس بات کی گواہی دینے

الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ

والا ہوں ﴿۵۶﴾ اور اللہ کی قسم ! میں تمہارے بُتوں کے ساتھ

اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾

ایک تدبیر کروں گا جب کہ تم پیٹھ پھیر کر چلے جاؤ گے ﴿۵۷﴾

فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ

پس اُس نے اُن کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا سوائے اُن کے ایک

لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قَالُوْا مَنْ

بڑے کے تا کہ وہ اُس کی طرف رجوع کریں ﴿۵۸﴾ اُنہوں نے

فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ

کہا کہ کس نے ہمارے بُتوں کے ساتھ ایسا کیا ہے، بے شک وہ

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى

بڑا ظالم ہے ﴿۵۹﴾ لوگوں نے کہا کہ ہم نے ایک نوجوان کو اُن کا

يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ﴿۶۰﴾

تذکرہ کرتے ہوئے سُنا تھا جس کو ابراہیم کہا جاتا ہے ﴿۶۰﴾

قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ

اُنہوں نے کہا کہ اُس کو سب آدمیوں کے سامنے حاضر کرو

لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ﴿٦١﴾ قَالُوْٓا ءَاَنْتَ

تاکہ وہ دیکھیں ﴿٦١﴾ اُنہوں نے کہا کہ اے ابراہیم !

فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿٦٢﴾

کیا ہمارے معبودوں کے ساتھ تم نے ایسا کیا ہے؟ ﴿٦٢﴾

قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا

ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا : بلکہ اُن کے اِس بڑے نے ایسا

فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٣﴾

کیا ہے تو اُن سے پوچھ لو اگر یہ بولتے ہوں ﴿٦٣﴾

فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ

پھر اُنہوں نے اپنے جی میں سوچا پھر کہنے لگے کہ

اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى

حقیقت میں تم ہی ناحق پر ہو ﴿٦٤﴾ پھر اپنے سروں کو جُھکا لیا

رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ

(اور کہا کہ) اے ابراہیم ! تم جانتے ہو کہ یہ

يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ

بولتے نہیں ﴿۶۵﴾ ابراہیم نے کہا: کیا تم اللہ کے سوا ایسی

دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا

چیزوں کی عبادت کرتے ہو جو تم کو نہ فائدہ پہونچا سکیں

وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿۶۶﴾ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا

اور نہ کوئی نقصان ﴿۶۶﴾ افسوس ہے تم پر اور اُن چیزوں پر بھی

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾

جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو، کیا تم سمجھتے نہیں ﴿۶۷﴾

قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ

اُنہوں نے کہا کہ اِس کو آگ میں جلا دو اور اپنے معبودوں کی مدد کرو،

كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا

اگر تم کو کچھ کرنا ہے ﴿۶۸﴾ ہم نے کہا کہ اے آگ! تو ابراہیم کے

وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾ۙ وَاَرَادُوْا

لیے ٹھنڈک اور سلامتی بن جا ﴿۶۹﴾ اور اُنہوں نے اُس کے ساتھ

بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ۚ ﴿۷۰﴾

بُرائی کرنا چاہا تو ہم نے اُنہیں لوگوں کو ناکام بنادیا ﴿۷۰﴾

وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ

اور ہم نے اُس کو اور لوط (علیہ السلام) کو اُس زمین کی طرف نجات دے دی

بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ

جس میں ہم نے دنیا والوں کے لیے برکتیں رکھی ہیں ﴿۷۱﴾ اور ہم نے اُس کو

اِسْحٰقَ ؕ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا

اسحاق دیا اور اُس سے زیادہ کے طور پر یعقوب، اور ہم نے اُن

جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً

سب کو نیک بنایا ﴿۷۲﴾ اور ہم نے اُن کو امام بنایا

يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ

جو ہمارے حکم سے رہنمائی کرتے تھے اور ہم نے

فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ

اُن کو نیک عملی اور نماز کی اقامت اور زکوٰۃ کی

الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَلُوْطًا

ادائیگی کا حکم بھیجا اور وہ ہماری عبادت کرنے والے تھے ﴿۷۳﴾ اور

اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ

لوط (علیہ السلام) کو ہم نے حکمت اور علم عطا کیا اور اُس کو

الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ

اُس بستی سے نجات دی جو گندے کام کرتی تھی ،

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ﴿۷۴﴾

یقیناً وہ بہت بُرے ، فاسق لوگ تھے ﴿۷۴﴾

وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ

اور ہم نے اُس کو اپنی رحمت میں داخل کیا ، بے شک وہ

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾ ع وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ ع ۵ ۲۵ ۵

نیکوں میں سے تھے ﴿۷۵﴾ اور نوح (علیہ السلام) کو جب کہ اِس سے پہلے اُس نے

قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ

پکارا تو ہم نے اُس کی دعا قبول کی پس ہم نے اُس کو اور اُس کے لوگوں کو

مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۚ﴿۷۶﴾ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ

بہت بڑے غم سے نجات دی ﴿۷۶﴾ اور ہم نے اُن لوگوں کے مقابلے

الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا

میں اُس کی مدد کی جنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا، بے شک

قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۷۷﴾

وہ بہت بُرے لوگ تھے پس ہم نے اُن سب کو غرق کر دیا ﴿۷۷﴾

وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي

اور داؤد اور سلیمان (علیہما السلام) جب وہ دونوں کھیت کے بارے میں

الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ

فیصلہ کر رہے تھے جب کہ اُس میں کچھ لوگوں کی بکریاں رات

الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ۙ﴿۷۸﴾

کے وقت جا پڑیں، اور ہم اُن کے فیصلے کو دیکھ رہے تھے ﴿۷۸﴾

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا

پس ہم نے سلیمان (علیہ السلام) کو اُس کی سمجھ دے دی، اور ہم نے دونوں کو حکمت

وَّعِلْمًا ز وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ

اور علم عطا کیا تھا اور ہم نے داؤد (علیہ السلام) کے ساتھ تابع کر دیا تھا پہاڑوں کو کہ وہ

يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ط وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۷۹﴾

اُس کے ساتھ تسبیح کرتے تھے اور پرندوں کو بھی، اور ہم ہی کرنے والے تھے ﴿۷۹﴾

وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ

اور ہم نے اُس کو تمہارے لیے جنگی لباس کی کاریگری سکھائی

مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ج فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾

تاکہ وہ تم کو لڑائی میں محفوظ رکھے، تو کیا تم شکر کرنے والے ہو ﴿۸۰﴾

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ

اور ہم نے سلیمان (علیہ السلام) کے لیے تیز ہوا کو تابع کر دیا جو اُس کے

بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ط

حکم سے اُس سرزمین کی طرف چلتی تھی جس میں ہم نے برکتیں رکھی ہیں،

وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَمِنَ

اور ہم ہر چیز کو جاننے والے ہیں ﴿۸۱﴾ اور

الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ

شیاطین میں سے بھی ہم نے اُس کے تابع کر دیا تھا جو اُس کے لیے غوطہ لگاتے تھے

عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ۙ﴿۸۲﴾

اور اُس کے سوا دوسرے کام کرتے تھے اور ہم اُن کو سنبھالنے والے تھے ﴿۸۲﴾

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ

اور ایوب (علیہ السلام) کو جب کہ اُس نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھ کو بیماری لگ گئی

الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۚ﴿۸۳﴾

ہے اور آپ سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں ﴿۸۳﴾

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ

تو ہم نے اُس کی دعا قبول کی اور اُس کو جو تکلیف تھی اُس کو دور کر دیا اور

ضُرٍّ ۫ وَاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ

ہم نے اُس کو اُس کا کُنبہ عطا کیا، اور اُسی کے ساتھ اُس کے برابر اور بھی

رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۴﴾

اپنی طرف سے رحمت اور نصیحت عبادت کرنے والوں کے لیے ﴿۸۴﴾

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ

اور اسماعیل اور ادریس اور ذوالکفل (علیہم السلام) کو ،

كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۙ﴿۸۵﴾ وَاَدْخَلْنٰهُمْ

یہ سب صبر کرنے والوں میں سے تھے ﴿۸۵﴾ اور ہم نے اُن کو اپنی

فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۶﴾

رحمت میں داخل کیا، بے شک وہ نیک عمل کرنے والوں میں سے تھے ﴿۸۶﴾

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ

اور مچھلی والے (یونس) کو جب کہ وہ اپنی قوم سے ناراض ہو کر چلے گئے

اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ

پھر اُس نے یہ سمجھا کہ ہم اُس کو نہ پکڑیں گے پھر اُس نے

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ

اندھیرے میں پکارا کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ،

اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

آپ پاک ہیں بے شک میں قصوروار ہوں ﴿۸۷﴾

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ

تو ہم نے اُس کی دعا قبول کی اور اُس کو غم سے نجات

الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾

دی ، اور اِسی طرح ہم ایمان والوں کو نجات دیتے ہیں ﴿۸۸﴾

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ

اور زکریا (علیہ السلام) کو جب کہ اُس نے اپنے رب کو پکارا کہ اے میرے رب!

فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾ ج

آپ مجھ کو اکیلا نہ چھوڑیں ، اور آپ بہترین وارث ہیں ﴿۸۹﴾

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۫ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى

تو ہم نے اُس کی دعا قبول کی اور اُس کو یحییٰ (علیہ السلام) عطا کیا

وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا

اور اُس کی بیوی کو اُس کے لیے درست کر دیا ، یہ لوگ

يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا

نیک کاموں میں دوڑتے تھے اور ہم کو امید

رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿٩٠﴾

اور خوف کے ساتھ پکارتے تھے اور ہمارے آگے جھکے ہوئے تھے ﴿٩٠﴾

وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا

اور وہ خاتون جس نے اپنی عصمت کو بچایا تو ہم نے اُس کے

فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ

اندر اپنی روح پھونک دی اور اُس کو اور اُس کے بیٹے کو دنیا

اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٩١﴾ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ

والوں کے لیے ایک نشانی بنا دیا ﴿٩١﴾ اور یہ تمہاری امّت ایک ہی

اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿٩٢﴾

امّت ہے اور میں ہی تمہارا رب ہوں تو تم میری عبادت کرو ﴿٩٢﴾

وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ؕ كُلٌّ اِلَيْنَا

اور اُنہوں نے اپنا دین اپنے اندر ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا، سب

رٰجِعُوْنَ ﴿٩٣﴾ ع فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ ع ٦ ١٨ ٦

ہمارے پاس آنے والے ہیں ﴿٩٣﴾ پس جو شخص نیک عمل

الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ

کرے گا اور وہ ایمان والا ہوگا تو اُس کی محنت کی

لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿۹۴﴾

ناقدری نہ ہوگی اور ہم اُس کو لکھ لیتے ہیں ﴿۹۴﴾

وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ

اور جس بستی والوں کے لیے ہم نے ہلاکت مقدّر کردی ہے اُن

لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۹۵﴾ حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ

کے لیے حرام ہے کہ وہ رجوع کریں ﴿۹۵﴾ یہاں تک کہ جب

يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ

یاجوج اور ماجوج کھول دیے جائیں گے اور وہ ہر

حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ

بلندی سے نکل پڑیں گے ﴿۹۶﴾ اور سچّا وعدہ نزدیک

الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ

آ لگے گا تو اچانک اُن لوگوں کی نگاہیں پھٹی رہ جائیں گی

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ

جنہوں نے انکار کیا تھا ، ہائے ہماری کم بختی !

غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۹۷﴾

ہم اِس سے غفلت میں پڑے رہے بلکہ ہم ظالم تھے ﴿۹۷﴾

اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

بے شک تم اور جن کو تم اللہ کے سِوا پوجتے تھے

حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿۹۸﴾

سب جہنم کا ایندھن ہیں ، وہیں تم کو جانا ہے ﴿۹۸﴾

لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ

اگر یہ واقعی معبود ہوتے تو اِس میں نہ پڑتے ، اور سب اُس میں

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۹۹﴾ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ

ہمیشہ رہیں گے ﴿۹۹﴾ اُس میں اُن کے لیے چِلّانا ہے

وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور وہ اُس میں کچھ نہ سُنیں گے ﴿۱۰۰﴾ بے شک جن کے لیے

سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا

ہماری طرف سے بھلائی کا فیصلہ ہو چکا ہے وہ اُس سے

مُبْعَدُوْنَ ۙ﴿۱۰۱﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ

دور رکھے جائیں گے ﴿۱۰۱﴾ وہ اُس کی آہٹ بھی نہ سُنیں گے

وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ

اور وہ اپنی پسندیدہ چیزوں میں ہمیشہ

خٰلِدُوْنَ ۚ﴿۱۰۲﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ

رہیں گے ﴿۱۰۲﴾ اُن کو بڑی گھبراہٹ غم میں

الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ هٰذَا

نہ ڈالے گی اور فرشتے اُن کا استقبال کریں گے، یہ ہے

يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

تمہارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا ﴿۱۰۳﴾

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ

جس دن ہم آسمان کو لپیٹ دیں گے جس طرح خطوں کا انبار

لِلْكُتُبِ ؕ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ

لپیٹ لیتے ہیں، جس طرح پہلے ہم نے تخلیق کی ابتدا کی تھی اُسی

نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا

طرح ہم پھر اُس کا اعادہ کریں گے، یہ ہمارے ذِمّے وعدہ ہے اور ہم

فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ

اُس کو کر کے رہیں گے ﴿۱۰۴﴾ اور زبور میں ہم نصیحت

مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا

کے بعد لکھ چکے ہیں کہ زمین کے وارث ہمارے

عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ فِيْ هٰذَا

نیک بندے ہوں گے ﴿۱۰۵﴾ اِس میں ایک بڑی

لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

خبر ہے عبادت گزار لوگوں کے لیے ﴿۱۰۶﴾ اور ہم نے آپ کو تو بس

اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ اِنَّمَا

دنیا والوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے ﴿۱۰۷﴾ کہہ دیجیے کہ

يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ

میرے پاس جو وحی آتی ہے وہ یہ ہے کہ تمہارا معبود صرف ایک معبود ہے،

فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا

تو کیا تم اطاعت گزار بنتے ہو ﴿۱۰۸﴾ پس اگر وہ منہ پھیر لیں تو

فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ وَاِنْ اَدْرِيْٓ

کہہ دیجیے کہ میں تم کو صاف طور پر اطلاع کر چکا ہوں اور میں نہیں جانتا

اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۹﴾

کہ وہ چیز جس کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے قریب ہے یا دور ﴿۱۰۹﴾

اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ

بے شک وہ کھلی بات کو بھی جانتا ہے اور اُس بات کو بھی جس کو تم

مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ

چھپاتے ہو ﴿۱۱۰﴾ اور مجھ کو نہیں معلوم شاید وہ تمہارے لیے

فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ

امتحان ہو اور فائدہ اٹھا لینے کی ایک مہلت ہو ﴿۱۱۱﴾ پیغمبر نے کہا کہ

رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ

اے میرے رب! حق کے ساتھ فیصلہ کر دیجیے اور ہمارا رب رحمان ہے،

الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ع

اُسی سے ہم اُن باتوں پر مدد مانگتے ہیں جو تم بیان کرتے ہو ﴿۱۱۲﴾

ع ۱۹

(سورۂ حج مدینہ منورہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۵۲) سے (۵۵) تک مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بیچ میں نازل ہوئی ہیں۔ اس میں (۷۸) آیتیں اور (۱۰) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۰۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۲۲) نمبر پر ہے اور سورۂ نور کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۱۲۹۱) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | اس میں (۵۰۷۵) حروف ہیں |
|---|---|---|

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، بے شک قیامت کا زلزلہ

السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ﴿۱﴾ يَوْمَ تَرَوْنَهَا

بڑی بھاری چیز ہے ﴿۱﴾ جس دن تم دیکھو گے کہ

تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ

ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے بچّے کو بھول جائے گی

وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى

اور ہر حمل والی اپنا حمل ڈال دے گی اور لوگ

النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى

آپ کو مدہوش نظر آئیں گے؛ حالانکہ وہ مدہوش نہ ہوں گے

وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ﴿۲﴾ وَمِنَ

بلکہ اللہ کا عذاب بڑا ہی سخت ہے ﴿۲﴾ اور لوگوں میں

النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ

کوئی ایسا بھی ہے جو علم کے بغیر اللہ کے بارے میں

عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ﴿۳﴾ لا

جھگڑتا ہے اور ہر سرکش شیطان کی پیروی کرنے لگتا ہے ﴿۳﴾

كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ

اُس کی نسبت یہ لکھ دیا گیا ہے کہ جو شخص اُس کو دوست بنائے گا

يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۴﴾

وہ اُس کو بے راہ کر دے گا اور اُس کو جہنم کا راستہ دِکھائے گا ﴿۴﴾

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ

اے لوگو! اگر تم دوبارہ زندہ کیے جانے کے متعلّق

الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ

شک میں ہو تو ہم نے تم کو مٹّی سے پیدا کیا ہے پھر

مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ

نطفے سے پھر خون کے لوتھڑے سے پھر گوشت کی

مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ

بوٹی سے شکل والی اور بغیر شکل والی بھی تاکہ ہم تم پر

لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ؕ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ

واضح کریں، اور ہم (ماؤں کے) رحموں میں ٹھہرا دیتے ہیں

مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ

جو چاہتے ہیں ایک معیّن مدت تک پھر ہم تم کو بچّہ بنا کر

نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ

باہر لاتے ہیں پھر تاکہ تم اپنی پوری جوانی تک پہونچ جاؤ،

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ

اور تم میں سے کوئی شخص پہلے ہی مَر جاتا ہے اور کوئی شخص

يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ

بدترین عمر تک پہونچا دیا جاتا ہے تاکہ

مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ وَتَرَى

وہ جان لینے کے بعد پھر کچھ نہ جانے، اور آپ

الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا

زمین کو دیکھتے ہو کہ خشک پڑی ہے پھر جب ہم اُس پر

الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ

پانی برساتے ہیں تو وہ تازہ ہوگئی اور اُبھر آئی اور وہ طرح طرح

كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيْجٍ ۝۵ ذٰلِكَ بِاَنَّ

کی خوش نما چیزیں اُگاتی ہے ۝۵ یہ اِس لیے کہ

اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْىِ الْمَوْتٰى

اللہ ہی حق ہے اور بے جانوں میں جان ڈالتا ہے،

وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۙ۝۶ وَّاَنَّ

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ۝۶ اور یہ کہ

السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ

قیامت آنے والی ہے اُس میں کوئی شک نہیں ، اور اللہ ضرور

اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝۷ وَمِنَ

اُن لوگوں کو اُٹھائے گا جو قبروں میں ہیں ۝۷ اور لوگوں

النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ

میں کوئی شخص ہے جو اللہ کی بات میں جھگڑتا ہے

عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۙ ۝۸

علم اور ہدایت اور روشن کتاب کے بغیر ۝۸

ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

تکبّر کرتے ہوئے تاکہ وہ اللہ کی راہ سے بے راہ کردے ،

لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ

اُس کے لیے دنیا میں رُسوائی ہے اور قیامت کے دن

الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝۹ ذٰلِكَ بِمَا

ہم اُس کو جلتی آگ کا عذاب چکھائیں گے ۝۹ یہ تمہارے

قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ

ہاتھ کے کیے ہوئے کاموں کا بدلہ ہے اور اللہ

ع ۱۰ ۸ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۰﴾ وَمِنَ النَّاسِ

اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ﴿۱۰﴾ اور لوگوں میں سے کوئی

مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ

ہے جو کنارے پر رہ کر اللہ کی عبادت کرتا ہے، پس اگر

اَصَابَهٗ خَيْرُ ِۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ

اُس کو کوئی فائدہ پہونچا تو وہ اُس عبادت پر قائم ہو گیا، اور اگر

اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ِۨ انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ قف

کوئی آزمائش پیش آئی تو اُلٹا پھر گیا،

خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ

اُس نے دنیا بھی کھو دی اور آخرت بھی، یہی

الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۱﴾ يَدْعُوْا مِنْ

کُھلا ہوا نقصان ہے ﴿۱۱﴾ وہ اللہ کے سِوا

دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ؕ

ایسی چیز کو پکارتا ہے جو نہ اُس کو نقصان پہونچا سکتی ہے اور نہ اُس کو نفع پہونچا سکتی

ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۲﴾ يَدْعُوْا

ہے ، یہ انتہا درجے کی گمراہی ہے ﴿۱۲﴾ وہ ایسی چیز کو

لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ لَبِئْسَ

پکارتا ہے جس کا نقصان اُس کے نفع سے قریب تر ہے، کیسا بُرا

الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿۱۳﴾ اِنَّ

کارساز ہے اور کیسا بُرا رفیق ہے ﴿۱۳﴾ بے شک

اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اللہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے

الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

ایسے باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۱۴﴾

نہریں بہتی ہوں گی ، اللہ کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے ﴿۱۴﴾

مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي

جو شخص یہ گمان رکھتا ہو کہ اللہ دنیا اور آخرت میں اُس کی مدد نہیں

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ

کرے گا تو اُس کو چاہیے کہ ایک رسّی آسمان تک تانے

اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ

پھر اُس کو کاٹ ڈالے اور دیکھے کہ کیا

هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿۱۵﴾

اُس کی تدبیر اُس کے غصّے کو دور کرنے والی بنتی ہے ﴿۱۵﴾

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ

اور اِس طرح ہم نے قرآن کو کُھلی کُھلی دلیلوں کے ساتھ اُتارا ہے

وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿۱۶﴾

اور بے شک اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دے دیتا ہے ﴿۱۶﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا

اِس میں کوئی شک نہیں کہ جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے یہودیت اختیار کی

وَالصّٰبِـِٕيْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ

اور صابی اور نصاریٰ اور مجوس اور جنہوں نے

وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ۬ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ

شرک کیا، اللہ اِن سب کے درمیان

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى

قیامت کے روز فیصلہ فرمائے گا ، بے شک اللہ

كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۷﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

ہر چیز سے واقف ہے ﴿۱۷﴾ کیا آپ نہیں دیکھتے کہ اللہ ہی کے

يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِى

آگے سجدہ کرتے ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو

الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ

زمین میں ہیں اور سورج اور چاند اور ستارے

وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ

اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے اور بہت سے

مِّنَ النَّاسِ ؕ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ؕ

انسان، اور بہت سے ایسے ہیں جن پر عذاب ثابت ہو چکا ہے،

وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ

اور جس کو اللہ ذلیل کر دے تو اُس کو کوئی عزّت دینے والا نہیں،

اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۩ ﴿۱۸﴾ هٰذٰنِ

بے شک اللہ کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے ﴿۱۸﴾ یہ دو گروہ ہیں

خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ۫ فَالَّذِيْنَ

جنہوں نے اپنے رب کے بارے میں جھگڑا کیا، پس جنہوں نے

كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ؕ

انکار کیا اُن کے لیے آگ کے کپڑے تیّار کیے جائیں گے،

يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ﴿۱۹﴾ ۚ

اُن کے سروں کے اوپر سے کھولتا ہوا پانی ڈالا جائے گا ﴿۱۹﴾

يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ؕ ﴿۲۰﴾

اُس سے اُن کے پیٹ کی چیزیں تک گل جائیں گی اور کھالیں بھی ﴿۲۰﴾

وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿۲۱﴾ كُلَّمَآ

اور اُن کے لیے وہاں لوہے کے ہتھوڑے ہوں گے ﴿۲۱﴾ جب

اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ

بھی وہ گھبرا کر اُس سے باہر نکلنا چاہیں گے تو پھر اُس میں

غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۗ وَذُوْقُوْا عَذَابَ

دھکیل دیے جائیں گے اور (کہا جائے گا) چکھتے رہو

الْحَرِيْقِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ ع ۲ ۱۲ ۹

جلنے کا عذاب ﴿۲۲﴾ بے شک جو لوگ ایمان

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

لائے اور نیک عمل کیے اللہ اُن کو ایسے باغات میں داخل کرے گا

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا

جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی ، اُن کو وہاں

مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ

سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے

وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۲۳﴾ وَهُدُوْٓا اِلَى

اور وہاں اُن کا لباس ریشم ہوگا ﴿۲۳﴾ اور اُن کو

الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى

پاکیزہ قول کی ہدایت بخشی گئی تھی اور اُن کو خدائے حمید کا

صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

راستہ دِکھایا گیا تھا ﴿۲۴﴾ بے شک جن لوگوں نے انکار کیا ہے

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ

اور وہ لوگوں کو اللہ کی راہ سے اور مسجد حرام سے روکتے ہیں جس کو

الْحَرَامِ الَّذِيْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨ

ہم نے لوگوں کے لیے بنایا ہے جس میں مقامی باشندے اور

الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ؕ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ

باہر سے آنے والے برابر ہیں، اور جو اُس مسجد میں انصاف سے

بِاِلْحَادٍ ۢ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ

ہٹ کر ظلم کا راستہ اختیار کرے گا اُس کو ہم دردناک عذاب کا مزہ

اَلِيْمٍ ﴿۲۵﴾ وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ ع ۳ ۳ ۱۰

چکھائیں گے ﴿۲۵﴾ اور جب ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کو بیت اللہ کی جگہ

الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـًٔا وَّطَهِّرْ

بتادی کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرنا اور میرے گھر کو پاک رکھنا

بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ

طواف کرنے والوں کے لیے اور قیام کرنے والوں کے لیے اور رکوع

السُّجُوْدِ ﴿۲۶﴾ وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ

اور سجدہ کرنے والوں کے لیے ﴿۲۶﴾ اور لوگوں میں حج کا اعلان کیجیے

يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ

وہ آپ کے پاس آئیں گے پیروں پر چل کر اور دُبلے اونٹوں پر

مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿۲۷﴾ لِّيَشْهَدُوْا

سوار ہو کر جو کہ دور دراز راستوں سے آئیں گے ﴿۲۷﴾ تاکہ وہ

مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ

اپنے فائدے کی جگہوں پر پہونچیں اور چند معلوم دنوں میں

اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ

اُن چوپایوں پر اللہ کا نام لیں جو اُس نے

مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا

اُنہیں بخشے ہیں ، پس اُس میں سے کھاؤ

وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿۲۸﴾ ثُمَّ

اور مصیبت زدہ محتاج کو کِھلاؤ ﴿۲۸﴾ تو چاہیے کہ

لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ

وہ اپنا میل کچیل ختم کر دیں اور اپنی نذریں پوری کریں

وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۲۹﴾

اور اُس قدیم گھر کا طواف کریں ﴿۲۹﴾

ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ

یہ بات ہو چکی، اور جو شخص اللہ کے حُرمتوں کی تعظیم کرے گا تو وہ اُس کے حق میں اُس

خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ

کے رب کے نزدیک بہتر ہے، اور تمہارے لیے چوپائے حلال کر دیے گئے ہیں

اَلْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا

سوائے اُن کے جو تم کو پڑھ کر سُنائے جا چکے

الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ

ہیں ، تو تم بُتوں کی گندگی سے بچو اور جھوٹی بات

الزُّوْرِ ۙ﴿۳۰﴾ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ

سے بچو ﴿۳۰﴾ اللہ کی طرف یکسو ہو کر رہو، اُس کے ساتھ کسی کو

بِهٖ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ

شریک نہ ٹھہراؤ، اور جو شخص اللہ کے ساتھ شرک کرتا ہے تو گویا وہ

مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ

آسمان سے گر پڑا پھر چڑیاں اُس کو اُچک لیں یا ہوا

تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿۳۱﴾

اُس کو کسی دور دراز مقام پر لے جا کر ڈال دے ﴿۳۱﴾

ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ

یہ بات ہو چکی، اور جو شخص اللہ کی یادگار نشانیوں کا پورا لحاظ رکھے گا

فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿٣٢﴾ لَكُمْ

تو یہ دل کے تقوے کی بات ہے ﴿٣٢﴾ تم کو

فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ

اُن سے ایک مقرر وقت تک فائدہ اُٹھانا ہے پھر اُن کو

مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿٣٣﴾ ع وَلِكُلِّ ع ٤ ٨ ١١

قربانی کے لیے قدیم گھر کی طرف لے جانا ہے ﴿٣٣﴾ اور ہم نے ہر

اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ

امّت کے لیے قربانی کرنا مقرر کیا تاکہ وہ اُن چوپایوں پر

اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ

اللہ کا نام لیں جو اُس نے اُن کو عطا کیے

الْاَنْعَامِ ؕ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ

ہیں ، پس تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے تو تم اُسی کے

فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿٣٤﴾ لا

ہو کر رہو اور عاجزی کرنے والوں کو بشارت دے دیجیے ﴿٣٤﴾

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ

جن کا حال یہ ہے کہ جب اللہ کا ذِکر کیا جاتا ہے تو اُن کے دل کانپ اُٹھتے ہیں

وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِى

اور جو اُن پر پڑے اُس کو سہنے والے اور نماز کی پابندی کرنے والے

الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۵﴾

اور جو کچھ ہم نے اُن کو دیا ہے وہ اُس میں سے خرچ کرتے ہیں ﴿۳۵﴾

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ

اور قربانی کے اونٹوں کو ہم نے تمہارے لیے اللہ کی یادگار نشانی

اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ

بنایا ہے ، اُن میں تمہارے لیے بھلائی ہے ، پس اُن کو

اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ

کھڑا کر کے اُن پر اللہ کا نام لو، پھر جب وہ کروٹ کے

جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ

بَل گر پڑیں تو اُن میں سے کھاؤ اور بے سوال محتاج اور

وَالْمُعْتَرَّ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ

سائل کو کھلاؤ، اِس طرح ہم نے اُن جانوروں کو تمہارے

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۳۶﴾ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ

لیے تابع کر دیا ہے؛ تاکہ تم شکر ادا کرو ﴿۳۶﴾ اور اللہ کو نہ اُن کا

لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ

گوشت پہونچتا ہے اور نہ اُن کا خون؛ بلکہ اللہ کو صرف تمہارا

التَّقْوٰى مِنْكُمْ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا

تقویٰ پہونچتا ہے، اِس طرح اللہ نے اُن کو تمہارے لیے تابع

لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ؕ

کر دیا ہے تاکہ تم اللہ کی بخشی ہوئی ہدایت پر اُس کی بڑائی بیان کرو

وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ

اور نیکی کرنے والوں کو خوش خبری دے دیجیے ﴿۳۷﴾ بے شک اللہ اُن لوگوں کی

عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

جانب سے دفاع کرتا ہے جو ایمان لائے، بے شک اللہ بدعہدوں

كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۸﴾ اُذِنَ لِلَّذِيْنَ ع ۵ ۱۲

اور ناشکروں کو پسند نہیں کرتا ﴿۳۸﴾ اجازت دے دی گئی اُن لوگوں کو جن

يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى

سے لڑائی کی جارہی ہے اِس وجہ سے کہ اُن پر ظلم کیا گیا ہے، اور بے شک

نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ۙ ﴿۳۹﴾ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا

اللہ اُن کی مدد پر قادر ہے ﴿۳۹﴾ وہ لوگ جو اپنے گھروں سے

مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّاۤ اَنْ يَّقُوْلُوْا

بے وجہ نکالے گئے صرف اِس لیے کہ وہ کہتے ہیں کہ

رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ

ہمارا رب اللہ ہے ، اور اگر اللہ لوگوں کو

بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ

ایک دوسرے کے ذریعے دفع نہ کرتا رہے تو خانقاہیں

وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ

اور گرجا اور عبادت خانے اور مسجدیں جن میں اللہ کا نام

فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ وَلَيَنْصُرَنَّ

کثرت سے لیا جاتا ہے ڈھا دیے جاتے، اور اللہ ضرور اُس کی

اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ

مدد کرے گا جو اللہ کی مدد کرے، بے شک اللہ زبردست ہے،

عَزِيْزٌ ﴿۴۰﴾ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي

زور والا ہے ﴿۴۰﴾ یہ وہ لوگ ہیں جن کو اگر ہم

الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ

زمین میں غلبہ دیں تو وہ نماز کا اہتمام کریں گے اور زکوٰۃ ادا

وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ

کریں گے اور نیکی کا حکم دیں گے اور بُرائی سے روکیں گے،

وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۴۱﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ

اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے ﴿۴۱﴾ اور اگر وہ

فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ

آپ کو جھٹلائیں تو اُن سے پہلے قومِ نوح اور عاد

وَّثَمُوْدُ ﴿۴۲﴾ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ

اور ثمود جُھٹلا چکے ہیں ﴿۴۲﴾ اور قومِ ابراہیم اور قومِ

لُوْطٍ ﴿۴۳﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ

لوط ﴿۴۳﴾ اور مدین کے لوگ بھی ، اور موسیٰ کو

مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ

جُھٹلایا گیا پھر میں نے منکروں کو ڈھیل دی پھر میں نے

اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾

اُن کو پکڑ لیا پس کیسا ہوا میرا عذاب ﴿۴۴﴾

فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ

پس کتنی ہی بستیاں ہیں جن کو ہم نے ہلاک کردیا اور وہ

ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ز

ظالم تھیں، پس اب وہ اپنی چھتوں پر اُلٹی پڑی ہیں اور کتنے ہی

وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾

بیکار کنوئیں اور کتنے پختہ محل جو ویران پڑے ہوئے ہیں ﴿۴۵﴾

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ

کیا یہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ اُن کے

لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ

دل ایسے ہو جاتے کہ وہ اُن سے سمجھتے یا اُن کے

يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى

کان ایسے ہو جاتے کہ وہ اُن سے سُنتے ، کیوں کہ آنکھیں

الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ

اندھی نہیں ہوتیں بلکہ وہ دل اندھے ہو جاتے ہیں

فِي الصُّدُوْرِ ﴿۴۶﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ

جو سینوں میں ہیں ﴿۴۶﴾ اور یہ لوگ آپ سے عذاب کے لیے جلدی کیے

بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ؕ

ہوئے ہیں، اور اللہ ہرگز اپنے وعدے کے خلاف کرنے والا نہیں ہے،

وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ

اور آپ کے رب کے یہاں کا ایک دن تمہارے شمار کے اعتبار سے ایک ہزار سال کے

مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ

برابر ہوتا ہے ﴿۴۷﴾ اور کتنی ہی بستیاں ہیں

اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ

جن کو ہم نے ڈھیل دی اور وہ ظالم تھیں، پھر میں نے اُن کو پکڑ لیا

وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۴۸﴾ ع قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ ع ۶ ۱۰ ۱۳

اور میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے ﴿۴۸﴾ کہہ دیجیے کہ اے لوگو!

اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۹﴾ ۚ

میں تمہارے لیے ایک کُھلا ہوا ڈرانے والا ہوں ﴿۴۹﴾

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ

پس جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُن کے لیے

مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۵۰﴾ وَالَّذِيْنَ

مغفرت ہے اور عزّت کی روزی ﴿۵۰﴾ اور جو لوگ ہماری

سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ

آیتوں کو نیچا دِکھانے کے لیے دوڑے وہی

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا

دوزخ والے ہیں ﴿۵۱﴾ اور ہم نے آپ سے

مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ

پہلے جو بھی رسول اور نبی بھیجا تو جب اُس نے

اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ

کچھ پڑھا تو شیطان نے اُس کے پڑھنے میں مِلا

اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي

دیا ، پھر اللہ شیطان کے ڈالے ہوئے کو مٹا

الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ؕ

دیتا ہے پھر اللہ اپنی آیتوں کو پختہ کردیتا ہے ،

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾ لِّيَجْعَلَ مَا

اور اللہ علم والا، حکمت والا ہے ﴿۵۲﴾ تاکہ جو کچھ شیطان نے

يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ

مِلایا ہے اُس سے وہ اُن لوگوں کو جانچے جن کے دلوں

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ؕ

میں روگ ہے اور جن کے دل سخت ہیں ،

وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ۝۵۳

اور ظالم لوگ مخالفت میں بہت دور نکل گئے ہیں ۵۳

وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ

اور تا کہ وہ لوگ جن کو علم ملا ہے جان لیں کہ یہ حقیقت میں

الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ

آپ کے رب کی طرف سے ہے پھر وہ اُس پر یقین لائیں

لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ

اور اُن کے دل اُس کے آگے جُھک جائیں ، اور اللہ

اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۵۴

ایمان لانے والوں کو ضرور سیدھا راستہ دِکھاتا ہے ۵۴

وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ

اور انکار کرنے والے لوگ ہمیشہ اُس کی طرف سے شک میں پڑے رہیں گے

مِّنْهُ حَتّٰٓى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً

یہاں تک کہ اچانک اُن پر قیامت آجائے

اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾

یا ایک منحوس دن کا عذاب آجائے ﴿۵۵﴾

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ

اُس دن سارا اختیار صرف اللہ کو ہوگا، وہ اُن کے درمیان فیصلہ فرمائے گا،

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ

پس جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وہ نعمت کے باغوں میں ہوں گے ﴿۵۶﴾ اور جنہوں نے انکار کیا

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

اور ہماری آیتوں کو جُھٹلایا تو اُن کے لیے ذِلّت کا

مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾ ع وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ ع ۷ ۹ ۱۴

عذاب ہے ﴿۵۷﴾ اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں اپنا وطن چھوڑا

اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ

پھر وہ قتل کردیے گئے یا وہ مَر گئے اللہ ضرور اُن کو

اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ

اچھا رزق دے گا ، اور بے شک اللہ ہی سب سے بہتر

الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾ لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا

رزق دینے والا ہے ﴿۵۸﴾ وہ اُن کو ایسی جگہ پہونچائے گا جس سے

يَّرْضَوْنَهٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾

وہ راضی ہوں گے، اور بے شک اللہ جاننے والا، بردبار ہے ﴿۵۹﴾

ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ

یہ ہو چکا، اور جو شخص بدلہ لے ویسا ہی جیسا اُس کے ساتھ کیا گیا تھا اور

بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ

پھر اُس پر زیادتی کی جائے تو اللہ ضرور اُس کی مدد کرے گا، بے شک

اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ

اللہ معاف کرنے والا، درگزر کرنے والا ہے ﴿۶۰﴾ یہ اِس لیے کہ اللہ رات کو

الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ

دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے،

وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٦١﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ

اور اللہ سُننے والا، دیکھنے والا ہے ﴿٦١﴾ یہ اِس لیے کہ اللہ ہی

هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ

ہے اور وہ سب باطل ہیں جنہیں اللہ کو چھوڑ کر لوگ پکارتے ہیں،

هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿٦٢﴾

اور بے شک اللہ ہی سب سے اوپر ہے، سب سے بڑا ہے ﴿٦٢﴾

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ

کیا آپ نہیں دیکھتے کہ اللہ نے آسمان سے

مَآءً ز فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ط

پانی برسایا پھر زمین سرسبز ہو گئی،

اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿٦٣﴾ ج لَهٗ

بے شک اللہ باریک بیں ہے، خبر رکھنے والا ہے ﴿٦٣﴾ اُسی کا ہے

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، بے شک اللہ

لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۶۴﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ ع ۸ ۷ ۱۵

ہی ہے جو بے نیاز ہے، تعریفوں والا ہے ﴿۶۴﴾ کیا آپ دیکھتے نہیں کہ اللہ

سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ

نے زمین کی چیزوں کو تمہارے کام میں لگا رکھا ہے اور کشتی کو بھی

تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ؕ وَيُمْسِكُ

کہ وہ اُس کے حکم سے سمندر میں چلتی ہے، اور وہ آسمان کو

السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ

زمین پر گرنے سے تھامے ہوئے ہے مگر یہ کہ اُس کے حکم سے،

اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۵﴾

بے شک اللہ لوگوں پر نرمی کرنے والا، مہربان ہے ﴿۶۵﴾

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ۫ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ

اور وہی ہے جس نے تم کو زندگی دی پھر وہ تم کو موت دیتا ہے پھر

يُحْيِيْكُمْ ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿٦٦﴾

وہ تم کو زندہ کرے گا، بے شک انسان بڑا ہی ناشکرا ہے ﴿٦٦﴾

لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ

اور ہم نے ہر امّت کے لیے ایک طریقہ مقرر کیا کہ وہ اُس کی

نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ

پیروی کرتے تھے، پس وہ اِس معاملے میں آپ سے جھگڑا نہ

وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ۭ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى

کریں اور آپ اپنے رب کی طرف بُلائیے ، یقیناً آپ

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٦٧﴾ وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ

سیدھے راستے پر ہو ﴿٦٧﴾ اگر وہ آپ سے جھگڑا کریں تو کہہ

اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٨﴾ اَللّٰهُ

دیجیے کہ اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم کر رہے ہو ﴿٦٨﴾ اللہ

يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا

قیامت کے دن تمہارے درمیان اُس چیز کا فیصلہ کر دے گا

كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ

جس میں تم اختلاف کر رہے ہو ﴿۶۹﴾ کیا آپ نہیں جانتے

اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ

کہ آسمان و زمین کی ہر چیز اللہ کے علم میں ہے ،

اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

سب کچھ ایک کتاب میں ہے ، بےشک یہ اللہ کے لیے

يَسِيْرٌ ﴿۷۰﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

آسان ہے ﴿۷۰﴾ اور وہ اللہ کے سوا اُن کی عبادت کرتے ہیں

مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّمَا لَيْسَ

جن کے حق میں اللہ نے کوئی دلیل نہیں اُتاری اور نہ

لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ

اُن کے بارے میں اُن کو کوئی علم ہے ، اور ظالموں کا کوئی

نَّصِيْرٍ ﴿۷۱﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا

مددگار نہیں ﴿۷۱﴾ اور جب اُن کو ہماری واضح آیتیں پڑھ کر سنائی

بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا

تو آپ منکروں کے چہروں پر بُرے آثار دیکھتے ہو گویا کہ

الْمُنْكَرَ ؕ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ

وہ اُن لوگوں پر حملہ کر دیں گے جو اُن کو ہماری آیتیں

يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ؕ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ

پڑھ کر سُنا رہے ہیں، کہہ دیجیے کہ کیا میں تم کو بتاؤں کہ اِس سے

بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ

بدتر چیز کیا ہے، وہ آگ ہے جس کا اللہ نے اُن لوگوں سے وعدہ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۷۲﴾ ع ۹ ۸ ۱۶

کیا ہے جنہوں نے انکار کیا اور وہ بہت بُرا ٹھکانہ ہے ﴿۷۲﴾

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا

اے لوگو! ایک مثال بیان کی جاتی ہے تو اُس کو غور سے

لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

سُنو، تم لوگ اللہ کے سِوا جس چیز کو پکارتے ہو

اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا

وہ ایک مکھی بھی پیدا نہیں کر سکتے اگرچہ سب کے سب اُس کے

لَهٗ ؕ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـًٔا

لیے جمع ہو جائیں، اور اگر مکھی اُن سے کچھ چھین لے تو وہ اُس کو

لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ

اُس سے چھُڑا نہیں سکتے، مدد چاہنے والے بھی کمزور اور جن سے

وَالْمَطْلُوْبُ ﴿۷۳﴾ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ

مدد چاہی گئی وہ بھی کمزور ﴿۷۳﴾ اُنہوں نے اللہ کی قدر نہ پہچانی جیسا

قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۷۴﴾

کہ اُس کے پہچاننے کا حق ہے، بے شک اللہ طاقت ور ہے، غالب ہے ﴿۷۴﴾

اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا

اللہ فرشتوں میں سے اپنا پیغام پہونچانے والا چنتا ہے

وَّمِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ

اور انسانوں میں سے بھی، بے شک اللہ سُننے والا،

بَصِيْرٌ ﴿۷۵﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

دیکھنے والا ہے ﴿۷۵﴾ وہ جانتا ہے جو کچھ اُن کے آگے ہے

وَمَا خَلْفَهُمْ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ

اور جو کچھ اُن کے پیچھے ہے، اور اللہ ہی کی طرف لوٹتے ہیں

الْاُمُوْرُ ﴿۷۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

سارے معاملات ﴿۷۶﴾ اے ایمان والو !

ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ

رکوع اور سجدہ کرو اور اپنے رب کی عبادت کرو

وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۷۷﴾ سجدة

اور بھلائی کے کام کرو ؛ تاکہ تم کامیاب ہو ﴿۷۷﴾

وَجَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ

اور اللہ کی راہ میں کوشش کرو جیسا کہ کوشش کرنے کا حق ہے، اُس

اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِى

نے تم کو چُنا ہے اور اُس نے دین کے معاملے میں تم پر

سجدہ یہاں امام شافعیؒ کے نزدیک سجدہ ہے۔

الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ

کوئی تنگی نہیں رکھی ، تمہارے باپ

اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ۬

ابراہیم (علیہ السلام) کا دین ، اُسی نے تمہارا نام مُسلِم رکھا ،

مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ

اِس سے پہلے اور اِس قرآن میں بھی تاکہ رسول

شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ

تم پر گواہ ہو اور تم لوگوں

عَلَى النَّاسِ ۚۖ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا

پر گواہ بنو ، پس نماز قائم کرو اور زکوٰۃ

الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ

ادا کرو اور اللہ کو مضبوط پکڑو ، وہی تمہارا مالک ہے،

فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۷۸﴾ ع ۱۰ ۶ ۱۷

پس کیسا اچھا مالک ہے اور کیسا اچھا مددگار ہے ﴿۷۸﴾

(سورۂ مومنون مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ، اِس میں (۱۱۸) آیتیں اور (۶) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۷۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۲۳) نمبر پر ہے اور سورۂ انبیاء کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۱۸۴۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۴۸۰۲) حروف ہیں |
|---|---|---|

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ

یقیناً فلاح پائی ایمان والوں نے ﴿۱﴾ جو اپنی

فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۙ﴿۲﴾ وَالَّذِيْنَ

نماز میں جُھکنے والے ہیں ﴿۲﴾ اور جو لغو

هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ

باتوں سے اعراض کرتے ہیں ﴿۳﴾ اور جو

هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۙ﴿۴﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ

زکوٰۃ ادا کرنے والے ہیں ﴿۴﴾ اور جو اپنی

لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ﴿۵﴾ اِلَّا عَلٰٓى

شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں ﴿۵﴾ سِوائے اپنی

اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ

بیویوں کے اور اُن باندیوں کے جو اُن کے قبضے میں ہو

فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ ﴿٦﴾ فَمَنِ ابْتَغٰى

کہ اُن پر وہ قابلِ ملامت نہیں ﴿٦﴾ البتّہ جو

وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ ﴿٧﴾

اِس کے علاوہ چاہیں تو وہی زیادتی کرنے والے ہیں ﴿٧﴾

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ

اور جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کا خیال

رٰعُوْنَ ۙ ﴿٨﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ

رکھنے والے ہیں ﴿٨﴾ اور جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے

يُحَافِظُوْنَ ۘ ﴿٩﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۙ ﴿١٠﴾

ہیں ﴿٩﴾ یہی لوگ وارث ہونے والے ہیں ﴿١٠﴾

الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا

جو فردوس کی وراثت پائیں گے ، وہ اُس میں

خٰلِدُوْنَ ﴿١١﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ

ہمیشہ رہیں گے ﴿١١﴾ اور ہم نے انسان کو مٹّی کے

وقف لازم

مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿١٢﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ

خلاصے سے پیدا کیا ﴿١٢﴾ پھر ہم نے پانی کی ایک

نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿١٣﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا

بوند کی شکل میں اُس کو ایک محفوظ ٹھکانے میں رکھا ﴿١٣﴾ پھر ہم نے

النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً

پانی کی بوند کو ایک جمے ہوئے خون کی شکل دی پھر اُس جمے ہوئے خون کو

فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ

گوشت کا ایک لوتھڑا بنایا، پس لوتھڑے کے اندر ہڈیاں پیدا کی پھر ہم نے

لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ

ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیا، پھر ہم نے اُس کو ایک نئی صورت میں بنا کر کھڑا کیا،

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿١٤﴾

پس بڑا ہی بابرکت ہے اللہ، بہترین پیدا کرنے والا ﴿١٤﴾

ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿١٥﴾

پھر اُس کے بعد تم کو ضرور مرنا ہے ﴿١٥﴾

ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿١٦﴾ وَلَقَدْ

پھر تم قیامت کے دن اُٹھائے جاؤ گے ﴿١٦﴾ اور ہم

خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا

نے تمہارے اوپر سات راستے بنائے اور ہم مخلوق

عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿١٧﴾ وَاَنْزَلْنَا مِنَ

سے بے خبر نہیں ہوئے ﴿١٧﴾ اور ہم نے آسمان سے

السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي

پانی برسایا ایک اندازے کے ساتھ پھر ہم نے اُس کو

الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۭ بِهٖ

زمین میں ٹھہرا دیا ، اور ہم اُس کو واپس لینے پر

لَقٰدِرُوْنَ ﴿١٨﴾ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ

قادر ہیں ﴿١٨﴾ پھر ہم نے اُس سے تمہارے لیے

جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۖ لَكُمْ

کھجور اور انگور کے باغات پیدا کیے ، تمہارے لیے

وقف لازم

فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿١٩﴾

اُن میں بہت سے پھل ہیں اور تم اُن میں سے کھاتے ہو ﴿١٩﴾

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ

اور ہم نے وہ درخت پیدا کیا جو طورِ سینا سے نکلتا ہے، وہ تیل

تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿٢٠﴾

لیے ہوئے اُگتا ہے اور کھانے والوں کے لیے سالن بھی ﴿٢٠﴾

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ط

اور تمہارے لیے مویشیوں میں سبق ہے ،

نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ

ہم تم کو اُن کے پیٹ کی چیز سے پلاتے ہیں اور تمہارے

فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا

لیے اُن میں بہت سے فائدے ہیں ، اور تم اُن کو

تَاْكُلُوْنَ ﴿٢١﴾ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ

کھاتے ہو ﴿٢١﴾ اور تم اُن پر اور کشتیوں پر

تُحْمَلُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى ع ٢٢

سواری کرتے ہو ﴿٢٢﴾ اور ہم نے نوح (علیہ السلام) کو اُس کی قوم کی

قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

طرف بھیجا تو اُس نے کہا کہ اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٢٣﴾

کرو، اُس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، کیا تم ڈرتے نہیں ﴿٢٣﴾

فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ

تو اُس کی قوم کے سردار جنہوں نے انکار کیا تھا اُنہوں نے کہا کہ

مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ

یہ تو بس تمہارے جیسا ایک آدمی ہے، وہ چاہتا ہے کہ

اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

تمہارے اوپر برتری حاصل کرے، اور اگر اللہ چاہتا تو

لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۖ۬ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ

وہ فرشتے بھیجتا، ہم نے یہ بات اپنے

اٰبَآءِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٤﴾ ج صلے اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌ

پچھلے بڑوں میں نہیں سُنی ﴿٢٤﴾ یہ تو بس ایک شخص ہے جس کو

بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٢٥﴾

جنون ہو گیا ہے، پس ایک وقت تک اُس کا انتظار کرو ﴿٢٥﴾

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿٢٦﴾

نوح (علیہ السلام) نے کہا کہ اے میرے رب! آپ میری مدد فرمایئے کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلا دیا ﴿٢٦﴾

فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ

تو ہم نے اُس کو وحی کی کہ تم کشتی تیار کرو ہماری نگرانی

بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا

میں اور ہماری ہدایت کے مطابق، تو جب ہمارا حکم آ جائے

وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ

اور زمین سے پانی اُبل پڑے تو ہر قسم کے جانوروں میں سے ایک ایک

كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا

جوڑا لے کر اُس میں سوار ہو جاؤ اور اپنے گھر والوں کو بھی، سوائے اُن کے

مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ج

جن کے بارے میں پہلے فیصلہ ہو چکا ہے ،

وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ج اِنَّهُمْ

اور جنہوں نے ظلم کیا ہے اُن کے معاملے میں مجھ سے بات نہ کرنا، بے شک

مُّغْرَقُوْنَ ﴿٢٧﴾ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ

اُن کو تو ڈوبنا ہے ﴿٢٧﴾ پھر جب آپ اور آپ کے ساتھی

مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

کشتی میں بیٹھ جائیں تو کہیے کہ شکر ہے اللہ کا

الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٨﴾

جس نے ہم کو ظالم لوگوں سے نجات دی ﴿٢٨﴾

وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا

اور کہیے کہ اے میرے رب! آپ مجھے اُتاریے برکت کا اُتارنا

وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿٢٩﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

اور آپ ہی بہتر اُتارنے والے ہیں ﴿٢٩﴾ بے شک اِس میں

لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ

نشانیاں ہیں اور بے شک ہم بندوں کو آزماتے ہیں ﴿٣٠﴾ پھر

اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿٣١﴾ ج

ہم نے اُن کے بعد دوسرا گروہ پیدا کیا ﴿٣١﴾

فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ

پھر اُن میں ایک رسول اُنہیں میں سے بھیجا

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ط

کہ تم اللہ کی عبادت کرو، اُس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں،

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٣٢﴾ ع وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ ع ٢ ١٠ ٢

کیا تم ڈرتے نہیں ﴿٣٢﴾ اور اُس کی قوم کے سرداروں نے

قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ

جنہوں نے انکار کیا اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا

الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا لا

اور اُن کو ہم نے دنیا کی زندگی میں آسودگی دی تھی

مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ

کہا کہ یہ تو تمہارے جیسا ہی ایک آدمی ہے، وہی کھاتا ہے

مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا

جو تم کھاتے ہو اور وہی پیتا ہے جو

تَشْرَبُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا

تم پیتے ہو ﴿٣٣﴾ اور اگر تم نے اپنے ہی جیسے ایک آدمی

مِّثْلَكُمْ ۙ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿٣٤﴾

کی بات مانی تو تم بڑے گھاٹے میں رہو گے ﴿٣٤﴾

اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا

کیا یہ شخص تم سے کہتا ہے کہ جب تم مَر جاؤ گے اور مٹّی

وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿٣٥﴾ هَيْهَاتَ

اور ہڈّیاں ہو جاؤ گے تو پھر تم نکالے جاؤ گے ﴿٣٥﴾ بہت ہی دور کی بات ہے

هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿٣٦﴾ اِنْ هِيَ

اور بہت ہی ناممکن بات ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے ﴿٣٦﴾ زندگی تو

اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا

یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے، یہیں ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں،

وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا

اور ہم دوبارہ اُٹھائے جانے والے نہیں ہیں ﴿٣٧﴾ یہ تو بس ایک

رَجُلُ ِۨ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ

ایسا شخص ہے جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے اور ہم

لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿٣٨﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا

اُس کو ماننے والے نہیں ﴿٣٨﴾ رسول نے کہا: اے میرے رب! میری مدد فرمایئے کہ

كَذَّبُوْنِ ﴿٣٩﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ

اُنہوں نے مجھ کو جھٹلا دیا ﴿٣٩﴾ فرمایا کہ یہ لوگ جلد ہی

نٰدِمِيْنَ ﴿٤٠﴾ ج فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ

پچھتائیں گے ﴿٤٠﴾ پس اُن کو ایک سخت آواز نے حق کے

بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ج فَبُعْدًا

مطابق پکڑ لیا، پھر ہم نے اُن کو کوڑا کرکٹ بنا کر رکھ دیا، پس دور ہو

لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤١﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ

ظالم قوم ﴿٤١﴾ پھر ہم نے اُن کے

بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿٤٢﴾ مَا تَسْبِقُ

بعد دوسری قومیں پیدا کیں ﴿٤٢﴾ کوئی قوم نہ اپنے

مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿٤٣﴾

وعدے سے آگے جاتی ہے اور نہ اُس سے پیچھے رہتی ہے ﴿٤٣﴾

ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ

پھر ہم نے لگاتار اپنے رسول بھیجے ، جب بھی کسی

اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا

قوم کے پاس اُس کا رسول آیا تو اُنہوں نے اُس کو جُھٹلایا تو ہم

بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ

نے ایک کے بعد ایک کو لگا دیا اور ہم نے اُن کو کہانیاں بنا دیا ،

فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٤٤﴾ ثُمَّ

پس دور ہوں وہ لوگ جو ایمان نہیں لاتے ﴿٤٤﴾ پھر

اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا

ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) اور اُس کے بھائی ہارون (علیہ السلام) کو بھیجا اپنی

وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿٤٥﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ

نشانیوں اور کھلی دلیل کے ساتھ ﴿٤٥﴾ فرعون اور اُس کے درباریوں

فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ۚ﴿٤٦﴾

کے پاس تو اُنہوں نے تکبّر کیا اور وہ مغرور لوگ تھے ﴿٤٦﴾

فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا

پس اُنہوں نے کہا: کیا ہم اپنے جیسے دو آدمیوں کی بات مان لیں

وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ۚ﴿٤٧﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا

حالانکہ اُن کی قوم کے لوگ ہمارے تابع دار ہیں ﴿٤٧﴾ پس اُنہوں

فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿٤٨﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

نے اُن کو جُھٹلا دیا پھر وہ ہَلاک کر دیے گئے ﴿٤٨﴾ اور ہم نے

مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿٤٩﴾

موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب دی تاکہ وہ راہ پائیں ﴿٤٩﴾

وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً

اور ہم نے مریمؑ کے بیٹے کو اور اُس کی ماں کو ایک نشانی بنا دیا

وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ

اور ہم نے اُن کو ایک اونچی زمین پر ٹھکانہ دیا جو سکون کی جگہ تھی

وَّمَعِيْنٍ ﴿٥٠﴾ يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ ع ٣ ١٨ ٣

اور وہاں چشمہ جاری تھا ﴿٥٠﴾ اے پیغمبرو ! پاکیزہ

الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّىْ بِمَا

چیزیں کھاؤ اور نیک کام کرو ، میں جانتا ہوں

تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿٥١﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ

جو کچھ تم کرتے ہو ﴿٥١﴾ اور یہ تمہارا دین ایک ہی

اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿٥٢﴾

دین ہے اور میں تمہارا رب ہوں تو تم مجھ سے ڈرو ﴿٥٢﴾

فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ

پھر لوگوں نے اپنے دین کو آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر لیا ، ہر

حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَذَرْهُمْ

گروہ کے پاس جو کچھ ہے اُسی پر وہ خوش ہے ﴿٥٣﴾ پس اُن کو

فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٥٤﴾ اَيَحْسَبُوْنَ

اُن کی بے ہوشی میں کچھ دن چھوڑ دیجیے ﴿٥٤﴾ کیا وہ

اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿٥٥﴾

سمجھتے ہیں کہ ہم اُن کو جو مال اور اولاد دیے جا رہے ہیں ﴿٥٥﴾

نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ

تو ہم اُن کو فائدہ پہونچانے میں سرگرم ہیں ، بلکہ

لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ

وہ بات کو نہیں سمجھتے ﴿٥٦﴾ بے شک جو لوگ اپنے

خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَالَّذِيْنَ

رب کی ہیبت سے ڈرتے ہیں ﴿٥٧﴾ اور جو لوگ

هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٨﴾ وَالَّذِيْنَ

اپنے رب کی آیتوں پر یقین رکھتے ہیں ﴿٥٨﴾ اور جو لوگ

هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَالَّذِيْنَ

اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے ﴿٥٩﴾ اور جو لوگ

يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ

دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور اُن کے دل کانپتے ہیں کہ

اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿٦٠﴾ اُولٰٓئِكَ

وہ اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں ﴿٦٠﴾ یہ لوگ

يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا

بھلائیوں کی راہ میں سبقت کر رہے ہیں اور وہ اُن پر پہونچنے والے ہیں

سٰبِقُوْنَ ﴿٦١﴾ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا

سب سے آگے ﴿٦١﴾ اور ہم کسی پر اُس کی طاقت سے زیادہ بوجھ

وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ

نہیں ڈالتے، اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے جو بالکل ٹھیک بولتی

وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِىْ

ہے اور اُن پر ظلم نہ ہوگا ﴿٦٢﴾ بلکہ اُن کے دل

غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ

اُس کی طرف سے غفلت میں ہیں، اور اُن کے کچھ کام

دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿٦٣﴾ حَتّٰٓى

اِس کے علاوہ ہیں وہ اُن کو کرتے رہیں گے ﴿٦٣﴾ یہاں تک کہ

اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا

جب ہم اُن کے آسودہ لوگوں کو عذاب میں پکڑیں گے

هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿٦٤﴾ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ ۖ قف

تو وہ فریاد کرنے لگیں گے ﴿٦٤﴾ اب فریاد نہ کرو ،

اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَدْ كَانَتْ

اب ہماری طرف سے تمہاری کوئی مدد نہ ہوگی ﴿٦٥﴾ تم کو

اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى

میری آیتیں سُنائی جاتی تھیں تو تم

اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿٦٦﴾ لا مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ صلے ق ج

پیٹھ پیچھے بھاگتے تھے ﴿٦٦﴾ اُس سے تکبّر کر کے ،

بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا

گویا کسی قصہ سنانے والے کو چھوڑ رہے ہوں ﴿٦٧﴾ پھر کیا اُنہوں

الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ

نے اِس کلام پر غور نہیں کیا یا اُن کے پاس ایسی چیز آئی جو اُن کے

اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا

اگلے باپ دادا کے پاس نہیں آئی ﴿٦٨﴾ یا اُنہوں نے اپنے

رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَمْ

رسول کو پہچانا نہیں، اِس وجہ سے وہ اُس کو نہیں مانتے ﴿٦٩﴾ یا وہ

يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ

کہتے ہیں کہ اُس کو جنون ہے، بلکہ وہ اُن کے پاس حق لے کر

بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿٧٠﴾

آیا ہے اور اُن میں سے اکثر کو حق بات بُری لگتی ہے ﴿٧٠﴾

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ

اور اگر حق اُن کی خواہشوں کے تابع ہوتا تو آسمان

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ

اور زمین اور جو اُن میں ہے سب تباہ ہو جاتے ، بلکہ

اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ

ہم نے اُن کے پاس اُن کی نصیحت بھیجی ہے تو وہ اپنی نصیحت

مُّعْرِضُوْنَ ﴿٧١﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا

سے اعراض کر رہے ہیں ﴿٧١﴾ کیا آپ اُن سے کوئی مال مانگ

فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ

رہے ہو تو آپ کے رب کا مال تمہارے لیے بہتر ہے، اور وہ

الرّٰزِقِيْنَ ﴿٧٢﴾ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى ع ١٠

بہترین روزی دینے والا ہے ﴿٧٢﴾ اور یقیناً آپ اُن کو

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٧٣﴾ وَاِنَّ الَّذِيْنَ

ایک سیدھے راستے کی طرف بلاتے ہو ﴿٧٣﴾ اور جو لوگ

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ

آخرت پر یقین نہیں رکھتے وہ راستے سے

لَنٰكِبُوْنَ ﴿٧٤﴾ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا

ہٹ گئے ہیں ﴿٧٤﴾ اور اگر ہم اُن پر رحم کریں اور اُن پر جو تکلیف

مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ

ہے وہ دور کر دیں تب بھی وہ اپنی سرکشی میں لگے رہیں گے

يَعْمَهُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ

بہکے ہوئے ﴿٧٥﴾ اور ہم نے اُن کو عذاب

بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ

میں پکڑا لیکن نہ وہ اپنے رب کے آگے جُھکے

وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿٧٦﴾ حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا

اور نہ اُنہوں نے عاجزی کی ﴿٧٦﴾ یہاں تک کہ جب ہم

عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا

اُن پر سخت عذاب کا دروازہ کھول دیں گے تو اُس وقت

هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿٧٧﴾ ع وَهُوَ الَّذِيْٓ ع ٢٧ ٤

وہ حیرت زدہ رہ جائیں گے ﴿٧٧﴾ اور وہی ہے جس نے

اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

تمہارے لیے کان اور آنکھیں

وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٨﴾

اور دل بنائے ، تم بہت کم شکر ادا کرتے ہو ﴿٧٨﴾

وَهُوَ الَّذِىْ ذَرَاَكُمْ فِى الْاَرْضِ

اور وہی ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلایا

وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَهُوَ الَّذِىْ يُحْىٖ

اور تم اُسی کی طرف جمع کیے جاؤ گے ﴿٧٩﴾ اور وہی ہے جو زندہ کرتا

وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ

ہے اور مارتا ہے اور اُسی کے اختیار میں ہے رات اور دن کا بدلنا،

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٨٠﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا

تو کیا تم سمجھتے نہیں ﴿٨٠﴾ بلکہ اُنہوں نے وہی بات کہی

قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿٨١﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا

جو اگلوں نے کہی تھی ﴿٨١﴾ اُنہوں نے کہا کہ کیا جب ہم مَر جائیں گے اور ہم

تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿٨٢﴾

مٹّی اور ہڈّیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم دوبارہ اُٹھائے جائیں گے ﴿٨٢﴾

لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ

اِس کا وعدہ ہم کو اور اِس سے پہلے ہمارے باپ دادا کو

قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٨٣﴾

بھی دیا گیا ، یہ محض اگلوں کے افسانے ہیں ﴿٨٣﴾

قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ

کہہ دیجیے کہ زمین اور جو کوئی اُس میں ہے یہ کس کا ہے ،

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٤﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ

اگر تم جانتے ہو ﴿٨٤﴾ وہ کہیں گے کہ اللہ کا ہے، کہیے کہ

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٨٥﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ

پھر تم سوچتے نہیں ﴿٨٥﴾ کہیے کہ کون مالک ہے

السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿٨٦﴾

ساتوں آسمانوں کا اور کون مالک ہے عرشِ عظیم کا ﴿٨٦﴾

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٨٧﴾

وہ کہیں گے کہ سب اللہ کا ہے، کہہ دیجیے کہ پھر کیا تم ڈرتے نہیں ﴿٨٧﴾

قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ

کہیے کہ کون ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا اختیار ہے اور وہ پناہ

يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ

دیتا ہے اور اُس کے مقابلے میں کوئی پناہ نہیں دے سکتا، اگر تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٨﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ فَاَنّٰى

جانتے ہو ﴿٨٨﴾ وہ کہیں گے کہ یہ اللہ کے لیے ہے، کہیے کہ پھر کہاں

تُسْحَرُوْنَ ﴿٨٩﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ

سے تم جادو کیے جاتے ہو ﴿٨٩﴾ بلکہ ہم اُن کے پاس حق لائے ہیں

وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٩٠﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ

اور بے شک وہ جھوٹے ہیں ﴿٩٠﴾ اللہ نے کوئی بیٹا نہیں

وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ

بنایا اور اُس کے ساتھ کوئی اور معبود نہیں، ایسا ہوتا تو ہر معبود

كُلُّ اِلٰهٍۭ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى

اپنی مخلوق کو لے کر الگ ہو جاتا اور ایک دوسرے پر چڑھائی

بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿٩١﴾

کرتا ، اللہ پاک ہے اُس سے جو وہ بیان کرتے ہیں ﴿٩١﴾

عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا

وہ کُھلے اور چھُپے کا جاننے والا ہے، وہ بہت اوپر ہے اُس سے جس

يُشْرِكُوْنَ ﴿٩٢﴾ قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ ع ١٥/٥

کو یہ شریک بناتے ہیں ﴿٩٢﴾ کہہ دیجیے کہ اے میرے رب! اگر آپ مجھ کو

مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿٩٣﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي

دِکھا دیں جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہے ﴿٩٣﴾ تو اے میرے رب!

الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٩٤﴾ وَاِنَّا عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ

مجھ کو ظالم لوگوں میں شامل نہ کیجیے ﴿٩٤﴾ اور بے شک ہم قادر ہیں کہ ہم

مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿٩٥﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ

اُن سے جو وعدہ کر رہے ہیں وہ آپ کو دِکھا دیں ﴿٩٥﴾ آپ بُرائی کو

هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا

اُس طریقے سے دفع کریں جو بہتر ہو، ہم خوب جانتے ہیں

يَصِفُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ

جو یہ لوگ کہتے ہیں ﴿٩٦﴾ اور کہیے کہ اے میرے رب! میں پناہ مانگتا ہوں

هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٩٧﴾ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ

شیطانوں کے وسوسوں سے ﴿٩٧﴾ اور اے میرے رب! میں آپ سے پناہ

اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿٩٨﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ

مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں ﴿٩٨﴾ یہاں تک کہ جب اُن میں سے کسی

اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿٩٩﴾

پر موت آتی ہے تو وہ کہتا ہے کہ اے میرے رب! مجھ کو واپس بھیج دیجیے ﴿٩٩﴾

لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ

تاکہ جس کو میں چھوڑ آیا ہوں اُس میں کچھ نیکی کماؤں،

كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ

ہرگز نہیں! یہ ایک بات ہے کہ وہی وہ کہتا ہے، اور اُن کے

وَّرَآءِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿١٠٠﴾

آگ ایک پردہ ہے اُس دن تک کے لیے جب کہ وہ اُٹھائے جائیں گے ﴿١٠٠﴾

فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ

پھر جب صور پھونکا جائے گا تو پھر اُس دن

بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿١٠١﴾

اُن کے درمیان نہ کوئی رشتہ رہے گا اور نہ کوئی کسی کو پوچھے گا ﴿١٠١﴾

فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

پس جن کے پلڑے بھاری ہوں گے وہی لوگ

الْمُفْلِحُوْنَ ﴿١٠٢﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ

کامیاب ہوں گے ﴿١٠٢﴾ اور جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے

فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

تو یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو گھاٹے میں ڈالا ،

فِىْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿١٠٣﴾ ۚ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ

وہ جہنم میں ہمیشہ رہیں گے ﴿١٠٣﴾ اُن کے چہروں کو آگ جُھلس

النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿١٠٤﴾ اَلَمْ تَكُنْ

دے گی اور وہ اُس میں بدشکل ہو رہے ہوں گے ﴿١٠٤﴾ کیا تم کو

اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا

میری آیتیں پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں تو تم اُن کو

تُكَذِّبُوْنَ ﴿١٠٥﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا

جھٹلاتے تھے ﴿١٠٥﴾ وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب !

شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿١٠٦﴾

ہماری بدبختی نے ہم کو گھیر لیا تھا اور ہم گمراہ لوگ تھے ﴿١٠٦﴾

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا

اے ہمارے رب! ہم کو اِس سے نکال دیجیے، پھر اگر ہم ایسا دوبارہ کریں تو

فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿١٠٧﴾ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا

بے شک ہم ظالم ہیں ﴿١٠٧﴾ اللہ کہے گا کہ دور ہو، اُسی میں پڑے رہو

وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿١٠٨﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ

اور مجھ سے بات نہ کرو ﴿١٠٨﴾ میرے بندوں میں سے

عِبَادِیْ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْلَنَا

ایک گروہ تھا جو کہتا تھا کہ اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے پس آپ ہم کو

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿١٠٩﴾ ج صلے

بخش دیجیے اور ہم پر رحم فرمایئے اور آپ بہترین رحم فرمانے والے ہیں ﴿١٠٩﴾

فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِیًّا حَتّٰٓی اَنْسَوْكُمْ

پس تم نے اُن کو مذاق بنا لیا، یہاں تک کہ اُن کے پیچھے

ذِكْرِیْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿١١٠﴾

تم نے ہماری یاد بُھلادی اور تم اُن پر ہنستے رہے ﴿١١٠﴾

اِنِّیْ جَزَیْتُهُمُ الْیَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا ۙ

میں نے اُن کو آج اُن کے صبر کا بدلہ دیا کہ

اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿١١١﴾ قٰلَ كَمْ

وہی ہیں کامیاب ہونے والے ﴿١١١﴾ اللہ کہے گا کہ

لَبِثْتُمْ فِی الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِیْنَ ﴿١١٢﴾

برسوں کے شمار سے تم کتنی مدت زمین میں رہے ﴿١١٢﴾

قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ

وہ کہیں گے کہ ہم ایک دن رہے یا ایک دن سے بھی کم ،

فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿١١٣﴾ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ

پس گنتی کرنے والوں سے پوچھ لیجیے ﴿١١٣﴾ ارشاد ہوگا کہ

اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿١١٤﴾

تم تھوڑی ہی مدت رہے ، کاش تم جانتے ہوتے ﴿١١٤﴾

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ

پس کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے مقصد پیدا کیا ہے

اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿١١٥﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ

اور تم ہمارے پاس نہیں لائے جاؤ گے ﴿١١٥﴾ پس بہت برتر ہے

الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

اللہ جو حقیقی بادشاہ ہے ، اُس کے سِوا کوئی معبود نہیں ،

رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿١١٦﴾ وَمَنْ يَّدْعُ

وہ مالک ہے عرشِ عظیم کا ﴿١١٦﴾ اور جو شخص اللہ کے ساتھ

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ

کسی اور معبود کو پکارے جس کے حق میں اُس کے پاس کوئی دلیل نہیں

فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ

تو اُس کا حساب اُس کے رب کے پاس ہے، بے شک

لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿١١٧﴾ وَقُلْ رَّبِّ

منکروں کو کامیابی نہیں ملے گی ﴿١١٧﴾ اور کہہ دیجیے کہ اے میرے رب!

ع ٦ ٢٦ ١ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿١١٨﴾

مجھے بخش دیجیے اور مجھ پر رحم فرمایئے، آپ بہترین رحم فرمانے والے ہیں ﴿١١٨﴾

(سورۂ نور مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (٦٤) آیتیں اور (٩) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (١٠٢) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٢٤) نمبر پر ہے اور سورۂ حشر کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (١٣١٦) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٥٩٨٠) حروف ہیں

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا

یہ ایک سورت ہے جس کو ہم نے اُتارا ہے اور اُس کو ہم نے فرض کیا ہے

فِيْهَاۤ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿١﴾

اور اُس میں ہم نے صاف صاف آیتیں اُتاری ہیں؛ تاکہ تم یاد رکھو ﴿١﴾

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ

زنا کرنے والی عورت اور زنا کرنے والے مَرد

مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ص وَّلَا تَاْخُذْكُمْ

دونوں میں سے ہر ایک کو سو کوڑے مارو ، اور تم کو اُن

بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

دونوں پر اللہ کے دین کے معاملے میں رحم نہ آنا چاہیے

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ج

اگر تم اللہ پر اور آخرت پر ایمان رکھتے ہو،

وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ

اور چاہیے کہ دونوں کی سزا کے وقت مسلمانوں کا ایک

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٢ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا

گروہ موجود رہے ۝٢ زانی نکاح نہ کرے مگر

زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ز وَّالزَّانِيَةُ

زانیہ کے ساتھ یا مُشرکہ کے ساتھ اور زانیہ سے

لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ

نکاح نہ کرے مگر زانی یا مُشرک ، اور یہ حرام

ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٣﴾ وَالَّذِيْنَ

کر دیا گیا اہلِ ایمان پر ﴿٣﴾ اور جو لوگ

يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا

پاک دامن عورتوں پر عیب لگائیں پھر

بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ

چار گواہ نہ لے آئیں اُن کو اَسّی کوڑے

جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ

مارو اور اُن کی گواہی کبھی قبول نہ کرو ،

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٤﴾ لَا اِلَّا الَّذِيْنَ

یہی لوگ نافرمان ہیں ﴿٤﴾ لیکن جو لوگ

تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ

اُس کے بعد توبہ کریں اور اصلاح کر لیں تو

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٥ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ

اللہ بخشنے والا ہے، مہربان ہے ۝٥ اور جو لوگ اپنی

اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ

بیویوں پر عیب لگائیں اور اُن کے پاس اُن کے اپنے

اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ

سِوا اور گواہ نہ ہوں تو ایسے شخص کی گواہی کی صورت یہ ہے کہ

اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ

وہ چار بار اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ بے شک وہ

الصّٰدِقِيْنَ ۝٦ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ

سچا ہے ۝٦ اور پانچویں بار یہ کہے کہ

اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝٧

اُس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹا ہو ۝٧

وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ

اور عورت سے سزا اِس طرح ٹل جائے گی کہ وہ چار بار

اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ

اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ یہ شخص

الْكٰذِبِيْنَ ۝٨ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ

جھوٹا ہے ۝٨ اور پانچویں بار یہ کہے کہ مجھ پر

اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٩

اللہ کا غضب ہو اگر یہ شخص سچا ہو ۝٩

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ

اور اگر تم لوگوں پر اللہ کا فضل اور اُس کی رحمت نہ ہوتی

وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝١٠ ع اِنَّ الَّذِيْنَ ع ١٠

اور یہ کہ اللہ توبہ قبول کرنے والا، حکمت والا ہے ۝١٠ جن لوگوں

جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ

نے یہ طوفان برپا کیا وہ تمہارے اندر ہی کی ایک جماعت ہے،

لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ

تم اِس کو اپنے حق میں بُرا نہ سمجھو بلکہ یہ

خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا

تمہارے لیے بہتر ہے، اُن میں سے ہر آدمی کے لیے وہ ہے

اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى

جتنا اُس نے گناہ کمایا، اور جس نے اُس میں سب سے

كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١١﴾

بڑا حصّہ لیا اُس کے لیے بڑا عذاب ہے ﴿١١﴾

لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ

جب تم لوگوں نے اُس کو سُنا تو مسلمان مَردوں

وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا

اور مسلمان عورتوں نے ایک دوسرے کے بارے میں نیک گمان

هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٢﴾ لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ

کیوں نہ کیا اور کیوں نہ کہا کہ یہ کُھلا ہوا بہتان ہے ﴿١٢﴾ یہ لوگ

بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا

اُس پر چار گواہ کیوں نہ لائے ، پس جب وہ

بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ

گواہ نہ لائے تو اللہ کے نزدیک وہی

الْكٰذِبُوْنَ ﴿١٣﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

جھوٹے ہیں ﴿١٣﴾ اور اگر تم لوگوں پر دنیا اور آخرت میں

وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ

اللہ کا فضل اور اُس کی رحمت نہ ہوتی تو جن باتوں میں تم

فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١٤﴾ ۚ

پڑ گئے تھے اُس کی وجہ سے تم پر کوئی بڑی آفت آ جاتی ﴿١٤﴾

اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ

جب کہ تم اُس کو اپنی زبانوں سے نقل کر رہے تھے اور اپنے منھ

بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ

سے ایسی بات کہہ رہے تھے جس کا تمھیں کوئی علم نہ تھا

وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ

اور تم اُس کو ایک معمولی بات سمجھ رہے تھے حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک

عَظِيْمٌ ﴿١٥﴾ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ

بہت بھاری بات ہے ﴿١٥﴾ اور جب تم نے اُس کو سنا تو یوں

قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ

کیوں نہ کہا کہ ہم کو زیبا نہیں کہ ہم ایسی بات منہ سے

بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ

نکالیں ، معاذ اللہ ! یہ بہت بڑا

عَظِيْمٌ ﴿١٦﴾ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا

بہتان ہے ﴿١٦﴾ اللہ تم کو نصیحت کرتا ہے کہ

لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٧﴾ ۚ

پھر کبھی ایسا نہ کرنا اگر تم مؤمن ہو ﴿١٧﴾

وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

اللہ تم سے صاف صاف احکام بیان کرتا ہے، اور اللہ جاننے والا،

حَكِيْمٌ ﴿١٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ

حکمت والا ہے ﴿١٨﴾ بے شک جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ

تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

مسلمانوں میں بے حیائی کا چرچا ہو

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ

اُن کے لیے دنیا اور آخرت میں دردناک سزا ہے،

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٩﴾

اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ﴿١٩﴾

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ

اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اُس کی رحمت نہ ہوتی اور یہ کہ

اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ٢ ١٠ ٨

اللہ نرمی کرنے والا، رحمت کرنے والا ہے ﴿٢٠﴾ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ وَمَنْ

تم شیطان کے قدموں پر نہ چلو ، اور جو شخص

يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ

شیطان کے قدموں پر چلے گا تو وہ اُس کو

بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ

بے حیائی اور بدی ہی کے کام کرنے کو کہے گا، اور اگر تم پر اللہ کا فضل

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ

اور اُس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی شخص کبھی پاک

اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

نہ ہو سکتا لیکن اللہ ہی جس کو چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے،

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢١﴾ وَلَا يَاْتَلِ

اور اللہ سُننے والا، جاننے والا ہے ﴿٢١﴾ اور تم میں سے جو لوگ

اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ

فضل والے اور وسعت والے ہیں وہ اِس بات کی

اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ

قسم نہ کھائیں کہ وہ اپنے رشتے داروں اور مسکینوں

وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ ص

اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو نہ دیں گے،

وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ؕ اَلَا تُحِبُّوْنَ

اور چاہیے کہ وہ معاف کر دیں اور درگزر کریں، کیا تم نہیں چاہتے

اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

کہ اللہ تم کو معاف کرے ، اور اللہ بخشنے والا ،

رَّحِيْمٌ ﴿٢٢﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ

مہربان ہے ﴿٢٢﴾ بے شک جو لوگ پاک دامن ،

الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ

بے خبر ایمان والی عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں

لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ

اُن پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی گئی اور اُن کے لیے

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٣﴾ۙ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ

بڑا عذاب ہے ﴿٢٣﴾ اُس دن جب کہ اُن کی زبانیں اُن کے

اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا

خلاف گواہی دیں گی اور اُن کے ہاتھ اور اُن کے پاؤں بھی اُن

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾ يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ

کاموں کی جو کہ یہ لوگ کیا کرتے تھے ﴿٢٤﴾ اُس دن اللہ اُن کو

اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ

اُن کا واجبی بدلہ پورا پورا دے گا ، اور وہ جان لیں گے

اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ﴿٢٥﴾ اَلْخَبِيْثٰتُ

اللہ ہی حق ہے ، کھولنے والا ہے ﴿٢٥﴾ گندی عورتیں گندے

لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ

مَردوں کے لیے ہیں اور گندے مَرد گندی عورتوں کے لیے ہیں ،

وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ

اور پاک باز عورتیں پاک باز مَردوں کے لیے ہیں اور پاک باز مَرد پاک باز عورتوں

اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ؕ

کے لیے ہیں ، وہ لوگ بَری ہیں اُن باتوں سے جو یہ کہتے ہیں ،

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٦﴾ ع ٣ ٢ ٩

اُن کے لیے بخشش ہے اور عزت کی روزی ہے ﴿٢٦﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ

اے ایمان والو! تم اپنے گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں داخل

بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا

نہ ہو جب تک اجازت حاصل نہ کر لو اور گھر والوں کو سلام

عَلٰٓى اَهْلِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ

نہ کر لو ، یہ تمہارے لیے بہتر ہے تاکہ تم

تَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٧﴾ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ

یاد رکھو ﴿٢٧﴾ پھر اگر وہاں کسی کو نہ پاؤ تو اُن میں

اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ

داخل نہ ہو جب تک تم کو اجازت نہ دی جائے ،

لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا

اور اگر تم سے کہا جائے کہ لوٹ جاؤ تو تم

فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا

لوٹ جاؤ ، یہ تمہارے لیے بہتر ہے ، اور اللہ

تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿٢٨﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ

جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو ﴿٢٨﴾ تم پر اِس میں کچھ گناہ

جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ

نہیں کہ تم اُن گھروں میں داخل ہو جن میں کوئی نہ رہتا ہو

مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

(اور) اُن میں تمہارے فائدے کی کوئی چیز ہو ، اور اللہ

يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿٢٩﴾

جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ تم چھپاتے ہو ﴿٢٩﴾

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ

مؤمن مَردوں سے کہہ دیجیے کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں

وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ؕ

اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں، یہ اُن کے لیے پاکیزہ ہے،

اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَقُلْ

بے شک اللہ باخبر ہے اُس سے جو وہ کرتے ہیں ﴿٣٠﴾ اور

لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ

مؤمن عورتوں سے کہہ دیجیے کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں

وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ

اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت کو

زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ

ظاہر نہ کریں مگر جو اُس میں سے ظاہر ہو جائے اور اپنے

بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِيْنَ

دوپٹے اپنے سینے پر ڈالے رہیں ، اور اپنے زینت کو

زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ

ظاہر نہ کریں مگر اپنے شوہروں پر یا اپنے والد پر

اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ

یا اپنے شوہر کے والد پر یا اپنے بیٹوں پر یا

اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ

اپنے شوہر کے بیٹوں پر یا اپنے بھائیوں پر

بَنِيٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ

یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں پر یا اپنی بہنوں کے بیٹوں پر یا

نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ

اپنی عورتوں پر یا اپنے مملوک پر

اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ

یا ایسے خدمت گزاروں پر جو کچھ جنسی خواہش نہیں رکھتے یا

الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا

ایسے لڑکوں پر جو عورتوں کے پردے کی باتوں سے

عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۪ وَلَا يَضْرِبْنَ

ابھی ناواقف ہوں ، اور وہ اپنے پاؤں زور سے

بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ

نہ ماریں کہ اُن کی چھپی ہوئی زینت معلوم

زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا

ہو جائے ، اور اے ایمان والو ! تم سب مل کر

اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٣١﴾

اللہ کی طرف رجوع کرو تاکہ تم فلاح پاؤ ﴿٣١﴾

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ

اور تم میں جو بے نکاح ہوں اُن کا نکاح کر دو اور تمہارے

مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا

غلاموں اور لونڈیوں میں سے جو نکاح کے لائق ہوں اُن کا بھی،

فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ

اگر وہ غریب ہوں گے تو اللہ اُن کو اپنے فضل سے غنی کر دے گا،

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٣٢﴾ وَلْيَسْتَعْفِفِ

اور اللہ وسعت والا، جاننے والا ہے ﴿٣٢﴾ اور جو نکاح

الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى

کا موقع نہ پائیں اُن کو چاہیے کہ وہ ضبط کریں یہاں تک

يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ

کہ اللہ اپنے فضل سے اُن کو غنی کر دے، اور

يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

تمہارے غلاموں میں سے جو آزادی حاصل کرنا چاہتے ہوں تو

فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ

اُن سے آزادی کا معاملہ طے کرلو اگر تم اُن میں صلاحیت پاؤ،

وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ؕ

اور اُن کو اُس مال میں سے دو جو اللہ نے تمہیں دیا ہے،

وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ

اور اپنی لونڈیوں کو بدکاری کے پیشے پر مجبور نہ کرو جب کہ وہ

اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ

پاک دامن رہنا چاہتی ہوں، محض اِس لیے کہ دنیوی زندگی کا

الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ

کچھ فائدہ تم کو حاصل ہو جائے، اور جو شخص اُن کو مجبور کرے گا تو

مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۳﴾

اللہ اِس جبر کے بعد بخشنے والا، مہربان ہے ﴿۳۳﴾

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ

اور بے شک ہم نے تمہاری طرف روشن آیتیں اُتاری ہیں

وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ

اور اُن لوگوں کی مثالیں بھی جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں

وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٤﴾ ع اَللّٰهُ نُوْرُ ع ٤ ١٠

اور ڈرنے والوں کے لیے نصیحت بھی ﴿٣٤﴾ اللہ آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ

اور زمین کی روشنی ہے، اُس کی روشنی کی مثال ایسی ہے

كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ

جیسے ایک طاق اُس میں ایک چراغ ہے، چراغ ایک شیشے

فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ

کے اندر ہے، شیشہ ایسا ہے جیسے ایک چمک دار تارہ، وہ زیتون

دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ

کے ایک ایسے مبارک درخت کے تیل سے روشن کیا جاتا ہے

زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ

جو نہ شرقی ہے اور نہ غربی ، اُس کا تیل

زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ

ایسا ہے گویا آگ کے چھوئے بغیر ہی خود بخود جَل اُٹھے گا ،

نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ

روشنی کے اوپر روشنی ، اللہ اپنی روشنی کی راہ دکھاتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ

جس کو چاہتا ہے ، اور اللہ لوگوں کے لیے مثالیں بیان

لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ۙ﴿٣٥﴾

قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ

اُنہوں نے کہا: ہمارے لیے برابر ہے چاہے تم نصیحت کرو

لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ﴿١٣٦﴾ لا اِنْ هٰذَآ

یا نصیحت کرنے والوں میں سے نہ بنو ﴿١٣٦﴾ یہ تو بس

اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٣٧﴾ لا وَمَا نَحْنُ

اگلے لوگوں کی ایک عادت ہے ﴿١٣٧﴾ اور ہم پر ہرگز عذاب آنے

بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿١٣٨﴾ ج فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ط

والا نہیں ہے ﴿١٣٨﴾ پس اُنہوں نے اُس کو جھٹلا دیا پھر ہم نے اُن کو ہلاک کر دیا،

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ط وَمَا كَانَ

بے شک اِس کے اندر نشانی ہے ، اور اُن میں سے

اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٩﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ

اکثر لوگ ماننے والے نہیں ہیں ﴿١٣٩﴾ اور بے شک آپ کا رب ہی

لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٤٠﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ ع ١٨ ١١

زبردست ہے ، رحمت والا ہے ﴿١٤٠﴾ ثمود نے رسولوں کو

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٤١﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ ج صلے

جھٹلایا ﴿١٤١﴾ جب اُن کے بھائی صالح (علیہ السلام) نے

صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٤٢﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ ج

اُن سے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں ﴿١٤٢﴾ میں تمہارے لیے ایک معتبر

اَمِيْنٌ ﴿١٤٣﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٤٤﴾ لا ج

رسول ہوں ﴿١٤٣﴾ پس تم اللہ سے ڈرو اور میری بات مانو ﴿١٤٤﴾

وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ج اِنْ

اور میں تم سے اِس پر کوئی بدلہ نہیں مانگتا ، میرا

اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٤٥﴾ ط

بدلہ صرف ربُّ العالمین کے ذِمّے ہے ﴿١٤٥﴾

اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا هٰهُنَآ اٰمِنِيْنَ ﴿١٤٦﴾ لا

کیا تم کو اِن چیزوں میں بے فکری سے رہنے دیا جائے گا جو یہاں ہیں ﴿١٤٦﴾

فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿١٤٧﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا

باغوں اور چشموں میں ﴿١٤٧﴾ اور کھیتوں اور رس بھرے خوشوں

هَضِيْمٌ ﴿١٤٨﴾ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ

والی کھجوروں میں ﴿١٤٨﴾ اور تم پہاڑ کھود کر فخر کرتے ہوئے

بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ﴿١٤٩﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٥٠﴾

مکان بناتے ہو ﴿١٤٩﴾ پس اللہ سے ڈرو اور میری بات مانو ﴿١٥٠﴾

وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿١٥١﴾ الَّذِيْنَ

اور حد سے گزرنے والوں کی بات نہ مانو ﴿١٥١﴾ جو زمین میں

يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿١٥٢﴾

خرابی کرتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے ﴿١٥٢﴾

قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿١٥٣﴾

اُنہوں نے کہا: تم پر تو کسی نے جادو کردیا ہے ﴿١٥٣﴾

مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ فَاْتِ بِاٰيَةٍ

تم صرف ہمارے جیسے ایک آدمی ہو، پس تم کوئی نشانی لاؤ

اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿١٥٤﴾ قَالَ

اگر تم سچے ہو ﴿١٥٤﴾ صالح نے کہا :

هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ

یہ ایک اونٹنی ہے، اِس کے لیے پانی پینے کی ایک باری ہے اور

يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿١٥٥﴾ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ

ایک مقرر دن کی باری تمہارے لیے ہے ﴿١٥٥﴾ اور اِس کو بُرائی کے ارادے

فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥٦﴾

سے مت چھیڑنا ورنہ ایک بڑے دن کا عذاب تم کو پکڑ لے گا ﴿١٥٦﴾

فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿١٥٧﴾

پھر اُنہوں نے اُس اونٹنی کو مار ڈالا پھر افسوس کرنے والے بن کر رہ گئے ﴿١٥٧﴾

فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ

پھر اُن کو عذاب نے پکڑ لیا، بے شک اِس میں نشانی ہے،

وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٥٨﴾ وَاِنَّ

اور اُن میں سے اکثر ماننے والے نہیں ﴿١٥٨﴾ اور بے شک

رَبُّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٥٩﴾ كَذَّبَتْ ع ٨ ١٩ ١٢

آپ کا رب ہی زبردست ہے، رحمت والا ہے ﴿١٥٩﴾ لوط (علیہ السلام)

قَوْمُ لُوْطِ ِالْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٦٠﴾ اِذْ قَالَ ج صلے

کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿١٦٠﴾ جب اُن کے

لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٦١﴾ ج

بھائی لوط (علیہ السلام) نے اُن سے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں ﴿١٦١﴾

اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٦٢﴾ لا فَاتَّقُوا

میں تمہارے لیے ایک معتبر رسول ہوں ﴿١٦٢﴾ پس اللہ سے

اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٦٣﴾ ج وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ

ڈرو اور میری بات مانو ﴿١٦٣﴾ میں اِس پر تم سے کوئی

مِنْ اَجْرٍ ج اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ

بدلہ نہیں مانگتا ، میرا بدلہ تو ربُّ العالمین کے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٤﴾ ط اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ

ذِمّے ہے ﴿١٦٤﴾ کیا تم دنیا والوں میں مَردوں کے پاس

الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٥﴾ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ

جاتے ہو ﴿١٦٥﴾ اور تمہارے رب نے تمہارے لیے

رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ

جو بیویاں پیدا کی ہیں اُن کو چھوڑتے ہو ، بلکہ تم

قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿١٦٦﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ

حد سے گزر جانے والے لوگ ہو ﴿١٦٦﴾ اُنہوں نے کہا کہ

يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ﴿١٦٧﴾

اے لوط ! اگر تم باز نہ آئے تو ضرور تم نکال دیے جاؤ گے ﴿١٦٧﴾

قَالَ اِنِّيْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ ﴿١٦٨﴾ؕ

لوط (علیہ السلام) نے کہا: میں تمہارے عمل سے سخت بیزار ہوں ﴿١٦٨﴾

رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٦٩﴾

اے میرے رب! آپ مجھ کو اور میرے گھر والوں کو اِن کے عمل سے نجات دے دیجیے ﴿١٦٩﴾

فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٧٠﴾ۙ اِلَّا عَجُوْزًا

پس ہم نے اُس کو اور اُس کے سب گھر والوں کو بچا لیا ﴿١٧٠﴾ مگر ایک بڑھیا کہ وہ

فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٧١﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿١٧٢﴾

رہنے والوں میں رہ گئی ﴿١٧١﴾ پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا ﴿١٧٢﴾

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ

اور ہم نے اُن پر ایک بارش برسائی، پس کیسی بُری بارش تھی جو اُن

الْمُنْذَرِيْنَ ﴿١٧٣﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ

لوگوں پر برسی جن کو ڈرایا گیا تھا ﴿١٧٣﴾ بے شک اِس میں نشانی ہے،

وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٧٤﴾ وَاِنَّ

اور اُن میں سے اکثر ماننے والے نہیں ﴿١٧٤﴾ اور بے شک

ع ٩ ١٦ ١٣ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٧٥﴾ كَذَّبَ

آپ کا رب ہی زبردست ہے، رحمت والا ہے ﴿١٧٥﴾ ایکہ

اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٧٦﴾ اِذْ

والوں نے رسولوں کو جُھٹلایا ﴿١٧٦﴾ جب

قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٧٧﴾

شعیب (علیہ السلام) نے اُن سے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں ﴿١٧٧﴾

اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٧٨﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

میں تمہارے لیے ایک معتبر رسول ہوں ﴿١٧٨﴾ پس اللہ سے ڈرو

وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٧٩﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ

اور میری بات مانو ﴿١٧٩﴾ اور میں اِس پر تم سے کوئی

اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٨٠﴾

بدلہ نہیں مانگتا ، میرا بدلہ ربُّ العالمین کے ذِمّے ہے ﴿١٨٠﴾

اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ﴿١٨١﴾

تم لوگ پورا پورا ناپو اور نقصان دینے والوں میں سے نہ بنو ﴿١٨١﴾

وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿١٨٢﴾

اور سیدھی ترازو سے تولو ﴿١٨٢﴾

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا

اور لوگوں کو اُن کی چیزیں گھٹا کر نہ دو

فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿١٨٣﴾ وَاتَّقُوا الَّذِيْ

اور زمین میں فساد نہ پھیلاؤ ﴿١٨٣﴾ اور اُس ذات سے ڈرو

خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٨٤﴾ قَالُوْٓا

جس نے تم کو پیدا کیا ہے اور گزشتہ نسلوں کو بھی ﴿١٨٤﴾ اُنہوں نے کہا:

اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿١٨٥﴾ وَمَآ

تم پر تو کسی نے جادو کر دیا ہے ﴿١٨٥﴾ اور تم

اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ

ہمارے ہی جیسے ایک آدمی ہو اور ہم تو تم کو جھوٹے

الْكٰذِبِيْنَ ﴿١٨٦﴾ فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ

لوگوں میں سے خیال کرتے ہیں ﴿١٨٦﴾ پس ہمارے اوپر

السَّمَآءِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿١٨٧﴾

آسمان سے کوئی ٹکڑا گراؤ اگر تم سچے ہو ﴿١٨٧﴾

قَالَ رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٨٨﴾ فَكَذَّبُوْهُ

شعیب (علیہ السلام) نے کہا: میرا رب خوب جانتا ہے جو کچھ تم کر رہے ہو ﴿١٨٨﴾

فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۭ اِنَّهٗ

پس اُنہوں نے اُس کو جھٹلا دیا، پھر اُن کو بادل والے دن کے عذاب نے پکڑ لیا، بے شک وہ

كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٨٩﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

ایک بڑے دن کا عذاب تھا ﴿١٨٩﴾ بے شک اِس میں

لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٩٠﴾

نشانی ہے ، اور اُن میں سے اکثر ماننے والے نہیں ﴿١٩٠﴾

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٩١﴾ ع ١٠ ١٦ ١٤

اور بے شک آپ کا رب ہی زبردست ہے، رحمت والا ہے ﴿١٩١﴾

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٩٢﴾ ؕ نَزَلَ

اور بے شک یہ ربُّ العالمین کا اُتارا ہوا کلام ہے ﴿١٩٢﴾ اِس کو

بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿١٩٣﴾ ۙ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ

امانت دار فرشتہ لے کر اُترا ہے ﴿١٩٣﴾ آپ کے دل پر؛ تاکہ آپ

مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿١٩٤﴾ ۙ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿١٩٥﴾ ؕ استیناف ١

ڈرانے والوں میں سے بنو ﴿١٩٤﴾ صاف عربی زبان میں ﴿١٩٥﴾

وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٩٦﴾ اَوَلَمْ يَكُنْ

اور اُس کا ذکر اگلے لوگوں کی کتابوں میں ہے ﴿١٩٦﴾ اور کیا اُن کے لیے

لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ
یہ نشانی نہیں ہے کہ اُس کو بنی اسرائیل کے

اِسْرَآءِيْلَ ﴿١٩٧﴾ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ
علماء جانتے ہیں ﴿١٩٧﴾ اور اگر ہم اِس کو کسی عجمی پر

الْاَعْجَمِيْنَ ﴿١٩٨﴾ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا
اُتارتے ﴿١٩٨﴾ پھر وہ اُن کو پڑھ کر سناتا تو وہ اُس پر ایمان

بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿١٩٩﴾ كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ
لانے والے نہ بنتے ﴿١٩٩﴾ اِسی طرح ہم نے ایمان نہ لانے کو

قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٢٠٠﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ
مجرموں کے دلوں میں ڈال رکھا ہے ﴿٢٠٠﴾ یہ لوگ ایمان نہ لائیں گے

حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٢٠١﴾ فَيَاْتِيَهُمْ
جب تک سخت عذاب نہ دیکھ لیں ﴿٢٠١﴾ پس وہ اُن پر

بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٠٢﴾ فَيَقُوْلُوْا
اچانک آجائے گا اور اُن کو خبر بھی نہ ہوگی ﴿٢٠٢﴾ پھر وہ کہیں گے

هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾ اَفَبِعَذَابِنَا

کہ کیا ہم کو کچھ مہلت مل سکتی ہے ﴿٢٠٣﴾ کیا وہ ہمارے عذاب کو

يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٢٠٤﴾ اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ

جلد مانگ رہے ہیں ﴿٢٠٤﴾ بتاؤ کہ اگر ہم اُن کو چند سال تک فائدہ پہونچاتے

سِنِيْنَ ﴿٢٠٥﴾ ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿٢٠٦﴾

رہیں ﴿٢٠٥﴾ پھر اُن پر وہ چیز آجائے جس سے اُنہیں ڈرایا جارہا ہے ﴿٢٠٦﴾

مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ﴿٢٠٧﴾

تو یہ فائدہ مندی اُن کے کس کام آئے گی ﴿٢٠٧﴾

وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ ﴿٢٠٨﴾

اور ہم نے کسی بستی کو بھی ہلاک نہیں کیا مگر اُس کے لیے ڈرانے والے تھے ﴿٢٠٨﴾

مع ذِكْرٰى ۛ وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٢٠٩﴾ وَمَا تَنَزَّلَتْ

یاد دلانے کے لیے، اور ہم ظالم نہیں ہیں ﴿٢٠٩﴾ اور اُس کو شیطان

بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢١٠﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ

لے کر نہیں اُترے ہیں ﴿٢١٠﴾ نہ یہ اُن کے لیے لائق ہے،

وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٢١١﴾ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ

اور نہ وہ ایسا کر سکتے ہیں ﴿٢١١﴾ وہ اُس کو سُننے سے روک

لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿٢١٢﴾ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ

دیے گئے ہیں ﴿٢١٢﴾ پس آپ اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو

اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿٢١٣﴾

نہ پُکاریئے کہ آپ بھی سزا پانے والوں میں سے ہو جائیں ﴿٢١٣﴾

وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿٢١٤﴾

اور اپنے قریبی رشتے داروں کو ڈرایئے ﴿٢١٤﴾

وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ

اور اُن لوگوں کے لیے اپنے بازو جھکائے رکھیے جو مؤمنین میں داخل ہو کر

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢١٥﴾ فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّيْ

آپ کی پیروی کریں ﴿٢١٥﴾ پس اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو کہہ دیجیے

بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٢١٦﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى

کہ جو کچھ تم کر رہے ہو میں اُس سے بَری ہوں ﴿٢١٦﴾ اور بھروسہ رکھیے

الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿٢١٧﴾ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ

اُس اللہ پر جو زبردست ہے، مہربان ہے ﴿٢١٧﴾ جو دیکھتا ہے آپ کو جب

تَقُوْمُ ﴿٢١٨﴾ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿٢١٩﴾

کہ آپ اُٹھتے ہو ﴿٢١٨﴾ اور نمازیوں کے ساتھ آپ کی نقل و حرکت کو ﴿٢١٩﴾

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٢٢٠﴾ هَلْ

بے شک وہ سُننے والا ، جاننے والا ہے ﴿٢٢٠﴾ کیا

اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢٢١﴾

میں تمہیں بتاؤں کہ شیاطین کس پر اُترتے ہیں ﴿٢٢١﴾

تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿٢٢٢﴾ يُّلْقُوْنَ

وہ ہر جھوٹے گنہ گار پر اُترتے ہیں ﴿٢٢٢﴾ وہ کان

السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿٢٢٣﴾ وَالشُّعَرَآءُ

لگاتے ہیں اور اُن میں سے اکثر جھوٹے ہیں ﴿٢٢٣﴾ اور شاعروں

يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿٢٢٤﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ

کے پیچھے بے راہ لوگ چلتے ہیں ﴿٢٢٤﴾ کیا آپ نہیں دیکھتے کہ وہ

كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ۙ﴿٢٢٥﴾ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ

ہر وادی میں بھٹکتے ہیں ﴿٢٢٥﴾ اور وہ کہتے ہیں

مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ۙ﴿٢٢٦﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

جو وہ خود نہیں کرتے ﴿٢٢٦﴾ مگر جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا

اور اچھے کام کیے اور اُنہوں نے اللہ کو بہت یاد کیا

وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ؕ وَسَيَعْلَمُ

اور اُنہوں نے بدلہ لیا بعد اِس کے کہ اُن پر ظلم ہوا، اور ظلم کرنے

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْۤا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿٢٢٧﴾ ع ١١ ٣٦ ١٥

والوں کو جلد معلوم ہو جائے گا کہ اُن کو کیسی جگہ لوٹ کر جانا ہے ﴿٢٢٧﴾

سورۂ نمل مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (٩٣) آیتیں اور (٧) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٤٨) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٢٧) نمبر پر ہے اور سورۂ شعراء کے بعد نازل ہوئی ہے۔

| اس میں (١٣١٧) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اس میں (٤٧٩٩) حروف ہیں |
|---|---|---|

طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ

طٰسٓ ، یہ آیتیں ہیں قرآن کی اور ایک واضح

مُّبِيْنٍ ۙ﴿١﴾ هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ﴿٢﴾

کتاب کی ﴿١﴾ رہنمائی اور خوش خبری ایمان والوں کے لیے ﴿٢﴾

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ

جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ

الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿٣﴾

دیتے ہیں اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں ﴿٣﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا

جولوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُن کے کاموں کو ہم نے اُن

لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿٤﴾ اُولٰٓئِكَ

کے لیے خوش نما بنا دیا ہے، پس وہ بھٹک رہے ہیں ﴿٤﴾ یہ لوگ

الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِي

ہیں جن کے لیے بُری سزا ہے اور وہ

الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿٥﴾ وَاِنَّكَ

آخرت میں سخت خسارے میں ہوں گے ﴿٥﴾ اور بے شک

لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ
قرآن آپ کو ایک حکمت والے، جاننے والے کی طرف سے

عَلِيْمٍ ۝٦ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّيْٓ
دیا جا رہا ہے ۝٦ جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے گھر والوں سے کہا

اٰنَسْتُ نَارًا ؕ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ
کہ میں نے ایک آگ دیکھی ہے، میں وہاں سے کوئی خبر

اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ
لاتا ہوں یا آگ کا کوئی انگارا لاتا ہوں تاکہ تم گرمی

تَصْطَلُوْنَ ۝٧ فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ
حاصل کرو ۝٧ پھر جب وہ اُس کے پاس پہونچے تو آواز دی گئی

بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ
کہ مبارک ہے وہ جو آگ میں ہے اور جو اُس کے پاس ہے،

وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٨ يٰمُوْسٰٓى
اور پاک ہے اللہ جو سارے جہانوں کا رب ہے ۝٨ اے موسیٰ!

اِنَّهٗۤ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۙ﴿٩﴾

یہ میں ہوں اللہ، زبردست اور حکمت والا ﴿٩﴾

وَاَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا

اور تم اپنا عصا ڈال دو، پھر جب اُس نے اُس کو اِس طرح حرکت کرتے

جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ؕ يٰمُوْسٰى

دیکھا جیسے وہ سانپ ہو تو وہ پیچھے کو مُڑا اور پلٹ کر نہ دیکھا، اے موسیٰ!

لَا تَخَفْ ۫ قف اِنِّىْ لَا يَخَافُ لَدَىَّ

ڈرو نہیں ، میرے حضور پیغمبر ڈرا نہیں

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿١٠﴾ ق صلے اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ

کرتے ﴿١٠﴾ مگر جس نے زیادتی کی پھر اُس نے بُرائی کے بعد

حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّىْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١﴾

اُس کو بھلائی سے بدل دیا، تو میں بخشنے والا، مہربان ہوں ﴿١١﴾

وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِىْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ

اور تم اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈالو، وہ کسی عیب کے بغیر

مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ؕ فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ

سفید نکلے گا ، یہ دونوں مل کر نو نشانیوں کے ساتھ فرعون

وَقَوْمِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿١٢﴾

اور اُس کی قوم کے پاس جاؤ، بے شک وہ نافرمان لوگ ہیں ﴿١٢﴾

فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا

پس جب اُن کے پاس ہماری واضح نشانیاں آئیں تو اُنہوں نے کہا

هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٣﴾ ۚ وَجَحَدُوْا بِهَا

کہ یہ کُھلا ہوا جادو ہے ﴿١٣﴾ اور اُنہوں نے ظلم

وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ؕ

اور گھمنڈ کی وجہ سے اُن کا انکار کیا؛ حالانکہ اُن کے دلوں نے اُن

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿١٤﴾ ع ١٤ ١ ١٦

کا یقین کرلیا تھا، پس دیکھیے کیسا برا انجام ہوا فساد پھیلانے والوں کا ﴿١٤﴾

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ

اور ہم نے داؤد اور سلیمان (علیہما السلام) کو علم عطا کیا

وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ فَضَّلَنَا عَلٰی

اور اُن دونوں نے کہا کہ شکر ہے اللہ کے لیے جس نے ہم کو

كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٥﴾

اپنے بہت سے ایمان والے بندوں پر فضیلت عطا فرمائی ﴿١٥﴾

وَ وَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ يٰۤاَيُّهَا

اور داؤد (علیہ السلام) کے وارث سلیمان (علیہ السلام) ہوئے اور کہا کہ

النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا

اے لوگو! ہم کو پرندوں کی بولی سکھائی گئی ہے اور ہم کو

مِنْ كُلِّ شَیْءٍ ؕ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ

ہر قسم کی چیز دی گئی ہے، بے شک یہ کُھلا ہوا

الْمُبِيْنُ ﴿١٦﴾ وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ

فضل ہے ﴿١٦﴾ اور سلیمان (علیہ السلام) کے لیے اُس کا لشکر

مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ

جمع کیا گیا جِن اور انسان اور پرندے پھر اُن کی

يُوْزَعُوْنَ ﴿١٧﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ

جماعتیں بنائی جاتیں ﴿١٧﴾ یہاں تک کہ جب وہ چیونٹیوں کی

النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ

وادی پر پہونچے تو ایک چیونٹی نے کہا : اے چیونٹیو !

ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ

اپنے سوراخوں میں داخل ہوجاؤ کہیں ایسا نہ ہو کہ سلیمان (علیہ السلام)

سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٨﴾

اور اُس کا لشکر تم کو کچل ڈالیں اور اُن کو خبر بھی نہ ہو ﴿١٨﴾

فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ

پس سلیمان (علیہ السلام) اُس کی بات پر مسکراتے ہوئے ہنس پڑے اور کہا:

رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ

اے میرے رب ! مجھے توفیق دیجیے کہ میں آپ کی نعمت کا شکر

الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ

کروں جو آپ نے مجھ پر اور میرے والدین پر کی ہے

وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ

اور یہ کہ میں نیک کام کروں جو آپ کو پسند ہو اور اپنی

بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٩﴾

رحمت سے آپ مجھ کو اپنے نیک بندوں میں داخل فرما دیجیے ﴿١٩﴾

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَالِيَ لَآ اَرَى

اور سلیمان (علیہ السلام) نے پرندوں کا جائزہ لیا تو کہا: کیا بات ہے کہ

الْهُدْهُدَ ۫ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآىِٕبِيْنَ ﴿٢٠﴾

میں ہدہد کو نہیں دیکھ رہا ہوں، کیا وہ کہیں غائب ہو گیا ہے؟ ﴿٢٠﴾

لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ لَاَاْذْبَحَنَّهٗٓ

میں اُس کو سخت سزا دوں گا یا اُس کو ذبح کر دوں گا

اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢١﴾ فَمَكَثَ

یا وہ میرے سامنے کوئی صاف حجّت لائے ﴿٢١﴾ زیادہ دیر نہیں

غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ

گزری تھی کہ اُس نے آ کر کہا کہ میں ایک چیز کی خبر لایا ہوں جس کی آپ کو خبر نہ تھی

بِهٖ وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ﴿٢٢﴾

اور میں ''سبا'' سے ایک یقینی خبر لے کر آیا ہوں ﴿٢٢﴾

اِنِّيْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَاُوْتِيَتْ

میں نے پایا کہ ایک عورت اُن پر بادشاہت کرتی ہے

مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٣﴾

اور اُس کو سب چیز ملی ہوئی ہے اور اُس کا ایک بڑا تخت ہے ﴿٢٣﴾

وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ

میں نے اُس کو اور اُس کی قوم کو پایا کہ سورج کو سجدہ کرتے ہیں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ

اللہ کے سِوا ، اور شیطان نے اُن کے اعمال اُن کے لیے

اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ

خوش نما بنادیے پھر اُن کو راستے سے روک دیا پس

فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿٢٤﴾ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ

وہ راہ نہیں پاتے ﴿٢٤﴾ (اِس بات کی طرف کہ) وہ اللہ کو سجدہ کریں

الَّذِیْ یُخْرِجُ الْخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ

جو آسمانوں اور زمین کی چھپی ہوئی چیز کو نکالتا ہے

وَالْاَرْضِ وَیَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا

اور وہ جانتا ہے جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم ظاہر

تُعْلِنُوْنَ ﴿٢٥﴾ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ

کرتے ہو ﴿٢٥﴾ وہ اللہ کہ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں

الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿٢٦﴾ قَالَ سَنَنْظُرُ

جو عرشِ عظیم کا مالک ہے ﴿٢٦﴾ سلیمان (علیہ السلام) نے کہا کہ ہم

اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِیْنَ ﴿٢٧﴾

دیکھیں گے کہ تم نے سچ کہا یا تم جھوٹوں میں سے ہو ﴿٢٧﴾

اِذْهَبْ بِّكِتٰبِیْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَیْهِمْ ثُمَّ

میرا یہ خط لے کر جاؤ پھر اُس کو اُن لوگوں کی طرف ڈال دو پھر اُن

تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا یَرْجِعُوْنَ ﴿٢٨﴾

سے ہٹ جانا، پھر دیکھنا کہ وہ کیا ردِّعمل ظاہر کرتے ہیں ﴿٢٨﴾

قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْٓ اُلْقِيَ اِلَيَّ

ملکۂ سبا نے کہا کہ اے دربار والو ! میری طرف ایک

كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٩﴾ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ

اہمیت والا خط ڈالا گیا ہے ﴿٢٩﴾ وہ سلیمان کی طرف سے ہے

وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿٣٠﴾ لا

اور وہ ہے شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے ﴿٣٠﴾

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿٣١﴾ ع ٢ ١٧ ١٧

کہ تم میرے مقابلے میں سرکشی نہ کرو اور فرماں بردار ہو کر میرے پاس آجاؤ ﴿٣١﴾

قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْٓ

ملکہ نے کہا کہ اے درباریو ! میرے معاملے میں مجھے

اَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى

رائے دو ، میں کسی معاملے کا فیصلہ نہیں کرتی جب تک تم

تَشْهَدُوْنِ ﴿٣٢﴾ قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ

لوگ موجود نہ ہو ﴿٣٢﴾ اُنہوں نے کہا: ہم لوگ طاقت والے ہیں

وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ

اور سخت لڑائی والے ہیں ، اور فیصلہ آپ کے اختیار میں ہے

فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿٣٣﴾ قَالَتْ اِنَّ

پس آپ دیکھ لیں کہ آپ کیا حکم دیتی ہیں ﴿٣٣﴾ ملکہ نے کہا کہ

الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا

بادشاہ لوگ جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اُس کو خراب کر دیتے

وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ۚ وَكَذٰلِكَ

ہیں اور اُس کے عزّت والوں کو ذلیل کر دیتے ہیں ، اور یہی یہ

يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَاِنِّيْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ

لوگ کریں گے ﴿٣٤﴾ اور میں اُن کی طرف ایک ہدیہ بھیجتی ہوں

فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا

پھر دیکھتی ہوں کہ سفیر کیا جواب لاتے ہیں ﴿٣٥﴾ پھر جب سفیر

جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ ۚ

سلیمان (علیہ السلام) کے پاس پہونچا تو اُس نے کہا: کیا تم لوگ مال سے میری مدد کرنا چاہتے ہو؟

فَمَآ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ

پس اللہ نے جو کچھ مجھے دیا ہے وہ اُس سے بہتر ہے جو اُس نے تم کو دیا ہے؛ بلکہ

اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿٣٦﴾ اِرْجِعْ

تم ہی اپنے تحفے سے خوش ہو ﴿٣٦﴾ اُن کے پاس واپس جاؤ،

اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ

ہم اُن پر ایسے لشکر لے کر آئیں گے جن کا مقابلہ وہ نہ کر سکیں

لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً

گے اور ہم اُن کو وہاں سے بے عزّت کر کے نکال دیں گے

وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ قَالَ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا

اور وہ رُسوا ہوں گے ﴿٣٧﴾ سلیمان (علیہ السلام) نے کہا کہ اے دربار والو! تم میں

اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ

سے کون اُس کا تخت میرے پاس لاتا ہے اِس سے پہلے کہ وہ لوگ فرماں

مُسْلِمِيْنَ ﴿٣٨﴾ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ

بردار ہو کر میرے پاس آئیں ﴿٣٨﴾ جِنّات میں سے ایک دیو نے کہا:

الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ

میں اُس کو آپ کے پاس لے آؤں گا اِس سے پہلے کہ آپ

مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ

اپنی جگہ سے اُٹھیں ، اور میں اِس پر قدرت رکھنے والا ،

اَمِيْنٌ ﴿٣٩﴾ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ

امانت دار ہوں ﴿٣٩﴾ جس کے پاس کتاب کا ایک علم تھا اُس نے کہا:

الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ

میں آپ کے پاس آپ کے پلک جھپکنے سے پہلے

اِلَيْكَ طَرْفُكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا

اُس کو لا دوں گا ، پھر جب اُس نے تخت کو اپنے پاس رکھا ہوا

عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ قف

دیکھا تو اُس نے کہا : یہ میرے رب کا فضل ہے ؛

لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ؕ وَمَنْ شَكَرَ

تا کہ وہ مجھے جانچے کہ میں شکر ادا کرتا ہوں یا ناشکری کرتا ہوں ، اور جو شخص شکر کرے

فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ

تو اپنے ہی لیے شکر کرتا ہے اور جو شخص ناشکری کرے تو

رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ﴿٤٠﴾ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا

میرا رب بے نیاز ہے، کرم کرنے والا ہے ﴿٤٠﴾ سلیمان (علیہ السلام) نے کہا

عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِيْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ

کہ اُس کے تخت کا روپ بدل دو، دیکھیں وہ سمجھ پاتی ہے یا اُن لوگوں

الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿٤١﴾ فَلَمَّا جَآءَتْ

میں سے ہو جاتی ہے جن کو سمجھ نہیں ﴿٤١﴾ پس جب وہ آئی تو کہا گیا:

قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ

کیا تمہارا تخت ایسا ہی ہے؟ اُس نے کہا: گویا کہ یہ وہی ہے،

هُوَ ۚ وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا

اور ہم کو اِس سے پہلے معلوم ہو چکا تھا اور ہم فرماں برداروں

مُسْلِمِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ

میں تھے ﴿٤٢﴾ اور اُس کو روک رکھا تھا اُن چیزوں نے جن کو وہ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ

اللہ کے سوا پوجتی تھی ، یقیناً وہ منکر لوگوں میں سے

كٰفِرِيْنَ ﴿٤٣﴾ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ

تھی ﴿٤٣﴾ اُس سے کہا گیا کہ محل میں داخل ہو جاؤ ،

فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ

پس جب اُس نے دیکھا تو اُس نے خیال کیا کہ وہ گہرا پانی ہے اور اپنی

عَنْ سَاقَيْهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ

دونوں پنڈلیاں کھول دیں، سلیمان (علیہ السلام) نے کہا: یہ تو ایک محل ہے جو

مِّنْ قَوَارِيْرَ ؕ قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ

شیشوں سے بنایا گیا ہے، اُس نے کہا کہ اے میرے رب! میں نے

نَفْسِيْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ

اپنی جان پر ظلم کیا اور میں سلیمان کے ساتھ ہو کر اللہ ربُّ العالمین

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٤﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى ثَمُوْدَ ع ٣ ١٣ ١٨

پر ایمان لائی ﴿٤٤﴾ اور ہم نے ثمود کی طرف اُن کے

اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا

بھائی صالح (علیہ السلام) کو بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو، پھر وہ

هُمْ فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٤٥﴾ قَالَ يٰقَوْمِ

دو گروہ بن کر آپس میں جھگڑنے لگے ﴿٤٥﴾ اُس نے کہا کہ اے میری قوم!

لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ

تم بھلائی سے پہلے بُرائی کے لیے کیوں جلدی کر رہے ہو،

لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿٤٦﴾

تم اللہ سے معافی کیوں نہیں چاہتے کہ تم پر رحم کیا جائے ﴿٤٦﴾

قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ؕ قَالَ

اُنہوں نے کہا: ہم تو تم کو اور تمہارے ساتھ والوں کو منحوس سمجھتے ہیں، اُس نے کہا:

طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ

تمہاری بُری قسمت اللہ کے پاس ہے؛ بلکہ تم تو

تُفْتَنُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ

آزمائے جا رہے ہو ﴿٤٧﴾ اور شہر میں نو خاندان تھے

يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿٤٨﴾

جو زمین میں فساد مچاتے تھے اور اصلاح کا کام نہ کرتے تھے ﴿٤٨﴾

قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ

اُنہوں نے کہا کہ تم لوگ اللہ کی قسم کھاؤ کہ ہم اُس کو اور اُس کے لوگوں کو چپکے

ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ

سے ہلاک کر دیں گے پھر اُس کے ولی سے کہہ دیں گے کہ ہم اُس کے گھر والوں

اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا

کی ہلاکت کے وقت موجود نہ تھے، اور بے شک ہم سچے ہیں ﴿٤٩﴾ اور اُنہوں نے ایک تدبیر کی

وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٠﴾

اور ہم نے بھی ایک تدبیر کی اور اُن کو خبر بھی نہ ہوئی ﴿٥٠﴾

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ

پس دیکھیے کیسا ہوا اُن کی تدبیر کا انجام ،

اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٥١﴾

ہم نے اُن کو اور اُن کی پوری قوم کو ہلاک کر دیا ﴿٥١﴾

فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوْا ؕ

پس یہ ہیں اُن کے گھر ویران پڑے ہوئے اُن کے ظلم کے سبب سے،

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٥٢﴾

بے شک اِس میں سبق ہے اُن لوگوں کے لیے جو جانیں ﴿٥٢﴾

وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿٥٣﴾

اور ہم نے اُن لوگوں کو بچا لیا جو ایمان لائے اور جو ڈرتے تھے ﴿٥٣﴾

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ

اور لوط (علیہ السلام) کو جب کہ اُس نے اپنی قوم سے کہا کہ کیا تم بے حیائی

وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿٥٤﴾ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ

کرتے ہو حالانکہ تم دیکھتے ہو ﴿٥٤﴾ کیا تم مَردوں کے ساتھ

شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ

شہوت پوری کرتے ہو عورتوں کو چھوڑ کر ؛ بلکہ تم لوگ

قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿٥٥﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ

بے سمجھ ہو ﴿٥٥﴾ پھر اُس کی قوم کا جواب

اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ

اِس کے سوا کچھ نہ تھا کہ اُنہوں نے کہا کہ لوط کے گھر والوں کو

قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿٥٦﴾

اپنی بستی سے نکال دو، یہ لوگ پاک صاف بنتے ہیں ﴿٥٦﴾

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ز قَدَّرْنٰهَا

پھر ہم نے اُس کو اور اُس کے لوگوں کو نجات دی سوائے اُس کی بیوی کے جس کا

مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٥٧﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ

پیچھے رہ جانا ہم نے طے کر دیا تھا ﴿٥٧﴾ اور ہم نے اُن پر برسایا ایک ہولناک

مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٥٨﴾ ع قُلِ ع ١٤ ١٩

برسانا، پس کیسا بُرا برساؤ تھا اُن پر جن کو آگاہ کیا جا چکا تھا ﴿٥٨﴾ کہہ دیجیے کہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ

تعریف ہے اللہ کے لیے اور سلام اُس کے اُن بندوں پر جن کو

اصْطَفٰى ط ءٰٓاللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٩﴾ ط

اُس نے چُن لیا، کیا اللہ بہتر ہے یا وہ جن کو وہ شریک کرتے ہیں ﴿٥٩﴾

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ

بھلا وہ کون ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور

لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ

تمہارے لیے آسمان سے پانی اُتارا، پھر ہم نے اُس سے

حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ

رونق والے باغ اُگائے، تمہارے بس میں نہ تھا کہ

اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ

تم اُن کے درختوں کو اُگا سکتے، کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟

بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ؕ ﴿٦٠﴾ اَمَّنْ جَعَلَ

بلکہ وہ راہ سے ہٹ جانے والے لوگ ہیں ﴿٦٠﴾ بھلا کس نے

الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا

زمین کو ٹھہرنے کے لائق بنایا اور اُس کے درمیان ندیاں جاری کیں

وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ

اور اُس کے لیے اُس نے پہاڑ بنائے اور دو سمندروں کے درمیان

حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

پردہ ڈال دیا، کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ بلکہ اُن کے اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾ ؕ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ

نہیں جانتے ﴿٦١﴾ کون ہے جو بے بس کی پکار کو سُنتا ہے

اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ

اور اُس کے دُکھ کو دور کر دیتا ہے اور تم کو زمین کا جانشین

خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ

بناتا ہے ، کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے ؟

قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾ ؕ اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ

تم بہت کم نصیحت پکڑتے ہو ﴿٦٢﴾ کون ہے جو تم کو خشکی اور سمندر

فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ

کے اندھیروں میں راستہ دِکھاتا ہے اور کون اپنی رحمت کے

الرِّيٰحَ بُشْرًا ۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ

آگے ہواؤں کو خوش خبری لانے والا بنا کر بھیجتا ہے، کیا اللہ کے

مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٣﴾

ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ اللہ بہت برتر ہے اُس سے جن کو وہ شریک ٹھہراتے ہیں ﴿٦٣﴾

اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ

کون ہے جو پیدائش کی ابتدا کرتا ہے اور پھر اُسے دوبارہ لوٹاتا ہے

يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ

اور کون تم کو آسمان اور زمین سے روزی دیتا ہے، کیا اللہ کے ساتھ

مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ

کوئی اور معبود ہے ؟ کہہ دیجیے کہ اپنی دلیل لاؤ اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٦٤﴾ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ

تم سچے ہو ﴿٦٤﴾ کہہ دیجیے کہ اللہ کے سوا

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ

آسمانوں اور زمین میں کوئی غیب کا علم نہیں رکھتا،

وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٦٥﴾

اور وہ نہیں جانتے کہ وہ کب اُٹھائے جائیں گے ﴿٦٥﴾

بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ قف بَلْ هُمْ فِيْ

بلکہ آخرت کے باب میں اُن کا علم اُلجھ گیا ہے؛ بلکہ وہ اُس کی

شَكٍّ مِّنْهَا ۚ قف بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ ع ٨ ٥

طرف سے شک میں ہیں بلکہ وہ اُس سے اندھے ہیں ﴿٦٦﴾

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا

اور انکار کرنے والوں نے کہا: کیا جب ہم مٹّی ہو جائیں گے

وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿٦٧﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا

اور ہمارے باپ دادا بھی تو کیا ہم (زمین سے) نکالے جائیں گے؟ ﴿٦٧﴾ اِس کا وعدہ

هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ

ہمیں بھی دیا گیا اور اِس سے پہلے ہمارے باپ دادا کو بھی، یہ

اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ قُلْ سِيْرُوْا

محض اگلوں کی کہانیاں ہیں ﴿٦٨﴾ کہہ دیجیے کہ

فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

زمین میں چلو پھرو پس دیکھو کہ مجرموں کا

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٦٩﴾ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ

انجام کیا ہوا ﴿٦٩﴾ اور آپ اُن پر غم نہ کریں

وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾

اور دل تنگ نہ کریں اُن تدبیروں پر جو وہ کر رہے ہیں ﴿٧٠﴾

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب ہے اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿٧١﴾ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ

سچے ہو ﴿٧١﴾ کہہ دیجیے کہ جس چیز کی تم جلدی کر رہے ہو

لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٧٢﴾

شاید اُس میں سے کچھ تمہارے پاس آلگا ہو ﴿٧٢﴾

وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ

اور بے شک آپ کا رب لوگوں پر بڑے فضل والا ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَاِنَّ

مگر اُن میں سے اکثر شکر نہیں کرتے ﴿٧٣﴾ اور بے شک

رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ

آپ کا رب خوب جانتا ہے جو اُن کے سینے چھپائے ہوئے ہیں

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٤﴾ وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِي

اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں ﴿٧٤﴾ اور آسمان اور زمین کی کوئی

السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٥﴾

پوشیدہ چیز نہیں ہے جو ایک واضح کتاب میں درج نہ ہو ﴿٧٥﴾

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

بے شک یہ قرآن بنی اسرائیل پر بہت سی چیزوں کو

اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٧٦﴾

واضح کر رہا ہے جن میں وہ اختلاف رکھتے ہیں ﴿٧٦﴾

وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٧﴾

اور وہ ہدایت اور رحمت ہے ایمان والوں کے لیے ﴿٧٧﴾

اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ

بے شک آپ کا رب اپنے حکم کے ذریعے اُن کے درمیان فیصلہ کرے گا،

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿٧٨﴾ فَتَوَكَّلْ عَلَى

اور وہ زبردست ہے، جاننے والا ہے ﴿٧٨﴾ پس اللہ پر بھروسہ

اللّٰهِ ؕ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ﴿٧٩﴾ اِنَّكَ

کیجیے ، بے شک آپ واضح حق پر ہیں ﴿٧٩﴾ آپ

لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ

نہ مُردوں کو سُنا سکتے ہو اور نہ آپ بہروں کو

الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿٨٠﴾ وَمَآ

اپنی پُکار سُنا سکتے ہو جب کہ وہ پیٹھ پھیر کر چلے جائیں ﴿٨٠﴾ اور نہ

اَنْتَ بِهٰدِى الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ

آپ اندھوں کو اُن کی گمراہی سے بچا کر راستہ دکھانے والے ہو،

اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ

آپ تو صرف اُن کو سُنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں پھر

مُّسْلِمُوْنَ ﴿٨١﴾ وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ

فرماں بردار بن جاتے ہیں ﴿٨١﴾ اور جب اُن پر بات آ پڑے گی

اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ

تو ہم اُن کے لیے زمین سے ایک جانور نکالیں گے جو اُن سے

اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿٨٢﴾ ع ٦ ١٦ ٢

کلام کرے گا کہ لوگ ہماری آیتوں پر یقین نہیں رکھتے تھے ﴿٨٢﴾

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ

اور جس دن ہم ہر اُمّت میں سے ایک گروہ اُن لوگوں کا جمع کریں گے

يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿٨٣﴾ حَتّٰۤى

جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے پھر اُن کی جماعت بندی کی جائے گی ﴿٨٣﴾ یہاں تک

اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ

کہ جب وہ آجائیں گے تو اللہ پوچھے گا کہ کیا تم ہی نے میری آیتوں کو جھٹلایا

تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّا ذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾

حالانکہ تمہارا علم اُن کا احاطہ بھی نہ کر سکا، یا بولو کہ تم کیا کرتے تھے ﴿٨٤﴾

وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ

اور اُن پر بات پوری ہو جائے گی اِس وجہ سے کہ اُنہوں نے ظلم کیا، پس وہ

لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٨٥﴾ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا

کچھ نہ بول سکیں گے ﴿٨٥﴾ کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے رات بنائی

الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ

تاکہ لوگ اُس میں آرام کریں اور دن (بنایا) کہ اُس میں دیکھیں،

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٨٦﴾

بے شک اِس میں نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے جو یقین کرتے ہیں ﴿٨٦﴾

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ

اور جس دن صور پھونکا جائے گا تو گھبرا اُٹھیں گے

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا

جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں مگر وہ جس کو اللہ

مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿٨٧﴾

چاہے، اور سب چلے آئیں گے اُس کے آگے عاجزی سے ﴿٨٧﴾

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً

اور آپ پہاڑوں کو دیکھ کر گمان کرتے ہو کہ وہ جمے ہوئے ہیں

وَهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ

اور وہ چلیں گے جیسے بادل ، یہ اللہ کی کاریگری ہے

الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ؕ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ

جس نے ہر چیز کو پختہ بنایا ہے ، بے شک وہ جانتا ہے

بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٨٨﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ

جو تم کرتے ہو ﴿٨٨﴾ جو شخص بھلائی لے کر آئے گا تو اُس

فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ

کے لیے اُس سے بہتر ہے ، اور وہ اُس دن گھبراہٹ سے

اٰمِنُوْنَ ﴿٨٩﴾ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ

محفوظ ہوں گے ﴿٨٩﴾ اور جو شخص بُرائی لے کر آیا تو ایسے لوگ

وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ؕ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

اوندھے منہ آگ میں ڈال دیے جائیں گے ، تم وہی بدلہ پا رہے

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٠﴾ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ

ہو جو تم کرتے تھے ﴿٩٠﴾ مجھ کو یہی حکم دیا گیا ہے کہ

اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِیْ حَرَّمَهَا

میں اِس شہر کے رب کی عبادت کروں جس نے اُس کو محترم ٹھہرایا

وَلَهٗ كُلُّ شَیْءٍ ز وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ

اور ہر چیز اُسی کی ہے، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرماں برداری

مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۙ﴿۹۱﴾ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ

کرنے والوں میں سے بنوں ﴿۹۱﴾ اور یہ کہ میں قرآن کی تلاوت کروں،

فَمَنِ اهْتَدٰی فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ۚ

پھر جو شخص راہ پر آئے گا تو وہ اپنے لیے راہ پر آئے گا،

وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِیْنَ ﴿۹۲﴾

اور جو گمراہ ہوا تو کہہ دیجیے کہ میں تو صرف ڈرانے والوں میں سے ہوں ﴿۹۲﴾

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَیُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا ؕ

اور کہہ دیجیے کہ سب تعریف اللہ کے لیے ہے، وہ تم کو اپنی نشانیاں دکھائے گا تو تم اُن کو

وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ ع ۱۱ ۷ ۳

پہچان لوگے، اور تمہارا رب اُس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو ﴿۹۳﴾

(سورۃ قصص مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (٥٢) سے (٥٥) تک مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں اور آیت (٨٥) ہجرت کے وقت جحفہ میں نازل ہوئی اس میں (٨٨) آیتیں اور (٩) رکوع ہیں نازل ہونے کے اعتبار سے (٤٩) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٢٨) نمبر پر ہے اور سورۃ نمل کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (٤٤١) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٥٨٠٠) حروف ہیں |
|---|---|---|

طٰسٓمٓ ① تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ

طٰسٓمٓ ① یہ واضح کتاب کی آیتیں

الْمُبِيْنِ ② نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ

ہیں ② ہم موسیٰ (علیہ السلام) اور فرعون کا کچھ حال آپ کو

مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ

ٹھیک ٹھیک سناتے ہیں اُن لوگوں کے لیے

يُّؤْمِنُوْنَ ③ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي

جو ایمان لائیں ③ بے شک فرعون نے زمین میں

الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا

سرکشی کی اور اُس نے اُس کے رہنے والوں کو گروہوں میں تقسیم کر دیا،

يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ

اُن میں سے ایک گروہ کو اُس نے کمزور کر رکھا تھا، وہ اُن کے لڑکوں کو

اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ

ذبح کرتا تھا اور اُن کی عورتوں کو زندہ رکھتا تھا ، بے شک

كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝٤ وَنُرِيْدُ اَنْ

وہ فساد کرنے والوں میں سے تھا ۝٤ اور ہم چاہتے تھے کہ اُن

نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِى الْاَرْضِ

لوگوں پر احسان کریں جو زمین میں کمزور کردیے گئے تھے

وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝٥

اور اُن کو پیشوا بنائیں اور اُن کو وارث بنادیں ۝٥

وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِى الْاَرْضِ وَنُرِىَ فِرْعَوْنَ

اور اُن کو زمین میں اقتدار عطا کریں اور فرعون

وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا

اور ہامان اور اُن کی فوجوں کو اُن سے وہی دکھادیں جس سے وہ

يَحْذَرُوْنَ ۝٦ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى

ڈرتے تھے ۝٦ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کی والدہ کو الہام کیا

اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ

کہ اُس کو دودھ پلاؤ ، پھر جب تم کو اُس کے متعلق

فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ

ڈر ہو تو اُس کو دریا میں ڈال دو اور نہ اندیشہ کرو اور نہ غمگین ہو،

اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ

ہم اُس کو تمہارے پاس لوٹا کر لائیں گے اور اُس کو پیغمبروں

الْمُرْسَلِيْنَ ۝٧ فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ

میں سے بنائیں گے ۝٧ پھر اُس کو فرعون کے گھر والوں نے اُٹھا لیا

لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ؕ اِنَّ

تا کہ وہ اُن کے لیے دشمن ہو اور غم کا باعث بنے ، بے شک

فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا

فرعون اور ہامان اور اُن کے لشکر

خٰطِـِٕيْنَ ۝٨ وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ

خطا کار تھے ۝٨ اور فرعون کی بیوی نے کہا

قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ ط لَا تَقْتُلُوْهُ ق صلے

کہ یہ آنکھ کی ٹھنڈک ہے میرے لیے اور تمہارے لیے، اِس کو قتل نہ کرو،

عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا

ممکن ہے کہ یہ ہم کو نفع دے یا ہم اِس کو بیٹا بنا لیں

وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝٩ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ

اور وہ سمجھتے نہ تھے ۝٩ اور موسیٰ (علیہ السلام) کی والدہ کا دل

اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ط اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ

بے چین ہوگیا ، قریب تھا کہ وہ اُس کو ظاہر کردے

بِهٖ لَوْ لَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ

اگر ہم اُس کے دل کو نہ سنبھالتے ؛ تاکہ وہ

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝١٠ وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ

یقین کرنے والوں میں سے رہے ۝١٠ اور اُس نے اُس کی بہن سے کہا کہ

قُصِّيْهِ ز فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ

تو اُس کے پیچھے پیچھے جا، تو وہ اُس کو اجنبی بن کر دیکھتی رہی

وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١١﴾ وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ

اور اُن لوگوں کو خبر نہیں ہوئی ﴿١١﴾ اور ہم نے پہلے ہی موسیٰ (علیہ السلام)

الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ

سے دائیوں کو روک رکھا تھا تو لڑکی نے کہا: کیا میں تم کو ایسے گھر

عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ

والوں کا پتہ بتاؤں جو اِس کو تمہارے لیے پالیں اور وہ اُس کی

نٰصِحُوْنَ ﴿١٢﴾ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ

خیر خواہی کریں ﴿١٢﴾ پس ہم نے اُس کو اُس کی ماں کی طرف لوٹا دیا؛

عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

تا کہ اُس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ غمگین نہ ہو اور تا کہ وہ

حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣﴾ ع ١ ١٣ ع ٤

جان لے کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے، مگر اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿١٣﴾

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰٓى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا

اور جب موسیٰ (علیہ السلام) اپنی جوانی کو پہونچے اور پورے ہو گئے تو ہم نے اُس کو حکمت

وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٤﴾

اور علم عطا کیا، اور ہم اِسی طرح بدلہ دیتے ہیں نیکی کرنے والوں کو ﴿١٤﴾

وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ

اور شہر میں وہ ایسے وقت داخل ہوا جب کہ شہر والے غفلت

اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۚ

میں تھے تو اُس نے وہاں دو آدمیوں کو لڑتے ہوئے پایا،

هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ

ایک اُس کی اپنی قوم کا تھا اور دوسرا دشمنوں میں سے تھا،

فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى

تو جو اُس کی قوم میں سے تھا اُس نے اُس کے خلاف مدد طلب

الَّذِيْ مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى

کی جو اُس کے دشمنوں میں سے تھا پس موسیٰ (علیہ السلام) نے اُس کو

فَقَضٰى عَلَيْهِ ۚ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ

گھونسہ مارا پھر اُس کا کام تمام کر دیا، موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ یہ تو

الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٥﴾

شیطانی کام ہے، بے شک وہ دشمن ہے، کھلا گمراہ کرنے والا ہے ﴿١٥﴾

قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ

اُس نے کہا کہ اے میرے رب! میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے پس آپ مجھ کو

فَغَفَرَ لَهٗ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿١٦﴾

بخش دیجیے تو اللہ نے اُس کو بخش دیا، بے شک وہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے ﴿١٦﴾

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ اَكُوْنَ

اُس نے کہا کہ اے میرے رب! جیسا آپ نے میرے اوپر

ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٧﴾ فَاَصْبَحَ فِي

فضل کیا تو میں کبھی مجرموں کا مددگار نہیں بنوں گا ﴿١٧﴾ پھر صبح کو وہ

الْمَدِيْنَةِ خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِي

شہر میں اُٹھا ڈرتا ہوا (اور) خبر لیتا ہوا تو دیکھا کہ وہی شخص جس

اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ

نے کل اُس سے مدد مانگی تھی وہی آج پھر اُس کو مدد کے لیے پکار رہا ہے،

قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى اِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٨﴾

موسیٰ (علیہ السلام) نے اُس سے کہا: بے شک تم صریح گمراہ ہو ﴿١٨﴾

فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ

پھر جب اُس نے چاہا کہ اُس کو پکڑے جو اُن دونوں کا

هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اَتُرِيْدُ

دشمن تھا تو اُس نے کہا کہ اے موسیٰ ! کیا تم مجھ کو

اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًۢا

قتل کرنا چاہتے ہو جس طرح تم نے کل ایک شخص کو

بِالْاَمْسِ ۚ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ

قتل کیا ؟ تم تو زمین میں

جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ اَنْ

سرکش بن کر رہنا چاہتے ہو اور تم صلح کرنے

تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿١٩﴾ وَجَآءَ

والوں میں سے بننا نہیں چاہتے ﴿١٩﴾ اور ایک شخص

رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ز

شہر کے کنارے سے دوڑتا ہوا آیا ،

قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ

اُس نے کہا کہ اے موسیٰ ! دربار والے مشورہ کر رہے ہیں کہ

بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ

آپ کو مار ڈالیں پس آپ نکل جایئے ، میں آپ کے

النّٰصِحِيْنَ ﴿٢٠﴾ فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا

خیر خواہوں میں سے ہوں ﴿٢٠﴾ پھر وہ وہاں سے نکلا ڈرتا ہوا

يَّتَرَقَّبُ ز قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ

خبر لیتا ہوا ، اُس نے کہا کہ اے میرے رب! مجھے ظالم

الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢١﴾ ع وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ ع ٢ ٨ ٥

لوگوں سے نجات دیجیے ﴿٢١﴾ اور جب اُس نے مدیَن کا رُخ کیا

قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ

تو اُس نے کہا : امید ہے کہ میرا رب مجھ کو سیدھا راستہ

السَّبِيْلِ ﴿٢٢﴾ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ

دِکھا دے ﴿٢٢﴾ اور جب وہ مدین کے پانی پر پہونچا تو

وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۫

وہاں لوگوں کی ایک جماعت کو پانی پلاتے ہوئے پایا ،

وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ

اور اُن سے الگ ایک طرف دو عورتوں کو دیکھا کہ وہ اپنی بکریوں کو روکے کھڑی ہیں،

قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ؕ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى

موسیٰ (علیہ السلام) نے اُن سے پوچھا کہ تمہارا کیا ماجرا ہے، اُنہوں نے کہا: ہم پانی نہیں پلاتے

يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ۫ سکتة وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿٢٣﴾

جب تک چرواہے اپنی بکریاں نہ ہٹا لیں ، اور ہمارے والد بہت بوڑھے ہیں ﴿٢٣﴾

فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ

تو اُس نے اُن کے جانوروں کو پانی پلایا پھر سائے کی طرف ہٹ گیا، پھر کہا کہ

رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ

اے میرے رب! آپ جو چیز میری طرف خیر میں سے اُتاریں میں اُس کا

فَقِيْرٌ ﴿٢٤﴾ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِيْ عَلَى

محتاج ہوں ﴿٢٤﴾ پھر اُن دونوں میں سے ایک آئی شرم سے

اسْتِحْيَآءٍ ز قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ

چلتی ہوئی، اُس نے کہا کہ میرے والد آپ کو بُلا رہے ہیں کہ

لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ط فَلَمَّا

آپ نے ہماری خاطر جو پانی پلایا اُس کا آپ کو بدلہ دیں، پھر

جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ لا قَالَ

جب وہ اُس کے پاس آیا اور اُس سے سارا قصّہ بیان کیا تو اُس

لَا تَخَفْ قف نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٥﴾

نے کہا کہ اندیشہ نہ کرو، تم ظالموں سے نجات پا چکے ﴿٢٥﴾

قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ز

اُن میں سے ایک نے کہا کہ اے ابا جان! اِس کو ملازم رکھ لیجیے،

اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ

بہترین آدمی جسے آپ ملازم رکھیں وہی ہے جو مضبوط ہو،

الْاَمِيْنُ ﴿٢٦﴾ قَالَ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ

امانت دار ہو ﴿٢٦﴾ اُس نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ اپنی

اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓى

اِن دولڑکیوں میں سے ایک کا نکاح تمہارے ساتھ کردوں

اَنْ تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ

اِس شرط پر کہ تم آٹھ سال میری ملازمت کرو، پھر اگر تم

اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ

دس سال پورے کردو تو وہ تمہاری طرف سے ہے،

وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ۭ سَتَجِدُنِيْٓ

اور میں تم پر مشقّت ڈالنا نہیں چاہتا،

اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٢٧﴾

اللہ نے چاہا تو تم مجھ کو بھلا آدمی پاؤ گے ﴿٢٧﴾

قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ۭ اَيَّمَا

موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ یہ بات میرے اور آپ کے درمیان طے ہے، اِن دونوں

الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ؕ

مدّتوں میں سے جو بھی میں پوری کروں تو مجھ پر کوئی جبر نہ ہوگا،

ع ٣ ٧ ٦ وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿٢٨﴾ ع

اور اللہ ہمارے قول و قرار پر گواہ ہے ﴿٢٨﴾

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ

پھر جب موسیٰ (علیہ السلام) نے مدّت پوری کردی اور وہ اپنے گھر والوں

بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ

کے ساتھ روانہ ہوا تو اُس نے طور کی طرف سے ایک آگ دیکھی،

قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّيْۤ اٰنَسْتُ نَارًا

اُس نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ تم ٹھہرو، میں نے ایک آگ

لَّعَلِّيْۤ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ

دیکھی ہے، شاید میں وہاں سے کوئی خبر لے آؤں یا

مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿٢٩﴾ فَلَمَّاۤ

آگ کا کوئی انگارہ؛ تاکہ تم تاپو ﴿٢٩﴾ پھر جب

اَتٰىهَا نُوْدِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَيْمَنِ

وہ وہاں پہونچا تو وادی کے داہنے کنارے سے

فِي الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ

برکت والے حصّے میں (موجود) درخت سے پکارا گیا کہ

يّٰمُوْسٰٓى اِنِّيْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿٣٠﴾

اے موسیٰ ! میں اللہ ہوں سارے جہانوں کا مالک ﴿٣٠﴾

وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ

اور یہ کہ تم اپنا عصا ڈال دو، تو جب اُس نے اُس کو حرکت کرتے

كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ؕ

ہوئے دیکھا کہ گویا وہ سانپ ہو تو وہ پیٹھ پھیر کر بھاگا اور اُس

يٰمُوْسٰٓى اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ ۫ اِنَّكَ

نے مُڑ کر نہ دیکھا، اے موسیٰ ! آگے آؤ اور نہ ڈرو، تم

مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ﴿٣١﴾ اُسْلُكْ يَدَكَ فِيْ

بالکل محفوظ ہو ﴿٣١﴾ اپنا ہاتھ گریبان میں

جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ

ڈالو وہ چمکتا ہوا نکلے گا بغیر کسی بیماری کے اور خوف کے واسطے

سُوْٓءٍ ز وَّاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ

اپنا بازو اپنی طرف ملا لو، پس یہ تمہارے رب کی طرف سے

الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى

دو سندیں ہیں فرعون اور اُس کے درباریوں کے

فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ ط اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا

پاس جانے کے لیے ، بے شک وہ نافرمان

فٰسِقِيْنَ ﴿٣٢﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ قَتَلْتُ

لوگ ہیں ﴿٣٢﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب! میں نے اُن

مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿٣٣﴾

میں سے ایک شخص کو قتل کیا ہے تو میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے مار ڈالیں گے ﴿٣٣﴾

وَاَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا

اور میرا بھائی ہارون وہ مجھ سے زیادہ فصیح ہے زبان میں ،

فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْاً يُّصَدِّقُنِيْٓ ز اِنِّيْٓ

پس آپ اُس کو میرے ساتھ مددگار کی حیثیت سے بھیجیے کہ وہ میری تائید کرے،

اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿٣٤﴾ قَالَ سَنَشُدُّ

میں ڈرتا ہوں کہ وہ لوگ مجھے جھٹلا دیں گے ﴿٣٤﴾ فرمایا کہ ہم تمہارے

عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا

بھائی کے ذریعے تمہارے بازو کو مضبوط کردیں گے اور ہم تم دونوں کو غلبہ

فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚ بِاٰيٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا

دیں گے تو وہ تم لوگوں تک نہ پہونچ سکیں گے، ہماری نشانیوں کے ساتھ تم

وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا

دونوں اور تمہاری پیروی کرنے والے ہی غالب رہیں گے ﴿٣٥﴾ پھر جب

جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا

موسیٰ (علیہ السلام) اُن لوگوں کے پاس ہماری واضح نشانیوں کے ساتھ پہونچے تو

مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا

اُنہوں نے کہا کہ یہ محض گھڑا ہوا جادو ہے، اور یہ بات ہم نے

بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٦﴾ وَقَالَ

اپنے اگلے باپ دادا میں نہیں سُنی ﴿٣٦﴾ اور موسیٰ (علیہ السلام) نے

مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى

کہا: میرا رب خوب جانتا ہے اُس کو جو اُس کی طرف سے

مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ

ہدایت لے کر آیا اور جس کو آخرت کا گھر

الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٣٧﴾

ملے گا ، بے شک ظالم کامیابی نہ پائیں گے ﴿٣٧﴾

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ

اور فرعون نے کہا کہ اے دربار والو! میں تمہارے لیے

لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ

اپنے سوا کسی معبود کو نہیں جانتا ، تو اے ہامان!

يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا

میرے لیے مٹّی کو آگ دے پھر میرے لیے ایک اونچی عمارت بنا؛

لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ

تاکہ میں موسیٰ کے رب کو جھانک کر دیکھوں ، اور میں تو

لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٣٨﴾ وَاسْتَكْبَرَ

اُس کو ایک جھوٹا آدمی سمجھتا ہوں ﴿٣٨﴾ اور اُس نے اور اُس کی

هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ

فوجوں نے زمین میں ناحق گھمنڈ کیا اور اُنہوں نے

وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿٣٩﴾

سمجھا کہ اُن کو ہماری طرف لوٹ کر آنا نہیں ہے ﴿٣٩﴾

فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ ۚ

تو ہم نے اُس کو اور اُس کی فوجوں کو پکڑا پھر اُن کو سمندر

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٠﴾

میں پھینک دیا ، تو دیکھیے کہ ظالموں کا انجام کیا ہوا ﴿٤٠﴾

وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ

اور ہم نے اُن کو سردار بنایا کہ آگ کی طرف بُلاتے ہیں ، اور

الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿٤١﴾ وَاَتْبَعْنٰهُمْ

قیامت کے دن اُن کو مدد نہیں ملے گی ﴿٤١﴾ اور ہم نے

فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ

اِس دنیا میں بھی اُن کے پیچھے لعنت لگا دی اور قیامت

ع ۴ ۱۴ ۷ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿٤٢﴾ ع

کے دن وہ بدحال لوگوں میں سے ہوں گے ﴿٤٢﴾

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ

اور ہم نے اگلی اُمّتوں کو ہلاک کرنے کے بعد موسیٰ (علیہ السلام)

مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ

کو کتاب دی ، لوگوں کے لیے بصیرت کا سامان

لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ

اور ہدایت اور رحمت تاکہ وہ نصیحت

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٣﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ

پکڑیں ﴿٤٣﴾ اور آپ پہاڑ کے مغربی جانب

الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى

موجود نہ تھے جب کہ ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو

الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٤٤﴾ لا

احکام دیے اور نہ آپ شاہدین میں شامل تھے ﴿٤٤﴾

وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ

لیکن ہم نے بہت سی نسلیں پیدا کیں پھر اُن پر

عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا

بہت زمانہ گزر گیا ، اور آپ مدین والوں میں نہ

فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا لا

رہتے تھے کہ اُن کو ہماری آیتیں سناتے ،

وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَمَا كُنْتَ

مگر ہم ہیں پیغمبر بھیجنے والے ﴿٤٥﴾ اور آپ طور کے

بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ

کنارے نہ تھے جب ہم نے (موسیٰ کو) پکارا لیکن

رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

یہ آپ کے رب کا انعام ہے؛ تا کہ آپ ایک ایسی قوم کو ڈرا دیں

مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ

جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تا کہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ

نصیحت پکڑیں ﴿٤٦﴾ اور اگر ایسا نہ ہوتا کہ اُن پر اُن کے اعمال

مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا

کے سبب سے کوئی آفت آئی تو وہ کہیں گے کہ اے ہمارے

رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ

رب! آپ نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہیں بھیجا کہ ہم

اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٧﴾

آپ کی آیتوں کی پیروی کرتے اور ہم ایمان والوں میں سے ہوتے ﴿٤٧﴾

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا

پھر جب اُن کے پاس ہماری طرف سے حق آیا

قَالُوْا لَوْ لَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ

تو اُنہوں نے کہا کہ کیوں نہ اِس کو ویسا ملا جیسا موسیٰ کو

مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى

ملا تھا، کیا لوگوں نے اُس کا انکار نہیں کیا جو اِس سے پہلے موسیٰ (علیہ السلام) کو

مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۫ قف

دیا گیا تھا، اُنہوں نے کہا کہ دونوں جادو ہیں ایک دوسرے کے مددگار،

وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ قُلْ

اور اُنہوں نے کہا کہ ہم دونوں کا انکار کرتے ہیں ﴿٤٨﴾ کہہ دیجیے

فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى

کہ تم اللہ کے پاس سے کوئی کتاب لے آؤ جو ہدایت کرنے میں

مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٩﴾

اِن دونوں سے بہتر ہو میں اُس کی پیروی کروں گا، اگر تم سچے ہو ﴿٤٩﴾

فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا

پس اگر یہ لوگ آپ کا کہا نہ کر سکیں تو جان لیں کہ وہ

يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ

صرف اپنی خواہشوں کی پیروی کر رہے ہیں، اور اُس سے زیادہ گمراہ

اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ

کون ہوگا جو اللہ کی ہدایت کے بغیر اپنی خواہش کی پیروی کرے،

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٠﴾ ع ٥ ٨ ٨

بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿٥٠﴾

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ

اور ہم نے اُن لوگوں کے لیے پے در پے اپنا کلام بھیجا؛ تا کہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٥١﴾ ؕ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ النصف

نصیحت پکڑیں ﴿٥١﴾ جن لوگوں کو ہم نے اِس سے پہلے کتاب دی

مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَاِذَا

ہے وہ اِس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں ﴿٥٢﴾ اور جب وہ اُن کو

يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ

سُنایا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم اِس پر ایمان لائے، بے شک یہ حق ہے

مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿٥٣﴾

ہمارے رب کی طرف سے، ہم تو پہلے ہی سے اِس کو ماننے والے ہیں ﴿٥٣﴾

اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا

یہ لوگ ہیں کہ اُن کو اُن کا اجر دُہرا دیا جائے گا اِس پر کہ اُنہوں

صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ

نے صبر کیا اور وہ بُرائی کو بھلائی سے دفع کرتے ہیں، اور ہم نے

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٥٤﴾ وَاِذَا

جو کچھ اُن کو دیا ہے اُس میں سے خرچ کرتے ہیں ﴿٥٤﴾ اور جب

سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا

وہ لغو بات سُنتے ہیں تو اُس سے اعراض کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ

لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ز سَلٰمٌ

ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال، تم کو

عَلَيْكُمْ ز لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿٥٥﴾

سلام، ہم بے سمجھ لوگوں سے اُلجھنا نہیں چاہتے ﴿٥٥﴾

اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ

(اے پیارے نبی) آپ جس کو چاہو ہدایت نہیں دے سکتے بلکہ اللہ

اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ

جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، اور وہی خوب جانتا ہے اُن کو جو ہدایت

بِالْمُهْتَدِیْنَ ﴿٥٦﴾ وَقَالُوْۤا اِنْ نَّتَّبِعِ

قبول کرنے والے ہیں ﴿٥٦﴾ اور وہ کہتے ہیں کہ اگر ہم تمہارے ساتھ ہو کر

الْهُدٰی مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ؕ

اِس ہدایت پر چلنے لگیں تو ہم اپنی زمین سے اُچک لیے جائیں گے،

اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا یُّجْبٰۤی

کیا ہم نے اُن کو امن وامان والے حرم میں جگہ نہیں دی جہاں ہر

اِلَیْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَیْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا

قِسم کے پھل کھینچے چلے آتے ہیں ہماری طرف سے رزق کے طور پر،

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَكَمْ

لیکن اُن میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿٥٧﴾ اور

اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۭ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ

ہم نے کتنی بستیاں ہلاک کردیں جو اپنے سامانِ زندگی پر نازاں تھیں،

فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ

پس یہ ہیں اُن کی بستیاں جو اُن کے بعد آباد نہیں ہوئیں

بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ؕ وَكُنَّا نَحْنُ

مگر بہت کم ، اور ہم ہی اُن کے وارث

الْوٰرِثِيْنَ ﴿٥٨﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ

ہوئے ﴿٥٨﴾ اور آپ کا رب بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہ تھا

الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا

جب تک اُن کی بڑی بستی میں کسی پیغمبر کو نہ بھیج دے

يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا

جو اُن کو ہماری آیتیں پڑھ کر سنائے، اور ہم ہرگز بستیوں کو ہلاک

مُهْلِكِى الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿٥٩﴾

کرنے والے نہیں مگر جب کہ وہاں کے لوگ ظالم ہوں ﴿٥٩﴾

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ

اور جو چیز بھی تم کو دی گئی ہے تو وہ بس دنیا کی زندگی کا سامان

الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ

اور اُس کی رونق ہے، اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ بہتر ہے

وَّاَبْقٰى ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٠﴾ اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ ع ٦ ١٠ ٩

اور باقی رہنے والا ہے، پھر کیا تم سمجھتے نہیں؟ ﴿٦٠﴾ بھلا وہ شخص جس

وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ

سے ہم نے اچھا وعدہ کیا ہے پھر وہ اُس کو پانے والا ہے کیا اُس

مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ

شخص جیسا ہو سکتا ہے جس کو ہم نے صرف دنیوی زندگی کا فائدہ دیا ہے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿٦١﴾

پھر قیامت کے دن وہ حاضر کیے جانے والوں میں سے ہے ﴿٦١﴾

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ

اور جس دن اللہ اُن کو پکارے گا پھر کہے گا کہ کہاں ہیں میرے وہ شریک

الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٦٢﴾ قَالَ الَّذِيْنَ

جن کا تم دعویٰ کرتے تھے ﴿٦٢﴾ جن پر بات ثابت ہو چکی ہوگی

حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ

وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب! یہ لوگ ہیں جنہوں نے ہم کو بہکایا،

اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ

ہم نے اُن کو اُسی طرح بہکایا جس طرح ہم خود بہکے، ہم اُن سے

اِلَيْكَ ۖ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿٦٣﴾

براءت کرتے ہیں کہ یہ لوگ ہماری عبادت نہیں کرتے تھے ﴿٦٣﴾

وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ

اور کہا جائے گا کہ اپنے شریکوں کو بلاؤ تو وہ اُن کو پکاریں گے تو

فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ

وہ اُن کو جواب نہ دیں گے اور وہ عذاب کو دیکھیں گے،

لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَيَوْمَ

کاش! وہ ہدایت اختیار کرنے والے ہوتے ﴿٦٤﴾ اور جس دن

يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ

اللہ اُن کو پُکارے گا اور فرمائے گا کہ تم نے پیغام پہونچانے

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦٥﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ

والوں کو کیا جواب دیا تھا ﴿٦٥﴾ پھر اُس دن اُن کی تمام باتیں گُم

يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ فَاَمَّا

ہو جائیں گی تو وہ آپس میں بھی نہ پوچھ سکیں گے ﴿٦٦﴾ البتہ جس نے

مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى

توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کیا تو امید ہے کہ

اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿٦٧﴾ وَرَبُّكَ

وہ کامیابی پانے والوں میں سے ہوگا ﴿٦٧﴾ اور آپ کا رب

يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ

پیدا کرتا ہے جو چاہے اور وہ پسند کرتا ہے جس کو چاہے، اُن کے

لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى

ہاتھ میں نہیں پسند کرنا ، اللہ پاک اور برتر ہے

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا

اُس سے جس کو وہ شریک ٹھہراتے ہیں ﴿٦٨﴾ اور آپ کا رب جانتا ہے

تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٦٩﴾

جو کچھ اُن کے سینے چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں ﴿٦٩﴾

وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ

اور وہی اللہ ہے اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، اُسی کے لیے حمد ہے

فِي الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَلَهُ الْحُكْمُ

دنیا میں اور آخرت میں اور اُسی کے لیے فیصلہ ہے

وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ

اور اُسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ﴿٧٠﴾ کہہ دیجیے کہ

اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ

بتاؤ اگر اللہ قیامت کے دن تک

سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ

تم پر ہمیشہ کے لیے رات کر دے

اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ

تو اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمہارے لیے روشنی لے آئے،

اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿٧١﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

تو کیا تم لوگ سنتے نہیں ﴿٧١﴾ کہہ دیجیے کہ بتاؤ

جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا

اگر اللہ قیامت تک تم پر ہمیشہ کے لیے دن کردے تو

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ

اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمہارے لیے

يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ

رات کو لے آئے جس میں تم سکون حاصل کرتے ہو،

اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ

کیا تم لوگ دیکھتے نہیں ﴿٧٢﴾ اور اُس نے اپنی رحمت سے تمہارے

جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا

لیے رات اور دن کو بنایا؛ تاکہ تم اُس میں سکون حاصل کرو

فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ
اور تاکہ تم اُس کا فضل تلاش کرو اور تاکہ تم

تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ
شکر کرو ﴿٧٣﴾ اور جس دن اللہ اُن کو پکارے گا

فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ
پھر کہے گا کہ کہاں ہیں میرے شریک جن کا

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٧٤﴾ وَنَزَعْنَا مِنْ
تم گمان رکھتے تھے ﴿٧٤﴾ اور ہم ہر اُمّت میں سے

كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا
ایک گواہ نکال کر لائیں گے پھر لوگوں سے کہیں گے کہ

بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ
اپنی دلیل لاؤ، تب وہ جان لیں گے کہ حق اللہ کی طرف ہے

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٧٥﴾ ع ١٥ ١٠ ٧
اور وہ باتیں اُن سے گم ہو جائیں گی جو وہ گھڑتے تھے ﴿٧٥﴾

اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى

بے شک قارون موسیٰ (علیہ السلام) ہی کی قوم میں سے تھا پھر وہ

فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۠ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ

اُن کے خلاف سرکش ہو گیا، اور ہم نے اُس کو اِتنے خزانے

مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِى

دیے تھے کہ اُن کی کنجیاں اُٹھانے سے کئی طاقتور مرد تھک جاتے

الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ

تھے، جب اُس کی قوم نے اُس سے کہا کہ اِتراؤ مت،

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ﴿٧٦﴾

یقیناً اللہ اِترانے والوں کو پسند نہیں کرتا ﴿٧٦﴾

وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ

اور جو کچھ اللہ نے تم کو دیا ہے اُس میں آخرت کے

الْاٰخِرَةَ ۖ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ

طالب بنو اور دنیا میں سے اپنے حصّے کو نہ بھولو،

الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ

اور لوگوں کے ساتھ بھلائی کرو جس طرح اللہ نے تمہارے ساتھ

اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ؕ

بھلائی کی ہے اور زمین میں فساد کے طالب نہ بنو ،

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٧٧﴾

بے شک اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ﴿٧٧﴾

قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ؕ

اُس نے کہا: یہ مال مجھ کو ایک علم کی بنا پر ملا ہے جو میرے پاس ہے،

اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ

کیا اُس نے یہ نہیں جانا کہ اللہ اُس سے پہلے کتنی ہی

قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ

جماعتوں کو ہلاک کر چکا ہے جو اُس سے زیادہ

قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَلَا يُسْـَٔلُ عَنْ

قوت اور جمعیت رکھتی تھیں ، اور مجرموں سے

ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٧٨﴾ فَخَرَجَ

اُن کے گناہ پوچھے نہیں جاتے ﴿٧٨﴾ پس وہ

عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ

اپنی قوم کے سامنے اپنی پوری آرائش کے ساتھ نکلا، جو لوگ

يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا

دنیوی زندگی کے طالب تھے اُنہوں نے کہا: کاش ! ہم کو

مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ

بھی وہی ملتا جو قارون کو دیا گیا ہے ، بے شک وہ بڑی

حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿٧٩﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

قسمت والا ہے ﴿٧٩﴾ اور جن لوگوں کو علم ملا تھا اُنہوں نے کہا:

الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ

تمہارا بُرا ہو ، اللہ کا ثواب بہتر ہے اُس شخص کے لیے

اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰىهَآ

جو ایمان لائے اور نیک عمل کرے، اور یہ اُنہیں کو ملتا ہے

اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿٨٠﴾ فَخَسَفْنَا بِهٖ

جو صبر کرنے والے ہیں ﴿٨٠﴾ پھر ہم نے اُس کو اور اُس کے

وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ قف فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ

گھر کو زمین میں دھنسا دیا، پھر اُس کے لیے کوئی جماعت

فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ز

نہ اُٹھی جو اللہ کے مقابلے میں اُس کی مدد کرتی

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿٨١﴾ وَاَصْبَحَ

اور نہ وہ خود ہی اپنے کو بچا سکا ﴿٨١﴾ اور جو لوگ کل

الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ

اُس کے جیسا ہونے کی تمنّا کر رہے تھے وہ کہنے لگے کہ افسوس!

يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

بے شک اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق

لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ج

کو کشادہ کر دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے،

لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ

اگر اللہ نے ہم پر احسان نہ کیا ہوتا تو ہم کو بھی زمین میں دھنسا

ع ۸ ۱۱ بِنَا ؕ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۲﴾

دیتا، افسوس! بے شک انکار کرنے والے فلاح نہیں پائیں گے ﴿۸۲﴾

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ

یہ آخرت کا گھر ہم اُن لوگوں کو دیں گے

لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِى الْاَرْضِ

جو زمین میں نہ بڑا بننا چاہتے ہیں اور

وَلَا فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۸۳﴾

نہ فساد کرنا، اور آخری انجام ڈرنے والوں کے لیے ہے ﴿۸۳﴾

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ

جو شخص نیکی لے کر آئے گا اُس کے لیے اُس سے بہتر ہے،

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى

اور جو شخص بُرائی لے کر آئے گا تو جو لوگ

الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا

بُرائی کرتے ہیں اُن کو وہی ملے گا جو اُنہوں

يَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾ اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ

نے کیا ﴿٨٤﴾ بے شک جس نے آپ پر قرآن کو فرض

الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ قُلْ رَّبِّيْٓ

کیا ہے وہ آپ کو ایک اچھے انجام تک پہونچا کر رہے گا، کہہ دیجیے کہ

اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ

میرا رب خوب جانتا ہے کہ کون ہدایت لے کر آیا ہے اور کون

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٨٥﴾ وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا

کُھلی ہوئی گمراہی میں ہے ﴿٨٥﴾ اور آپ کو یہ امید نہ تھی کہ

اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً

آپ پر کتاب اُتاری جائے گی مگر آپ کے

مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا

رب کی مہربانی ہے ، پس آپ منکروں کے

لِّلْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿٨٦﴾ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ

مددگار نہ بنیں ﴿٨٦﴾ اور وہ آپ کو اللہ کی

اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ

آیتوں سے روک نہ دیں جب کہ وہ آپ کی طرف اُتاری

وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ

جا چکی ہیں، اور آپ اپنے رب کی طرف بُلایئے اور مشرکوں میں

الْمُشْرِكِيْنَ ۚ﴿٨٧﴾ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ

سے نہ بنیں ﴿٨٧﴾ اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو

اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ كُلُّ شَيْءٍ وقف لازم

نہ پکاریں، ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے سوائے

هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ

اُس کی ذات کے ، فیصلہ اُسی کے لیے ہے

وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٨﴾ ع التلاوۃ ۹ ع ۱۲

اور تم لوگ اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿٨٨﴾

(سورۂ عنکبوت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۱) سے (۱۱) تک مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (۶۹) آیتیں اور (۷) رکوع ہیں۔ نازل ہونے کے اعتبار سے (۸۵) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۲۹) نمبر پر ہے اور سورۂ روم کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۹۸۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۴۱۶۵) حروف ہیں |
|---|---|---|

الٓمّٓ ۚ ﴿۱﴾ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا

الٓمّٓ ﴿۱﴾ کیا لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ محض یہ کہنے پر چھوڑ دیے

اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ﴿۲﴾

جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اور اُن کو جانچا نہ جائے گا ﴿۲﴾

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اور ہم نے اُن لوگوں کو جانچا ہے جو اِن سے پہلے تھے،

فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا

پس اللہ اُن لوگوں کو جان کر رہے گا جو سچے ہیں

وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳﴾ اَمْ حَسِبَ

اور وہ جھوٹوں کو بھی ضرور معلوم کرے گا ﴿۳﴾ کیا جو لوگ

الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ

بُرائیاں کر رہے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ

يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۴ مَنْ

وہ ہم سے بچ جائیں گے، بہت بُرا فیصلہ ہے جو وہ کر رہے ہیں ۴ جو

كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ

شخص اللہ سے ملنے کی امید رکھتا ہے تو اللہ کا وعدہ

اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۵

ضرور آنے والا ہے، اور وہ سُننے والا، جاننے والا ہے ۵

وَمَنْ جٰهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ

اور جو شخص محنت کرے تو وہ اپنے ہی لیے محنت کرتا ہے،

اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۶

بے شک اللہ جہان والوں سے بے نیاز ہے ۶

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک کام کیے تو

لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ

ہم اُن کی بُرائیاں اُن سے ضرور دور کر دیں گے اور اُن کو

اَحْسَنَ الَّذِیْ كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝٧

اُن کے عمل کا بہترین بدلہ دیں گے ۝٧

وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ حُسْنًا ؕ

اور ہم نے انسان کو تاکید کی کہ وہ اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرے،

وَاِنْ جٰهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ

اور اگر وہ تجھ پر دباؤ ڈالیں کہ تو ایسی چیز کو میرا شریک ٹھہرائے

لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اِلَیَّ

جس کا تجھ کو کوئی علم نہیں تو اُن کی اطاعت نہ کر، تم سب

مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

کو میرے پاس لوٹ کر آنا ہے پھر میں تم کو بتادوں گا جو کچھ تم

تَعْمَلُوْنَ ۝٨ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

کرتے تھے ۝٨ اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک

الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِی الصّٰلِحِیْنَ ۝٩

کام کیے تو ہم اُن کو ضرور نیک بندوں میں داخل کریں گے ۝٩

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ

اور لوگوں میں سے کوئی ایسا ہے جو کہتا ہے کہ ہم اللہ پر ایمان لائے ،

فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ

پھر جب اللہ کی راہ میں اُس کو ستایا جاتا ہے تو وہ لوگوں کے ستانے کو اللہ

كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ

کے عذاب کی طرح سمجھ لیتا ہے، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے کوئی

رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ اَوَلَيْسَ

مدد آجائے تو وہ کہیں گے کہ ہم تو تمہارے ساتھ تھے، کیا اللہ

اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾

اُس سے اچھی طرح باخبر نہیں جو لوگوں کے دلوں میں ہے ﴿۱۰﴾

وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ

اور اللہ ضرور معلوم کرے گا اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور وہ

الْمُنٰفِقِيْنَ ﴿۱۱﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ضرور معلوم کرے گا مُنافقین کو ﴿۱۱﴾ اور منکر لوگ

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا

ایمان والوں سے کہتے ہیں کہ تم ہمارے راستے پر چلو

وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ط وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ

اور ہم تمہارے گناہوں کو اُٹھالیں گے، اور وہ اُن کے گناہوں

مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ط اِنَّهُمْ

میں سے کچھ بھی اُٹھانے والے نہیں ہیں ، بے شک

لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ

وہ جھوٹے ہیں ﴿۱۲﴾ اور وہ ضرور اپنے بوجھ اُٹھائیں گے اور اپنے بوجھ

وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ز وَلَيُسْـَٔلُنَّ

کے ساتھ کچھ اور بوجھ بھی ، اور یہ لوگ جو جھوٹی باتیں بناتے ہیں

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾ ع ۱۳/۱۳

قیامت کے دن اُس کے بارے میں ضرور اُن سے پوچھ ہوگی ﴿۱۳﴾

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ

اور ہم نے نوح (علیہ السلام) کو اُس کی قوم کی طرف بھیجا تو وہ

فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ؕ

اُن کے اندر پچاس سال کم ایک ہزار سال رہا،

فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾

پھر اُن کو طوفان نے پکڑ لیا اور وہ ظالم تھے ﴿۱۴﴾

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ

پھر ہم نے نوح (علیہ السلام) کو اور کشتی والوں کو بچا لیا

وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَاِبْرٰهِيْمَ

اور ہم نے اِس واقعے کو دنیا والوں کے لیے ایک نشانی بنا دیا ﴿۱۵﴾ اور ابراہیم (علیہ السلام)

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ

کو جب کہ اُس نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ کی عبادت کرو

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶﴾

اور اُس سے ڈرو، یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانو ﴿۱۶﴾

اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

تم لوگ اللہ کو چھوڑ کر محض بتوں کو

اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

پوجتے ہو اور تم جھوٹی باتیں گھڑتے ہو، اللہ کے سوا تم جن کی

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ

عبادت کرتے ہو وہ تم کو رزق دینے کا اختیار نہیں رکھتے ،

لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ

پس تم اللہ کے پاس رزق تلاش کرو اور اُس کی

الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ

عبادت کرو اور اُس کا شکر ادا کرو، اُسی کی طرف تم لوٹائے

تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ

جاؤ گے ﴿۱۷﴾ اور اگر تم جُھٹلاؤ گے تو تم سے پہلے بہت سی

اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا

قومیں جُھٹلا چکی ہیں، اور رسول پر صاف صاف پہونچا دینے کے

الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۸﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ

سوا کوئی ذمّے داری نہیں ﴿۱۸﴾ کیا لوگوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ کس طرح

يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ
خلق کو شروع کرتا ہے پھر وہ اُس کو دہرائے گا ،

اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۹﴾ قُلْ
بے شک یہ اللہ پر آسان ہے ﴿۱۹﴾ کہہ دیجیے کہ

سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ
زمین میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ اللہ نے کس طرح

الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ
خلق کو شروع کیا پھر اللہ ہی اُس کو دوبارہ اُٹھائے گا ،

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾ۚ يُعَذِّبُ
بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿۲۰﴾ وہ جس کو چاہے گا

مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ
عذاب دے گا اور جس پر چاہے گا رحم کرے گا، اور اُسی کی طرف

تُقْلَبُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ
تم لوٹائے جاؤ گے ﴿۲۱﴾ اور تم نہ زمین میں

فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۫ وَمَا لَكُمْ

عاجز کرنے والے ہو اور نہ آسمان میں ، اور تمہارے لیے

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۲۲﴾ ع ۲ ۹ ۱۴

اللہ کے سوا نہ کوئی کارساز ہے اور نہ کوئی مددگار ﴿۲۲﴾

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

اور جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں کا اور اُس سے

وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ

ملنے کا انکار کیا تو وہی میری رحمت سے محروم ہوئے

وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۳﴾

اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۲۳﴾

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا

پھر اُس کی قوم کا جواب اِس کے سوا کچھ نہ تھا کہ اُنہوں نے کہا

اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ

کہ اِس کو قتل کردو یا اِس کو جلادو، تو اللہ نے اُس کو آگ سے

النَّارِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ

بچالیا، بے شک اِس کے اندر نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے

یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ

جو ایمان لائیں ﴿۲۴﴾ اور اُس نے کہا کہ تم نے اللہ کے سِوا

دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَیْنِكُمْ فِی

جو بت بنائے ہیں بس وہ تمہارے باہمی دنیا کے تعلقات کی وجہ

الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ ثُمَّ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ یَكْفُرُ

سے ہے، پھر قیامت کے دن تم میں سے ہر ایک دوسرے کا انکار

بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّیَلْعَنُ بَعْضُكُمْ

کرے گا اور ایک دوسرے پر لعنت

بَعْضًا ۫ وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ

کرے گا ، اور آگ ہی تمہارا ٹھکانہ ہوگی اور کوئی تمہارا

مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ﴿۲۵﴾ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وقف لازم

مددگار نہ ہوگا ﴿۲۵﴾ پھر لوط (علیہ السلام) نے اُس کو مانا

وَقَالَ اِنِّیْ مُهَاجِرٌ اِلٰی رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ

اور کہا کہ میں اپنے رب کی طرف ہجرت کرتا ہوں، بے شک

هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۶﴾ وَوَهَبْنَا

وہ زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿۲۶﴾ اور ہم نے عطا کیے

لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِیْ

اُس کو اسحاق اور یعقوب (علیہما السلام) اور اُس کی

ذُرِّیَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ وَاٰتَیْنٰهُ

نسل میں نبوت اور کتاب رکھ دی، اور ہم نے دنیا میں

اَجْرَهٗ فِی الدُّنْیَا ۚ وَاِنَّهٗ فِی الْاٰخِرَةِ

اُس کو اجر عطا کیا اور آخرت میں یقیناً وہ

لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۲۷﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ

صالحین میں سے ہوگا ﴿۲۷﴾ اور لوط (علیہ السلام) کو جب کہ اُس نے

لِقَوْمِهٖۤ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ز

اپنی قوم سے کہا کہ تم ایسی بے حیائی کا کام کرتے ہو

مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ

کہ تم سے پہلے دنیا والوں میں سے کسی نے اُس کو

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ

نہیں کیا ﴿۲۸﴾ کیا تم مَردوں کے پاس جاتے ہو

وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ وَتَاْتُوْنَ فِيْ

اور ڈاکے ڈالتے ہو اور اپنی مجلس میں

نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ؕ فَمَا كَانَ جَوَابَ

بُرا کام کرتے ہو ، پس اُس کی قوم کا جواب

قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ

اِس کے سِوا کچھ نہ تھا کہ اُنہوں نے کہا اگر تم

اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾

سچے ہو تو ہمارے اوپر اللہ کا عذاب لاؤ ﴿۲۹﴾

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ

لوط (علیہ السلام) نے کہا کہ اے میرے رب! فساد مچانے والے لوگوں کے مقابلے میں

الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٣٠﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ ع ٣ ٨ ١٥

میری مدد فرمایئے ﴿٣٠﴾ اور جب ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے)

رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْٓا

ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس بشارت لے کر پہونچے تو اُنہوں نے

اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ

کہا کہ ہم اِس بستی کے لوگوں کو ہلاک کرنے والے ہیں،

اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿٣١﴾ قَالَ ج صلے

بے شک اِس کے لوگ ظالم ہیں ﴿٣١﴾ ابراہیم نے کہا کہ

اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ؕ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ

اُس میں تو لوط (علیہ السلام) بھی ہیں، اُنہوں نے کہا کہ ہم خوب جانتے ہیں

بِمَنْ فِيْهَا ز لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا

کہ وہاں کون ہے، ہم اُس کو اور اُس کے گھر والوں کو بچا لیں گے

امْرَاَتَهٗ ز كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٣٢﴾

مگر اُس کی بیوی کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہوگی ﴿٣٢﴾

وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ

پھر جب ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) لوط (علیہ السلام) کے پاس

بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا

آئے تو وہ اُن سے پریشان ہوا اور دل تنگ ہوا، اور اُنہوں نے

لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۫ اِنَّا مُنَجُّوْكَ

کہا کہ تم نہ ڈرو اور غم نہ کرو ، ہم تم کو اور تمہارے

وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ

گھر والوں کو بچا لیں گے مگر تمہاری بیوی کہ وہ پیچھے رہ جانے

الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ

والوں میں سے ہوگی ﴿۳۳﴾ ہم اِس بستی کے رہنے والوں پر

هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ

ایک آسمانی عذاب اُن کی بدکاریوں کی سزا میں نازل

بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنَا

کرنے والے ہیں ﴿۳۴﴾ اور ہم نے اِس بستی کے کچھ واضح نشان

مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿٣٥﴾

رہنے دیے ہیں اُن لوگوں کی عبرت کے لیے جو عقل رکھتے ہیں ﴿٣٥﴾

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ فَقَالَ

اور مدیَن کی طرف اُن کے بھائی شعیب (علیہ السلام) کو، پس اُس

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ

نے کہا کہ اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو اور آخرت کے دن

وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿٣٦﴾

کی امید رکھو اور زمین میں فساد پھیلانے والے نہ بنو ﴿٣٦﴾

فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا

تو اُنہوں نے اُس کو جھٹلا دیا پس زلزلے نے اُن کو آ پکڑا پھر وہ

فِىْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٣٧﴾ وَعَادًا وَّثَمُوْدَا

اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے ﴿٣٧﴾ اور عاد اور ثمود کو،

وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫ وَزَيَّنَ

اور تم پر حال کُھل چکا ہے اُن کے گھروں سے، اور اُن کے اعمال کو

لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ

شیطان نے اُن کے لیے خوش نما بنا دیا پھر اُن کو

عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ۙ﴿٣٨﴾

راستے سے روک دیا اور وہ ہوشیار لوگ تھے ﴿٣٨﴾

وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۫ قف

اور قارون کو اور فرعون کو اور ہامان کو ،

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ

اور موسیٰ (علیہ السلام) اُن کے پاس کُھلی نشانیاں لے کر آئے تو

فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا

اُنہوں نے زمین میں گھمنڈ کیا اور وہ ہم سے بھاگ جانے

سٰبِقِيْنَ ۚ﴿٣٩﴾ فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ

والے نہ تھے ﴿٣٩﴾ پس ہم نے ہر ایک کو اُس کے گناہ میں پکڑا،

فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ

پھر اُن میں سے بعض پر ہم نے پتھراؤ کرنے والی ہوا بھیجی

وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ

اور اُن میں سے بعض کو کڑک نے آ پکڑا ،

وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ

اور اُن میں سے بعض کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا

وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ

اور اُن میں سے بعض کو ہم نے غرق کر دیا، اور اللہ اُن پر

لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

ظلم کرنے والا نہ تھا مگر وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کر رہے

يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۰﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ

تھے ﴿۴۰﴾ جن لوگوں نے اللہ کے سوا دوسرے حمایتی بنائے

دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ

ہیں اُن کی مثال مکڑی کی سی ہے ، اُس نے ایک

اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ؕ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ

گھر بنایا، اور بے شک تمام گھروں سے زیادہ کمزور گھر

لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾ وقف لازم

مکڑی کا گھر ہے ، کاش کہ لوگ جانتے ﴿٤١﴾

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ

بے شک اللہ جانتا ہے اُن چیزوں کو جن کو وہ اُس کے سِوا

مِنْ شَيْءٍ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٤٢﴾

پُکارتے ہیں ، اور وہ زبردست ہے ، حکمت والا ہے ﴿٤٢﴾

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ

اور یہ مثالیں ہیں جن کو ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے رہے ہیں

وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿٤٣﴾ خَلَقَ

اور اِن کو وہی لوگ سمجھتے ہیں جو علم والے ہیں ﴿٤٣﴾ اللہ نے

اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ

آسمانوں اور زمین کو برحق پیدا کیا ہے،

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٤﴾ ع ع ١٤ ١٦

بے شک اِس میں نشانی ہے ایمان والوں کے لیے ﴿٤٤﴾

اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنَ الْكِتٰبِ

آپ اُس کتاب کو پڑھیے جو آپ پر وحی کی گئی ہے

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى

اور نماز قائم کیجیے ، بے شک نماز بے حیائی

عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ

اور بُرے کاموں سے روکتی ہے ، اور اللہ کی یاد

اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾

بڑی چیز ہے ، اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو ﴿۴۵﴾

وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِیْ

اور تم اہلِ کتاب سے بحث نہ کرو مگر اُس طریقے پر

هِیَ اَحْسَنُ ۡ اِلَّا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا

جو بہتر ہے مگر جو اُن میں بے انصاف

مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِیْٓ اُنْزِلَ

ہیں، اور کہو کہ ہم ایمان لائے اُس چیز پر جو ہماری طرف بھیجی گئی

اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ

اور اُس پر جو تمہاری طرف بھیجی گئی ہے، اور ہمارا اور تمہارا معبود

وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَكَذٰلِكَ

ایک ہے اور ہم اُسی کی فرماں برداری کرنے والے ہیں ﴿۴۶﴾ اور

اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ؕ فَالَّذِيْنَ

اِسی طرح ہم نے آپ کے اوپر کتاب اُتاری، تو جن لوگوں کو

اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ

ہم نے کتاب دی ہے وہ اُس پر ایمان لاتے ہیں، اور اُن

هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا يَجْحَدُ

لوگوں میں سے بھی بعض ایمان لاتے ہیں، اور ہماری

بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا كُنْتَ

آیتوں کا انکار صرف کافر ہی کرتے ہیں ﴿۴۷﴾ اور آپ اِس سے

تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ

پہلے کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور نہ اُس کو اپنے ہاتھ سے لکھتے تھے،

بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۴۸﴾

ایسی حالت میں باطل پرست لوگ شبہ میں پڑتے ﴿۴۸﴾

بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ

بلکہ یہ کُھلی ہوئی آیتیں ہیں اُن لوگوں کے سینوں میں جن کو

اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ

علم عطا ہوا ہے ، اور ہماری آیتوں کا انکار نہیں کرتے

اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ

مگر وہ جو ظالم ہیں ﴿۴۹﴾ اور وہ کہتے ہیں کہ اِس پر اُس کے رب کی

عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ

طرف سے نشانیاں کیوں نہیں اُتاری گئیں؟ کہہ دیجیے کہ نشانیاں

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾

تو اللہ کے پاس ہیں اور میں صرف ایک کھلا ہوا ڈرانے والا ہوں ﴿۵۰﴾

اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ

کیا اُن کے لیے یہ کافی نہیں ہے کہ ہم نے آپ پر کتاب اُتاری

الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

جو اُن کو پڑھ کر سنائی جاتی ہے ، بے شک اُس میں

لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ ع ۵ ۷ ۱

رحمت اور یاد دہانی ہے اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں ﴿۵۱﴾

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ

کہہ دیجیے کہ اللہ میرے اور تمہارے درمیان گواہی کے لیے کافی ہے،

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ

وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، اور جو لوگ

اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ

باطل پر ایمان لائے اور جنہوں نے انکار کیا وہی

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ

خسارے میں رہنے والے ہیں ﴿۵۲﴾ اور یہ لوگ آپ سے

بِالْعَذَابِ ؕ وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ

عذاب جلد مانگ رہے ہیں ، اور اگر ایک وقت مقرر نہ ہوتا

الْعَذَابُ ؕ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ

تو اُن پر عذاب آجاتا، اور یقیناً وہ اُن پر اچانک آئے گا اور اُن کو

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۳﴾ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ

خبر بھی نہ ہوگی ﴿۵۳﴾ وہ آپ سے عذاب

بِالْعَذَابِ ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۙ

جلد مانگ رہے ہیں ، اور یقیناً جہنم منکروں کو گھیرے

بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۴﴾ۙ يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ الْعَذَابُ

ہوئے ہے ﴿۵۴﴾ جس دن عذاب اُن کو اوپر سے

مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ

ڈھانک لے گا اور پاؤں کے نیچے سے بھی

وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۵﴾

اور کہے گا کہ چکھو اُس کو جو تم کرتے تھے ﴿۵۵﴾

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ

اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو! بے شک میری زمین

وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾ كُلُّ نَفْسٍ

وسیع ہے تو تم میری ہی عبادت کرو ﴿۵۶﴾ ہر جان کو

ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ق ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۷﴾

موت کا مزہ چکھنا ہے، پھر تم ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿۵۷﴾

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے

لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ

اُن کو ہم جنت کے بالاخانوں میں جگہ دیں گے، جن کے نیچے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ط نِعْمَ

نہریں جاری ہوں گی وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے، کیا ہی اچھا

اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۵۸﴾ ق صلے الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى

اجر ہے عمل کرنے والوں کا ﴿۵۸﴾ جنہوں نے صبر کیا اور جو

رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ

اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں ﴿۵۹﴾ اور کتنے

دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا

جانور ہیں جو اپنا رزق اُٹھائے نہیں پھرتے، اللہ اُن کو رزق دیتا

وَاِيَّاكُمْ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦٠﴾

ہے اور تم کو بھی، اور وہ سُننے والا، جاننے والا ہے ﴿٦٠﴾

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

اور اگر آپ اُن سے پوچھو کہ کس نے پیدا کیا آسمانوں

وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

اور زمین کو اور مُسخّر کیا سورج کو اور چاند کو تو وہ ضرور

لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٦١﴾

کہیں گے کہ اللہ نے، پھر وہ کہاں سے پھیر دیے جاتے ہیں ﴿٦١﴾

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ

اللہ ہی اپنے بندوں میں سے جس کا چاہتا ہے رزق کشادہ کرتا

عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ

ہے اور جس کا چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے، بے شک اللہ ہر چیز کا

شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۶۲﴾ وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ

جاننے والا ہے ﴿۶۲﴾ اور اگر آپ اُن سے پوچھو کہ کس نے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ

آسمان سے پانی اُتارا پھر اُس سے زمین کو زندہ کیا اُس کے

مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَیَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ

مَر جانے کے بعد تو وہ ضرور کہیں گے کہ اللہ نے، کہہ دیجیے کہ

الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ ع ۶ ۱۲ ۲

ساری تعریف اللہ کے لیے ہے؛ بلکہ اُن میں سے اکثر لوگ نہیں سمجھتے ﴿۶۳﴾

وَمَا هٰذِهِ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَاۤ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ؕ

اور یہ دنیا کی زندگی کچھ نہیں ہے مگر ایک کھیل اور دل کا بہلاوا،

وقف لازم

وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِیَ الْحَیَوَانُ ۘ

اور بے شک آخرت کا گھر ہی اصل زندگی کی جگہ ہے،

لَوْ كَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ﴿۶۴﴾ فَاِذَا رَكِبُوْا

کاش کہ وہ جانتے ﴿۶۴﴾ پس جب وہ کشتی میں سوار ہوتے ہیں

فِی الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ

تو اللہ کو پکارتے ہیں اُسی کے لیے دین کو خالص کرتے

الدِّیْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ

ہوئے، پھر جب وہ اُن کو نجات دے کر خشکی کی طرف لے جاتا ہے تو وہ فوراً

یُشْرِكُوْنَ ۙ﴿۶۵﴾ لِیَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَیْنٰهُمْ ۚ

شرک کرنے لگتے ہیں ﴿۶۵﴾ تاکہ ہم نے جو نعمت اُن کو دی ہے اُس کی ناشکری

وَلِیَتَمَتَّعُوْا ۟ فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ اَوَلَمْ

کریں اور چند دن فائدہ اُٹھالیں، پس وہ جلد ہی جان لیں گے ﴿۶۶﴾ کیا وہ

یَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّیُتَخَطَّفُ

دیکھتے نہیں کہ ہم نے ایک پُرامن حرم بنایا اور اُن کے آس پاس سے

النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ

لوگ اُچک لیے جاتے ہیں، تو کیا وہ باطل کو

یُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ یَكْفُرُوْنَ ﴿۶۷﴾

مانتے ہیں اور اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں ﴿۶۷﴾

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا

اور اُس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے

اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ اَلَیْسَ فِیْ

یا حق کو جُھٹلائے جب کہ وہ اُس کے پاس آ چکا ، کیا

جَهَنَّمَ مَثْوًی لِّلْكٰفِرِیْنَ ﴿۶۸﴾ وَالَّذِیْنَ

منکروں کا ٹھکانہ جہنم میں نہ ہوگا ﴿۶۸﴾ اور جو لوگ ہماری خاطر

جٰهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ

مشقت اُٹھائیں گے اُن کو ہم اپنے راستے دِکھائیں گے ،

وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۶۹﴾ ع ۷ ۶ ۳

اور یقیناً اللہ نیکی کرنے والوں کے ساتھ ہے ﴿۶۹﴾

سورۂ روم مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۱۷) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۶۰) آیتیں اور (۶) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۸۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۳۰) نمبر پر ہے اور سورۂ انشقاق کے بعد نازل ہوئی ہے۔

اِس میں (۸۱۹) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | اِس میں (۳۵۳۴) حروف ہیں

الٓمّٓ ﴿۱﴾ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿۲﴾ فِیْٓ اَدْنَی

الٓمّٓ ﴿۱﴾ روم والے مغلوب ہو گئے ﴿۲﴾ پاس کے علاقے میں

الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ

اور وہ اپنی مغلوبیت کے بعد جلد ہی

سَيَغْلِبُوْنَ ۙ﴿۳﴾ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ؕ لِلّٰهِ

غالب ہوں گے ﴿۳﴾ چند برسوں میں ، اللہ ہی کے

الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ؕ وَيَوْمَئِذٍ

ہاتھ میں سب کام ہیں ، پہلے بھی اور پیچھے بھی ، اور اُس دن

يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۴﴾ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ

ایمان والے خوش ہوں گے ﴿۴﴾ اللہ کی مدد سے ، وہ جس کی

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۙ﴿۵﴾

چاہتا ہے مدد کرتا ہے، اور وہ زبردست ہے، رحمت والا ہے ﴿۵﴾

وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ

اللہ کا وعدہ ہے ، اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا؛

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶﴾ يَعْلَمُوْنَ

لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿۶﴾ وہ دنیا

ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۖ وَهُمْ

کی زندگی کے صرف ظاہر کو جانتے ہیں اور

عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝۷ اَوَلَمْ

وہ آخرت سے بے خبر ہیں ۝۷ کیا اُنہوں نے

يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۭ مَا خَلَقَ اللّٰهُ

اپنے آپ میں غور نہیں کیا ، اللہ نے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ

اور زمین کو اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے برحق پیدا کیا ہے

وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ

اور صرف ایک مقرر مدت کے لیے ، اور لوگوں میں

النَّاسِ بِلِقَاۗىِٕ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝۸

بہت سے ہیں جو اپنے رب سے ملاقات کے منکر ہیں ۝۸

اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا

کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ وہ دیکھتے کہ

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ

کیسا انجام ہوا اُن لوگوں کا جو اُن سے

قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً

پہلے تھے ، وہ اُن سے زیادہ طاقت رکھتے تھے

وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ

اور اُنہوں نے زمین کو بویا اور اُس کو اُس سے زیادہ

مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

آباد کیا جتنا اِنہوں نے آباد کیا ہے، اور اُن کے پاس رسول واضح

بِالْبَيِّنٰتِ ؕ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ

نشانیاں لے کر آئے ، پس اللہ اُن پر ظلم کرنے والا نہ تھا

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝٩ ؕ

مگر وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھے ۝٩

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوا

پھر جن لوگوں نے بُرا کام کیا تھا

السُّوْٓآٰی اَنْ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ

اُن کا انجام بُرا ہوا اِس وجہ سے کہ اُنہوں نے اللہ کی آیتوں کو

ع ۱۰ ۴ وَکَانُوْا بِهَا یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۰﴾ اَللّٰهُ

جُھٹلایا اور وہ اُن کی ہنسی اُڑاتے تھے ﴿۱۰﴾ اللہ

یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ ثُمَّ اِلَیْهِ

خلق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہی اُس کو دوبارہ پیدا کرے گا

تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ

پھر تم اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿۱۱﴾ اور جس دن قیامت برپا ہوگی

یُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَمْ یَکُنْ

اُس دن مجرم لوگ حیرت زدہ رہ جائیں گے ﴿۱۲﴾ اور اُن کے

لَّهُمْ مِّنْ شُرَکَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَکَانُوْا

شریکوں میں اُن کا کوئی سفارشی نہ ہوگا اور وہ اپنے

بِشُرَکَآئِهِمْ کٰفِرِیْنَ ﴿۱۳﴾ وَیَوْمَ تَقُوْمُ

شریکوں کے منکر ہو جائیں گے ﴿۱۳﴾ اور جس دن قیامت برپا ہوگی

السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا

اُس دن سب لوگ جُدا جُدا ہو جائیں گے ﴿۱۴﴾ پس جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے

فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَاَمَّا

وہ ایک باغ میں مسرور ہوں گے ﴿۱۵﴾ اور جن

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

لوگوں نے انکار کیا اور ہماری آیتوں کو

وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ

اور آخرت کے پیش آنے کو جُھٹلایا تو وہ عذاب میں پکڑے

مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ

ہوئے ہوں گے ﴿۱۶﴾ پس تم پاک اللہ کی یاد کرو جب تم

تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ

شام کرتے ہو اور جب تم صبح کرتے ہو ﴿۱۷﴾ اور

الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا

آسمانوں اور زمین میں اُسی کے لیے حمد ہے اور شام کے پہر میں

وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ

اور جب تم ظہر کرتے ہو ﴿۱۸﴾ وہ زندہ کو

مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ

مُردے سے نکالتا ہے اور مُردے کو زندہ سے نکالتا ہے اور وہ

الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ

زمین کو اُس کے مُردہ ہو جانے کے بعد زندہ کرتا ہے

وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾ ع وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ ع ۲ ۹ ۵

اور اِسی طرح تم لوگ نکالے جاؤ گے ﴿۱۹﴾ اور اُس کی نشانیوں میں

اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ

سے یہ ہے کہ اُس نے تم کو مٹّی سے پیدا کیا ہے پھر یکا یک تم

بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ

بشر بن کر پھیل جاتے ہو ﴿۲۰﴾ اور اُس کی نشانیوں میں سے یہ ہے

خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا

کہ اُس نے تمہاری جنس سے تمہارے لیے جوڑے پیدا کیے؛

لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً

تا کہ تم اُن سے سکون حاصل کرو، اور اُس نے تمہارے درمیان محبت

وَّرَحْمَةً ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

اور رحمت رکھ دی، بے شک اِس میں بہت سی نشانیاں ہیں اُن لوگوں

يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ

کے لیے جو غور کرتے ہیں ﴿۲۱﴾ اور اُس کی نشانیوں میں سے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ

آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمہاری بولیوں اور تمہارے رنگوں کا

وَاَلْوَانِكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ﴿۲۲﴾

اختلاف ہے، بے شک اِس میں بہت سی نشانیاں ہیں علم والوں کے لیے ﴿۲۲﴾

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ

اور اُس کی نشانیوں میں سے تمہارا رات اور دن میں سونا

وَابْتِغَآؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ

اور تمہارا اُس کے فضل کو تلاش کرنا ہے، بے شک اِس میں

لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَمِنْ اٰیٰتِهٖ

بہت سی نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے جو سُنتے ہیں ﴿۲۳﴾ اور اُس کی نشانیوں

یُرِیْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّیُنَزِّلُ

میں سے یہ ہے کہ وہ تم کو بجلی دِکھاتا ہے خوف کے ساتھ اور اُمید کے ساتھ،

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَیُحْیٖ بِهِ الْاَرْضَ

اور وہ آسمان سے پانی اُتارتا ہے پھر اُس سے زمین کو زندہ کرتا ہے

بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ

اُس کے مُردہ ہو جانے کے بعد، بے شک اِس میں نشانیاں ہیں اُن لوگوں

یَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنْ تَقُوْمَ

کے لیے جو عقل سے کام لیتے ہیں ﴿۲۴﴾ اور اُس کے نشانیوں میں سے یہ ہے

السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ؕ ثُمَّ اِذَا

کہ آسمان اور زمین اُس کے حکم سے قائم ہے، پھر جب وہ

دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖ مِّنَ الْاَرْضِ اِذَآ اَنْتُمْ

تم کو ایک بار پکارے گا تو تم اُسی وقت زمین سے

تَخْرُجُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَلَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ

نکل پڑو گے ﴿۲۵﴾ اور آسمانوں اور زمین میں

وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَهُوَ

جو بھی ہے اُسی کا ہے، سب اُسی کے تابع ہیں ﴿۲۶﴾ اور وہی ہے

الَّذِیْ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ وَهُوَ

جو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہی دوبارہ پیدا

اَهْوَنُ عَلَیْهِ ؕ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰی فِی

کرے گا، اور یہ اُس کے لیے زیادہ آسان ہے، اور آسمانوں اور زمین

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ

میں اُسی کے لیے سب سے برتر صفت ہے، اور وہ زبردست ہے،

الْحَكِیْمُ ﴿۲۷﴾ ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ ع ۳ ۸ ۲

حکمت والا ہے ﴿۲۷﴾ وہ تمہارے لیے خود تمہاری ذات سے ایک مثال

اَنْفُسِكُمْ ؕ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ

بیان کرتا ہے، کیا تمہارے غلاموں میں کوئی تمہارے اُس مال

اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ

میں شریک ہے جو ہم نے تم کو دیا ہے کہ تم اور وہ اُس میں برابر ہوں،

فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ

اور جس طرح تم اپنوں کا لحاظ کرتے ہو اُسی طرح اُن کا بھی لحاظ

اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ

کرتے ہو، اِس طرح ہم آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں اُن

لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾ بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ

لوگوں کے لیے جو عقل سے کام لیتے ہیں ﴿۲۸﴾ بلکہ اپنی جانوں پر

ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ

ظلم کرنے والوں نے بلا دلیل اپنے خیالات کے پیروی کر رکھی ہے تو

يَّهْدِيْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا لَهُمْ

اُس کو کون ہدایت دے سکتا ہے جس کو اللہ نے بھٹکا دیا ہو، اور کوئی

مِّنَ النّٰصِرِیْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ

اُن کا مددگار نہیں ﴿۲۹﴾ پس آپ یکسو ہو کر اپنا رخ

لِلدِّیْنِ حَنِیْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ

اِس دین کی طرف رکھو ،اللہ کی فطرت

فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا ؕ لَا تَبْدِیْلَ

جس پر اُس نے لوگوں کو بنایا ہے، اُس کے بنائے ہوئے

لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ ۙ۬

کو بدلنا نہیں ، یہی سیدھا دین ہے،

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ۙ

لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿۳۰﴾

مُنِیْبِیْنَ اِلَیْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ

اُسی کی طرف متوجہ ہو کر اور اُسی سے ڈرو اور نماز قائم کرو

وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۳۱﴾

اور مشرکین میں سے نہ بنو ﴿۳۱﴾

مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ؕ كُلُّ

جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کرلیا اور وہ بہت سے گروہ ہو گئے، ہر

حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَاِذَا

گروہ اپنے طریقے پر خوش ہے جو اُس کے پاس ہے ﴿۳۲﴾ اور جب

مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيْبِيْنَ

لوگوں کو کوئی تکلیف پہونچتی ہے تو وہ اپنے رب کو پکارتے ہیں اُسی کی

اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا

طرف متوجہ ہو کر، پھر جب وہ اپنی طرف سے اُن کو مہربانی چکھاتا ہے تو اُن

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ لِ

میں سے ایک گروہ اپنے رب کا شریک ٹھہرانے لگتا ہے ﴿۳۳﴾

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا وقفة

کہ جو کچھ ہم نے اُن کو دیا ہے اُس کے منکر ہو جائیں، تو چند دن فائدہ اُٹھالو،

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾ اَمْ اَنْزَلْنَا

جلد ہی تم کو معلوم ہو جائے گا ﴿۳۴﴾ کیا ہم نے اُن پر

عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا

کوئی سند اُتاری ہے کہ وہ اُن کو اللہ کے ساتھ

بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ

شرک کرنے کو کہہ رہی ہے ﴿۳۵﴾ اور جب ہم لوگوں کو

رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ؕ وَاِنْ تُصِبْهُمْ

مہربانی چکھاتے ہیں تو وہ اُس سے خوش ہو جاتے ہیں، اور اگر اُن کے

سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ

اعمال کے سبب سے اُن کو کوئی تکلیف پہونچتی ہے تو یکا یک وہ

يَقْنَطُوْنَ ﴿۳۶﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ

مایوس ہو جاتے ہیں ﴿۳۶﴾ کیا وہ دیکھتے نہیں کہ اللہ جس کو چاہے

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِيْ

زیادہ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہے کم، بے شک اِس میں

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾

نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں ﴿۳۷﴾

فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ

پس رشتے دار کو اُس کا حق دو اور مسکین کو اور

السَّبِيْلِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ

مسافر کو ، یہ بہتر ہے اُن لوگوں کے لیے جو اللہ کی رضا

وَجْهَ اللّٰهِ ۫ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۳۸﴾

چاہتے ہیں اور وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں ﴿۳۸﴾

وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ

اور جو سود تم دیتے ہو تا کہ لوگوں کے مال میں شامل ہو کر

النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ

وہ بڑھ جائے تو اللہ کے نزدیک وہ نہیں بڑھتا ، اور جو

اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ

زکوٰۃ تم دو گے اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے تو یہی لوگ ہیں

اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ﴿۳۹﴾

جو اللہ کے یہاں اپنے مال کو بڑھانے والے ہیں ﴿۳۹﴾

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ

اللہ ہی ہے جس نے تم کو پیدا کیا پھر اُس نے تم کو روزی دی پھر وہ

یُمِیْتُكُمْ ثُمَّ یُحْیِیْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ

تم کو موت دیتا ہے پھر وہ تم کو زندہ کرے گا، کیا تمہارے

شُرَكَآىِٕكُمْ مَّنْ یَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ

شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو اِن میں سے کوئی کام

شَیْءٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۴۰﴾ ع ۴ ۱۳ ۷

کرتا ہو، وہ پاک ہے اور برتر ہے اُس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں ﴿۴۰﴾

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ

خشکی اور تری میں فساد پھیل گیا لوگوں کے

اَیْدِی النَّاسِ لِیُذِیْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِیْ

اپنے ہاتھوں کی کمائی سے؛ تاکہ اللہ مزہ چکھائے اُن کو اُن کے

عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ﴿۴۱﴾ قُلْ

بعض اعمال کا، شاید کہ وہ باز آئیں ﴿۴۱﴾ کہہ دیجیے کہ

سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ

زمین میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ اُن

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ كَانَ

لوگوں کا انجام کیا ہوا جو اِس سے پہلے گزرے ہیں، اُن میں

اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ﴿۴۲﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ

سے اکثر مشرک تھے ﴿۴۲﴾ پس آپ اپنا رخ

لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ

دین قیّم کی طرف سیدھا رکھو قبل اِس کے کہ اللہ کی طرف سے

يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ

ایسا دن آ جائے جس کے لیے واپسی نہیں، اُس دن لوگ جُدا جُدا

يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿۴۳﴾ مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ

ہو جائیں گے ﴿۴۳﴾ جس نے انکار کیا تو اُس کا انکار اُسی پر پڑے گا،

وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ

اور جس نے نیک عمل کیے تو یہ لوگ اپنے ہی لیے سامان

يَمْهَدُوْنَ ﴿۴۴﴾ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

کر رہے ہیں ﴿۴۴﴾ تاکہ اللہ ایمان لانے والوں کو

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ

اور نیک عمل کرنے والوں کو اپنے فضل سے جزا دے،

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمِنْ

بے شک اللہ منکروں کو پسند نہیں کرتا ﴿۴۵﴾ اور اُس کی

اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيٰحَ مُبَشِّرٰتٍ

نشانیوں میں سے یہ ہے کہ وہ ہوائیں بھیجتا ہے خوش خبری دینے کے لیے

وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ

اور تاکہ وہ تم کو اپنی رحمت سے نوازے، اور تاکہ کشتیاں

الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ

اُس کے حکم سے چلیں اور تاکہ تم اُس کا فضل تلاش کرو

وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

اور تاکہ تم اُس کا شکر ادا کرو ﴿۴۶﴾ اور ہم نے آپ سے پہلے رسولوں کو بھیجا

مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ

اُن کی قوم کی طرف، پس وہ اُن کے پاس

فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ

کُھلی نشانیاں لے کر آئے تو ہم نے اُن لوگوں سے انتقام لیا

الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ؕ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا

جنہوں نے جرم کیا تھا، اور ہم پر یہ حق تھا کہ

نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ

ہم مؤمنوں کی مدد کریں ﴿۴۷﴾ اللہ ہی ہے جو

الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ

ہواؤں کو بھیجتا ہے پس وہ بادل کو اُٹھاتی ہیں پھر اللہ اُن کو

فِي السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ وَيَجْعَلُهٗ

آسمان میں پھیلا دیتا ہے جس طرح چاہتا ہے اور وہ اُن کو

كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ

تہہ بہ تہہ کرتا ہے، پھر آپ بارش کو دیکھتے ہو کہ اُس کے اندر سے

خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

نکلتی ہے، پھر جب وہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے

مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۚ ﴿۴۸﴾

اُسے پہونچا دیتا ہے تو یکا یک وہ خوش ہو جاتے ہیں ﴿۴۸﴾

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ

اور وہ اُس کے نازل کیے جانے سے قبل

مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَانْظُرْ اِلٰٓى

خوشی سے پہلے نااُمید تھے ﴿۴۹﴾ پس اللہ کی رحمت کے

اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ

آثار کو دیکھیے کہ وہ کس طرح زمین کو زندہ کرتا ہے اُس کے

بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ

مُردہ ہو جانے کے بعد، بے شک وہی مُردوں کو زندہ کرنے والا ہے،

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿۵۰﴾ اور اگر ہم ایک

رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْۢ

ہوا بھیج دیں پھر وہ کھیتی کو زرد ہوتی دیکھیں تو اُس کے

بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾ فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ

بعد وہ انکار کرنے لگیں گے ﴿۵۱﴾ تو آپ مُردوں کو نہیں سنا سکتے

الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا

اور نہ آپ بہروں کو اپنی پُکار سنا سکتے جب کہ

وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ

وہ پیٹھ پھیر کر چلے جا رہے ہوں ﴿۵۲﴾ اور نہ آپ اندھوں کو اُن کی گمراہی

عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ

سے نکال کر راہ پر لا سکتے ہو، آپ صرف اُس کو سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر

بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾ ع اَللّٰهُ الَّذِيْ ع ۵ ۱۳ ۸

ایمان لانے والا ہو، پس یہی لوگ اطاعت کرنے والے ہیں ﴿۵۳﴾ اللہ ہی ہے

خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ

جس نے تم کو کمزوری سے پیدا کیا پھر کمزوری کے

بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ

بعد قوت دی پھر قوت کے بعد ضعف اور بڑھاپا

قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّشَيْبَةً ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ

طاری کر دیا ، وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے

وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ﴿۵۴﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ

اور وہ علم والا، قدرت والا ہے ﴿۵۴﴾ اور جس دن قیامت برپا ہوگی

السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ مَا لَبِثُوْا

مجرم قسم کھا کر کہیں گے کہ وہ ایک گھڑی سے زیادہ

غَيْرَ سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ﴿۵۵﴾

نہیں رہے ، اِس طرح وہ پھیرے جاتے تھے ﴿۵۵﴾

وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ

اور جن لوگوں کو علم اور ایمان عطا ہوا تھا وہ کہیں گے

لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ

کہ اللہ کی کتاب میں تو تم روز حشر تک

امام حفصؒ سے ان تین کلمات میں مذکر حاضر اور تینوں دوں پر روی ہے، لیکن ضعیف ہے۔

الْبَعْثِ ز فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ

پڑے رہے ، پس یہ حشر کا دن ہے

كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَيَوْمَئِذٍ

لیکن تم جانتے نہ تھے ﴿۵۶﴾ پس اُس دن

لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ

ظالموں کو اُن کی معذرت کچھ نفع نہ دے گی

وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا

اور نہ اُن سے معافی مانگنے کے لیے کہا جائے گا ﴿۵۷﴾ اور ہم نے

لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ

اِس قرآن میں لوگوں کے لیے ہر قسم کی مثالیں بیان

مَثَلٍ ط وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ

کی ہیں، اور اگر آپ اُن کے پاس کوئی نشانی لے آؤ تو جن

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿۵۸﴾

لوگوں نے انکار کیا ہے وہ یہی کہیں گے کہ تم سب باطل پر ہو ﴿۵۸﴾

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ

اِس طرح اللہ مہر لگا دیتا ہے اُن لوگوں کے دلوں پر

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۹﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ

جو نہیں جانتے ﴿۵۹﴾ پس آپ صبر کیجیے، بے شک اللہ کا وعدہ

اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ

سچا ہے اور آپ کو کمزور نہ کردیں وہ لوگ

ع ۷ ۹

لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع

جو یقین نہیں رکھتے ﴿۶۰﴾

(سورۂ لقمان مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر چند آیتیں (۲۷، ۲۸، ۲۹) مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (۳۴) آیتیں اور (۴) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۵۷) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۳۱) نمبر پر ہے اور سورۂ صافات کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۵۴۸) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۲۱۱۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

الٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾

الٓمّٓ ﴿۱﴾ یہ حکمت بھری کتاب کی آیتیں ہیں ﴿۲﴾

هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳﴾

ہدایت اور رحمت نیکی کرنے والوں کے لیے ﴿۳﴾

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ

جو کہ نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ

الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝۴

ادا کرتے ہیں اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں ۝۴

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ

یہ لوگ اپنے رب کے سیدھے راستے پر ہیں اور یہی لوگ

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۵ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

فلاح پانے والے ہیں ۝۵ اور لوگوں میں کوئی ایسا ہے جو اُن

يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ

باتوں کا خریدار بنتا ہے جو غافل کرنے والی ہیں ؛ تاکہ

سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا

اللہ کی راہ سے گمراہ کرے بغیر کسی علم کے اور اُس کی ہنسی اُڑائے،

هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۶

ایسے لوگوں کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب ہے ۝۶

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا

اور جب اُس کو ہماری آیتیں سنائی جاتی ہیں تو وہ تکبّر کرتا ہوا منہ موڑ لیتا ہے

كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ

جیسے اُس نے سنا ہی نہیں جیسے اُس کے کانوں میں بہرا پن

وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۷

ہے، تو اُس کو ایک دردناک عذاب کی خوش خبری دے دیجیے ۝۷

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک کام کیے

لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ۝۸ۙ خٰلِدِيْنَ

اُن کے لیے نعمت کے باغ ہیں ۝۸ اُن میں وہ ہمیشہ

فِيْهَا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

رہیں گے، یہ اللہ کا پکّا وعدہ ہے، اور وہ زبردست ہے،

الْحَكِيْمُ ۝۹ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ

حکمت والا ہے ۝۹ اللہ نے آسمانوں کو پیدا کیا ایسے ستونوں کے

عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ

بغیر جو تم کو نظر آئیں اور اُس نے زمین میں پہاڑ رکھ دیے

رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا

کہ وہ تم کو لے کر جُھک نہ جائے اور اُس میں

مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ؕ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ

ہر قسم کے جاندار پھیلا دیے ، اور ہم نے آسمان سے

مَآءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ

پانی اُتارا پھر زمین میں ہر قسم کی عمدہ چیزیں

كَرِيْمٍ ﴿۱۰﴾ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ

اُگائیں ﴿۱۰﴾ یہ ہے اللہ کی تخلیق تو تم مجھ کو دکھاؤ کہ

مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ بَلِ

اُس کے سِوا جو ہیں اُنہوں نے کیا پیدا کیا ہے ، بلکہ

الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۱﴾ ع وَلَقَدْ ع ۱۱ ۱۰

ظالم لوگ کُھلی گمراہی میں ہیں ﴿۱۱﴾ اور ہم نے

اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ

لقمان کو حکمت عطا فرمائی کہ اللہ کا شکر ادا کرو ،

وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ

اور جو شخص شکر کرے گا تو وہ اپنے ہی لیے شکر کرے گا ،

وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۱۲﴾

اور جو ناشکری کرے گا تو اللہ بے نیاز ہے، خوبیوں والا ہے ﴿۱۲﴾

وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ

اور جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ اے میرے بیٹے!

لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ

اللہ کے ساتھ شریک نہ ٹھہرانا، بے شک شرک بہت بڑا

عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ

ظلم ہے ﴿۱۳﴾ اور ہم نے انسان کو اُس کے ماں باپ کے معاملے میں تاکید کی،

حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ

اُس کی ماں نے دُکھ پر دُکھ اُٹھا کر اُس کو پیٹ میں رکھا اور دو برس

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ؕ

میں اُس کا دودھ چھُڑانا ہوا، کہ تو میرا شکر کر اور اپنے والدین کا،

اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۱۴﴾ وَاِنْ جٰهَدٰكَ عَلٰٓى اَنْ النصف

میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے ﴿۱۴﴾ اور اگر وہ دونوں تجھ پر زور ڈالیں کہ

تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ

تو میرے ساتھ ایسی چیز کو شریک ٹھہرائے جو تجھ کو معلوم نہیں

فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا

تو اُن کی بات نہ ماننا ، اور دنیا میں اُن کے ساتھ

مَعْرُوْفًا ۪ وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ

نیک برتاؤ کرنا، اور تم اُس شخص کے راستے کی پیروی کرنا جس نے میری

اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ

طرف رجوع کیا ہے پھر تم سب کو میرے پاس آنا ہے پھر میں تم کو بتا

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ

دوں گا جو کچھ تم کرتے رہے ﴿۱۵﴾ اے میرے بیٹے ! اگر کوئی عمل

تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ

رائی کے دانے کے برابر ہو پھر وہ کسی پتھر کے

فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ

اندر ہو یا آسمانوں میں ہو یا زمین میں ہو، اللہ اُس کو

یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ﴿۱۶﴾

حاضر کردے گا، بے شک اللہ باریک بیں ہے، باخبر ہے ﴿۱۶﴾

یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ

اے میرے بیٹے! نماز قائم کرو، اچھے کام کی نصیحت کرو

وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰی مَآ اَصَابَكَ ؕ

اور بُرائی سے روکو اور جو مصیبت تم کو پہونچے اُس پر صبر کرو،

اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۷﴾ وَلَا تُصَعِّرْ

بے شک یہ ہمّت کے کاموں میں سے ہے ﴿۱۷﴾ اور لوگوں سے

خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ

بے رخی نہ کرو اور زمین میں اکڑ کر نہ

مَرَحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ

چلو، بے شک اللہ کسی اکڑنے والے اور فخر کرنے والے کو

فَخُوْرٍ ﴿۱۸﴾ وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ

پسند نہیں کرتا ﴿۱۸﴾ اور اپنی چال میں درمیانی طریقہ اختیار کرو

مِنْ صَوْتِكَ ؕ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ

اور اپنی آواز کو پست رکھو، بے شک سب سے بُری آواز گدھے

الْحَمِيْرِ ﴿۱۹﴾ اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ ع ۲ ۸ ۱۱

کی آواز ہے ﴿۱۹﴾ کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ نے تمہارے کام میں

لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

لگا دیا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے،

وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ؕ

اور اُس نے اپنی کُھلی اور چھُپی نعمتیں تم پر تمام کر دیں ،

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ

اور لوگوں میں ایسے بھی ہیں جو اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں

بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ﴿۲۰﴾

کسی علم اور کسی ہدایت اور کسی روشن کتاب کے بغیر ﴿۲۰﴾

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ تم پیروی کرو اُس چیز کی جو اللہ نے اُتاری ہے

قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ

تو وہ کہتے ہیں کہ نہیں ہم تو اُس چیز کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے

اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ

اپنے باپ دادا کو پایا ہے، کیا اگر شیطان اُن کو آگ کے عذاب

اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۲۱﴾ وَمَنْ يُّسْلِمْ

کی طرف بُلا رہا ہو تب بھی ؟ ﴿۲۱﴾ اور جو شخص اپنا رخ

وَجْهَهٗٓ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ

اللہ کی طرف جُھکا دے اور وہ نیک عمل کرنے والا بھی ہو

اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

تو اُس نے مضبوط رسّی پکڑ لی ، اور اللہ ہی کی طرف ہے

عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۲۲﴾ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ

تمام معاملات کا انجام کار ﴿۲۲﴾ اور جس نے انکار کیا تو اُس کا انکار

كُفْرُهٗ ؕ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ

آپ کو غمگین نہ کرے، ہماری ہی طرف ہے اُن کی واپسی تو ہم

بِمَا عَمِلُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

اُن کو بتادیں گے جو کچھ اُنہوں نے کیا، بے شک اللہ دلوں کی

الصُّدُوْرِ ﴿۲۳﴾ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ

بات سے بھی واقف ہے ﴿۲۳﴾ ہم اُن کو تھوڑی مدّت فائدہ دیں گے

نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۲۴﴾

پھر اُن کو ایک سخت عذاب کی طرف کھینچ لائیں گے ﴿۲۴﴾

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

اور اگر آپ اُن سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا

وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ

تو وہ ضرور کہیں گے کہ اللہ نے، کہہ دیجیے کہ سب تعریف

لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۵﴾ لِلّٰهِ

اللہ کے لیے ہے؛ بلکہ اُن میں سے اکثر نہیں جانتے ﴿۲۵﴾ اللہ ہی

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، بے شک اللہ

هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ اَنَّمَا فِي

بے نیاز ہے، خوبیوں والا ہے ﴿۲۶﴾ اور اگر زمین میں

الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ

جو درخت ہیں وہ قلم بن جائیں اور سمندر مزید

يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا

سات سمندروں کے ساتھ روشنائی بن جائیں تب بھی

نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں، بے شک اللہ زبردست ہے،

حَكِيْمٌ ﴿۲۷﴾ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ

حکمت والا ہے ﴿۲۷﴾ تم سب کا پیدا کرنا اور دوبارہ زندہ کرنا

اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ

بس ایسا ہی ہے جیسا ایک شخص کا ، بے شک اللہ سُننے والا ،

بَصِيْرٌ ﴿۲۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ

دیکھنے والا ہے ﴿۲۸﴾ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ رات کو

فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ

دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے،

وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۙ كُلٌّ يَّجْرِيْٓ

اور اُس نے سورج اور چاند کو کام میں لگا دیا ہے، ہر ایک چلتا ہے

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

ایک مقررہ وقت تک، اور یہ کہ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے

خَبِيْرٌ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ

باخبر ہے ﴿۲۹﴾ یہ اِس وجہ سے ہے کہ اللہ ہی حق ہے اور اُس کے

مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ

سِوا جن چیزوں کو وہ پکارتے ہیں وہ باطل ہیں اور بے شک

اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ ع ۳ ۱۱ ۱۲

اللہ برتر ہے ، بڑا ہے ﴿۳۰﴾ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ

الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ

کشتی سمندر میں اللہ کے فضل سے چلتی ہے ؛ تاکہ وہ تم کو

لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

اپنی نشانیاں دکھائے، بے شک اِس میں نشانیاں ہیں

لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا غَشِيَهُمْ

ہر صبر کرنے والے، شکر کرنے والے کے لیے ﴿۳۱﴾ اور جب موج اُن کے سر

مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ

پر بادل کی طرح چھا جاتی ہے تو وہ اللہ کو پکارتے ہیں اُس کے لیے

لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ

دین کو خالص کرتے ہوئے، پھر جب وہ اُن کو نجات دے کر خشکی کی طرف

فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ؕ وَمَا يَجْحَدُ

لے آتا ہے تو اُن میں کچھ اعتدال پر رہتے ہیں ، اور ہماری نشانیوں

بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۲﴾

کا انکار وہی لوگ کرتے ہیں جو بدعہد ہیں، ناشکرے ہیں ﴿۳۲﴾

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا

اے لوگو! اپنے رب (کے غصّے) سے بچو اور اُس دن سے ڈرو

يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ز

جب کہ کوئی باپ اپنے بیٹے کی طرف سے بدلہ نہ دے گا

وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ط

اور نہ کوئی بیٹا اپنے باپ کی طرف سے کچھ بدلہ دینے والا ہوگا،

اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ

بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے تو دنیا کی زندگی تمہیں دھوکے میں نہ

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وقفة وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ

ڈالے اور نہ دھوکے باز تم کو اللہ کے بارے میں دھوکہ

الْغَرُوْرُ ﴿۳۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ

دینے پائے ﴿۳۳﴾ بے شک اللہ ہی کو قیامت کا

السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ

علم ہے اور وہی بارش برساتا ہے اور وہ جانتا ہے

مَا فِي الْاَرْحَامِ ؕ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ

جو کچھ رحم میں ہے ، اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ کل

مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ؕ وَمَا تَدْرِيْ

وہ کیا کمائی کرے گا اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ

نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

وہ کس زمین میں مرے گا، بے شک اللہ

ع ۴ ۱۳

عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۳۴﴾

جاننے والا، باخبر ہے ﴿۳۴﴾

(سورۂ سجدہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۱۶) سے آیت (۲۰) تک مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (۳۰) آیتیں اور (۳) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۷۵) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۳۲) نمبر پر ہے اور سورۂ مومنون کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۳۸۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۵۱۸) حروف ہیں |
|---|---|---|

الٓمّٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ

الٓمّٓ ﴿۱﴾ یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے ، اِس میں کوئی

فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲﴾ اَمْ

شبہ نہیں ، خداوند عالم کی طرف سے ہے ﴿۲﴾ کیا وہ

يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ

کہتے ہیں کہ اِس شخص نے اِس کو خود گھڑ لیا ہے؛ بلکہ یہ حق ہے آپ کے

رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ

رب کی طرف سے تاکہ آپ اُن لوگوں کو ڈرا دو جن کے پاس آپ سے

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳﴾ اَللّٰهُ

پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا ؛ تاکہ وہ راہ پر آجائیں ﴿۳﴾ اللہ

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا

ہی ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو اور

بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى

جو اُن کے درمیان ہے چھ دنوں میں پھر وہ عرش

الْعَرْشِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ

پر قائم ہوا ، اُس کے سوا نہ کوئی تمہارا مددگار ہے

وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝۴ يُدَبِّرُ

اور نہ کوئی سفارش کرنے والا، تو کیا تم دھیان نہیں کرتے ۝۴ وہ

الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ

آسمان سے زمین تک تمام معاملات کی تدبیر کرتا ہے پھر

يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ

وہ اُس کی طرف لوٹتے ہیں ایک ایسے دن میں جس کی مقدار

اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝۵ ذٰلِكَ عٰلِمُ

تمہاری گنتی سے ہزار سال کے برابر ہے ۝۵ وہی ہے

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۶ ۙ

پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والا، زبردست ہے، رحمت والا ہے ۝۶

الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ

اُس نے جو چیز بھی بنائی خوب بنائی ، اور اُس نے

خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝۷ ۚ ثُمَّ جَعَلَ

انسان کی تخلیق کی ابتدا مٹّی سے کی ۝۷ پھر اُس کی

نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۚ ﴿۸﴾

نسل حقیر پانی کے خلاصے سے چلائی ﴿۸﴾

ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ

پھر اُس کے اعضاء درست کیے اور اُس میں اپنی روح پھونکی

وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

اور تمہارے لیے کان اور آنکھیں

وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۹﴾

اور دل بنائے ، تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو ﴿۹﴾

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِى الْاَرْضِ ءَاِنَّا

اور اُنہوں نے کہا کہ کیا جب ہم زمین میں گم ہوجائیں گے

لَفِىْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۬ؕ بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ

تو ہم پھر نئے سرے سے پیدا کیے جائیں گے؟ بلکہ وہ اپنے

رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۰﴾ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ

رب کی ملاقات کے منکر ہیں ﴿۱۰﴾ کہہ دیجیے کہ

مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِیْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ

موت کا فرشتہ تمہاری جان قبض کرتا ہے جو تم پر مقرر کیا گیا ہے،

اِلٰی رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَلَوْ تَرٰۤی ع ۱۱ ۱۴

پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿۱۱﴾ اور کاش آپ

اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ

دیکھو جب کہ یہ مجرم لوگ اپنے رب کے سامنے سر جھکائے

عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَاۤ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا

ہوں گے، اے ہمارے رب! ہم نے دیکھ لیا اور ہم نے سُن لیا

فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾

پس آپ ہم کو واپس بھیج دیجیے کہ ہم نیک کام کریں، ہم یقین کرنے والے بن گئے ﴿۱۲﴾

وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَیْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا

اور اگر ہم چاہتے تو ہر شخص کو اُس کی ہدایت دے دیتے؛

وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّیْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ

لیکن میری بات ثابت ہو چکی کہ میں ضرور جہنم کو

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَذُوْقُوْا

جنّات اور انسانوں سے بھر دوں گا ﴿۱۳﴾ تو اب

بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا

مزہ چکھو اِس بات کا کہ تم نے اِس دن کی ملاقات کو بھُلا دیا، ہم

نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا

نے بھی تم کو بھُلا دیا اور (اب) اپنے کیے کی بدولت ہمیشہ کا

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا

عذاب چکھو ﴿۱۴﴾ ہماری آیتوں پر وہی لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا

اُن کو اُن کے ذریعے یاد دہانی کی جاتی ہے تو وہ سجدے میں گر

وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ

پڑتے ہیں اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ اُس کی تسبیح کرتے ہیں

لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ سجدة تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ

اور وہ تکبّر نہیں کرتے ﴿۱۵﴾ اُن کے پہلو بستروں سے

عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا

الگ رہتے ہیں، وہ اپنے رب کو پکارتے ہیں ڈر سے اور

وَّطَمَعًا ۫ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾

اُمید سے، اور جو کچھ ہم نے اُن کو دیا ہے اُس میں سے خرچ کرتے ہیں ﴿۱۶﴾

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ

تو کسی کو خبر نہیں کہ اُن لوگوں کے لیے

مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا

اُن کے اعمال کے صلے میں آنکھوں کی کیا ٹھنڈک

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾ اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا

چھپا رکھی گئی ہے ﴿۱۷﴾ تو کیا جو مؤمن ہے وہ اُس شخص

كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ؕ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾

جیسا ہوگا جو نافرمان ہے، دونوں برابر نہیں ہو سکتے ﴿۱۸﴾

وقف غفران ۱۱۲

اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے اچھے کام کیے

فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰی ز نُزُلًا بِمَا كَانُوْا

تو اُن کے لیے جنّت کی قیام گاہیں ہیں، مہمان نوازی کے طور پر

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا

اُن کاموں کی وجہ سے جو وہ کرتے تھے ﴿۱۹﴾ اور جن لوگوں نے

فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ط كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ

نافرمانی کی تو اُن کا ٹھکانہ آگ ہے، وہ لوگ جب اُس سے

يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ

نکلنا چاہیں گے تو پھر اُسی میں دھکیل دیے جائیں گے اور اُن سے

لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِیْ

کہا جائے گا کہ آگ کا عذاب چکھو جس کو تم

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ

جھٹلاتے تھے ﴿۲۰﴾ اور ہم اُن کو بڑے

مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰی دُوْنَ الْعَذَابِ

عذاب سے پہلے قریب کا عذاب ضرور

الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَنْ

چکھائیں گے شاید کہ وہ باز آجائیں ﴿۲۱﴾ اور اُس شخص سے

اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ

زیادہ ظالم کون ہوگا جس کو اُس کے رب کی آیتوں کے ذریعے نصیحت کی جائے

اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ

پھر وہ اُن سے منہ موڑے ، ہم ایسے مجرموں سے ضرور

ع ۲ ۱۱ ۱۵ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى

بدلہ لیں گے ﴿۲۲﴾ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو

الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ

کتاب دی تو آپ اُس کے ملنے میں کچھ شک نہ کریں ،

وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۳﴾

اور ہم نے اُس کو بنی اسرائیل کے لیے ہدایت بنایا ﴿۲۳﴾

وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ

اور ہم نے اُن میں پیشوا بنائے جو ہمارے حکم سے لوگوں کی رہنمائی کرتے

بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا

تھے جب کہ اُنہوں نے صبر کیا ، اور وہ ہماری آیتوں پر

يُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ

یقین رکھتے تھے ﴿۲۴﴾ بے شک آپ کا رب قیامت کے دن اُن

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ

کے درمیان اُن امور میں فیصلہ کر دے گا جن میں وہ آپس

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۲۵﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ

میں اختلاف کرتے تھے ﴿۲۵﴾ کیا اُن کے لیے یہ چیز ہدایت دینے

اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ

والی نہ بنی کہ اُن سے پہلے ہم نے کتنی قوموں کو ہلاک کر دیا ،

يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

جن کی بستیوں میں یہ لوگ آتے جاتے تھے ، بے شک اِس میں

لَاٰيٰتٍ ؕ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۶﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا

نشانیاں ہیں ، کیا یہ لوگ سُنتے نہیں ؟ ﴿۲۶﴾ کیا اُنہوں نے

اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ

نہیں دیکھا کہ ہم پانی کو چٹیل زمین کی طرف ہانک کر لے جاتے ہیں

فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ

پھر ہم اُس سے کھیتی نکالتے ہیں جس سے اُن کے چوپائے کھاتے ہیں

وَاَنْفُسُهُمْ ؕ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ

اور وہ خود بھی، پھر کیا وہ دیکھتے نہیں؟ ﴿۲۷﴾ اور وہ کہتے ہیں

مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۸﴾

کہ یہ فیصلہ کب ہوگا، اگر تم سچے ہو ﴿۲۸﴾

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ

کہہ دیجیے کہ فیصلے کے دن اُن لوگوں کا ایمان نفع نہ دے گا

كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾

جنہوں نے انکار کیا اور نہ اُن کو مہلت دی جائے گی ﴿۲۹﴾

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ

تو اُن سے اعراض کیجیے اور منتظر رہیے،

الثلثة

ع ۳ ۸ ۱۲

اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ۚ (۳۰)

یہ بھی منتظر ہیں (۳۰)

(سورۂ احزاب مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۷۳) آیتیں اور (۹) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۹۰) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۳۳) نمبر پر ہے اور سورۂ آل عمران کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۱۲۸۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۵۷۹۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ

اے پیارے نبی ! اللہ سے ڈریئے اور کافروں

الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اور منافقوں کی اطاعت نہ کیجیے ، بے شک

كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ (۱) وَّاتَّبِعْ مَا

اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے (۱) اور پیروی کیجیے اُس چیز کی جو

يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

آپ کے رب کی طرف سے آپ پر وحی کی جارہی ہے، بے شک

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ (۲) وَّتَوَكَّلْ عَلَى

اللہ باخبر ہے اُس سے جو تم لوگ کرتے ہو (۲) اور اللہ پر بھروسہ

اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝۳ مَا جَعَلَ

رکھیے ،اور اللہ کارساز ہونے کے لیے کافی ہے ۝۳ اللہ نے

اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ

کسی آدمی کے سینے میں دو دل نہیں رکھے

وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ

اور نہ تمہاری بیویوں کو جن سے تم ظِہار کرتے ہو

مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ

تمہاری ماں بنایا اور نہ تمہارے اپنے

اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ

منھ بولے بیٹوں کو تمہارا بیٹا بنادیا ، یہ سب تمہارے اپنے

بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ

منھ کی باتیں ہیں ، اور اللہ حق بات کہتا ہے

وَهُوَ يَهْدِى السَّبِيْلَ ۝۴ اُدْعُوْهُمْ

اور وہ سیدھا راستہ دِکھاتا ہے ۝۴ منھ بولے بیٹوں کو اُن کے

لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ج

باپوں کی نسبت سے پکارو یہ اللہ کے نزدیک زیادہ منصفانہ بات ہے،

فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ

پھر اگر تم اُن کے باپ کو نہ جانو تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں

فِی الدِّیْنِ وَمَوَالِیْكُمْ ط وَلَیْسَ

اور تمہارے رفیق ہیں ، اور جس چیز میں تم سے

عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ فِیْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ لا

بھول چوک ہو جائے تو اُس کا تم پر کچھ گناہ نہیں

وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ط

مگر جو تم دل سے ارادہ کرکے کرو ،

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۝۵ اَلنَّبِیُّ

اور اللہ معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے ۝۵ اور نبی کا حق

اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

مؤمنوں پر اُن کی اپنی جان سے بھی زیادہ ہے

وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ

اور نبی کی بیویاں اُن کی مائیں ہیں ، اور رشتہ دار

بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ

اللہ کی کتاب میں دوسرے

مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُهٰجِرِیْنَ اِلَّآ اَنْ

مؤمنین اور مہاجرین کی بہ نسبت ایک دوسرے سے زیادہ تعلق

تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِیٰٓـئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ

رکھتے ہیں مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں سے کچھ سلوک کرنا چاہو، یہ

ذٰلِكَ فِی الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝۶ وَاِذْ اَخَذْنَا

کتاب میں لکھا ہوا ہے ۝۶ اور جب ہم نے

مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ

پیغمبروں سے اُن کا عہد لیا اور آپ سے اور

نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِیْمَ وَمُوْسٰى وَعِیْسَى

نوح سے اور ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ

ابْنِ مَرْيَمَ ۘ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا

ابن مریم (علیہم السلام) سے ، اور ہم نے اُن سے پختہ

غَلِيْظًا ۙ﴿۷﴾ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ

عہد لیا ﴿۷﴾ تاکہ اللہ سچے لوگوں سے اُن کی سچائی کے بارے

عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا

میں سوال کرے ، اور منکروں کے لیے اُس نے دردناک

اَلِيْمًا ﴿۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا ع ۸ ۱۷

عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿۸﴾ اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے

نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ

اوپر اللہ کے احسان کو یاد کرو جب تم پر فوجیں چڑھ آئیں تو ہم

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ

نے اُن پر ایک آندھی بھیجی اور ایسی فوج جو تم کو دکھائی نہ دیتی تھی،

وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۚ﴿۹﴾

اور اللہ دیکھنے والا ہے جو کچھ تم کرتے ہو ﴿۹﴾

اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ

جب کہ وہ تم پر چڑھ آئے تمہارے اوپر کی طرف سے اور تمہارے

مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ

نیچے کی طرف سے اور جب آنکھیں پتھرا گئیں اور دل

الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ

گلوں تک پہونچ گئے اور تم اللہ کے ساتھ طرح طرح کے گمان

الظُّنُوْنَا ﴿۱۰﴾ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ

کرنے لگے ﴿۱۰﴾ اُس وقت ایمان والے امتحان میں ڈالے گئے

وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ﴿۱۱﴾ وَاِذْ يَقُوْلُ

اور بالکل ہِلا دیے گئے ﴿۱۱﴾ اور جب منافقین

الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

اور وہ لوگ جن کے دلوں میں روگ ہے کہتے تھے کہ

مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا

اللہ اور اُس کے رسول نے جو وعدہ ہم سے کیا تھا وہ صرف

غُرُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَاِذْ قَالَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ

دھوکہ تھا ﴿۱۲﴾ اور جب اُن میں سے ایک گروہ نے کہا کہ

یٰٓاَهْلَ یَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ

اے یثرب والو! تمہارے لیے ٹھہرنے کا موقع نہیں تو تم لوٹ چلو،

وَیَسْتَاْذِنُ فَرِیْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِیَّ

اور اُن میں سے ایک گروہ پیغمبر سے اجازت مانگتا تھا

یَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُیُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛؕ وَمَا هِیَ

وہ کہتا تھا کہ ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں حالانکہ وہ

بِعَوْرَةٍ ۚ اِنْ یُّرِیْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿۱۳﴾ منع

غیر محفوظ نہیں ، وہ صرف بھاگنا چاہتے تھے ﴿۱۳﴾

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَیْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ

اور اگر مدینہ کے اطراف سے اُن پر کوئی گھُس آتا

سُىِٕلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا

اور اُن کو فتنے کی دعوت دیتا تو وہ مان لیتے

بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا

اور وہ اُس میں بہت کم باقی رہتے ﴿۱۴﴾ اور اُنہوں نے اِس سے پہلے

اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ

اللہ سے عہد کیا تھا کہ وہ پیٹھ نہ پھیریں گے ،

وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْـُٔوْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ

اور اللہ سے کیے ہوئے عہد کی پوچھ ہوگی ﴿۱۵﴾ کہہ دیجیے کہ

لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ

اگر تم موت سے یا قتل سے بھاگو تو یہ بھاگنا تمہارے کچھ کام نہ

الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ

آئے گا ، اور اِس حالت میں تم کو صرف تھوڑے دنوں فائدہ

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ

اُٹھانے کا موقع ملے گا ﴿۱۶﴾ کہہ دیجیے کہ کون ہے

يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ

جو تم کو اللہ سے بچائے گا اگر وہ تم کو

سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ وَلَا يَجِدُوْنَ

نقصان پہونچانا چاہے یا وہ تم پر رحمت کرنا چاہے، اور وہ اپنے

لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾

لیے اللہ کے مقابلے میں کوئی حمایتی اور مددگار نہ پائیں گے ﴿۱۷﴾

قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ

اللہ تم میں سے اُن لوگوں کو جانتا ہے جو تم میں سے روکنے والے ہیں

لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ

اور جو اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں کہ ہمارے پاس آجاؤ، اور وہ لڑائی میں

اِلَّا قَلِيْلًا ۙ﴿۱۸﴾ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚ فَاِذَا

کم ہی آتے ہیں ﴿۱۸﴾ وہ تم سے بخل کرتے ہیں، پس جب خوف پیش

جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ

آتا ہے تو آپ دیکھتے ہو کہ وہ آپ کی طرف اِس طرح دیکھنے لگتے

تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ

ہیں کہ اُن کی آنکھیں اُس شخص کی آنکھوں کی طرح گردش کر رہی ہیں

مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ

جس پر موت کی بے ہوشی طاری ہو، پھر جب خطرہ دور ہو جاتا

سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى

ہے تو وہ مال کی حرص میں تم سے تیز زبانی کے ساتھ

الْخَيْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ

ملتے ہیں ، یہ لوگ یقین نہیں لائے تو اللہ نے اُن کے

اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى

اعمال بے کار کردیے، اور یہ اللہ کے لیے

اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۱۹﴾ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ

آسان ہے ﴿۱۹﴾ وہ سمجھتے ہیں کہ فوجیں ابھی گئی

لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ

نہیں ہیں ، اور اگر فوجیں آجائیں تو یہ لوگ یہی پسند کریں

يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِى الْاَعْرَابِ

کہ کاش ہم بدوؤں کے ساتھ دیہات میں ہوں

يَسْـَٔلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآىِٕكُمْ ؕ وَلَوْ كَانُوْا

تمہاری خبریں پوچھتے رہیں ، اور اگر وہ

فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲۰﴾ لَقَدْ ع ۲ ۱۲ ۱۸

تمہارے ساتھ ہوتے تو لڑائی میں کم ہی حصہ لیتے ﴿۲۰﴾ یقیناً

كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ

تمہارے لیے اللہ کے رسول میں بہترین

حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ

نمونہ تھا ، اُس شخص کے لیے جو اللہ کا

وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ﴿۲۱﴾ ؕ

اور آخرت کے دن کا امیدوار ہو اور کثرت سے اللہ کو یاد کرے ﴿۲۱﴾

وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا

اور جب ایمان والوں نے فوجوں کو دیکھا تو اُنہوں نے کہا کہ

هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ

یہ وہی ہے جس کا اللہ نے اور اُس کے رسول نے ہم سے وعدہ کیا تھا،

وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۫ وَمَا زَادَهُمْ

اور اللہ اور اُس کے رسول نے سچ کہا، اور اِس نے اُن کے

اِلَّآ اِیْمَانًا وَّتَسْلِیْمًا ﴿۲۲﴾ ؕ مِنَ

ایمان اور اطاعت میں اضافہ کر دیا ﴿۲۲﴾ ایمان والوں

الْمُؤْمِنِیْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا

میں ایسے لوگ بھی ہیں جنہوں نے اللہ سے کیے ہوئے عہد کو پورا

اللّٰهَ عَلَیْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰی نَحْبَهٗ

کر دکھایا، پس اُن میں سے کوئی اپنا ذِمّہ پورا کر چکا

وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّنْتَظِرُ ۫ۖ وَمَا بَدَّلُوْا

اور اُن میں سے کوئی منتظر ہے، اور اُنہوں نے ذرا بھی

تَبْدِیْلًا ﴿۲۳﴾ ۙ لِّیَجْزِیَ اللّٰهُ الصّٰدِقِیْنَ

تبدیلی نہیں کی ﴿۲۳﴾ تاکہ اللہ سچوں کو اُن کی سچّائی کا

بِصِدْقِهِمْ وَیُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِیْنَ اِنْ

بدلہ دے اور منافقوں کو عذاب دے اگر چاہے

شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

یا اُن کی توبہ قبول کرے ، بے شک اللہ

كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۴﴾ وَرَدَّ اللّٰهُ

بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿۲۴﴾ اور اللہ نے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا

منکروں کو اُن کے غصّے کے ساتھ پھیر دیا کہ اُن کی کچھ بھی مُراد

خَيْرًا ؕ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ

پوری نہ ہوئی، اور مؤمنین کی طرف سے اللہ لڑنے کے لیے کافی ہو گیا،

وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ﴿۲۵﴾ وَاَنْزَلَ

اور اللہ قوت والا، زبردست ہے ﴿۲۵﴾ اور اللہ نے

الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ

اُن اہلِ کتاب کو جنہوں نے حملہ آوروں کا ساتھ دیا

الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ

اُن کے قلعوں سے اُتارا اور اُس نے اُن کے

قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ

دلوں میں رعب ڈال دیا، تم اُن کے ایک گروہ کو قتل کر رہے ہو

وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ﴿۲۶﴾ وَاَوْرَثَكُمْ

اور ایک گروہ کو قید کر رہے ہو ﴿۲۶﴾ اور اُس نے اُن کی زمین

اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا

اور اُن کے گھروں اور اُن کے مالوں کا تم کو وارث بنا دیا اور ایسی

لَّمْ تَطَـُٔوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ

زمین کا بھی جس پر تم نے قدم نہیں رکھا، اور اللہ ہر چیز پر

ع ۳ ۷ ۱۹ شَیْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۷﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ

قدرت رکھنے والا ہے ﴿۲۷﴾ اے (پیارے) نبی! اپنی بیویوں

لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ

سے کہہ دیجیے کہ اگر تم دنیا کی زندگی

الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ

اور اُس کی زینت چاہتی ہو تو آؤ میں تم کو کچھ

وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۲۸﴾ وَاِنْ

مال ومتاع دے کر خوبی کے ساتھ رخصت کردوں ﴿۲۸﴾ اور اگر

كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ

تم اللہ اور اُس کے رسول کو اور آخرت کے گھر کو

الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ

چاہتی ہو تو اللہ نے تم میں سے نیک کرداروں کے لیے

مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ

بڑا اجر مُہیّا کر رکھا ہے ﴿۲۹﴾ اے (پیارے) نبی کی بیویو!

مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ

تم میں سے جو کسی کُھلی بے حیائی کا ارتکاب

يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ؕ

کرے گی اُس کو دُہرا عذاب دیا جائے گا ،

وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾

اور یہ اللہ کے لیے آسان ہے ﴿۳۰﴾

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

اور تم میں سے جو اللہ اور اُس کے رسول کی فرماں برداری

وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا

کرے گی اور نیک عمل کرے گی تو ہم اُس کو اُس کا دوہرا اجر دیں

مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾

گے، اور ہم نے اُس کے لیے باعزّت روزی تیّار کر رکھی ہے ﴿۳۱﴾

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ

اے پیارے نبی کی بیویو! تم عام عورتوں کی طرح نہیں ہو،

النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ

اگر تم اللہ سے ڈرو تو تم لہجے میں نرمی اختیار نہ کرو

بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ

کہ جس کے دل میں بیماری ہے وہ لالچ میں پڑ جائے

وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿۳۲﴾ وَقَرْنَ

اور مناسب طریقے کے مطابق بات کہو ﴿۳۲﴾ اور تم اپنے گھروں میں

فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَ لَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ

جمی رہو اور سابقہ جاہلیت کی طرح دِکھلاتی

الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ

نہ پھرو ، اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ

الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا

ادا کرو اور اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو ، اللہ

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ

تو چاہتا ہے کہ تم اہلِ بیت سے گندگی کو

اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿٣٣﴾

دور کرے اور تم کو پوری طرح پاک کردے ﴿٣٣﴾

وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ

اور تمہارے گھروں میں اللہ کی آیات

مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ

اور حکمت کی جو تعلیم ہوتی ہے اُس کو یاد رکھو ، بے شک

اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ ع اِنَّ ۴ ۷ ۱

اللہ بھید جاننے والا ہے، خبر رکھنے والا ہے ﴿۳۴﴾ بے شک

الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ

اطاعت کرنے والے مرد اور اطاعت کرنے والی عورتیں، ایمان لانے والے مرد

وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ

اور ایمان لانے والی عورتیں، فرماں برداری کرنے والے مرد اور فرماں برداری کرنے والی عورتیں،

وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ

سچ بولنے والے مرد اور سچ بولنے والی عورتیں، صبر کرنے والے مرد

وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ

اور صبر کرنے والی عورتیں، خشوع اختیار کرنے والے مرد اور خشوع اختیار کرنے والی عورتیں،

وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ

صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں،

وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ

روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں، اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے

فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ

مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور اللہ کو کثرت سے یاد کرنے

اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ

والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں ، اِن کے لیے اللہ نے

مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٣٥﴾ وَمَا كَانَ

مغفرت اور بڑا اجر تیار کر رکھا ہے ﴿٣٥﴾ اور کسی

لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ

مؤمن مرد یا کسی مؤمن عورت کے لیے گنجائش نہیں ہے کہ

وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ

جب اللہ اور اُس کا رسول کسی معاملے کا فیصلہ کردیں

الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ

تو پھر اُن کے لیے اُس میں اختیار باقی رہے، اور جو شخص اللہ

وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿٣٦﴾

اور اُس کے رسول کی نافرمانی کرے گا تو وہ کُھلی گمراہی میں پڑ گیا ﴿٣٦﴾

وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور جب آپ اُس شخص سے کہہ رہے تھے جس پر اللہ نے انعام کیا

وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ

اور آپ نے بھی احسان کیا کہ اپنی بیوی کو روکے رکھو

وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ

اور اللہ سے ڈرو، اور آپ اپنے دل میں وہ بات چھپائے ہوئے تھے

مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ

جس کو اللہ ظاہر کرنے والا تھا، اور آپ لوگوں سے ڈر رہے تھے؛

اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا

حالانکہ اللہ زیادہ حقدار ہے کہ آپ اُس سے ڈرو، پھر جب زید اُس سے

وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَیْ لَا يَكُوْنَ عَلَى

اپنی غرض تمام کر چکا تو ہم نے آپ سے اُس کا نکاح کر دیا؛ تاکہ

الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِیْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ

مسلمانوں پر اپنے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں کے بارے میں کچھ تنگی نہ رہے

اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ

جب کہ وہ اُن سے اپنی غرض تمام کر لیں ، اور اللہ کا حکم

اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿٣٧﴾ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ

ہونے والا ہی تھا ﴿٣٧﴾ پیغمبر کے لیے اُس میں کوئی حرج

حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ

نہیں جو اللہ نے اُس کے لیے مقرر کر دیا ہو، یہی اللہ کی سنت

فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ

اُن پیغمبروں کے معاملے میں رہی ہے جو پہلے گزر چکے ہیں، اور

اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ﴿٣٨﴾ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ

اللہ کا حکم ایک قطعی فیصلہ ہوتا ہے ﴿٣٨﴾ وہ (پیغمبر) اللہ کے پیغاموں

رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ

کو پہونچاتے تھے اور اُسی سے ڈرتے تھے اور اللہ کے سوا کسی

اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿٣٩﴾

سے نہیں ڈرتے تھے، اور اللہ حساب لینے کے لیے کافی ہے ﴿٣٩﴾

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ

محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں

وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ

لیکن وہ اللہ کے رسول اور نبیوں کے خاتم ہیں ،

ع ٥ ٦ ٢ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٤٠﴾

اور اللہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے ﴿٤٠﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ

اے ایمان والو ! اللہ کو بہت

ذِكْرًا كَثِيْرًا ۙ﴿٤١﴾ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً

زیادہ یاد کرو ﴿٤١﴾ اور اُس کی تسبیح کرو صبح

وَّاَصِيْلًا ﴿٤٢﴾ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ

اور شام ﴿٤٢﴾ وہی ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے

وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ

اور اُس کے فرشتے بھی ؛ تاکہ تم کو اندھیروں سے نکال کر

اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿٤٣﴾

روشنی میں لائے ، اور وہ مؤمنوں پر بہت مہربان ہے ﴿٤٣﴾

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚۖ وَّاَعَدَّ

جس روز وہ اُس سے ملیں گے اُن کا استقبال سلام سے ہوگا، اور اُس نے

لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿٤٤﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ

اُن کے لیے باعزّت صِلہ تیار کر رکھا ہے ﴿٤٤﴾ اے (پیارے) نبی!

اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا

ہم نے آپ کو گواہی دینے والا اور خوش خبری دینے والا اور

وَّنَذِيْرًا ﴿٤٥﴾ ۙ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ

ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے ﴿٤٥﴾ اور اللہ کی طرف اُس کے حکم سے دعوت

وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿٤٦﴾ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

دینے والا اور ایک روشن چراغ ﴿٤٦﴾ اور مؤمنوں کو بشارت دے

بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿٤٧﴾

دیجیے کہ اُن کے لیے اللہ کی طرف سے بہت بڑا فضل ہے ﴿٤٧﴾

وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ

اور آپ کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانیے

وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى

اور اُن کے ستانے کو نظر انداز کیجیے اور اللہ پر بھروسہ رکھیے، اور

بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿٤٨﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا

اللہ بھروسے کے لیے کافی ہے ﴿٤٨﴾ اے ایمان والو! جب تم

اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ

مؤمن عورتوں سے نکاح کرو پھر اُن کو ہاتھ لگانے سے

مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ

پہلے طلاق دے دو تو اُن کے بارے میں

عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ

تم پر کوئی عدّت لازم نہیں ہے جس کا تم شمار کرو،

فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا

پس اُن کو کچھ سامان دے دو اور خوبی کے ساتھ اُن کو

جَمِيْلًا ﴿٤٩﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا

رخصت کردو ﴿٤٩﴾ اے (پیارے) نبی! ہم نے آپ کے لیے حلال کر

لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ

دیں آپ کی وہ بیویاں جن کا مہر آپ دے چکے ہو اور وہ عورتیں بھی

وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ

جو آپ کی مملوکہ ہیں، جو اللہ نے غنیمت کے طور پر آپ کو دی

عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ

ہیں، اور آپ کے چچا کی بیٹیاں اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں

وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ

اور آپ کے ماموؤں کی بیٹیاں اور آپ کی خالاؤں کی بیٹیاں

هَاجَرْنَ مَعَكَ ز وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ

جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی ہو، اور اُس مسلمان عورت

وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ

کو بھی جو اپنے آپ کو پیغمبر کو دے دے؛ بشرطیکہ پیغمبر اُس کو

اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ

نکاح میں لانا چاہے، یہ خصوصیت صرف آپ کے لیے ہے نہ کہ

دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ قَدْ عَلِمْنَا مَا

دوسرے مؤمنوں کے لیے، ہم کو معلوم ہے جو ہم نے

فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا

اُن پر اُن کی بیویوں اور اُن کی

مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ

لونڈیوں کے باب میں فرض کیا ہے ؛ تاکہ آپ پر کوئی

حَرَجٌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٥٠﴾

تنگی نہ رہے ، اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے ﴿٥٠﴾

تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ

آپ اُن میں سے جس کو چاہو دور رکھو اور جس کو چاہو

اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ

اپنے پاس رکھو ، اور جن کو دور کیا تھا

مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ؕ ذٰلِكَ

اُن میں سے پھر کسی کو طلب کرو تب بھی آپ پر کوئی گناہ نہیں، اِس

اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ

میں زیادہ توقّع ہے کہ اُن کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں گی اور وہ غمگین نہ

وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ

ہوں گی، اور وہ اُس پر راضی رہیں گی جو آپ اُن سب کو دو، اور اللہ

يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے، اور اللہ

عَلِيْمًا حَلِيْمًا ﴿۵۱﴾ لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ

جاننے والا، بردبار ہے ﴿۵۱﴾ اِن کے علاوہ اور عورتیں آپ کے

مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ

لیے حلال نہیں ہیں، اور نہ یہ درست ہے کہ آپ اِن کی جگہ

اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا

دوسری بیویاں کرلیں، اگرچہ اُن کی صورت آپ کو اچھی لگے مگر

مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى

جو آپ کی مملوکہ ہو ، اور اللہ ہر

كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿٥٢﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ٦ ١٢ ٣

چیز پر نگران ہے ﴿٥٢﴾ اے ایمان

اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ

والو ! نبی کے گھروں میں مت جایا کرو مگر

اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ

جس وقت تم کو کھانے کے لیے اجازت دی جائے ، ایسے طور پر

نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ

کہ اُس کی تیاری کے منتظر نہ رہو ، لیکن جب تم کو بلایا جائے تو

فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا

داخل ہو جاؤ ، پھر جب تم کھا چکو تو اُٹھ کر چلے جاؤ

وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ط اِنَّ

اور باتوں میں لگے ہوئے بیٹھے نہ رہو ، اِس بات سے

ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ

نبی کو ناگواری ہوتی ہے مگر وہ تمہارا لحاظ کرتے

مِنْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ

ہیں ، اور اللہ حق بات کہنے میں کسی کا لحاظ نہیں کرتا ،

وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ

اور جب تم رسول کی بیویوں سے کوئی چیز مانگو تو

مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ

پردے کی اوٹ سے مانگو ، یہ طریقہ تمہارے دلوں کے لیے

لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ

زیادہ پاکیزہ ہے اور اُن کے دلوں کے لیے بھی ، اور تمہارے

لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ

لیے جائز نہیں کہ تم اللہ کے رسول کو تکلیف دو اور نہ

تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ؕ

یہ جائز ہے کہ تم اُن کے بعد اُن کی بیویوں سے کبھی نکاح کرو ،

اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿٥٣﴾

یہ اللہ کے نزدیک بڑی بھاری بات ہے ﴿٥٣﴾

اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ

تم کسی چیز کو ظاہر کرو یا اُس کو چھپاؤ تو اللہ

كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٥٤﴾ لَا جُنَاحَ

ہر چیز کو جاننے والا ہے ﴿٥٤﴾ پیغمبر کی

عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ

بیویوں پر اپنے باپوں کے بارے میں کوئی گناہ نہیں ہے اور نہ اپنے بیٹوں

وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ

کے بارے میں اور نہ اپنے بھائیوں کے بارے میں اور نہ اپنے بھتیجوں کے

وَلَآ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ

بارے میں اور نہ اپنے بھانجوں کے بارے میں اور نہ اپنی عورتوں کے

وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ

بارے میں اور نہ اپنی لونڈیوں کے بارے میں، اور تم اللہ سے ڈرتی

اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ

رہو ، بے شک اللہ ہر چیز پر نگاہ

شَهِيْدًا ﴿٥٥﴾ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ

رکھتا ہے ﴿٥٥﴾ بے شک اللہ اور اُس کے فرشتے

يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِىِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

نبی پر رحمت بھیجتے ہیں ، اے ایمان والو !

اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿٥٦﴾

تم بھی اُس پر درود و سلام بھیجو ﴿٥٦﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

بے شک جو لوگ اللہ اور اُس کے رسول کو اذیت دیتے ہیں ،

لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اللہ نے اُن پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی اور اُن کے لیے

وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿٥٧﴾ وَالَّذِيْنَ

ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿٥٧﴾ اور جو لوگ

يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ

مؤمن مَردوں اور مؤمن عورتوں کو اذیت دیتے ہیں بغیر

مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا

اِس کے کہ اُنہوں نے کچھ کیا ہو تو اُنہوں نے بہتان کا

ع ٧ وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿٥٨﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ

اور صریح گناہ کا بوجھ اُٹھایا ﴿٥٨﴾ اے (پیارے) نبی ! اپنی

لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ

بیویوں سے اور اپنی بیٹیوں سے اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ

يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ؕ ذٰلِكَ

دیجیے کہ اپنے اوپر اپنی چادریں تھوڑی سی نیچے کر لیا کریں، اِس

اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ وَكَانَ

سے اُن کی پہچان جلدی ہو جائے گی تو وہ ستائی نہ جائیں گی، اور

اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٥٩﴾ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ

اللہ بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿٥٩﴾ منافقین اور وہ لوگ

الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

جن کے دلوں میں روگ ہے اور جو مدینہ میں جھوٹی خبریں

مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ

پھیلانے والے ہیں، اگر وہ باز نہ آئے تو ہم آپ کو اُن کے

لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ

پیچھے لگادیں گے پھر وہ تمہارے ساتھ مدینہ میں

فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ۚ ﴿٦٠﴾ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ

بہت کم رہنے پائیں گے ﴿٦٠﴾ پھٹکارے ہوئے،

اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿٦١﴾

جہاں پائے جائیں گے پکڑے جائیں گے اور بُری طرح مارے جائیں گے ﴿٦١﴾

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ

یہ اللہ کا دستور ہے اُن لوگوں کے بارے میں جو پہلے گزر چکے ہیں،

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿٦٢﴾

اور آپ اللہ کے دستور میں کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے ﴿٦٢﴾

يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ؕ قُلْ اِنَّمَا

لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے کہ

عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ

اُس کا علم تو صرف اللہ کے پاس ہے، اور آپ کو کیا خبر

السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿٦٣﴾ اِنَّ اللّٰهَ

شاید قیامت قریب آ لگی ہو ﴿٦٣﴾ بے شک اللہ نے

لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿٦٤﴾ۙ

منکروں کو رحمت سے دور کر دیا ہے اور اُن کے لیے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے ﴿٦٤﴾

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا

اُس میں وہ ہمیشہ رہیں گے، وہ نہ کوئی حامی پائیں گے

وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾ۚ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ

اور نہ کوئی مددگار ﴿٦٥﴾ جس دن اُن کے چہرے آگ میں اُلٹ پلٹ

فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ

کیے جائیں گے، وہ کہیں گے: اے کاش! ہم نے اللہ کی اطاعت کی ہوتی

وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ

اور ہم نے رسول کی اطاعت کی ہوتی ﴿٦٦﴾ اور وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب!

اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا

ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کا کہنا مانا تو اُنہوں نے

السَّبِيْلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ

ہم کو راستے سے بھٹکا دیا ﴿٦٧﴾ اے ہمارے رب! اُن کو دوہرا

الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿٦٨﴾ ع ٨ ١٠ ٥

عذاب دے اور اُن پر بھاری لعنت کر ﴿٦٨﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

اے ایمان والو! تم اُن لوگوں کی طرح نہ بنو جنہوں نے

اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ

موسیٰ (علیہ السلام) کو اذیت پہونچائی تو اللہ نے اُس کو اُن باتوں سے بَری ثابت کیا،

وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور وہ اللہ کے نزدیک باعزّت تھے ﴿٦٩﴾ اے ایمان والو!

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۙ ﴿٧٠﴾

اللہ سے ڈرو اور درست بات کہو ﴿٧٠﴾

يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ

وہ تمہارے لیے تمہارے اعمال سُدھارے گا اور تم سے تمہارے گناہوں

ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

کو بخش دے گا، اور جو شخص اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرے،

فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿٧١﴾ اِنَّا عَرَضْنَا

اُس نے بڑی کامیابی حاصل کی ﴿٧١﴾ ہم نے امانت کو

الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ

آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کے سامنے پیش کیا تو

فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا

اُنہوں نے اُس کو تھامنے سے انکار کیا اور وہ اُس سے ڈر گئے،

وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا

اور انسان نے اُس کو اُٹھا لیا، بے شک وہ ظالم

جَهُوْلًا ﴿٧٢﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ

اور جاہل تھا ﴿٧٢﴾ تاکہ اللہ منافق مَردوں

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ

اور منافق عورتوں کو اور مشرک مَردوں اور مشرک عورتوں کو سزا

وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ

دے، اور مؤمن مَردوں اور مؤمن عورتوں پر توجہ فرمائے ،

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٧٣﴾ ع ٩ ٥ ٢

اور اللہ بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿٧٣﴾

(سورہ سبا مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (٦) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (٥٤) آیتیں اور (٦) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٥٨) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٣٤) نمبر پر ہے اور سورۂ لقمان کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (٨٣٣) کلمات | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (١٥١٢) حروف ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، جس کا وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں میں

وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ؕ

ہے اور جو زمین میں ہے اور اُسی کی تعریف ہے آخرت میں،

وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ① يَعْلَمُ مَا يَلِجُ

اور وہ حکمت والا ، جاننے والا ہے ① وہ جانتا ہے جو کچھ

فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا

زمین کے اندر داخل ہوتا ہے اور جو کچھ اُس سے نکلتا ہے

يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ؕ

اور جو آسمان سے اُترتا ہے اور جو اُس میں چڑھتا ہے ،

وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ② وَقَالَ

اور وہ رحمت والا ، بخشنے والا ہے ② اور جنہوں نے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ؕ

انکار کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم پر قیامت نہیں آئے گی ،

قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ

کہہ دیجیے کہ کیوں نہیں ، قسم ہے غیب کو جاننے والے میرے

الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ

پروردگار کی ! وہ ضرور تم پر آئے گی ، اُس سے ذرّہ برابر کوئی چیز

ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ

مخفی نہیں ، نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں ،

وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا

اور نہ کوئی چیز اُس سے چھوٹی اور نہ بڑی ، مگر وہ

فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿٣﴾ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ

نشانی دیکھتے ہیں تو وہ اُس کو ہنسی میں ڈال دیتے ہیں ﴿١٤﴾ اور کہتے

اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥﴾

ہیں کہ یہ تو بس ایک کُھلا ہوا جادو ہے ﴿١٥﴾

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

کیا جب ہم مَر جائیں گے اور مٹّی اور ہڈّیاں بن جائیں گے تو پھر ہم

لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿١٦﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿١٧﴾

اُٹھائے جائیں گے؟ ﴿١٦﴾ اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی؟ ﴿١٧﴾

قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿١٨﴾ فَاِنَّمَا هِيَ

کہہ دیجیے کہ ہاں، اور تم ذلیل بھی ہوں گے ﴿١٨﴾ پس وہ تو ایک

زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿١٩﴾

زوردار آواز ہوگی، پھر اُسی وقت وہ دیکھنے لگیں گے ﴿١٩﴾

وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿٢٠﴾

اور وہ کہیں گے کہ ہائے ہماری بدبختی! یہ تو بدلے کا دن ہے ﴿٢٠﴾

هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ

یہ وہی فیصلے کا دن ہے جس کو تم جھٹلاتے

ع ١ ٢١ ٥ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢١﴾ ع اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

تھے ﴿٢١﴾ جمع کرو اُن کو جنہوں نے ظلم کیا

وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿٢٢﴾ لا

اور اُن کے ساتھیوں کو اور اُن کے معبودوں کو ﴿٢٢﴾

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى

جن کی وہ اللہ کے سوا عبادت کرتے تھے، پھر اُن سب کو

ع ٢ صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿٢٣﴾ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ

دوزخ کا راستہ دِکھاؤ ﴿٢٣﴾ اور اُن کو ٹھہراؤ، اُن سے کچھ

مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿٢٤﴾ لا مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿٢٥﴾

پوچھنا ہے ﴿٢٤﴾ تم کو کیا ہوا کہ تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے ﴿٢٥﴾

بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَاَقْبَلَ

بلکہ آج تو وہ فرماں بردار ہیں ﴿٢٦﴾ اور وہ ایک دوسرے

بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٢٧﴾

کی طرف متوجہ ہو کر سوال و جواب کریں گے ﴿٢٧﴾

قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿٢٨﴾

کہیں گے: تم ہمارے پاس دائیں طرف سے آتے تھے ﴿٢٨﴾

قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٩﴾ ۚ وَمَا

وہ جواب دیں گے: بلکہ تم خود ایمان لانے والے نہیں تھے ﴿٢٩﴾ اور ہمارا

كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ

تمہارے اوپر کوئی زور نہ تھا؛ بلکہ تم خود ہی سرکش

قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿٣٠﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ

لوگ تھے ﴿٣٠﴾ پس ہم سب پر ہمارے رب کی بات پوری ہو کر رہی،

اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿٣١﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا

ہم کو اِس کا مزہ چکھنا ہی ہے ﴿٣١﴾ ہم نے تم کو گمراہ کیا، ہم خود بھی

غٰوِيْنَ ﴿٣٢﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَىِٕذٍ فِي الْعَذَابِ

گمراہ تھے ﴿٣٢﴾ پس وہ سب اُس دن عذاب میں

مُشْتَرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ

شریک ہوں گے ﴿٣٣﴾ ہم مجرموں کے ساتھ ایسا ہی

بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿٣٤﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ

کرتے ہیں ﴿٣٤﴾ یہ وہ لوگ تھے کہ جب اُن سے

لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٣٥﴾

کہا جاتا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو وہ تکبّر کرتے تھے ﴿٣٥﴾

وَيَقُوْلُوْنَ اَىِٕنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا

اور وہ کہتے تھے کہ کیا ہم ایک دیوانے شاعر کے کہنے پر

لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿٣٦﴾ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ

اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں ﴿٣٦﴾ بلکہ وہ حق لے کر آیا ہے،

وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا

اور وہ رسولوں کی پیشین گوئیوں کا مصداق ہے ﴿٣٧﴾ بے شک تم کو دردناک

الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿٣٨﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ

عذاب چکھنا ہوگا ﴿٣٨﴾ اور تم اُسی کا بدلہ

اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٣٩﴾ اِلَّا عِبَادَ

دیے جارہے ہو جو تم کرتے تھے ﴿٣٩﴾ مگر جو اللہ کے

اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٤٠﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ

چُنے ہوئے بندے ہیں ﴿٤٠﴾ اُن کے لیے معلوم رزق

مَّعْلُوْمٌ ﴿٤١﴾ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿٤٢﴾

ہوگا ﴿٤٢﴾ میوے، اور وہ نہایت عزّت سے ہوں گے ﴿٤١﴾

فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٤٣﴾ عَلٰى سُرُرٍ

آرام کے باغوں میں ﴿٤٣﴾ تختوں پر آمنے سامنے

مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿٤٤﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ

بیٹھے ہوں گے ﴿٤٤﴾ اُن کے پاس ایسا پیالہ لایا جائے گا جو بہتی ہوئی شراب

مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿٤٥﴾ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿٤٦﴾

سے بھرا جائے گا ﴿٤٥﴾ صاف شفّاف، پینے والوں کے لیے لذّت ﴿٤٦﴾

لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿٤٧﴾

نہ ہی اُس میں کوئی نشہ ہوگا اور نہ وہ اُس سے بہکیں گے ﴿٤٧﴾

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿٤٨﴾

اور اُن کے پاس نیچی نگاہ والی، بڑی آنکھوں والی عورتیں ہوں گی ﴿٤٨﴾

كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿٤٩﴾ فَاَقْبَلَ

گویا کہ وہ انڈے ہیں جو چھپا کر رکھے ہوئے ہوں ﴿٤٩﴾ پھر وہ

بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٥٠﴾

ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر بات کریں گے ﴿٥٠﴾

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ﴿٥١﴾

اُن میں سے ایک کہنے والا کہے گا کہ میرا ایک ملاقاتی تھا ﴿٥١﴾

يَّقُوْلُ ءَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿٥٢﴾

وہ کہا کرتا تھا کہ کیا تم بھی تصدیق کرنے والوں میں سے ہو؟ ﴿٥٢﴾

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹّی اور ہڈّیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم کو

لَمَدِيْنُوْنَ ﴿٥٣﴾ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ﴿٥٤﴾

جزا ملے گی؟ ﴿٥٣﴾ کہے گا: کیا تم جھانک کر دیکھو گے؟ ﴿٥٤﴾

فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿٥٥﴾

تو وہ جھانکے گا اور اُس کو جہنم کے بیچ میں دیکھے گا ﴿٥٥﴾

قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ﴿٥٦﴾

کہے گا کہ اللہ کی قسم! تم تو مجھ کو تباہ کر دینے والے تھے ﴿٥٦﴾

وَلَوْ لَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ

اور اگر میرے رب کا فضل نہ ہوتا تو میں بھی اُنہیں لوگوں میں ہوتا

الْمُحْضَرِيْنَ ﴿٥٧﴾ اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ﴿٥٨﴾

جو پکڑے ہوئے آئے ہیں ﴿٥٧﴾ کیا اب ہم کو مرنا نہیں ہے ﴿٥٨﴾

اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿٥٩﴾

مگر پہلی بار جو ہم مر چکے اور اب ہم کو عذاب نہ ہوگا ﴿٥٩﴾

هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٠﴾ اِنَّ

بے شک یہی بڑی کامیابی ہے ﴿٦٠﴾ ایسی ہی

لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿٦١﴾ اَذٰلِكَ

کامیابی کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے ﴿٦١﴾ یہ مہمان

خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿٦٢﴾

نوازی اچھی ہے یا پھر زقّوم کا درخت ؟ ﴿٦٢﴾

اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾

ہم نے اُس کو ظالموں کے لیے فتنہ بنایا ہے ﴿٦٣﴾

اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ

وہ ایک درخت ہے جو دوزخ کی تہہ سے نکلتا

الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ لا طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ

ہے ﴿٦٤﴾ اُس کا خوشہ ایسا ہے جیسے شیطان کے

الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا

سَر ﴿٦٥﴾ تو وہ لوگ اُس سے کھائیں گے ،

فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾ ط ثُمَّ اِنَّ

پھر اُسی سے پیٹ بھریں گے ﴿٦٦﴾ پھر

لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ۚ ﴿٦٧﴾

اُن کو اُس کے اوپر کھولتا ہوا پانی مِلا کر دیا جائے گا ﴿٦٧﴾

ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾

پھر اُن کی واپسی دوزخ ہی کی طرف ہوگی ﴿٦٨﴾

اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ۙ ﴿٦٩﴾

اُنہوں نے اپنے باپ دادا کو گمراہی میں پایا ﴿٦٩﴾

فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ

پھر وہ اُنہیں کے قدم بقدم دوڑتے رہے ﴿٧٠﴾ اور اُن سے

ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ۙ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ

پہلے بھی اگلے لوگوں میں اکثر گمراہ ہوئے ﴿٧١﴾ اور ہم نے

اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَانْظُرْ

اُن میں بھی ڈرانے والے بھیجے ﴿٧٢﴾ تو دیکھیے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ۙ ﴿٧٣﴾ اِلَّا

اُن لوگوں کا کیا انجام ہوا جن کو ڈرایا گیا تھا ﴿٧٣﴾ مگر

احتیاط

عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾ وَلَقَدْ نَادٰىنَا ع ٢ ٥٣ ٦

وہ جو اللہ کے چُنے ہوئے بندے تھے ﴿٧٤﴾ اور ہم کو نوح (علیہ السلام)

نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَنَجَّيْنٰهُ زصلے

نے پکارا تو ہم کیا خوب پکار سُننے والے ہیں ﴿٧٥﴾ اور ہم نے اُس کو

وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٦﴾ وَجَعَلْنَا زصلے

اور اُس کے لوگوں کو بہت بڑے غم سے بچا لیا ﴿٧٦﴾ اور ہم نے

ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبَاقِيْنَ ﴿٧٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ زصلے

اُس کی نسل کو باقی رہنے والا بنایا ﴿٧٧﴾ اور ہم نے اُس کے طریقے

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿٧٨﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي زصلے

پر پچھلوں میں ایک گروہ کو چھوڑا ﴿٧٨﴾ سلام ہے نوح (علیہ السلام) پر

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٩﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي

تمام دنیا والوں میں ﴿٧٩﴾ ہم نیکی کرنے والوں کو

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا

ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں ﴿٨٠﴾ بے شک وہ ہمارے مؤمن

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨١﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٨٢﴾

بندوں میں سے تھے ﴿٨١﴾ پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا ﴿٨٢﴾

وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿٨٣﴾ اِذْ جَآءَ وقف لازم

اور اُسی کے طریقے والوں میں سے ابراہیم (علیہ السلام) بھی تھے ﴿٨٣﴾ جب کہ وہ

رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٤﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ

آئے اپنے رب کے پاس قلبِ سلیم کے ساتھ ﴿٨٤﴾ جب اُس نے اپنے باپ

وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٨٥﴾ ج اَئِفْكًا اٰلِهَةً

سے اور اپنی قوم سے کہا کہ تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو؟ ﴿٨٥﴾ کیا تم اللہ کے

دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿٨٦﴾ ط فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ

سوا من گھڑت معبودوں کو چاہتے ہو؟ ﴿٨٦﴾ تو خداوندِ عالم کے بارے میں تمہارا

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿٨٨﴾ لا

کیا خیال ہے؟ ﴿٨٧﴾ پھر ابراہیم (علیہ السلام) نے ستاروں پر ایک نظر ڈالی ﴿٨٨﴾

فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿٨٩﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ

پس کہا کہ میں بیمار ہوں ﴿٨٩﴾ پھر وہ لوگ اُس کو چھوڑ کر

مُدْبِرِيْنَ ﴿٩٠﴾ فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ

چلے گئے ﴿٩٠﴾ تو وہ اُن کے بُتوں میں گھُس گئے، کہا کہ کیا تم

اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٩١﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿٩٢﴾

کھاتے نہیں ہو؟ ﴿٩١﴾ تم کو کیا ہوا کہ تم کچھ بولتے نہیں؟ ﴿٩٢﴾

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿٩٣﴾ فَاَقْبَلُوْٓا

پھر اُن کو مارا پوری قوّت کے ساتھ ﴿٩٣﴾ پھر لوگ اُس کے پاس

اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿٩٤﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا

دوڑے ہوئے آئے ﴿٩٤﴾ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: کیا تم لوگ اُن چیزوں کو

تَنْحِتُوْنَ ﴿٩٥﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا

پوجتے ہو جن کو خود تراشتے ہو؟ ﴿٩٥﴾ اور اللہ ہی نے پیدا کیا ہے تم کو بھی اور اُن

تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٦﴾ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا

چیزوں کو بھی جن کو تم بناتے ہو ﴿٩٦﴾ اُنہوں نے کہا: اِس کے لیے ایک مکان بناؤ

فَاَلْقُوْهُ فِى الْجَحِيْمِ ﴿٩٧﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ

پھر اُس کو دہکتی ہوئی آگ میں ڈال دو ﴿٩٧﴾ پس اُنہوں نے اُس کے خلاف

كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿٩٨﴾

ایک کارروائی کرنی چاہی تو ہم نے اُنہیں کو نیچا کر دیا ﴿٩٨﴾

وَقَالَ اِنِّيْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿٩٩﴾

اور اُس نے کہا کہ میں اپنے رب کی طرف جا رہا ہوں، وہ میری رہنمائی فرمائے گا ﴿٩٩﴾

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠٠﴾

اے میرے پیارے رب! مجھ کو اولاد صالح عطا فرمایئے ﴿١٠٠﴾

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَمَّا

تو ہم نے اُس کو ایک بردبار لڑکے کی بشارت دی ﴿١٠١﴾ پس جب

بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ

وہ اُس کے ساتھ چلنے پھرنے کی عمر کو پہونچا، اُس نے کہا کہ اے میرے بیٹے!

اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ

میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ تم کو ذبح کر رہا ہوں، پس تم سوچ لو کہ تمہاری

مَاذَا تَرٰى ؕ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا

کیا رائے ہے، اُس نے کہا کہ اے میرے ابا! آپ کو جو حکم دیا جا رہا ہے

تُؤْمَرُ ز سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ

اُس کو کر ڈالیے، ان شاء اللہ آپ مجھ کو صبر کرنے والوں میں سے

الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ

پائیں گے ﴿١٠٢﴾ پس جب دونوں مطیع ہو گئے اور ابراہیم (علیہ السلام) نے اُس

لِلْجَبِيْنِ ﴿١٠٣﴾ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿١٠٤﴾

کو ماتھے کے بل گرا دیا ﴿١٠٣﴾ اور ہم نے اُس کو آواز دی کہ اے ابراہیم! ﴿١٠٤﴾

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ج اِنَّا كَذٰلِكَ

تم نے خواب کو سچ کر دِکھایا، بے شک ہم نیکی

نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٠٥﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ

کرنے والوں کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں ﴿١٠٥﴾ یقیناً یہ ایک کُھلی

الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿١٠٦﴾ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ

ہوئی آزمائش تھی ﴿١٠٦﴾ اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اُس کے

عَظِيْمٍ ﴿١٠٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِى

فدیے میں دے دیا ﴿١٠٧﴾ اور ہم نے اُس پر پچھلوں میں

الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٠٨﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿١٠٩﴾

ایک گروہ کو چھوڑا ﴿١٠٨﴾ سلامتی ہو ابراہیم پر ﴿١٠٩﴾

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١١٠﴾ اِنَّهٗ

ہم نیکی کرنے والوں کو اِسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿١١٠﴾ بے شک

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١١﴾ وَبَشَّرْنٰهُ

وہ ہمارے مؤمن بندوں میں سے تھا ﴿١١١﴾ اور ہم نے اُس کو

بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١١٢﴾

اسحاق کی خوش خبری دی ، ایک نبی صالحین میں سے ﴿١١٢﴾

وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ وَمِنْ

اور ہم نے اُس کو اور اسحاق کو برکت دی ، اور اُن دونوں کی

ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ

نسل میں اچھے بھی ہیں اور ایسے بھی جو اپنے نفس پر صریح ظلم

مُبِيْنٌ ﴿١١٣﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى ع ٣ ٣٩ ٧

کرنے والے ہیں ﴿١١٣﴾ اور ہم نے موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) پر

وَهٰرُوْنَ ﴿١١٤﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا

احسان کیا ﴿١١٤﴾ اور اُن کو اور اُن کی قوم کو

مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿١١٥﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ

ایک بڑی مصیبت سے نجات دی ﴿١١٥﴾ اور ہم نے اُن کی مدد کی

فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿١١٦﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا

تو وہی غالب آنے والے بنے ﴿١١٦﴾ اور ہم نے اُن دونوں کو

الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿١١٧﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا

واضح کتاب دی ﴿١١٧﴾ اور ہم نے اُن دونوں کو

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿١١٨﴾ وَتَرَكْنَا

سیدھا راستہ دِکھایا ﴿١١٨﴾ اور ہم نے اُن کے طریقے پر

عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿١١٩﴾ سَلٰمٌ

پیچھے والوں میں ایک گروہ کو چھوڑا ﴿١١٩﴾ سلامتی ہو

عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١٢٠﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ

موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) پر ﴿١٢٠﴾ یقیناً ہم

نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣١﴾ اِنَّهُمَا مِنْ

نیکی کرنے والوں کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں ﴿١٣١﴾ بے شک وہ دونوں

عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ وَاِنَّ اِلْيَاسَ

ہمارے مؤمن بندوں میں سے تھے ﴿١٣٢﴾ اور بے شک اِلیاس (علیہ السلام)

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٣﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ

بھی پیغمبروں میں سے تھے ﴿١٣٣﴾ جب کہ اُس نے اپنی قوم سے کہا:

اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٣٤﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ

کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿١٣٤﴾ کیا تم لوگ بَعل (نامی بُت) کو پکارتے ہو

اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿١٢٥﴾ اللّٰهَ رَبَّكُمْ

اور بہترین خالق کو چھوڑ دیتے ہو؟ ﴿١٢٥﴾ اللہ کو، جو تمہارا بھی رب ہے

وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٢٦﴾ فَكَذَّبُوْهُ

اور تمہارے اگلے باپ دادا کا بھی ﴿١٢٦﴾ پس اُنہوں نے اُس کو جُھٹلایا

فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿١٢٧﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ

تو وہ ضرور (عذاب میں) پکڑے جائیں گے ﴿١٢٧﴾ مگر جو اللہ کے خاص

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٢٨﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي

بندے تھے ﴿١٢٨﴾ اور ہم نے اُس کے طریقے پر پچھلوں میں بھی

الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٢٩﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿١٣٠﴾

ایک گروہ کو چھوڑا ﴿١٢٩﴾ سلامتی ہو الیاس (علیہ السلام) پر ﴿١٣٠﴾

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣١﴾

ہم نیکی کرنے والوں کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں ﴿١٣١﴾

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ وَاِنَّ

بے شک وہ ہمارے مؤمن بندوں میں سے تھے ﴿١٣٢﴾ اور بے شک

لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٣﴾ اِذْ نَجَّيْنٰهُ

لوط (علیہ السلام) بھی پیغمبروں میں سے تھے ﴿١٣٣﴾ جب کہ ہم نے اُس کو

وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣٤﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي

اور اُس کے تمام لوگوں کو نجات دی ﴿١٣٤﴾ مگر ایک بُڑھیا جو پیچھے رہ

الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٣٥﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿١٣٦﴾

جانے والوں میں سے تھی ﴿١٣٥﴾ پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا ﴿١٣٦﴾

وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿١٣٧﴾ لا

اور تم اُن کی بستیوں پر گزرتے ہو صبح کو بھی ﴿١٣٧﴾

وَبِالَّيْلِ ط اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٣٨﴾ ع وَاِنَّ ع ٤ ٢٥ ٨

اور رات کو بھی ، تو کیا تم نہیں سمجھتے ؟ ﴿١٣٨﴾ اور بے شک

يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٩﴾ ط اِذْ اَبَقَ اِلَى

یونس (علیہ السلام) بھی رسولوں میں سے تھے ﴿١٣٩﴾ جب کہ

الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿١٤٠﴾ لا فَسَاهَمَ فَكَانَ

وہ بھاگ کر بھری ہوئی کشتی پر پہونچے ﴿١٤٠﴾ پھر قُرعہ ڈالا

مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿١٤١﴾ ج فَالْتَقَمَهُ

تو پھر وہی قرعہ میں مغلوب ہو گئے ﴿١٤١﴾ پھر اُس کو مچھلی نے نگل لیا،

الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿١٤٢﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ

اور وہ اپنے کو ملامت کر رہے تھے ﴿١٤٢﴾ پس اگر وہ

كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿١٤٣﴾ لا لَلَبِثَ فِيْ

تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتے ﴿١٤٣﴾ تو لوگوں کے

بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿١٤٤﴾ فَنَبَذْنٰهُ

اُٹھائے جانے کے دن تک اُس کے پیٹ ہی میں رہتے ﴿١٤٤﴾ پھر ہم نے اُس

بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿١٤٥﴾ وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ

کو ایک میدان میں ڈال دیا اور وہ نڈھال تھے ﴿١٤٥﴾ اور ہم نے اُس پر ایک

شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿١٤٦﴾ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى

بیل دار درخت اُگا دیا ﴿١٤٦﴾ اور ہم نے اُس کو

مِاْئَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿١٤٧﴾ فَاٰمَنُوْا

ایک لاکھ یا اُس سے زیادہ لوگوں کی طرف بھیجا ﴿١٤٧﴾ پھر وہ لوگ ایمان لائے

فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿١٤٨﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ

تو ہم نے اُن کو فائدہ اُٹھانے دیا ایک مدّت تک ﴿١٤٨﴾ پس اُن سے پوچھیے کہ

اَلِرَبِّكَ الْبَنٰتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿١٤٩﴾

کیا تمہارے رب کے لیے بیٹیاں ہیں اور اُن کے لیے بیٹے؟ ﴿١٤٩﴾

اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ

کیا ہم نے فرشتوں کو عورت بنایا ہے اور وہ

شٰهِدُوْنَ ﴿١٥٠﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ

دیکھ رہے تھے ﴿١٥٠﴾ سُن لو! یہ لوگ صرف من گھڑت بات کے طور

لَيَقُوْلُوْنَ ﴿١٥١﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ

پر ایسا کہتے ہیں ﴿١٥١﴾ کہ اللہ اولاد رکھتا ہے، اور یقیناً وہ

لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٥٢﴾ اَصْطَفَى الْبَنٰتِ عَلَى

جھوٹے ہیں ﴿١٥٢﴾ کیا اللہ نے بیٹوں کے مقابلے میں بیٹیاں

الْبَنِيْنَ ﴿١٥٣﴾ مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿١٥٤﴾

پسند کی ہیں ﴿١٥٣﴾ تم کو کیا ہو گیا ہے، تم کیسا حکم لگا رہے ہو ﴿١٥٤﴾

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿١٥٥﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ

پھر کیا تم سوچ سے کام نہیں لیتے؟ ﴿١٥٥﴾ کیا تمہارے پاس

مُّبِيْنٌ ﴿١٥٦﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

کوئی واضح دلیل ہے ﴿١٥٦﴾ تو اپنی کتاب لاؤ اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿١٥٧﴾ وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ

سچے ہو ﴿١٥٧﴾ اور اُنہوں نے اللہ اور جِنّات میں

الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ

بھی رشتے داری قرار دی ہے، اور جنّات کو معلوم ہے کہ یقیناً

اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ۙ﴿۱۵۸﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

وہ پکڑے ہوئے آئیں گے ﴿۱۵۸﴾ اللہ پاک ہے اُن باتوں سے

عَمَّا يَصِفُوْنَ ۙ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ

جو یہ بیان کرتے ہیں ﴿۱۵۹﴾ مگر وہ جو اللہ کے چُنے ہوئے

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ۙ﴿۱۶۱﴾

بندے ہیں ﴿۱۶۰﴾ پس تم اور جن کی تم عبادت کرتے ہو ﴿۱۶۱﴾

مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ ۙ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنْ هُوَ

اللہ سے کسی کو پھیر نہیں سکتے ﴿۱۶۲﴾ مگر اُس کو جو جہنم میں

صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ

پڑنے والا ہے ﴿۱۶۳﴾ اور ہم میں سے ہر ایک کا ایک مُعیّن مقام

مَّعْلُوْمٌ ۙ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ۚ﴿۱۶۵﴾

ہے ﴿۱۶۴﴾ اور ہم اللہ کے حضور بس صف باندھے رہنے والے ہیں ﴿۱۶۵﴾

وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿١٦٦﴾ وَاِنْ كَانُوْا

اور ہم اُس کی تسبیح کرنے والے ہیں ﴿١٦٦﴾ اور یہ لوگ کہا

لَيَقُوْلُوْنَ ﴿١٦٧﴾ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا

کرتے تھے ﴿١٦٧﴾ کہ اگر ہمارے پاس پہلوں کی

مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٦٨﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ

کوئی تعلیم ہوتی ﴿١٦٨﴾ تو ہم اللہ کے خاص

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٦٩﴾ فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ

بندے ہوتے ﴿١٦٩﴾ پھر اُنہوں نے اُس کا انکار کر دیا تو جلد ہی

يَعْلَمُوْنَ ﴿١٧٠﴾ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا

وہ جان لیں گے ﴿١٧٠﴾ اور اپنے بھیجے ہوئے

لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٧١﴾ اِنَّهُمْ لَهُمُ

بندوں کے لیے ہمارا یہ فیصلہ پہلے ہی ہو چکا ہے ﴿١٧١﴾ کہ یقینی طور

الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿١٧٢﴾ وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ

پر اُن کی مدد کی جائے گی ﴿١٧٢﴾ اور یقیناً ہمارا لشکر ہی

الْغٰلِبُوْنَ ﴿١٧٣﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى

غالب رہنے والا ہے ﴿١٧٣﴾ تو کچھ مدت تک اُن سے اعراض

حِيْنٍ ﴿١٧٤﴾ وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٥﴾

کیجیے ﴿١٧٤﴾ اور دیکھتے رہیے، جلد ہی وہ بھی دیکھ لیں گے ﴿١٧٥﴾

اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿١٧٦﴾ فَاِذَا

کیا وہ ہمارے عذاب کے لیے جلدی کر رہے ہیں؟ ﴿١٧٦﴾ پس

نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ

جب وہ اُن کے صحن میں اُترے گا تو بڑی ہی بُری ہوگی اُن لوگوں کی

الْمُنْذَرِيْنَ ﴿١٧٧﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى

صبح جن کو ڈرایا جا چکا ہے ﴿١٧٧﴾ تو اُن سے کچھ مدّت کے لیے اعراض

حِيْنٍ ﴿١٧٨﴾ وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٩﴾

کیجیے ﴿١٧٨﴾ اور دیکھتے رہیے، جلد ہی وہ خود دیکھ لیں گے ﴿١٧٩﴾

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا

پاک ہے آپ کا رب، عزّت کا مالک، اُن باتوں سے جو یہ لوگ

يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾

بیان کرتے ہیں ﴿۱۸۰﴾ اور سلام ہے پیغمبروں پر ﴿۱۸۱﴾

ع ۵ ۴۴ ۹

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾

اور ساری تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو رب ہے سارے جہانوں کا ﴿۱۸۲﴾

(سورۂ صٓ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۸۸) آیتیں اور (۵) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۳۸) نمبر پر ہے اور تلاوت کے اعتبار سے بھی (۳۸) نمبر پر ہے اور سورۂ قمر کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۷۳۲) کلمات ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اس میں (۳۰۶۷) حروف ہیں

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ﴿۱﴾ بَلِ

صٓ قسم ہے نصیحت والے قرآن کی ﴿۱﴾ بلکہ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿۲﴾

جن لوگوں نے انکار کیا وہ گھمنڈ اور ضد میں ہیں ﴿۲﴾

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ

اُن سے پہلے ہم نے کتنی ہی قومیں ہلاک کردیں،

فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ﴿۳﴾

تو وہ پکارنے لگے اور وہ وقت بچنے کا نہ تھا ﴿۳﴾

وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ز

اور اُن لوگوں نے تعجب کیا کہ اُن کے پاس اُن میں سے ایک ڈرانے والا آیا،

وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝۴ ج صلے

اور انکار کرنے والوں نے کہا کہ یہ جادوگر ہے، جھوٹا ہے ۝۴

اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ ج صلے اِنَّ هٰذَا

کیا اُس نے اتنے معبودوں کی جگہ ایک معبود کر دیا، یہ تو بڑی

لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝۵ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ

عجیب بات ہے ۝۵ اور اُن کے سردار اُٹھ کھڑے ہوئے کہ

اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ۚ ج صلے اِنَّ

چلو اور اپنے معبودوں پر جمے رہو، یہ کوئی

هٰذَا لَشَيْءٌ يُّرَادُ ۝۶ ج مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا

مطلب کی بات ہے ۝۶ ہم نے یہ بات پچھلے

فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ صلے اِنْ هٰذَآ اِلَّا

مذہب میں نہیں سُنی ، یہ صرف

اخْتِلَاقٌ ۚ ۝٧ ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ

ایک بنائی بات ہے ۝٧ کیا ہم سب میں سے اِسی شخص پر کلامِ

مِنْۢ بَيْنِنَا ؕ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ

الٰہی نازل کیا گیا؛ بلکہ یہ لوگ میری یاددہانی کی طرف سے شک

ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ ۝٨

میں ہیں، بلکہ اُنہوں نے اب تک میرے عذاب کا مزہ نہیں چکھا ۝٨

اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ

کیا آپ کے رب کی رحمت کے خزانے اُن کے پاس ہیں

الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ۝٩ۚ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ

جو زبردست ہے، فیّاض ہے ۝٩ کیا آسمانوں اور زمین اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۫

اُن کے درمیان کی چیزوں کی بادشاہی اُن کے اختیار میں ہے،

فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ۝١٠ جُنْدٌ

پھر وہ سیڑھیاں لگا کر چڑھ جائیں ۝١٠ ایک لشکر

مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ﴿١١﴾

یہ بھی یہاں تباہ ہوگا سب لشکروں میں سے ﴿١١﴾

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ

اُن سے پہلے قومِ نوح اور عاد

وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ﴿١٢﴾ لا وَثَمُوْدُ

اور میخوں والا فرعون ﴿١٢﴾ اور ثمود

وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ ؕ اُولٰٓئِكَ

اور قومِ لوط اور اصحابِ ایکہ نے جھٹلایا ، یہ لوگ

الْاَحْزَابُ ﴿١٣﴾ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ

بڑی بڑی جماعتیں تھے ﴿١٣﴾ اُن سب نے رسولوں کو جھٹلایا

الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ﴿١٤﴾ ع وَمَا يَنْظُرُ ع ١٠/١٤

تو میرا عذاب نازل ہو کر رہا ﴿١٤﴾ اور یہ لوگ

هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا

صرف ایک چنگھاڑ کے منتظر ہیں ،

مِنۡ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾ وَقَالُوۡا رَبَّنَا عَجِّلۡ

جس کے بعد کوئی ڈھیل نہیں ﴿۱۵﴾ اور اُنہوں نے کہا کہ اے ہمارے رب!

لَّنَا قِطَّنَا قَبۡلَ يَوۡمِ الۡحِسَابِ ﴿۱۶﴾

ہمارا حصّہ ہم کو حساب کے دن سے پہلے دے دے ﴿۱۶﴾

اِصۡبِرۡ عَلٰى مَا يَقُوۡلُوۡنَ وَاذۡكُرۡ عَبۡدَنَا

جو کچھ وہ کہتے ہیں اُس پر صبر کیجیے اور ہمارے بندے

دَاوٗدَ ذَا الۡاَيۡدِ ۚ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۱۷﴾ اِنَّا سَخَّرۡنَا

داوٗد (علیہ السلام) کو یاد کیجیے جو قوّت والا، رجوع کرنے والا تھا ﴿۱۷﴾ ہم نے

الۡجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحۡنَ بِالۡعَشِيِّ

پہاڑوں کو اُس کے ساتھ مُسخّر کر دیا کہ وہ اُس کے ساتھ صبح و شام

وَالۡاِشۡرَاقِ ﴿۱۸﴾ۙ وَالطَّيۡرَ مَحۡشُوۡرَةً ؕ

تسبیح کرتے تھے ﴿۱۸﴾ اور پرندوں کو بھی جمع ہو کر،

كُلٌّ لَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۱۹﴾ وَشَدَدۡنَا مُلۡكَهٗ

سب اللہ کی طرف رجوع کرنے والے تھے ﴿۱۹﴾ اور ہم نے اُس کی سلطنت مضبوط کی

وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾

اور اُس کو حکمت عطا کی، اور معاملات کا فیصلہ کرنے کی صلاحیت دی ﴿۲۰﴾

وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا

اور کیا آپ کو خبر پہونچی ہے مُقدّمے والوں کی، جب کہ وہ دیوار

وقف لازم

الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾ لا اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ

پھاند کر عبادت خانے میں داخل ہو گئے ﴿۲۱﴾ جب وہ داؤد (علیہ السلام)

مِنْهُمْ ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى

کے پاس پہونچے تو وہ اُن سے گھبرا گیا، اُنہوں نے کہا کہ آپ ڈریں نہیں،

بَعْضُنَا عَلٰي بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا

ہم ایک معاملے کے دو فریق ہیں، ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے تو

بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى

آپ ہمارے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کیجیے، بے انصافی نہ کیجیے اور ہم کو

سَوَاۗءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ قف لَهٗ

راہِ راست بتایئے ﴿۲۲﴾ درحقیقت یہ میرا بھائی ہے، اُس کے پاس

تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ

ننانوے دُنبیاں ہیں اور میرے پاس ایک دُنبی ہے، تو وہ کہتا

وَّاحِدَةٌ ۙ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي

ہے کہ وہ بھی میرے حوالے کر دے، اور اُس نے بات چیت

الْخِطَابِ ﴿۲۳﴾ قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ

میں مجھ کو دبا لیا ہے ﴿۲۳﴾ داؤد نے کہا: اُس نے تمہاری دُنبی کو اپنی

نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ

دُنبیوں میں مِلانے کا مطالبہ کر کے واقعی تم پر ظلم کیا ہے، اور اکثر

الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ

شُرکاء ایک دوسرے پر زیادتی کیا کرتے ہیں

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

مگر وہ جو ایمان رکھتے ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں ،

وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ؕ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ

اور ایسے لوگ بہت کم ہیں، اور داؤد کو خیال آیا کہ ہم نے اُس کا امتحان لیا ہے

فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۩ (٢٤)

تو اُس نے اپنے رب سے معافی مانگی اور سجدے میں گر گئے اور رجوع ہوئے (٢٤)

فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا

پھر ہم نے اُس کے لیے وہ معاف کر دیا، اور بے شک ہمارے

لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ (٢٥) يٰدَاوٗدُ اِنَّا

یہاں اُس کے لیے تقرب ہے اور اچھا انجام ہے (٢٥) اے داوٗد!

جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ فَاحْكُمْ

ہم نے تم کو زمین میں خلیفہ (حاکم) بنایا ہے تو لوگوں کے

بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى

درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو اور خواہش کی پیروی نہ کرو،

فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

کہ وہ تم کو اللہ کی راہ سے بھٹکا دے گی ، یقیناً

يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ

جو لوگ اللہ کی راہ سے بھٹکتے ہیں اُن کے لیے

عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ

سخت عذاب ہے اِس وجہ سے کہ وہ حساب کے دن کو

ع ٢ ١٢ ١١ الْحِسَابِ ﴿٢٦﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ

بھولے رہے ﴿٢٦﴾ اور ہم نے آسمان اور زمین

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ

اور جو اُن کے درمیان ہے بے کار نہیں پیدا کیا ہے، یہ اُن

ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ

لوگوں کا گمان ہے جنہوں نے انکار کیا، تو جن لوگوں نے

كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ﴿٢٧﴾ ؕ اَمْ نَجْعَلُ

انکار کیا اُن کے لیے بربادی ہے آگ سے ﴿٢٧﴾ کیا ہم اُن لوگوں

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُن کی مانند کر دیں گے

كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۪ اَمْ نَجْعَلُ

جو زمین میں فساد کرنے والے ہیں، یا ہم پرہیزگاروں کو

الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ﴿۲۸﴾ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ

بدکاروں جیسا کر دیں گے ﴿۲۸﴾ یہ ایک بابرکت کتاب ہے جو ہم نے

اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ

آپ کی طرف اُتاری ہے؛ تاکہ لوگ اُس کی آیتوں پر غور کریں اور

اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۹﴾ وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ

تاکہ عقل والے اُس سے نصیحت حاصل کریں ﴿۲۹﴾ اور ہم نے داؤد کو

سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ؕ ﴿۳۰﴾

سلیمان عطا کیا، بہترین بندہ، اپنے رب کی طرف بہت رجوع کرنے والا ﴿۳۰﴾

اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ

جب شام کے وقت اُس کے سامنے تیز رفتار، عمدہ گھوڑے

الْجِيَادُ ۙ﴿۳۱﴾ فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ

پیش کیے گئے ﴿۳۱﴾ تو کہنے لگے: میں نے اپنے پروردگار کی یاد پر

حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى

اِن گھوڑوں کی محبّت کو ترجیح دی؛ یہاں تک کہ

تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿۳۲﴾ قف رُدُّوْهَا عَلَيَّ ط

آفتاب چھپ گیا ﴿۳۲﴾ اُن کو میرے پاس واپس لاؤ ،

فَطَفِقَ مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿۳۳﴾

پھر وہ جھاڑنے لگا پنڈلیاں اور گردنیں ﴿۳۳﴾

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى

اور ہم نے سلیمان (علیہ السلام) کو آزمایا اور ہم نے اُس کے تخت پر

كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾ قَالَ

ایک جسم ڈال دیا، پھر اُس نے رجوع کیا ﴿۳۴﴾ اُس نے کہا کہ

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا

اے میرے رب! مجھ کو معاف کر دیجیے اور مجھ کو ایسی سلطنت

لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ج اِنَّكَ

دیجیے جو میرے بعد کسی کے لیے سزاوار نہ ہو، بے شک آپ

اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ

بڑے دینے والے ہیں ﴿۳۵﴾ تو ہم نے ہوا کو اُس کے تابع کر دیا،

تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿۳۶﴾

وہ اُس کے حکم سے نرمی کے ساتھ چلتی تھی جدھر وہ چاہتے ﴿۳۶﴾

وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾

اور جنّات کو بھی اُس کا تابع کر دیا، ہر طرح کے عمارت بنانے والے، غوطہ لگانے والے ﴿۳۷﴾

وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾

اور دوسرے جو زنجیروں میں جکڑے ہوئے رہتے ﴿۳۸﴾

هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ

یہ ہے ہمارا عطیہ ، اب تم احسان کرو یا روک رکھو،

بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا

کچھ حساب نہیں ﴿۳۹﴾ اور یقیناً اُس کے لیے ہمارے یہاں

لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾ وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ ع ۳ ۱۴ ۱۲

قُرب ہے اور بہتر انجام ﴿۴۰﴾ اور ہمارے بندے ایوب (علیہ السلام)

وقف لازم

اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ

کو یاد کرو، جب اُس نے اپنے رب کو پکارا کہ شیطان نے مجھ کو

الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿۴۱﴾ اُرْكُضْ

تکلیف اور عذاب میں ڈال دیا ہے ﴿۴۱﴾ اپنا پاؤں

بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ

مارو ، یہ ٹھنڈا پانی ہے نہانے کے لیے اور پینے

وَّشَرَابٌ ﴿۴۲﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ

کے لیے ﴿۴۲﴾ اور ہم نے اُس کو اُس کا کُنبہ عطا کیا

وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى

اور اُن کے ساتھ اُن کے برابر اور بھی، اپنی رحمت کے طور پر اور

لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۴۳﴾ وَخُذْ بِيَدِكَ

عقل والوں کے لیے نصیحت کے طور پر ﴿۴۳﴾ اور اپنے ہاتھ

ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ؕ

میں تنکوں کا ایک مٹھا لو اور اُس سے مارو اور قسم نہ توڑو ،

اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ

بے شک ہم نے اُس کو صبر کرنے والا پایا ، بہترین بندہ ،

إِنَّهُۥٓ أَوَّابٌ ﴿٤٤﴾ وَٱذْكُرْ عِبَٰدَنَآ إِبْرَٰهِيمَ

اپنے رب کی طرف بہت رجوع کرنے والا ﴿٤٤﴾ اور ہمارے بندوں ابراہیم

وَإِسْحَٰقَ وَيَعْقُوبَ أُو۟لِى ٱلْأَيْدِى

اور اسحاق اور یعقوب کو یاد کرو ، وہ ہاتھوں والے

وَٱلْأَبْصَٰرِ ﴿٤٥﴾ إِنَّآ أَخْلَصْنَٰهُم بِخَالِصَةٍ

اور آنکھوں والے تھے ﴿٤٥﴾ ہم نے اُن کو ایک خاص بات کے ساتھ

ذِكْرَى ٱلدَّارِ ۚ ﴿٤٦﴾ وَإِنَّهُمْ عِندَنَا

مخصوص کیا تھا کہ وہ آخرت کی یاد دہانی ہے ﴿٤٦﴾ اور وہ ہمارے

لَمِنَ ٱلْمُصْطَفَيْنَ ٱلْأَخْيَارِ ﴿٤٧﴾ ۖ وَٱذْكُرْ

یہاں چُنے ہوئے نیک لوگوں میں سے تھے ﴿٤٧﴾ اور

إِسْمَٰعِيلَ وَٱلْيَسَعَ وَذَا ٱلْكِفْلِ ۖ وَكُلٌّ

اسماعیل اور اَلیَسع اور ذوالکِفل کو یاد کرو ، سب

مِّنَ ٱلْأَخْيَارِ ﴿٤٨﴾ ۖ هَٰذَا ذِكْرٌ ۖ وَإِنَّ

نیک لوگوں میں سے تھے ﴿٤٨﴾ یہ نصیحت ہے ، اور بے شک

لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٤٩﴾ جَنّٰتِ

اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے اچھا ٹھکانہ ہے ﴿٤٩﴾ ہمیشہ کے

عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿٥٠﴾

باغ جن کے دروازے اُن کے لیے کُھلے ہوں گے ﴿٥٠﴾

مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ

وہ اُن میں تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے ، بہت سے میوے

كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿٥١﴾ وَعِنْدَهُمْ

اور مشروبات طلب کرتے ہوں گے ﴿٥١﴾ اور اُن کے پاس

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿٥٢﴾ هٰذَا مَا

شرمیلی ہم عُمر بیویاں ہوں گی ﴿٥٢﴾ یہ ہے وہ چیز جس کا

تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٥٣﴾ اِنَّ

تم سے حساب کا دن آنے پر وعدہ کیا جاتا ہے ﴿٥٣﴾ یہ ہمارا

هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿٥٤﴾

رزق ہے جو کبھی ختم ہونے والا نہیں ﴿٥٤﴾

الثلثة

هٰذَا ؕ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ۙ﴿۵۵﴾

یہ بات ہو چکی ، اور سرکشوں کے لیے بُرا ٹھکانہ ہے ﴿۵۵﴾

جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾

جہنم ، اُس میں وہ داخل ہوں گے ، پس کیا ہی بُری جگہ ہے ﴿۵۶﴾

هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ۙ﴿۵۷﴾

یہ کھولتا ہوا پانی اور پیپ ہے ، تو یہ لوگ اِن کو چکھیں ﴿۵۷﴾

وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ؕ﴿۵۸﴾ هٰذَا فَوْجٌ

اور اِس قسم کی دوسری اور بھی چیزیں ہوں گی ﴿۵۸﴾ یہ ایک فوج

مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ؕ

تمہارے پاس گھُسی چلی آ رہی ہے ، اُن کے لیے کوئی استقبال

اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ؕ

نہیں ، وہ آگ میں پڑنے والے ہیں ﴿۵۹﴾ وہ کہیں گے : بلکہ

لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ؕ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ

تمہارے لیے کوئی استقبال نہیں ، تمہیں تو یہ ہمارے آگے لائے ہو ،

لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٦٠﴾ قَالُوْا رَبَّنَا

پس کیسا بُرا ہے یہ ٹھکانہ ﴿٦٠﴾ وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب!

مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا

جو شخص اِس کو ہمارے آگے لایا اُس کو دوگُنا عذاب دے

ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿٦١﴾ وَقَالُوْا مَا لَنَا

جہنم میں ﴿٦١﴾ اور وہ کہیں گے : کیا بات ہے کہ

لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ

ہم اُن لوگوں کو یہاں نہیں دیکھ رہے ہیں جن کو ہم بُرے لوگوں

الْاَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ

میں شُمار کرتے تھے ﴿٦٢﴾ کیا ہم نے اُن کو مذاق بنالیا تھا یا

زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿٦٣﴾ اِنَّ ذٰلِكَ

اُن سے نگاہیں چوک رہی ہیں ﴿٦٣﴾ بے شک یہ بات

لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾

سچی ہے ، اہلِ دوزخ کا آپس میں جھگڑنا ﴿٦٤﴾

ع ۴ ۲۴ ۱۳

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ

کہہ دیجیے کہ میں تو صرف ایک ڈرانے والا ہوں، اور کوئی معبود نہیں

اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ

مگر اللہ، یکتا اور غالب ﴿٦٥﴾ وہ رب ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ

اور زمین کا اور اُن چیزوں کا جو اُن کے درمیان ہے، وہ زبردست ہے،

الْغَفَّارُ ﴿٦٦﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿٦٧﴾

بخشنے والا ہے ﴿٦٦﴾ کہہ دیجیے کہ یہ ایک بڑی خبر ہے ﴿٦٧﴾

اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿٦٨﴾ مَا كَانَ

جس سے تم بے پرواہ ہو رہے ہو ﴿٦٨﴾ مجھ کو

لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى اِذْ

عالَمِ بالا کی کچھ خبر نہ تھی جب کہ وہ آپس میں تکرار کر رہے

يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٦٩﴾ اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ

تھے ﴿٦٩﴾ میرے پاس تو وحی بس اِسی لیے آتی ہے کہ

اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٠﴾ اِذْ قَالَ

میں ایک کھلا ڈرانے والا ہوں ﴿٧٠﴾ جب آپ کے

رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا

رب نے فرشتوں سے کہا کہ میں مٹّی سے ایک انسان بنانے

مِّنْ طِيْنٍ ﴿٧١﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ

والا ہوں ﴿٧١﴾ پھر جب میں اُس کو درست کرلوں اور اُس میں اپنی

فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿٧٢﴾

روح پھونک دوں تو تم اُس کے آگے سجدے میں گر پڑنا ﴿٧٢﴾

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿٧٣﴾ لا

پس تمام فرشتوں نے سجدہ کیا ﴿٧٣﴾

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ط اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ

مگر ابلیس، کہ اُس نے گھمنڈ کیا اور وہ انکار کرنے والوں میں

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٤﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ

سے ہوگیا ﴿٧٤﴾ فرمایا کہ اے ابلیس! کس چیز نے تجھ کو روک دیا کہ

أَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ط

تو اُس کو سجدہ کرے جس کو میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا،

أَسْتَكْبَرْتَ أَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِينَ ﴿٧٥﴾

تو نے تکبّر کیا یا تو بڑے درجے والوں میں سے ہے؟ ﴿٧٥﴾

قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ط خَلَقْتَنِي مِنْ نَّارٍ

اُس نے کہا کہ میں آدم سے بہتر ہوں، تو نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا ہے

وَّخَلَقْتَهُ مِنْ طِينٍ ﴿٧٦﴾ قَالَ فَاخْرُجْ

اور اُس کو مٹّی سے ﴿٧٦﴾ فرمایا کہ تو یہاں سے نکل جا؛

مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ ﴿٧٧﴾ صلے وَّإِنَّ عَلَيْكَ

کیونکہ تو مردود ہے ﴿٧٧﴾ اور تجھ پر میری

لَعْنَتِي إِلَىٰ يَوْمِ الدِّينِ ﴿٧٨﴾ قَالَ

لعنت ہے بدلے کے دن تک ﴿٧٨﴾ ابلیس نے کہا کہ اے میرے رب!

رَبِّ فَأَنْظِرْنِي إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿٧٩﴾

مجھ کو مہلت دے اُس دن تک کے لیے جب لوگ دوبارہ اُٹھائے جائیں گے ﴿٧٩﴾

قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۙ﴿٨٠﴾ اِلٰى

فرمایا کہ تجھ کو مہلت دی گئی ﴿٨٠﴾ وقت

يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿٨١﴾ قَالَ

مُعیّن تک کے لیے ﴿٨١﴾ اُس نے کہا کہ

فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۙ﴿٨٢﴾

تیری عزّت کی قسم! میں اُن سب کو گمراہ کر کے رہوں گا ﴿٨٢﴾

اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٨٣﴾

سوائے تیرے اُن بندوں کے جنہیں تو نے خالص کرلیا ہے ﴿٨٣﴾

قَالَ فَالْحَقُّ ۚ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ۚ﴿٨٤﴾

فرمایا: تو حق یہ ہے، اور میں حق ہی کہتا ہوں ﴿٨٤﴾

لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ

کہ میں جہنم کو تجھ سے اور اُن تمام لوگوں سے بھر دوں گا

تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٥﴾ قُلْ

جو اُن میں سے تیری پیروی کریں گے ﴿٨٥﴾ کہہ دیجیے کہ

مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا

میں اِس پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا ، اور نہ میں

مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿٨٦﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا

تکلّف کرنے والوں میں سے ہوں ﴿٨٦﴾ یہ تو بس ایک نصیحت ہے

ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ

دنیا والوں کے لیے ﴿٨٧﴾ اور تم جلد اُس کی دی ہوئی

بَعْدَ حِيْنٍ ﴿٨٨﴾ ع ٥ ٢٤ ١٤

خبر کو جان لوگے ﴿٨٨﴾

سورۂ زمر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (٥٢) سے (٥٤) تک مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہیں، اس میں (٧٥) آیتیں اور (٨) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٥٩) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٣٩) نمبر پر ہے اور سورۂ سبا کے بعد نازل ہوئی ہے۔

اس میں (١١٧٢) کلمات ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اس میں (٤٩٠٨) حروف ہیں

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ

یہ کتاب اللہ کی طرف سے اُتاری گئی ہے جو زبردست ہے،

الْحَكِيْمِ ﴿١﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ

حکمت والا ہے ﴿١﴾ بے شک ہم نے یہ کتاب آپ کی طرف

الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا

حق کے ساتھ اُتاری ہے، پس آپ اللہ ہی کی عبادت کیجیے

لَّهُ الدِّيْنَ ۝٢ ؕ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ

اُسی کے لیے دین کو خالص کرتے ہوئے ۝٢ سُن لو! دین خالص

الْخَالِصُ ؕ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ

صرف اللہ کے لیے ہے، اور جن لوگوں نے اُس کے سِوا

وقف لازم

دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا

دوسرے حمایتی بنا رکھے ہیں کہ ہم تو اُن کی عبادت صرف اِس

لِيُقَرِّبُوْنَاۤ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ

لیے کرتے ہیں کہ وہ ہم کو اللہ سے قریب کر دیں، بے شک اللہ

يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ

اُن کے درمیان اُس بات کا فیصلہ کر دے گا جس میں

يَخْتَلِفُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ

وہ اختلاف کر رہے ہیں، اللہ ایسے شخص کو ہدایت نہیں دیتا

هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ﴿٣﴾ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ

جو جھوٹا ہو، حق کو نہ ماننے والا ہو ﴿٣﴾ اگر اللہ چاہتا کہ

يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ

وہ بیٹا بنائے تو اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہتا چُن

مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ

لیتا ، وہ پاک ہے ، وہ اللہ ہے ، اکیلا ،

الْقَهَّارُ ﴿٤﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

سب پر غالب ﴿٤﴾ اُس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ

بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ

پیدا کیا ، وہ رات کو دن پر لپیٹتا ہے اور دن کو رات پر

النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ

لپیٹتا ہے ، اور اُس نے سورج اور چاند کو مُسخّر

وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ

کر رکھا ہے، ہر ایک مُعیّن مدت تک چل رہا ہے ،

اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝٥ خَلَقَكُمْ

سُن لو کہ وہ زبردست ہے ، بخشنے والا ہے ۝٥ اللہ نے

مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا

تم کو ایک جان سے پیدا کیا پھر اُس نے اُسی سے اُس کا جوڑا بنایا

زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ

اور اُسی نے تمہارے لیے نَر و مادہ چوپایوں کی آٹھ قسمیں

اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

اُتاری ، وہ تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ میں بناتا ہے ایک

خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ

مرحلے کے بعد دوسرے مرحلے میں تین تاریکیوں کے اندر،

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَآ اِلٰهَ

یہی اللہ تمہارا رب ہے، بادشاہت اُسی کی ہے، اُس کے سوا کوئی

اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝٦ اِنْ تَكْفُرُوْا

معبود نہیں، پھر تم کہاں سے پھیرے جاتے ہو ۝٦ اگر تم انکار کرو

فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنۡكُمۡ ۫ وَلَا یَرۡضٰی

تو اللہ تم سے بے نیاز ہے، اور وہ اپنے بندوں کے لیے

لِعِبَادِهِ الۡكُفۡرَ ۚ وَاِنۡ تَشۡكُرُوۡا یَرۡضَهُ

انکار کو پسند نہیں کرتا، اور اگر تم شکر کرو تو وہ اُس کو تمہارے لیے پسند کرتا

لَكُمۡ ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزۡرَ اُخۡرٰی ؕ

ہے، اور کوئی بوجھ اُٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہ اُٹھائے گا،

ثُمَّ اِلٰی رَبِّكُمۡ مَّرۡجِعُكُمۡ فَیُنَبِّئُكُمۡ

پھر تمہارے رب ہی کی طرف تمہاری واپسی ہے تو

بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ؕ اِنَّهٗ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ

وہ تم کو بتا دے گا جو تم کرتے تھے، بے شک وہ دِلوں کی بات کو

الصُّدُوۡرِ ﴿۷﴾ وَاِذَا مَسَّ الۡاِنۡسَانَ

جاننے والا ہے ﴿۷﴾ اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہونچتی ہے

ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِیۡبًا اِلَیۡهِ ثُمَّ اِذَا

تو وہ اپنے رب کو پکارتا ہے اُس کی طرف رجوع ہو کر، پھر جب

خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ

وہ اُس کو اپنے پاس سے نعمت دے دیتا ہے تو وہ اُس چیز کو بھول

يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ

جاتا ہے جس کے لیے وہ پہلے پکار رہا تھا، اور وہ دوسروں کو اللہ کے

اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ قُلْ

برابر ٹھہرانے لگتا ہے؛ تاکہ اُس کی راہ سے گمراہ کر دے، کہہ دیجیے

تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۖ اِنَّكَ مِنْ

کہ اپنے کفر سے تھوڑے دن فائدہ اُٹھا لے، بے شک تو

اَصْحٰبِ النَّارِ ۝٨ اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ

آگ والوں میں سے ہے ۝٨ بھلا جو شخص رات کی

اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ

گھڑیوں میں سجدہ اور قیام کی حالت میں عاجزی کر رہا ہو،

الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ

آخرت سے ڈرتا ہو اور اپنے رب کی رحمت کا اُمیدوار ہو، کہہ دیجیے:

هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ

کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے

وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ

برابر ہو سکتے ہیں ، نصیحت تو وہی لوگ پکڑتے ہیں

اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٩﴾ قُلْ يٰعِبَادِ ع ١ ٩ ١٥

جو عقل والے ہیں ﴿٩﴾ کہہ دیجیے کہ اے میرے بندو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ

جو ایمان لائے ہو اپنے رب سے ڈرو ، جو لوگ

اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ

اِس دنیا میں نیکی کریں گے اُن کے لیے نیک صِلہ ہے ،

وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا يُوَفَّى

اور اللہ کی زمین وسیع ہے ، بے شک صبر کرنے

الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿١٠﴾

والوں کو اُن کا اجر بے حساب دیا جائے گا ﴿١٠﴾

قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ

کہہ دیجیے کہ مجھ کو حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ ہی کی عبادت کروں،

مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۙ﴿١١﴾ وَاُمِرْتُ

اُسی کے لیے دین کو خالص کرتے ہوئے ﴿١١﴾ اور مجھ کو حکم

لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٢﴾ قُلْ

دیا گیا ہے کہ میں سب سے پہلے خود مسلم بنوں ﴿١٢﴾ کہہ دیجیے کہ

اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ

اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک ہولناک

يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٣﴾ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ

دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿١٣﴾ کہہ دیجیے کہ میں اللہ کی عبادت کرتا

مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ ۚ﴿١٤﴾ فَاعْبُدُوْا

ہوں اُسی کے لیے اپنے دین کو خالص کرتے ہوئے ﴿١٤﴾ پس تم

مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ؕ قُلْ اِنَّ

اُس کے سِوا جس کی چاہے عبادت کرو، کہہ دیجیے کہ

الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

اصلی گھاٹے والے تو وہ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو اور اپنے گھر

وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ

والوں کو قیامت کے دن گھاٹے میں ڈالا ، سُن لو ! یہی

هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿١٥﴾ لَهُمْ مِّنْ

کُھلا ہوا گھاٹا ہے ﴿١٥﴾ اُن کے لیے اُن کے

فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ

اوپر سے بھی آگ کے سائبان ہوں گے اور اُن کے نیچے سے

ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ

بھی ، یہ چیز ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے ،

يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿١٦﴾ وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا

اے میرے بندو! پس مجھ سے ڈرو ﴿١٦﴾ اور وہ لوگ جو شیطان

الطَّاغُوْتَ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَى

سے بچے کہ وہ اُس کی عبادت کریں اور وہ اللہ کی طرف رجوع ہوئے

اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ۙ﴿١٧﴾

اُن کے لیے خوش خبری ہے، تو میرے اُن بندوں کو خوش خبری دے دو ﴿١٧﴾

الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ

جو بات کو غور سے سُنتے ہیں پھر اُس کے بہتر کی پیروی

اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ

کرتے ہیں ، یہی وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت

اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿١٨﴾

بخشی ہے اور یہی ہیں جو عقل والے ہیں ﴿١٨﴾

اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ

کیا جس پر عذاب کی بات ثابت ہو چکی ،

اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِى النَّارِ ﴿١٩﴾ ۚ لٰكِنِ

پس کیا آپ ایسے شخص کو بچا سکتے ہو جو کہ آگ میں ہے ﴿١٩﴾ لیکن

الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ

جو لوگ اپنے رب سے ڈرے اُن کے لیے بالاخانے ہیں

مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِیْ

جن کے اوپر اور بالاخانے ہیں بنے ہوئے ، اُن کے

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ

نیچے نہریں بہتی ہیں، یہ اللہ کا وعدہ ہے ،

لَا یُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِیْعَادَ ﴿۲۰﴾ اَلَمْ تَرَ

اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا ﴿۲۰﴾ کیا تم نے نہیں دیکھا

اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

کہ اللہ نے آسمان سے پانی اُتارا

فَسَلَكَهٗ یَنَابِیْعَ فِی الْاَرْضِ ثُمَّ

پھر اُس کو زمین کے چشموں میں جاری کر دیا پھر

یُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ

وہ اُس سے مختلف قسم کی کھیتیاں نکالتا ہے ،

ثُمَّ یَهِیْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ

پھر وہ سوکھ جاتی ہیں تو تم اُس کو دیکھتے ہو کہ پیلی پڑ گئی ہیں پھر

يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

وہ اُس کو ریزہ ریزہ کردیتا ہے ، بے شک اِس میں

لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿٢١﴾ اَفَمَنْ ع ٢ ١٢ ١٦

نصیحت ہے عقل والوں کے لیے ﴿٢١﴾ کیا وہ شخص

شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ

جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہے پس وہ اپنے

عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ

رب کی طرف سے ایک روشنی پر ہے، تو خرابی ہے اُن کے لیے

قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ

جن کے دل اللہ کی نصیحت کے معاملے میں سخت ہوگئے، یہ لوگ

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٢﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ

کُھلی ہوئی گمراہی میں ہیں ﴿٢٢﴾ اللہ نے بہترین کلام اُتارا ہے،

الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ

ایک ایسی کتاب آپس میں ملتی جلتی ، بار بار دُہرائی ہوئی ،

تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ

اُس سے اُن لوگوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں جو اپنے رب سے

رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ

ڈرنے والے ہیں، پھر اُن کے بدن اور اُن کے دل نرم ہو کر اللہ کی یاد کی

اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ

طرف متوجہ ہو جاتے ہیں، یہ اللہ کی ہدایت ہے، اُس سے وہ ہدایت

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

دیتا ہے جس کو وہ چاہتا ہے، اور جس کو اللہ گمراہ کر دے تو اُس کو

فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿٢٣﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ

کوئی ہدایت دینے والا نہیں ﴿٢٣﴾ کیا وہ شخص جو قیامت کے دن اپنے

بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

چہرے کو بُرے عذاب سے (بچنے کے لیے) ڈھال بنائے گا،

وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ

اور ظالموں سے کہا جائے گا کہ چکھو مزہ اُس کمائی کا

تَكْسِبُوْنَ ﴿٢٤﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ
جو تم کرتے تھے ﴿٢٤﴾ اُن سے پہلے والوں نے

قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ
بھی جُھٹلایا تو اُن پر عذاب وہاں سے آگیا جدھر سے

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٥﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ
اُن کا خیال بھی نہ تھا ﴿٢٥﴾ تو اللہ نے اُن کو دنیا کی زندگی میں

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ
رُسوائی کا مزہ چکھایا اور آخرت کا عذاب اور بھی

اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَلَقَدْ
بڑا ہے ، کاش یہ لوگ جانتے ﴿٢٦﴾ اور ہم نے

ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ
اِس قرآن میں ہر قِسم کی مثالیں بیان کی

مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٧﴾ قُرْاٰنًا
ہیں؛ تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں ﴿٢٧﴾ یہ عربی قرآن ہے ،

وقف لازم

عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٢٨﴾

اِس میں کوئی ٹیڑھا پن نہیں؛ تاکہ لوگ ڈریں ﴿٢٨﴾

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ

اللہ مثال بیان کرتا ہے ایک شخص کی جس کی ملکیت میں کئی ضِدی آقا

مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ

شریک ہیں اور دوسرا شخص پورا کا پورا ایک ہی آقا کا غلام ہے،

هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ

کیا اِن دونوں کا حال یکساں ہوگا؟ سب تعریف اللہ کے لیے ہے؛

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٩﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ

لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿٢٩﴾ آپ کو بھی مَرنا ہے

وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ

اور وہ بھی مَرنے والے ہیں ﴿٣٠﴾ پھر تم لوگ قیامت کے

الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿٣١﴾ ع ٣ ع ١٠ ١٧

دن اپنے رب کے سامنے اپنا مقدمہ پیش کرو گے ﴿٣١﴾

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ

اُس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا

وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ

اور سچائی کو جُھٹلا دیا جب وہ اُس کے پاس آئی ، کیا ایسے

جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَالَّذِيْ

کافروں کا ٹھکانہ جہنم میں نہ ہوگا ﴿۳۲﴾ اور جو شخص

جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ

سچائی لے کر آیا اور جس نے اُس کی تصدیق کی ، یہی لوگ اللہ

هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ

سے ڈرنے والے ہیں ﴿۳۳﴾ اُن کے لیے اُن کے رب کے پاس

عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾ ج صلے

وہ سب ہے جو وہ چاہیں گے ، یہ بدلہ ہے نیکی کرنے والوں کا ﴿۳۴﴾

لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا

تاکہ اللہ اُن سے اُن کے بُرے اعمال کو دور کر دے

وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ

اور اُن کے نیک کاموں کے بدلے اُن کو اُن کا

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ

ثواب دے ﴿۳۵﴾ کیا اللہ اپنے بندوں کے لیے کافی

عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ

نہیں ہے؟ اور یہ لوگ اُس کے سوا دوسروں سے آپ کو ڈراتے

دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ

ہیں ، اور اللہ جس کو گمراہ کردے اُس کو کوئی راستہ

هَادٍ ﴿۳۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ

دکھانے والا نہیں ﴿۳۶﴾ اور اللہ جس کو ہدایت دے اُس کو

مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي

کوئی گمراہ کرنے والا نہیں ، کیا اللہ زبردست ، انتقام

انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ

لینے والا نہیں؟ ﴿۳۷﴾ اور اگر آپ اُن سے پوچھو کہ آسمانوں کو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ

اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ کہیں گے کہ اللہ نے، کہہ دیجیے:

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

تمہارا کیا خیال ہے، اللہ کے سوا تم جن کو پکارتے ہو اگر اللہ مجھ کو

اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ

کوئی تکلیف پہونچانا چاہے تو کیا یہ اُس کی دی ہوئی تکلیف کو دور

ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ

کر سکتے ہیں، یا اللہ مجھ پر کوئی مہربانی کرنا چاہے تو کیا یہ اُس کی مہربانی کو

مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ

روکنے والے بن سکتے ہیں؟ کہہ دیجیے کہ اللہ میرے لیے کافی ہے،

عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ يٰقَوْمِ

بھروسہ کرنے والے اُسی پر بھروسہ کرتے ہیں ﴿۳۸﴾ کہہ دیں کہ

اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ

اے میری قوم! تم اپنی جگہ عمل کرو، میں بھی عمل کر رہا ہوں،

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ

تو تم جلد جان لو گے ﴿۳۹﴾ کہ کس پر رُسوا کرنے والا عذاب

يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۴۰﴾

آتا ہے اور کس پر وہ عذاب آتا ہے جو کبھی ٹلنے والا نہیں ﴿۴۰﴾

اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ

یقیناً ہم نے لوگوں کی ہدایت کے لیے یہ کتاب آپ پر حق کے ساتھ

بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ

اُتاری ہے، پس جو شخص ہدایت حاصل کرے گا وہ اپنے ہی لیے کرے گا،

ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ

اور جو شخص گمراہ ہوگا تو اُس کی گمراہی اُسی پر پڑے گی، اور آپ

عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۴۱﴾ ع اَللّٰهُ يَتَوَفَّى ع ۴ ۱۰ ۱

اُن کے اوپر ذمّہ دار نہیں ہو ﴿۴۱﴾ اللہ ہی وفات دیتا ہے

الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ

جانوں کو اُن کی موت کے وقت اور جن کی موت نہیں آئی

فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى

اُن کو سونے کے وقت ، پھر وہ اُن کو روک لیتا ہے جن کی

عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى

موت کا فیصلہ کر چکا ہے اور دوسروں کو ایک وقتِ مقرر تک کے

اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

لیے چھوڑ دیتا ہے ، بے شک اِس میں نشانیاں ہیں اُن لوگوں

لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا

کے لیے جو غور کرتے ہیں ﴿۴۲﴾ کیا اُنہوں نے اللہ کو چھوڑ کر

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَاۗءَ ۭ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا

دوسروں کو سفارشی بنا رکھا ہے ، کہیے کہ اگرچہ وہ

لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـــًٔا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۳﴾

نہ کچھ اختیار رکھتے ہوں اور نہ کچھ سمجھتے ہوں ﴿۴۳﴾

قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ۭ لَهٗ مُلْكُ

کہہ دیجیے : سفارش ساری کی ساری اللہ کے اختیار میں ہے ، آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۴۴﴾

زمین کی بادشاہی اُسی کی ہے، پھر تم اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿۴۴﴾

وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ

اور جب اکیلے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن لوگوں کے

قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ

دل کُڑھتے ہیں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ،

وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِذَا هُمْ

اور جب اُس کے سِوا دوسروں کا ذکر ہوتا ہے تو اُس وقت وہ

يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ

خوش ہوجاتے ہیں ﴿۴۵﴾ کہہ دیجیے کہ اے اللہ! آسمانوں اور زمین

وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

کے پیدا کرنے والے ! غائب اور حاضر کے جاننے والے !

اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا

آپ اپنے بندوں کے درمیان اُس چیز کا فیصلہ فرمائیں گے جس میں

فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ

وہ اختلاف کر رہے ہیں ﴿۴۶﴾ اور اگر ظلم کرنے والوں کے پاس وہ

ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ

سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اُسی کے برابر اور بھی، تو وہ

مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ

قیامت کے دن سخت عذاب سے بچنے کے لیے اُن کو فدیے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ

میں دے دیں، اور اللہ کی طرف سے اُن کو وہ معاملہ پیش آئے گا

مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَبَدَا

جس کا اُن کو گمان بھی نہ تھا ﴿۴۷﴾ اور اُن کے سامنے

لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ

آجائیں گے اُن کے بُرے اعمال اور وہ چیز اُن کو گھیر لے گی

مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۸﴾ فَاِذَا مَسَّ

جس کا وہ مذاق اُڑاتے تھے ﴿۴۸﴾ پس جب انسان کو

الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۚ ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ

کوئی تکلیف پہونچتی ہے تو وہ ہم کو پکارتا ہے، پھر جب ہم اپنی

نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى

طرف سے اُس کو نعمت دے دیتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ یہ تو مجھ کو

عِلْمٍ ؕ بَلْ هِىَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

علم کی بنیاد پر دیا گیا ہے؛ بلکہ یہ آزمائش ہے مگر اُن میں سے اکثر

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۹﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ

لوگ نہیں جانتے ﴿۴۹﴾ اُن سے پہلے والوں نے

مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا

بھی یہ بات کہی تو جو کچھ وہ کماتے تھے وہ اُن کے

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ

کام نہ آیا ﴿۵۰﴾ پس اُن پر وہ بُرائیاں آ پڑیں جو اُنہوں نے

مَا كَسَبُوْا ؕ وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَآءِ

کمائی تھیں، اور اُن لوگوں میں سے جو ظالم ہیں

سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا هُمْ

اُن کے سامنے بھی اُن کی کمائی کے بُرے نتائج جلد آجائیں گے، اور وہ

بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۱﴾ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

(ہم کو) عاجز کر دینے والے نہیں ہیں ﴿۵۱﴾ کیا اُن کو معلوم نہیں کہ اللہ

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ

جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ کر دیتا ہے اور وہی تنگ کر دیتا ہے،

ع ۵ ۱۱ ۲ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾

بے شک اِس کے اندر نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لانے والے ہیں ﴿۵۲﴾

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى

کہہ دیجیے کہ اے میرے بندو جنہوں نے

اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ

اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے، اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو،

اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ

بے شک اللہ تمام گناہوں کو معاف کر دیتا ہے، یقیناً وہ

هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۳﴾ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى

بڑا بخشنے والا، مہربان ہے ﴿۵۳﴾ اور تم اپنے رب کی طرف

رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ

رجوع کرو اور اُس کے فرماں بردار بن جاؤ اِس سے پہلے کہ

يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾

تم پر کوئی عذاب آ جائے پھر تمہاری کوئی مدد نہ کی جائے ﴿۵۴﴾

وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ

اور تم پیروی کرو اپنے رب کی بھیجی ہوئی کتاب کے

رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ

بہتر پہلو کی ، قبل اِس کے کہ تم پر اچانک عذاب

بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ اَنْ

آجائے اور تم کو خبر بھی نہ ہو ﴿۵۵﴾ کہیں

تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ

کوئی شخص یہ کہے کہ افسوس میری کوتاہی پر جو میں نے

فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ

اللہ کی جناب میں کی ، اور میں تو مذاق اڑانے والوں میں

السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ

شامل رہا ﴿۵۶﴾ یا کوئی یہ کہے کہ اگر اللہ مجھ کو

هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَوْ

ہدایت دیتا تو میں بھی ڈرنے والوں میں سے ہوتا ﴿۵۷﴾ یا

تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ

عذاب کو دیکھ کر کوئی شخص یہ کہے کہ کاش ! مجھے دنیا میں پھر جانا

كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾

ہو تو میں نیک بندوں میں سے ہو جاؤں ﴿۵۸﴾

بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا

ہاں ، تیرے پاس میری آیتیں آئیں پھر تو نے اُن کو جھٹلایا

وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾

اور تکبّر کیا اور تو کافروں میں شامل رہا ﴿۵۹﴾

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا

اور آپ قیامت کے دن اُن کے چہرے سیاہ دیکھو گے

عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ اَلَيْسَ

جنہوں نے اللہ پر جھوٹ بولا تھا، کیا

فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾

تکبّر کرنے والوں کا ٹھکانہ جہنم میں نہ ہوگا ؟ ﴿۶۰﴾

وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ۚ

اور جو لوگ ڈرتے رہے اللہ اُن لوگوں کو کامیابی کے ساتھ نجات دے گا،

لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۱﴾

اُن کو کوئی تکلیف نہ پہونچے گی اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿۶۱﴾

اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۚ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ

اللہ ہر چیز کا خالق ہے اور وہی ہر

شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۶۲﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ

چیز پر نگہبان ہے ﴿۶۲﴾ آسمانوں اور زمین کی

وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

کنجیاں اُسی کے پاس ہیں، اور جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں کا انکار

ع ۶ ۱۱ ۳ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۳﴾ قُلْ اَفَغَيْرَ

کیا وہی گھاٹے میں رہنے والے ہیں ﴿۶۳﴾ کہہ دیجیے کہ اے نادانو!

اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾

کیا تم مجھ کو اللہ کے سوا کی عبادت کرنے کے لیے کہتے ہو ﴿۶۴﴾

وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ

اور آپ کی طرف اور آپ سے پہلے والوں کی طرف بھی وحی بھیجی

قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ

جا چکی ہے کہ اگر آپ نے شرک کیا تو آپ کا عمل ضائع ہو جائے گا

وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ

اور آپ خسارے میں رہو گے ﴿۶۵﴾ بلکہ

اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۶﴾

صرف اللہ کی عبادت کریں اور شکر کرنے والوں میں سے بنیں ﴿۶۶﴾

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ

اور لوگوں نے اللہ کی قدر نہ کی جیسا کہ اُس کی قدر کرنے کا حق ہے، اور زمین

جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ

ساری اُس کی مٹھی میں ہوگی قیامت کے دن اور تمام آسمان لپٹے

مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى

ہوں گے اُس کے داہنے ہاتھ میں، وہ پاک اور برتر ہے اُس

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ

شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں ﴿۶۷﴾ اور صور پھونکا جائے گا تو

فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي

آسمانوں اور زمین میں جو بھی ہیں سب بے ہوش ہو کر گر

الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ ثُمَّ نُفِخَ

پڑیں گے مگر جس کو اللہ چاہے، پھر دوبارہ اُس میں پھونکا

فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿۶۸﴾

جائے گا تو یکا یک سب کے سب اُٹھ کر دیکھنے لگیں گے ﴿۶۸﴾

وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ

اور زمین اپنے رب کے نور سے چمک اُٹھے گی، اور کتاب رکھ

الْكِتٰبُ وَجِایْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ

دی جائے گی اور پیغمبر اور گواہ حاضر کیے جائیں گے

وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ

اور لوگوں کے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ کر دیا جائے گا اور اُن پر

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ

کوئی ظلم نہ ہوگا ﴿۶۹﴾ اور ہر شخص کو اُس کے اعمال کا پورا بدلہ دیا

مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۰﴾ ع ۷ ۴

جائے گا، اور وہ خوب جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں ﴿۷۰﴾

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ

اور جن لوگوں نے انکار کیا وہ گروہ گروہ بنا کر جہنم کی طرف ہانکے جائیں گے،

زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا

یہاں تک کہ جب وہ اُس کے پاس پہونچیں گے اُس کے دروازے کھول دیے جائیں گے

وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ

اور اُس کے مُحافظ اُن سے کہیں گے : کیا تمہارے پاس

رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ

تم ہی لوگوں میں سے پیغمبر نہیں آئے جو تم کو

اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ

تمہارے رب کی آیتیں سُناتے تھے اور تم کو تمہارے

يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ

اِس دن کی ملاقات سے ڈراتے تھے ؟ وہ کہیں گے کہ

حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۱﴾

ہاں ؛ لیکن عذاب کا وعدہ مُنکِروں پر پورا ہو کر رہا ﴿۷۱﴾

قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ

کہا جائے گا کہ جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ، اُس میں ہمیشہ

فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۲﴾

رہنے کے لیے، پس کیسا بُرا ٹھکانہ ہے تکبّر کرنے والوں کا ﴿۷۲﴾

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ

اور جو لوگ اپنے رب سے ڈرے وہ گروہ در گروہ جنّت کی طرف لے

زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ

جائے جائیں گے، یہاں تک کہ جب وہ وہاں پہونچیں گے اور اُس کے

اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ

دروازے کھول دیے جائیں گے اور اُس کے مُحافظ اُن سے کہیں گے کہ سلام

عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾

ہو تم پر، خوش حال رہو، پس اِس میں داخل ہو جاؤ ہمیشہ کے لیے ﴿۷۳﴾

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ صَدَقَنَا

اور وہ کہیں گے کہ شکر ہے اُس اللہ کا جس نے ہمارے ساتھ اپنا

وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ

وعدہ سچ کر دکھایا، اور ہم کو اِس زمین کا وارث بنا دیا،

الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ

ہم جنت میں جہاں چاہیں مقام کریں، پس کیا خوب بدلہ ہے

الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ

عمل کرنے والوں کا ﴿۷۴﴾ اور آپ فرشتوں کو دیکھو گے کہ

مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ

عرش کے گرد حلقہ بنائے ہوئے اپنے رب کی حمد اور تسبیح کرتے

رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ

ہوں گے، اور لوگوں کے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ کر دیا جائے گا اور کہا

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۵﴾ ع ۸ ۵ ۵

جائے گا تمام تعریفیں اللہ ربّ العالمین کے لیے ہیں ﴿۷۵﴾

سورۂ مؤمن مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر دو آیتیں (۵۶، ۵۷) مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (۸۵) آیتیں اور (۹) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۶۰) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۴۰) نمبر پر ہے اور سورۂ زمر کے بعد نازل ہوئی ہے

| اس میں (۱۱۹۹) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۴۹۶۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ

حٰمٓ ﴿۱﴾ یہ کتاب اُتاری گئی ہے اللہ کی طرف سے جو

الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۲﴾ غَافِرِ الذَّنْۢبِ

زبردست ہے، جاننے والا ہے ﴿۲﴾ گناہوں کو معاف کرنے والا

وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ

اور توبہ قبول کرنے والا ہے ، سخت سزا دینے والا ،

ذِى الطَّوْلِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط اِلَيْهِ

بڑی قدرت والا ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، اُسی کی طرف

الْمَصِيْرُ ۝۳ مَا يُجَادِلُ فِىْٓ اٰيٰتِ

لوٹنا ہے ۝۳ اللہ کی آیتوں میں وہی لوگ جھگڑے نکالتے ہیں

اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ

جو منکر ہیں ، تو اِن لوگوں کا شہروں میں چلنا پھرنا

تَقَلُّبُهُمْ فِى الْبِلَادِ ۝۴ كَذَّبَتْ

آپ کو دھوکے میں نہ ڈالے ۝۴ اِن سے پہلے نوح (علیہ السلام)

قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ

کی قوم نے جھٹلایا اور اُن کے بعد کے گروہوں

مِنْۢ بَعْدِهِمْ ص وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۢ

نے بھی ، اور ہر امّت نے ارادہ کیا

بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ وَجَادَلُوْا

کہ اپنے رسول کو پکڑ لیں اور اُنہوں نے

بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ

ناحق کے جھگڑے نکالے ؛ تاکہ اُس سے حق کو مٹا دیں

فَاَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝۵

تو میں نے اُن کو پکڑ لیا، پھر کیسی تھی میری سزا ۝۵

وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى

اور اِسی طرح آپ کے رب کی بات اُن لوگوں پر

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ

پوری ہو چکی ہے جنہوں نے انکار کیا کہ وہ آگ

النَّارِ ۝۶ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ

والے ہیں ۝۶ جو عرش کو اُٹھائے ہوئے ہیں اور جو اُس کے

وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ

اردگرد ہیں وہ اپنے رب کی تسبیح کرتے ہیں اُس کی حمد کے ساتھ

وَقْفُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وقف لازم

وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ

اور وہ اُس پر ایمان رکھتے ہیں، اور وہ ایمان والوں کے لیے

اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً

مغفرت کی دعا کرتے ہیں، اے ہمارے رب! آپ کی رحمت

وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا

اور آپ کا علم ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے، پس آپ معاف فرما دیجیے اُن لوگوں کو جو توبہ

سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۷

کریں اور آپ کے راستے کی پیروی کریں اور اُن کو جہنم کے عذاب سے بچائیے ۷

رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ

اے ہمارے رب! اور آپ اُن کو ہمیشہ رہنے والے باغوں میں داخل کیجیے

وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ

جن کا آپ نے اُن سے وعدہ کیا ہے، اور اُن کو بھی جو صالح ہوں اُن کے

وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ

والدین اور اُن کی بیویوں اور اُن کی اولاد میں سے، بے شک آپ

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۸﴾ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ

زبردست ہیں، حکمت والے ہیں ﴿۸﴾ اور اُن کو بُرائیوں سے بچایئے،

وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ

اور جس کو آپ نے اُس دن بُرائیوں سے بچایا تو اُن پر

رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۹﴾ ع ۱ ۹ ۶

آپ نے رحم کیا ، اور یہی بڑی کامیابی ہے ﴿۹﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ

جن لوگوں نے انکار کیا اُن کو پکار کر کہا جائے گا کہ اللہ کی بیزاری

اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ

تم سے اُس سے زیادہ ہے جتنی بیزاری تم کو اپنے آپ پر ہے،

اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰﴾

جب تم کو ایمان کی طرف بُلایا جاتا تھا تو تم انکار کرتے تھے ﴿۱۰﴾

قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا

وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب! آپ نے ہم کو دو بار موت دی اور دو بار ہم کو

اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ

زندگی دی ، پس ہم نے اپنے گناہوں کا اقرار کیا ،

اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۱۱﴾ ذٰلِكُمْ

تو کیا نکلنے کی کوئی صورت ہے؟ ﴿۱۱﴾ یہ تم پر اِس لیے ہے کہ

بِاَنَّهٗۤ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ

جب اکیلے اللہ کی طرف بُلایا جاتا تھا تو تم انکار کرتے تھے ،

وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ؕ فَالْحُكْمُ

اور جب اُس کے ساتھ شریک کیا جاتا تو تم مان لیتے ، پس فیصلہ اللہ کے اختیار

لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ﴿۱۲﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ

میں ہے ، جو بلند ہے ، بڑے مرتبے والا ہے ﴿۱۲﴾ وہی ہے جو تم کو اپنی

اٰيٰتِهٖ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ

نشانیاں دکھاتا ہے اور آسمان سے تمہارے لیے رزق اُتارتا ہے ،

وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾

اور نصیحت صرف وہی شخص قبول کرتا ہے جو اللہ کی طرف رجوع کرنے والا ہو ﴿۱۳﴾

فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ

پس اللہ ہی کو پکارو دین کو اُسی کے لیے خالص کرتے ہوئے،

وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ

خواہ کافروں کو ناگوار کیوں نہ ہو ﴿۱۴﴾ وہ بلند درجوں والا،

ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ

عرش کا مالک ہے، وہ اپنے بندوں میں سے

عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ

جس پر چاہتا ہے وحی بھیجتا ہے؛ تاکہ وہ ملاقات کے

يَوْمَ التَّلَاقِ ۙ﴿۱۵﴾ يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ

دن سے ڈرائے ﴿۱۵﴾ جس دن کہ وہ ظاہر ہوں گے،

لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ؕ لِمَنِ

اللہ سے اُن کی کوئی چیز چھپی نہ ہوگی، آج

الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾

بادشاہی کس کی ہے؟ اللہ کی جو اکیلا ہے، زبردست ہے ﴿۱۶﴾

اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا

آج ہر شخص کو اُس کے کیے کا بدلہ

كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

ملے گا ، آج کوئی ظلم نہ ہوگا ، بے شک اللہ

سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۷﴾ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ

جلد حساب لینے والا ہے ﴿۱۷﴾ اور اُن کو قریب آنے والی مصیبت

الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ

کے دن سے ڈرایئے جب کہ دل حلق تک آ پہونچیں گے،

كٰظِمِيْنَ ؕ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ

وہ غم سے بھرے ہوئے ہوں گے، ظالموں کا نہ کوئی دوست ہوگا

وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ﴿۱۸﴾ ؕ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ

اور نہ سفارشی جس کی بات مانی جائے ﴿۱۸﴾ وہ نگاہوں کی چوری کو

الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِى الصُّدُوْرُ ﴿۱۹﴾ وَاللّٰهُ

جانتا ہے اور اُن باتوں کو بھی جن کو سینے چھُپائے ہوئے ہیں ﴿۱۹﴾ اور اللہ

يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

حق کے ساتھ فیصلہ کرے گا ، اور جن کو اللہ کے سوا

مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

پکارتے ہیں وہ کسی چیز کا فیصلہ نہیں کرتے ، بے شک اللہ

ع ۲ ۱۱ ۷ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۲۰﴾ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا

سُننے والا ، دیکھنے والا ہے ﴿۲۰﴾ کیا وہ زمین میں

فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ

چلے پھرے نہیں کہ وہ دیکھتے کہ کیا انجام ہوا

عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

اُن لوگوں کا جو اُن سے پہلے گزر چکے ہیں ،

كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي

وہ اُن سے بہت زیادہ تھے قوت میں اور اُن آثار کے اعتبار سے بھی جو

الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ

اُنہوں نے زمین میں چھوڑے، پھر اللہ نے اُن کے گناہوں پر اُن کو پکڑ لیا

وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۲۱﴾

اور کوئی اُن کو اللہ سے بچانے والا نہ تھا ﴿۲۱﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ

یہ اِس لیے ہوا کہ اُن کے پاس اُن کے رسول کُھلی نشانیاں لے کر

بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ

آئے تو اُنہوں نے انکار کیا، تو اللہ نے اُن کو پکڑ لیا،

اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ

یقیناً وہ طاقت ور ہے، سخت سزا دینے والا ہے ﴿۲۲﴾ اور ہم نے

اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ

موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیوں کے ساتھ اور کُھلی

مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ

دلیل کے ساتھ ﴿۲۳﴾ فرعون اور ہامان اور قارون کے پاس بھیجا،

وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾

تو اُنہوں نے کہا کہ یہ ایک جادوگر ہے، جھوٹا ہے ﴿۲۴﴾

فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا

پھر جب وہ ہماری طرف سے حق لے کر اُن کے پاس پہونچے تو اُنہوں نے کہا

اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

کہ اُن لوگوں کے بیٹوں کو قتل کر ڈالو جو اُس کے ساتھ ایمان لائیں

وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ؕ وَمَا كَيْدُ

اور اُن کی عورتوں کو زندہ رکھو، اور اُن کافروں کی

الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ

تدبیر محض بے اثر رہی ﴿۲۵﴾ اور فرعون نے کہا:

فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ

مجھ کو چھوڑو ، میں موسیٰ کو قتل کر ڈالوں اور وہ اپنے

رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ

رب کو پکارے ، مجھ کو اندیشہ ہے کہ کہیں وہ تمہارا دین

اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾

بدل ڈالے گا یا ملک میں فساد پھیلا دے گا ﴿۲۶﴾

وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ

اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ میں نے اپنے رب کی

وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ

پناہ لی ہر اُس متکبّر سے جو حساب کے دن پر

ع ۳ ۷ ۸ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾ وَقَالَ رَجُلٌ

ایمان نہیں رکھتا ﴿۲۷﴾ اور آلِ فرعون میں سے ایک

مُّؤْمِنٌ ۚ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ

مؤمن شخص جو اپنے ایمان کو چھپائے ہوئے تھا بولا کہ کیا تم لوگ

اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ

ایک شخص کو صرف اِس بات پر قتل کر دو گے کہ وہ کہتا ہے کہ

رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

میرا رب اللہ ہے؛ حالانکہ وہ تمہارے رب کی طرف سے کُھلی

مِنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ

دلیلیں بھی لے کر آیا ہے، اور اگر وہ جھوٹا ہے تو اُس کا جھوٹ

كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ

اُسی پر پڑے گا، اور اگر وہ سچا ہے تو اُس کا کوئی حصّہ تم کو پہونچ

بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

کر رہے گا جس کا وعدہ وہ تم سے کرتا ہے، بے شک اللہ

لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾

ایسے شخص کو ہدایت نہیں دیتا جو حد سے گزرنے والا ہو، جھوٹا ہو ﴿۲۸﴾

يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ فِي

اے میری قوم! آج تمہاری سلطنت ہے کہ تم زمین میں

الْاَرْضِ ز فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ

غالب ہو، پھر اللہ کے عذاب کے مقابل کون ہماری مدد کرے گا

اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا ؕ قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ

اگر وہ ہم پر آ گیا، فرعون نے کہا: میں تم کو وہی رائے دیتا ہوں

اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا

جس کو میں سمجھ رہا ہوں، اور میں تمہاری رہنمائی ٹھیک بھلائی کے

سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ

راستے کی طرف کر رہا ہوں ﴿۲۹﴾ اور جو شخص ایمان لایا تھا

يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ يَوْمِ

اُس نے کہا کہ اے میری قوم! میں ڈرتا ہوں کہ تم پر اور گروہوں

الْاَحْزَابِ ﴿۳۰﴾ۙ مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ

جیسا دن آ جائے ﴿۳۰﴾ جیسا دن قومِ نوح اور عاد

وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ

اور ثمود اور اُن کے بعد والوں پر آیا ،

وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿۳۱﴾

اور اللہ اپنے بندوں پر کوئی ظلم کرنا نہیں چاہتا ﴿۳۱﴾

وَيٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ

اور اے میری قوم ! میں ڈرتا ہوں کہ تم پر چیخ پکار کا

التَّنَادِ ﴿۳۲﴾ۙ يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ

دن آ جائے ﴿۳۲﴾ جس دن تم پیٹھ پھیر کر بھاگو گے

مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ

اور تم کو اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہوگا ، اور جس کو اللہ گمراہ

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ

کردے اُس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں ﴿۳۳﴾ اور اِس سے پہلے

جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ

یوسف (علیہ السلام) تمہارے پاس کُھلے دلائل کے ساتھ آئے تو تم

فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ

اُن کی لائی ہوئی باتوں کی طرف سے شک ہی میں پڑے رہے،

حَتّٰۤى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ

یہاں تک کہ جب اُن کی وفات ہوگئی تو تم نے کہا کہ اللہ اُن کے

مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ

بعد ہرگز کوئی رسول نہ بھیجے گا، اِسی طرح اللہ اُن لوگوں کو گمراہ کر دیتا ہے

اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ ۙ ﴿۳۴﴾ صلے

جو حد سے گزرنے والے اور شک کرنے والے ہوتے ہیں ﴿۳۴﴾

الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ

جو اللہ کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر کسی دلیل کے

بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا

جو اُن کے پاس آئی ہو ، اللہ اور ایمان والوں

عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ

کے نزدیک یہ سخت ناپسندیدہ ہے ،

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ

اِسی طرح اللہ مہر لگا دیتا ہے ہر مغرور،

مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ

سرکش کے دل پر ﴿۳۵﴾ اور فرعون نے کہا کہ اے ہامان !

يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ

میرے لیے ایک اونچی عمارت بنا ؛ تاکہ میں راستوں

الْاَسْبَابَ ﴿۳۶﴾ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ

پر پہونچوں ﴿۳۶﴾ آسمانوں کے راستوں تک،

فَاَطَّلِعَ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّىْ لَاَظُنُّهٗ

پس موسیٰ کے معبود کو جھانک کر دیکھوں ، اور میں تو اُس کو

كَاذِبًا ؕ وَكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ

جھوٹا خیال کرتا ہوں، اور اِس طرح فرعون کے لیے اُس کی بدعملی

سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ؕ

خوشنما بنا دی گئی اور وہ سیدھے راستے سے روک دیا گیا،

وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِىْ تَبَابٍ ﴿۳۷﴾ ع ۴ ۱۰ ۹

اور فرعون کی تدبیر غارت ہو کر رہی ﴿۳۷﴾

وَقَالَ الَّذِىْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ

اور جو شخص ایمان لایا تھا اُس نے کہا کہ اے میری قوم! تم میری

اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿۳۸﴾ ج يٰقَوْمِ

پیروی کرو، میں تم کو صحیح راستہ بتا رہا ہوں ﴿۳۸﴾ اے میری قوم!

اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ز

یہ دنیا کی زندگی محض چند روزہ ہے ،

وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِیَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿۳۹﴾ مَنْ

اور اصل ٹھہرنے کا مقام آخرت ہے ﴿۳۹﴾ جو شخص

عَمِلَ سَیِّئَةً فَلَا یُجْزٰٓی اِلَّا مِثْلَهَا ۚ

بُرائی کرے گا تو وہ اُس کے برابر بدلہ پائے گا،

وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ

اور جو شخص نیک کام کرے گا خواہ وہ مرد ہو یا

اُنْثٰی وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ یَدْخُلُوْنَ

عورت بشرطیکہ وہ مؤمن ہو تو یہی لوگ جنّت میں

الْجَنَّةَ یُرْزَقُوْنَ فِیْهَا بِغَیْرِ

داخل ہوں گے ، وہاں وہ بے حساب رزق

حِسَابٍ ﴿۴۰﴾ وَیٰقَوْمِ مَا لِیْٓ اَدْعُوْكُمْ

پائیں گے ﴿۴۰﴾ اور اے میری قوم! کیا بات ہے کہ میں تم کو نجات کی

اِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِیْٓ اِلَى النَّارِ ﴿۴۱﴾ ط

طرف بُلاتا ہوں اور تم مجھ کو آگ کی طرف بُلا رہے ہو ﴿۴۱﴾

النّصف

تَدْعُوْنَنِیْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ

تم مجھ کو بلا رہے ہو کہ میں اللہ کے ساتھ کفر کروں اور ایسی چیز کو

بِهٖ مَا لَیْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ ز وَّاَنَا

اُس کا شریک بناؤں جس کا مجھے کوئی علم نہیں ، اور میں تم کو

اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِیْزِ الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾

زبردست، مغفرت کرنے والے اللہ کی طرف بلا رہا ہوں ﴿۴۲﴾

لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِیْٓ اِلَیْهِ

یقینی بات ہے کہ تم جس چیز کی طرف مجھ کو بلاتے ہو

لَیْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِی الدُّنْیَا وَلَا فِی

اُس کی کوئی آواز نہ دنیا میں ہے اور نہ آخرت

الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ

میں ، اور بے شک ہم سب کی واپسی اللہ ہی کی طرف ہے ،

الْمُسْرِفِیْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾

اور حد سے گزرنے والے ہی آگ میں جانے والے ہیں ﴿۴۳﴾

فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ؕ

پس تم آگے چل کر میری بات کو یاد کرو گے ،

وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اور میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں، بے شک اللہ

بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ

تمام بندوں کا نگران ہے ﴿۴۴﴾ پھر اللہ نے اُس کو

سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ

اُن کی بُری تدبیروں سے بچا لیا ، اور فرعون

فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾ اَلنَّارُ

والوں کو بُرے عذاب نے گھیر لیا ﴿۴۵﴾ آگ ،

يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ

جس پر وہ صبح و شام پیش کیے جاتے ہیں ،

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۫ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ

اور جس دن قیامت قائم ہوگی ، فرعون والوں کو

فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿۴۶﴾ وَاِذْ

سخت ترین عذاب میں داخل کرو ﴿۴۶﴾ اور جب

يَتَحَآجُّوْنَ فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰٓؤُا

وہ دوزخ میں ایک دوسرے سے جھگڑیں گے تو کمزور

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ

لوگ بڑا بننے والوں سے کہیں گے کہ ہم تمہارے

تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا

تابع تھے ، تو کیا تم ہم سے آگ کا

نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ قَالَ الَّذِيْنَ

کوئی حصہ ہٹا سکتے ہو ؟ ﴿۴۷﴾ بڑے لوگ کہیں گے

اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ اِنَّ اللّٰهَ

کہ ہم سب ہی اِس میں ہیں ، اللہ نے

قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾ وَقَالَ

بندوں کے درمیان فیصلہ کردیا ﴿۴۸﴾ اور جو لوگ

اَلَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ

آگ میں ہوں گے وہ جہنم کے نگہبانوں سے کہیں گے کہ

ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ

تم اپنے رب سے درخواست کرو کہ ہمارے عذاب میں سے ایک دن

الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ

کی تخفیف کردے ﴿۴۹﴾ وہ کہیں گے: کیا تمہارے پاس تمہارے رسول

رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ قَالُوْا بَلٰى ؕ قَالُوْا

واضح دلیلیں لے کر نہیں آئے، وہ کہیں گے کہ ہاں، نگہبان کہیں گے:

فَادْعُوْا ۚ وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ

پھر تم ہی درخواست کرو، اور منکروں کی پکار ضائع ہی ہونے

ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾ ع اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ ع ۱۳ ۱۰

والی ہے ﴿۵۰﴾ بے شک ہم مدد کرتے ہیں اپنے رسولوں کی

اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ

اور ایمان والوں کی دنیا کی زندگی میں، اور اُس دن بھی

الْاَشْهَادُ ﴿۵۱﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ

جب کہ گواہ کھڑے ہوں گے ﴿۵۱﴾ جس دن ظالموں کو اُن کی

مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ

معذرت کچھ فائدہ نہ دے گی، اور اُن کے لیے لعنت ہوگی اور اُن کے

الدَّارِ ﴿۵۲﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى

لیے بُرا ٹھکانہ ہوگا ﴿۵۲﴾ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو ہدایت عطا کی

وَاَوْرَثْنَا بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ﴿۵۳﴾

اور بنی اسرائیل کو کتاب کا وارث بنایا ﴿۵۳﴾

هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۵۴﴾

رہنمائی اور نصیحت، عقل والوں کے لیے ﴿۵۴﴾

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ

پس آپ صبر کیجیے، بے شک اللہ کا وعدہ برحق ہے، اور اپنے قصور

لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ

کی معافی چاہیے، اور صبح و شام اپنے رب کی تسبیح کیجیے اُس کی

وَالْاِبْكَارِ ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ

حمد کے ساتھ ﴿۵۵﴾ جو لوگ کسی سند کے بغیر

فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ

جواُن کے پاس آئی ہواللہ کی آیتوں میں جھگڑے نکالتے ہیں،

اِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ

اُن کے دلوں میں صرف بڑائی ہے کہ وہ اُس تک کبھی پہونچنے

بِبَالِغِيْهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

والے نہیں ، پس آپ اللہ کی پناہ مانگیے ، بے شک وہ

السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۵۶﴾ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ

سُننے والا ، دیکھنے والا ہے ﴿۵۶﴾ یقیناً آسمانوں اور زمین کا

وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ

پیدا کرنا انسانوں کو پیدا کرنے کی نسبت زیادہ بڑا کام ہے،

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾

لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿۵۷﴾

وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ وَالَّذِيْنَ

اور اندھا اور آنکھوں والا یکساں نہیں ہوسکتا ، اور نہ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ۭ

ایمان والا اور نیکو کار اور وہ جو بُرائی کرنے والے ہیں ،

قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝۵۸ اِنَّ السَّاعَةَ

تم لوگ بہت کم سوچتے ہو ۝۵۸ بے شک قیامت

لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

آ کر رہے گی، اُس میں کوئی شک نہیں ؛ مگر اکثر

النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۵۹ وَقَالَ رَبُّكُمُ

لوگ نہیں مانتے ۝۵۹ اور تمہارے رب نے فرما دیا ہے کہ

ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ

مجھ کو پکارو ، میں تمہاری درخواست قبول کروں گا ، جو لوگ

يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ

میری عبادت سے منہ موڑتے ہیں وہ جلد ہی ذلیل ہو کر

جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ ع ۶ ۱۰ ۱۱

جہنم میں داخل ہوں گے ﴿۶۰﴾ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے

لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ

رات بنائی ؛ تاکہ تم اُس میں آرام کرو اور دن کو

مُبْصِرًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ

روشن کیا ، بے شک اللہ لوگوں پر بڑا فضل کرنے والا ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۱﴾

مگر اکثر لوگ شکر نہیں کرتے ﴿۶۱﴾

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۫ وقف لازم

یہی اللہ تمہارا رب ہے ، ہر چیز کا پیدا کرنے والا ،

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۲﴾

اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، پھر تم کہاں سے بہکائے جاتے ہو؟ ﴿۶۲﴾

كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ

اِسی طرح وہ لوگ بہکائے جاتے رہے ہیں جو اللہ کی

اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ

آیتوں کا انکار کرتے تھے ﴿۶۳﴾ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے

لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً

لیے زمین کو ٹھہرنے کی جگہ بنایا اور آسمان کو چھت بنایا

وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ

اور تمہاری صورت بنائی پس عمدہ صورت بنائی اور اُس نے تم کو

مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ

عمدہ چیزوں کا رزق دیا، یہ اللہ ہے تمہارا رب ،

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۴﴾ هُوَ الْحَيُّ

پس بڑا ہی بابرکت ہے اللہ جو رب ہے سارے جہان کا ﴿۶۴﴾ وہی زندہ ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، پس تم اُسی کو پکارو دین کو اُسی کے لیے خالص کرتے

الدِّيْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۵﴾

ہوئے، ساری تعریف اللہ کے لیے ہے جو رب ہے سارے جہان کا ﴿۶۵﴾

قُلْ اِنِّیْ نُهِیْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِیْنَ

کہہ دیجیے کہ مجھے اِس سے منع کر دیا گیا ہے کہ میں اُن کی عبادت کروں

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِیَ

جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو، جب کہ میرے پاس میرے رب کی

الْبَیِّنٰتُ مِنْ رَّبِّیْ ز وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ

طرف سے کھلی دلیلیں آ چکیں، اور مجھ کو حکم دیا گیا ہے کہ میں اپنے آپ کو

لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۶﴾ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ

ربُّ العالمین کے حوالے کر دوں ﴿۶۶﴾ وہی ہے جس نے تم کو مٹی سے

مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ

پیدا کیا پھر نطفے سے پھر خون کے لوتھڑے سے پھر وہ

عَلَقَةٍ ثُمَّ یُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ

تم کو بچے کی شکل میں نکالتا ہے ، پھر وہ تم کو

لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا

بڑھاتا ہے ؛ تا کہ تم اپنی پوری طاقت کو پہونچو، پھر تا کہ تم

شُيُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ

بوڑھے ہو جاؤ ، اور تم میں سے کوئی پہلے ہی

قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى

مَر جاتا ہے ، اور تاکہ تم مقررہ وقت تک پہونچ جاؤ

وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾ هُوَ الَّذِيْ

اور تاکہ تم سوچو ﴿٦٧﴾ وہی ہے

يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا

جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے ، پس جب وہ کسی امر کا فیصلہ

فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٦٨﴾ ع ۸ ۱۲

کر لیتا ہے تو بس اُس کو کہتا ہے کہ ہو جا ، تو وہ ہو جاتا ہے ﴿٦٨﴾

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ

کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو اللہ کی آیتوں میں

فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ﴿٦٩﴾

جھگڑے نکالتے ہیں ، وہ کہاں سے پھرائے جاتے ہیں ؟ ﴿٦٩﴾

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ اَرْسَلْنَا

جنہوں نے کتاب کو جھٹلایا اور اُس چیز کو بھی جس کے ساتھ

بِهٖ رُسُلَنَا ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۙ﴿۷۰﴾ اِذِ

ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا، تو جلد ہی وہ جان لیں گے ﴿۷۰﴾ جب

الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ۭ

کہ اُن کی گردنوں میں طوق ہوں گے اور زنجیریں ،

يُسْحَبُوْنَ ۙ﴿۷۱﴾ فِي الْحَمِيْمِ ۙ ثُمَّ فِي

وہ گھسیٹے جائیں گے ﴿۷۱﴾ جلتے ہوئے پانی میں ، پھر وہ

النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ۚ﴿۷۲﴾ ثُمَّ قِيْلَ

آگ میں جھونک دیے جائیں گے ﴿۷۲﴾ پھر اُن سے کہا جائے گا:

لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۙ﴿۷۳﴾

کہاں ہیں وہ جن کو تم شریک کرتے تھے ﴿۷۳﴾

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا

اللہ کے سِوا، وہ کہیں گے : وہ ہم سے کھوئے گئے ؛

مُعَانَقَة ۱۳

بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَيْـًٔا ؕ
بلکہ ہم اِس سے پہلے کسی چیز کو پُکارتے نہ تھے،

كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾
اِس طرح اللہ گمراہ کرتا ہے منکروں کو ﴿۷۴﴾

ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي
یہ اِس سبب سے کہ تم زمین میں ناحق

الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ
خوش ہوتے تھے اور اِس سبب سے کہ تم گھمنڈ

تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾ ۚ اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ
کرتے تھے ﴿۷۵﴾ جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ ،

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى
اُس میں ہمیشہ رہنے کے لیے ، پس کیسا بُرا ٹھکانہ ہے

الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ
گھمنڈ کرنے والوں کا ﴿۷۶﴾ پس آپ صبر کیجیے، بے شک اللہ کا

اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ

وعدہ برحق ہے، پھر جس کا ہم اُن سے وعدہ کر رہے ہیں اُس کا

الَّذِیْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا

کچھ حصہ ہم آپ کو دِکھا دیں گے یا آپ کو وفات دیں گے، پھر

يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا

اُن کی واپسی ہماری ہی طرف ہے ﴿۷۷﴾ اور ہم نے آپ سے پہلے

مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا

بہت سے رسول بھیجے، اُن میں سے کچھ کے حالات ہم نے آپ کو

عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ

سُنائے ہیں اور اُن میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جن کے حالات ہم

عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِیَ

نے آپ کو نہیں سُنائے، اور کسی رسول کے بس میں یہ نہ تھا کہ وہ

بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ

اللہ کی اجازت کے بغیر کوئی نشانی لے آئے، پھر جب اللہ کا حکم

اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ

آ گیا تو حق کے مطابق فیصلہ کر دیا گیا اور غلط کار لوگ اُس وقت

الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ ع ۸ ۱۰ ۱۳

خسارے میں رہ گئے ﴿۷۸﴾ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے

الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا

مویشی بنائے تا کہ تم بعض سے سواری کا کام لو اور اُن میں سے

تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ

بعض کو تم کھاتے ہو ﴿۷۹﴾ اور تمہارے لیے اُن میں اور بھی فائدے ہیں،

وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ

اور تا کہ تم اُن کے ذریعے سے اپنی حاجت تک پہونچو جو تمہارے

وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۸۰﴾

دلوں میں ہو، اور اُن پر اور کشتی پر تم سوار کیے جاتے ہو ﴿۸۰﴾

وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۚ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ

اور وہ تم کو اور بھی نشانیاں دِکھاتا ہے، تو تم اللہ کی کن کن نشانیوں کا

تُنْكِرُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي

انکار کرو گے ؟ ﴿۸۱﴾ کیا وہ زمین میں

الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ

چلے پھرے نہیں کہ وہ دیکھتے کہ کیا انجام ہوا

عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْٓا

اُن لوگوں کا جو اُن سے پہلے گزرے ہیں ، وہ اُن سے

اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي

زیادہ تھے اور وہ قوت میں اور نشانیوں میں جو کہ وہ

الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

زمین پر چھوڑ گئے بڑھے ہوئے تھے، پس اُن کی کمائی اُن کے

يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

کچھ کام نہ آئی ﴿۸۲﴾ پس جب اُن کے پیغمبر اُن کے پاس کھلی

بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ

دلیلیں لے کر آئے تو وہ اپنے اُس علم پر اِترانے لگے جو اُن کے

الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

پاس تھا، اور اُن پر وہ عذاب آپڑا جس کا وہ مذاق

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا

اُڑاتے تھے ﴿۸۳﴾ پھر جب اُنہوں نے ہمارا عذاب دیکھا تو

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا

کہنے لگے کہ ہم ایک اللہ پر ایمان لائے اور ہم انکار کرتے ہیں

كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ

اُن کا جن کو ہم اُس کے ساتھ شریک کرتے تھے ﴿۸۴﴾ پس اُن کا

يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ

ایمان اُن کے کام نہ آیا جب کہ اُنہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا،

سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ

یہی اللہ کی سُنّت ہے جو اُس کے بندوں میں جاری رہی ہے،

وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ ع ۹ ۱۴

اور اُس وقت انکار کرنے والے خسارے میں رہ گئے ﴿۸۵﴾

سورۂ حٰمٓ السجدۃ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۵۴) آیتیں اور (۶) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۶۱) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۴۱) نمبر پر ہے اور سورۂ مؤمن کے بعد نازل ہوئی ہے۔

اس میں (۷۹۶) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۳۳۵۰) حروف ہیں

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ

حٰمٓ ﴿۱﴾ یہ بڑے مہربان، نہایت رحم والے کی طرف سے اُتارا ہوا

الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ

کلام ہے ﴿۲﴾ یہ ایک کتاب ہے جس کی آیتیں کھول کھول کر بیان کی گئی ہیں،

قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾

عربی زبان کا قرآن، اُن لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں ﴿۳﴾

بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ

خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا، چنانچہ اُن لوگوں میں سے اکثر

فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۴﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا

نے اُس سے منھ موڑا، پس وہ نہیں سُن رہے ہیں ﴿۴﴾ اور اُنھوں نے کہا:

فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ

ہمارے دل اُس سے پردے میں ہیں جس کی طرف تم ہم کو بلاتے ہو

وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ

اور ہمارے کانوں میں بوجھ ہے، اور ہمارے اور تمہارے درمیان ایک

حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ۝۵ قُلْ

حجاب ہے، پس تم اپنا کام کرو، ہم بھی اپنا کام کر رہے ہیں ۝۵ کہہ دیجیے:

اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ

میں تو ایک بشر ہوں تم جیسا، میرے پاس یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا

اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ

معبود بس ایک ہی معبود ہے، پس تم سیدھے رہو اُسی کی طرف

وَاسْتَغْفِرُوْهُ ؕ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۝۶ لا

اور اُسی سے معافی چاہو، اور خرابی ہے مشرکوں کے لیے ۝۶

الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ

جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور وہ

بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝۷ اِنَّ الَّذِيْنَ

آخرت کے منکر ہیں ۝۷ بے شک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ

ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیا اُن کے لیے ایسا اجر ہے

غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۸﴾ قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ ع ۱ ۸ ۱۵

جو موقوف ہونے والا نہیں ﴿۸﴾ کہہ دیجیے: کیا تم لوگ اُس ہستی کا

بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ

انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں بنایا

وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ط ذٰلِكَ رَبُّ

اور تم اُس کے شریک ٹھہراتے ہو ، وہ رب ہے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹﴾ ج وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ

تمام جہانوں کا ﴿۹﴾ اور اُس نے زمین میں اُس کے اوپر پہاڑ

مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ فِيْهَآ

بنائے اور اُس میں فائدے کی چیزیں رکھ دیں ،

اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ط سَوَآءً

اور اُس میں اُس کی غذائیں ٹھہرا دیں چار دن میں ، تمام

لِّلسَّآئِلِيْنَ ﴿۱۰﴾ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ

سوال کرنے والوں کے لیے برابر ﴿۱۰﴾ پھر وہ آسمان کی طرف

وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ

متوجہ ہوا اور وہ دُھواں تھا، پھر اُس نے آسمان اور زمین سے کہا

ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَآ اَتَيْنَا

کہ تم دونوں آؤ خوشی سے یا ناخوشی سے، دونوں نے کہا کہ ہم

طَآئِعِيْنَ ﴿۱۱﴾ فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ

خوشی سے حاضر ہیں ﴿۱۱﴾ پھر اُس نے دو دن میں اُس کے سات

فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا

آسمان بنائے اور ہر آسمان میں اُس کا حکم بھیج دیا،

وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ۖۗ

اور ہم نے آسمانِ دنیا کو چراغوں سے زینت دی

وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ

اور اُس کو محفوظ کردیا، یہ عزیز و علیم کی منصوبہ

الْعَلِيْمِ ﴿۱۲﴾ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ

بندی ہے ﴿۱۲﴾ پس اگر وہ اعراض کرتے ہیں تو کہہ دیجیے

اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ

کہ میں تم کو اُسی طرح کے عذاب سے ڈراتا ہوں جیسا عذاب

عَادٍ وَّثَمُوْدَ ﴿۱۳﴾ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ

عاد وثمود پر نازل ہوا ﴿۱۳﴾ جب کہ اُن کے پاس رسول آئے

مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ

اُن کے آگے سے اور اُن کے پیچھے سے کہ

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ قَالُوْا لَوْ شَآءَ

اللہ کے سوا تم کسی کی عبادت نہ کرو، اُنہوں نے کہا کہ اگر ہمارا

رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ

رب چاہتا تو وہ فرشتے اُتارتا، پس ہم اُس چیز کے منکر ہیں جس کو

بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا

دے کر تم بھیجے گئے ہو ﴿۱۴﴾ عاد کا یہ حال تھا کہ اُنہوں نے زمین میں

فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ

بغیر کسی حق کے گھمنڈ کیا اور اُنہوں نے کہا : کون ہے

اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ

جو قوت میں ہم سے زیادہ ہے، کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا کہ جس

الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ

اللہ نے اُن کو پیدا کیا ہے وہ قوت میں اُن سے زیادہ ہے

وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ فَاَرْسَلْنَا

اور وہ ہماری نشانیوں کا انکار کرتے رہے ﴿۱۵﴾ تو ہم نے چند

عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ

منحوس دنوں میں اُن پر سخت طوفانی ہوا بھیج دی ؛

نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ

تاکہ اُن کو دنیا کی زندگی میں رُسوائی کا

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ

عذاب چکھائیں ، اور آخرت کا عذاب اِس سے بھی زیادہ

اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَاَمَّا

رُسوا کرنے والا ہے، اور اُن کو کوئی مدد نہ پہونچے گی ﴿۱۶﴾ اور وہ

ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى

جو ثمود تھے تو ہم نے اُن کو ہدایت کا راستہ دکھایا، مگر اُنہوں نے

عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ

ہدایت کے مقابلے میں اندھے پن کو پسند کیا، تو اُن کو عذابِ ذلّت

الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَنَجَّيْنَا

کے کڑکے نے پکڑ لیا اُن کی بدکرداریوں کی وجہ سے ﴿۱۷﴾ اور ہم نے اُن

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَيَوْمَ ع ۲ ۱۰ ۱۶

لوگوں کو نجات دی جو ایمان لائے اور ڈرنے والے تھے ﴿۱۸﴾ اور جس دن

يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ

اللہ کے دشمن آگ کی طرف جمع کیے جائیں گے، پھر وہ جدا جدا

يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا

کیے جائیں گے ﴿۱۹﴾ یہاں تک کہ جب وہ اُس کے پاس آجائیں گے،

شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ

اُن کے کان اور اُن کی آنکھیں

وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالُوْا

اور اُن کی کھالیں اُن پر اُن کے اعمال کی گواہی دیں گی ﴿۲۰﴾ اور وہ اپنی

لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ قَالُوْٓا

کھالوں سے کہیں گے: تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی؟ وہ کہیں گی

اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ

کہ ہم کو اُسی اللہ نے بولنے کی طاقت دی جس نے ہر چیز کو بولنا

وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ

سکھایا ہے، اور اُسی نے تم کو پہلی مرتبہ پیدا کیا اور اُسی کے پاس تم

تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ

لائے گئے ہو ﴿۲۱﴾ اور تم اپنے کو اِس سے چھُپا نہ سکتے تھے کہ

يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ

تمہارے خلاف گواہی دیں تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں

وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ

اور تمہاری کھالیں ؛ لیکن تم اِس گمان میں رہے کہ اللہ تمہارے

لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَذٰلِكُمْ

بہت سے اُن اعمال کو نہیں جانتا جو تم کرتے ہو ﴿۲۲﴾ اور تمہارے

ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ

اِسی گمان نے جو کہ تم نے اپنے رب کے ساتھ کیا تھا تم کو برباد کیا،

فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ

پس تم خسارہ اٹھانے والوں میں سے ہو گئے ﴿۲۳﴾ پس اگر

يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ

وہ صبر کریں تو آگ ہی اُن کا ٹھکانہ ہے ، اور اگر وہ

يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾

معافی مانگیں تو اُن کو معافی نہیں ملے گی ﴿۲۴﴾

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ

اور ہم نے اُن پر کچھ ساتھی مسلط کر دیے تو اُنہوں نے اُن کے آگے اور پیچھے کی

مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ

ہر چیز اُن کو خوش نما بنا کر دکھایا، اور اُن پر وہی بات پوری ہو

عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ

کر رہی جو جنّات اور انسانوں کے اُن گروہوں

قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ

پر پوری ہوئی جو اُن سے پہلے گزر چکے تھے، بے شک وہ

كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ع ۳ ۱۷

خسارے میں رہ جانے والے تھے ﴿۲۵﴾ اور کفر کرنے والوں نے

لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ

کہا کہ اِس قرآن کو نہ سُنو اور اِس میں خلل ڈالو؛

لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿۲۶﴾ فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ

تاکہ تم غالب رہو ﴿۲۶﴾ پس ہم انکار کرنے والوں کو

كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ

سخت عذاب چکھائیں گے اور اُن کو اُن کے عمل کا

اَسْوَاَ الَّذِیْ كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ ذٰلِكَ

بدترین بدلہ دیں گے ﴿۲۷﴾ یہ اللہ کے

جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِیْهَا

دشمنوں کا بدلہ ہے یعنی آگ، اُن کے لیے اُس میں

دَارُ الْخُلْدِ ؕ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰیٰتِنَا

ہمیشگی کا ٹھکانہ ہوگا، اِس بات کے بدلے میں کہ وہ ہماری

یَجْحَدُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا

آیتوں کا انکار کرتے تھے ﴿۲۸﴾ اور کفر کرنے والے کہیں گے کہ

رَبَّنَاۤ اَرِنَا الَّذَیْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ

اے ہمارے رب! ہمیں اُن لوگوں کو دِکھا جنہوں نے جِنّات

وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا

اور انسانوں میں سے ہم کو گمراہ کیا، ہم اُن کو اپنے پاؤں کے

لِیَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِیْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ

نیچے ڈالیں گے؛ تاکہ وہ ذلیل ہوں ﴿۲۹﴾ جن لوگوں نے

قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا

کہا کہ اللہ ہمارا رب ہے پھر وہ ثابت قدم رہے ،

تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا

یقیناً اُن پر فرشتے اُترتے ہیں اور اُن سے کہتے ہیں کہ تم نہ اندیشہ

وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ

کرو اور نہ رنج کرو، اور اُس جنت کی بشارت سے خوش ہو جاؤ

كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۰﴾ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ

جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے ﴿۳۰﴾ ہم دنیا کی زندگی میں تمہارے

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ

ساتھی ہیں اور آخرت میں بھی، اور تمہارے لیے وہاں ہر چیز ہے

فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ

جس کو تمہارا دل چاہے اور تمہارے لیے اُس میں ہر وہ چیز ہے

فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ

جو تم طلب کرو گے ﴿۳۱﴾ غفور و رحیم کی طرف سے مہمانی کے

رَّحِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ ع ۴ ۷ ۱۸

طور پر ﴿۳۲﴾ اور اُس سے بہتر کس کی بات ہوگی جس نے

دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ

اللہ کی طرف بُلایا اور نیک عمل کیا اور کہا کہ

اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا تَسْتَوِي

میں فرماں برداروں میں سے ہوں ﴿۳۳﴾ اور بھلائی

الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ط اِدْفَعْ بِالَّتِيْ

اور بُرائی دونوں برابر نہیں ، آپ جواب میں

هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ

وہ کہیے جو اُس سے بہتر ہو پھر آپ دیکھو گے کہ آپ میں

وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ﴿۳۴﴾

اور جس میں دشمنی تھی وہ ایسا ہو گیا جیسے کوئی دوست قرابت والا ﴿۳۴﴾

وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ج

یہ بات اُسی کو ملتی ہے جو صبر کرنے والے ہیں ،

وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۳۵﴾

اور یہ بات اُسی کو ملتی ہے جو بڑا نصیبے والا ہے ﴿۳۵﴾

وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ

اور اگر شیطان آپ کے دل میں کچھ وسوسہ ڈالے

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

تو اللہ کی پناہ مانگیں ، بے شک وہ سُننے والا،

الْعَلِيْمُ ﴿۳۶﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ

جاننے والا ہے ﴿۳۶﴾ اور اُس کی نشانیوں میں سے ہے رات

وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ؕ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ

اور دن اور سورج اور چاند، تم سورج اور چاند کو سجدہ نہ کرو

وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ

بلکہ اُس اللہ کو سجدہ کرو جس نے اِن سب کو

خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۳۷﴾

پیدا کیا ہے ، اگر تم اُسی کی عبادت کرنے والے ہو ﴿۳۷﴾

فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ

پس اگر وہ تکبّر کریں تو جو لوگ آپ کے رب کے پاس

يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ

ہیں وہ شب و روز اُسی کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ کبھی

لَا يَسْـَٔمُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ

نہیں تھکتے ﴿۳۸﴾ اور اُس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ آپ زمین کو

تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا

مُرجھائی حالت میں دیکھتے ہو، پھر جب ہم اُس پر پانی برساتے ہیں

عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِيْٓ

تو وہ اُبھرتی ہے اور پھول جاتی ہے، بے شک جس نے اِس کو زندہ

اَحْيَاهَا لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

کر دیا وہ مُردوں کو بھی زندہ کر دینے والا ہے، بے شک وہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا

قادر ہے ﴿۳۹﴾ جو لوگ ہماری آیتوں کو اُلٹے معنیٰ پہناتے ہیں

لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ؕ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ

وہ ہم سے چھپے ہوئے نہیں ہیں، کیا جو شخص آگ میں ڈالا جائے گا

خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

وہ اچھا ہے یا وہ شخص جو قیامت کے دن امن کے ساتھ آئے گا،

اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

جو کچھ چاہے کر لو، بے شک وہ دیکھتا ہے جو تم

بَصِيْرٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ

کر رہے ہو ﴿۴۰﴾ یقیناً جن لوگوں نے اللہ کی نصیحت کا انکار کیا جب کہ

لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ﴿۴۱﴾ ۙ

وہ اُن کے پاس آ گئی، اور بے شک یہ ایک زبردست کتاب ہے ﴿۴۱﴾

لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ

اِس میں باطل نہ اُس کے آگے سے آسکتا ہے

وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ

اور نہ اُس کے پیچھے سے، یہ حکیم و حمید کی طرف سے

حَمِيْدٍ ﴿۴۲﴾ مَا يُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ

اُتاری گئی ہے ﴿۴۲﴾ آپ کو وہی باتیں کہی جا رہی ہیں

قِيْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ

جو آپ سے پہلے رسولوں کو کہی گئی ہیں ، بے شک آپ

لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۴۳﴾

کا رب مغفرت والا ہے اور دردناک سزا دینے والا بھی ﴿۴۳﴾

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا

اور اگر ہم اِس (کتاب) کو عجمی قرآن بناتے تو وہ کہتے کہ اِس کی

لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ؕ

آیتیں صاف صاف کیوں نہیں بیان کی گئیں؟ کیا عجمی کتاب اور عربی لوگ!

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ

کہہ دیجیے کہ وہ ایمان لانے والوں کے لیے تو ہدایت اور شفا ہے،

وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ

اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے اُن کے کانوں میں بوجھ ہے

• امام حفص سے دوسرے طریق کی تسہیل کرنا واجب ہے۔

وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ

اور وہ اُن کے حق میں اندھا پن ہے، یہ لوگ گویا کہ دور کی

ع ۵ ۱۲ ۱۹ مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۴۴﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى

جگہ سے پکارے جا رہے ہیں ﴿۴۴﴾ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو

الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ

کتاب دی تھی تو اُس میں اختلاف پیدا کیا گیا، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے

سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ

ایک بات پہلے طے نہ ہو چکی ہوتی تو اُن کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا، اور یہ لوگ اُس

وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۴۵﴾

کی طرف سے ایسے شک میں ہیں جس نے اُن کو بے چینی میں ڈال رکھا ہے ﴿۴۵﴾

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ

جو شخص نیک عمل کرے گا تو اپنے ہی لیے کرے گا، اور جو شخص بُرائی کرے گا تو

فَعَلَيْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۴۶﴾

اُس کا وبال اُسی پر آئے گا، اور آپ کا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے ﴿۴۶﴾

اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخْرُجُ

قیامت کا علم اللہ ہی سے متعلق ہے ، اور کوئی

مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ

پھل اپنے غلاف سے نہیں نکلتا اور نہ کوئی عورت حاملہ ہوتی ہے

مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ

اور نہ جنتی ہے مگر یہ سب اُس کے علم سے ہوتا ہے ،

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ۙ قَالُوْٓا

اور جس دن اللہ اُن کو پکارے گا کہ میرے شریک کہاں ہیں، وہ کہیں گے کہ

اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ۚ ﴿٤٧﴾ وَضَلَّ

ہم آپ سے یہی عرض کرتے ہیں کہ ہم میں کوئی اِس کا مدّعی نہیں ﴿٤٧﴾ اور جن

عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا

کو وہ پہلے پکارتے تھے وہ سب اُن سے گم ہو جائیں گے اور وہ

مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿٤٨﴾ لَا يَسْـَٔمُ

سمجھ لیں گے کہ اُن کے لیے کوئی بچاؤ کی صورت نہیں ﴿٤٨﴾ انسان

الۡاِنۡسَانُ مِنۡ دُعَآءِ الۡخَيۡرِ ۫ وَاِنۡ

بھلائی مانگنے سے نہیں تھکتا ، اور اگر اُس کوئی

مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوۡسٌ قَنُوۡطٌ ﴿۴۹﴾ وَلَئِنۡ

تکلیف پہونچ جائے تو مایوس اور نا اُمید ہو جاتا ہے ﴿۴۹﴾ اور اگر

اَذَقۡنٰهُ رَحۡمَةً مِّنَّا مِنۡۢ بَعۡدِ ضَرَّآءَ

ہم اُس کو تکلیف کے بعد جو کہ اُسے پہونچی تھی اپنی مہربانی کا مزہ

مَسَّتۡهُ لَيَقُوۡلَنَّ هٰذَا لِىۡ ۙ وَمَاۤ اَظُنُّ

چکھا دیتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو میرا حق ہی ہے اور میں نہیں

السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنۡ رُّجِعۡتُ اِلٰى

سمجھتا کہ قیامت کبھی آئے گی ، اور اگر میں اپنے رب کی طرف

رَبِّىۡۤ اِنَّ لِىۡ عِنۡدَهٗ لَلۡحُسۡنٰى ۚ

لوٹایا گیا تو اُس کے پاس بھی میرے لیے بہتری ہی ہے ،

فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِمَا عَمِلُوۡا ۫

پس ہم اُن منکروں کو اُن کے اعمال سے ضرور آگاہ کریں گے

وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿٥٠﴾

اور اُن کو سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے ﴿٥٠﴾

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ

اور جب ہم انسان پر فضل کرتے ہیں تو وہ اعراض کرتا ہے اور

وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ

اپنی کروٹ پھیر لیتا ہے، اور جب اُس کو تکلیف پہونچتی ہے تو وہ

دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ﴿٥١﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

لمبی لمبی دعائیں کرنے والا بن جاتا ہے ﴿٥١﴾ کہہ دیجیے کہ بتاؤ اگر

كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ

یہ قرآن اللہ کی طرف سے آیا ہو پھر تم نے اُس کا انکار کیا تو اُس

مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍۭ

شخص سے زیادہ گمراہ اور کون ہوگا جو مخالفت میں بہت دور

بَعِيْدٍ ﴿٥٢﴾ سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ

چلا جائے ﴿٥٢﴾ ہم اُن کو اپنی نشانیاں دکھائیں گے آفاق میں بھی

وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ

اور خود اُن کے اندر بھی، یہاں تک کہ اُن پر ظاہر ہو جائے گا کہ

اَنَّهُ الْحَقُّ ؕ اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ

یہ قرآن حق ہے، کیا یہ بات کافی نہیں کہ آپ کا رب

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿٥٣﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ

ہر چیز کا گواہ ہے ﴿٥٣﴾ سُن لو ! یہ لوگ

فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ؕ

اپنے رب کی ملاقات میں شک رکھتے ہیں،

اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ﴿٥٤﴾ ع ٦ ١٠

سُن لو ! وہ ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے ﴿٥٤﴾

سورۂ شوریٰ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر چند آیتیں (٢٣، ٢٤، ٢٥، ٢٧) مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (٥٣) آیتیں اور (٥) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٦٢) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٤٢) نمبر پر ہے اور سورۂ حٰمٓ سجدہ کے بعد نازل ہوئی ہے۔

اس میں (٨٦٠) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٣٥٨٨) حروف ہیں

حٰمٓ ﴿١﴾ عٓسٓقٓ ﴿٢﴾ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ

حٰمٓ ﴿١﴾ عٓسٓقٓ ﴿٢﴾ اسی طرح غالب اور

اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ
حکمت والا اللہ وحی کرتا ہے آپ کی طرف اور اُن کی طرف

اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٣ لَهٗ مَا فِي
جو آپ سے پہلے گزرے ہیں ۝٣ اُسی کا ہے جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَهُوَ الْعَلِيُّ
آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور وہ سب سے اوپر ہے،

الْعَظِيْمُ ۝٤ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ
سب سے بڑا ہے ۝٤ قریب ہے کہ آسمان اپنے اوپر سے

مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ
پھٹ پڑے اور فرشتے اپنے رب کی تسبیح کرتے ہیں

بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ
اُسی کی حمد کے ساتھ اور زمین والوں کے لیے معافی

فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ
مانگتے ہیں ، سن لو کہ اللہ ہی معاف کرنے والا ،

الرَّحِيْمُ ﴿٥﴾ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ

رحمت کرنے والا ہے ﴿٥﴾ اور جن لوگوں نے اُس کے سِوا

دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ۚ

دوسرے کارساز بنائے ہیں اللہ اُن کے اوپر نگہبان ہے ،

وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿٦﴾

اور آپ اُن کے اوپر ذمہ دار نہیں ﴿٦﴾

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا

اور ہم نے اِسی طرح آپ کی طرف عربی قرآن اُتارا ہے

لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا

تاکہ آپ مکہ والوں کو اور اُس کے آس پاس والوں کو ڈرا دو

وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ

اور اُن کو جمع ہونے کے دن سے ڈرا دو جس کے آنے میں کوئی شک نہیں،

فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ ﴿٧﴾

ایک گروہ جنت میں ہوگا اور ایک گروہ آگ میں ﴿٧﴾

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

اور اگر اللہ چاہتا تو اُن سب کو ایک ہی اُمّت بنا دیتا ؛

وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ

لیکن وہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت میں

رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ

داخل کرتا ہے ، اور ظالموں کا کوئی

وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿٨﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا

حامی و مددگار نہیں ﴿٨﴾ کیا اُنہوں نے اُس کے سوا

مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ

دوسرے کارساز بنا رکھے ہیں ، پس اللہ ہی

الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى ۫ وَهُوَ عَلٰى

کارساز ہے اور وہی مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور وہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٩﴾ ع وَمَا اخْتَلَفْتُمْ ع ١ ٩ ٢

ہر چیز پر قادر ہے ﴿٩﴾ اور جس کسی بات میں

فِيْهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ
تم اختلاف کرتے ہو اُس کا فیصلہ اللہ ہی کے سپرد ہے،

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّيْ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ
وہی اللہ میرا رب ہے ، اُسی پر میں نے بھروسہ کیا

وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿١٠﴾ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ
اور اُسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں ﴿١٠﴾ وہ آسمانوں

وَالْاَرْضِ ؕ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ
اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے، اُس نے تمہاری جنس سے

اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ
تمہارے جوڑے پیدا کیے اور جانوروں کے بھی جوڑے بنائے،

يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ؕ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ
اُس کے ذریعے وہ تمہاری نسل چلاتا ہے، کوئی چیز اُس کے مثل

شَيْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿١١﴾ لَهٗ
نہیں اور وہ سُننے والا، دیکھنے والا ہے ﴿١١﴾ اُسی کے

مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يَبْسُطُ

اختیار میں آسمانوں اور زمین کی کنجیاں ہیں، وہ جس کے لیے چاہتا

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ

ہے زیادہ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے کم کر دیتا ہے، بے شک

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٢﴾ شَرَعَ لَكُمْ

وہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے ﴿١٢﴾ اللہ نے تمہارے لیے

مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ

وہی دین مقرر کیا ہے جس کا اُس نے نوح (علیہ السلام) کو

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ

حکم دیا تھا اور جس کی وحی ہم نے آپ کی طرف کی ہے اور جس کا

اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا

حکم ہم نے ابراہیم اور موسیٰ کو اور عیسیٰ (علیہم السلام) کو دیا تھا کہ

الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ؕ كَبُرَ عَلَى

دین کو قائم رکھو اور اُس میں اختلاف نہ ڈالو، مشرکین پر

الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ؕ

وہ بات بہت بھاری ہے جس کی طرف آپ اُن کو بلا رہے ہو، اللہ جس کو

اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ

چاہتا ہے اپنی طرف چُن لیتا ہے اور وہ اپنی طرف اُن کی رہنمائی کرتا

اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ؕ ﴿١٣﴾ وَمَا تَفَرَّقُوْٓا

ہے جو اُس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں ﴿١٣﴾ اور جو لوگ متفرق ہوئے وہ

اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا

علم آنے کے بعد ہوئے صرف آپس کی ضد کی وجہ سے ،

بَيْنَهُمْ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ

اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک وقت معین تک کی بات

رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ

طے نہ ہو چکی ہوتی تو اُن کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا ،

وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ

اور جن لوگوں کو اُن کے بعد کتاب دی گئی

بَعْدِهِمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿١٤﴾

وہ اُس کی طرف سے شک میں پڑے ہوئے ہیں جس نے اُن کو تردُّد میں ڈال دیا ہے ﴿١٤﴾

فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ

پس آپ اُسی کی طرف بلائیے اور اُس پر جمے رہیے جس طرح

اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ

آپ کو حکم ہوا ہے اور اُن کی خواہشوں کی پیروی نہ کیجیے ،

وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ

اور کہیے کہ اللہ نے جو کتاب اُتاری ہے میں اُس پر ایمان لاتا ہوں

كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ؕ

اور مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں ،

اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ؕ لَنَآ اَعْمَالُنَا

اللہ ہمارا رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے ، ہمارا عمل

وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا

ہمارے لیے اور تمہارا عمل تمہارے لیے ، ہم میں اور تم میں

وَبَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ

کچھ جھگڑا نہیں، اللہ ہم سب کو جمع کرے گا اور اُسی کے پاس

الْمَصِيْرُ ﴿١٥﴾ وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِي

جانا ہے ﴿١٥﴾ اور جو لوگ اللہ کے بارے میں حجت کر رہے ہیں

اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ

بعد اِس کے کہ وہ مان لیا گیا اُن کی حجت

حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ

اُن کے رب کے نزدیک باطل ہے

وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ

اور اُن پر غضب ہے اور اُن کے لیے سخت

شَدِيْدٌ ﴿١٦﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ

عذاب ہے ﴿١٦﴾ اللہ ہی ہے جس نے حق کے ساتھ کتاب

بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ

اُتاری اور ترازو بھی ، اور آپ کو کیا خبر کہ

لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ﴿١٧﴾ يَسْتَعْجِلُ

شاید وہ گھڑی قریب ہو ﴿١٧﴾ جو لوگ اُس کا

بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ

یقین نہیں رکھتے وہ اُس کی جلدی کر رہے ہیں،

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ

اور جو لوگ یقین رکھنے والے ہیں وہ اُس سے ڈرتے ہیں

وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَآ اِنَّ

اور وہ جانتے ہیں کہ وہ برحق ہے ، یاد رکھو کہ

الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِي السَّاعَةِ لَفِيْ

جو لوگ اُس گھڑی کے بارے میں جھگڑتے ہیں

ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿١٨﴾ اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ

وہ گمراہی میں بہت دور نکل گئے ﴿١٨﴾ اللہ اپنے بندوں پر مہربان

يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ

ہے ، وہ جس کو چاہتا ہے روزی دیتا ہے اور وہ قوّت والا ،

الْعَزِيْزُ ﴿١٩﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ ع ٢ ١٠ ٣

زبردست ہے ﴿١٩﴾ جو شخص آخرت کی کھیتی چاہے

الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ

ہم اُس کو اُس کی کھیتی میں ترقّی دیں گے ، اور جو شخص

كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ

دنیا کی کھیتی چاہے ہم اُس کو اُس میں سے کچھ دے

مِنْهَا ۙ وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ

دیتے ہیں اور اُس کا آخرت میں کوئی

نَّصِيْبٍ ﴿٢٠﴾ اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا

حصّہ نہیں ﴿٢٠﴾ کیا اُن کے کچھ شریک ہیں جنہوں نے

لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ

اُن کے لیے ایسا دین مقرر کیا ہے جس کی اللہ نے اجازت

اللّٰهُ ؕ وَلَوْ لَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ

نہیں دی ، اور اگر فیصلہ کی بات طے نہ پا چکی ہوتی

بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ

تو اُن کا فیصلہ کر دیا جاتا، اور بے شک ظالموں کے لیے دردناک

اَلِيْمٌ ﴿٢١﴾ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ

عذاب ہے ﴿٢١﴾ آپ اُن ظالموں کو دیکھو گے کہ وہ ڈر رہے ہوں گے

مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ؕ

اُس سے جو اُنہوں نے کمایا اور وہ اُن پر ضرور پڑنے والا ہے،

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ

اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے اچھے کام کیے

رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ

وہ جنت کے باغوں میں ہوں گے، اُن کے لیے اُن کے

عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ

رب کے پاس وہ سب ہوگا جو وہ چاہیں گے، یہی بڑا

الْكَبِيْرُ ﴿٢٢﴾ ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ

انعام ہے ﴿٢٢﴾ یہ چیز ہے جس کی خوش خبری اللہ

عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اپنے اُن بندوں کو دیتا ہے جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک

الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ

عمل کیے، کہہ دیجیے کہ میں اُس پر تم سے کوئی

اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ؕ وَمَنْ

بدلہ نہیں چاہتا مگر قرابت داری کی محبت، اور جو شخص

يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا

کوئی نیکی کرے گا ہم اُس کے لیے اُس میں بھلائی بڑھا دیں

حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿٢٣﴾

گے، بے شک اللہ معاف کرنے والا ہے، قدردان ہے ﴿٢٣﴾

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ

کیا وہ کہتے ہیں کہ اُس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے،

فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰى قَلْبِكَ ؕ

پس اگر اللہ چاہے تو وہ تمہارے دل پر مہر لگا دے،

وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ

اور اللہ باطل کو مٹاتا ہے اور حق کو ثابت کرتا ہے

بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

اپنی باتوں سے ، بے شک وہ دلوں کی باتیں

الصُّدُوْرِ ﴿٢٤﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ

جانتا ہے ﴿٢٤﴾ اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی

التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ

توبہ قبول کرتا ہے اور بُرائیوں کو معاف

السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٢٥﴾

کرتا ہے ، اور وہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو ﴿٢٥﴾

وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اور وہ اُن لوگوں کی دعائیں قبول کرتا ہے جو ایمان لائے اور جنہوں نے

الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ

نیک عمل کیے اور وہ اُن کو اپنے فضل سے زیادہ دے دیتا ہے ،

وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿٢٦﴾

اور جو انکار کرنے والے ہیں اُن کے لیے سخت عذاب ہے ﴿٢٦﴾

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا

اور اگر اللہ اپنے بندوں کے لیے روزی کو کھول دیتا تو وہ

فِي الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا

زمین میں فساد کرتے؛ لیکن وہ اندازے کے ساتھ اُتارتا ہے جتنا

يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٢٧﴾

چاہتا ہے، بے شک وہ اپنے بندوں کو جاننے والا، دیکھنے والا ہے ﴿٢٧﴾

وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ

اور وہی ہے جو لوگوں کے مایوس ہو جانے کے بعد بارش برساتا

مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ

ہے اور اپنی رحمت پھیلا دیتا ہے، اور وہ کام بنانے والا ہے،

الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٢٨﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ

قابلِ تعریف ہے ﴿٢٨﴾ اور اُسی کی نشانیوں میں سے ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا

آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور وہ جاندار جو اُس نے اُن کے

مِنْ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ

درمیان پھیلائے ہیں ، اور وہ اُن کو جب چاہے جمع کرنے

اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ ﴿٢٩﴾ وَمَآ اَصَابَكُمْ ع ٣ ١٠ ٤

پر قادر ہے ﴿٢٩﴾ اور جو مصیبت تم کو پہونچتی ہے

مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ

تو وہ تمہارے ہاتھوں کے کیے ہوئے کاموں ہی سے ،

اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ﴿٣٠﴾ ؕ

اور بہت سے قصوروں کو وہ معاف کردیتا ہے ﴿٣٠﴾

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ ۖ ج

اور تم زمین میں اللہ کے قابو سے نکل نہیں سکتے ،

وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ

اور اللہ کے سوا نہ تمہارا کوئی کام بنانے والا ہے

وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿٣١﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ

اور نہ کوئی مددگار ﴿٣١﴾ اور اُس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ

فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿٣٢﴾ اِنْ يَّشَاْ

جہاز سمندر میں چلتے ہیں جیسے پہاڑ ﴿٣٢﴾ اگر وہ چاہے تو

يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ

وہ ہوا کو روک دے پھر وہ سمندر کی سطح پر ٹھہرے رہ

عَلٰى ظَهْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ

جائیں، بے شک اِس کے اندر نشانیاں ہیں ہر اُس شخص کے لیے

صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿٣٣﴾ اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا

جو صبر کرنے والا، شکر کرنے والا ہے ﴿٣٣﴾ یا وہ اُن کو تباہ کر دے اُن

كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ﴿٣٤﴾

کے اعمال کے سبب سے اور معاف کر دے بہت سے لوگوں کو ﴿٣٤﴾

وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ

اور تاکہ جان لیں وہ لوگ جو ہماری نشانیوں میں

اٰيٰتِنَا ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿٣٥﴾

جھگڑتے ہیں کہ اُن کے لیے بھاگنے کی کوئی جگہ نہیں ﴿٣٥﴾

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ

پس جو کچھ تم کو ملا ہے وہ محض دنیوی زندگی کے برتنے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ

کے لیے ہے، اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ زیادہ بہتر ہے

وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ

اور باقی رہنے والا ہے اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اور وہ

يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٣٦﴾ ۚ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ

اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں ﴿٣٦﴾ اور وہ لوگ جو بڑے

كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا

گناہوں سے اور بے حیائی سے بچتے ہیں، اور جب اُن کو

غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ ۚ وَالَّذِيْنَ

غصہ آتا ہے تو وہ معاف کر دیتے ہیں ﴿٣٧﴾ اور وہ جنہوں نے

اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ص

اپنے رب کی دعوت کو قبول کیا اور نماز قائم کی

وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ص وَمِمَّا

اور وہ اپنا کام آپس کے مشورے سے کرتے ہیں، اور ہم نے

رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝٣٨ ج وَالَّذِيْنَ اِذَآ

جو کچھ اُنہیں دیا ہے اُس میں سے خرچ کرتے ہیں ۝٣٨ اور وہ

اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ۝٣٩

لوگ کہ جب اُن پر چڑھائی ہوتی ہے تو وہ بدلہ لیتے ہیں ۝٣٩

وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ج فَمَنْ

اور بُرائی کا بدلہ ہے ویسی ہی بُرائی ، پھر جس نے

عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ط اِنَّهٗ

معاف کر دیا اور اصلاح کی تو اُس کا اجر اللہ کے ذمّے ہے، بے شک

لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝٤٠ وَلَمَنِ انْتَصَرَ

وہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا ۝٤٠ اور جو شخص اپنے مظلوم ہونے

بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ

کے بعد بدلہ لے تو ایسے لوگوں کے اوپر

مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿٤١﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ

کچھ الزام نہیں ﴿٤١﴾ الزام صرف اُن پر ہے

عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ

جو لوگوں کے اوپر ظلم کرتے ہیں

وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ

اور زمین میں ناحق سرکشی کرتے ہیں ،

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٤٢﴾ وَلَمَنْ

یہی لوگ ہیں جن کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿٤٢﴾ اور جس

صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ

شخص نے صبر کیا اور معاف کر دیا تو بے شک یہ ہمّت کے

الْاُمُوْرِ ﴿٤٣﴾ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ ع ٤ ١٤ ٥

کام ہیں ﴿٤٣﴾ اور جس شخص کو اللہ بھٹکا دے

فَمَا لَهٗ مِنۡ وَّلِیٍّ مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ وَتَرَی

تو اُس کے بعد اُس کا کوئی کارساز نہیں ، اور آپ

الظّٰلِمِیۡنَ لَمَّا رَاَوُا الۡعَذَابَ یَقُوۡلُوۡنَ

ظالموں کو دیکھو گے کہ جب وہ عذاب کو دیکھیں گے

هَلۡ اِلٰی مَرَدٍّ مِّنۡ سَبِیۡلٍ ﴿۴۴﴾ ج

تو وہ کہیں گے کہ کیا واپس جانے کی کوئی صورت ہے ﴿۴۴﴾

وَتَرٰىهُمۡ یُعۡرَضُوۡنَ عَلَیۡهَا خٰشِعِیۡنَ

اور آپ اُن کو دیکھو گے کہ وہ دوزخ کے سامنے لائے جائیں گے،

مِنَ الذُّلِّ یَنۡظُرُوۡنَ مِنۡ طَرۡفٍ خَفِیٍّ ؕ

وہ ذلّت سے جھکے ہوئے ہوں گے چھپی نگاہ سے دیکھتے ہوں گے،

وَقَالَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ الۡخٰسِرِیۡنَ

اور ایمان والے کہیں گے کہ خسارے والے وہی لوگ ہیں

الَّذِیۡنَ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ وَاَهۡلِیۡهِمۡ

جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو اور اپنے مُتعلّقین کو

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ

خسارے میں ڈال دیا، سُن لو! ظالم لوگ ہمیشہ رہنے والے

عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ﴿٤٥﴾ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ

عذاب میں رہیں گے ﴿٤٥﴾ اور اُن کے لیے کوئی

اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ

مددگار نہ ہوں گے جو اللہ کے مقابلے میں اُن کی

اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ

مدد کریں، اور اللہ جس کو بھٹکا دے تو اُس کے لیے کوئی

سَبِيْلٍ ﴿٤٦﴾ ؕ اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ

راستہ نہیں ﴿٤٦﴾ تم اپنے رب کی دعوت قبول کرو

مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ

اِس سے پہلے کہ ایسا دن آ جائے جس کے لیے اللہ کی

لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ

طرف سے ہٹنا نہ ہوگا، اُس دن تمہارے لیے کوئی پناہ گاہ

يَّوْمَئِذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿٤٧﴾

نہ ہوگی اور نہ تم کسی چیز کو رد کر سکو گے ﴿٤٧﴾

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ

پس اگر وہ اعراض کریں تو ہم نے آپ کو اُن کے اوپر نگران

حَفِيْظًا ؕ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ

بنا کر نہیں بھیجا ہے، آپ کے ذمّے صرف پہونچا دینا ہے،

وَاِنَّآ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا

اور انسان کو جب ہم اپنی رحمت سے نوازتے ہیں

رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ

تو وہ اُس پر خوش ہو جاتا ہے، اور اگر اُن کے اعمال

سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ

کے بدلے اُن پر کوئی مصیبت آ پڑتی ہے

الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿٤٨﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ

تو آدمی ناشکری کرنے لگتا ہے ﴿٤٨﴾ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَخْلُقُ مَا

اللہ ہی کے لیے ہے ، وہ جو چاہتا ہے پیدا

يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا

کرتا ہے ، وہ جس کو چاہتا ہے بیٹیاں عطا کرتا ہے

وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿٤٩﴾

اور جس کو چاہتا ہے بیٹے عطا کرتا ہے ﴿٤٩﴾

اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ

یا اُن کو جمع کر دیتا ہے بیٹے بھی اور بیٹیاں بھی ،

وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ اِنَّهٗ

اور جس کو چاہتا ہے بے اولاد رکھتا ہے ، بے شک وہ

عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿٥٠﴾ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ

جاننے والا ، قدرت والا ہے ﴿٥٠﴾ اور کسی آدمی کی یہ طاقت نہیں

اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ

کہ اللہ اُس سے کلام کرے مگر وحی کے ذریعے یا پردے کے

وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا

پیچھے سے یا وہ کسی فرشتے کو بھیجے کہ وہ وحی کردے

فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ

اُس کے حکم سے جو وہ چاہے، بے شک وہ سب سے اوپر ہے،

حَكِيْمٌ ﴿٥١﴾ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

حکمت والا ہے ﴿٥١﴾ اور اِسی طرح ہم نے آپ کی طرف بھی وحی

رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ

کی ہے ایک روح اپنے حکم سے، آپ نہیں جانتے تھے کہ کتاب

مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ

کیا ہے اور نہ یہ جانتے تھے کہ ایمان کیا ہے؛ لیکن ہم نے اُس کو

جَّعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ

ایک نور بنایا، اُس سے ہم ہدایت دیتے ہیں اپنے بندوں

مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى

میں سے جس کو چاہتے ہیں، اور بے شک آپ ایک سیدھے راستے

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٥٢﴾ لا صِرَاطِ اللّٰهِ

کی طرف رہنمائی کررہے ہو ﴿٥٢﴾ اُس اللہ کے راستے

الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

کی طرف جس کو وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں اور

ع ٥ الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ﴿٥٣﴾ ع ١٠ ٦

زمین میں ہے، سُن لو! سارے معاملات اللہ ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں ﴿٥٣﴾

(سورۂ زخرف مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (٥٤) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (٨٩) آیتیں اور (٧) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٦٣) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٤٣) نمبر پر ہے اور سورۂ شوریٰ کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (٨٤٨) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اس میں (٣٤٠٠) حروف ہیں

حٰمٓ ﴿١﴾ ۚ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾ لا اِنَّا مع ١١

حٰمٓ ﴿١﴾ قسم ہے اِس واضح کتاب کی ﴿٢﴾ ہم نے

جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

اِس کو عربی زبان کا قرآن بنایا ہے ؛ تاکہ تم

تَعْقِلُوْنَ ﴿٣﴾ ۚ وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ

سمجھو ﴿٣﴾ اور بے شک یہ اصل کتاب میں

لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿٤﴾ اَفَنَضْرِبُ

ہمارے پاس ہے ، بلند اور پُر حکمت ﴿٤﴾ کیا ہم تمہاری

عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا

نصیحت سے اس لیے نگاہیں پھیر لیں گے کہ تم حد سے

مُّسْرِفِيْنَ ﴿٥﴾ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ

گزرنے والے ہو ﴿٥﴾ اور ہم نے اگلے لوگوں میں کتنے ہی

فِي الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦﴾ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ

نبی بھیجے ﴿٦﴾ اور اُن لوگوں کے پاس کوئی

نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٧﴾

نبی نہیں آیا جس کا اُنہوں نے مذاق نہ اُڑایا ہو ﴿٧﴾

فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى

پھر جو لوگ اُن سے زیادہ طاقت ور تھے اُن کو ہم نے ہلاک کر دیا اور اگلے

مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٨﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ

لوگوں کی مثالیں گزر چکیں ﴿٨﴾ اور اگر آپ اُن سے پوچھو کہ

مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ

آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ ضرور کہیں گے کہ اُن کو

خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۙ﴿٩﴾ الَّذِيْ

زبردست ، جاننے والے نے پیدا کیا ﴿٩﴾ جس نے

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ

تمہارے لیے زمین کو فرش بنایا اور اُس میں

لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۙ﴿١٠﴾

تمہارے لیے راستے بنائے؛ تاکہ تم راہ پاؤ ﴿١٠﴾

وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ

اور جس نے آسمان سے پانی اُتارا ایک اندازے

بِقَدَرٍ ۚ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ

کے ساتھ، پھر ہم نے اُس سے مُردہ زمین کو زندہ کر دیا،

كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿١١﴾ وَالَّذِيْ خَلَقَ

اِسی طرح تم نکالے جاؤ گے ﴿١١﴾ اور جس نے تمام

الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ

قسمیں بنائیں اور تمہارے لیے وہ کشتیاں

الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ۙ﴿١٢﴾

اور چوپائے بنائے جن پر تم سوار ہوتے ہو ﴿١٢﴾

لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا

تاکہ تم اُن کی پیٹھ پر جم کر بیٹھو پھر تم اپنے رب کی

نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ

نعمت کو یاد کرو جب کہ تم اُن پر بیٹھو اور

وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا

کہو کہ پاک ہے وہ جس نے اِن چیزوں کو ہمارے بس میں کر دیا،

هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۙ﴿١٣﴾ وَاِنَّآ

اور ہم ایسے نہ تھے کہ اُن کو قابو میں کرتے ﴿١٣﴾ اور بے شک

اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿١٤﴾ وَجَعَلُوْا لَهٗ

ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں ﴿١٤﴾ اور اُن لوگوں نے

مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ

اللہ کے بندوں میں سے اللہ کا جز ٹھہرایا، بے شک انسان

لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥﴾ ع اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا ١٥ ع ٧

کُھلا ناشکرا ہے ﴿١٥﴾ کیا اللہ نے اپنی مخلوقات

يَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّاَصْفٰىكُمْ بِالْبَنِيْنَ ﴿١٦﴾

میں سے بیٹیاں پسند کیں اور تم کو بیٹوں سے نوازا؟ ﴿١٦﴾

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ

اور جب اُن میں سے کسی کو اُس چیز کی خبر دی جاتی ہے جس کو وہ

لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا

رحمان کی طرف منسوب کرتا ہے تو اُس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے

وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿١٧﴾ اَوَ مَنْ يُّنَشَّؤُا

اور وہ غم سے بھر جاتا ہے ﴿١٧﴾ کیا وہ جو زیور میں

فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ

پرورش پائے اور جھگڑے میں بات

مُبِيْنٍ ﴿١٨﴾ وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ

نہ کہہ سکے ﴿١٨﴾ اور فرشتے جو رحمان کے بندے ہیں

هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوْا

اُن کو اُنہوں نے عورت قرار دے رکھا ہے، کیا وہ اُن کی پیدائش

خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ

کے وقت موجود تھے، اُن کا یہ دعویٰ لکھ لیا جائے گا اور اُن سے

وَيُسْـَٔلُوْنَ ﴿١٩﴾ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ

پوچھ ہوگی ﴿١٩﴾ اور وہ کہتے ہیں کہ اگر رحمان چاہتا

مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ

تو ہم اُن کی عبادت نہ کرتے ، اُن کو اُس کا کوئی

عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿٢٠﴾ ؕ اَمْ

علم نہیں وہ محض بے تحقیق بات کر رہے ہیں ﴿٢٠﴾ کیا ہم نے

اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ

اُن کو اِس سے پہلے کوئی کتاب دی ہے تو اُنہوں نے اُس کو

مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿٢١﴾ بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا

مضبوط پکڑ رکھا ہے ﴿٢١﴾ بلکہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے

وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا

اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا ہے اور ہم

عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَكَذٰلِكَ

اُن کے پیچھے چل رہے ہیں ﴿٢٢﴾ اور اِسی طرح

مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ

ہم نے آپ سے پہلے جس بستی میں بھی کوئی

مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا

ڈرانے والا بھیجا تو اُس کے خوش حال لوگوں نے کہا کہ

وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى

ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا ہے اور ہم اُن کے

اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴿٢٣﴾ قٰلَ اَوَلَوْ

پیچھے چلے جا رہے ہیں ﴿٢٣﴾ ڈرانے والے نے کہا: اگرچہ

جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ

میں اُس سے زیادہ صحیح راستہ تمہیں بتاؤں جس پر تم نے اپنے

عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ

باپ دادا کو پایا ہے، اُنہوں نے کہا کہ ہم اُس کے منکر ہیں

اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿٢٤﴾ فَانْتَقَمْنَا

جو دے کر تم بھیجے گئے ہو ﴿٢٤﴾ تو ہم نے اُن سے

مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

انتقام لیا ، پس دیکھو کہ کیسا انجام ہوا

الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٢٥﴾ ع وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ ع ٢ ١٠ ٨

جُھٹلانے والوں کا ﴿٢٥﴾ اور جب ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے

لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا

والد سے اور اپنی قوم سے کہا کہ میں اُن چیزوں سے بَری ہوں

تَعْبُدُوْنَ ﴿٢٦﴾ لا اِلَّا الَّذِيْ فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ

جن کی تم عبادت کرتے ہو ﴿٢٦﴾ مگر وہ جس نے مجھ کو پیدا کیا، پس بے شک وہ

سَيَهْدِيْنِ ﴿٢٧﴾ وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً

میری رہنمائی کرے گا ﴿٢٧﴾ اور ابراہیم (علیہ السلام) یہی کلمہ اپنے پیچھے

فِيْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٢٨﴾

اپنی اولاد میں چھوڑ گئے؛ تاکہ وہ اُس کی طرف رجوع کریں ﴿٢٨﴾

بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى

بلکہ میں نے اُن کو اور اُن کے باپ دادا کو دنیا کا سامان دیا یہاں

جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿٢٩﴾

تک کہ اُن کے پاس حق آیا اور رسول کھول کر سنا دینے والا ﴿٢٩﴾

وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا

اور جب اُن کے پاس حق آ گیا، اُنہوں نے کہا کہ یہ جادو ہے

سِحْرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَقَالُوْا

اور ہم اُس کے منکر ہیں ﴿٣٠﴾ اور اُنہوں نے

لَوْ لَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى

کہا کہ یہ قرآن دونوں بستیوں میں سے

رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿٣١﴾

کسی بڑے آدمی پر کیوں نہیں اُتارا گیا ؟ ﴿٣١﴾

اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ

کیا یہ لوگ آپ کے رب کی رحمت کو تقسیم کرتے ہیں؟

نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ

دنیا کی زندگی میں اُن کی روزی کو تو ہم نے تقسیم کیا ہے

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ

اور ہم نے ایک کو دوسرے پر فوقیت دی ہے ؛

فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ

تاکہ وہ ایک دوسرے سے کام لیں ،

بَعْضًا سُخْرِيًّا ؕ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ

اور آپ کے رب کی رحمت اُس سے بہتر ہے

مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ

جو یہ جمع کررہے ہیں ﴿٣٢﴾ اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ

النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ

سب لوگ ایک ہی طریقے کے ہو جائیں گے تو

يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا

جولوگ رحمان کا انکار کرتے ہیں اُن کے لیے ہم اُن کے گھروں

مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا

کی چھتیں چاندی کی بنا دیتے اور زینے بھی جن پر وہ

يَظْهَرُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا

چڑھتے ہیں ﴿٣٣﴾ اور اُن کے گھروں کے کواڑ بھی

وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿٣٤﴾ وَزُخْرُفًا ؕ

اور تخت بھی جن پر وہ تکیہ لگا کر بیٹھتے ہیں ﴿٣٤﴾ اور سونے کے بھی،

وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ

اور یہ چیزیں تو صرف دنیا کی زندگی کا سامان ہیں

الدُّنْيَا ؕ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٥﴾ ع ٣ ١٠ ٩

اور آخرت آپ کے رب کے پاس متّقیوں کے لیے ہے ﴿٣٥﴾

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ

اور جو شخص رحمان کی نصیحت سے اعراض کرتا ہے تو ہم اُس پر ایک

نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿٣٦﴾

شیطان مُسلّط کر دیتے ہیں پس وہ اُس کا ساتھی بن جاتا ہے ﴿٣٦﴾

وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ

اور وہ اُن کو راہ حق سے روکتے رہتے ہیں

وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٣٧﴾ حَتّٰۤى

اور یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ ہدایت پر ہیں ﴿٣٧﴾ یہاں تک کہ جب

اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ

وہ ہمارے پاس آئے گا تو وہ کہے گا کہ کاش میرے اور تیرے

بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿٣٨﴾

درمیان مشرق اور مغرب کی دوری ہوتی، پس کیا ہی بُرا ساتھی تھا ﴿٣٨﴾

وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ

اور جب کہ تم ظلم کر چکے تو آج یہ بات تم کو کچھ بھی فائدہ نہ دے گی کہ تم

فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿٣٩﴾ اَفَاَنْتَ

عذاب میں ایک دوسرے کے شریک ہو ﴿٣٩﴾ پس کیا آپ

تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِى الْعُمْىَ

بہروں کو سناؤ گے یا آپ اندھوں کو راہ دِکھاؤ گے

وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٠﴾ فَاِمَّا

اور اُن کو جو کُھلی ہوئی گمراہی میں ہیں ﴿٤٠﴾ پس اگر

نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿٤١﴾ لا

ہم آپ کو اُٹھا لیں تو ہم اُن سے بدلہ لینے والے ہیں ﴿٤١﴾

اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ

یا آپ کو دِکھا دیں گے وہ چیز جس کا ہم نے اُن سے وعدہ کیا ہے، پس ہم

مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿٤٢﴾ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْٓ

اُن پر پوری طرح قادر ہیں ﴿٤٢﴾ پس آپ اُس کو مضبوطی سے تھامے رہیے

اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ

جو آپ کے اوپر وحی کی گئی ہے، بے شک آپ ایک سیدھے

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٤٣﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ

راستے پر ہو ﴿٤٣﴾ اور یہ آپ کے لیے اور آپ کی

وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿٤٤﴾

قوم کے لیے نصیحت ہے، اور جلد ہی تم سے پوچھ ہوگی ﴿٤٤﴾

وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ

اور جن کو ہم نے آپ سے پہلے بھیجا ہے ہمارے رسولوں میں

رُّسُلِنَآ ق اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ

سے اُن سے پوچھ لیجیے کہ کیا ہم نے رحمان کے سوا دوسرے

اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿٤٥﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا ع ١٠ ٤

معبود ٹھہرائے تھے کہ اُن کی عبادت کی جائے ﴿٤٥﴾ اور ہم نے

مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ

موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اُس کے اُمراء کے

فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٦﴾

پاس بھیجا تو اُس نے کہا کہ میں رَبُّ العالمین کا رسول ہوں ﴿٤٦﴾

فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا

پس جب وہ اُن کے پاس ہماری نشانیوں کے ساتھ آیا تو وہ اُس

يَضْحَكُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ

پر ہنسنے لگے ﴿٤٧﴾ اور ہم اُن کو جو نشانیاں دِکھاتے تھے

اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ز وَاَخَذْنٰهُمْ

وہ پہلی سے بڑھ کر ہوتی تھیں ، اور ہم نے

بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٤٨﴾

اُن کو عذاب میں پکڑا تاکہ وہ رجوع کریں ﴿٤٨﴾

وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا

اور اُنہوں نے کہا کہ اے جادوگر! ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کرو اُس

عَهِدَ عِنْدَكَ ج اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿٤٩﴾

عہد کی بناء پر جو اُس نے تم سے کہا ہے، ہم ضرور راہ پر آجائیں گے ﴿٤٩﴾

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا

پھر جب ہم نے وہ عذاب اُن سے ہٹا دیا تو

هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ

اُنہوں نے اپنا عہد توڑ دیا ﴿٥٠﴾ اور فرعون نے اپنی

قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ

قوم کے درمیان پکار کر کہا کہ اے میری قوم !

مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ

کیا مصر کی بادشاہی میری نہیں ہے، اور یہ نہریں جو میرے نیچے

تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٥١﴾ ؕ اَمْ اَنَا خَيْرٌ

بہہ رہی ہیں، کیا تم لوگ دیکھتے نہیں ﴿٥١﴾ بلکہ میں بہتر ہوں

مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ

اُس شخص سے جو کہ حقیر ہے اور صاف بول بھی

يُبِيْنُ ﴿٥٢﴾ فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ

نہیں سکتا ﴿٥٢﴾ پھر کیوں نہ اُس پر سونے کے

مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ

کنگن آپڑے یا فرشتے اُس کے ساتھ

مُقْتَرِنِيْنَ ﴿٥٣﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ

جمع ہو کر آتے ﴿٥٣﴾ پس اُس نے اپنی قوم کو بے عقل کر دیا

فَاَطَاعُوْهُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا

پھر اُنہوں نے اُس کی بات مان لی، یہ نافرمان قسم کے

فٰسِقِيْنَ ﴿٥٤﴾ فَلَمَّاۤ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا

لوگ تھے ﴿٥٤﴾ پھر جب اُنہوں نے ہم کو غصہ دِلایا

مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٥٥﴾ لا

تو ہم نے اُن سے بدلہ لیا اور ہم نے اُن سب کو غرق کر دیا ﴿٥٥﴾

فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿٥٦﴾ ع ع ١١ ١١

پھر ہم نے اُن کو ماضی کی داستان بنا دیا اور دوسروں کے لیے ایک نمونۂ عبرت ﴿٥٦﴾

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا

اور جب ابن مریم کی مثال دی گئی تو آپ کی

قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿٥٧﴾ وَقَالُوْۤا

قوم کے لوگ اُس پر چِلّا اُٹھے ﴿٥٧﴾ اور اُنہوں نے کہا کہ

ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ؕ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ

ہمارے معبود اچھے ہیں یا وہ ؟ یہ مثال وہ آپ سے

اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ﴿٥٨﴾

صرف جھگڑنے کے لیے بیان کرتے ہیں؛ بلکہ یہ لوگ جھگڑالو ہیں ﴿٥٨﴾

اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ

عیسیٰ (علیہ السلام) تو بس ہمارے ایک بندے تھے جس پر ہم نے فضل فرمایا

مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿٥٩﴾ ؕ وَلَوْ نَشَآءُ

اور اُس کو بنی اسرائیل کے لیے ایک مثال بنا دیا ﴿٥٩﴾ اور اگر ہم چاہیں

لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ

تو تمہارے اندر سے فرشتے بنا دیں جو زمین میں تمہارے

يَخْلُفُوْنَ ﴿٦٠﴾ وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ

جانشین ہوں ﴿٦٠﴾ اور بے شک عیسیٰ قیامت کا ایک نشان ہیں

فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ

تو تم اُس میں شک نہ کرو اور میری پیروی کرو، یہی سیدھا

مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦١﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ

راستہ ہے ﴿٦١﴾ اور شیطان تم کو اُس سے روکنے نہ پائے ،

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٦٢﴾ وَلَمَّا جَآءَ

بے شک وہ تمہارا کُھلا دشمن ہے ﴿٦٢﴾ اور جب

عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ

عیسیٰ (علیہ السلام) کُھلی نشانیوں کے ساتھ آئے ، اُس نے کہا کہ میں

بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ

تمہارے پاس حکمت لے کر آیا ہوں اور تا کہ میں تم پر واضح کر دوں

الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

بعض باتیں جن میں تم اختلاف کر رہے ہو، پس تم اللہ سے ڈرو

وَاَطِيْعُوْنِ ﴿٦٣﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ

اور میری اطاعت کرو ﴿٦٣﴾ بے شک اللہ ہی میرا رب ہے اور تمہارا رب بھی ،

فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦٤﴾

تو تم اُسی کی عبادت کرو ، یہی سیدھا راستہ ہے ﴿٦٤﴾

فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ

پھر گروہوں نے آپس میں اختلاف کیا،

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ

پس تباہی ہے اُن لوگوں کے لیے جنہوں نے ظلم کیا ایک دردناک

يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿٦٥﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا

دن کے عذاب سے ﴿٦٥﴾ یہ لوگ بس قیامت کا

السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ

انتظار کر رہے ہیں کہ وہ اُن پر اچانک آ پڑے اور اُن کو

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٦٦﴾ اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۭ

خبر بھی نہ ہو ﴿٦٦﴾ تمام دوست اُس دن

بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٧﴾ ع ط

ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے سوائے ڈرنے والوں کے ﴿٦٧﴾

ع ٦ ١١ ١٢

يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ

اے میرے بندو! آج تم پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ تم

تَحۡزَنُوۡنَ ﴿۶۸﴾ اَلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا بِاٰيٰتِنَا

غمگین ہوں گے ﴿۶۸﴾ جو لوگ ہماری آیتوں پر ایمان لائے

وَكَانُوۡا مُسۡلِمِيۡنَ ﴿۶۹﴾ اُدۡخُلُوا الۡجَنَّةَ

اور فرماں بردار رہے ﴿۶۹﴾ جنّت میں داخل ہو جاؤ

اَنۡتُمۡ وَاَزۡوَاجُكُمۡ تُحۡبَرُوۡنَ ﴿۷۰﴾

اور تمہاری بیویاں اور تم خوش کیے جاؤ گے ﴿۷۰﴾

يُطَافُ عَلَيۡهِمۡ بِصِحَافٍ مِّنۡ ذَهَبٍ

اُن کے سامنے سونے کی رکابیاں اور پیالے پیش کیے

وَّاَكۡوَابٍ ۚ وَفِيۡهَا مَا تَشۡتَهِيۡهِ

جائیں گے ، اور وہاں وہ چیزیں ہوں گی جن کو

الۡاَنۡفُسُ وَتَلَذُّ الۡاَعۡيُنُ ۚ وَاَنۡتُمۡ

جی چاہے گا اور جن سے آنکھوں کو لذت ہوگی ، اور تم یہاں

فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۷۱﴾ وَتِلۡكَ الۡجَنَّةُ الَّتِىۡۤ

ہمیشہ رہو گے ﴿۷۱﴾ اور یہ وہ جنت ہے جس کے

اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٧٢﴾

تم مالک بنا دیے گئے اُس کی وجہ سے جو تم کرتے تھے ﴿٧٢﴾

لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا

تمہارے لیے اُس میں بہت سے میوے ہیں جن میں سے

تَاْكُلُوْنَ ﴿٧٣﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ

تم کھاؤ گے ﴿٧٣﴾ بے شک مجرم لوگ ہمیشہ دوزخ کے

جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿٧٤﴾ ۚ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ

عذاب میں رہیں گے ﴿٧٤﴾ وہ اُن سے ہلکا نہ کیا جائے گا

وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿٧٥﴾ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ

اور وہ اُس میں مایوس پڑے رہیں گے ﴿٧٥﴾ اور ہم نے اُن پر ظلم

وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٧٦﴾ وَنَادَوْا

نہیں کیا بلکہ وہ خود ہی ظالم تھے ﴿٧٦﴾ اور وہ پکاریں گے کہ

يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ؕ قَالَ

اے مالک! تمہارا رب ہمارا خاتمہ ہی کر دے، فرشتہ کہے گا:

اِنَّكُمْ مٰكِثُوْنَ ﴿٧٧﴾ لَقَدْ جِئْنٰكُمْ

تم کو اِسی طرح پڑے رہنا ہے ﴿٧٧﴾ ہم تمہارے پاس

بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ

حق لے کر آئے مگر تم میں سے اکثر حق سے

كٰرِهُوْنَ ﴿٧٨﴾ اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا

بیزار رہے ﴿٧٨﴾ کیا اُنہوں نے کوئی بات ٹھہرالی ہے تو ہم بھی

مُبْرِمُوْنَ ﴿٧٩﴾ ج اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا

ایک بات ٹھہرالیں گے ﴿٧٩﴾ کیا اُن کا گمان ہے کہ ہم اُن کے

لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ ط بَلٰى

رازوں کو اور اُن کے مشوروں کو نہیں سُن رہے ہیں ، ہاں !

وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿٨٠﴾ قُلْ

اور ہمارے بھیجے ہوئے اُن کے پاس لکھتے رہتے ہیں ﴿٨٠﴾ کہہ

اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ق ﷺ فَاَنَا اَوَّلُ

دیجیے کہ اگر رحمان کے کوئی اولاد ہو تو میں سب سے پہلے

الْعٰبِدِيْنَ ﴿٨١﴾ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ

اُس کی عبادت کرنے والا ہوں ﴿٨١﴾ آسمانوں اور زمین کا خداوند،

وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿٨٢﴾

عرش کا مالک، وہ اُن باتوں سے پاک ہے جس کو لوگ بیان کرتے ہیں ﴿٨٢﴾

فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى

پس اُن کو چھوڑ دیجیے کہ وہ بحث کریں اور کھیلیں یہاں تک کہ وہ

يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿٨٣﴾

اُس دن سے دوچار ہوں جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہے ﴿٨٣﴾

وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي

اور وہی ہے جو آسمان میں اللہ ہے اور وہی

الْاَرْضِ اِلٰهٌ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿٨٤﴾

زمین میں اللہ ہے، اور وہ حکمت والا، علم والا ہے ﴿٨٤﴾

وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

اور بڑی بابرکت ہے وہ ذات جس کی بادشاہی آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ

اور زمین میں ہے اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے، اور اُسی کے

عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٥﴾

پاس قیامت کی خبر ہے اور اُسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ﴿٨٥﴾

وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ

اور اللہ کے سِوا جن کو یہ لوگ پُکارتے ہیں

دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ

وہ سفارش کا اختیار نہیں رکھتے ، مگر وہ جو حق کی

بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَلَئِنْ

گواہی دیں گے اور وہ جانتے ہوں گے ﴿٨٦﴾ اور اگر آپ اُن سے

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ

پوچھو کہ اُن کو کس نے پیدا کیا ہے تو وہ یہی کہیں گے کہ اللہ نے، پھر وہ کہاں

فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٨٧﴾ وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ

بھٹک جاتے ہیں ﴿٨٧﴾ اور اُس کو رسول کے اِس کہنے کی خبر ہے کہ اے میرے رب!

وقف لازم

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾

یہ ایسے لوگ ہیں کہ ایمان نہیں لاتے ﴿٨٨﴾

فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ؕ

پس اُن سے درگزر کیجیے اور کہیے کہ سلام ہے (تم کو)،

ع ٧ ٢٢ ١٣

فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾ ع

پس جلد ہی اُن کو معلوم ہوجائے گا ﴿٨٩﴾

(سورۂ دخان مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (٥٩) آیتیں اور (٣) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٦٤) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٤٤) نمبر پر ہے اور سورۂ زخرف کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (٣٤٦) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (١٤٢١) حروف ہیں

مع ١٢

حٰمٓ ﴿١﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾ اِنَّآ

حٰمٓ ﴿١﴾ قسم ہے اِس واضح کتاب کی ﴿٢﴾ ہم نے اِس کو

اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا

ایک برکت والی رات میں اُتارا ہے، بے شک ہم آگاہ

مُنْذِرِيْنَ ﴿٣﴾ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ

کرنے والے تھے ﴿٣﴾ اِس رات میں ہر حکمت والا معاملہ

حَكِيْمٍ ﴿٤﴾ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ اِنَّا

طے کیا جاتا ہے ﴿٤﴾ ہمارے حکم سے ، بے شک

كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿٥﴾ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ

ہم تھے بھیجنے والے ﴿٥﴾ آپ کے رب کی رحمت سے ،

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦﴾ رَبِّ

وہی سُننے والا، جاننے والا ہے ﴿٦﴾ آسمانوں اور زمین

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ وقف لازم

کا رب اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے، اگر تم

كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿٧﴾ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

یقین کرنے والے ہو ﴿٧﴾ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے ،

يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ

وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، تمہارا بھی رب اور تمہارے اگلے

الْاَوَّلِيْنَ ﴿٨﴾ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ

باپ دادا کا بھی رب ﴿٨﴾ بلکہ وہ شک میں پڑے ہوئے

يَّلْعَبُوْنَ ﴿٩﴾ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي

کھیل رہے ہیں ﴿٩﴾ پس انتظار کیجیے اُس دن کا جب

السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿١٠﴾ يَّغْشَى

آسمان ایک کُھلے ہوئے دھویں کے ساتھ ظاہر ہوگا ﴿١٠﴾ وہ لوگوں

النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١١﴾ رَبَّنَا

کو گھیر لے گا، یہ ایک دردناک عذاب ہے ﴿١١﴾ اے ہمارے رب!

اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ﴿١٢﴾

ہم پر سے عذاب ٹال دیجیے، ہم ایمان لاتے ہیں ﴿١٢﴾

اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ

اُن کے لیے نصیحت کہاں، اور اُن کے پاس رسول آچکا تھا

رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۙ﴿١٣﴾ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ

کھول کر سنانے والا ﴿١٣﴾ پھر اُنہوں نے اُس سے پیٹھ پھیری

وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿١٤﴾ اِنَّا

اور کہا کہ یہ تو ایک سِکھایا ہوا دیوانہ ہے ﴿١٤﴾ ہم

وقف لازم

كَاشِفُوا الۡعَذَابِ قَلِيۡلًا اِنَّكُمۡ

کچھ وقت کے لیے عذاب کو ہٹادیں ، تم پھر اپنی اُسی

وقف لازم

عَآئِدُوۡنَ ﴿۱۵﴾ يَوۡمَ نَبۡطِشُ الۡبَطۡشَةَ

حالت پر آجاؤ گے ﴿۱۵﴾ جس دن ہم پکڑیں گے

الۡكُبۡرٰى ۚ اِنَّا مُنۡتَقِمُوۡنَ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدۡ

بڑی پکڑ ، اُس دن ہم پورا بدلہ لیں گے ﴿۱۶﴾ اور اُن سے

فَتَنَّا قَبۡلَهُمۡ قَوۡمَ فِرۡعَوۡنَ وَجَآءَهُمۡ

پہلے ہم نے فرعون کی قوم کو آزمایا ، اور اُن کے پاس

رَسُوۡلٌ كَرِيۡمٌ ۙ﴿۱۷﴾ اَنۡ اَدُّوۡۤا اِلَىَّ عِبَادَ

ایک مُعزّز رسول آیا ﴿۱۷﴾ کہ اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کرو،

اللّٰهِ ؕ اِنِّىۡ لَكُمۡ رَسُوۡلٌ اَمِيۡنٌ ۙ﴿۱۸﴾ وَّاَنۡ

میں تمہارے لیے ایک معتبر رسول ہوں ﴿۱۸﴾ اور یہ کہ اللہ کے

لَّا تَعۡلُوۡا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّىۡۤ اٰتِيۡكُمۡ

مقابلے میں سرکشی نہ کرو، میں تمہارے سامنے ایک واضح دلیل

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٩﴾ وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ

پیش کرتا ہوں ﴿١٩﴾ اور میں اپنے اور تمہارے رب کی پناہ لے

وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿٢٠﴾ وَاِنْ

چکا ہوں اِس بات سے کہ تم مجھے سنگسار کرو ﴿٢٠﴾ اور اگر

لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِيْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿٢١﴾ فَدَعَا

تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو تم مجھ سے الگ رہو ﴿٢١﴾ پس موسیٰ

رَبَّهٗٓ اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿٢٢﴾

(علیہ السلام) نے اپنے رب کو پکارا کہ یہ لوگ مجرم ہیں ﴿٢٢﴾

فَاَسْرِ بِعِبَادِيْ لَيْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿٢٣﴾

تو اب تم میرے بندوں کو رات ہی رات میں لے کر چلے جاؤ، تمہارا پیچھا کیا جائے گا ﴿٢٣﴾

وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ

اور تم دریا کو تھما ہوا چھوڑ دو ، اُن کا لشکر

مُّغْرَقُوْنَ ﴿٢٤﴾ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ

ڈوبنے والا ہے ﴿٢٤﴾ اُنہوں نے کتنے ہی باغ

وَّعُيُوْنٍ ﴿٢٥﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿٢٦﴾

اور چشمے ﴿٢٥﴾ اور کھیتیاں اور عمدہ مکانات ﴿٢٦﴾

وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ﴿٢٧﴾

اور آرام کے سامان جن میں وہ خوش رہتے تھے سب چھوڑ دیے ﴿٢٧﴾

كَذٰلِكَ ۖ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿٢٨﴾

اِسی طرح ہوا، اور ہم نے دوسری قوم کو اُن کا مالک بنا دیا ﴿٢٨﴾

فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ

پس نہ اُن پر آسمان رویا اور نہ زمین ،

وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَلَقَدْ ع ١٤/٢٩

اور نہ اُن کو مہلت دی گئی ﴿٢٩﴾ اور ہم نے

نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ

بنی اسرائیل کو ذلّت والے عذاب سے

الْمُهِيْنِ ﴿٣٠﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ ۭ اِنَّهٗ كَانَ

نجات دی ﴿٣٠﴾ یعنی فرعون سے ، بے شک وہ

عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٣١﴾ وَلَقَدِ

سرکش اور حد سے نکل جانے والوں میں سے تھا ﴿٣١﴾ اور ہم نے

اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٢﴾ ج

اُن کو اپنے علم کی رو سے دنیا والوں پر ترجیح دی ﴿٣٢﴾

وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ

اور ہم نے اُن کو ایسی نشانیاں دیں جن میں

بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿٣٣﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

کُھلا ہوا انعام تھا ﴿٣٣﴾ یقیناً یہ لوگ

لَيَقُوْلُوْنَ ﴿٣٤﴾ لا اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا

کہتے ہیں ﴿٣٤﴾ بس یہی ہمارا پہلا مرنا ہے

الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿٣٥﴾ فَاْتُوْا

اور ہم پھر اُٹھائے نہیں جائیں گے ﴿٣٥﴾ اگر تم

بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٣٦﴾ اَهُمْ

سچے ہو تو لے آؤ ہمارے باپ دادا کو ﴿٣٦﴾ کیا یہ

خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِيْنَ مِنْ

بہتر ہیں یا تُبّع کی قوم اور جو اُن سے پہلے تھے، ہم نے

قَبْلِهِمْ ؕ اَهْلَكْنٰهُمْ ۫ اِنَّهُمْ كَانُوْا

اُن کو ہلاک کر دیا ہے، بے شک وہ

مُجْرِمِيْنَ ﴿٣٧﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ

نافرمان تھے ﴿٣٧﴾ اور ہم نے آسمانوں

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿٣٨﴾

اور زمین کو اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے کھیل کے طور پر نہیں بنایا ﴿٣٨﴾

مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ

اُن کو ہم نے حق کے ساتھ بنایا ہے لیکن اُن کے

اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٩﴾ اِنَّ يَوْمَ

اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿٣٩﴾ بے شک فیصلے کا دن

الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٤٠﴾ لا

اُن سب کا طے شدہ وقت ہے ﴿٤٠﴾

يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا

جس دن کوئی رشتے دار کسی رشتے دار کے کام نہیں آئے گا اور نہ

وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝٤١ لا اِلَّا مَنْ رَّحِمَ

اُن کی کچھ حمایت کی جائے گی ۝٤١ ہاں مگر وہ جس پر اللہ رحم

اللّٰهُ ط اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝٤٢ ع ٢ ١٣ ١٥

فرمائے ، بے شک وہ زبردست ہے، رحمت والا ہے ۝٤٢

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ۝٤٣ لا طَعَامُ

یقین جانو کہ زقّوم کا درخت ۝٤٣ گنہ گار کا

الْاَثِيْمِ ۝٤٤ ج كَالْمُهْلِ ج يَغْلِيْ فِي

کھانا ہوگا ۝٤٤ تیل کی تلچھٹ جیسا ، وہ پیٹ میں

الْبُطُوْنِ ۝٤٥ لا كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ۝٤٦ خُذُوْهُ

کھولے گا ۝٤٥ جس طرح گرم پانی کھولتا ہے ۝٤٦ اُس کو

فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝٤٧ لا

پکڑو اور اُس کو گھسیٹتے ہوئے جہنّم کے بیچ تک لے جاؤ ۝٤٧

ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ

پھر اُس کے سَر پر کھولتے ہوئے پانی کا عذاب

الْحَمِيْمِ ﴿٤٨﴾ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ

اُنڈیل دو ﴿٤٨﴾ چکھ اِس کو ، تو بڑا مُعَزَّز ،

الْكَرِيْمُ ﴿٤٩﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ

مُکرَّم ہے ﴿٤٩﴾ یہ وہی چیز ہے جس میں تم شک کرتے

تَمْتَرُوْنَ ﴿٥٠﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ

تھے ﴿٥٠﴾ بے شک اللہ سے ڈرنے والے امن کی

اَمِيْنٍ ﴿٥١﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٥٢﴾

جگہ میں ہوں گے ﴿٥١﴾ باغوں اور چشموں میں ﴿٥٢﴾

يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ

باریک ریشم اور دبیز ریشم کے لباس پہنے ہوئے آمنے سامنے بیٹھے

مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿٥٣﴾ كَذٰلِكَ ۗ وَزَوَّجْنٰهُمْ

ہوں گے ﴿٥٣﴾ اُن کے ساتھ یہی معاملہ ہوگا، اور ہم بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں کا

بِحُوۡرٍ عِيۡنٍ ﴿۵۴﴾ يَّدۡعُوۡنَ فِيۡهَا بِكُلِّ

اُن سے بیاہ کر دیں گے ﴿۵۴﴾ وہ اُس میں طلب کریں گے ہر قسم

فَاكِهَةٍ اٰمِنِيۡنَ ﴿۵۵﴾ لَا يَذُوۡقُوۡنَ فِيۡهَا

کے میوے نہایت اطمینان سے ﴿۵۵﴾ وہ وہاں موت کو نہ چکھیں

الۡمَوۡتَ اِلَّا الۡمَوۡتَةَ الۡاُوۡلٰى ۚ وَوَقٰىهُمۡ

گے مگر وہ موت جو پہلے آچکی ہے ، اور اللہ نے اُن کو

عَذَابَ الۡجَحِيۡمِ ﴿۵۶﴾ فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ

جہنّم کے عذاب سے بچا لیا ﴿۵۶﴾ یہ آپ کے رب کے فضل سے

ذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ﴿۵۷﴾ فَاِنَّمَا

ہوگا ، یہی ہے بڑی کامیابی ﴿۵۷﴾ پس ہم نے اِس

يَسَّرۡنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمۡ يَتَذَكَّرُوۡنَ ﴿۵۸﴾

کتاب کو آپ کی زبان میں آسان بنا دیا ہے تا کہ لوگ نصیحت حاصل کریں ﴿۵۸﴾

فَارۡتَقِبۡ اِنَّهُمۡ مُّرۡتَقِبُوۡنَ ﴿۵۹﴾ ع ۳ ۱۷ ۱۶

پس آپ بھی انتظار کیجیے، وہ بھی انتظار کر رہے ہیں ﴿۵۹﴾

(سورۂ جاثیہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (١٤) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (٣٧) آیتیں اور (٤) رکوع ہیں۔ نازل ہونے کے اعتبار سے (٦٥) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٤٥) نمبر پر ہے اور سورۂ دخان کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (٤٨٨) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٢١٩) حروف ہیں

حٰمٓ ۚ ﴿١﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ

حٰمٓ ﴿١﴾ یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے غالب ،

الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿٢﴾ اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ

حکمت والے اللہ کی طرف سے ﴿٢﴾ بے شک آسمانوں

وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ؕ ﴿٣﴾ وَفِيْ

اور زمین میں نشانیاں ہیں ایمان والوں کے لیے ﴿٣﴾ اور تمہارے بنانے

خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ

میں اور اُن حیوانات میں جو اُس نے زمین میں پھیلا رکھے ہیں نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۙ ﴿٤﴾ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ

اُن لوگوں کے لیے جو یقین رکھتے ہیں ﴿٤﴾ اور رات اور دن کے

وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ

آنے جانے میں اور اُس رزق میں جس کو اللہ نے آسمان سے اُتارا

مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ

پھر اُس سے زمین کو زندہ کر دیا اُس کے مَر جانے کے

مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ

بعد اور ہواؤں کی گردش میں بھی نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے

يَّعْقِلُوْنَ ۝٥ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا

جو عقل رکھتے ہیں ۝٥ یہ اللہ کی آیتیں ہیں جن کو ہم حق کے ساتھ

عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَ

آپ کو سُنا رہے ہیں، پھر اللہ اور اُس کی آیتوں کے بعد کون سی

اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ۝٦ وَيْلٌ لِّكُلِّ

بات ہے جس پر وہ ایمان لائیں گے ۝٦ خرابی ہے ہر اُس شخص

اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۝٧ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى

کے لیے جو جھوٹا، گنہ گار ہو ۝٧ جو اللہ کی آیتوں کو سُنتا ہے جب کہ

عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ

وہ اُس کے سامنے پڑھی جاتی ہیں پھر وہ تکبّر کے ساتھ اَڑا رہتا ہے گویا اُس نے

يَسْمَعُهَا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٨﴾

اُس کو سُنا ہی نہیں، پس آپ اُس کو ایک دردناک عذاب کی خوش خبری دے دیجیے ﴿٨﴾

وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـًٔا اتَّخَذَهَا

اور جب وہ ہماری آیتوں میں سے کسی چیز کی خبر پاتا ہے تو وہ اُس کو

هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ؕ ﴿٩﴾

مذاق بنا لیتا ہے، ایسے لوگوں کے لیے ذلّت کا عذاب ہے ﴿٩﴾

مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِىْ

اُن کے آگے جہنم ہے ، اور جو کچھ اُنہوں نے کمایا

عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا

وہ اُن کے کچھ کام آنے والا نہیں اور نہ وہ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ

جن کو اُنہوں نے اللہ کے سِوا کارساز بنایا ، اور اُن

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ؕ ﴿١٠﴾ هٰذَا هُدًى ۚ

کے لیے بڑا عذاب ہے ﴿١٠﴾ یہ ہدایت ہے ،

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ

اور جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں کا انکار کیا اُن کے لیے

عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿١١﴾ اَللّٰهُ ع ١١ ١٧

سختی کا دردناک عذاب ہے ﴿١١﴾ اللہ ہی ہے

الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ

جس نے تمہارے لیے سمندر کو مُسَخَّر کردیا ؛

الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ

تاکہ اُس کے حکم سے اُس میں کشتیاں چلیں اور تاکہ تم اُس کا

فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿١٢﴾ ج وَسَخَّرَ

فضل تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو ﴿١٢﴾ اور اُس نے

لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

آسمانوں اور زمین کی چیزوں کو تمہارے لیے مُسَخَّر کردیا

جَمِيْعًا مِّنْهُ ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

سب کو اپنی طرف سے ، بے شک اِس میں نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿١٣﴾ قُلْ لِّلَّذِيْنَ

اُن لوگوں کے لیے جو غور کرتے ہیں ﴿١٣﴾ ایمان والوں سے

اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ

کہہ دیجیے کہ اُن لوگوں سے درگزر کریں جو اللہ کے

اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا ۢ بِمَا كَانُوْا

دِنوں کی اُمید نہیں رکھتے ؛ تا کہ اللہ ایک قوم کو اُس کی کمائی کا

يَكْسِبُوْنَ ﴿١٤﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا

بدلہ دے ﴿١٤﴾ جو شخص نیک عمل کرے گا تو اُس کا فائدہ

فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ۫ ثُمَّ

اُسی کے لیے ہے، اور جس شخص نے بُرا کیا تو اُس کا وبال اُسی پر پڑے

اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿١٥﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

گا، پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿١٥﴾ اور ہم نے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ

بنی اسرائیل کو کتاب اور حکم

وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ

اور نبوت دی اور اُن کو پاکیزہ رزق عطا کیا

وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۚ ﴿١٦﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ

اور ہم نے اُن کو دنیا والوں پر فضیلت بخشی ﴿١٦﴾ اور ہم نے

بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا

اُن کو دین کے بارے میں کُھلی کُھلی دلیلیں دیں، پھر اُنہوں نے اختلاف

اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ

نہیں کیا مگر اِس کے بعد کہ اُن کے پاس علم آچکا تھا آپس کی ضد

بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ

کی وجہ سے، بے شک آپ کا رب قیامت کے دن اُن کے

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ

درمیان فیصلہ کردے گا اُن چیزوں کے بارے میں جن میں وہ

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٧﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ

باہم اختلاف کرتے تھے ﴿١٧﴾ پھر ہم نے آپ کو دین کے

مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ

ایک واضح طریقے پر قائم کیا پس آپ اُسی پر چلیے اور اُن لوگوں

الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٨﴾ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا

کی خواہشوں کی پیروی نہ کیجیے جو علم نہیں رکھتے ﴿١٨﴾ یہ لوگ اللہ

عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ

کے مقابلے میں آپ کے کچھ کام نہیں آسکتے، اور بے شک ظالم

بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ

لوگ ایک دوسرے کے ساتھی ہیں اور ڈرنے والوں کا

الْمُتَّقِيْنَ ﴿١٩﴾ هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ

ساتھی اللہ ہے ﴿١٩﴾ یہ لوگوں کے لیے بصیرت کی باتیں ہیں

وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿٢٠﴾

اور ہدایت اور رحمت اُن لوگوں کے لیے جو یقین کریں ﴿٢٠﴾

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ

کیا وہ لوگ جنھوں نے بُرائیوں کا ارتکاب کیا ہے یہ خیال کرتے ہیں کہ

اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ہم اُن کو اُن لوگوں کی مانند کر دیں گے جو ایمان لائے اور نیک

الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ؕ

عمل کیے ، اُن سب کا جینا اور مرنا یکساں ہو جائے ،

سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿٢١﴾ وَخَلَقَ اللّٰهُ ع ٢ ١٠ ١٨

بہت بُرا فیصلہ ہے جو وہ کر رہے ہیں ﴿٢١﴾ اور اللہ نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى

آسمانوں اور زمین کو حکمت کے ساتھ پیدا کیا اور تاکہ

كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ

ہر شخص کو اُس کے کیے کا بدلہ دیا جائے اور اُن پر کوئی

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٢٢﴾ اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ

ظلم نہ ہوگا ﴿٢٢﴾ کیا آپ نے اُس شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش کو اپنا

اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ

معبود بنا رکھا ہے اور اللہ نے اُس کے علم کے باوجود اُس کو گمراہی میں ڈال دیا

وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ

اور اُس کے کان اور اُس کے دل پر مہر لگادی اور اُس کی

عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ

آنکھ پر پردہ ڈال دیا، پس ایسے شخص کو کون ہدایت دے سکتا ہے

مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٣﴾

اِس کے بعد کہ اللہ نے اُس کو گمراہ کر دیا ہو، کیا تم دھیان نہیں کرتے؟ ﴿٢٣﴾

وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا

اور وہ کہتے ہیں کہ ہماری اِس دنیا کی زندگی کے سوا کوئی

نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا

اور زندگی نہیں، ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہم کو صرف

الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ

زمانے کی گردش ہلاک کرتی ہے، اور اُن کو اِس باب میں

عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿٢٤﴾

کوئی علم نہیں، وہ محض گمان کی بنا پر ایسا کہتے ہیں ﴿٢٤﴾

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ

اور جب اُن کو ہماری آیتیں کُھلی کُھلی سُنائی جاتی ہیں

مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوا

تو اُن کے پاس کوئی حجت اِس کے سِوا نہیں ہوتی

ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٥﴾

کہ ہمارے باپ دادا کو زندہ کر کے لاؤ اگر تم سچے ہو ﴿٢٥﴾

قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ

کہہ دیجیے کہ اللہ ہی تم کو زندہ کرتا ہے پھر وہ تم کو مارتا ہے

ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

پھر وہ قیامت کے دن تم کو جمع کرے گا ،

لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

اِس میں کوئی شک نہیں ؛ لیکن اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ ع وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ ع ٣ ٥ ١٩

نہیں جانتے ﴿٢٦﴾ اور اللہ ہی کی بادشاہی ہے آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ ؕ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ

اور زمین میں اور جس دن قیامت قائم ہوگی

يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿٢٧﴾

اُس دن اہلِ باطل خسارے میں پڑ جائیں گے ﴿٢٧﴾

وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ قف ؕ كُلُّ

اور آپ دیکھو گے کہ ہر گروہ گھٹنوں کے بل گر پڑے گا، ہر گروہ

اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ

اپنے نامۂ اعمال کی طرف بُلایا جائے گا ، آج تم

تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٨﴾

کو اُس عمل کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کر رہے تھے ﴿٢٨﴾

هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا

یہ ہمارا دفتر ہے جو تمہارے اوپر ٹھیک ٹھیک گواہی دے رہا ہے،

كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٩﴾

یقیناً ہم لکھواتے جا رہے تھے جو کچھ تم کرتے تھے ﴿٢٩﴾

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

پس جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے اچھے کام کیے

فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ

تو اُن کا رب اُن کو اپنی رحمت میں داخل کرے گا ،

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿٣٠﴾ وَاَمَّا

یہی کُھلی کامیابی ہے ﴿٣٠﴾ اور جنہوں نے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۫ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ

انکار کیا ، کیا تم کو میری آیتیں پڑھ کر نہیں

تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ

سُنائی جاتی تھیں ، پس تم نے تکبّر کیا اور تم

قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿٣١﴾ وَاِذَا قِيْلَ

مجرم لوگ تھے ﴿٣١﴾ اور جب کہا جاتا تھا

اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ

کہ اللہ کا وعدہ حق ہے اور قیامت میں

لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ

کوئی شک نہیں تو تم کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے کہ

مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا

قیامت کیا ہے، ہم تو بس ایک گمان سا رکھتے ہیں اور ہم

نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿٣٢﴾ وَبَدَا لَهُمْ

اُس پر یقین کرنے والے نہیں ﴿٣٢﴾ اور اُن پر اُن کے اعمال کی

سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا

بُرائیاں کُھل جائیں گی اور وہ چیز اُن کو گھیر لے گی جس کا

بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَقِيْلَ الْيَوْمَ

وہ مذاق اُڑاتے تھے ﴿٣٣﴾ اور کہا جائے گا کہ آج ہم

نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ

تم کو بُھلا دیں گے جس طرح تم نے اپنے اِس دن کے آنے کو

هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ

بُھلائے رکھا، اور تمہارا ٹھکانہ آگ ہے اور کوئی تمہارا

نّٰصِرِيْنَ ﴿٣٤﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ

مددگار نہیں ﴿٣٤﴾ یہ اِس وجہ سے کہ تم نے اللہ کی

اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ

آیتوں کا مذاق اُڑایا اور دنیا کی زندگی نے تم کو دھوکے

الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا

میں رکھا، پس آج نہ وہ اُس سے نکالے جائیں گے

وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٣٥﴾ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

اور نہ اُن کا عذر قبول کیا جائے گا ﴿٣٥﴾ پس ساری تعریف اللہ کے

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ

لیے ہے جو رب ہے آسمانوں کا اور رب ہے زمین کا، رب ہے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٦﴾ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ

تمام عالم کا ﴿٣٦﴾ اور اُسی کے لیے بڑائی ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٣٧﴾ ع ٤ ١١ ٢٠

اور زمین میں اور وہ زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿٣٧﴾

(سورۂ احقاف مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۱۰، ۱۵ اور ۳۵) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۳۵) آیتیں اور (۴) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۶۶) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۴۶) نمبر پر ہے اور سورۂ جاثیہ کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۶۴۴) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۲۵۹۵) حروف ہیں

حٰمٓ ۚ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ

حٰمٓ ﴿۱﴾ یہ کتاب زبردست ، حکمت والے

الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ مَا خَلَقْنَا

اللہ کی طرف سے اُتاری گئی ہے ﴿۲﴾ ہم نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ

آسمانوں اور زمین کو اور اُن کے درمیان کی چیزوں کو نہیں پیدا

اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَالَّذِيْنَ

کیا مگر حق کے ساتھ اور معیّن مدت کے لیے، اور جو لوگ منکر ہیں

كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ﴿۳﴾

وہ اُس سے بے رُخی کرتے ہیں جس سے اُن کو ڈرایا گیا ہے ﴿۳﴾

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ

کہہ دیجیے کہ تم نے غور بھی کیا ہے اُن چیزوں پر جن کو تم

دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِیْ مَاذَا خَلَقُوْا

اللہ کے سوا پکارتے ہو ، مجھے دِکھاؤ کہ اُنہوں نے

مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ

زمین میں کیا بنایا ہے یا اُن کی آسمان میں کچھ

فِی السَّمٰوٰتِ ؕ اِیْتُوْنِیْ بِكِتٰبٍ مِّنْ

حصہ داری ہے؟ میرے پاس اُس سے پہلے کی کوئی کتاب

قَبْلِ هٰذَاۤ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ

لے آؤ یا کوئی علم جو چلا آتا ہو ،

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۴﴾ وَمَنْ

اگر تم سچے ہو ﴿۴﴾ اور اُس شخص سے

اَضَلُّ مِمَّنْ یَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

زیادہ گمراہ کون ہوگا جو اللہ کو چھوڑ کر

مَنْ لَّا یَسْتَجِیْبُ لَهٗۤ اِلٰی یَوْمِ

اُن کو پکارے جو قیامت تک اُس کا جواب

الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝۵

نہیں دے سکتے، اور اُن کو اُن کے پکارنے کی بھی خبر نہیں ۝۵

وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً

اور جب لوگ اکٹھا کیے جائیں گے تو وہ اُن کے دشمن ہوں گے

وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝۶ وَاِذَا

اور اُن کی عبادت کے منکر بن جائیں گے ۝۶ اور جب ہماری

تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ

کھلی کھلی آیتیں اُن کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو منکر لوگ اِس حق

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ

کے بارے میں جب کہ وہ اُن کے پاس پہونچا ہے، کہتے ہیں کہ

هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷ ؕ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

یہ کھلا ہوا جادو ہے ۝۷ کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اُس نے اِس کو اپنی

افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ

طرف سے بنالیا ہے، کہہ دیجیے کہ اگر میں نے اِس کو اپنی طرف سے بنالیا ہے

فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ

تو تم لوگ مجھ کو ذرا بھی اللہ سے بچا نہیں سکتے ،

هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ كَفٰى بِهٖ

جو باتیں تم بناتے ہو اللہ اُن کو خوب جانتا ہے، وہ میرے اور

شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ

تمہارے درمیان گواہی کے لیے کافی ہے، اور وہ بخشنے والا ،

الرَّحِيْمُ ۝۸ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا

رحمت والا ہے ۝۸ کہہ دیجیے کہ میں کوئی انوکھا رسول نہیں ہوں اور

مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ

میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور تمہارے ساتھ کیا،

وَلَا بِكُمْ ؕ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰۤى اِلَيَّ

میں تو صرف اُسی کا اتباع کرتا ہوں جو میری طرف وحی کے ذریعے آتا

وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۹ قُلْ

ہے اور میں تو صرف ایک کُھلا ہوا آگاہ کرنے والا ہوں ۝۹ کہہ دیجیے کہ

اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ
کیا تم نے کبھی سوچا کہ اگر یہ قرآن اللہ کی جانب سے ہو

وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ
اور تم نے اُس کو نہیں مانا، اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ نے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ
اُس جیسی کتاب پر گواہی دی ہے ، پس وہ ایمان لایا

وَاسْتَكْبَرْتُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى
اور تم نے تکبّر کیا ، بے شک اللہ ظالموں کو

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ ع ۱۰ ۱
ہدایت نہیں دیتا ﴿۱۰﴾ اور انکار کرنے والے ایمان لانے والوں

كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا
کے بارے میں کہتے ہیں کہ اگر یہ کوئی اچھی چیز ہوتی تو وہ اُس پر

مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ؕ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا
ہم سے پہلے نہ دوڑتے ، اور چونکہ اُنہوں نے اُس سے ہدایت نہیں پائی

بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ﴿۱۱﴾

تو اب وہ کہیں گے کہ یہ تو پرانا جھوٹ ہے ﴿۱۱﴾

وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا

اور اِس سے پہلے موسیٰ (علیہ السلام) کی کتاب تھی رہنما

وَّرَحْمَةً ؕ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا

اور رحمت ، اور یہ ایک کتاب ہے جو اُس کو سچا کرتی ہے

عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ صلے ق

عربی زبان میں تا کہ اُن لوگوں کو ڈرائے جنہوں نے ظلم کیا ،

وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا

اور وہ خوش خبری ہے نیک لوگوں کے لیے ﴿۱۲﴾ بے شک جن

رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ

لوگوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر وہ اُس پر جمے رہے تو اُن

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ ج

لوگوں پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿۱۳﴾

أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِينَ

یہی لوگ جنّت والے ہیں جو اُس میں ہمیشہ

فِيهَا ۚ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٤﴾

رہیں گے اُن اعمال کے بدلے جو وہ دنیا میں کرتے تھے ﴿۱۴﴾

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا ۖ

اور ہم نے انسان کو حکم دیا کہ وہ اپنے ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرے،

حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۖ

اُس کی ماں نے تکلیف کے ساتھ اُس کو پیٹ میں رکھا اور تکلیف کے ساتھ

وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا ۖ

اُس کو جنا، اور اُس کا حمل میں رہنا اور دودھ چھڑانا تیس مہینوں میں ہوا،

حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغَ أَرْبَعِينَ

یہاں تک کہ جب وہ اپنی پختگی کو پہونچا اور چالیس برس کو پہونچ گیا تو وہ

سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ

کہنے لگا کہ اے میرے رب! مجھے توفیق دیجیے کہ میں آپ کے احسان کا

نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى

شکر کروں جو آپ نے مجھ پر کیا اور میرے ماں باپ پر کیا

وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ

اور یہ کہ میں وہ نیک عمل کروں جس سے آپ راضی ہوں ،

وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ

اور میری اولاد میں بھی مجھ کو نیک اولاد دے ، میں نے آپ کی

اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾

طرف رجوع کیا اور میں فرماں برداروں میں سے ہوں ﴿۱۵﴾

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ

یہ لوگ ہیں جن کے اچھے اعمال کو

اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ

ہم قبول کریں گے اور اُن کی بُرائیوں سے

سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۭ وَعْدَ

ہم درگزر کریں گے ، وہ اہلِ جنّت میں سے ہوں گے ، سچا

الصِّدْقِ الَّذِیْ كَانُوْا یُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾

وعدہ جو اُن سے کیا جاتا ہے ﴿۱۶﴾

وَالَّذِیْ قَالَ لِوَالِدَیْهِ اُفٍّ لَّكُمَاۤ

اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا کہ میں بیزار ہوں تم سے،

اَتَعِدٰنِنِیْۤ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ

کیا تم مجھ کو خوف دلاتے ہو کہ میں قبر سے نکالا جاؤں گا؛

الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِیْ ۚ وَهُمَا یَسْتَغِیْثٰنِ

حالانکہ مجھ سے پہلے بہت سی قومیں گزر چکی ہیں، اور وہ دونوں

اللّٰهَ وَیْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

اللہ سے فریاد کرتے ہیں کہ تیری خرابی ہو! تو ایمان لا، بے شک

حَقٌّ ۚ فَیَقُوْلُ مَا هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِیْرُ

اللہ کا وعدہ سچا ہے، پس وہ کہتا ہے کہ یہ سب اگلوں کی

الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۷﴾ اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ حَقَّ

کہانیاں ہیں ﴿۱۷﴾ یہ وہ لوگ ہیں جن پر

عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ

اللہ کا قول پورا ہوا اُن گروہوں کے ساتھ

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ؕ

جو اُن سے پہلے گزرے جنّات اور انسانوں میں سے ،

اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَلِكُلٍّ

بے شک وہ خسارے میں رہے ﴿۱۸﴾ اور ہر ایک کے لیے

دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ

اُن کے اعمال کے اعتبار سے درجے ہوں گے ، اور تا کہ اللہ

اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾

سب کو اُن کے اعمال پورے کر دے اور اُن پر ظلم نہ ہوگا ﴿۱۹﴾

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى

اور جس دن انکار کرنے والے آگ کے سامنے لائے

النَّارِ ؕ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ

جائیں گے ، تم اپنی اچھی چیزیں اپنی دنیا کی زندگی میں لے چکے

الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ

اور اُن سے لطف اُٹھا چکے تو آج تم کو

تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ

ذلت کی سزا دی جائے گی اِس وجہ سے کہ

تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ

تم دنیا میں ناحق تکبّر کیا کرتے تھے

وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿۲۰﴾ ع وَاذْكُرْ ع ۲ ۱۰ ۲

اور اِس وجہ سے کہ تم نافرمانی کرتے تھے ﴿۲۰﴾ اور عاد کے

اَخَا عَادٍ ؕ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ

بھائی (ہود علیہ السلام) کو یاد کرو، جب کہ اُس نے اپنی قوم کو احقاف

وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ

میں ڈرایا، اور ڈرانے والے اُس سے پہلے بھی گزر چکے تھے

وَمِنْ خَلْفِهٖۤ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ

اور اُس کے بعد بھی آئے، کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو،

اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ

میں تم پر ایک ہولناک دن کے عذاب سے

عَظِیْمٍ ﴿۲۱﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا

ڈرتا ہوں ﴿۲۱﴾ اُنہوں نے کہا کہ کیا تم ہمارے پاس اِس لیے

عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ

آئے ہو کہ ہم کو ہمارے معبودوں سے پھیر دو، پس اگر تم سچے ہو

اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۲﴾ قَالَ

تو وہ چیز ہم پر لاؤ جس کا تم ہم سے وعدہ کرتے ہو ﴿۲۲﴾ اُس نے کہا کہ

اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ز وَاُبَلِّغُكُمْ

اُس کا علم تو اللہ کو ہے، اور میں تو تم کو وہ پیغام پہونچا رہا ہوں جس کے

مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّیْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا

ساتھ مجھے بھیجا گیا ہے، لیکن میں تم کو دیکھتا ہوں کہ تم لوگ نادانی کی

تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا

باتیں کرتے ہو ﴿۲۳﴾ پس جب اُنہوں نے اُس کو بادل کی شکل میں

مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا

اپنی وادیوں کی طرف آتے ہوئے دیکھا تو اُنہوں نے کہا کہ یہ

عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ؕ بَلْ هُوَ مَا

تو بادل ہے جو ہم پر برسے گا، نہیں بلکہ یہ وہ چیز ہے جس کی

اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ؕ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ

تم جلدی کر رہے تھے، ایک آندھی ہے جس میں دردناک

اَلِيْمٌ ۙ﴿۲۴﴾ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۭ بِاَمْرِ

عذاب ہے ﴿۲۴﴾ وہ ہر چیز کو اپنے رب کے حکم سے اکھاڑ پھینکے گی،

رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ؕ

پس وہ ایسے ہو گئے کہ اُن کے گھروں کے سوا وہاں کچھ نظر نہ آتا تھا،

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾

مُجرموں کو ہم اِسی طرح سزا دیتے ہیں ﴿۲۵﴾

وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ

اور ہم نے اُن لوگوں کو اُن باتوں میں قدرت دی تھی کہ تم کو اُن باتوں میں

فِيْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا

قدرت نہیں دی اور ہم نے اُن کو کان اور آنکھ

وَّاَفْـِٕدَةً ۚ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ

اور دل دیے ، مگر وہ کان اُن کے کچھ کام نہ آئے

وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ

اور نہ آنکھیں اور نہ دل ، کیونکہ وہ

شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ بِاٰيٰتِ

اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے

اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

اور اُن کو اُس چیز نے گھیر لیا جس کا وہ

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا ع ۳ ۲ ۳

مذاق اُڑاتے تھے ﴿۲۶﴾ اور ہم نے تمہارے

مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا

آس پاس کی بستیاں بھی تباہ کردیں اور ہم نے بار بار

الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾

اپنی نشانیاں بتائیں تاکہ وہ باز آئیں ﴿۲۷﴾

فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

پس کیوں نہ اُن کی مدد کی اُنہوں نے جن کو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ

اُنہوں نے اللہ کے تقرّب کے لیے معبود بنا رکھا تھا ،

بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ

بلکہ وہ سب اُن سے کھوئے گئے اور یہ اُن کا جھوٹ تھا

وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَاِذْ صَرَفْنَآ

اور اُن کی گھڑی ہوئی باتیں تھیں ﴿۲۸﴾ اور جب ہم

اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ

جنّات کے ایک گروہ کو تمہاری طرف لے آئے ، وہ قرآن

الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا

سننے لگے، پس جب وہ اُس کے پاس آئے تو کہنے لگے کہ

اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى

چپ رہو، پھر جب قرآن پڑھا جا چکا تو وہ لوگ ڈرانے والے

قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ

بن کر اپنی قوم کی طرف واپس گئے ﴿۲۹﴾ اُنہوں نے کہا کہ اے ہماری قوم!

اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ

ہم نے ایک کتاب سُنی ہے جو موسیٰ (علیہ السلام) کے بعد اُتاری گئی

مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

ہے، اُن پیشین گوئیوں کی تصدیق کرتی ہوئی جو اُس کے پہلے

يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ

سے موجود ہیں، وہ حق کی طرف اور ایک سیدھے راستے کی طرف

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۰﴾ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا

رہنمائی کرتی ہے ﴿۳۰﴾ اے ہماری قوم! اللہ کی طرف بُلانے والے کی

دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ

دعوت قبول کرلو اور اُس پر ایمان لے آؤ، اللہ تمہارے گناہوں کو

مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ

معاف کر دے گا اور تم کو دردناک عذاب سے

اَلِيْمٍ ﴿۳۱﴾ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ

بچائے گا ﴿۳۱﴾ اور جو شخص اللہ کے داعی کی دعوت پر لبّیک

فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ

نہیں کہے گا تو وہ زمین میں ہرا نہیں سکتا، اور اللہ کے سوا

مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ

اُس کا کوئی مددگار نہ ہوگا ، ایسے لوگ کُھلی ہوئی گمراہی

مُّبِيْنٍ ﴿۳۲﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ

میں ہیں ﴿۳۲﴾ کیا اُن لوگوں نے نہیں دیکھا کہ جس اللہ نے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ

آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور وہ اُن کے پیدا کرنے سے نہیں

بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ؕ

تھکا ، اِس پر قدرت رکھتا ہے کہ وہ مُردوں کو زندہ کر دے ،

بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۳﴾

ہاں وہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿۳۳﴾

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى

اور جس دن یہ انکار کرنے والے آگ کے سامنے لائے

النَّارِ ؕ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا

جائیں گے ، کیا یہ حقیقت نہیں ہے ؟ وہ کہیں گے کہ

بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ

ہاں ہمارے رب کی قسم ! ارشاد ہوگا : پھر چکھو عذاب

بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۴﴾ فَاصْبِرْ

اُس انکار کے بدلے جو تم کر رہے تھے ﴿۳۴﴾ پس آپ صبر کیجیے

كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ

جس طرح ہمّت والے پیغمبروں نے صبر کیا ،

وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ؕ كَاَنَّهُمْ

اور اُن کے لیے جلدی نہ کیجیے، جس دن

يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ

یہ لوگ اُس چیز کو دیکھیں گے جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہے

لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ

تو گویا کہ وہ دن کی ایک گھڑی سے زیادہ نہ رہے ،

بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ

یہ پہونچا دینا ہے ، پس وہی لوگ برباد ہوں گے

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ ع ۴ ۹ ۴

جو نافرمانی کرنے والے ہیں ﴿۳۵﴾

سورۂ محمد مدینہ منورہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۱۳) راستے میں ہجرت کے وقت نازل ہوئی، اس میں (۳۸) آیتیں اور (۴) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۹۵) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۴۷) نمبر پر ہے، اور سورۂ حدید کے بعد نازل ہوئی ہے۔

| اس میں (۵۵۸) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | اس میں (۲۴۷۵) حروف ہیں |
|---|---|---|

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ

جن لوگوں نے انکار کیا اور اللہ کے راستے سے روکا ،

اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اللہ نے اُن کے اعمال کو رائیگاں کر دیا ﴿۱﴾ اور جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ

اور اُنہوں نے نیک عمل کیے اور اُس چیز کو مانا جو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ

پر اُتاری گئی ہے اور وہ حق ہے اُن کے رب کی طرف سے،

كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ

اللہ نے اُن کی برائیاں اُن سے دور کردیں اور اُن کا حال

بَالَهُمْ ۲ ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا

درست کردیا ۲ یہ اِس لیے کہ جن لوگوں نے انکار کیا

اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

اُنہوں نے باطل کی پیروی کی اور جو لوگ ایمان لائے

اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَذٰلِكَ

اُنہوں نے حق کی پیروی کی جو اُن کے رب کی طرف سے ہے، اِس

يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۳

طرح اللہ لوگوں کے لیے اُن کی مثالیں بیان کرتا ہے ۳

فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ

پس جب منکروں سے تمہارا مقابلہ ہو تو اُن کی

الرِّقَابِ ط حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ

گردنیں مارو ، یہاں تک کہ جب خوب قتل کر چکو تو

فَشُدُّوا الْوَثَاقَ لا فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ

اُن کو مضبوط باندھ لو ، پھر اُس کے بعد

وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ

یا تو احسان کر کے چھوڑنا ہے یا معاوضہ لے کر، یہاں تک کہ

اَوْزَارَهَا ۚۛ ذٰلِكَ ط وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ ع ۱۳

جنگ اپنے ہتھیار رکھ دے ، یہ ہے کام ، اور اگر اللہ چاہتا تو

لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ لا وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۟

وہ اُن سے بدلہ لے لیتا ، مگر تاکہ وہ تم لوگوں کو ایک

بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ط وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا

دوسرے سے آزمائے ، اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ

جائیں گے اللہ اُن کے اعمال کو ہرگز ضائع نہیں

اَعْمَالَهُمْ ﴿۴﴾ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ

کرے گا ﴿۴﴾ وہ اُن کی رہنمائی فرمائے گا اور اُن کا حال درست

بَالَهُمْ ﴿۵﴾ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ

کردے گا ﴿۵﴾ اور اُن کو جنّت میں داخل کرے گا جس کی

عَرَّفَهَا لَهُمْ ﴿۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اُنہیں پہچان کرا دی ہے ﴿۶﴾ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ

اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا

وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ﴿۷﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اور تمہارے قدموں کو جما دے گا ﴿۷﴾ اور جن لوگوں نے انکار کیا

فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۸﴾

اُن کے لیے تباہی ہے اور اللہ اُن کے اعمال کو ضائع کردے گا ﴿۸﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

یہ اِس سبب سے کہ اُنہوں نے اُس چیز کو ناپسند کیا جو اللہ نے اُتاری ہے،

فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝۹ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا

پس اللہ نے اُن کے اعمال کو برباد کر دیا ۝۹ کیا یہ لوگ ملک

فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ

میں چلے پھرے نہیں کہ وہ اُن لوگوں کا انجام دیکھتے

عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ دَمَّرَ

جو اُن سے پہلے گزر چکے ہیں ، اللہ نے اُن کو اُکھاڑ

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۫ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ۝۱۰

پھینکا اور منکروں کے سامنے اُنہیں کی مثالیں آنی ہیں ۝۱۰

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

یہ اِس وجہ سے کہ اللہ ایمان والوں کا کارساز ہے ،

وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ۝۱۱ ع ۱۱ ۵

اور منکروں کا کوئی کارساز نہیں ۝۱۱

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

بے شک اللہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک

الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

عمل کیے ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ

نہریں بہتی ہوں گی ، اور جن لوگوں نے انکار کیا وہ فائدہ اُٹھا

وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ

رہے ہیں اور کھا رہے ہیں جیسے کہ چوپائے کھائیں ، اور آگ

مَثْوًى لَّهُمْ ﴿۱۲﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ

اُن لوگوں کا ٹھکانہ ہے ﴿۱۲﴾ اور کتنی ہی بستیاں ہیں

هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ

جو قوت میں آپ کی اُس بستی سے زیادہ تھیں جس نے آپ کو

اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ

نکالا ہے ، ہم نے اُن کو ہلاک کر دیا پس کوئی اُن کا مددگار

لَهُمْ ﴿۱۳﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ

نہ ہوا ﴿۱۳﴾ کیا وہ جو اپنے رب کی طرف سے ایک واضح دلیل پر ہے وہ

كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا

اُس طرح ہو جائے گا جس کی بدعملی اُس کے لیے خوش نما بنا دی گئی ہے

اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ

اور وہ اپنی خواہشات پر چل رہے ہیں ﴿۱۴﴾ جنت کی مثال جس کا وعدہ

وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ

ڈرنے والوں سے کیا گیا ہے، اُس کی کیفیت یہ ہے کہ اُس میں

مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ

نہریں ہیں ایسے پانی کی جس میں تغیر نہ ہوگا اور نہریں ہوں گی دودھ

لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ

کی جس کا مزہ نہیں بدلا ہوگا، اور نہریں ہوں گی

خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ۬ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ

شراب کی جو پینے والوں کے لیے لذیذ ہوگی، اور نہریں ہوں گی

عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ

شہد کی جو بالکل صاف ہوگا ، اور اُن کے لیے وہاں

كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ

ہر قسم کے پھل ہوں گے، اور اُن کے رب کی طرف سے بخشش ہوگی،

كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوْا

کیا یہ لوگ اُن جیسے ہو سکتے ہیں جو ہمیشہ آگ میں رہیں گے اور اُن کو کھولتا ہوا پانی

مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾

پینے کے لیے دیا جائے گا، پس وہ اُن کی آنتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا ﴿۱۵﴾

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى

اور اُن میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو آپ کی طرف کان لگاتے ہیں، یہاں

اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا

تک کہ جب وہ آپ کے پاس سے باہر جاتے ہیں تو

لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ

علم والوں سے پوچھتے ہیں کہ اُنہوں نے ابھی کیا

اٰنِفًا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ

کہا ، یہی لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ نے

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾

مہر لگا دی ہے اور وہ اپنی خواہشوں پر چلتے ہیں ﴿۱۶﴾

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى

اور جن لوگوں نے ہدایت کی راہ اختیار کی تو اللہ اُن کو اور زیادہ ہدایت دیتا

وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ

ہے اور اُن کو اُن کی پرہیزگاری عطا کرتا ہے ﴿۱۷﴾ یہ لوگ تو بس اِس کے منتظر

اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ

ہیں کہ قیامت اُن پر اچانک آجائے تو اُس کی علامتیں ظاہر ہو چکی ہیں ،

فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ

پس جب وہ آ جائے گی تو اُن کے لیے نصیحت

اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ

حاصل کرنے کا موقع کہاں رہے گا ؟ ﴿۱۸﴾ پس جان لیجیے کہ

اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور معافی مانگیں اپنے

لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ

قصور کے لیے اور مؤمن مَردوں اور مؤمن عورتوں کے لیے،

ع ٢ ٨ ٦ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿١٩﴾ ع

اور اللہ جانتا ہے تمہارے چلنے پھرنے کو اور تمہارے ٹھکانوں کو ﴿١٩﴾

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ

اور جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ کہتے ہیں کہ کوئی سورت کیوں

سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ

نہیں اُتاری جاتی، پس جب ایک واضح سورت اُتار دی گئی

وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ

اور اُس میں جنگ کا بھی ذکر تھا تو آپ نے دیکھا کہ

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ

جن کے دلوں میں بیماری ہے وہ آپ کی طرف

نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ط

اِس طرح دیکھ رہے ہیں جیسے کسی پر موت چھا گئی ہے ،

فَاَوْلٰى لَهُمْ ﴿۲۰﴾ ج طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ

پس خرابی ہے اُن کی ﴿۲۰﴾ حکم ماننا ہے اور بھلی

مَّعْرُوْفٌ ق فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ق فَلَوْ

بات کہنا ہے، پس جب معاملے کا قطعی فیصلہ ہو جائے تو اگر

صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿۲۱﴾ ج

وہ اللہ سے سچے رہتے تو اُن کے لیے بہت بہتر ہوتا ﴿۲۱﴾

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ

پس اگر تم پھر گئے تو اِس کے سوا تم سے کچھ توقع نہیں کہ

تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا

تم زمین میں فساد کرو اور آپس کے رشتوں کو

اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ

قطع کرو ﴿۲۲﴾ یہی لوگ ہیں جن کو اللہ نے اپنی رحمت سے

اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾

دور کیا، پس اُن کو بہرا کر دیا اور اُن کی آنکھوں کو اندھا کر دیا ﴿۲۳﴾

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى

کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے یا دلوں پر

قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اُن کے تالے لگے ہوئے ہیں ﴿۲۴﴾ بے شک جو لوگ

ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ

پیٹھ پھیر کر ہٹ گئے بعد اِس کے کہ

مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ

ہدایت اُن پر واضح ہو گئی ، شیطان نے اُن کو

سَوَّلَ لَهُمْ ؕ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾ ذٰلِكَ

فریب دیا اور اللہ نے اُن کو ڈھیل دے دی ﴿۲۵﴾ یہ اِس سبب سے

بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ

ہوا کہ اُنہوں نے اُن لوگوں سے جو کہ اللہ کی اُتاری ہوئی چیز کو ناپسند کرتے ہیں،

اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ

کہا کہ بعض باتوں میں ہم تمہارا کہنا مان لیں گے ،

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿٢٦﴾ فَكَيْفَ

اور اللہ اُن کی راز داری کو جانتا ہے ﴿٢٦﴾ پس اُس وقت کیا ہوگا

اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ

جب کہ فرشتے اُن کی روحیں قبض کرتے ہوں گے، اُن کے منہ

وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿٢٧﴾ ذٰلِكَ

اور اُن کی پیٹھوں پر مارتے ہوئے ﴿٢٧﴾ یہ اِس سبب سے کہ

بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ

اُنہوں نے اُس چیز کی پیروی کی جو اللہ کو غصہ دلانے والی تھی اور اُنہوں نے

وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿٢٨﴾ ع ٣ ٩ ٧

اُس کی رضا کو ناپسند کیا، پس اللہ نے اُن کے اعمال ضائع کر دیے ﴿٢٨﴾

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

جن لوگوں کے دلوں میں بیماری ہے کیا وہ خیال

مَّرَضٌ اَنۡ لَّنۡ يُّخۡرِجَ اللّٰهُ

کرتے ہیں کہ اللہ اُن کے کینے کو کبھی ظاہر نہیں

اَضۡغَانَهُمۡ ﴿۲۹﴾ وَلَوۡ نَشَآءُ لَاَرَيۡنٰكَهُمۡ

کرے گا ﴿۲۹﴾ اور اگر ہم چاہتے تو ہم اُن کو تمہیں

فَلَعَرَفۡتَهُمۡ بِسِيۡمٰهُمۡ ؕ وَلَتَعۡرِفَنَّهُمۡ

دکھا دیتے، پس آپ اُن کی علامتوں سے اُن کو پہچان لیتے،

فِىۡ لَحۡنِ الۡقَوۡلِ ؕ وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ

اور آپ اُن کے اندازِ کلام سے ضرور اُن کو پہچان لو گے، اور اللہ تمہارے

اَعۡمَالَكُمۡ ﴿۳۰﴾ وَلَنَبۡلُوَنَّكُمۡ حَتّٰى نَعۡلَمَ

اعمال کو جانتا ہے ﴿۳۰﴾ اور ہم ضرور تم کو آزمائیں گے تا کہ ہم اُن لوگوں کو جان

الۡمُجٰهِدِيۡنَ مِنۡكُمۡ وَالصّٰبِرِيۡنَ ۙ

لیں جو تم میں جہاد کرنے والے ہیں اور ثابت قدم رہنے والے ہیں،

وَنَبۡلُوَا۟ اَخۡبَارَكُمۡ ﴿۳۱﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا

اور ہم تمہارے حالات کی جانچ کریں گے ﴿۳۱﴾ بے شک جن لوگوں نے انکار کیا

وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا

اور اللہ کے راستے سے روکا اور رسول کی

الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ

مخالفت کی جب کہ ہدایت اُن پر واضح

الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ

ہو چکی تھی ، وہ اللہ کو کچھ نقصان نہ پہونچا سکیں گے ،

وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾ يٰٓاَيُّهَا

اور اللہ اُن کے اعمال کو ڈھا دے گا ﴿۳۲﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا

ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور

الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾

رسول کی اطاعت کرو اور اپنی اعمال کو برباد نہ کرو ﴿۳۳﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ

بے شک جن لوگوں نے انکار کیا اور اللہ کے راستے سے

سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ

روکا پھر وہ منکر ہی مَر گئے ،

فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿۳۴﴾ فَلَا تَهِنُوْا

اللہ اُن کو کبھی نہ بخشے گا ﴿۳۴﴾ پس تم

وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ ۖ وَاَنْتُمُ

ہمت نہ ہارو اور صلح کی درخواست نہ کرو ، اور تم ہی

الْاَعْلَوْنَ ۖ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ

غالب رہو گے، اور اللہ تمہارے ساتھ ہے، اور وہ ہرگز تمہارے

اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۵﴾ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

اعمال میں کمی نہ کرے گا ﴿۳۵﴾ دنیا کی زندگی تو محض ایک

لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا

کھیل تماشا ہے ، اور اگر تم ایمان لاؤ اور تقویٰ اختیار کرو

يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ

تو اللہ تم کو تمہارے اجر عطا کرے گا اور وہ تمہارے مال تم سے

اَمْوَالَكُمْ ﴿۳۶﴾ اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ

نہ مانگے گا ﴿۳۶﴾ اگر وہ تم سے تمہارے مال طلب کرے پھر آخر تک طلب کرتا

تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ﴿۳۷﴾ هٰٓاَنْتُمْ

رہے تو تم بخل کرنے لگو، اور اللہ تمہارے کینے کو ظاہر کر دے ﴿۳۷﴾ ہاں تم وہ

هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ

لوگ ہو کہ تم کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لیے بُلایا جاتا ہے،

اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ

پس تم میں سے کچھ لوگ ہیں جو بخل کرتے ہیں ، اور جو

يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ

شخص بخل کرتا ہے تو وہ اپنے ہی سے بخل کرتا ہے ،

وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَاِنْ

اور اللہ بے نیاز ہے جب کہ تم محتاج ہو، اور اگر تم

تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ

پھر جاؤ تو اللہ تمہاری جگہ دوسری قوم لے آئے گا

ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ﴿۳۸﴾ ع ۴ ۱۰ ۸

پھر وہ تم جیسے نہ ہوں گے ﴿۳۸﴾

سورۂ فتح مدنی ہے، حدیبیہ سے واپسی کے وقت راستے میں نازل ہوئی، اس میں (۲۹) آیتیں اور (۴) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۱۱) نمبر پر ہے، لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۴۸) نمبر پر ہے اور سورۂ جمعہ کے بعد نازل ہوئی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| اس میں (۵۶۸) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۲۵۵۹) حروف ہیں |

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ﴿۱﴾ لا

بے شک ہم نے آپ کو کھلی فتح دے دی ﴿۱﴾

لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ

تاکہ اللہ آپ کی اگلی اور پچھلی خطائیں معاف کردے

وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ

اور آپ کے اوپر اپنی نعمت کی تکمیل کردے،

وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲﴾ لا

اور آپ کو سیدھا راستہ دکھائے ﴿۲﴾

وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴿۳﴾ هُوَ

اور آپ کو زبردست مدد عطا کرے ﴿۳﴾ وہی ہے

الَّذِیْٓ اَنْزَلَ السَّكِیْنَةَ فِیْ قُلُوْبِ

جس نے مؤمنوں کے دلوں میں اطمینان

الْمُؤْمِنِیْنَ لِیَزْدَادُوْٓا اِیْمَانًا مَّعَ

اُتارا ؛ تاکہ اُن کے ایمان کے ساتھ اُن کا ایمان

اِیْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ

اور بڑھ جائے، اور آسمانوں اور زمین کی فوجیں اللہ ہی

وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ۙ﴿۴﴾

کی ہیں ، اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے ﴿۴﴾

لِّیُدْخِلَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

تاکہ اللہ مؤمن مَردوں اور مؤمن عورتوں کو

جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

ایسے باغوں میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی

خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَیُكَفِّرَ عَنْهُمْ

وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے، اور تاکہ اُن کی بُرائیاں اُن سے

سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ

دور کردے ، اور یہ اللہ کے نزدیک

فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ﴿۵﴾ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ

بڑی کامیابی ہے ﴿۵﴾ اور تاکہ اللہ منافق مَردوں

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ

اور منافق عورتوں کو اور مشرک مَردوں اور مشرک عورتوں کو

الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ

عذاب دے جو اللہ کے ساتھ بُرے گمان رکھتے ہیں، بُرائی کی

دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

گردش اُن ہی پر ہے، اور اُن پر اللہ کا غضب ہوا اور اُن پر

وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ

اُس نے لعنت کی اور اُن کے لیے اُس نے جہنم تیار کر رکھی ہے،

وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۶﴾ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ

اور وہ بہت بُرا ٹھکانہ ہے ﴿۶﴾ اور آسمانوں اور زمین

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

کی فوجیں اللہ ہی کی ہیں ، اور اللہ

عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۷ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ

زبردست ہے، حکمت والا ہے ۝۷ بے شک ہم نے آپ کو گواہی دینے

شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝۸ لِّتُؤْمِنُوْا

والا اور بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے ۝۸ تا کہ تم

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ

لوگ ایمان لاؤ اللہ پر اور اُس کے رسول پر اور اُس کی مدد کرو اور

وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝۹ اِنَّ

اُس کی تعظیم کرو، اور تم اللہ کی تسبیح کرو صبح و شام ۝۹ جو لوگ آپ

الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ

سے بیعت کرتے ہیں وہ درحقیقت اللہ سے بیعت کرتے

اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ

ہیں ، اللہ کا ہاتھ اُن کے ہاتھوں کے اوپر ہے ، پھر جو شخص

نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ

اُس کو توڑے گا تو اُس کے توڑنے کا وبال اُسی پر پڑے گا،

وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ

اور جو شخص اُس عہد کو پورا کرے گا جو اُس نے

اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝۱۰ ع ۱۰/۹

اللہ سے کیا ہے تو اللہ اُس کو بڑا اجر عطا فرمائے گا ۝۱۰

سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ

جو دیہاتی پیچھے رہ گئے وہ اب آپ سے کہیں گے کہ

الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا

ہم کو ہمارے اموال اور ہمارے بال بچوں نے مشغول کر رکھا

وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ

پس آپ ہمارے لیے معافی کی دعا فرمائیں ، یہ اپنی

بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ

زبانوں سے وہ بات کہتے ہیں جو اُن کے دلوں میں نہیں ہے،

قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

آپ کہہ دیجیے کہ کون ہے جو اللہ کے سامنے تمہارے لیے

شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ

کچھ اختیار رکھتا ہو اگر وہ تم کو کوئی نقصان یا کوئی

بِكُمْ نَفْعًا ؕ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا

نفع پہونچانا چاہے ، بلکہ اللہ اُس سے باخبر ہے

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿١١﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ

جو تم کر رہے ہو ﴿١١﴾ بلکہ تم نے یہ گمان کیا کہ

لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

رسول اور مؤمنین کبھی اپنے گھر والوں کی

اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ

طرف لوٹ کر نہ آئیں گے ، اور یہ خیال تمہارے

قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ

دِلوں کو بہت بھلا نظر آیا اور تم نے بہت بُرے گمان کیے ،

وَكُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْۢ

اور تم برباد ہونے والے لوگ ہو گئے ﴿۱۲﴾ اور جو ایمان نہ لایا

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

اللہ پر اور اُس کے رسول پر تو ہم نے ایسے منکروں کے لیے دہکتی

سَعِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

آگ تیار کر رکھی ہے ﴿۱۳﴾ اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی

وَالْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ

اللہ ہی کی ہے، وہ جس کو چاہے بخشے اور جس کو چاہے

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا

عذاب دے ، اور اللہ بخشنے والا ،

رَّحِيْمًا ﴿۱۴﴾ سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا

رحم کرنے والا ہے ﴿۱۴﴾ جب تم غنیمتیں لینے کے لیے

انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا

چلو گے تو پیچھے رہ جانے والے لوگ کہیں گے کہ

ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا

ہمیں بھی اپنے ساتھ چلنے دو، وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کی بات کو

كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ

بدل دیں، کہہ دیجیے کہ تم ہرگز ہمارے ساتھ نہیں چل سکتے،

قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ

اللہ پہلے ہی یہ فرما چکا ہے، تو وہ کہیں گے: بلکہ

تَحْسُدُوْنَنَا ؕ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ

تم لوگ ہم سے حسد کرتے ہو؛ بلکہ یہی لوگ بہت

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ

کم سمجھتے ہیں ﴿۱۵﴾ اِن پیچھے رہ جانے والے دیہاتیوں سے کہہ دینا کہ

الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ

جلد ہی تمہیں ایسے لوگوں کے پاس (لڑنے کے لیے) بلایا جائے گا جو بڑے

بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ

سخت جنگجو ہوں گے، کہ یا تو اُن سے لڑتے رہو یا وہ اطاعت قبول کرلیں،

فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا

اُس وقت اگر تم (جہاد کے اِس حکم کی) اطاعت کرو گے تو اللہ

حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ

تمہیں اچھا اجر دے گا، اور اگر تم منہ موڑو گے جیسا کہ تم نے

مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶﴾

پہلے منہ موڑا تھا تو اللہ تمہیں دردناک عذاب دے گا ﴿۱۶﴾

لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى

اندھے آدمی پر (جہاد نہ کرنے کا) کوئی گناہ نہیں ہے،

الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ

نہ لنگڑے آدمی پر کوئی گناہ ہے اور نہ بیمار آدمی پر گناہ

حَرَجٌ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

ہے، اور جو شخص بھی اللہ اور اُس کے رسول کا کہنا مانے

يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اللہ اُس کو ایسے باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں

الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا

بہتی ہوں گی ، اور جو کوئی منہ موڑے گا اُسے دردناک عذاب

اَلِيْمًا ﴿١٧﴾ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ع ٢ ١٠ النصف

دے گا ﴿١٧﴾ یقیناً اللہ ایمان والوں سے راضی ہو گیا جب کہ وہ

اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ

آپ سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے، اللہ نے جان لیا

مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ

جو کچھ اُن کے دلوں میں تھا، پس اُس نے اُن پر سکینت نازل

عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿١٨﴾ لا

فرمائی اور اُن کو انعام میں ایک قریبی فتح دے دی ﴿١٨﴾

وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ۭ وَكَانَ

اور بہت سی غنیمتیں بھی جن کو وہ حاصل کریں گے ، اور اللہ

اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٩﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ

زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿١٩﴾ اور اللہ نے تم سے بہت سی

مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ

غنیمتوں کا وعدہ کیا ہے جن کو تم لو گے، پس یہ اُس نے تم کو فوری

لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ

طور پر دے دیا اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک

عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

دیے ؛ تاکہ اہلِ ایمان کے لیے ایک نشانی بن جائے

وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿٢٠﴾ لا

اور تاکہ وہ تم کو سیدھے راستے پر چلائے ﴿٢٠﴾

وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ

اور ایک فتح اور بھی ہے جس پر تم ابھی قادر نہیں

اللّٰهُ بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

ہوئے ، اللہ نے اُس کا احاطہ کر رکھا ہے، اور اللہ ہر چیز

قَدِيْرًا ﴿٢١﴾ وَلَوْ قَاتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

پر قادر ہے ﴿٢١﴾ اور اگر یہ منکر لوگ تم سے لڑتے

لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا
تو ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگتے ، پھر وہ نہ کوئی حمایتی پاتے

وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٢٢﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ
اور نہ مدد گار ﴿٢٢﴾ یہ اللہ کی سنّت ہے جو پہلے سے

خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ
چلی آرہی ہے ، اور آپ اللہ کی سنّت میں کوئی

اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿٢٣﴾ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ
تبدیلی نہ پاؤ گے ﴿٢٣﴾ اور وہی ہے جس نے

اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ
مکّہ کی وادی میں اُن کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ

بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ
اُن سے روک دیے بعد اِس کے کہ تم کو اُن پر قابو

عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
دے دیا تھا، اور اللہ تمہارے کاموں کو

بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾ هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

دیکھ رہا تھا ﴿۲۴﴾ وہی لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا

وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

اور تم کو مسجد حرام سے روکا اور قربانی کے

وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ

جانوروں کو بھی روکے رکھا کہ وہ اپنی جگہ پر نہ پہونچیں ،

وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ

اور اگر (مکّہ میں) بہت سے مسلمان مَرد اور مسلمان

مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَـُٔوْهُمْ

عورتیں نہ ہوتیں جن کو تم لاعلمی میں پیس ڈالتے

فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ

پھر اُن کے باعث تم پر بےخبری میں الزام

عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ

آتا ، تاکہ اللہ جس کو چاہے اپنی رحمت میں داخل کرے ،

يَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ

اور اگر وہ لوگ الگ ہو گئے ہوتے تو اُن میں جو

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿٢٥﴾ اِذْ

منکر تھے اُن کو ہم دردناک سزا دیتے ﴿٢٥﴾ جب کہ

جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ

کافروں نے اپنے دلوں میں ضد کی ٹھان لی ،

الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ

وہ بھی جاہلیت کی ضد ، تو اللہ نے اپنی سکینت

اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى

اُتاری اپنے رسول پر اور ایمان

الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى

والوں پر اور اُس نے تقوے کا کلمہ اُن سے چپکا دیا

وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

اور وہی اُس کے زیادہ مستحق اور اُس کے اہل تھے ، اور اللہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٢٦﴾ لَقَدْ صَدَقَ ع ٣ ٩ ١١

ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے ﴿٢٦﴾ حقیقت یہ ہے کہ

اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ج ← احتیاط

اللہ نے اپنے رسول کو سچا خواب دکھایا ہے جو واقعے کے بالکل مطابق

لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ

ہے، تم لوگ ان شاء اللہ ضرور مسجد حرام میں اس طرح امن وامان کے

شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ لا مُحَلِّقِيْنَ

ساتھ داخل ہوں گے کہ تم (میں سے کچھ) نے اپنے سروں کو بے خوف و

رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ لا لَا تَخَافُوْنَ ط

خطر منڈوایا ہوگا اور (کچھ نے) بال تراشے ہوں گے، اللہ وہ

فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ

باتیں جانتا ہے جو تمہیں معلوم نہیں ہیں؛ چنانچہ اُس نے وہ

دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿٢٧﴾ هُوَ

خواب پورا ہونے سے پہلے ایک قریبی فتح طے کردی ہے ﴿٢٧﴾ اور اللہ

الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی

ہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت

وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ

اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ وہ اُس کو تمام دینوں پر غالب

كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا ﴿۲۸﴾ ؕ

کردے، اور (اُس کی) گواہی دینے کے لیے اللہ کافی ہے ﴿۲۸﴾

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗٓ

محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، اور جو لوگ اُن کے ساتھ ہیں وہ

اَشِدَّآءُ عَلَی الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ

کافروں کے مقابلے میں سخت ہیں (اور) آپس میں ایک دوسرے کے لیے رحم دل

تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا

ہیں، تم اُنہیں دیکھو گے کہ کبھی رکوع میں ہیں، کبھی سجدے میں ہیں،

مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ز سِیْمَاهُمْ فِیْ

(غرض) اللہ کے فضل اور خوشنودی کی تلاش میں لگے ہوئے ہیں، اُن کی علامتیں

وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ

سجدے کے اثر سے اُن کے چہروں پر نمایاں ہیں، یہ ہیں اُن

مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚۛ وَمَثَلُهُمْ فِي

کے وہ اوصاف جو تورات میں مذکور ہیں، اور انجیل میں اُن کی

الْاِنْجِيْلِ ۚۛ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ

مثال یہ ہے کہ جیسے ایک کھیتی ہو جس نے اپنی کونپل نکالی پھر اُس

فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى

کو مضبوط کیا پھر وہ موٹی ہو گئی، پھر اپنے تنے پر اِس طرح سیدھی

سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ

کھڑی ہو گئی کہ کاشتکار اُس سے خوش ہوتے ہیں؛ تاکہ اللہ اُن (کی

الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اِس ترقی) سے کافروں کا دل جلائے، یہ لوگ جو ایمان لائے ہیں

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً

اور اُنہوں نے نیک عمل کیے ہیں، اللہ نے اُن سے مغفرت اور

مُعَانَقَة ۱۵

وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ ع

زبردست ثواب کا وعدہ کرلیا ہے ﴿۲۹﴾

سورۂ حجرات مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۱۸) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۰۶) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۴۹) نمبر پر ہے اور سورۂ مجادلہ کے بعد نازل ہوئی ہے۔

| اس میں (۳۴۳) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۴۷۶) حروف ہیں |
|---|---|---|

اِبتدا اَطوالِ مُفَصَّل

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ

اے ایمان والو ! تم اللہ اور اُس کے

يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ

رسول سے آگے نہ بڑھو ، اور اللہ سے ڈرو ، بے شک

اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اللہ سُننے والا، جاننے والا ہے ﴿۱﴾ اے

اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ

ایمان والو ! تم اپنی آوازیں پیغمبر کی آواز سے

صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ

اوپر مت کرو اور نہ اُس کو اُس طرح آواز دے کر

بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ

پکارو جس طرح تم آپس میں ایک دوسرے کو پکارتے ہو،

اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ

کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارے اعمال برباد ہو جائیں اور تم کو

لَا تَشْعُرُوْنَ ۝۲ اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ

خبر بھی نہ ہو ۝۲ جو لوگ اللہ کے رسول کے آگے اپنی

اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ

آوازیں پست رکھتے ہیں وہی وہ لوگ ہیں

الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ

جن کے دلوں کو اللہ نے تقوے کے لیے

لِلتَّقْوٰى ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ

جانچ لیا ہے ، اُن کے لیے معافی ہے اور بڑا

عَظِيْمٌ ۝۳ اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ

ثواب ہے ۝۳ بے شک جو لوگ آپ کو حُجروں کے

مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ

باہر سے پکارتے ہیں اُن میں سے اکثر

لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى

سمجھ نہیں رکھتے ﴿۴﴾ اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ

تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ

آپ خود اُن کے پاس نکل کر آجاتے تو یہ اُن کے لیے بہتر ہوتا،

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور اللہ بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿۵﴾ اے

اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ

ایمان والو! اگر کوئی فاسق تمہارے پاس خبر لائے تو تم اچھی طرح

فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ

تحقیق کر لیا کرو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم کسی گروہ کو نادانی سے

فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ﴿۶﴾

کوئی نقصان پہونچا دو پھر تم کو اپنے کیے پر پچھتانا پڑے ﴿۶﴾

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ

اور جان لو کہ تمہارے درمیان اللہ کا رسول ہے ،

لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ

اگر وہ بہت سے معاملات میں تمہاری بات مان لے تو تم بڑی

لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ

مشکل میں پڑ جاؤ، لیکن اللہ نے تم کو ایمان کی

الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ

محبت دی اور اُس کو تمہارے دلوں میں مرغوب بنا دیا اور

اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ

کفر اور فِسق اور نافرمانی سے تم کو متنفّر کر دیا،

اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۙ﴿۷﴾ فَضْلًا مِّنَ

ایسے ہی لوگ راہِ راست پر ہیں ﴿۷﴾ اللہ کے فضل

اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۸﴾

اور انعام سے ، اور اللہ جاننے والا ، حکمت والا ہے ﴿۸﴾

وَاِنْ طَآىِٕفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا

اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑ جائیں تو

فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ

اُن کے درمیان صلح کراؤ ، پھر اگر اُن میں کا

اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ

ایک گروہ دوسرے گروہ پر زیادتی کرے تو اُس گروہ سے لڑو جو

تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ

زیادتی کرتا ہے، یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف لوٹے ،

فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا

پھر اگر وہ لوٹ آئے تو اُن کے درمیان عدل

بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

کے ساتھ صلح کراؤ اور انصاف کرو ، بے شک اللہ

الْمُقْسِطِيْنَ ۝۹ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ

انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے ۝۹ مسلمان سب

اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ ۚ

بھائی ہیں پس اپنے بھائیوں کے درمیان ملاپ کراؤ ،

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝۱۰ ع

اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے ۝۱۰

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ

اے ایمان والو ! نہ مَرد دوسرے

مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا

مَردوں کا مذاق اُڑائیں ، ہوسکتا ہے کہ وہ اُن سے بہتر

مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى

ہوں ، اور نہ عورتیں دوسری عورتوں کا مذاق اُڑائیں ،

اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا

ہوسکتا ہے کہ وہ اُن سے بہتر ہوں، اور نہ ایک دوسرے کو

اور کیا ہے ﴿٦٠﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿٦١﴾ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿٦٢﴾

جھٹلاؤ گے ﴿٦١﴾ اور اُن کے سوا دو باغ اور ہیں ﴿٦٢﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٣﴾

پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٦٣﴾

مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿٦٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

دونوں گہرے سبز سیاہی مائل ﴿٦٤﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں

تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٥﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿٦٦﴾

کو جھٹلاؤ گے ﴿٦٥﴾ اُن میں دو چشمے ہوں گے اُبلتے ہوئے ﴿٦٦﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٧﴾ فِيْهِمَا

پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٦٧﴾ اُن میں

فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿٦٨﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

پھل اور کھجور اور انار ہوں گے ﴿٦٨﴾ پھر تم اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٩﴾ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ

کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٦٩﴾ اُن میں خوب سیرت، خوب صورت

حِسَانٌ ﴿٧٠﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧١﴾

عورتیں ہوں گی ﴿٧٠﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٧١﴾

حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ﴿٧٢﴾ فَبِاَيِّ

حوریں خیموں میں رہنے والیاں ﴿٧٢﴾ پھر تم اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٣﴾ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ

رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٧٣﴾ اُن سے پہلے اُن کو نہ کسی

اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿٧٤﴾ فَبِاَيِّ

انسان نے ہاتھ لگایا ہوگا اور نہ کسی جن نے ﴿٧٤﴾ پھر تم

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٥﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى

اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٧٥﴾ تکیہ لگائے

رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٧٦﴾

سبز مسندوں پر اور قیمتی نفیس بچھونے پر ﴿٧٦﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٧﴾ تَبٰرَكَ

پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٧٧﴾ بڑا بابرکت

اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٧٨﴾ ع ٣ ع ٣٣ ١٣

ہے آپ کے رب کا نام ، بڑائی والا اور عظمت والا ﴿٧٨﴾

(سورہ واقعہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر دو آیتیں (٨١ اور ٨٢) مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (٩٦) آیتیں اور (٣) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٤٦) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٥٦) نمبر پر ہے اور سورۂ طٰہٰ کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (٣٧٨) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (١٤٠٣) حروف ہیں |
|---|---|---|

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿١﴾ لَيْسَ

جب واقع ہوئی واقع ہونے والی ﴿١﴾ اُس کے

لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿٢﴾ خَافِضَةٌ وقف لازم

واقع ہونے میں کوئی جھوٹ نہیں ﴿٢﴾ وہ پست کرنے والی ،

رَّافِعَةٌ ﴿٣﴾ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿٤﴾

بلند کرنے والی ہوگی ﴿٣﴾ جب کہ زمین ہلا ڈالی جائے گی ﴿٤﴾

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿٥﴾ فَكَانَتْ

اور پہاڑ ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جائیں گے ﴿٥﴾ پھر وہ

هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۙ﴿٦﴾ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا

پراگندہ غبار بن جائیں گے ﴿٦﴾ اور تم لوگ تین قسم

ثَلٰثَةً ؕ﴿٧﴾ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ

کے ہو جاؤ گے ﴿٧﴾ پھر دائیں والے، پس

اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ؕ﴿٨﴾ وَاَصْحٰبُ

کیا خوب ہیں دائیں والے ﴿٨﴾ اور بائیں

الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ؕ﴿٩﴾

والے، کیسے بُرے لوگ ہیں بائیں والے ﴿٩﴾

وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ۙ﴿١٠﴾ اُولٰٓئِكَ

اور آگے والے تو آگے والے ہی ہیں ﴿١٠﴾ وہ

الْمُقَرَّبُوْنَ ۚ﴿١١﴾ فِىْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿١٢﴾

مُقرّب لوگ ہیں ﴿١١﴾ نعمت کے باغوں میں ﴿١٢﴾

ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۙ﴿١٣﴾ وَقَلِيْلٌ مِّنَ

اُن کی بڑی تعداد اگلوں میں سے ہوگی ﴿١٣﴾ اور تھوڑے

الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٤﴾ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ﴿١٥﴾

پچھلوں میں سے ہوں گے ﴿١٤﴾ جڑاؤ تختوں پر ﴿١٥﴾

مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿١٦﴾ يَطُوْفُ

تکیہ لگائے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے ﴿١٦﴾ پھر رہے

عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ﴿١٧﴾

ہوں گے اُن کے پاس لڑکے ہمیشہ رہنے والے ﴿١٧﴾

بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ

پیالے اور جگ لیے ہوئے اور جام صاف

مَّعِيْنٍ ﴿١٨﴾ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا

شراب کا ﴿١٨﴾ اُس سے نہ دردِ سر ہوگا

وَلَا يُنْزِفُوْنَ ﴿١٩﴾ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا

اور نہ عقل میں فتور آئے گا ﴿١٩﴾ اور میوے کہ جو چاہیں

يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا

چُن لیں ﴿٢٠﴾ اور پرندوں کا گوشت جو

يَشْتَهُوْنَ ﴿٢١﴾ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿٢٢﴾

اُن کو مرغوب ہو ﴿٢١﴾ اور بڑی آنکھوں والی حوریں ﴿٢٢﴾

كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿٢٣﴾ جَزَآءًۢ

جیسے موتی کے دانے اپنے غلاف کے اندر ﴿٢٣﴾ بدلہ

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ

اُن کاموں کا جو وہ کرتے تھے ﴿٢٤﴾ اُس میں وہ کوئی لغو

فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿٢٥﴾ اِلَّا قِيْلًا

اور گناہ کی بات نہیں سُنیں گے ﴿٢٥﴾ مگر صرف

سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿٢٦﴾ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ

سلام سلام کا بول ﴿٢٦﴾ اور داہنے والے ،

مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ﴿٢٧﴾ فِيْ سِدْرٍ

کیا خوب ہیں داہنے والے ﴿٢٧﴾ بیری کے درختوں میں

مَّخْضُوْدٍ ﴿٢٨﴾ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ﴿٢٩﴾

جن میں کانٹا نہیں ﴿٢٨﴾ اور کیلے تہہ بہ تہہ ﴿٢٩﴾

وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ۙ﴿٣٠﴾ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ۙ﴿٣١﴾

اور پھیلے ہوئے سائے ﴿٣٠﴾ اور بہتا ہوا پانی ﴿٣١﴾

وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ۙ﴿٣٢﴾ لَّا مَقْطُوْعَةٍ

اور کثرت سے میوے ﴿٣٢﴾ جو نہ ختم ہوں گے

وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ۙ﴿٣٣﴾ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ؕ﴿٣٤﴾

اور نہ کوئی روک ٹوک ہوگی ﴿٣٣﴾ اور اونچے بچھونے ﴿٣٤﴾

اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ۙ﴿٣٥﴾ فَجَعَلْنٰهُنَّ

ہم نے اُن عورتوں کو خاص طور پر بنایا ہے ﴿٣٥﴾ پھر اُن کو

اَبْكَارًا ۙ﴿٣٦﴾ عُرُبًا اَتْرَابًا ۙ﴿٣٧﴾ لِّاَصْحٰبِ

کنواری رکھا ہے ﴿٣٦﴾ دل رُبا اور ہم عمر ﴿٣٧﴾ داہنے والوں

الْيَمِيْنِ ؕ﴿٣٨﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۙ﴿٣٩﴾ ع ١ ٣٨ ١٤

کے لیے ﴿٣٨﴾ اگلوں میں سے ایک بڑا گروہ ہوگا ﴿٣٩﴾

وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ؕ﴿٤٠﴾ وَاَصْحٰبُ

اور پچھلوں میں سے بھی ایک بڑا گروہ ﴿٤٠﴾ اور بائیں

الشِّمَالِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ﴿٤١﴾

والے ، کیسے بُرے ہیں بائیں والے ﴿٤١﴾

فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ﴿٤٢﴾ وَّظِلٍّ مِّنْ

آگ میں اور کھولتے ہوئے پانی میں ﴿٤٢﴾ اور سیاہ دھویں

يَّحْمُوْمٍ ﴿٤٣﴾ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿٤٤﴾

کے سائے میں ﴿٤٣﴾ نہ ٹھنڈا ہوگا اور نہ عزّت کا ﴿٤٤﴾

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ﴿٤٥﴾

یہ لوگ اِس سے پہلے خوش حال تھے ﴿٤٥﴾

وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ

اور بھاری گناہ پر اصرار کرتے

الْعَظِيْمِ ﴿٤٦﴾ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا

رہے ﴿٤٦﴾ اور وہ کہتے تھے : کیا جب ہم مَر جائیں گے

مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

اور ہم مٹّی اور ہڈّیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم

لَمَبْعُوْثُوْنَ ۙ﴿٤٧﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿٤٨﴾

پھر اُٹھائے جائیں گے ﴿٤٧﴾ اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی ﴿٤٨﴾

قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۙ﴿٤٩﴾

کہہ دیجیے کہ اگلے اور پچھلے سب ﴿٤٩﴾

لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ

جمع کیے جائیں گے ، ایک مُقرّر دن کے

مَّعْلُوْمٍ ﴿٥٠﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ

وقت پر ﴿٥٠﴾ پھر تم لوگ اے بہکے ہوئے اور

الْمُكَذِّبُوْنَ ۙ﴿٥١﴾ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ

جُھٹلانے والو ﴿٥١﴾ زقّوم کے درخت میں سے

مِّنْ زَقُّوْمٍ ۙ﴿٥٢﴾ فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا

کھاؤ گے ﴿٥٢﴾ پھر اُس سے اپنا پیٹ

الْبُطُوْنَ ۚ﴿٥٣﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ

بھرو گے ﴿٥٣﴾ پھر اُس پر کھولتا ہوا

الْحَمِيْمِ ﴿٥٤﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ

پانی پیو گے ﴿٥٤﴾ پھر پیاسے اونٹوں کی طرح

الْهِيْمِ ﴿٥٥﴾ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ

پیو گے ﴿٥٥﴾ یہ اُن کی مہمانی ہوگی انصاف کے

الدِّيْنِ ﴿٥٦﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ

دن ﴿٥٦﴾ ہم نے تم کو پیدا کیا ہے ،

فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿٥٧﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا

پھر تم تصدیق کیوں نہیں کرتے ﴿٥٧﴾ کیا تم نے غور کیا اُس چیز پر

تُمْنُوْنَ ﴿٥٨﴾ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ

جو تم ٹپکاتے ہو ﴿٥٨﴾ کیا تم اُس کو بناتے ہو یا

نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿٥٩﴾ نَحْنُ قَدَّرْنَا

ہم ہیں بنانے والے ﴿٥٩﴾ ہم نے تمہارے درمیان

بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ

موت مُقدّر کی ہے اور ہم

بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿٦٠﴾ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ

اِس سے عاجز نہیں ﴿٦٠﴾ کہ تمہاری جگہ تمہارے

اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا

جیسے پیدا کر دیں اور تم کو ایسی صورت میں بنا دیں جن کو

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ

تم نہیں جانتے ﴿٦١﴾ اور تم پہلی

النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْ لَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾

پیدائش کو جانتے ہو پھر کیوں سبق نہیں لیتے ﴿٦٢﴾

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿٦٣﴾ ءَاَنْتُمْ

کیا تم نے غور کیا اُس چیز پر جو تم بوتے ہو ﴿٦٣﴾ کیا تم

تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿٦٤﴾

اُس کو اُگاتے ہو یا ہم ہیں اُگانے والے ﴿٦٤﴾

لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ

اگر ہم چاہیں تو اُس کو ریزہ ریزہ کر دیں پھر تم

تَفَكَّهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ لا

باتیں بناتے رہ جاؤ ﴿٦٥﴾ ہم تو تاوان میں پڑ گئے ﴿٦٦﴾

بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَرَءَيْتُمُ

بلکہ ہم بالکل محروم ہو گئے ﴿٦٧﴾ کیا تم نے

الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿٦٨﴾ ط ءَاَنْتُمْ

غور کیا اُس پانی پر جو تم پیتے ہو ﴿٦٨﴾ کیا تم نے

اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ

اُس کو بادل سے اُتارا ہے یا ہم ہیں اُتارنے

الْمُنْزِلُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ

والے ﴿٦٩﴾ اگر ہم چاہیں تو اُس کو

اُجَاجًا فَلَوْ لَا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾

سخت کھاری بنادیں ، پھر تم شکر کیوں نہیں کرتے ﴿٧٠﴾

اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿٧١﴾ ط

کیا تم نے غور کیا اُس آگ پر جس کو تم جلاتے ہو ﴿٧١﴾

ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ

کیا تم نے پیدا کیا اُس کے درخت کو یا ہم ہیں

نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا

اُس کے پیدا کرنے والے ﴿٧٢﴾ ہم نے اُس کو

تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿٧٣﴾ ج

یاد دہانی بنایا ہے اور مسافروں کے لیے فائدے کی چیز ﴿٧٣﴾

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾ ع ج

پس آپ اپنے عظیم رب کے نام کی تسبیح بیان کیجیے ﴿٧٤﴾

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿٧٥﴾ لا

پس نہیں ، میں قسم کھاتا ہوں ستاروں کے مواقع کی ﴿٧٥﴾

وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿٧٦﴾ لا

اور اگر تم غور کرو تو یہ بہت بڑی قسم ہے ﴿٧٦﴾

اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٧﴾ لا فِيْ كِتٰبٍ

بے شک یہ ایک عزّت والا قرآن ہے ﴿٧٧﴾ ایک محفوظ

مَّكْنُوْنٍ ۙ﴿٧٨﴾ لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا

کتاب میں ﴿٧٨﴾ اُس کو وہی چھوتے ہیں

الْمُطَهَّرُوْنَ ؕ﴿٧٩﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ

جو پاک بنائے گئے ہیں ﴿٧٩﴾ اُتارا ہوا ہے پروردگار عالم

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٠﴾ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ

کی طرف سے ﴿٨٠﴾ پھر کیا تم اُس کلام کے ساتھ

اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۙ﴿٨١﴾ وَتَجْعَلُوْنَ

بے توجہی برتتے ہو ﴿٨١﴾ اور تم اپنا حصّہ

رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٨٢﴾

یہی لیتے ہو کہ تم اُس کو جُھٹلاتے ہو ﴿٨٢﴾

فَلَوْلَاۤ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۙ﴿٨٣﴾

پھر کیوں نہیں ، جب کہ جان حلق میں پہونچتی ہے ﴿٨٣﴾

وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۙ﴿٨٤﴾

اور تم اُس وقت دیکھ رہے ہوتے ہو ﴿٨٤﴾

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ

اور ہم تم سے زیادہ اُس شخص کے قریب ہوتے ہیں مگر

لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿٨٥﴾ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ

تم نہیں دیکھتے ﴿٨٥﴾ پھر کیوں نہیں، اگر تم کسی کے حکم

مَدِيْنِيْنَ ﴿٨٦﴾ لا تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ

میں نہیں ہو ﴿٨٦﴾ تو تم اُس جان کو کیوں نہیں لوٹا لاتے ،

صٰدِقِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ

اگر تم سچے ہو ﴿٨٧﴾ پس اگر وہ مُقرّبین

الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٨٨﴾ لا فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ لا

میں سے ہو ﴿٨٨﴾ تو راحت ہے اور عمدہ روزی ہے

وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿٨٩﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ

اور نعمت کا باغ ہے ﴿٨٩﴾ اور اگر وہ اصحاب یمین

اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩٠﴾ لا فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ

میں سے ہو ﴿٩٠﴾ تو تمہارے لیے سلامتی،

اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ﴿٩١﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ

تو اصحاب یمین میں سے ہے ﴿٩١﴾ اور اگر وہ جھٹلانے والے

مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٩٢﴾ فَنُزُلٌ

گمراہ لوگوں میں سے ہو ﴿٩٢﴾ تو گرم پانی کی

مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٩٣﴾ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿٩٤﴾

مہمانی ہے ﴿٩٣﴾ اور جہنم میں داخل ہونا ﴿٩٤﴾

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿٩٥﴾ فَسَبِّحْ

بے شک یہ قطعی حق ہے ﴿٩٥﴾ پس آپ اپنے

ع ٣ ٢٢ ١٦ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٩٦﴾

عظیم رب کے نام کی تسبیح کیجیے ﴿٩٦﴾

(سورۂ حدید مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (٢٩) آیتیں اور (٤) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٩٤) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٥٧) نمبر پر ہے اور سورۂ زلزال کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (٥٤٤) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٢٤٧٦) حروف ہیں |
|---|---|---|

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اللہ کی تسبیح کرتی ہے ہر چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١﴾ لَهٗ مُلْكُ

اور وہ زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿١﴾ آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ

اور زمین کی سلطنت اُسی کی ہے، وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے،

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢﴾ هُوَ

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿٢﴾ وہی

الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ

اوّل بھی ہے اور آخر بھی اور ظاہر بھی ہے اور باطن بھی ،

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٣﴾ هُوَ الَّذِيْ

اور وہ ہر چیز کا جاننے والا ہے ﴿٣﴾ وہی ہے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ

جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا چھ

اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ يَعْلَمُ

دنوں میں پھر وہ عرش پر متمکّن ہوا ، وہ جانتا ہے

مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا

جو کچھ زمین کے اندر جاتا ہے اور جو اُس سے نکلتا ہے

وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ

اور جو کچھ آسمان سے اُترتا ہے اور جو کچھ اُس میں

فِيْهَا ؕ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ؕ

چڑھتا ہے، اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں بھی تم ہو،

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝٤ لَهٗ مُلْكُ

اور اللہ دیکھتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو ۝٤ آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

اور زمین کی سلطنت اُسی کی ہے اور اللہ ہی کی طرف

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝٥ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي

لوٹتے ہیں سارے امور ۝٥ وہ رات کو دن میں داخل

النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ؕ

کر دیتا ہے اور دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے،

وَهُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٦﴾ اٰمِنُوْا

اور وہ سینوں میں چھپی باتوں کو خوب جانتا ہے ﴿٦﴾ ایمان لاؤ

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ

اللہ اور اُس کے رسول پر اور خرچ کرو اُس میں سے جس میں

مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اُس نے تم کو امین بنایا ہے ، پس جو لوگ تم میں سے

مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿٧﴾

ایمان لائیں اور خرچ کریں اُن کے لیے بڑا اجر ہے ﴿٧﴾

وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ

اور تم کو کیا ہوا کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے ؛ حالانکہ رسول

يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ

تم کو بُلا رہا ہے کہ تم اپنے رب پر ایمان لاؤ اور وہ

اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٨﴾

تم سے عہد لے چکا ہے، اگر تم مؤمن ہو ﴿٨﴾

هُوَ الَّذِیْ یُنَزِّلُ عَلٰی عَبْدِهٖۤ اٰیٰتٍۭ

اللہ وہی تو ہے جو اپنے بندے پر کھلی کھلی آیتیں

بَیِّنٰتٍ لِّیُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی

نازل فرماتا ہے ؛ تاکہ تمہیں اندھیریوں سے نکال کر

النُّوْرِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ

روشنی میں لائے ، اور یقین جانو اللہ تم پر بہت شفیق ،

رَّحِیْمٌ ۝٩ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِیْ

بہت مہربان ہے ۝٩ اور تم کو کیا ہوا کہ تم

سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِیْرَاثُ السَّمٰوٰتِ

اللہ کے راستے میں خرچ نہیں کرتے ؛ حالانکہ سب آسمان اور

وَالْاَرْضِ ؕ لَا یَسْتَوِیْ مِنْكُمْ مَّنْ

زمین آخر میں اللہ ہی کا رہ جائے گا، تم میں سے جو لوگ فتح کے

اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ؕ

بعد خرچ کریں اور لڑیں وہ اُن لوگوں کے برابر نہیں ہوسکتے

أُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ

جنہوں نے فتح سے پہلے خرچ کیا اور لڑے ،

اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقَاتَلُوْا ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ

اور اللہ نے سب سے بھلائی کا

اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

وعدہ کیا ہے ، اور اللہ جانتا ہے جو کچھ

خَبِيْرٌ ﴿١٠﴾ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ ع ١٠ ١٧

تم کرتے ہو ﴿١٠﴾ کون ہے جو اللہ کو قرض دے

قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ

اچھا قرض کہ وہ اُس کو اُس کے لیے بڑھائے اور

اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿١١﴾ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ

اُس کے لیے باعزّت اجر ہے ﴿١١﴾ جس دن آپ مؤمن مَردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

اور مؤمن عورتوں کو دیکھو گے کہ اُن کی روشنی اُن کے آگے

وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ

اور اُن کے دائیں چل رہی ہوگی، آج کے دن تم کو

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

خوش خبری ہے باغوں کی جن کے نیچے نہریں جاری

فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۚ ﴿١٢﴾

ہوں گی، تم اُن میں ہمیشہ رہو گے، یہ بڑی کامیابی ہے ﴿١٢﴾

يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ

جس دن مُنافق مرد اور منافق عورتیں ایمان والوں سے کہیں گے

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ

کہ ہمیں موقع دو کہ ہم بھی تمہاری روشنی سے کچھ فائدہ اُٹھالیں،

نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ

کہا جائے گا کہ تم اپنے پیچھے لوٹ جاؤ پھر روشنی تلاش کرو،

فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ؕ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ

پھر اُن کے درمیان ایک دیوار کھڑی کر دی جائے گی جس میں

بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ

ایک دروازہ ہوگا ، اُس کے اندر کی طرف رحمت ہوگی

وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ؕ ﴿١٣﴾

اور اُس کے باہر کی طرف عذاب ہوگا ﴿١٣﴾

يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا

وہ اُن کو پُکاریں گے کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے، وہ کہیں گے

بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ

کہ ہاں، مگر تم نے اپنے آپ کو فتنے میں ڈالا اور راہ دیکھتے رہے

وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ

اور شک میں پڑے رہے اور جھوٹی امیدوں نے تم کو دھوکے میں

الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ

رکھا یہاں تک کہ اللہ کا فیصلہ آ گیا ، اور دھوکہ باز نے تم کو

بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿١٤﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ

اللہ کے معاملے میں دھوکہ دیا ﴿١٤﴾ پس آج نہ تم سے کوئی فدیہ

مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ

قبول کیا جائے گا اور نہ اُن لوگوں سے جنہوں نے

كَفَرُوْا ؕ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ هِيَ

کفر کیا ، تمہارا ٹھکانہ آگ ہے ، وہی

مَوْلٰىكُمْ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٥﴾

تمہاری رفیق ہے اور وہ بُرا ٹھکانہ ہے ﴿١٥﴾

اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ

کیا ایمان والوں کے لیے وہ وقت نہیں آیا کہ اُن کے

قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ

دل اللہ کی نصیحت کے آگے جھک جائیں اور اُس حق کے آگے جو

الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا

نازل ہو چکا ہے ، اور وہ اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ

جن کو پہلے کتاب دی گئی تھی پھر اُن پر لمبی مدّت گزر گئی

اَلْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَكَثِيْرٌ

تو اُن کے دل سخت ہو گئے، اور اُن میں سے اکثر

مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿١٦﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

نافرمان ہیں ﴿١٦﴾ جان لو کہ اللہ

يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ قَدْ بَيَّنَّا

زمین کو زندگی دیتا ہے اُس کی موت کے بعد، ہم نے

لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿١٧﴾

تمہارے لیے نشانیاں بیان کر دی ہیں؛ تاکہ تم سمجھو ﴿١٧﴾

اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ

بے شک صدقہ دینے والے مَرد اور صدقہ دینے والی عورتیں

وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ

اور وہ لوگ جنہوں نے اللہ کو قرض دیا اچھا قرض، وہ اُن کے لیے

لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿١٨﴾ وَالَّذِيْنَ

بڑھایا جائے گا، اور اُن کے لیے باعزّت اجر ہے ﴿١٨﴾ اور جو لوگ

اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ

ایمان لائے اللہ پر اور اُس کے رسولوں پر وہی لوگ

الصِّدِّيْقُوْنَ ۚ قف وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ

صدیق اور شہید ہیں اپنے رب کے

رَبِّهِمْ ط لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ط

نزدیک اُن کے لیے اُن کا اجر اور اُن کی روشنی ہے،

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ

اور جن لوگوں نے انکار کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ع (١٩)

وہ دوزخ کے لوگ ہیں (١٩)

٢ ع ٩ ١٨

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ

خوب سمجھ لو کہ اِس دنیا والی زندگی کی حقیقت بس یہ ہے کہ وہ نام ہے

وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ

کھیل کود کا، ظاہری سجاوٹ کا، تمہارے لیے ایک دوسرے پر فخر جتانے کا

وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ؕ

اور مال اور اولاد میں ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنے کا،

كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ

اُس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک بارش جس سے اُگنے والی چیزیں کسانوں

ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ

کو بہت اچھی لگتی ہے پھر وہ اپنا زور دکھاتی ہے پھر تم اُس کو دیکھتے ہو زرد

يَكُوْنُ حُطَامًا ؕ وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ

پڑ گئی ہے پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے، اور آخرت میں (ایک تو) سخت

شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ؕ

عذاب ہے اور (دوسرے) اللہ کی طرف سے بخشش ہے اور خوشنودی،

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ

اور دنیا والی زندگی دھوکے کے سامان کے سوا کچھ بھی

الْغُرُوْرِ ﴿٢٠﴾ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ

نہیں ہے ﴿٢٠﴾ دوڑو اپنے رب کی معافی کی طرف

رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ

اور ایسی جنّت کی طرف جس کی وُسعت آسمان اور زمین کی

السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ

وُسعت کے برابر ہے، وہ اُن لوگوں کے لیے تیار کی گئی ہے

اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ

جو اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لائیں، یہ اللہ کا

اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

فضل ہے وہ اُس کو دیتا ہے جسے وہ چاہتا ہے ، اوراللہ

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢١﴾

بڑا فضل والا ہے ﴿٢١﴾

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِى الْاَرْضِ

کوئی مصیبت نہ زمین میں آتی ہے

وَلَا فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ

اور نہ تمہاری جانوں میں مگر وہ ایک کتاب میں لکھی ہوئی ہے

مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ

اِس سے پہلے کہ ہم اُن کو پیدا کریں ، بے شک

عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝٢٢ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا

یہ اللہ کے لیے آسان ہے ۝٢٢ تاکہ تم غم نہ کرو

عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ

اُس پر جو تم سے کھویا گیا اور نہ اُس چیز پر فخر کرو جو اُس نے

اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ

تم کو دیا ، اور اللہ اِترانے والے ، فخر کرنے والے کو پسند

فَخُوْرِ ۙ۝٢٣ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ

نہیں کرتا ۝٢٣ جو کہ بخل کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی

النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ

بخل کی تعلیم دیتے ہیں ، اور جو شخص اعراض کرے گا

فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝٢٤

تو اللہ بے نیاز ہے ، خوبیوں والا ہے ۝٢٤

لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ

حقیقت یہ ہے کہ ہم نے اپنے پیغمبروں کو کھلی ہوئی نشانیاں دے

وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ

کر بھیجا اور اُن کے ساتھ کتاب بھی اُتاری اور ترازو بھی؛

لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا

تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں ، اور ہم نے

الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ

لوہا اُتارا جس میں جنگی طاقت بھی ہے اور لوگوں کے لیے دوسرے

لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ

فائدے بھی، اور یہ اِس لیے تاکہ اللہ جان لے کہ کون ہے جو اُس کو دیکھے بغیر

وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اُس (کے دین) کی اور اُس کے پیغمبروں کی مدد کرتا ہے، یقین رکھو کہ اللہ

قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿٢٥﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا ع ٣ ٦ ١٩

بڑی قوت کا ، بڑے اقتدار کا مالک ہے ﴿٢٥﴾ اور ہم نے

نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ وَجَعَلْنَا فِيْ

نوح کو اور ابراہیم (علیہما السلام) کو بھیجا اور اُن کی

ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ

اولاد میں ہم نے پیغمبری اور کتاب رکھ دی، پھر اُن میں سے

مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٢٦﴾

کوئی راہ پر ہے اور اُن میں سے بہت سے نافرمان ہیں ﴿٢٦﴾

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا

پھر اُنہیں کے نقشِ قدم پر ہم نے رسول بھیجے

وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ

اور اُنہیں کے نقشِ قدم پر عیسیٰ بن مریم (علیہما السلام) کو بھیجا

وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَجَعَلْنَا فِيْ

اور ہم نے اُس کو انجیل دی، اور جن لوگوں نے

قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً

اُس کی پیروی کی ہم نے اُن کے دلوں میں شفقت

وَّرَحْمَةً ؕ وَرَهْبَانِيَّةَ ِۨ ابْتَدَعُوْهَا

اور رحمت رکھ دی، اور رہبانیت کو اُنہوں نے خود ایجاد کیا ہے

مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ

ہم نے اُس کو اُن پر نہیں لکھا تھا، مگر اُنہوں نے اللہ کی

رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ

رضامندی کے لیے اُس کو اختیار کر لیا، پھر اُنہوں نے اُس کی

رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

پوری رعایت نہ کی، پس اُن میں سے جو لوگ ایمان لائے

مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ

اُن کو ہم نے اُن کا اجر دیا، اور اُن میں سے اکثر

فٰسِقُوْنَ ﴿٢٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

نافرمان ہیں ﴿٢٧﴾ اے ایمان والو!

اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ

اللہ سے ڈرو اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ، اللہ تم کو

كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ

اپنی رحمت سے دو حصّے عطا کرے گا اور تم کو روشنی عطا کرے گا

نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

جس کو تم لے کر چلو گے اور تم کو بخش دے گا ، اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۙ﴿٢٨﴾ لِّئَلَّا يَعْلَمَ

بخشنے والا ہے ، مہربان ہے ﴿٢٨﴾ تاکہ اہل کتاب

اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى

جان لیں کہ وہ اللہ کے فضل میں سے کسی چیز پر

شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ الْفَضْلَ

اختیار نہیں رکھتے اور یہ کہ فضل

بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

اللہ کے ہاتھ میں ہے ، وہ جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے،

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢٩﴾ ع ع ٢٠

اور اللہ بڑے فضل والا ہے ﴿٢٩﴾

(سورۂ مجادلہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۲۲) آیتیں اور (۳) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۰۵) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۵۸) نمبر پر ہے اور سورۂ منافقون کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۴۷۳) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۷۹۲) حروف ہیں

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ

اللہ نے سُن لی اُس عورت کی بات جو اپنے شوہر کے معاملے میں

فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ

آپ سے جھگڑتی تھی اور اللہ سے شکوہ کر رہی تھی ، اور اللہ

يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ

تم دونوں کی گفتگو سُن رہا تھا ، بے شک اللہ سُننے والا ،

بَصِيْرُۨ (۱) اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ

جاننے والا ہے (۱) تم میں سے جو لوگ اپنی بیویوں سے ظِہار

نِّسَاۗىِٕهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ

کرتے ہیں وہ اُن کی مائیں نہیں ہیں ، اُن کی مائیں تو وہی ہیں

اِلَّا الّٰۗيْ وَلَدْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ

جنہوں نے اُن کو جنا ، اور یہ لوگ بے شک ایک نامعقول

مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ

اور جھوٹ بات کہتے ہیں ، اور بے شک اللہ

لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۲﴾ وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ

معاف کرنے والا ، بخشنے والا ہے ﴿۲﴾ اور جو لوگ اپنی بیویوں

نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ

سے ظِہار کریں پھر اُس سے رجوع کریں جو اُنہوں نے کہا تھا تو

رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ؕ ذٰلِكُمْ

ایک گردن کو آزاد کرنا ہے اِس سے پہلے کہ وہ آپس میں ہاتھ

تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

لگائیں ، اِس سے تم کو نصیحت کی جاتی ہے ، اور اللہ جانتا ہے

خَبِيْرٌ ﴿۳﴾ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ

جو کچھ تم کرتے ہو ﴿۳﴾ پھر جو شخص نہ پائے تو روزے ہیں

شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ

دو مہینے کے لگاتار اِس سے پہلے کے آپس میں

يَّتَمَآسَّا ؕ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ

ہاتھ لگائیں ، پھر جو شخص نہ کر سکے تو ساٹھ مسکینوں کو

سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ؕ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

کھانا کِھلانا ہے ، یہ اِس لیے کہ تم اللہ اور اُس کے رسول پر

وَرَسُوْلِهٖ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ

ایمان لاؤ ، اور یہ اللہ کی حدیں ہیں اور منکروں کے لیے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ

دردناک عذاب ہے ﴿۴﴾ جو لوگ اللہ اور اُس کے رسول کی

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ

مخالفت کرتے ہیں وہ ذلیل ہوں گے جس طرح وہ لوگ ذلیل ہوئے جو

مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ؕ

اُن سے پہلے تھے ، اور ہم نے واضح آیتیں اُتار دی ہیں ،

وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵﴾ ۚ يَوْمَ

اور منکروں کے لیے ذلّت کا عذاب ہے ﴿۵﴾ جس دن

يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ

اللہ اُن سب کو اُٹھائے گا اور اُن کے کیے ہوئے کام

بِمَا عَمِلُوْا ؕ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ؕ

اُن کو بتائے گا، اللہ نے اُس کو گن رکھا ہے اور وہ لوگ اُس کو بھول گئے،

ع ۱ ۶ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۶ ع اَلَمْ تَرَ

اور اللہ کے سامنے ہے ہر چیز ۝۶ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ

اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ

الْاَرْضِ ؕ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ

زمین میں ہے، کوئی سرگوشی تین آدمیوں کی نہیں ہوتی

اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ

جس میں چوتھا اللہ نہ ہو، اور نہ پانچ کی ہوتی ہے

سَادِسُهُمْ وَلَاۤ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكْثَرَ

جس میں چھٹا وہ نہ ہو، اور نہ اُس سے کم کی یا زیادہ کی

اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ

مگر وہ اُن کے ساتھ ہوتا ہے جہاں بھی وہ ہوں، پھر

يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ

وہ اُن کو اُن کے کیے سے آگاہ کرے گا قیامت کے دن، بے شک

اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۷ اَلَمْ تَرَ اِلَى

اللہ ہر بات کا علم رکھنے والا ہے ۝۷ کیا آپ نے نہیں دیکھا

الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ

جن کو سرگوشیوں سے روکا گیا تھا پھر بھی وہ وہی کر رہے ہیں

لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ

جن سے روکے گئے تھے ، اور وہ گناہ

وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ز

اور زیادتی اور رسول کی نافرمانی کی سرگوشیاں کرتے ہیں ،

وَاِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ

اور جب وہ آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ کو ایسے طریقے سے سلام کرتے ہیں

بِهِ اللّٰهُ ۙ وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

جس سے اللہ نے آپ کو سلام نہیں کیا، اور اپنے دلوں میں کہتے ہیں کہ

لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ؕ حَسْبُهُمْ

ہماری اِن باتوں پر اللہ ہم کو عذاب کیوں نہیں دیتا، اُن کے لیے

جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۸

جہنم کافی ہے وہ اُس میں پڑیں گے، پس وہ بُرا ٹھکانہ ہے ۝۸

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ

اے ایمان والو ! جب تم سرگوشی کرو

فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ

تو گناہ اور زیادتی اور رسول کی نافرمانی کی

وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ

سرگوشی نہ کرو اور تم نیکی اور پرہیزگاری کی

وَالتَّقْوٰى ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ

سرگوشی کرو ، اور اللہ سے ڈرو جس کے پاس تم جمع

تُحْشَرُوْنَ ﴿۹﴾ اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ

کیے جاؤ گے ﴿۹﴾ یہ سرگوشی شیطان کی

الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

طرف سے ہے تاکہ وہ ایمان والوں کو رنج پہونچائے ،

وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ

اور وہ اُن کو کچھ بھی رنج نہیں پہونچا سکتا مگر اللہ کے حکم سے،

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰﴾

اور ایمان والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے ﴿۱۰﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ

اے ایمان والو! جب تم کو کہا جائے کہ

تَفَسَّحُوْا فِى الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ

مجلسوں میں کُھل کر بیٹھو تو تم کُھل کر بیٹھو ، اللہ تم کو

اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَاِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا

کشادگی دے گا ، اور جب کہا جائے کہ اُٹھ جاؤ تو تم اُٹھ جاؤ ،

يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ
تم میں سے جو لوگ ایمان والے ہیں اور جن کو

اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
علم دیا گیا ہے اللہ اُن کے درجے بلند کرے گا، اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس

خَبِيْرٌ ﴿۱۱﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَاجَيْتُمُ
سے باخبر ہے ﴿۱۱﴾ اے ایمان والو! جب تم رسول سے راز دارانہ

الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَىْ نَجْوٰىكُمْ
بات کرو تو اپنی راز دارانہ بات سے پہلے

صَدَقَةً ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ فَاِنْ
کچھ صدقہ دو، یہ تمہارے لیے بہتر ہے اور زیادہ پاکیزہ ہے، پھر اگر

لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾
تم نہ پاؤ تو اللہ بخشنے والا، مہربان ہے ﴿۱۲﴾

ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَىْ
کیا تم ڈر گئے اِس بات سے کہ تم اپنی راز دارانہ

نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا

گفتگو سے پہلے صدقہ دو ، پس اگر تم ایسا نہ کرو

وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

اور اللہ نے تم کو معاف کردیا تو تم نماز قائم کرو

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ

اور زکوٰۃ ادا کرو اور اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو ،

وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى ع ۲ ۷ ۲

اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے باخبر ہے ﴿۱۳﴾ کیا تم نے اُن لوگوں کو

الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ

نہیں دیکھا جو ایسے لوگوں سے دوستی کرتے ہیں جن پر اللہ کا غضب ہوا ،

مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ

وہ نہ تم میں سے ہیں اور نہ اُن میں سے ہیں ، اور وہ جھوٹی بات پر

عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴﴾ ج اَعَدَّ

قسم کھاتے ہیں حالانکہ وہ جانتے ہیں ﴿۱۴﴾ اللہ نے

اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ

اُن لوگوں کے لیے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے، بے شک وہ بُرے کام ہیں

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ

جو وہ کرتے ہیں ﴿۱۵﴾ اُنہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال

جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ

بنا رکھا ہے پھر وہ روکتے ہیں اللہ کی راہ سے، پس اُن کے لیے

عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۶﴾ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ

ذلّت کا عذاب ہے ﴿۱۶﴾ اُن کے مال اور اُن کی اولاد

اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ

اُن کو ذرا بھی اللہ سے نہ بچا سکیں گے،

شَيْئًا ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ؕ هُمْ فِيْهَا

یہ لوگ دوزخ والے ہیں ، وہ اُس میں

خٰلِدُوْنَ ﴿۱۷﴾ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا

ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۷﴾ جس دن اللہ اُن سب کو اُٹھائے گا

فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ

تو وہ اُس سے بھی اُس طرح کی قسم کھائیں گے جس طرح تم سے قسم کھاتے ہیں،

وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ

اور وہ سمجھتے ہیں کہ وہ کسی چیز پر ہیں ، سُن لو کہ

هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۸﴾ اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ

یہی لوگ جھوٹے ہیں ﴿۱۸﴾ شیطان نے اُن پر قابو

الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ

حاصل کرلیا ہے پھر اُس نے اُن کو اللہ کی یاد بُھلا دی ہے، یہ لوگ

حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ

شیطان کا گروہ ہیں ، سُن لو کہ شیطان کا گروہ ضرور

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ

برباد ہونے والا ہے ﴿۱۹﴾ بے شک جو لوگ اللہ اور اُس کے

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اُولٰٓئِكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ ﴿۲۰﴾

رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہی ذلیل لوگوں میں ہیں ﴿۲۰﴾

كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا۠ وَرُسُلِيْ ؕ اِنَّ

اللہ نے لکھ دیا ہے کہ میں اور میرے رسول ہی غالب رہیں گے، بے شک

اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۱﴾ لَا تَجِدُ قَوْمًا

اللہ قوت والا، زبردست ہے ﴿۲۱﴾ آپ ایسی قوم نہیں پا سکتے

يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ

جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہو اور وہ ایسے لوگوں سے دوستی رکھے

مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ

جو اللہ اور اُس کے رسول کے مخالف ہیں؛ اگرچہ وہ اُن کے باپ

اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ

یا اُن کے بیٹے یا اُن کے بھائی یا اُن کے خاندان والے کیوں نہ ہو،

اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ

یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھ دیا ہے اور اُن کو اپنے فیض سے

بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

قوت دی ہے، اور وہ اُن کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ

نہریں جاری ہوں گی، اُن میں وہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ اُن سے

عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ

راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے، یہی لوگ اللہ کا گروہ ہیں،

ع ۳ ۹ ۳ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع

اور اللہ کا گروہ ہی فلاح پانے والا ہے ﴿۲۲﴾

(سورۂ حشر مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۲۴) آیتیں اور (۳) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۰۱) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۵۹) نمبر پر ہے اور سورۂ بینہ کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۴۴۵) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اس میں (۱۹۱۳) حروف ہیں

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

اللہ کی پاکی بیان کرتی ہیں سب چیزیں جو آسمانوں اور

الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾

زمین میں ہیں، اور وہ زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿۱﴾

هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ

وہی ہے جس نے اہلِ کتاب کافروں کو

وَقْفُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ

اُن کے گھروں سے پہلی ہی بار اکٹھا کرکے

الْحَشْرِ ؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا

نکال دیا ، تمہارا گمان نہ تھا کہ وہ نکلیں گے

وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ

اور وہ خیال کرتے تھے کہ اُن کے قلعے اُن کو اللہ سے

مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ

بچالیں گے ، پھر اللہ اُن پر وہاں سے پہونچا جہاں سے

لَمْ يَحْتَسِبُوْا وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ

اُن کو خیال بھی نہ تھا اور اُن کے دلوں میں رعب

الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ

ڈال دیا، وہ اپنے گھروں کو خود اپنے ہاتھوں سے اُجاڑ رہے تھے

وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي

اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے بھی، پس اے آنکھ والو! عبرت

الْاَبْصَارِ ﴿۲﴾ وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ

حاصل کرو ﴿۲﴾ اور اگر اللہ نے اُن پر

عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ؕ

جلا وطنی نہ لکھ دی ہوتی تو وہ دنیا ہی میں اُن کو عذاب دیتا،

وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ﴿۳﴾

اور آخرت میں اُن کے لیے آگ کا عذاب ہے ﴿۳﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ

یہ اِس لیے کہ اُنہوں نے اللہ اور اُس کے رسول کی مخالفت کی،

وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ

اور جو شخص اللہ کی مخالفت کرتا ہے تو اللہ سخت

الْعِقَابِ ﴿۴﴾ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ

عذاب والا ہے ﴿۴﴾ کھجوروں کے جو درخت تم نے کاٹ ڈالے

اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا

یا اُن کو اُن کی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا

فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۵

تو یہ اللہ کے حکم سے اور تا کہ وہ نافرمانوں کو رُسوا کرے ۝۵

وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ

اور اللہ نے اُن سے جو کچھ اپنے رسول کی طرف لوٹایا

فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ

تو تم نے اُس پر نہ گھوڑے دوڑائے اور نہ اونٹ،

وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ

اور لیکن اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے تسلّط دے دیتا ہے،

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۶ مَآ اَفَآءَ

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ۝۶ جو کچھ اللہ

اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ

اپنے رسول کو بستیوں والوں کی طرف سے لوٹائے تو وہ اللہ کے لیے ہے

وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

اور رسول کے لیے ہے اور رشتے داروں اور یتیموں

وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ

اور مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے ؛ تاکہ وہ تمہارے

دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ؕ وَمَآ

مالداروں ہی کے درمیان گردش نہ کرتا رہے ، اور

اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا نَهٰىكُمْ

رسول تم کو جو کچھ دے وہ لے لو اور وہ جس چیز سے

عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

تم کو روکے اُس سے رُک جاؤ اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۘ﴿۷﴾ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ وقف لازم

سخت سزا دینے والا ہے ﴿۷﴾ اُن مفلس مہاجروں کے لیے

الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ

جو اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے نکالے گئے ہیں ،

يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا

وہ اللہ کا فضل اور رضامندی چاہتے ہیں

وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ

اور وہ اللہ اور اُس کے رسول کی مدد کرتے ہیں ،

هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۚ﴿۸﴾ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُو

یہی لوگ سچے ہیں ﴿۸﴾ اور جو لوگ پہلے سے دارالاسلام (مدینہ) میں

الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ

قرار پکڑے ہوئے ہیں اور ایمان پر جمے ہوئے ہیں، جو اُن کے پاس

مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ

ہجرت کر کے آتا ہے اُس سے وہ محبت کرتے ہیں اور وہ اپنے دلوں میں

صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ

اُس سے تنگی نہیں پاتے جو مہاجرین کو دیا جاتا ہے، اور وہ اُن کو اپنے اوپر

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ؕ

مقدّم رکھتے ہیں اگرچہ اُن کے اوپر فاقہ ہو ،

وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ

اور جو شخص اپنے جی کے لالچ سے بچا لیا گیا تو وہی لوگ

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۹ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ

فلاح پانے والے ہیں ۝۹ اور جو لوگ اُن کے

مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا

بعد آئے وہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہم کو بخش دے

وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ

اور ہمارے اُن بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں

وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ

اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے لیے کینہ

اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۰ ع ۱ ۱۰ ۴

نہ رکھ، اے ہمارے رب! بے شک تو بڑا شفیق اور مہربان ہے ۝۱۰

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ

کیا تم نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو نفاق میں مبتلا ہیں، وہ اپنے

لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ

بھائیوں سے کہتے ہیں جنہوں نے اہل کتاب میں سے

الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ

کفر کیا ہے، اگر تم نکالے گئے تو ہم بھی تمہارے ساتھ نکل

مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ

جائیں گے اور تمہارے معاملے میں ہم کسی کی بات نہ مانیں گے،

وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ

اور اگر تم سے لڑائی ہوئی تو ہم تمہاری مدد کریں گے، اور اللہ گواہی

اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۱﴾ لَئِنْ اُخْرِجُوْا

دیتا ہے کہ وہ جھوٹے ہیں ﴿۱۱﴾ اگر وہ نکالے گئے

لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا

تو یہ اُن کے ساتھ نہیں نکلیں گے، اور اگر اُن سے لڑائی ہو

لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ

تو یہ اُن کی مدد نہیں کریں گے، اور اگر اُن کی مدد کریں گے تو ضرور وہ پیٹھ پھیر کر

الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ لَاَنْتُمْ

بھاگیں گے پھر وہ کہیں مدد نہ پائیں گے ﴿۱۲﴾ بے شک تم لوگوں کا

اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ
ڈر اُن کے دلوں میں اللہ سے زیادہ ہے ،

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۳﴾
یہ اِس لیے کہ وہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے ﴿۱۳﴾

لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى
یہ لوگ سب مِل کر تم سے کبھی نہیں لڑیں گے مگر حفاظت والی

مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ؕ بَاْسُهُمْ
بستیوں میں یا دیواروں کی آڑ میں ، اُن کی لڑائی

بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ؕ تَحْسَبُهُمْ جَمِيْعًا
آپس میں سخت ہے ، تم اُن کو متّحد خیال کرتے ہو

وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ
اور اُن کے دل جدا جدا ہو رہے ہیں ، یہ اِس لیے کہ وہ لوگ

لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ ۚ كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ
عقل نہیں رکھتے ﴿۱۴﴾ یہ اُن لوگوں کی مانند ہیں جو

قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ

اُن سے کچھ ہی پہلے اپنے کیے کا مزہ چکھ چکے ہیں،

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۵﴾ ۚ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ

اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۱۵﴾ جیسے شیطان

اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ

جو انسان سے کہتا ہے کہ منکر ہو جا، پھر جب وہ منکر ہو جاتا ہے

قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ

تو وہ کہتا ہے کہ میں تم سے بری ہوں، میں اللہ سے ڈرتا ہوں

رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ

جو سارے جہان کا رب ہے ﴿۱۶﴾ پھر انجام دونوں کا یہ ہوا کہ

اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ

دونوں دوزخ میں گئے جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے ، اور

جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ۲ ع ۷ ۵

ظالموں کی سزا یہی ہے ﴿۱۷﴾ اے ایمان والو !

اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ

اللہ سے ڈرو اور ہر شخص دیکھے کہ اُس نے کل کے لیے کیا

لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا

بھیجا ہے ، اور اللہ سے ڈرو ، بے شک اللہ باخبر ہے جو تم

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا

کرتے ہو ﴿۱۸﴾ اور تم اُن لوگوں کی طرح نہ بن جاؤ جو اللہ کو

اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

بھول گئے تو اللہ نے اُن کو خود اُن کی جانوں سے غافل کر دیا ، یہی لوگ

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾ لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ

نافرمان ہیں ﴿۱۹﴾ دوزخ والے اور جنّت والے

وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ

برابر نہیں ہوسکتے ، جنّت والے ہی اصل میں

الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى

کامیاب ہیں ﴿۲۰﴾ اگر ہم اِس قرآن کو پہاڑ پر

جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ

اُتارتے تو آپ دیکھتے کہ وہ اللہ کے خوف سے دب جاتا اور

خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا

پھٹ جاتا، اور یہ مثالیں ہم لوگوں کے لیے

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ

بیان کرتے ہیں ؛ تاکہ وہ سوچیں ﴿۲۱﴾ وہی اللہ ہے

الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ

جس کے سوا کوئی معبود نہیں، پوشیدہ

وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾

اور ظاہر کو جاننے والا، وہ بڑا مہربان ہے، نہایت رحم والا ہے ﴿۲۲﴾

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ، بادشاہ ،

الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ

سب عیبوں سے پاک، سراسر سلامتی، امن دینے والا، نگہبان،

الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

غالب ، زورآور ، عظمت والا ، اللہ اُس شرک سے پاک ہے

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ

جو لوگ کررہے ہیں ﴿۲۳﴾ وہی اللہ ہے پیدا کرنے والا ،

احتیاط ←

الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ

وجود میں لانے والا، صورت بنانے والا، اُسی کے لیے ہیں سارے اچھے نام،

يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

ہر چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے اُسی کی تسبیح کررہی ہے،

ع ۳ ۷ ۴

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ ع

اور وہ زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿۲۴﴾

(سورۂ ممتحنہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۱۳) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۹۱) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۶۰) نمبر پر ہے اور سورۂ احزاب کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۳۴۸) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۵۱۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا

اے ایمان والو ! تم میرے دشمنوں اور

عَدُوِّیْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ

اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ، تم اُن سے دوستی کا اظہار کرتے

اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا

ہو؛ حالانکہ اُنہوں نے اُس حق کا انکار کیا

جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُوْنَ

جو تمہارے پاس آیا ، وہ رسول کو اورتم کو اِس بنا پر

الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

جلا وطن کرتے ہیں کہ تم اپنے رب اللہ پر ایمان

رَبِّكُمْ ؕ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا

لائے ، اگر تم میری راہ میں جہاد

فِیْ سَبِيْلِیْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِیْ ۚ تُسِرُّوْنَ

اور میری رضامندی کی طلب کے لیے نکلے ہو، تم چھپا کر

اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ۖۚ وَاَنَا۠ اَعْلَمُ بِمَآ

اُنہیں دوستی کا پیغام بھیجتے ہو، اور میں جانتا ہوں جو کچھ

اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ

تم چھپاتے ہو اور جو کچھ ظاہر کرتے ہو، اور جو شخص تم میں سے

مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿١﴾

ایسا کرے گا وہ راہ راست سے بھٹک گیا ﴿١﴾

اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً

اگر وہ تم پر قابو پا جائیں تو وہ تمہارے دشمن بن جائیں گے

وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ

اور اپنے ہاتھ اور اپنی زبان سے تم کو تکلیف

بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٢﴾ ؕ

پہونچائیں گے، اور چاہیں گے کہ تم بھی کسی طرح منکر ہو جاؤ ﴿٢﴾

لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ ۚ

تمہارے رشتے دار اور تمہاری اولاد قیامت کے دن تمہارے کام نہ آئیں گے،

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا، اور اللہ

مُعَانَقَة ١٦

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۴ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ

دیکھنے والا ہے جو کچھ تم کرتے ہو ۝۴ تمہارے لیے ابراہیم (علیہ السلام)

اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ

اور اُس کے ساتھیوں میں اچھا نمونہ ہے ،

مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا

جب کہ اُنہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ ہم الگ ہیں

مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ز

تم سے اور اُن چیزوں سے جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو،

كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ

ہم تمہارے منکر ہیں اور ہمارے اور تمہارے درمیان ہمیشہ کے لیے

الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا

عداوت اور بیزاری ظاہر ہو گئی ہے یہاں تک کہ تم اللہ

بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ

واحد پر ایمان لاؤ، مگر ابراہیم (علیہ السلام) کا اپنے والد سے یہ کہنا کہ

لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ

میں آپ کے لیے معافی مانگوں گا اور میں آپ کے لیے اللہ کے آگے کسی

اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا

بات کا اختیار نہیں رکھتا، اے ہمارے رب! ہم نے تجھ پر بھروسہ کیا

وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۴

اور ہم تیری طرف رجوع ہوئے اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے ۴

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اے ہمارے رب! ہم کو کافروں کے لیے فتنہ نہ بنا

وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ

اور اے ہمارے رب! ہم کو بخش دے، بے شک تو زبردست ہے،

الْحَكِيْمُ ۵ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ

حکمت والا ہے ۵ بے شک تمہارے لیے اُن کے اندر

اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ

اچھا نمونہ ہے اُس شخص کے لیے جو اللہ کا اور آخرت کے دن کا

وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ

اُمیدوار ہو ، اور جو شخص روگردانی کرے گا

اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۶ عَسَى اللّٰهُ ع ۶ ۷

تو اللہ بے نیاز ہے، تعریفوں والا ہے ۝۶ اُمید ہے کہ اللہ

اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ

تمہارے اور اُن لوگوں کے درمیان دوستی پیدا کر دے

عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ

جن سے تم نے دشمنی کی ، اور اللہ سب کچھ کر سکتا ہے

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۷ لَا يَنْهٰكُمُ

اور اللہ بخشنے والا ، مہربان ہے ۝۷ اللہ تم کو اُن لوگوں سے

اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي

نہیں روکتا جنہوں نے دین کے معاملے میں تم سے جنگ

الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ

نہیں کی اور تم کو تمہارے گھروں سے نہیں نکالا کہ

اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ؕ

تم اُن سے بھلائی کرو اور تم اُن کے ساتھ انصاف کرو ،

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۸﴾ اِنَّمَا

بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے ﴿۸﴾ اللہ بس

يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ

اُن لوگوں سے تم کو منع کرتا ہے جو دین کے معاملے میں تم سے

فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ

لڑے اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا

وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ

اور تمہارے نکالنے میں مدد کی کہ تم اُن سے دوستی کرو،

وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹﴾

اور جو اُن سے دوستی کرے تو وہی لوگ ظالم ہیں ﴿۹﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ

اے ایمان والو ! جب تمہارے پاس مسلمان عورتیں

مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ

ہجرت کر کے آئیں تو تم اُن کو جانچ لو، اللہ اُن کے ایمان کو

بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ

خوب جانتا ہے ، پس اگر تم جان لو کہ وہ مؤمن ہیں

فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ

تو اُن کو کافروں کی طرف نہ لوٹاؤ، نہ وہ عورتیں اُن کے لیے حلال ہیں

لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ وَاٰتُوْهُمْ

اور نہ وہ اُن عورتوں کے لیے حلال ہیں، اور کافر شوہروں نے جو کچھ

مَّآ اَنْفَقُوْا ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ

خرچ کیا وہ اُن کو ادا کر دو، اور تم پر کوئی گناہ نہیں

تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ

اگر تم اُن سے نکاح کر لو جب کہ تم اُن کے مہر ادا کر دو ،

وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْـَٔلُوْا

اور تم کافر عورتوں کو اپنے نکاح میں نہ روکے رہو، اور جو کچھ تم نے خرچ کیا ہے

مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ؕ

اُس کو مانگ لو اور جو کچھ کافروں نے خرچ کیا ہے وہ بھی تم سے مانگ لیں،

ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ؕ

یہ اللہ کا حکم ہے، وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرتا ہے،

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾ وَاِنْ فَاتَكُمْ

اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے ﴿۱۰﴾ اور اگر تمہاری بیویوں

شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ

کے مہر میں سے کچھ کافروں کی طرف رہ جائے

فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ

پھر تمہاری نوبت آئے تو جن کی بیویاں

اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ؕ وَاتَّقُوا

گئی ہیں اُن کو ادا کر دو جو کچھ اُنہوں نے خرچ کیا، اور اللہ سے

اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾

ڈرو جس پر تم ایمان لائے ہو ﴿۱۱﴾

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ

اے (پیارے) نبی ! جب آپ کے پاس مؤمن عورتیں

يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ

اِس بات پر بیعت کے لیے آئیں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک

شَيْـًٔا وَّ لَا يَسْرِقْنَ وَ لَا يَزْنِيْنَ

نہ کریں گی اور وہ چوری نہ کریں گی اور وہ بدکاری نہ کریں گی

وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ

اور وہ اپنی اولاد کو قتل نہ کریں گی اور وہ اپنے ہاتھ اور پاؤں

يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ

کے آگے کوئی بہتان گھڑ کر نہ لائیں گی

وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ

اور وہ کسی معروف میں آپ کی نافرمانی نہ کریں گی، تو اُن سے بیعت لے لیجیے

وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اور اُن کے لیے اللہ سے بخشش کی دعا کیجیے، بے شک اللہ بخشنے والا،

رَّحِيْمٌ ﴿١٢﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا

مہربان ہے ﴿١٢﴾ اے ایمان والو! تم اُن لوگوں کو دوست

قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا

نہ بناؤ جن کے اوپر اللہ کا غضب ہوا، وہ آخرت سے نا امید

مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ

ہوگئے ہیں جس طرح قبروں میں پڑے ہوئے کافر

النصف ٢ ع ٧ ٨

اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿١٣﴾ ع

نا اُمید ہیں ﴿١٣﴾

(سورۂ صف مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (١٤) آیتیں اور (٢) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (١٠٩) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٦١) نمبر پر ہے اور سورۂ تغابن کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (٢٢١) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٩٠٠) حروف ہیں |
|---|---|---|

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

اللہ کی تسبیح بیان کرتی ہے ہر چیز جو آسمانوں اور

الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١﴾

زمین میں ہے، اور وہ غالب ہے، حکمت والا ہے ﴿١﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ

اے ایمان والو ! تم ایسی بات کیوں کہتے ہو

مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲﴾ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ

جو تم کرتے نہیں ﴿۲﴾ اللہ کے نزدیک یہ بات بہت ناراضی کی

اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۳﴾

ہے کہ تم ایسی بات کہ جو تم کرو نہیں ﴿۳﴾

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ

اللہ تو اُن لوگوں کو پسند کرتا ہے جو اُس کے راستے میں

فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ

اِس طرح مِل کر لڑتے ہیں گویا وہ ایک سیسہ پلائی ہوئی

مَّرْصُوْصٌ ﴿۴﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ

دیوار ہیں ﴿۴﴾ اور (یاد کرو) جب کہ موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا کہ

يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ

اے میری قوم کے لوگو! تم مجھے کیوں ستا رہے ہو؛ حالانکہ تمہیں (بخوبی) معلوم ہے

اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ ؕ فَلَمَّا زَاغُوْۤا

کہ میں تمہاری جانب اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں، پس جب وہ لوگ ٹیڑھے ہی رہے

اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی

تو اللہ نے اُن کے دلوں کو (اور) ٹیڑھا کر دیا، اور اللہ تعالیٰ نافرمان قوم کو

الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ ۝۵ وَاِذْ قَالَ عِیْسَی

ہدایت نہیں دیتا ۝۵ اور جب عیسیٰ بن مریم (علیہما السلام) نے

ابْنُ مَرْیَمَ یٰبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اِنِّیْ

کہا کہ اے بنی اسرائیل ! میں تمہاری طرف

رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ

اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں، تصدیق کرنے والا ہوں اُس تورات

یَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ

کا جو مجھ سے پہلے سے موجود ہے اور خوش خبری دینے والا ہوں

یَّاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِی اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ؕ

ایک رسول کی جو میرے بعد آئے گا (اور) اُس کا نام احمد ہوگا،

فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا

پھر جب وہ اُن کے پاس کُھلی نشانیاں لے کر آیا تو اُنہوں نے کہا: یہ تو

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

کُھلا ہوا جادو ہے ﴿٦﴾ اور اُس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى

جو اللہ پر جھوٹ باندھے ؛ حالانکہ وہ اسلام کی طرف

اِلَى الْاِسْلَامِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ

بُلایا جارہا ہو ، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت

الظّٰلِمِيْنَ ﴿٧﴾ۚ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا

نہیں دیتا ﴿٧﴾ وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کی روشنی کو

نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ مُتِمُّ

اپنے منہ سے بجھا دیں ؛ حالانکہ اللہ اپنی روشنی کو پورا کر کے

نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨﴾ هُوَ الَّذِىْٓ

رہے گا خواہ کافروں کو یہ کتنا ہی ناگوار ہو ﴿٨﴾ وہی ہے

اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ

جس نے بھیجا اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے

الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ

ساتھ ؛ تا کہ اُس کو سب دینوں پر غالب کردے خواہ

كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝۹ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ۹ ۱

مشرکوں کو یہ کتنا ہی ناگوار ہو ۝۹ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ

کیا میں تم کو ایک ایسی تجارت بتاؤں جو

تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۱۰

تم کو ایک دردناک عذاب سے بچا لے ۝۱۰

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ

تم اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ

اپنے مال اور جان سے جہاد کرو ،

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۙ (۱۱)

یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانو (۱۱)

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ

اللہ تمہارے گناہ معاف کردے گا اور تم کو ایسے باغوں میں

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

داخل کرے گا جس کے نیچے نہریں جاری ہوں گی

وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ

اور عمدہ مکانوں میں جو ہمیشہ رہنے کے باغوں میں ہوں گے،

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۙ (۱۲) وَاُخْرٰى

یہ ہے بڑی کامیابی (۱۲) اور ایک اور چیز بھی ہے

تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ

جس کی تم تمنّا رکھتے ہو، اللہ کی مدد اور فتح

قَرِيْبٌ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ (۱۳) يٰۤاَيُّهَا

جلدی، اور مؤمنوں کو بشارت دے دیجیے (۱۳) اے ایمان والو!

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا

تم اللہ (کے دین) کے مددگار بن جاؤ، اُسی طرح جس طرح

قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ

عیسیٰ بن مریم (علیہ السلام) نے حواریوں سے کہا تھا کہ

مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ

وہ کون ہیں جو اللہ کے واسطے میرے مددگار بنیں؟ حواریوں نے کہا:

الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ

ہم اللہ (کے دین) کے مددگار ہیں، پھر بنی اسرائیل کا

طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَكَفَرَتْ

ایک گروہ ایمان لے آیا اور ایک گروہ نے

طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى

کفر اختیار کیا؛ چنانچہ جو لوگ ایمان لائے تھے ہم نے اُن کے

عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ﴿۱۴﴾ ع ۲ ۱۵ ۱۰

دشمنوں کے خلاف اُن کی مدد کی، نتیجہ یہ ہوا کہ وہ غالب آئے ﴿۱۴﴾

(سورۂ جمعہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۱) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۱۰) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۶۲) نمبر پر ہے اور سورۂ صف کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۱۸۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۷۲۰) حروف ہیں

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

اللہ کی تسبیح کر رہی ہے ہر وہ چیز جو آسمانوں اور

فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ

زمین میں ہے، جو بادشاہ ہے، پاک ہے، زبردست ہے،

الْحَكِيْمِ ۝۱ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي

حکمت والا ہے ۝۱ وہی ہے جس نے اُمّی لوگوں میں

الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ

اُنہی میں سے ایک رسول کو بھیجا جو اُن کے سامنے اُس کی آیتوں

اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ

کی تلاوت کرے اور اُن کو پاکیزہ بنائے اور اُنہیں کتاب

وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ

اور حکمت کی تعلیم دے، جب کہ وہ اُس سے پہلے

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿۲﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا

کھلی گمراہی میں پڑے ہوئے تھے ﴿۲﴾ اور دوسروں کے لیے بھی اُن میں سے جو

يَلْحَقُوْا بِهِمْ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾

ابھی اُن میں شامل نہیں ہوئے، اور وہ زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿۳﴾

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

یہ اللہ کا فضل ہے وہ دیتا ہے جس کو چاہتا ہے ،

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۴﴾ مَثَلُ

اور اللہ بڑے فضل والا ہے ﴿۴﴾ جن لوگوں کو

الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا

تورات کا حامل بنایا گیا پھر اُنہوں نے اُس کو نہ اُٹھایا

كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ

اُن کی مثال اُس گدھے کی سی ہے جو کتابوں کا بوجھ اُٹھائے ہوئے ہو، کیا ہی بُری

مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ

مثال ہے اُن لوگوں کی جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جُھٹلایا ،

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵

اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ۝۵

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ

کہہ دیجیے کہ اے یہود ! اگر تمہارا گمان ہے کہ

اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ

تم دوسروں کے مقابل میں اللہ کے محبوب ہو

فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۶

تو تم موت کی تمنّا کرو اگر تم سچے ہو ۝۶

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ

اور وہ کبھی اُس کی تمنّا نہ کریں گے اُن کاموں کی وجہ سے جن کو اُن کے ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں،

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۷ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ

اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے ۝۷ کہہ دیجیے کہ جس موت سے

الَّذِىْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ

تم بھاگتے ہو وہ تمہیں آ کر رہے گی ،

ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

پھر تم پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے کے پاس لے جائے جاؤ گے

ع ١١ ٨ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨﴾ ع

پھر وہ تم کو بتادے گا جو تم کرتے رہے ہو ﴿٨﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ

اے ایمان والو ! جب جمعہ کے دن نماز کے لیے

مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ

پکارا جائے تو اللہ کی یاد کی طرف چل پڑو

وَذَرُوا الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ

اور خرید و فروخت چھوڑ دو ، یہ تمہارے لیے بہتر ہے

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٩﴾ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ

اگر تم جانو ﴿٩﴾ پھر جب نماز پوری ہو جائے

فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ

تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل

فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ

تلاش کرو ، اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو ؛ تاکہ تم

تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰﴾ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوًا

فلاح پاؤ ﴿۱۰﴾ اور جب وہ کوئی تجارت یا کھیل تماشہ دیکھتے ہیں

انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ؕ قُلْ

تو اُس کی طرف دوڑ پڑتے ہیں اور آپ کو کھڑا ہوا چھوڑ دیتے ہیں، کہہ

مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ

دیجیے کہ جو اللہ کے پاس ہے وہ کھیل تماشے اور تجارت سے

التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱﴾ ع ۲ ۳ ۱۲

زیادہ بہتر ہے، اور اللہ بہترین رزق دینے والا ہے ﴿۱۱﴾

(سورۂ منافقون مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۱۱) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۰۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۶۳) نمبر پر ہے اور سورۂ حج کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۱۸۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۹۷۶) حروف ہیں

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ

جب منافق آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں

وقف لازم

اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

کہ آپ بے شک اللہ کے رسول ہیں، اور اللہ جانتا ہے

اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ

کہ بے شک آپ اُس کے رسول ہو، اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ

الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۚ﴿۱﴾ اِتَّخَذُوْٓا

منافقین جھوٹے ہیں ﴿۱﴾ اُنہوں نے اپنی قسموں کو

اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ

ڈھال بنا رکھا ہے پھر وہ روکتے ہیں اللہ کی

اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲﴾

راہ سے، بے شک نہایت بُرا ہے جو وہ کر رہے ہیں ﴿۲﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ

یہ اِس سبب سے ہے کہ وہ ایمان لائے پھر اُنہوں نے کفر کیا، پھر

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۳﴾

اُن کے دلوں پر مہر کردی گئی پس وہ نہیں سمجھتے ﴿۳﴾

وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ

اور جب آپ اُنہیں دیکھو تو اُن کے جسم آپ کو اچھے لگتے ہیں،

وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ

اور اگر وہ بات کرتے ہیں تو آپ اُن کی بات سنتے ہو گویا کہ وہ

خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ

لکڑیاں ہیں ٹیک لگائی ہوئی، وہ ہر زور کی آواز کو اپنے خلاف

عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ

سمجھتے ہیں، یہی لوگ دشمن ہیں پس اُن سے بچو، اللہ اُن کو ہلاک

اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۴﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

کرے، وہ کہاں پھرے جاتے ہیں ﴿۴﴾ اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ

تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا

آؤ اللہ کا رسول تمہارے لیے استغفار کرے تو وہ اپنا سر

رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ

پھیر لیتے ہیں، اور آپ اُن کو دیکھو گے کہ وہ تکبّر کرتے ہوئے

مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝۵ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ

بے رُخی کرتے ہیں ۝۵ اُن کے لیے یکساں ہے

اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ

آپ اُن کے لیے مغفرت کی دعا کرو یا مغفرت کی دعا

لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

نہ کرو ، اللہ ہرگز اُن کو معاف نہ کرے گا ، اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۶ هُمُ

نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ۝۶ یہی ہیں

الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ

جو کہتے ہیں کہ جو لوگ اللہ کے رسول کے پاس ہیں

عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ

اُن پر خرچ مت کرو یہاں تک کہ وہ منتشر ہو جائیں ،

وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور آسمانوں اور زمین کے خزانے اللہ ہی کے ہیں ؛

وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۷﴾

لیکن منافق نہیں سمجھتے ﴿۷﴾

يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ

وہ کہتے ہیں کہ اگر ہم مدینہ لوٹے تو

لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ

عزّت والا وہاں سے ذلّت والے کو نکال دے گا؛

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ

حالانکہ عزّت اللہ کے لیے اور اُس کے رسول کے لیے اور مؤمنین کے لیے ہے،

وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۸﴾ ع ۱ ۸ ۱۳

مگر منافقین نہیں جانتے ﴿۸﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ

اے ایمان والو ! تمہارے مال اور تمہاری اولاد

اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ

تم کو اللہ کی یاد سے غافل نہ کرنے

اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ

پائے ، اور جو ایسا کرے گا تو وہی

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۹ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا

گھاٹے میں پڑنے والے لوگ ہیں ۝۹ اور ہم نے جو کچھ تم کو

رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ

دیا ہے اُس میں سے خرچ کرو اِس سے پہلے کہ تم میں سے کسی کی

الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْ لَآ اَخَّرْتَنِيْٓ

موت آ جائے پھر وہ کہے کہ اے میرے رب ! تو نے مجھے

اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ

کچھ اور مہلت کیوں نہ دی کہ میں صدقہ کرتا اور نیک لوگوں میں

مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۰ وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ

شامل ہو جاتا ۝۱۰ اور اللہ ہرگز کسی جان کو

نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ وَاللّٰهُ

مہلت نہیں دیتا جب کہ اُس کی میعاد آ جائے، اور اللہ

خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱﴾ ع

جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو ﴿۱۱﴾

(سورۂ تغابن مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۸) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۰۸) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۶۴) نمبر پر ہے اور سورۂ تحریم کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۲۴۱) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اس میں (۱۰۷۰) حروف ہیں

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

اللہ کی تسبیح کر رہی ہے ہر چیز جو آسمانوں میں ہے اور ہر چیز

فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۚ

جو زمین میں ہے، اُسی کی بادشاہی ہے اور اُسی کے لیے تعریف ہے

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱﴾ هُوَ

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿۱﴾ وہی ہے

الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ

جس نے تم کو پیدا کیا پھر تم میں سے کوئی کافر ہے

وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

اور کوئی مؤمن، اور اللہ دیکھ رہا ہے جو کچھ تم

بَصِيْرٌ ﴿۲﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

کرتے ہو ﴿۲﴾ اُس نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک طور پر

بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ

پیدا کیا اور اُس نے تمہاری صورت بنائی تو نہایت اچھی صورت بنائی،

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۳﴾ يَعْلَمُ مَا

اور اُسی کی طرف لوٹنا ہے ﴿۳﴾ وہ جانتا ہے جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا

آسمانوں اور زمین میں ہے، اور وہ جانتا ہے جو تم

تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو، اور اللہ دلوں تک کی باتوں کا

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۴﴾ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا

جاننے والا ہے ﴿۴﴾ کیا تم کو اُن لوگوں کی خبر نہیں پہونچی

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۪ فَذَاقُوْا

جنہوں نے اِس سے پہلے انکار کیا، پھر اُنہوں نے اپنے کیے کا

وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۵

وبال چکھا اور اُن کے لیے ایک دردناک عذاب ہے ۝۵

ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ

یہ اِس لیے کہ اُن کے پاس اُن کے رسول کُھلی دلیلوں کے ساتھ

بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ز

آئے تو اُنہوں نے کہا کہ کیا انسان ہماری رہنمائی کریں گے؟

فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ط

پس اُنہوں نے انکار کیا اور منہ پھیر لیا اور اللہ اُن سے بے پرواہ ہو گیا،

وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۶ زَعَمَ الَّذِيْنَ

اور اللہ بے نیاز ہے، تعریف والا ہے ۝۶ انکار کرنے والوں نے

كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ط قُلْ بَلٰى

دعویٰ کیا کہ وہ ہرگز دوبارہ اُٹھائے نہ جائیں گے، کہہ دیجیے کہ ہاں،

وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا

میرے رب کی قسم! تم ضرور اُٹھائے جاؤ گے پھر تم کو بتایا جائے گا جو کچھ

عَمِلْتُمْ ؕ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝٧

تم نے کیا ہے ، اور یہ اللہ کے لیے بہت آسان ہے ۝٧

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ

پس اللہ پر ایمان لاؤ اور اُس کے رسول پر اور اُس نور پر

الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

جو ہم نے اُتارا ہے اور اللہ جانتا ہے جو کچھ

خَبِيْرٌ ۝٨ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ

تم کرتے ہو ۝٨ جس دن وہ تم سب کو ایک جگہ جمع ہونے کے دن

الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ

جمع کرے گا ، یہی ہار جیت کا دن ہوگا ، اور جو شخص

يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ

اللہ پر ایمان لایا ہوگا اور اُس نے نیک عمل کیا ہوگا اللہ اُس کے گناہ اُس سے

عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

دور کر دے گا اور اُس کو باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ

بہتی ہوں گی، وہ ہمیشہ اُن میں رہیں

اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝٩

گے ، یہی ہے بڑی کامیابی ۝٩

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ

اور جن لوگوں نے انکار کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ

وہی آگ والے ہیں ، اُس میں ہمیشہ رہیں گے ،

فِيْهَا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝١٠ ع مَآ اَصَابَ

اور وہ بُرا ٹھکانہ ہے ۝١٠ جو مصیبت بھی

مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ

آتی ہے اللہ کے حکم سے آتی ہے ، اور جو شخص

يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ

اللہ پر ایمان رکھتا ہے اللہ اُس کے دل کو راہ دکھاتا ہے، اور اللہ

شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۱۱﴾ وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا

ہر چیز کو جاننے والا ہے ﴿۱۱﴾ اور تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی

الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰی

اطاعت کرو ، پھر اگر تم اعراض کرو گے تو ہمارے

رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ﴿۱۲﴾ اَللّٰهُ

رسول پر بس صاف صاف پہونچا دینا ہے ﴿۱۲﴾ اللہ ،

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَی اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ

اُس کے سوا کوئی معبود نہیں ، اور ایمان لانے والوں کو اللہ ہی پر

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا

بھروسہ رکھنا چاہیے ﴿۱۳﴾ اے ایمان والو !

اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ

تمہاری بعض بیویاں اور بعض اولاد

عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ

تمہارے دشمن ہیں پس تم اُن سے ہوشیار رہو ، اور اگر

تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ

تم معاف کردو اور در گزر کرو اور بخش دو تو

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ

اللہ بخشنے والا ، رحم کرنے والا ہے ﴿۱۴﴾ تمہارے مال

وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ط وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ

اور تمہاری اولاد آزمائش کی چیز ہیں ، اور اللہ کے پاس

اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا

بہت بڑا اجر ہے ﴿۱۵﴾ لہٰذا جہاں تک ہو سکے اللہ

اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا

سے ڈرتے رہو اور سُنو اور مانو،

وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ط وَمَنْ

اور (اللہ کے حکم کے مطابق) خرچ کرو، یہ تمہارے ہی لیے بہتر ہے،

يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

اور جو لوگ اپنے دل کی لالچ سے محفوظ ہو جائیں وہی

الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا

فلاح پانے والے ہیں ﴿۱۶﴾ اگر تم اللہ کو اچھا قرض دو گے تو

حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ

وہ اُس کو تمہارے لیے کئی گنا بڑھا دے گا اور تم کو بخش دے گا،

وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ۙ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ

اور اللہ قدر دان ہے، بردبار ہے ﴿۱۷﴾ غائب اور حاضر کو

ع ۲ ۸ ۱۶ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾

جاننے والا ہے، زبردست ہے، حکیم ہے ﴿۱۸﴾

(سورۂ طلاق مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۲) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۹۹) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۶۵) نمبر پر ہے اور سورۂ انسان کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۲۴۹) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۰۶۰) حروف ہیں

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ

اے پیغمبر! جب تم لوگ عورتوں کو طلاق دو

فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا

تو اُن کی عدت پر طلاق دو اور عدت کو

الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ

گنتے رہو ، اور اللہ سے ڈرو جو تمہارا رب ہے،

لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ

اُن عورتوں کو اُن کے گھروں سے نہ نکالو

وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ

اور نہ وہ خود نکلیں مگر یہ کہ وہ کوئی کُھلی بے حیائی کریں ،

مُّبَيِّنَةٍ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ

اور یہ اللہ کی حدیں ہیں ، اور جو شخص

يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ

اللہ کی حدوں سے تجاوز کرے گا تو اُس نے اپنے اوپر ظلم کیا،

لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ

تم نہیں جانتے شاید اللہ اِس طلاق کے بعد کوئی نئی صورت

ذٰلِكَ اَمْرًا ① فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

پیدا کردے ① پھر جب وہ اپنی مدت کو پہونچ جائیں

فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ

تو اُن کو یا تو معروف کے مطابق رکھ لو یا معروف کے مطابق اُن

بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَیْ عَدْلٍ

کو چھوڑ دو ، اور اپنے میں سے دو معتبر گواہ کر لو

مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ

اور ٹھیک ٹھیک اللہ کے لیے گواہی دو،

ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ

یہ اُس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ

ایمان رکھتا ہو ، اور جو شخص اللہ سے ڈرے گا

يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ﴿۲﴾ وَّيَرْزُقْهُ

اللہ اُس کے لیے راہ نکالے گا ﴿۲﴾ اور اُس کو وہاں سے رزق

مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ

دے گا جہاں اُس کا گمان بھی نہ گیا ہو، اور جو شخص اللہ پر

عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ

بھروسہ کرے گا تو اللہ اُس کے لیے کافی ہو جائے گا، بے شک اللہ اپنا کام

اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۝۳

پورا کر کے رہتا ہے، اللہ نے ہر چیز کے لیے ایک اندازہ ٹھہرا رکھا ہے ۝۳

وَ الّٰٓـِٔیْ یَىِٕسْنَ مِنَ الْمَحِیْضِ مِنْ

اور تمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے مایوس

نِّسَآىِٕكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ

ہو چکی ہیں اگر تم کو شبہ ہو تو اُن کی عدت

ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓـِٔیْ لَمْ یَحِضْنَ ؕ

تین مہینے ہے، اور اِسی طرح اُن کی بھی جن کو حیض نہیں آیا،

وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ

اور حاملہ عورتوں کی عدت

یَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ

اُس حمل کا پیدا ہو جانا ہے، اور جو شخص اللہ سے ڈرے گا

يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ﴿۴﴾

اللہ اُس کے لیے اُس کے کام میں آسانی کر دے گا ﴿۴﴾

ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ ؕ

یہ اللہ کا حکم ہے جو اُس نے تمہاری طرف اُتارا ہے ،

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ

اور جو شخص اللہ سے ڈرے گا اللہ اُس کے گناہ اُس سے دور کردے گا

وَيُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا ﴿۵﴾ اَسْكِنُوْهُنَّ

اور اُس کو بڑا اجر دے گا ﴿۵﴾ تم اُن عورتوں کو اپنی وسعت

مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ

کے مطابق رہنے کا مکان دو جہاں تم رہتے ہو

وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ؕ

اور اُن کو تنگ کرنے کے لیے اُنہیں تکلیف نہ پہونچاؤ،

وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ

اور اگر وہ حمل والیاں ہوں تو اُن پر خرچ کرو

حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ

یہاں تک کہ اُن کا وضعِ حمل ہو جائے ، پھر اگر وہ تمہارے لیے

لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا

دودھ پلائیں تو اُن کی اجرت اُنہیں دو ، اور تم آپس میں

بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ

ایک دوسرے کو نیکی سکھاؤ ، اور اگر تم آپس میں ضد کرو

فَسَتُرْضِعُ لَهٗٓ اُخْرٰى ۝٦ ؕ لِيُنْفِقْ

تو کوئی اور عورت دودھ پلائے گی ۝٦ چاہیے کہ وسعت والا

ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَمَنْ قُدِرَ

اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرے اور جس کی آمدنی کم ہو

عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ؕ

اُس کو چاہیے کہ اللہ نے جتنا اُس کو دیا ہے اُس میں سے خرچ کرے ،

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ؕ

اللہ کسی پر بوجھ نہیں ڈالتا مگر اُتنا ہی جتنا اُس کو دیا ہے ،

سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۝٧ ع ١٧

اللہ سختی کے بعد جلد ہی آسانی پیدا کردے گا ۝٧

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ

اور بہت سی بستیاں تھیں جنہوں نے اپنے رب کے حکم سے

رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا

اور اللہ کے رسولوں کے حکم سے سرتابی کی پس ہم نے ان کا

شَدِيْدًا وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ۝٨

سخت حساب کیا ، اور ہم نے اُن کو ہولناک سزا دی ۝٨

فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ

پس اُنہوں نے اپنے کیے کا وبال چکھا اور اُن کا انجام

اَمْرِهَا خُسْرًا ۝٩ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ

بالآخر خسارے ہی کا ہوا ۝٩ اللہ نے اُن کے لیے

عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي

ایک سخت عذاب تیار کر رکھا ہے، پس اللہ سے ڈرو

مع الْاَلْبَابِ ۚ۝٥ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ قَدْ

اے عقل والو جو کہ ایمان لائے ہو،

اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝١٠ لا رَّسُوْلًا

اللہ نے تمہاری طرف ایک نصیحت اُتاری ہے ۝١٠ ایک رسول

يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ

جو تم کو اللہ کی کُھلی کُھلی آیتیں پڑھ کر سُناتا ہے ؛

لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

تاکہ اُن لوگوں کو تاریکیوں سے روشنی کی طرف نکالے

الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ

جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیا ،

وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا

اور جو شخص اللہ پر ایمان لایا اور نیک عمل کیا

يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اُس کو وہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ قَدْ

بہتی ہوں گی ، وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے ،

اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ﴿١١﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ

اللہ نے اُس کو بہت اچھی روزی دی ﴿١١﴾ اللہ ہی ہے

خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ

جس نے بنائے سات آسمان اور اُنہیں کی طرح

مِثْلَهُنَّ ؕ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ

زمین بھی ، اُن کے اندر اُس کا حکم اُترتا ہے ؛

لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

تاکہ تم جان لو کہ اللہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ

قادر ہے اور اللہ نے اپنے علم سے ہر چیز کا

شَيْءٍ عِلْمًا ﴿١٢﴾ ع ٢ ٥ ١٨

احاطہ کر رکھا ہے ﴿١٢﴾

(سورۂ تحریم مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اِس میں (١٢) آیتیں اور (٢) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (١٠٧) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٦٦) نمبر پر ہے اور سورۂ حجرات کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (٢٤٧) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (١٠٦٠) حروف ہیں |
|---|---|---|

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ

اے (پیارے) نبی! آپ کیوں اُس چیز کو حرام کرتے ہو جو اللہ نے

لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ؕ

آپ کے لیے حلال کی ہے اپنی بیویوں کی رضامندی چاہنے کے لیے،

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١﴾ قَدْ فَرَضَ

اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے ﴿١﴾ اللہ نے تم لوگوں کے لیے

اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ

تمہاری قسموں کا کھولنا مقرر کر دیا ہے، اور اللہ

مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿٢﴾

تمہارا کارساز ہے، اور وہ جاننے والا، حکمت والا ہے ﴿٢﴾

وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ

اور جب (پیارے) نبی نے اپنی کسی بیوی سے ایک بات

حَدِیْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ

چھپا کر کہی تو جب اُس نے اُس کو بتادیا اور اللہ نے نبی کو

اللّٰهُ عَلَیْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ

اِس سے آگاہ کردیا تو نبی نے کچھ بات بتائی اور کچھ

عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ

ٹال دی، پھر جب نبی نے اُس کو یہ بات بتائی تو اُس نے کہا

مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ قَالَ نَبَّاَنِیَ الْعَلِیْمُ

کہ آپ کو کس نے اِس کی خبر دی، نبی نے کہا کہ مجھ کو بتایا جاننے والے نے،

الْخَبِیْرُ ﴿۳﴾ اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ

باخبر نے ﴿۳﴾ اگر تم دونوں اللہ کی طرف رجوع کرو تو تمہارے

صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَیْهِ

دل جھک پڑے ہیں، اور اگر تم دونوں نبی کے مقابلے میں کاروائیاں کروگی

فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِیْلُ

تو اُس کا رفیق اللہ ہے اور جبریل

وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ

اور صالح اہل ایمان اور اُن کے علاوہ فرشتے

ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ﴿٤﴾ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ

اُس کے مددگار ہیں ﴿٤﴾ اگر وہ (پیغمبر) تمہیں طلاق دے دیں

اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ

تو بہت جلد اُنہیں اُن کا رب تمہارے بدلے تم سے بہتر بیویاں عنایت فرمائے گا

مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ

جو اسلام والیاں، ایمان والیاں، اللہ کے حضور جھکنے والیاں، توبہ کرنے والیاں،

عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ﴿٥﴾

عبادت بجالانے والیاں، روزے رکھنے والیاں ہوں گی، بیوہ اور کنواریاں ﴿٥﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ

اے ایمان والو! تم اپنے آپ کو اپنے گھر والوں کو

وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ

اُس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن انسان ہیں

وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ
اور پتھر، جس پر سخت دل مضبوط فرشتے مقرر ہیں، جنہیں جو حکم

لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ
اللہ تعالیٰ دیتا ہے اُس کی نا فرمانی نہیں کرتے ؛ بلکہ

مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝٦ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوا
جو حکم دیا جائے بجا لاتے ہیں ۝٦ اے کافرو !

لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا
آج تم عذر اور بہانہ مت کرو، تمہیں صرف تمہارے کرتوت کا

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٧ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ١٩/٧
بدلہ دیا جارہا ہے ۝٧ اے ایمان والو !

اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ
اللہ کے آگے سچی توبہ کرو ،

عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ
امید ہے کہ تمہارا رب تمہارے گناہ معاف کردے

وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اور تم کو ایسے باغوں میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں

الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ

بہتی ہوں گی ، جس دن اللہ نبی کو اور اُس کے ساتھ

اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ

ایمان لانے والوں کو رُسوا نہیں کرے گا ، اُن کی روشنی اُن کے آگے اور اُن

اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ

کے دائیں طرف دوڑ رہی ہوگی ، وہ کہہ رہے ہوں گے کہ اے ہمارے رب!

اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى

ہمارے لیے ہماری روشنی کو کامل کر دیجیے اور ہماری مغفرت فرمایئے ، بے شک

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٨ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ

آپ ہر چیز پر قادر ہیں ۝٨ اے نبی ! کافروں اور

الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ ؕ عَلَيْهِمْ

منافقوں سے جہاد کیجیے اور اُن پر سختی کیجیے

وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝٩

اور اُن کا ٹھکانہ جہنم ہے ، اور وہ برا ٹھکانہ ہے ۝٩

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا

اللہ کافروں کے لیے مثال بیان کرتا ہے

امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا

نوح (علیہ السلام) کی بیوی کی اور لوط (علیہ السلام) کی بیوی کی ، دونوں

تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ

ہمارے بندوں میں سے دو نیک بندوں کے نکاح میں تھیں ،

فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ

پھر اُنہوں نے اُن کے ساتھ خیانت کی تو وہ دونوں اللہ کے مقابلے میں اُن کے

اللّٰهِ شَيْـًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ

کچھ کام نہ آسکے ، اور دونوں کو کہہ دیا گیا کہ آگ میں داخل ہو جاؤ داخل

الدّٰخِلِيْنَ ۝١٠ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ

ہونے والوں کے ساتھ ۝١٠ اور اللہ ایمان والوں کے لیے مثال

وقف لازم

اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ

بیان کرتا ہے فرعون کی بیوی کی، جب کہ اُس نے کہا کہ

رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

اے میرے رب! میرے لیے اپنے پاس جنّت میں ایک گھر بنا دیجیے

وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ

اور مجھ کو فرعون اور اُس کے عمل سے بچا لیجیے اور مجھ کو

مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۙ﴿١١﴾ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ

ظالم قوم سے نجات دیجیے ﴿١١﴾ اور عمران کی بیٹی مریم (علیہا السلام)

عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا

جس نے اپنی عصمت کی حفاظت کی، پھر ہم نے اُس میں اپنی روح

فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ

پھونک دی اور اُس نے اپنے رب کے کلمات کی

رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿١٢﴾ ع ٢ ٥ ٢٠

اور اُس کی کتابوں کی تصدیق کی، اور وہ فرماں برداروں میں سے تھی ﴿١٢﴾

(سورۂ ملک مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۳۰) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۷۷) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٦٧) نمبر پر ہے اور سورۂ طور کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۳۳۰) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اس میں (۱۳۱۳) حروف ہیں |
|---|---|---|

تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ ۫ وَهُوَ

بابرکت ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں بادشاہی ہے اور وہ

عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرُ ۙ۝۱ الَّذِیْ

ہر چیز پر قادر ہے ① جس نے

خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوةَ لِیَبْلُوَكُمْ

موت اور زندگی پیدا کی ؛ تاکہ وہ تمہیں آزمائے

اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَهُوَ الْعَزِیْزُ

کہ تم میں سے کون اچھے عمل والا ہے، اور وہ زبردست ہے،

الْغَفُوْرُ ۙ۝۲ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ

بہت زیادہ بخشنے والا ہے ② جس نے بنائے سات آسمان

طِبَاقًا ؕ مَا تَرٰى فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ

اوپر تلے ، آپ رحمان کے بنانے میں

مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ

کوئی خلل نہیں دیکھو گے ، پھر نگاہ ڈال کر دیکھ لیجیے کہیں

تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝٣ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ

آپ کو کوئی خلل نظر آتا ہے ۝٣ پھر بار بار نگاہ ڈال کر

كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا

دیکھیے ، نگاہ ناکام تھک کر تمہاری طرف واپس

وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝٤ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ

آجائے گی ۝٤ اور ہم نے قریب کے آسمانوں کو

الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا

چراغوں سے سجایا ہے اور ہم نے اُن کو شیطانوں کے مارنے کا

لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ

ذریعہ بنایا ہے اور ہم نے اُن کے لیے دوزخ کا عذاب

السَّعِيْرِ ۝٥ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ

تیار کر رکھا ہے ۝٥ اور جن لوگوں نے اپنے رب کا انکار کیا

عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝٦

اُن کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور وہ بُرا ٹھکانہ ہے ۝٦

اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا

جب وہ اُس میں ڈالے جائیں گے تو جہنم کا شور سُنیں گے

وَّهِيَ تَفُوْرُ ۝٧ۙ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ

اور وہ جوش مار رہی ہوگی ۝٧ معلوم ہوگا کہ وہ غصّے میں پھٹ

الْغَيْظِ ؕ كُلَّمَآ اُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ

پڑے گی، جب کبھی اُس میں کوئی جماعت ڈالی جائے گی تو جہنم کے محافظ فرشتے

خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَذِيْرٌ ۝٨ قَالُوْا

اُن سے پوچھیں گے: کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تھا؟ ۝٨ وہ کہیں گے کہ

بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ ۙ فَكَذَّبْنَا

ہاں! ہمارے پاس ڈرانے والا آیا تھا پھر ہم نے اُس کو جُھٹلا دیا

وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۚ

اور ہم نے کہا کہ اللہ نے کوئی چیز نہیں اُتاری ،

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ﴿٩﴾ وَقَالُوْا

تم لوگ بڑی گمراہی میں پڑے ہوئے ہو ﴿٩﴾ اور وہ کہیں گے

لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا

کہ اگر ہم سُنتے یا سمجھتے تو ہم

فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿١٠﴾ فَاعْتَرَفُوْا

دوزخ والوں میں سے نہ ہوتے ﴿١٠﴾ پس وہ اپنے گناہوں کا

بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿١١﴾

اقرار کریں گے، پس لعنت ہو دوزخ والوں پر ﴿١١﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ

جو لوگ اپنے رب سے بغیر دیکھے ڈرتے ہیں

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿١٢﴾ وَاَسِرُّوْا

اُن کے لیے مغفرت اور بڑا اجر ہے ﴿١٢﴾ اور تم اپنی بات

قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ

چھُپا کر کہو یا پُکار کر کہو ، وہ دلوں تک کی باتوں کو

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿١٣﴾ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ

خوب جانتا ہے ﴿١٣﴾ کیا وہ نہ جانے گا جس نے

خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿١٤﴾ ع ١ ١٤ ١

پیدا کیا ہے، اور وہ باریک بیں ہے، خبر رکھنے والا ہے ﴿١٤﴾

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا

وہی اللہ جس نے تمہارے لیے زمین کو چلنے کے قابل بنا دیا

فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَ كُلُوْا مِنْ

پھر تم اُس کے راستوں میں چلو اور اللہ کی دی ہوئی

رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ﴿١٥﴾ ءَاَمِنْتُمْ

روزی کھاؤ، اور اُسی کی طرف زندہ ہو کر اُٹھنا ہے ﴿١٥﴾ کیا تم اُس

مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ

سے بے خوف ہو گئے جو آسمان میں ہے کہ وہ تم کو زمین میں

الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ﴿١٦﴾ لا اَمْ اَمِنْتُمْ

دھنسا دے پھر وہ لرزنے لگے ﴿١٦﴾ یا کیا تم آسمان والے کی

مَّنْ فِی السَّمَآءِ اَنْ یُّرْسِلَ عَلَیْكُمْ

اِس بات سے بے خوف ہو بیٹھے کہ وہ تم پر پتھروں کی

حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَیْفَ نَذِیْرِ ﴿۱۷﴾

بارش برسا دے؟ پھر تمہیں پتہ چلے گا کہ میرا ڈرانا کیسا تھا ﴿۱۷﴾

وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اور اُن سے پہلے جو لوگ تھے اُنہوں نے بھی (پیغمبروں کو) جھٹلایا تھا،

فَكَیْفَ كَانَ نَكِیْرِ ﴿۱۸﴾ اَوَ لَمْ یَرَوْا

پھر (دیکھ لو کہ) میرا عذاب کیسا تھا؟ ﴿۱۸﴾ کیا وہ پرندوں کو

اِلَى الطَّیْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّیَقْبِضْنَ ۛؕ

اپنے اوپر نہیں دیکھتے پَر پھیلائے ہوئے اور وہ اُن کو سمیٹ بھی لیتے ہیں،

مَا یُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ

رحمان کے سوا کوئی نہیں جو اُن کو تھامے ہوئے ہو؟ بے شک وہ ہر

شَیْءٍۭ بَصِیْرٌ ﴿۱۹﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ

چیز کو دیکھ رہا ہے ﴿۱۹﴾ بھلا ایسا کون ہے

هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ

جو تمہارا لشکر بنے (اور) جو تمہاری مدد کرے

الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ

رحمان کے سوا؟ کافر تو صرف

غُرُوْرٍ ۚ﴿٢٠﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ

دھوکے میں ہیں ﴿٢٠﴾ آخر کون ہے جو تم کو روزی دے

اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا

اگر اللہ اپنے روزی روک لے ؛ بلکہ وہ سرکشی پر

فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ﴿٢١﴾ اَفَمَنْ يَّمْشِيْ

اور بدکنے پر اڑ گئے ہیں ﴿٢١﴾ کیا جو شخص اوندھے منہ

مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤى اَمَّنْ يَّمْشِيْ

چل رہا ہے وہ زیادہ صحیح راہ پانے والا ہے یا وہ شخص جو سیدھا

سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٢٢﴾ قُلْ

ایک سیدھی راہ پر چل رہا ہے ﴿٢٢﴾ کہہ دیجیے کہ

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ

وہی ہے جس نے تم کو پیدا کیا اور تمہارے لیے

السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا

کان اور آنکھ اور دل بنائے ، تم لوگ

مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٣﴾ قُلْ هُوَ الَّذِيْ

بہت کم شکر ادا کرتے ہو ﴿٢٣﴾ کہہ دیجیے کہ وہی ہے جس نے

ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٤﴾

تم کو زمین میں پھیلایا اور تم اُس کی طرف اِکٹھا کیے جاؤ گے ﴿٢٤﴾

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب پورا ہوگا اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ

سچے ہو ﴿٢٥﴾ کہہ دیجیے کہ یہ علم صرف اللہ کے پاس ہے ،

وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٢٦﴾ فَلَمَّا

اور میں صرف ایک کھلا ہوا ڈرانے والا ہوں ﴿٢٦﴾ پس جب

رَاَوْهُ زُلْفَةً سِیْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ

وہ اُس کو قریب آتا ہوا دیکھیں گے تو اُن کے چہرے بگڑ جائیں گے

كَفَرُوْا وَقِیْلَ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ

جنہوں نے انکار کیا، اور کہا جائے گا کہ یہی ہے وہ چیز جس کو تم

بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ

مانگا کرتے تھے ﴿۲۷﴾ (اے پیارے نبی! اُن سے) کہہ دیجیے کہ ذرا یہ بتاؤ

اَهْلَكَنِیَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِیَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ

کہ اگر اللہ مجھے اور میرے ساتھیوں کو ہلاک کر دے یا ہم پر رحم فرما دے

فَمَنْ یُّجِیْرُ الْكٰفِرِیْنَ مِنْ عَذَابٍ

تو (دونوں صورتوں میں) کافروں کو دردناک عذاب سے کون

اَلِیْمٍ ﴿۲۸﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ

بچائے گا؟ ﴿۲۸﴾ کہہ دیجیے کہ وہ رحمان ہے ہم اُس پر ایمان لائے

وَعَلَیْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ

اور اُسی پر ہم نے بھروسہ کیا، پس بہت جلد تم جان لوگے

هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٩﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ

کہ کھلی ہوئی گمراہی میں کون ہے ﴿٢٩﴾ کہہ دیں کہ بتاؤ اگر

اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ

تمہارا پانی نیچے اُتر جائے تو کون ہے

يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿٣٠﴾ ع ٢ ١٦ ٢

جو تمہارے لیے صاف پانی لے آئے؟ ﴿٣٠﴾

(سورۂ قلم مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت نمبر (١٧) سے (٣٣) تک اور آیت نمبر (٤٨) سے (٥٠) تک مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (٥٢) آیتیں اور (٢) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٢) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٦٨) نمبر پر ہے اور سورۂ طٰق کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (٣٠٠) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | اس میں (١٢٥٦) حروف ہیں

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ﴿١﴾ مَآ اَنْتَ

نٓ، قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لوگ لکھتے ہیں ﴿١﴾ آپ اپنے

بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ﴿٢﴾ وَاِنَّ

رب کے فضل سے دیوانے نہیں ہو ﴿٢﴾ اور بے شک

لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ﴿٣﴾ وَاِنَّكَ

آپ کے لیے اجر ہے کبھی ختم نہ ہونے والا ﴿٣﴾ اور یقیناً آپ

لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ﴿٤﴾ فَسَتُبْصِرُ

اخلاق کے اعلیٰ درجے پر ہو ﴿٤﴾ پس بہت جلد ہی آپ دیکھو گے

وَيُبْصِرُوْنَ ﴿٥﴾ بِاَيِّيْكُمُ الْمَفْتُوْنُ ﴿٦﴾

اور وہ بھی دیکھیں گے ﴿٥﴾ کہ تم میں سے کس کو جنون تھا ﴿٦﴾

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ

بے شک آپ کا رب ہی خوب جانتا ہے جو اُس کی راہ سے

سَبِيْلِهٖ ۖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿٧﴾

بھٹکا ہوا ہے اور وہ راہ پر چلنے والوں کو بھی خوب جانتا ہے ﴿٧﴾

فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٨﴾ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ

پس آپ اُن جھٹلانے والوں کا کہنا نہ مانو ﴿٨﴾ وہ چاہتے ہیں کہ آپ نرم پڑ جاؤ تو

فَيُدْهِنُوْنَ ﴿٩﴾ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ

وہ بھی نرم پڑ جائیں ﴿٩﴾ اور آپ ایسے شخص کا کہنا نہ مانیں جو بہت قسمیں کھانے والا ہو،

مَّهِيْنٍ ﴿١٠﴾ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ ﴿١١﴾

بے وقعت ہو ﴿١٠﴾ طعنہ دینے والا ہو، چغلی لگاتے پھرتا ہو ﴿١١﴾

مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾ عُتُلٍّۭ

بھلائی سے روکنے والا، زیادتی کرنے والا، بدعمل ہو ﴿۱۲﴾ بدمزاج ہو،

بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ﴿۱۳﴾ اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ

اور اِس کے علاوہ نچلے نسب والا بھی ﴿۱۳﴾ صرف اِس وجہ سے کہ وہ بڑے مال

وَّبَنِيْنَ ﴿۱۴﴾ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ

اور اولاد والا ہے ﴿۱۴﴾ جب اُس کو ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے کہ

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۵﴾ سَنَسِمُهٗ عَلَى

یہ اگلوں کی بے سند باتیں ہیں ﴿۱۵﴾ جلد ہی ہم اُس کی ناک پر

الْخُرْطُوْمِ ﴿۱۶﴾ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ

داغ لگائیں گے ﴿۱۶﴾ ہم نے اُن کو آزمائش میں ڈالا ہے جس طرح ہم نے باغ والوں کو

اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا

آزمائش میں ڈالا تھا، جب کہ اُنہوں نے قسم کھائی تھی کہ وہ صبح سویرے

مُصْبِحِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَطَافَ

ضرور اُس کے پھل توڑ لیں گے ﴿۱۷﴾ اور اُنہوں نے ان شاء اللہ نہیں کہا ﴿۱۸﴾ پس اُس باغ پر

عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ

آپ کے رب کی طرف سے ایک پھرنے والا پھر گیا اور وہ

نَآئِمُوْنَ ﴿١٩﴾ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ﴿٢٠﴾

سو رہے تھے ﴿١٩﴾ پھر صبح کو وہ ایسا رہ گیا جیسے کٹی ہوئی فصل ﴿٢٠﴾

فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ﴿٢١﴾ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى

پس صبح کو اُنہوں نے ایک دوسرے کو پکارا ﴿٢١﴾ کہ اپنے کھیت پر صبح سویرے

حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ﴿٢٢﴾ فَانْطَلَقُوْا

چلو اگر تم کو پھل توڑنا ہے ﴿٢٢﴾ پھر وہ چل پڑے

وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿٢٣﴾ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا

اور وہ آپس میں چپکے چپکے کہہ رہے تھے ﴿٢٣﴾ کہ آج کوئی محتاج

الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ﴿٢٤﴾ وَّغَدَوْا عَلٰى

تمہارے باغ میں نہ آنے پائے ﴿٢٤﴾ اور وہ اپنے کو نہ دینے پر

حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿٢٥﴾ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا

قادر سمجھ کر چلے ﴿٢٥﴾ پھر جب اُنہوں نے اُس باغ کو دیکھا تو کہنے لگے کہ ہم

لَضَآلُّوْنَ ﴿٢٦﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٢٧﴾ قَالَ

ضرور راستہ بھٹک گئے ہیں ﴿٢٦﴾ بلکہ ہم محروم ہو گئے ﴿٢٧﴾ اُن میں جو

اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ﴿٢٨﴾

بہتر آدمی تھا اُس نے کہا: میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ تم لوگ تسبیح کیوں نہیں کرتے ﴿٢٨﴾

قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾

اُنہوں نے کہا کہ ہمارا رب پاک ہے، بے شک ہم ظالم تھے ﴿٢٩﴾

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿٣٠﴾

پھر ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے ﴿٣٠﴾

قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿٣١﴾ عَسٰى

اُنہوں نے کہا: افسوس ہے ہم پر، بے شک ہم حد سے نکلنے والے لوگ تھے ﴿٣١﴾ شاید

رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى

ہمارا رب ہم کو اِس سے اچھا باغ اِس کے بدلے میں دے دے، ہم

رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿٣٢﴾ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ط

اُسی کی طرف رجوع ہوتے ہیں ﴿٣٢﴾ اِسی طرح آتا ہے عذاب،

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا وقف لازم

اور آخرت کا عذاب اِس سے بھی بڑا ہے ، کاش یہ لوگ

يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٣﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ع ١ ٣٣ ٣

جانتے ﴿٣٣﴾ بے شک ڈرنے والوں کے لیے اُن کے رب کے

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٣٤﴾ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ

پاس نعمت کے باغ ہیں ﴿٣٤﴾ کیا ہم فرماں برداروں کو نافرمانوں کے

كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿٣٥﴾ مَا لَكُمْ ۘ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٦﴾ ج

برابر کردیں گے ﴿٣٥﴾ تم کو کیا ہوا ، تم کیسا فیصلہ کرتے ہو ﴿٣٦﴾

اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿٣٧﴾ لا اِنَّ

کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم پڑھتے ہو ﴿٣٧﴾ بے شک

لَكُمْ فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ﴿٣٨﴾ ج اَمْ لَكُمْ

اِس میں تمہارے لیے وہ ہے جس کو تم پسند کرتے ہو ﴿٣٨﴾ کیا تمہارے

اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ

لیے ہمارے اوپر قسمیں ہیں قیامت تک باقی رہنے والی کہ

اِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٩﴾ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ

تمہارے لیے وہی کچھ ہے جو تم فیصلہ کرو ﴿٣٩﴾ اُن سے پوچھیے کہ اُن

مع ١٥ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿٤٠﴾ اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ

میں سے کون اُس کا ذمّے دار ہے ﴿٤٠﴾ کیا اُن کے کچھ شریک ہیں

فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿٤١﴾

تو وہ اپنے شریکوں کو لائیں اگر وہ سچے ہیں ﴿٤١﴾

يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ اِلَى

جس دن پنڈلی کھول دی جائے گی اور اُن کو سجدے کے لیے

السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٤٢﴾ خَاشِعَةً

بُلایا جائے گا تو یہ سجدہ نہیں کر سکیں گے ﴿٤٢﴾ اُن کی نگاہیں جُھکی ہوئی

اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ وَقَدْ كَانُوْا

ہوں گی (اِس حال میں کہ) اُن پر ذلّت چھائی ہوئی ہوگی، اور وہ

يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ﴿٤٣﴾

سجدے کے لیے بُلائے جاتے تھے جب کہ وہ صحیح سالم تھے ﴿٤٣﴾

فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ؕ

لہٰذا (اے نبی) جو لوگ اِس کلام کو جھٹلا رہے ہیں اُنہیں مجھ پر چھوڑ دیجیے،

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٤﴾ لا

ہم اُنہیں اِس طرح دھیرے دھیرے (تباہی کی طرف) لے جائیں گے کہ اُنہیں پتہ بھی نہیں چلے گا ﴿٤٤﴾

وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿٤٥﴾

اور میں اُنہیں ڈھیل دے رہا ہوں، یقین رکھو! میری تدبیر بڑی مضبوط ہے ﴿٤٥﴾

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ

کیا آپ اُن سے معاوضہ مانگتے ہو کہ وہ اُس کے تاوان سے

مُّثْقَلُوْنَ ﴿٤٦﴾ ج اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ

دبے جا رہے ہیں ﴿٤٦﴾ یا اُن کے پاس غیب ہے پس وہ

يَكْتُبُوْنَ ﴿٤٧﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ

لکھ رہے ہیں ﴿٤٧﴾ پس اپنے رب کے فیصلے تک صبر کیجیے اور

كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ نَادٰى وَهُوَ

مچھلی والے کی طرح نہ بن جائیے، جب اُس نے پکارا اور وہ

وقف لازم

مَكْظُوْمٌ ﴿٤٨﴾ لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ

غم سے بھرا ہوا تھا ﴿٤٨﴾ اگر اُس کے پروردگار کے فضل نے اُسے سنبھال نہ لیا

رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿٤٩﴾

ہوتا تو اُسے بُری حالت کے ساتھ اُسی کُھلے میدان میں پھینک دیا جاتا ﴿٤٩﴾

فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٥٠﴾

پھر اُس کے رب نے اُس کو نوازا، پس اُس کو نیکوں میں شامل کر دیا ﴿٥٠﴾

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ

اور یہ منکر لوگ جب نصیحت کو سُنتے ہیں تو اِس طرح آپ کو دیکھتے

بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ

ہیں گویا اپنی نگاہوں سے آپ کو پھسلا دیں گے، اور کہتے

اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿٥١﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وقف لازم

ہیں کہ یہ ضرور دیوانہ ہے ﴿٥١﴾ حالانکہ یہ قرآن تو تمام جہان

لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٥٢﴾ ع ٢ ١٩ ٤

والوں کے لیے نصیحت ہی نصیحت ہے ﴿٥٢﴾

(سورۂ حاقہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (٥٢) آیتیں اور (٢) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٧٨) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٦٩) نمبر پر ہے اور سورۂ ملک کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (٢٥٦) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (١٤٣٣) حروف ہیں

اَلْحَآقَّةُ ۙ﴿١﴾ مَا الْحَآقَّةُ ۚ﴿٢﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ

سچ مچ آنے والی ﴿١﴾ کیا ہے سچ مچ آنے والی ﴿٢﴾ اور آپ کو معلوم بھی

مَا الْحَآقَّةُ ؕ﴿٣﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ

ہے کہ سچ مچ آنے والی کیا چیز ہے ﴿٣﴾ قومِ ثمود اور قومِ عاد نے

بِالْقَارِعَةِ ﴿٤﴾ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا

کھڑکھڑانے والی (حقیقت) کو جھٹلایا ﴿٤﴾ پھر قومِ ثمود، تو وہ ہلاک کی گئی

بِالطَّاغِيَةِ ﴿٥﴾ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ

زور کی آواز سے ﴿٥﴾ اور عاد، تو وہ ایک تیز و تُند

صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۙ﴿٦﴾ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ

ہوا سے ہلاک کیے گئے ﴿٦﴾ اُس کو اللہ نے سات رات

لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا فَتَرَى

اور آٹھ دن اُن پر لگاتار مسلّط رکھا، پس آپ دیکھتے ہو کہ

الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ

وہاں وہ اِس طرح گرے ہوئے پڑے ہیں گویا کہ وہ کھجوروں

نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۚ﴿٧﴾ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ

کے کھوکھلے تنے ہوں ﴿٧﴾ تو کیا آپ کو اُن میں سے کوئی بچا ہوا

مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ﴿٨﴾ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ

نظر آتا ہے ﴿٨﴾ اور فرعون اور اُس سے پہلے والوں اور

قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ۚ﴿٩﴾ فَعَصَوْا

اُلٹی ہوئی بستیوں نے جرم کیا ﴿٩﴾ پس اُنہوں نے اپنے رب

رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ﴿١٠﴾

کے رسول کی نافرمانی کی تو اللہ نے اُن کو بہت سخت پکڑا ﴿١٠﴾

اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۙ﴿١١﴾

اور جب پانی حد سے گزر گیا تو ہم نے تم کو کشتی میں سوار کرایا ﴿١١﴾

لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ

تاکہ ہم اُس کو تمہارے لیے یادگار بنادیں اور یاد رکھنے والے کان اُس کو

وَّاعِيَةٌ ﴿١٢﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ

یاد رکھیں ﴿١٢﴾ پس جب صور میں یکبارگی پھونک

وَّاحِدَةٌ ﴿١٣﴾ لا وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ

ماری جائے گی ﴿١٣﴾ اور زمین اور پہاڑوں کو اُٹھا کر

فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ﴿١٤﴾ لا فَيَوْمَئِذٍ

ایک ہی بار میں ریزہ ریزہ کر دیا جائے گا ﴿١٤﴾ تو اُس دن ایک واقع

وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿١٥﴾ لا وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ

ہونے والی چیز واقع ہو جائے گی ﴿١٥﴾ اور آسمان پھٹ جائے گا

فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ﴿١٦﴾ لا وَّالْمَلَكُ

تو وہ اُس روز بالکل بُودا اور کمزور ہو جائے گا ﴿١٦﴾ اور فرشتے بھی

عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ط وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ

اُس کے کناروں پر ہوں گے، اور آپ کے رب کے عرش کو

فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ﴿١٧﴾ ط يَوْمَئِذٍ

اُس دن آٹھ فرشتے اپنے اوپر اٹھائے ہوئے ہوں گے ﴿١٧﴾ اُس دن

تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ﴿١٨﴾

تم پیش کیے جاؤ گے، تمہاری کوئی بات پوشیدہ نہ ہوگی ﴿١٨﴾

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ

پس جس شخص کو اُس کا اعمال نامہ اُس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا

فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ﴿١٩﴾ ج

تو وہ کہے گا کہ لو میرا اعمال نامہ پڑھو ﴿١٩﴾

اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ﴿٢٠﴾ ج

میں نے گمان کر رکھا تھا کہ مجھ کو میرا حساب پیش آنے والا ہے ﴿٢٠﴾

فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٢١﴾ لا فِيْ جَنَّةٍ

پس وہ ایک پسندیدہ عیش میں ہوگا ﴿٢١﴾ اونچے

عَالِيَةٍ ﴿٢٢﴾ لا قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿٢٣﴾ كُلُوْا

باغ میں ﴿٢٢﴾ جس کے میوے جھکے پڑے ہوں گے ﴿٢٣﴾ کھاؤ

وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي

اور پیو مزے کے ساتھ، اُن اعمال کے بدلے میں جو تم نے

الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ﴿٢٤﴾ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ

گزرے دنوں میں کیے ہیں ﴿٢٤﴾ اور جس شخص کا اعمال نامہ

كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ

اُس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا، تو وہ کہے گا: کاش!

لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ﴿٢٥﴾ وَلَمْ اَدْرِ مَا

میرا اعمال نامہ مجھے نہ دیا جاتا ﴿٢٥﴾ اور میں نہ جانتا کہ

حِسَابِيَهْ ﴿٢٦﴾ يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ﴿٢٧﴾

میرا حساب کیا ہے ﴿٢٦﴾ اے کاش کہ وہ موت ہی خاتمہ کرنے والی ہوتی ﴿٢٧﴾

مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ﴿٢٨﴾ هَلَكَ عَنِّيْ

میرا مال میرے کام نہ آیا ﴿٢٨﴾ میرا سارا زور مجھ سے

سُلْطٰنِيَهْ ﴿٢٩﴾ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ

جاتا رہا ﴿٢٩﴾ اُس شخص کو پکڑو پھر اُس کو طوق پہناؤ ﴿٣٠﴾ پھر

الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ﴿٣١﴾ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ

اُس کو جہنم میں داخل کردو ﴿٣١﴾ پھر ایسی زنجیر میں

ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿٣٢﴾

جکڑو جس کی لمبائی ستّر ہاتھ ہے ﴿٣٢﴾

اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ﴿٣٣﴾

یہ شخص خدائے عظیم پر ایمان نہ رکھتا تھا ﴿٣٣﴾

وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿٣٤﴾

اور وہ غریب کو کھانا کھلانے پر نہیں اُبھارتا تھا ﴿٣٤﴾

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ﴿٣٥﴾

پس آج یہاں اُس کا کوئی ہمدرد نہیں ﴿٣٥﴾

وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ﴿٣٦﴾

اور نہ کھانا ہے سوائے دوزخیوں کے لہو اور پیپ کے ﴿٣٦﴾

لَّا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخٰطِـُٔوْنَ ﴿٣٧﴾ فَلَآ اُقْسِمُ ع

جس کو گنہ گاروں کے سوا کوئی نہ کھائے گا ﴿٣٧﴾ اب میں قسم کھاتا ہوں

احتیاط ع ٣٧ ٥

بِمَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٣٩﴾

اُس کی بھی جسے تم دیکھتے ہو ﴿٣٨﴾ اور جن کو تم نہیں دیکھتے ہو ﴿٣٩﴾

اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿٤٠﴾ وَّمَا هُوَ

بے شک یہ ایک باعزّت رسول کا کلام ہے ﴿٤٠﴾ اور وہ

بِقَوْلِ شَاعِرٍ ؕ قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ﴿٤١﴾

کسی شاعر کا کلام نہیں ، تم بہت کم ایمان لاتے ہو ﴿٤١﴾

وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٢﴾

اور یہ کسی کاہن کا کلام نہیں ، تم بہت کم غور کرتے ہو ﴿٤٢﴾

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٣﴾ وَلَوْ

خداوند عالم کی طرف سے اُتارا ہوا ہے ﴿٤٣﴾ اور اگر

تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ﴿٤٤﴾

وہ کوئی بات گھڑ کر ہمارے اوپر لگاتا ﴿٤٤﴾

لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ﴿٤٥﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا

تو ہم اُس کا دایاں ہاتھ پکڑتے ﴿٤٥﴾ پھر ہم اُس کی رگِ دل

مِنْهُ الْوَتِيْنَ ﴿٤٦﴾ فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ

کاٹ دیتے ﴿٤٦﴾ پھر تم میں سے کوئی

عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ

اِس سے ہم کو روکنے والا نہ ہوتا ﴿۴۷﴾ اور بے شک یہ یاددہانی ہے

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ

ڈرنے والوں کے لیے ﴿۴۸﴾ اور ہمیں خوب معلوم ہے کہ تم میں

مُّكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾ وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى

کچھ لوگ جھٹلانے والے بھی ہیں ﴿۴۹﴾ اور وہ منکروں کے لیے

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۰﴾ وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۵۱﴾

پچھتاوا ہے ﴿۵۰﴾ اور یہ یقینی حق ہے ﴿۵۱﴾

ع ۲ ۱۵ ۶

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۵۲﴾

پس آپ اپنے ربِّ عظیم کے نام کی تسبیح کیجیے ﴿۵۲﴾

(سورۂ معارج مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۴۴) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۷۹) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۷۰) نمبر پر ہے اور سورۂ حاقّہ کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۲۲۴) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۹۲۹) حروف ہیں

سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ﴿۱﴾

ایک سوال کرنے والے نے سوال کیا ایسے عذاب کا جو واقع ہونے والا ہے ﴿۱﴾

لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ ۙ﴿۲﴾ مِّنَ اللّٰهِ
کافروں کے لیے جسے کوئی ٹال نہ سکے گا ﴿۲﴾ اللہ کی طرف سے،

ذِي الْمَعَارِجِ ۭ﴿۳﴾ تَعْرُجُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ
جو سیڑھیوں کا مالک ہے ﴿۳﴾ فرشتے اور روح سیڑھیوں سے چڑھ کر

وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ
اُس کے پاس جاتے ہیں، (عذاب واقع ہوگا) ایسے دن جس کی مقدار

خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ﴿۴﴾ۚ فَاصْبِرْ صَبْرًا
پچاس ہزار برس ہے ﴿۴﴾ تو آپ کافروں کی باتوں کو حوصلے کے ساتھ

جَمِيْلًا ﴿۵﴾ اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا ﴿۶﴾ۙ
برداشت کرتے رہیے ﴿۵﴾ بے شک یہ اُس کو دور سمجھ رہے ہیں ﴿۶﴾

وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا ﴿۷﴾ۭ يَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَاۗءُ
اور ہم اُسے قریب دیکھ رہے ہیں ﴿۷﴾ جس دن آسمان پگھلے ہوئے تانبے

كَالْمُهْلِ ﴿۸﴾ۙ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ﴿۹﴾ۙ
کے مانند ہو جائے گا ﴿۸﴾ اور پہاڑ اُون کی طرح ہو جائیں گے ﴿۹﴾

وَلَا يَسْـَٔلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا ۙ﴿١٠﴾ يُّبَصَّرُوْنَهُمْ ؕ

اور کوئی دوست کسی دوست کو پوچھے گا بھی نہیں ﴿١٠﴾ حالانکہ وہ اُنہیں دِکھائے

يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ

جائیں گے، مجرم چاہے گا کہ کاش! وہ اِس دن کے عذاب سے بچنے کے لیے

يَوْمِئِذٍۭ بِبَنِيْهِ ۙ﴿١١﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ۙ﴿١٢﴾

فِدیے میں دے دے اپنے بیٹوں کو ﴿١١﴾ اور اپنی بیوی کو اور اپنے بھائی کو ﴿١٢﴾

وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـْٔوِيْهِ ۙ﴿١٣﴾ وَمَنْ فِي

اور اپنے اُس کنبے کو جس میں وہ رہتا تھا ﴿١٣﴾ اور اُن تمام کو

الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ ثُمَّ يُنْجِيْهِ ۙ﴿١٤﴾ كَلَّا ؕ

جو زمین میں ہیں سب کو فِدیے میں دے دے پھر وہ اپنے کو بچا لے ﴿١٤﴾ لیکن ایسا ہرگز

اِنَّهَا لَظٰى ۙ﴿١٥﴾ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۚ﴿١٦﴾ تَدْعُوْا

نہیں ہوگا، وہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے ﴿١٥﴾ کھال اُدھیڑ ڈالنے والی ﴿١٦﴾ اُن لوگوں کو اپنی طرف

مَنْ اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ۙ﴿١٧﴾ وَجَمَعَ فَاَوْعٰى ﴿١٨﴾

بُلائے گی جنہوں نے دینِ حق سے اعراض کیا اور منہ پھیر لیا ﴿١٧﴾ اور مال جمع کیا اور بند کر رکھا ﴿١٨﴾

اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ۙ﴿١٩﴾ اِذَا مَسَّهُ

کچھ شک نہیں کہ انسان کم حوصلہ پیدا ہوا ہے ﴿١٩﴾ جب اُسے تکلیف

الشَّرُّ جَزُوْعًا ۙ﴿٢٠﴾ وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ

پہونچتی ہے تو گھبرا اُٹھتا ہے ﴿٢٠﴾ اور جب اُس کے پاس خوش حالی آتی ہے

مَنُوْعًا ۙ﴿٢١﴾ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۙ﴿٢٢﴾ الَّذِيْنَ

تو بہت بخیل بن جاتا ہے ﴿٢١﴾ مگر وہ نمازی ایسے نہیں ہیں ﴿٢٢﴾ جو

هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۙ﴿٢٣﴾ وَالَّذِيْنَ

اپنی نماز کی ہمیشہ پابندی کرتے ہیں ﴿٢٣﴾ اور جن کے

فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ۙ﴿٢٤﴾ لِّلسَّآئِلِ

مال و دولت میں ایک متعین حق ہے ﴿٢٤﴾ مانگنے والوں کا

وَالْمَحْرُوْمِ ۙ﴿٢٥﴾ وَالَّذِيْنَ يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ

اور نہ مانگنے والوں کا ﴿٢٥﴾ اور جو روزِ جزا کو سچ

الدِّيْنِ ۙ﴿٢٦﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ

سمجھتے ہیں ﴿٢٦﴾ اور جو اپنے پروردگار کے

رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿٢٧﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ

عذاب کا خوف رکھتے ہیں ﴿٢٧﴾ بے شک اُن کے پروردگار کا عذاب ہے ہی ایسا

غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ﴿٢٨﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ

کہ اُس سے بے خوف نہ ہوا جائے ﴿٢٨﴾ اور جو اپنی شرمگاہوں کی

حٰفِظُوْنَ ﴿٢٩﴾ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ

حفاظت کرتے ہیں ﴿٢٩﴾ مگر اپنی بیویوں یا لونڈیوں سے

اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ﴿٣٠﴾

کہ اُن کے پاس جانے پر اُنہیں کچھ ملامت نہیں ﴿٣٠﴾

فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

البتہ جو لوگ اُن کے علاوہ کوئی اور طریقہ اختیار کرنا چاہیں تو وہ

الْعٰدُوْنَ ﴿٣١﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ

حد سے گذرے ہوئے لوگ ہیں ﴿٣١﴾ اور جو اپنی امانتوں

وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ

اور عہد کا پاس رکھنے والے ہیں ﴿٣٢﴾ اور جو

بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ

اپنی شہادتوں پر قائم رہتے ہیں ﴿٣٣﴾ اور جو

عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿٣٤﴾ اُولٰٓئِكَ

اپنی نماز کی خبر رکھتے ہیں ﴿٣٤﴾ یہی لوگ

فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ﴿٣٥﴾ فَمَالِ الَّذِيْنَ ع ١ ٧ ٣٥

جنتوں میں عزت واکرام سے ہوں گے ﴿٣٥﴾ تو اُن کافروں کو

كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ ﴿٣٦﴾ عَنِ الْيَمِيْنِ

کیا ہوا ہے کہ آپ کی طرف دوڑے چلے آتے ہیں ﴿٣٦﴾ اور دائیں

وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ ﴿٣٧﴾ اَيَطْمَعُ كُلُّ

بائیں سے گروہ گروہ ہوکر جمع ہوتے جاتے ہیں ﴿٣٧﴾ کیا اُن میں سے ہر

امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ﴿٣٨﴾

شخص یہ توقّع رکھتا ہے کہ نعمت کے باغ میں داخل کیا جائے گا؟ ﴿٣٨﴾

كَلَّا ط اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٩﴾

ہرگز نہیں! ہم نے اُن کو اُس چیز سے پیدا کیا ہے جسے وہ جانتے ہیں ﴿٣٩﴾

فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ

ہمیں مشرقوں اور مغربوں کے مالک کی قسم کہ ہم

اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ۙ﴿۴۰﴾ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ خَيْرًا

طاقت رکھتے ہیں ﴿۴۰﴾ یعنی اِس بات پر قادر ہیں کہ اُن سے بہتر لوگ

مِّنْهُمْ ۙ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۴۱﴾ فَذَرْهُمْ

بدل لائیں اور ہم عاجز نہیں ہیں ﴿۴۱﴾ تو اے پیغمبر! اِن کو

يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ

باطل میں پڑے رہنے اور کھیل کھیلنے دیں یہاں تک کہ جس دن کا اُن سے

الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۙ﴿۴۲﴾ يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ

وعدہ کیا جاتا ہے وہ اُن کے سامنے آموجود ہو ﴿۴۲﴾ جس دن یہ جلدی جلدی

الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ

قبروں سے نکلیں گے جیسے اپنے بُتوں کی طرف دوڑے جارہے

يُّوْفِضُوْنَ ۙ﴿۴۳﴾ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ

ہوں ﴿۴۳﴾ اُن کی آنکھیں جھک رہی ہوں گی اور ذلّت اُن پر

ذِلَّةٌ ؕ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿٤٤﴾ ع ٢ ٩ ٨

چھا رہی ہوگی ، یہی وہ دن ہے جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا تھا ﴿٤٤﴾

(سورۂ نوح مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ، اِس میں (٢٨) آیتیں اور (٢) رکوع ہیں ،نازل ہونے کے اعتبار سے (٧١)نمبر پر ہے اور تلاوت کے اعتبار سے بھی (٧١) نمبر پر ہے اور سورۂ نحل کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (٢٢٤) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اس میں (٩٩٩) حروف ہیں |
|---|---|---|

اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ

بے شک ہم نے نوح (علیہ السلام) کو اُن کی قوم کی طرف رسول بنا کر بھیجا تھا

قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ

کہ ایک دردناک عذاب کے آنے سے پہلے اپنی قوم کو

اَلِيْمٌ ﴿١﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ

اطلاع کردو ﴿١﴾ نوح (علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! میں تم کو ایک صاف

مُّبِيْنٌ ﴿٢﴾ لا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ

اطلاع دینے آیا ہوں ﴿٢﴾ یہ کہ صرف ایک اللہ کی بندگی کرو، اُس کی نافرمانی سے بچو

وَاَطِيْعُوْنِ ﴿٣﴾ لا يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

اور میرا کہا مان جاؤ ﴿٣﴾ تب وہ تمہارے گناہ بخش دے گا

وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ اَجَلَ

اور ایک مقرر وقت کی تم کو مہلت دے گا، بے شک اللہ کی طرف سے

اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ

جب مقرر وقت آ جاتا ہے تو پھر ڈھیل نہیں ملتی، کاش تم یہ بات

تَعْلَمُوْنَ ﴿٤﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ دَعَوْتُ قَوْمِيْ

سمجھ لیتے ﴿٤﴾ نوح (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے میرے رب! میں اپنی قوم کو

لَيْلًا وَّنَهَارًا ﴿٥﴾ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْٓ

رات اور دن برابر دعوت دیتا رہا ﴿٥﴾ مگر یہ لوگ تو میری دعوت سے بدک کر اور زیادہ

اِلَّا فِرَارًا ﴿٦﴾ وَاِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ

بھاگنے لگے ﴿٦﴾ اور میں نے جب کبھی اُن کو دعوت دی اُن کے بھلے کے لیے کہ آپ

لَهُمْ جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ

اُن کی مغفرت فرما دیں لیکن اُنہوں نے اپنے کانوں میں اُنگلیاں ٹھونس لیں اور

وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا

کپڑوں سے اپنے بدن کو ڈھانک لیا اور اپنی ضد پر اڑے رہے اور بڑا تکبر لیے

وقف لازم

اسْتِكْبَارًا ۚ﴿۷﴾ ثُمَّ اِنِّيْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۙ﴿۸﴾

اَکڑ بیٹھے ﴿۷﴾ پھر بھی میں نے اُن کو اور زیادہ کُھل کر دعوت پیش کی ﴿۸﴾

ثُمَّ اِنِّيْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ

پھر اُس کے بعد میں نے کُھلم کُھلا اُن کے سامنے اپنی دعوت کا اعلان کر دیا اور اکیلے میں چُپکے سے

اِسْرَارًا ۙ﴿۹﴾ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ۭ قف

بھی سمجھانے کی کوشش کی ﴿۹﴾ چنانچہ میں نے کہا کہ اپنے پروردگار سے مغفرت مانگو،

اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۙ﴿۱۰﴾ يُّرْسِلِ السَّمَاۗءَ

یقین جانو کہ وہ بہت بخشنے والا ہے ﴿۱۰﴾ وہ تم پر آسمان سے پانی کی

عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۙ﴿۱۱﴾ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ

موسلا دھار بارش برسائے گا ﴿۱۱﴾ اور تمہاری امداد کرے گا مالوں

وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ

اور بیٹوں کے ذریعے اور تمہارے لیے باغات بنائے گا اور تمہارے لیے

لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿۱۲﴾ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ

نہریں بنائے گا ﴿۱۲﴾ تم کو کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کے لیے وقار اور عظمت کا

وَقَارًا ﴿١٣﴾ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴿١٤﴾

اعتقاد نہیں رکھتے ﴿١٣﴾ اور اُس نے تم کو پیدا فرمایا طرح طرح سے ﴿١٤﴾

اَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ

کیا تم نے یہ غور نہیں کیا کہ اللہ نے کیسے بنا دیے اوپر تلے سات

سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ﴿١٥﴾ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ

آسمان ﴿١٥﴾ اور چاند کو اُن میں نور پھیلانے والا

نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿١٦﴾ وَاللّٰهُ

اور سورج کو چراغ بنا دیا ﴿١٦﴾ اور اللہ نے

اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا ﴿١٧﴾ ثُمَّ

تمہیں زمین سے بہترین طریقے پر اُگایا ہے ﴿١٧﴾ پھر

يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَيُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ﴿١٨﴾

زمین کے اندر تمہیں لوٹا دے گا اور پھر تم کو ایک خاص انداز سے باہر نکالے گا ﴿١٨﴾

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ﴿١٩﴾

اور اللہ نے ہی تمہارے لیے زمین کو ایک فرش بنا دیا ہے ﴿١٩﴾

لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿٢٠﴾ ع ١ ٢٠ ٩

تاکہ تم اُس کے کشادہ اور کُھلے راستوں میں چل پھر سکو ﴿٢٠﴾

قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَاتَّبَعُوْا

نوح (علیہ السلام) نے عرض کیا کہ اے میرے رب! اِنہوں نے میری بات نہیں مانی اور

مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ وَوَلَدُهٗٓ اِلَّا

ایسوں کے کہنے میں آئے کہ اُن کے مال اور اولاد میں نقصان کے سوا اُن کے کچھ ہاتھ

خَسَارًا ﴿٢١﴾ ج وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ﴿٢٢﴾ ج

نہ آئے گا ﴿٢١﴾ اور اُنہوں نے بڑے فریب اور سازش کا جال بچھا دیا ﴿٢٢﴾

وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ

اور (اپنے آدمیوں سے) کہا ہے کہ اپنے معبودوں کو ہرگز مت چھوڑنا،

وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ

نہ وَدّ کو سُواع کو کسی صورت میں چھوڑنا، اور نہ یَغُوث و یَعُوق

وَنَسْرًا ﴿٢٣﴾ ج وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ ج وَلَا تَزِدِ

اور نَسر کو چھوڑنا ﴿٢٣﴾ اور اُنہوں نے بہت سے لوگوں کو بہکا دیا، اور اب آپ اِن گمراہوں کی

الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ﴿٢٤﴾ مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ

گمراہی میں ہی اضافہ کیجیے ﴿٢٤﴾ یہ لوگ اپنی خطاؤں اور گناہوں کے سبب

اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا فَلَمْ يَجِدُوْا

پانی میں ڈُباڈُبا کر مارے گئے پھر آگ میں داخل کر دیے گئے، اور اب اللہ

لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿٢٥﴾ وَقَالَ

کے مقابلے میں کسی کو بھی اپنا مددگار نہیں پا رہے ہیں ﴿٢٥﴾ اور نوح (علیہ السلام)

نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ

نے عرض کیا کہ اے رب! آپ زمین پر کافروں سے بسا ہوا ایک گھر بھی

الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿٢٦﴾ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ

باقی نہ رہنے دیں ﴿٢٦﴾ اگر آپ اُن کو یہاں رہنے دیں گے تو یہ آپ کے

يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا

بندوں کو پھر گمراہ کریں گے اور اُن سے جو اولاد ہوگی وہ بھی بدکار اور پکّی کافر

كَفَّارًا ﴿٢٧﴾ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ

ہی ہوگی ﴿٢٧﴾ اے میرے رب! میری مغفرت فرمایئے اور میرے ماں باپ کی مغفرت فرمایئے

دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ

اور جو میرے گھر میں ایمان لا کر داخل ہوا ایسے سب ایمان والے مَردوں کی اور ایمان والی

النصف ٢ ع ٨ ١٠

وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿٢٨﴾ ع

عورتوں کی مغفرت فرمایئے، اور ظالموں کی تباہی اور بربادی کو زیادہ بڑھا دیجیے ﴿٢٨﴾

(سورۂ جن مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (٢٨) آیتیں اور (٢) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٤٠) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٧٢) نمبر پر ہے اور سورۂ اعراف کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (٢٨٥) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٨٧٠) حروف ہیں

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ

کہہ دیجیے کہ مجھے وحی کی گئی ہے کہ جنّات کی ایک جماعت نے غور سے

الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ﴿١﴾

قرآن سنا تو اُنہوں نے کہا کہ ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے ﴿١﴾

يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ

جو ہدایت کی راہ بتاتا ہے تو ہم اُس پر ایمان لائے، اور ہم اپنے رب کے ساتھ

بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ﴿٢﴾ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا

کسی کو شریک نہ بنائیں گے ﴿٢﴾ اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بہت بلند ہے،

مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۙ﴿٣﴾ وَّاَنَّهٗ

اُس نے نہ کوئی بیوی بنائی ہے اور نہ اولاد ﴿٣﴾ اور یہ کہ

كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۙ﴿٤﴾

ہمارا نادان اللہ کے بارے میں بہت خلافِ حق باتیں کہتا تھا ﴿٤﴾

وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ

اور ہم نے گمان کیا تھا کہ انسان اور جن اللہ کی شان میں کبھی

عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۙ﴿٥﴾ وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ

جھوٹ بات نہ کہیں گے ﴿٥﴾ اور یہ کہ انسانوں میں سے کچھ لوگ

الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ

جنّات کے کچھ لوگوں کی پناہ لیا کرتے تھے، اِس طرح اُن لوگوں

فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۙ﴿٦﴾ وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا

نے جنّات کو اور سر چڑھا دیا تھا ﴿٦﴾ اور یہ کہ اُنہوں نے بھی گمان

ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ۙ﴿٧﴾

کیا جیسا تمہارا گمان تھا کہ اللہ کسی کو نہ اُٹھائے گا ﴿٧﴾

وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ

اور ہم نے آسمان کا جائزہ لیا تو ہم نے پایا کہ وہ سخت

حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ۙ﴿٨﴾ وَّاَنَّا كُنَّا

پہرے داروں اور شعلوں سے بھرا ہوا ہے ﴿٨﴾ اور ہم اُس کے بعض

نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ

ٹھکانوں میں سُننے کے لیے بیٹھا کرتے تھے، پس اب جو کوئی

يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۙ﴿٩﴾

سُننا چاہتا ہے تو وہ اپنے لیے ایک تیار شعلہ پاتا ہے ﴿٩﴾

وَّاَنَّا لَا نَدْرِيْٓ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي

اور ہم نہیں جانتے کہ یہ زمین والوں کے لیے کوئی بُرائی چاہی گئی

الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ۙ﴿١٠﴾

ہے یا اُن کے رب نے اُن کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کیا ہے ﴿١٠﴾

وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ

اور یہ کہ ہم میں سے بعض نیک ہیں اور بعض اور طرح کے،

كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ﴿١١﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ

ہم مختلف طریقوں پر ہیں ﴿١١﴾ اور یہ کہ ہم نے سمجھ لیا کہ

لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِي الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ

ہم زمین میں اللہ کو ہرا نہیں سکتے اور نہ بھاگ کر اُس کو

هَرَبًا ﴿١٢﴾ وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰٓى اٰمَنَّا

ہرا سکتے ہیں ﴿١٢﴾ اور یہ کہ ہم نے جب ہدایت کی بات سُنی تو ہم اُس پر ایمان

بِهٖ ؕ فَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ

لائے، پس جو شخص اپنے رب پر ایمان لائے گا تو اُس کو نہ کسی کمی کا اندیشہ

بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ﴿١٣﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ

ہوگا اور نہ زیادتی کا ﴿١٣﴾ اور یہ کہ ہم میں سے کچھ مسلمان ہو گئے ہیں

وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ

اور ہم میں سے (اب بھی) کچھ ظالم ہیں؛ چنانچہ جو اسلام لا چکے ہیں اُنہوں

تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿١٤﴾ وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا

نے ہدایت کا راستہ ڈھونڈ لیا ہے ﴿١٤﴾ اور رہے وہ لوگ جو ظالم ہیں تو وہ

لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿١٥﴾ وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا

جہنم کا ایندھن ہیں ﴿١٥﴾ اور (مجھے وحی کی گئی ہے کہ) یہ لوگ اگر

عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿١٦﴾

راستے پر قائم ہو جاتے تو ہم اُن کو خوب پانی سے سیراب کرتے ﴿١٦﴾

لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ

تاکہ اُس میں اُن کو آزمائیں، اور جو شخص اپنے رب کی یاد سے

ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿١٧﴾

منہ موڑے گا تو وہ اُس کو سخت عذاب میں مبتلا کرے گا ﴿١٧﴾

وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ

اور یہ کہ مسجدیں اللہ کے لیے ہیں، پس تم اللہ کے ساتھ کسی اور کو

اَحَدًا ﴿١٨﴾ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ

نہ پکارو ﴿١٨﴾ اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ اُس کو پکارنے کے لیے

يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿١٩﴾ ع ١١ ١٩

کھڑا ہوا تو لوگ اُس پر ٹوٹ پڑنے کے لیے تیار ہو گئے ﴿١٩﴾

قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ

کہہ دیجیے کہ میں صرف اپنے رب کو پکارتا ہوں اور اُس کے ساتھ کسی کو

اَحَدًا ﴿٢٠﴾ قُلْ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا

شریک نہیں کرتا ﴿٢٠﴾ کہہ دیجیے کہ میں تم لوگوں کے لیے نہ کسی نقصان کا اختیار

وَّلَا رَشَدًا ﴿٢١﴾ قُلْ اِنِّيْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ

رکھتا ہوں اور نہ کسی بھلائی کا ﴿٢١﴾ کہہ دیجیے کہ مجھ کو اللہ سے

مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ

کوئی بچا نہیں سکتا اور نہ میں اُس کے سوا کوئی پناہ پا سکتا

مُلْتَحَدًا ﴿٢٢﴾ اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ

ہوں ﴿٢٢﴾ بس اللہ ہی کی طرف سے پہونچا دینا اور اُس کے پیغاموں کی ادائیگی ہے،

وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ

اور جو شخص اللہ اور اُس کے رسول کی نافرمانی کرے گا تو اُس کے

نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ﴿٢٣﴾ ؕ

لیے جہنم کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے ﴿٢٣﴾

حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ فَسَيَعْلَمُوْنَ

یہاں تک کہ جب وہ دیکھیں گے اُس چیز کو جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہے

مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾

تو وہ جان لیں گے کہ کس کے مددگار کمزور ہیں اور کون تعداد میں کم ہیں ﴿۲۴﴾

قُلْ اِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ

کہہ دیجیے کہ میں نہیں جانتا کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ قریب ہے

اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْٓ اَمَدًا ﴿۲۵﴾ عٰلِمُ

یا میرے رب نے اُس کے لیے لمبی مدت مُقرّر کر رکھی ہے ﴿۲۵﴾ غیب کا

الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ۙ

جاننے والا وہی ہے، وہ اپنے غیب پر کسی کو مطّلع نہیں کرتا ﴿۲۶﴾

اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ

سوائے اُس رسول کے جس کو اُس نے پسند کیا ہو

يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ

تو وہ اُس کے آگے اور پیچھے محافظ لگا

رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ

دیتا ہے ﴿۲۷﴾ تا کہ اللہ جان لے کہ اُنہوں نے اپنے رب کے پیغامات

رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى

پہونچا دیے ہیں اور وہ اُن کے ماحول کا احاطہ کیے ہوئے ہے اور اُس

كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾ ع ۲ ۹ ۱۲

نے ہر چیز کو گن رکھا ہے ﴿۲۸﴾

(سورہ مزمل مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی لیکن آیت (۱۰،۱۱،۲۰) مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (۲۰) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۷۳) نمبر پر ہے اور سورۂ قلم کے بعد نازل ہوئی)

| اس میں (۲۸۵) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۸۳۸) حروف ہیں |
|---|---|---|

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا

اے کپڑا اوڑھنے والے ﴿۱﴾ رات کو قیام کیا کریں مگر

قَلِيْلًا ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ

تھوڑی سی رات ﴿۲﴾ یعنی نصف رات یا اُس سے

قَلِيْلًا ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ

کچھ کم ﴿۳﴾ یا اُس سے کچھ زیادہ اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر

تَرْتِيْلًا ﴿۴﴾ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا

پڑھا کریں ﴿۴﴾ ہم جلد ہی آپ پر ایک بھاری فرمان نازل

ثَقِيْلًا ﴿۵﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ

کریں گے ﴿۵﴾ یقیناً رات کے وقت اُٹھنا ہی ایسا عمل ہے جس سے نفس اچھی طرح

وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ﴿۶﴾ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ

کُچلا جاتا ہے اور بات بھی بہتر طریقے پر کہی جاتی ہے ﴿۶﴾ بے شک دن میں آپ کو

سَبْحًا طَوِيْلًا ﴿۷﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ

اور بہت سے کام ہوتے ہیں ﴿۷﴾ تو اپنے رب کے ناموں کا ذکر کیا کیجیے

وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ﴿۸﴾ رَبُّ الْمَشْرِقِ

اور ہر طرف سے بے تعلق ہو کر اُسی کی طرف متوجہ ہو جایئے ﴿۸﴾ وہی مشرق

وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ

و مغرب کا مالک ہے، اُس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں تو اُسی کو اپنا

وَكِيْلًا ﴿۹﴾ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ

وکیل بنا لیجیے ﴿۹﴾ اور جو جو دل توڑنے والی باتیں وہ کہتے ہیں اُن کو حوصلے سے

وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿۱۰﴾ وَذَرْنِيْ

برداشت کرتے رہیے اور اُن سے اچھے انداز کے ساتھ الگ ہو جایئے ﴿۱۰﴾ اور مجھ پر چھوڑ

وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿۱۱﴾

دیجیے اُن جھٹلانے والے مال داروں کو، اور اُن کو تھوڑی سی مہلت دے دیجیے ﴿۱۱﴾

اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ﴿۱۲﴾ لا وَّطَعَامًا

بے شک ہمارے پاس بیڑیاں ہیں اور بھڑکتی ہوئی آگ ہے ﴿۱۲﴾ اور گلے میں

ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳﴾ قف يَوْمَ تَرْجُفُ

اٹکنے والا کھانا اور دردناک عذاب ہے ﴿۱۳﴾ جس دن زمین اور پہاڑ

الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا

لرز اُٹھیں گے اور پہاڑ پھسلتی ہوئی ریت کا ٹیلہ بن جائیں

مَّهِيْلًا ﴿۱۴﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ

گے ﴿۱۴﴾ (اے مکہ والو) ہم نے تمہارے پاس ایک رسول

شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ

تم پر گواہ بنا کر بھیجا، جس طرح ہم نے ایک رسول (موسیٰ کو) فرعون کی

احتیاط

رَسُوْلًا ﴿١٥﴾ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ

طرف بھیجا تھا ﴿١٥﴾ پس فرعون نے (ہمارے) رسول کا کہا نہ مانا

فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿١٦﴾ فَكَيْفَ

تو ہم نے اُس کو ایک بڑے وبال میں پکڑ لیا ﴿١٦﴾ اگر تم

تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ

کفر کرو گے تو تم کس طرح اُس دن سے بچو گے جو بچّوں کو

الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿١٧﴾ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ

بوڑھا کردے گا ﴿١٧﴾ جس میں آسمان پھٹ جائے گا،

بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿١٨﴾ اِنَّ هٰذِهٖ

اللہ کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا ﴿١٨﴾ یہ قرآن تو

تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ

ایک نصیحت ہے، تو جو شخص چاہے اپنے رب کی طرف

سَبِيْلًا ﴿١٩﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ ع ١٩ ١٣

راستہ اختیار کرے ﴿١٩﴾ بے شک آپ کا رب خوب جانتا ہے کہ آپ

تَقُوْمُ اَدْنٰی مِنْ ثُلُثَیِ الَّیْلِ وَنِصْفَهٗ

اور آپ کے ساتھ کے لوگ (کبھی تو) دو تہائی رات کے قریب اور

وَثُلُثَهٗ وَطَآىِٕفَةٌ مِّنَ الَّذِیْنَ مَعَكَ ؕ

(کبھی) آدھی رات اور (کبھی) ایک تہائی رات قیام کرتے ہیں،

وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ

اور اللہ تو رات اور دن کا اندازہ رکھتا ہے، اُس نے معلوم کر لیا کہ

لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَیْكُمْ فَاقْرَءُوْا

تم اُس کو نباہ نہ سکو گے تو اُس نے تم پر مہربانی کی پس جتنا آسانی سے ہو سکے

مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَیَكُوْنُ

اُتنا قرآن پڑھ لیا کرو، اُس نے جان لیا کہ تم میں بعض

مِنْكُمْ مَّرْضٰی ۙ وَاٰخَرُوْنَ یَضْرِبُوْنَ

بیمار ہیں اور بعض روزی کی تلاش میں

فِی الْاَرْضِ یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ

مُلک میں سفر کرتے ہیں

وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ

اور بعض اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں ،

فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا

تو جتنا آسانی سے ہوسکے اُتنا پڑھ لیا کرو ، اور نماز کی

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ

پابندی رکھو اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو اور اللہ کو

قَرْضًا حَسَنًا ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ

قرضِ حسنہ دیتے رہو، اور جو نیک عمل تم اپنے لیے

مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا

آگے بھیج دو گے تو اُس کے صِلہ میں اللہ کے ہاں بہتر

وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۭ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ

اور بڑا بدلہ پاؤ گے ، اور اللہ سے بخشش مانگتے رہو

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۲۰ ع

(اور) اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے ۝۲۰

ع ۲ ۱ ۱۴

(سورۂ مدثّر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۵۶) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۷۴) نمبر پر ہے اور سورۂ مزمل کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۲۵۵) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | اس میں (۱۰۱۰) حروف ہیں

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۙ﴿۱﴾ قُمْ فَاَنْذِرْ ۙ﴿۲﴾

اے کپڑا اوڑھنے والے! (۱) کھڑے ہو جایئے اور آگاہ کر دیجیے (۲)

وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۙ﴿۳﴾ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۙ﴿۴﴾

اور رب ہی کی بڑائیاں بیان کیجیے (۳) اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھیے (۴)

وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۙ﴿۵﴾ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۙ﴿۶﴾

ناپاکی کو چھوڑ دیجیے (۵) اور احسان کر کے زیادہ لینے کی خواہش نہ کیجیے (۶)

وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ؕ﴿۷﴾ فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ ۙ﴿۸﴾

اور اپنے رب کی راہ میں صبر کیجیے (۷) پس جب کہ صور میں پھونک ماری جائے گی (۸)

فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۙ﴿۹﴾ عَلَى

تو وہ دن بڑا سخت دن ہوگا (۹) (جو)

الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ﴿۱۰﴾ ذَرْنِيْ وَمَنْ

کافروں پر آسان نہ ہوگا (۱۰) اُس شخص کا معاملہ مجھ پر چھوڑ دیں

خَلَقْتُ وَحِيْدًا ﴿١١﴾ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا

جسے میں نے اکیلا پیدا کیا ﴿١١﴾ اور اُسے ایسا مال دیا جو دور تک

مَّمْدُوْدًا ﴿١٢﴾ وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ﴿١٣﴾ وَّمَهَّدْتُّ

پھیلا پڑا ہے ﴿١٢﴾ اور بیٹے دیے جو سامنے موجود رہتے ہیں ﴿١٣﴾ اور میں نے اُسے بہت کچھ

لَهٗ تَمْهِيْدًا ﴿١٤﴾ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ﴿١٥﴾

کشادگی دے رکھی ہے ﴿١٤﴾ پھر بھی اُس کی چاہت ہے کہ میں اُسے اور زیادہ دوں ﴿١٥﴾

كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ﴿١٦﴾

نہیں نہیں ، وہ ہماری آیتوں کا مخالف ہے ﴿١٦﴾

سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ﴿١٧﴾ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ﴿١٨﴾

جلد ہی میں اُسے ایک سخت چڑھائی چڑھاؤں گا ﴿١٧﴾ اُس کا حال تو یہ ہے کہ اُس نے سوچ کر ایک بات بنائی ﴿١٨﴾

فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿١٩﴾ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ

خدا کی مار ہو اُس پر کہ کیسی بات بنائی ﴿١٩﴾ دوبارہ خدا کی مار ہو اُس پر

قَدَّرَ ﴿٢٠﴾ ثُمَّ نَظَرَ ﴿٢١﴾ ثُمَّ عَبَسَ

کہ کیسی بات بنائی ﴿٢٠﴾ پھر اُس نے نظر دوڑائی ﴿٢١﴾ پھر اُس نے منہ بنایا

وَبَسَرَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ

اور پھر اُس نے منہ بگاڑا ﴿۲۲﴾ پھر پیچھے ہٹ گیا اور غرور کیا ﴿۲۳﴾ اور کہنے لگا کہ

اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ﴿۲۴﴾ اِنْ هٰذَآ

یہ تو صرف جادو ہے جو نقل کیا جاتا ہے ﴿۲۴﴾ سوائے

اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ﴿۲۵﴾ سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ﴿۲۶﴾

انسانی کلام کے کچھ بھی نہیں ﴿۲۵﴾ میں جلد ہی اُسے دوزخ میں ڈالوں گا ﴿۲۶﴾

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ﴿۲۷﴾ لَا تُبْقِيْ

اور آپ کو کیا خبر کہ دوزخ کیا چیز ہے ﴿۲۷﴾ نہ وہ باقی رکھتی ہے

وَلَا تَذَرُ ﴿۲۸﴾ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ﴿۲۹﴾ عَلَيْهَا

اور نہ چھوڑتی ہے ﴿۲۸﴾ کھال کو جھلسا دیتی ہے ﴿۲۹﴾ اور اُس پر

تِسْعَةَ عَشَرَ ﴿۳۰﴾ وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ

اُنّیس (فرشتے مقرر) ہیں ﴿۳۰﴾ ہم نے دوزخ کے

النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ

داروغے صرف فرشتے رکھے ہیں، اور ہم نے اُن کی تعداد

اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ

صرف کافروں کی آزمائش کے لیے مقرر کی ہے؛ تاکہ اہلِ کتاب

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ

یقین کرلیں اور اہلِ ایمان کے ایمان میں

اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ

اضافہ ہو جائے اور اہلِ کتاب اور اہلِ ایمان

اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ

شک نہ کریں ، اور جن کے دلوں میں

الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ

بیماری ہے وہ اور کافر کہیں گے کہ

مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۭ كَذٰلِكَ

اِس بیان سے اللہ تعالیٰ کی مُراد کیا ہے ؟ اِسی طرح

يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ

اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت

يَّشَآءُ ؕ وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ

دیتا ہے، اور آپ کے رب کے لشکروں کو اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا،

ع ۱ ۳۱ ۱۵ وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ﴿۳۱﴾ ع كَلَّا

اور یہ محض ایک نصیحت ہے انسانوں کے لیے ﴿۳۱﴾ سچ کہتا ہوں کہ

وَالْقَمَرِ ﴿۳۲﴾ لا وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ﴿۳۳﴾ لا وَالصُّبْحِ

قسم ہے چاند کی ﴿۳۲﴾ اور رات کی جب وہ پیچھے ہٹے ﴿۳۳﴾ اور صبح کی

اِذَآ اَسْفَرَ ﴿۳۴﴾ لا اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ﴿۳۵﴾ لا

جب کہ روشن ہو جائے ﴿۳۴﴾ کہ یقیناً وہ (جہنم) بڑی چیزوں میں سے ایک ہے ﴿۳۵﴾

نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ﴿۳۶﴾ لا لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ

بنی آدم کو ڈرانے والی ﴿۳۶﴾ تم میں سے ہر اُس شخص کو جو

اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ﴿۳۷﴾ ؕ كُلُّ نَفْسٍ

آگے بڑھنا یا پیچھے ہٹنا چاہے ﴿۳۷﴾ ہر شخص

بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ﴿۳۸﴾ لا اِلَّآ اَصْحٰبَ

روکا جائے گا اُن اعمال کی وجہ سے جو اُس نے کیے ﴿۳۸﴾ مگر دائیں

مع ۱۶

الْيَمِيْنِ ﴿۳۹﴾ فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۴۰﴾

ہاتھ والے ﴿۳۹﴾ جو جنتوں میں ہوں گے، ایک دوسرے کو پوچھ رہے ہوں گے ﴿۴۰﴾

عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ

مجرموں کے بارے میں ﴿۴۱﴾ کہ تمہیں دوزخ میں کس چیز نے

سَقَرَ ﴿۴۲﴾ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ﴿۴۳﴾

ڈالا ﴿۴۲﴾ وہ جواب دیں گے کہ ہم نمازی نہ تھے ﴿۴۳﴾

وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَكُنَّا

اور نہ ہم مسکین کو کھانا کھلاتے تھے ﴿۴۴﴾ اور ہم

نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَكُنَّا

بحث کرنے والوں کا ساتھ دے کر بحث ومباحثے میں مشغول رہا کرتے تھے ﴿۴۵﴾ اور

نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۴۶﴾ حَتّٰٓى اَتٰىنَا

بدلے کے دن کو جھٹلاتے تھے ﴿۴۶﴾ یہاں تک کہ ہمیں

الْيَقِيْنُ ﴿۴۷﴾ فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ

موت آگئی ﴿۴۷﴾ پس اُنہیں سفارش کرنے والوں کی سفارش

الشّٰفِعِيْنَ ﴿۴۸﴾ فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ

نفع نہ دے گی ﴿۴۸﴾ اُنہیں کیا ہو گیا ہے کہ نصیحت سے

مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۹﴾ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ﴿۵۰﴾

منہ موڑ رہے ہیں ﴿۴۹﴾ گویا کہ وہ بِدکے ہوئے گدھے ہیں ﴿۵۰﴾

فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ﴿۵۱﴾ بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ

جو شیر سے بھاگے ہوں ﴿۵۱﴾ بلکہ اُن میں سے ہر شخص

امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا

چاہتا ہے کہ اُسے کُھلی ہوئی کتابیں دی

مُّنَشَّرَةً ﴿۵۲﴾ كَلَّا ۭ بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ

جائیں ﴿۵۲﴾ ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا ؛ بلکہ یہ قیامت سے

الْاٰخِرَةَ ﴿۵۳﴾ كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ﴿۵۴﴾

بے خوف ہیں ﴿۵۳﴾ سچی بات تو یہ ہے کہ یہ (قرآن) ایک نصیحت ہے ﴿۵۴﴾

فَمَنْ شَاۗءَ ذَكَرَهٗ ﴿۵۵﴾ وَمَا يَذْكُرُوْنَ

اب جو چاہے اُسے یاد کر لے ﴿۵۵﴾ اور وہ نصیحت حاصل نہیں کر سکتے

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى

مگر یہ کہ اللہ چاہے ، وہی تقوے کا اہل ہے

الثلثة ٢ ٢٤ ٢٥ ١٦

وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿٥٦﴾ ع

اور بخشنے کا اہل ہے ﴿٥٦﴾

(سورۂ قیامہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ، اس میں (٤٠) آیتیں اور (٢) رکوع ہیں ،نازل ہونے کے اعتبار سے (٣١) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٧٥) نمبر پر ہے اور سورۂ قارعہ کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (١٩٩) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٦٩٢) حروف ہیں

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ﴿١﴾ لا

میں قسم کھاتا ہوں قیامت کے دن کی ﴿١﴾

وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ﴿٢﴾

اور قسم کھاتا ہوں ملامت کرنے والے نفس کی ﴿٢﴾

اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ

کیا انسان سمجھتا ہے کہ ہم اُس کی ہڈیاں ہرگز جمع نہیں کر

عِظَامَهٗ ﴿٣﴾ ط بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ

پائیں گے ﴿٣﴾ کیوں نہیں ! جب کہ ہمیں اِس پر بھی قدرت ہے کہ

نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ﴿٤﴾ بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ

اُس کی انگلیوں کے پور پور کو ٹھیک بنا دیں ﴿٤﴾ بلکہ انسان تو چاہتا ہے کہ

لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۚ ﴿٥﴾ يَسْـَٔلُ اَيَّانَ

آئندہ بھی فسق و فجور کے کام کرے ﴿٥﴾ وہ پوچھتا ہے کہ

يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ۭ ﴿٦﴾ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۙ ﴿٧﴾

قیامت کا دن کب ہے ﴿٦﴾ پھر جب آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی ﴿٧﴾

وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۙ ﴿٨﴾ وَجُمِعَ الشَّمْسُ

اور چاند بے نور ہو جائے گا ﴿٨﴾ اور جمع کر دیے جائیں گے سورج

وَالْقَمَرُ ۙ ﴿٩﴾ يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَىِٕذٍ

اور چاند ﴿٩﴾ انسان اُس دن کہے گا کہ

اَيْنَ الْمَفَرُّ ۚ ﴿١٠﴾ كَلَّا لَا وَزَرَ ۭ ﴿١١﴾ اِلٰى

کدھر بھاگوں ﴿١٠﴾ ہرگز نہیں! (وہاں) کوئی پناہ گاہ نہیں ﴿١١﴾ اُس دن

رَبِّكَ يَوْمَىِٕذِ ۨ الْمُسْتَقَرُّ ۭ ﴿١٢﴾ يُنَبَّؤُا

آپ کے رب کے سامنے جا ٹھہرنا ہوگا ﴿١٢﴾ اُس دن

الْاِنْسَانُ يَوْمَىِٕذٍۭ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ؕ ﴿١٣﴾

انسان کو بتا دیا جائے گا جو اُس نے آگے بھیجا اور پیچھے چھوڑا ﴿١٣﴾

بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۙ ﴿١٤﴾

بلکہ انسان خود اپنے نفس پر خوب شاہد ہے ﴿١٤﴾

وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ؕ ﴿١٥﴾ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ

اگرچہ وہ اپنی (کتنی ہی) معذرتیں پیش کرے ﴿١٥﴾ اے نبی! آپ اِس

لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ؕ ﴿١٦﴾ اِنَّ عَلَيْنَا

(قرآن) کو یاد کرنے کے لیے اپنی زبان کو حرکت نہ دیں ﴿١٦﴾ یقیناً اِس کا جمع کرنا

جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۚ ﴿١٧﴾ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ

اور (آپ سے) اِس کا پڑھوا دینا ہمارے ذمّے ہے ﴿١٧﴾ پھر جب ہم اُسے پڑھوا چکیں تو

قُرْاٰنَهٗ ۚ ﴿١٨﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ؕ ﴿١٩﴾

آپ اُس کے پڑھنے کا اتباع کریں ﴿١٨﴾ پھر یقیناً اُس کی وضاحت ہمارے ذمّے ہے ﴿١٩﴾

كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ۙ ﴿٢٠﴾ وَتَذَرُوْنَ

ہرگز نہیں! بلکہ تم دنیا کو پسند کرتے ہو ﴿٢٠﴾ اور تم آخرت کو

الْاٰخِرَةَ ﴿٢١﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿٢٢﴾

چھوڑ دیتے ہو ﴿٢١﴾ اُس دن کئی چہرے تر و تازہ ہوں گے ﴿٢٢﴾

اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿٢٣﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍۭ

اپنے رب کی طرف دیکھتے ہوں گے ﴿٢٣﴾ اور اُس دن کئی چہرے

بَاسِرَةٌ ﴿٢٤﴾ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿٢٥﴾

اُداس ہوں گے ﴿٢٤﴾ وہ سمجھیں گے کہ اُن سے کمر توڑ معاملہ کیا جائے گا ﴿٢٥﴾

كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿٢٦﴾ وَقِيْلَ

ہرگز نہیں! جب جان حلق تک آ پہونچے گی ﴿٢٦﴾ اور کہا جائے گا:

مَنْ ۜ رَاقٍ ﴿٢٧﴾ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ﴿٢٨﴾

کون ہے جھاڑ پھونک کرنے والا؟ ﴿٢٧﴾ اور وہ سمجھے گا کہ یہ جدائی کا وقت ہے ﴿٢٨﴾

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿٢٩﴾ اِلٰى رَبِّكَ

اور پنڈلی پنڈلی سے لپٹ جائے گی ﴿٢٩﴾ اُس دن

يَوْمَئِذِ ِۨالْمَسَاقُ ﴿٣٠﴾ فَلَا صَدَّقَ ع ١٧

آپ کے رب کی طرف چلنا ہوگا ﴿٣٠﴾ نہ تو اُس نے تصدیق کی

* یہاں پر سکتہ واجب ہے۔

وَلَا صَلّٰى ﴿٣١﴾ وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿٣٢﴾

اور نہ نماز پڑھی ﴿٣١﴾ بلکہ اُس نے (حق کو) جُھٹلایا اور منہ موڑا ﴿٣٢﴾

ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ﴿٣٣﴾

پھر گیا اپنے گھر والوں کی طرف اکڑتا ہوا ﴿٣٣﴾

اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿٣٤﴾ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ

تیرے لیے ہلاکت پر ہلاکت ہے ﴿٣٤﴾ پھر تیرے لیے ہلاکت پر

فَاَوْلٰى ﴿٣٥﴾ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ

ہلاکت ہے ﴿٣٥﴾ کیا انسان سمجھتا ہے کہ اُسے یونہی بیکار (بلاحساب وکتاب)

سُدًى ﴿٣٦﴾ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ

چھوڑ دیا جائے گا؟ ﴿٣٦﴾ کیا وہ منی کا ایک نطفہ نہیں تھا جو (رحم میں)

يُّمْنٰى ﴿٣٧﴾ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ

ٹپکایا جاتا ہے ﴿٣٧﴾ پھر جما ہوا خون تھا، پھر اللہ نے (اُسے) بنایا

فَسَوّٰى ﴿٣٨﴾ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ

پھر درست کیا ﴿٣٨﴾ پھر اُس سے نر اور مادہ کا

الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿٣٩﴾ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ

جوڑا بنایا ﴿٣٩﴾ کیا وہ (اللہ) اِس بات پر قادر نہیں کہ

عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿٤٠﴾ ع ٢ ١٠ ١٨

مُردوں کو زندہ کردے ﴿٤٠﴾

(سورۂ دہر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (٣١) آیتیں اور (٢) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٩٨) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٧٦) نمبر پر ہے اور سورۂ رحمٰن کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (٢٤٠) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (١٠٥٤) حروف ہیں

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ

یقیناً گزرا ہے انسان پر ایک وقت زمانے میں جب کہ

لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ﴿١﴾ اِنَّا خَلَقْنَا

یہ کوئی قابلِ ذکر چیز نہ تھا ﴿١﴾ بے شک ہم نے انسان کو

الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ق نَّبْتَلِيْهِ

ملے جلے نُطفے سے امتحان کے لیے پیدا کیا

فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿٢﴾ اِنَّا هَدَيْنٰهُ

اور اُس کو سُنتا دیکھتا بنایا ﴿٢﴾ ہم نے اُسے راہ دِکھائی

السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۝۳ اِنَّآ

اب چاہے وہ شکر گزار بنے یا چاہے ناشکرا ۝۳ یقیناً ہم نے

اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۠ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ۝۴

کافروں کے لیے زنجیریں اور طوق اور شعلوں والی آگ تیار کر رکھی ہے ۝۴

اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ

بے شک نیک لوگ ایسے جام سے پئیں گے

مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝۵ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا

جس میں کافور ملا ہوا ہوگا ۝۵ جو ایک چشمہ ہے جس سے

عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ۝۶

اللہ کے بندے پئیں گے، اُس کی نہریں نکال لے جائیں گے (جدھر چاہیں) ۝۶

يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ

جو نذر پوری کرتے ہیں اور اُس دن سے ڈرتے ہیں

شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝۷ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ

جس کی بُرائی چاروں طرف پھیل جانے والی ہے ۝۷ اور اللہ کی محبت میں

عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ﴿۸﴾

کھانا کھلاتے ہیں مسکین اور یتیم اور قیدی کو ﴿۸﴾

اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ

ہم تو تمہیں صرف اللہ کی رضامندی کے لیے کھلاتے ہیں نہ تم سے

مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ﴿۹﴾ اِنَّا نَخَافُ

بدلہ چاہتے ہیں اور نہ شکریہ چاہتے ہیں ﴿۹﴾ بے شک ہم اپنے پروردگار سے

مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ﴿۱۰﴾

اُس دن کا خوف کرتے ہیں جو اُداسی اور سختی والا ہوگا ﴿۱۰﴾

فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ

پس اُنہیں اللہ نے اُس دن کی بُرائی سے بچا لیا اور اُنہیں

نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ﴿۱۱﴾ وَجَزٰىهُمْ بِمَا

تازگی اور خوشی پہونچائی ﴿۱۱﴾ اور اُنہیں اُن کے

صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ﴿۱۲﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ

صبر کے بدلے جنّت اور ریشمی لباس عطا فرمائے ﴿۱۲﴾ وہ وہاں

فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا

تختوں پر تکیے لگائے ہوئے بیٹھیں گے، نہ وہاں سورج کی گرمی

شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ﴿١٣﴾ وَدَانِيَةً

دیکھیں گے اور نہ جاڑے کی سختی ﴿١٣﴾ اُن جنتوں کے سائے

عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا

اُن پر جُھکے ہوئے ہوں گے اور اُن کے (میوے اور) گُچھّے نیچے

تَذْلِيْلًا ﴿١٤﴾ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ

لٹکائے ہوئے ہوں گے ﴿١٤﴾ اور اُن پر چاندی کے برتنوں

مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا ﴿١٥﴾

اور اُن جاموں کا دور کرایا جائے گا جو شیشے کے ہوں گے ﴿١٥﴾

قَوَارِيْرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ﴿١٦﴾

شیشے بھی چاندی کے جن کو (ساقی نے) اندازے سے ناپ رکھا ہوگا ﴿١٦﴾

وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا

اور اُنہیں وہاں وہ جام پلائے جائیں گے جن میں

امام حفص نے ان دونوں کلمات کو ملا کر پڑھنے کی صورت میں پہلے کلمے میں الف نہیں پڑھا ہے، البتہ پڑھنے کی دوسری صورت میں پہلے کلمے میں الف کے ساتھ اور دوسرے کلمے میں بغیر الف کے وقف کیا ہے۔

زَنْجَبِيْلًا ﴿١٧﴾ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ﴿١٨﴾

ادرک ملی ہوئی ہوگی ﴿١٧﴾ جنت کی ایک نہر سے جس کا نام سلسبیل ہے ﴿١٨﴾

وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۚ

اور اُن پر لڑکے چکّر لگائیں گے جو لڑکے ہی رہیں گے ،

اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ﴿١٩﴾

جب آپ اُن کو دیکھو گے تو آپ اُنہیں بکھرے موتی گمان کرو گے ﴿١٩﴾

وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا

اور تم وہاں جہاں کہیں بھی نظر ڈالو گے تو سراسر نعمتیں اور عظیم الشان

كَبِيْرًا ﴿٢٠﴾ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ

سلطنت ہی دیکھو گے ﴿٢٠﴾ اُن کے جسموں پر سبز

خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ز وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ

باریک اور موٹے ریشمی کپڑے ہوں گے اور اُنہیں چاندی کے کنگنوں کا زیور

مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا

پہنایا جائے گا اور اُنہیں اُن کا رب پاک صاف

طَهُوْرًا ﴿٢١﴾ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً

شراب پلائے گا ﴿٢١﴾ (کہا جائے گا کہ) یہ ہے تمہارے اعمال کا بدلہ اور

وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿٢٢﴾ ع اِنَّا نَحْنُ ١ ع ٢٢ ١٩

تمہاری کوشش کی قدر کی گئی ﴿٢٢﴾ (اے نبی!) ہم نے ہی

نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ﴿٢٣﴾ ج

آپ پر قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے نازل کیا ہے ﴿٢٣﴾

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ

پس آپ اپنے رب کے حکم پر قائم رہیے اور اُن میں سے کسی گنہ گار

اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿٢٤﴾ ج وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ

یا ناشکرے کا کہا نہ مانیں ﴿٢٤﴾ اور اپنے رب کے نام کا

بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿٢٥﴾ ج وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ

صبح وشام ذکر کیا کریں ﴿٢٥﴾ اور رات کے کچھ وقت اُس کے سامنے سجدے کریں

لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ﴿٢٦﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

اور بہت رات تک اُس کی تسبیح کیا کریں ﴿٢٦﴾ بے شک یہ لوگ

يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ

جلدی ملنے والی (دنیا) کو چاہتے ہیں اور اپنے پیچھے ایک بڑے بھاری دن کو

يَوْمًا ثَقِيْلًا ﴿٢٧﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ

چھوڑ دیتے ہیں ﴿٢٧﴾ ہم نے اُنہیں پیدا کیا اور ہم نے اُن کے جوڑ اور بندھن

اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ

مضبوط کیے، اور ہم جب چاہیں اُن کے بدلے اُن جیسے اوروں کو

تَبْدِيْلًا ﴿٢٨﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ

بدل لائیں ﴿٢٨﴾ یقیناً یہ تو ایک نصیحت ہے، پس جو چاہے

اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿٢٩﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ

اپنے رب کی راہ لے لے ﴿٢٩﴾ اور تم نہ چاہو گے

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا

مگر یہ کہ اللہ ہی چاہے، بے شک اللہ علم والا،

حَكِيْمًا ﴿٣٠﴾ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ

حکمت والا ہے ﴿٣٠﴾ جسے چاہے اپنی رحمت میں داخل کر لے،

ع ۲ ۹ ۲۰

وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۱﴾ ع

اور ظالموں کے لیے اُس نے دردناک عذاب تیّار کر رکھا ہے ﴿۳۱﴾

(سورۂ مرسلات مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت نمبر (۴۸) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۵۰) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۳۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۷۷) نمبر پر ہے اور سورۂ ہمزہ کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۱۸۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۸۱۶) حروف ہیں |
|---|---|---|

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ﴿۱﴾ فَالْعٰصِفٰتِ

اُن ہواؤں کی قسم جو نفع کے لیے بھیجی جاتی ہیں ﴿۱﴾ پھر اُن ہواؤں کی قسم

عَصْفًا ﴿۲﴾ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ﴿۳﴾

جو تیز چلنے والی ہیں ﴿۲﴾ اور اُن ہواؤں کی قسم جو بادلوں کو پھیلانے والی ہیں ﴿۳﴾

فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ﴿۴﴾ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ﴿۵﴾

پھر اُن ہواؤں کی قسم جو بادلوں کو الگ الگ کرنے والی ہیں ﴿۴﴾ پھر اُن ہواؤں کی قسم جو اللہ کی یاد دل میں ڈالنے والی ہیں ﴿۵﴾

عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ﴿۶﴾ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ﴿۷﴾

عُذر کے لیے یا ڈرانے کے لیے ﴿۶﴾ تمہیں جس سے ڈرایا جا رہا ہے وہ البتہ ضرور واقع ہونے والا ہے ﴿۷﴾

فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ﴿۸﴾ وَاِذَا السَّمَآءُ

جب تاروں کی چمک جاتی رہے گی ﴿۸﴾ اور جب آسمان

فُرِجَتْ ۝۹ وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ۝۱۰ وَاِذَا

پھٹ جائے گا ۝۹ اور جب پہاڑ اُڑے اُڑے پھریں گے ۝۱۰ اور جب

الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ۝۱۱ لِاَيِّ يَوْمٍ اُجِّلَتْ ۝۱۲

پیغمبروں کے جمع ہونے کا وقت آجائے گا ۝۱۱ بھلا اِن امور میں تاخیر کس دن کے لیے کی گئی؟ ۝۱۲

لِيَوْمِ الْفَصْلِ ۝۱۳ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ

فیصلے کے دن کے لیے ۝۱۳ اور آپ کو کیا خبر کہ فیصلے کا دن

الْفَصْلِ ۝۱۴ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۵

کیا ہے ۝۱۴ اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے خرابی ہے ۝۱۵

اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۶ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ

کیا ہم نے پہلے لوگوں کو ہلاک نہیں کر ڈالا؟ ۝۱۶ پھر ہم اِن پچھلوں کو بھی اُن کے پیچھے

الْاٰخِرِيْنَ ۝۱۷ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ۝۱۸

بھیج دیتے ہیں ۝۱۷ ہم گنہ گاروں کے ساتھ ایسا ہی کرتے ہیں ۝۱۸

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۹ اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ

اُس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے ۝۱۹ کیا ہم نے تم کو

مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۙ﴿٢٠﴾ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ

حقیر پانی سے نہیں پیدا کیا ؟ ﴿٢٠﴾ پھر ہم نے اُس کو محفوظ

مَّكِيْنٍ ۙ﴿٢١﴾ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۙ﴿٢٢﴾ فَقَدَرْنَا ۖ

ٹھہرنے کی جگہ میں رکھا ﴿٢١﴾ ایک مقرر وقت تک ﴿٢٢﴾ پھر ہم نے اندازہ مقرر کیا

فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ﴿٢٣﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

اور ہم کیا ہی خوب اندازہ مقرر کرنے والے ہیں ﴿٢٣﴾ اُس دن جھٹلانے والوں کی

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٢٤﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ۙ﴿٢٥﴾

خرابی ہے ﴿٢٤﴾ کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی نہیں بنایا ؟ ﴿٢٥﴾

اَحْيَآءً وَّاَمْوَاتًا ۙ﴿٢٦﴾ وَّجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ

یعنی زندوں اور مُردوں کو ﴿٢٦﴾ اور ہم نے اُس پر اونچے پہاڑ

شٰمِخٰتٍ وَّاَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًا ؕ﴿٢٧﴾ وَيْلٌ

رکھ دیے اور ہم نے تم لوگوں کو میٹھا پانی پلایا ﴿٢٧﴾ اُس دن

يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٢٨﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى مَا

جھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿٢٨﴾ جس چیز کو تم جھٹلایا کرتے تھے

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢٩﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ

اب اُس کی طرف چلو ﴿٢٩﴾ یعنی اُس سائے کی طرف چلو جس کی

ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ﴿٣٠﴾ لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ

تین شاخیں ہیں ﴿٣٠﴾ جس میں نہ تو (ٹھنڈک والا) سایہ ہے اور نہ وہ آگ کی

مِنَ اللَّهَبِ ﴿٣١﴾ اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ

لپٹ سے بچا سکتا ہے ﴿٣١﴾ اُس سے آگ کی اتنی بڑی بڑی چنگاریاں اُڑتی

كَالْقَصْرِ ﴿٣٢﴾ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ﴿٣٣﴾

ہیں جیسے محل ﴿٣٢﴾ گویا زرد رنگ کے اونٹ ہیں ﴿٣٣﴾

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٣٤﴾ هٰذَا

اُس دن جُھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿٣٤﴾ یہ وہ

يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَلَا يُؤْذَنُ

دن ہے کہ وہ بول نہیں سکیں گے ﴿٣٥﴾ اور نہ اُن کو اجازت دی

لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

جائے گی کہ عذر کر سکیں ﴿٣٦﴾ اُس دن جُھٹلانے والوں کی

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٣٧﴾ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۚ

خرابی ہے ﴿٣٧﴾ یہی فیصلے کا دن ہے

جَمَعْنٰكُمْ وَالْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٨﴾ فَاِنْ كَانَ

جس میں ہم نے تم کو اور پہلے لوگوں کو جمع کیا ہے ﴿٣٨﴾ اگر تم کو

لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ﴿٣٩﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

کوئی داؤ آتا ہو تو مجھ سے کر چلو ﴿٣٩﴾ اُس دن جھٹلانے والوں کی

ع ٢١-٤٠ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٤٠﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ

خرابی ہے ﴿٤٠﴾ بے شک پرہیزگار

احتیاط ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٤١﴾ وَّفَوَاكِهَ مِمَّا

سایوں اور چشموں میں ہوں گے ﴿٤١﴾ اور میووں میں

يَشْتَهُوْنَ ﴿٤٢﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا

جو اُن کو پسندیدہ ہوں گے ﴿٤٢﴾ جو عمل تم کرتے رہے تھے

هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٤٣﴾

اُن کے بدلے میں مزے سے کھاؤ اور پیو ﴿٤٣﴾

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۴۴﴾

اِسی طرح ہم نیکی کرنے والوں کو بدلہ دیں گے ﴿۴۴﴾

وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۵﴾ كُلُوْا

اُس دن جُھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿۴۵﴾ (اے جُھٹلانے والو)

وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۴۶﴾

تم کسی قدر کھالو اور فائدے اُٹھالو، تم تو بے شک گنہ گار ہو ﴿۴۶﴾

وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَ اِذَا

اُس دن جُھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿۴۷﴾ اور جب

قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿۴۸﴾

اُن سے کہا جاتا کہ خدا کے آگے جُھکو تو جُھکتے نہیں ﴿۴۸﴾

وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَبِاَيِّ

اُس دن جُھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿۴۹﴾ اب

ع ۲ ۱۰ ۲۲ حَدِيْثٍۭ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۰﴾

اِس کے بعد یہ کون سی بات پر ایمان لائیں گے ﴿۵۰﴾

(سورۂ نبا مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۴۰) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۸۰) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۷۸) نمبر پر ہے اور سورۂ معارج کے بعد نازل ہوئی ہے)

| | | |
|---|---|---|
| اس میں (۱۷۳) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۹۷۰) حروف ہیں |

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۚ﴿۱﴾ عَنِ النَّبَاِ

کس بات کی پوچھ تاچھ اور سوال کر رہے ہیں ﴿۱﴾ اُس بڑی زبردست خبر

الْعَظِيْمِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ؕ﴿۳﴾

کے بارے میں ﴿۲﴾ جس کے بارے میں یہ لوگ اختلاف کر رہے ہیں ﴿۳﴾

كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۙ﴿۴﴾ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿۵﴾

خبردار! اُنہیں جلد پتہ لگ جائے گا ﴿۴﴾ دوبارہ خبردار! اُنہیں جلد پتہ لگ جائے گا ﴿۵﴾

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۙ﴿۶﴾ وَّالْجِبَالَ

کیا ہم نے زمین کو ایک بچھونا نہیں بنایا ﴿۶﴾ اور (زمین میں) ہم نے پہاڑوں کے لنگر

اَوْتَادًا ۙ﴿۷﴾ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۙ﴿۸﴾ وَّجَعَلْنَا

ڈال دیے ﴿۷﴾ اور ہم نے تم کو جوڑے جوڑے بنایا ﴿۸﴾ اور ہم نے تمہارے

نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۙ﴿۹﴾ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۙ﴿۱۰﴾

لیے نیند کو آرام کا سبب بنایا ﴿۹﴾ اور ہم نے رات کو لباس بنایا ﴿۱۰﴾

وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ﴿۱۱﴾ وَّبَنَيْنَا

اور تمہارے لیے دن کو روزی کمانے کا ذریعہ بنایا ﴿۱۱﴾ اور ہم نے

فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ﴿۱۲﴾ وَّجَعَلْنَا

تم پر سات مضبوط آسمان بنا دیے ﴿۱۲﴾ اور تمہارے لیے

سِرَاجًا وَّهَّاجًا ﴿۱۳﴾ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ

ہم نے بھر پور روشنی والا چراغ بنا دیا ﴿۱۳﴾ اور ہم نے ہی

الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ﴿۱۴﴾ لِّنُخْرِجَ

بھرے ہوئے بادلوں سے موسلا دھار پانی برسایا ﴿۱۴﴾ تا کہ اُس سے

بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ﴿۱۵﴾ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ﴿۱۶﴾

غلّہ اور دوسری سبزیاں بھی اُگائیں ﴿۱۵﴾ اور گھنے باغات بھی ﴿۱۶﴾

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿۱۷﴾ يَّوْمَ

بے شک فیصلے کے دن کا وقت طے ہو چکا ہے ﴿۱۷﴾ یہ وہ دن ہوگا

يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿۱۸﴾

کہ صور میں پھونک ماری جائے گی اور تم فوج کی فوج نکل آؤ گے ﴿۱۸﴾

وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿۱۹﴾

اور آسمان کھول دیا جائے گا تو اُس کے دروازے ہی دروازے ہو جائیں گے ﴿۱۹﴾

وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿۲۰﴾ اِنَّ

اور چلائے جائیں گے پہاڑ تو وہ ہو جائیں گے چمکتی ریت ﴿۲۰﴾ بے شک

جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿۲۱﴾ لِّلطّٰغِيْنَ

دوزخ تاک میں ہے ﴿۲۱﴾ شر پھیلانے والوں کا وہی

مَاٰبًا ﴿۲۲﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿۲۳﴾

ٹھکانہ ہے ﴿۲۲﴾ جہنم میں یہ لوگ بے مدّت پڑے ہی رہیں گے ﴿۲۳﴾

لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿۲۴﴾

اُن کو ٹھنڈی چیز کا ذائقہ اور پیاس بجھانے کو کوئی چیز کبھی نہیں ملے گی ﴿۲۴﴾

اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿۲۵﴾ جَزَآءً

ہاں مگر گرم گرم پانی اور بہتی پیپ (جتنی چاہیں پی لیں) ﴿۲۵﴾ اُن کو یہ

وِّفَاقًا ﴿۲۶﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿۲۷﴾

بدلہ پورا پورا ملے گا ﴿۲۶﴾ اُن کو اپنے حساب کی امید نہیں تھی ﴿۲۷﴾

وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿۲۸﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ

اور ہماری آیات کو جھوٹ ثابت کرنے میں بڑا زور لگاتے تھے ﴿۲۸﴾ اور ہم نے ہر

اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿۲۹﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ

چیز کو گھیر کر شمار کر کے کتاب میں لکھ دیا تھا ﴿۲۹﴾ بس اب چکھتے رہو، ہم اِس عذاب کو

ع ۱ ۱ ۳۰ اِلَّا عَذَابًا ﴿۳۰﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿۳۱﴾

بڑھاتے ہی رہیں گے ﴿۳۰﴾ بے شک پرہیزگار ہی کامیاب ہوں گے ﴿۳۱﴾

حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿۳۲﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿۳۳﴾

گھنے پھل دار درخت اور انگور ﴿۳۲﴾ اور نوجوان ہم عمر عورتیں ﴿۳۳﴾

وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿۳۴﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا

اور لبالب بھرے جام ہیں ﴿۳۴﴾ وہاں خلافِ ادب اور جھوٹی

لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ﴿۳۵﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ

بات کبھی نہیں سُنیں گے ﴿۳۵﴾ آپ کے رب کی طرف سے پورے

عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

حساب سے جزا عطا کی جائے گی ﴿۳۶﴾ آسمانوں اور زمین کا

وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ

اور اُن کے درمیان کی سب چیزوں کا وہی رب ہے، رحمان عالی شان ایسا کہ کسی کو اُس

خِطَابًا ﴿۳۷﴾ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

سے بات کرنے کی جرات نہیں ہو سکتی ﴿۳۷﴾ جس دن جبریل اور تمام فرشتے

صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ

صف باندھے کھڑے ہوں گے، کوئی بول نہ سکے گا مگر جس کو

الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ

رحمان اجازت عطا فرمائے اور وہ بات بھی ٹھیک کہے ﴿۳۸﴾ اُس دن کا

الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ

آنا سچ ہے، اب جو چاہے اپنے رب کے یہاں اپنا ٹھکانہ

مَاٰبًا ﴿۳۹﴾ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ

بنالے ﴿۳۹﴾ بے شک ہم نے تم کو قریب آنے والے عذاب سے خبردار کر دیا ہے،

يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ

جس دن آدمی دیکھ لے گا جو کچھ اُس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا تھا

وَيَقُوْلُ الْكَافِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾ ع

اور کافر کہے گا کہ ہائے میری کمبختی! کاش میں مٹّی ہو گیا ہوتا ﴿۴۰﴾

(سورۂ نازعات مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۴۶) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۸۱) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۷۹) نمبر پر ہے اور سورۂ نباء کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۱۹۷) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۷۵۳) حروف ہیں |
|---|---|---|

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿۱﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ

اُن فرشتوں کی قسم جو سختی سے جان نکالنے والے ہیں ﴿۱﴾ اور اُن کی جو سہولت

نَشْطًا ﴿۲﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿۳﴾

سے جان نکالنے والے ہیں ﴿۲﴾ اور اُن کی جو تیر کر آنے والے ہیں ﴿۳﴾

فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿۴﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿۵﴾ وقف لازم

پھر اُن کی جو دوڑ کر آنے والے ہیں ﴿۴﴾ پھر اُن کی جو امور کی تدبیر کرنے والے ہیں ﴿۵﴾

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿۶﴾ تَتْبَعُهَا

جس دن ہلا دینے والی ہلا ڈالے گی ﴿۶﴾ اُس کے پیچھے ایک اور آنے

الرَّادِفَةُ ﴿۷﴾ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ﴿۸﴾

والی چیز آئے گی ﴿۷﴾ کتنے دل اُس دن دھڑکتے ہوں گے ﴿۸﴾

وقف لازم

اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝٩ يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا

اُن کی آنکھیں جھک رہی ہوں گی ۝٩ وہ کہتے ہیں کہ کیا ہم پہلی

لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ۝١٠ ءَاِذَا كُنَّا

والی حالت میں پھر واپس ہوں گے؟ ۝١٠ کیا جب ہم بوسیدہ

عِظَامًا نَّخِرَةً ۝١١ قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ

ہڈیاں ہو جائیں گے؟ ۝١١ اُنہوں نے کہا کہ یہ واپسی تو بڑے

وقف لازم

خَاسِرَةٌ ۝١٢ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝١٣

گھاٹے کی ہوگی ۝١٢ وہ تو بس ایک ڈانٹ ہوگی ۝١٣

فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ۝١٤ هَلْ اَتٰىكَ

پھر یکایک وہ میدان میں موجود ہوں گے ۝١٤ کیا آپ کو

وقف لازم

حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝١٥ اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ

موسیٰ (علیہ السلام) کی بات پہونچی ہے؟ ۝١٥ جب کہ اُس کے رب نے

الْمُقَدَّسِ طُوًى ۝١٦ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ

اُس کو طُوی کی مقدّس وادی میں پکارا ۝١٦ کہ فرعون کے پاس جاؤ

اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۱۷﴾ فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰٓى اَنْ

وہ سرکش ہو گیا ہے ﴿۱۷﴾ پھر اُس سے کہو کہ کیا تجھ کو اِس بات کی خواہش ہے کہ تو

تَزَكّٰى ﴿۱۸﴾ وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿۱۹﴾

درست ہو جائے ﴿۱۸﴾ اور میں تجھ کو تیرے رب کی راہ دکھاؤں پھر تو ڈرے ﴿۱۹﴾

فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ﴿۲۰﴾ فَكَذَّبَ

پس موسیٰ (علیہ السلام) نے اُس کو بڑی نشانی دکھائی ﴿۲۰﴾ پھر اُس نے

وَعَصٰى ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ﴿۲۲﴾

جھٹلایا اور نہ مانا ﴿۲۱﴾ پھر وہ پلٹا کوشش کرتے ہوئے ﴿۲۲﴾

فَحَشَرَ ۖ فَنَادٰى ﴿۲۳﴾ فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ

پھر اُس نے جمع کیا پھر اُس نے آواز لگائی ﴿۲۳﴾ پس اُس نے کہا کہ میں تمہارا

الْاَعْلٰى ﴿۲۴﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ

سب سے بڑا رب ہوں ﴿۲۴﴾ پس اللہ نے اُس کو آخرت اور دنیا کے

وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً

عذاب میں پکڑا ﴿۲۵﴾ بے شک اِس میں نصیحت ہے

لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿۲۶﴾ ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا ع ۱ ۲۶ ۳

ہر اُس شخص کے لیے جو ڈرے ﴿۲۶﴾ کیا تمہارا بنانا زیادہ مشکل ہے

اَمِ السَّمَآءُ ۭ بَنٰىهَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا

یا آسمان کا، اللہ نے اُس کو بنایا ﴿۲۷﴾ اُس کی چھت کو بلند کیا

فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾ وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ

پھر اُس کو درست بنایا ﴿۲۸﴾ اور اُس کی رات کو اندھیری بنایا ہے اور اُس کے

ضُحٰىهَا ﴿۲۹﴾ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ

دِن کی دھوپ باہر نکال دی ہے ﴿۲۹﴾ اور زمین کو اُس کے

دَحٰىهَا ﴿۳۰﴾ اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا

بعد پھیلایا ﴿۳۰﴾ اُس سے اُس کا پانی

وَمَرْعٰىهَا ﴿۳۱﴾ وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ﴿۳۲﴾

اور چارہ نکالا ﴿۳۱﴾ اور پہاڑوں کو قائم کر دیا ﴿۳۲﴾

مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۳﴾ فَاِذَا

سامانِ حیات کے طور پر تمہارے لیے اور تمہارے چوپایوں کے لیے ﴿۳۳﴾ پھر جب

جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿۳۴﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ

وہ بڑا ہنگامہ آئے گا ﴿۳۴﴾ جس دن انسان اپنے کیے کو

الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿۳۵﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ

یاد کرے گا ﴿۳۵﴾ اور دیکھنے والوں کے سامنے دوزخ

لِمَنْ يَّرٰى ﴿۳۶﴾ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿۳۷﴾ وَاٰثَرَ

ظاہر کر دی جائے گی ﴿۳۶﴾ پس جس نے سرکشی کی ﴿۳۷﴾ اور دنیا

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۳۸﴾ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ

کی زندگی کو ترجیح دی ﴿۳۸﴾ تو یقیناً دوزخ اُس کا

الْمَاْوٰى ﴿۳۹﴾ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ

ٹھکانہ ہوگا ﴿۳۹﴾ اور جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے

وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿۴۰﴾ فَاِنَّ

سے ڈرا اور نفس کو خواہش سے روکا ﴿۴۰﴾ تو

الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿۴۱﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ

جنّت اُس کا ٹھکانہ ہوگا ﴿۴۱﴾ وہ آپ سے

عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ﴿۴۲﴾ فِيْمَ

قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ وہ کب واقع ہوگی ﴿۴۲﴾ آپ کو

اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿۴۳﴾ اِلٰى رَبِّكَ

کیا کام اُس کے ذکر سے ﴿۴۳﴾ یہ معاملہ آپ کے رب کے

مُنْتَهٰىهَا ﴿۴۴﴾ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ

حوالے ہے ﴿۴۴﴾ آپ تو بس ڈرانے والے ہو

مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿۴۵﴾ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا

اُس شخص کو جو ڈرے ﴿۴۵﴾ جس دن یہ اُس کو دیکھ لیں گے اُس دن

لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿۴۶﴾ ع ۲

اُنہیں معلوم ہوگا جیسے وہ ایک شام یا ایک صبح سے زیادہ نہیں رہے ﴿۴۶﴾

(سورۂ عبس مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۴۲) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۰) نمبر پر ہے اور سورۂ نجم کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۱۳۰) کلمات ہیں | | اس میں (۵۳۳) حروف ہیں |
|---|---|---|

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ﴿۱﴾ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴿۲﴾

(پیارے نبی نے) منہ بنایا اور رُخ پھیر لیا ﴿۱﴾ یہ کہ اُن کے پاس ایک نابینا آیا ﴿۲﴾

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّهُ يَزَّكّٰٓى ۙ﴿۳﴾ اَوْ

اور آپ کو کیا خبر شاید وہ پاکیزگی حاصل کرتا ﴿۳﴾ یا

يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ؕ﴿۴﴾ اَمَّا

نصیحت قبول کرتا تو یہ نصیحت اُس کو مفید ہوتی ﴿۴﴾ تو جو شخص (دین

مَنِ اسْتَغْنٰى ۙ﴿۵﴾ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ؕ﴿۶﴾

سے) بے پروائی کرتا ہے ﴿۵﴾ تو آپ اُس کی فکر میں پڑ جاتے ہو ﴿۶﴾

وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ؕ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْ

حالانکہ آپ پر کوئی الزام نہیں کہ وہ نہ درست ہو ﴿۷﴾ جو آپ کے

جَآءَكَ يَسْعٰى ۙ﴿۸﴾ وَهُوَ يَخْشٰى ۙ﴿۹﴾ فَاَنْتَ

پاس دوڑتا ہوا آیا ﴿۸﴾ اور وہ ڈرتا بھی ہے ﴿۹﴾ تو آپ اُس سے

عَنْهُ تَلَهّٰى ۚ﴿۱۰﴾ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۚ﴿۱۱﴾

بے رُخی کرتے ہیں ﴿۱۰﴾ ہرگز ایسا نہ کیجیے، قرآن تو محض ایک نصیحت ہے ﴿۱۱﴾

فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾ فِىْ صُحُفٍ

لہٰذا جو چاہے اُس کو قبول کرے ﴿۱۲﴾ قابلِ ادب ورقوں میں

مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾

لکھا ہوا ﴿۱۳﴾ بلند مقام پر رکھے ہوئے اور پاک ہیں ﴿۱۴﴾

بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾

ایسے لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ﴿۱۵﴾ جو باعزت، فرماں بردار ہیں ﴿۱۶﴾

قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿۱۷﴾ مِنْ

خدا کی مار ہو انسان پر وہ کیسا ناشکرا ہے ﴿۱۷﴾ خدا نے

اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ﴿۱۸﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ

اُس کو کس چیز سے بنایا ہے ﴿۱۸﴾ نطفے سے اُس کو بنایا

خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ

پھر اُس کا اندازہ مقرر کیا ﴿۱۹﴾ پھر اُس کے لیے راستہ

يَسَّرَهٗ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿۲۱﴾

آسان کر دیا ﴿۲۰﴾ پھر اُس کو موت دی پھر قبر میں دفن کر دیا ﴿۲۱﴾

ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿۲۲﴾ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ

پھر جب وہ چاہے گا تو اُسے دوبارہ زندہ کرے گا ﴿۲۲﴾ ہرگز نہیں، خدا نے جو حکم دیا

مَآ اَمَرَهٗ ﴿۲۳﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى

اُس نے اُس پر عمل نہ کیا ﴿۲۳﴾ انسان کو چاہیے کہ اپنے کھانے کی

طَعَامِهٖٓ ﴿۲۴﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿۲۵﴾

طرف نظر کرے ﴿۲۴﴾ کہ ہم نے اوپر سے خوب پانی برسایا ﴿۲۵﴾

ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿۲۶﴾ فَاَنْۢبَتْنَا

پھر ہم نے عجیب طریقے سے زمین کو پھاڑا ﴿۲۶﴾ پھر ہم نے

فِيْهَا حَبًّا ﴿۲۷﴾ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿۲۸﴾

اُس میں اناج اُگایا ﴿۲۷﴾ اور انگور اور ترکاری ﴿۲۸﴾

وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿۲۹﴾ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ﴿۳۰﴾

اور زیتون اور کھجوریں ﴿۲۹﴾ اور گنجان باغات ﴿۳۰﴾

وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ﴿۳۱﴾ مَّتَاعًا لَّكُمْ

اور میوے اور چارہ پیدا کیا ﴿۳۱﴾ تمہارے اپنے اور تمہارے چوپایوں

وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۲﴾ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿۳۳﴾

کے لیے فائدے کی خاطر ﴿۳۲﴾ پھر جب شور والی قیامت آجائے گی ﴿۳۳﴾

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿۳۴﴾ وَاُمِّهٖ

اُس دن آدمی بھاگے گا دور اپنے بھائی سے ﴿۳۴﴾ اور اپنی ماں اور اپنے باپ

وَاَبِيْهِ ﴿۳۵﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ﴿۳۶﴾ لِكُلِّ

سے ﴿۳۵﴾ اور اپنی بیوی اور اپنے بیٹوں سے ﴿۳۶﴾ اُن میں سے ہر شخص اُس روز

امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿۳۷﴾

ایک ہی فکر میں ہوگا جو اُس کو دوسری طرف متوجہ نہ ہونے دے گی ﴿۳۷﴾

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ

اُس روز بہت سے چہرے چمک رہے ہوں گے ﴿۳۸﴾ ہنستے

مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿۳۹﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا

خوشیاں مناتے ﴿۳۹﴾ اور بہت سے چہرے اُس دن ایسے ہوں گے جن پر گرد

غَبَرَةٌ ﴿۴۰﴾ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿۴۱﴾ اُولٰٓئِكَ

ہی گرد نظر آئے گی ﴿۴۰﴾ (اور) اُن پر سیاہی چڑھ رہی ہوگی ﴿۴۱﴾ یہی

هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿۴۲﴾ ع ۱ ۴۲ ۵

لوگ کافر اور بدکار ہیں ﴿۴۲﴾

(سورۂ تکویر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ، اس میں (۲۹) آیتیں اور (۱) رکوع ہے ،نازل ہونے کے اعتبار سے (۷) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۱) نمبر پر ہے اور سورۂ لہب کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۱۴۴) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۵۳۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۙ﴿۱﴾ وَاِذَا النُّجُوْمُ

جب سورج لپیٹ لیا جائے گا ﴿۱﴾ اور جب ستارے

انْكَدَرَتْ ۙ﴿۲﴾ وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۙ﴿۳﴾

بے نور ہو جائیں گے ﴿۲﴾ اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے ﴿۳﴾

وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۙ﴿۴﴾ وَاِذَا الْوُحُوْشُ

اور جب دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں چھوڑ دی جائیں گی ﴿۴﴾ اور جب وحشی جانور

حُشِرَتْ ۙ﴿۵﴾ وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۙ﴿۶﴾

اکٹھے کیے جائیں گے ﴿۵﴾ اور جب سمندر بھڑکائے جائیں گے ﴿۶﴾

وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ۙ﴿۷﴾ وَاِذَا

اور جب جانیں (جسموں سے) ملا دی جائیں گی ﴿۷﴾ اور جب

الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۙ﴿۸﴾ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ

زندہ دفن کی گئی لڑکی سے پوچھا جائے گا ﴿۸﴾ کہ کس گناہ کی وجہ سے

قُتِلَتْ ۝۹ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝۱۰

وہ قتل کی گئی ۹ اور جب نامۂ اعمال کھول دیے جائیں گے ۱۰

وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۝۱۱ وَاِذَا الْجَحِيْمُ

اور جب آسمان کی کھال اُتار لی جائے گی ۱۱ اور جب جہنّم

سُعِّرَتْ ۝۱۲ وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۝۱۳

بھڑکائی جائے گی ۱۲ اور جب جنّت نزدیک کر دی جائے گی ۱۳

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ۝۱۴

تو اُس دن ہر شخص جان لے گا جو کچھ لے کر آیا ہوگا ۱۴

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝۱۵ الْجَوَارِ

میں قسم کھاتا ہوں پیچھے ہٹنے والے ۱۵ پھر چلنے پھرنے والے

الْكُنَّسِ ۝۱۶ وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ۝۱۷

چھپنے والے سِتاروں کی ۱۶ اور رات کی جب جانے لگے ۱۷

وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ۝۱۸ اِنَّهٗ لَقَوْلُ

اور صبح کی جب چمکنے لگے ۱۸ یقیناً یہ

رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۹﴾ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ

ایک بزرگ رسول کا کہا ہوا ہے ﴿۱۹﴾ جو قوت والا ہے، عرش والے

ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ﴿۲۰﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ

(اللہ) کے نزدیک بلند مرتبہ ہے ﴿۲۰﴾ جس کی اطاعت کی جاتی ہے،

اَمِيْنٍ ﴿۲۱﴾ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴿۲۲﴾

امین ہے ﴿۲۱﴾ اور تمہارا ساتھی دیوانہ نہیں ہے ﴿۲۲﴾

وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿۲۳﴾ وَمَا هُوَ

اُس نے اُس (فرشتے) کو آسمان کے کھلے کنارے پر دیکھا بھی ہے ﴿۲۳﴾ اور یہ

عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ﴿۲۴﴾ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ

غیب کی باتوں کو بتانے پر بخیل بھی نہیں ﴿۲۴﴾ اور یہ قرآن

شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۲۵﴾ فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ﴿۲۶﴾

شیطان مردود کا کلام نہیں ﴿۲۵﴾ پھر تم کہاں جا رہے ہو ﴿۲۶﴾

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۷﴾

یہ تو تمام جہان والوں کے لیے نصیحت نامہ ہے ﴿۲۷﴾

لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ﴿۲۸﴾

(خاص طور پر) اُس کے لیے جو تم میں سے سیدھی راہ پر چلنا چاہے ﴿۲۸﴾

وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ

اور تم بغیر پروردگارِ عالم کے چاہے کچھ نہیں

رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۹﴾ ع ۱ ۲۹ ۶

چاہ سکتے ﴿۲۹﴾

سورۂ انفطار مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۱۹) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے اور تلاوت کے اعتبار سے (۸۲) نمبر پر ہے اور سورۂ نازعات کے بعد نازل ہوئی)

اس میں (۳۲۷) حروف ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۸۰) کلمات ہیں

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿۱﴾ لا وَاِذَا الْكَوَاكِبُ

جب آسمان پھٹ جائے گا ﴿۱﴾ اور جب سِتارے

انْتَثَرَتْ ﴿۲﴾ لا وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ﴿۳﴾ لا

جھڑ جائیں گے ﴿۲﴾ اور جب سمندر بہا دیے جائیں گے ﴿۳﴾

وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿۴﴾ لا عَلِمَتْ

اور جب قبریں اُکھیڑ دی جائیں گی ﴿۴﴾ تو ہر شخص کو

نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ۝٥

اُس کا اگلا پچھلا کیا دھرا سب معلوم ہو جائے گا ۝٥

يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ

اے انسان! تجھے کس چیز نے اپنے ربِّ کریم کے بارے میں دھوکے

الْكَرِيْمِ ۝٦ الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ

میں ڈال رکھا ہے ۝٦ جس نے تجھے پیدا کیا پھر تجھے درست کیا

فَعَدَلَكَ ۝٧ فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ

اور تجھے معتدل بنایا ۝٧ اُس نے جس صورت میں چاہا

رَكَّبَكَ ۝٨ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ۝٩

تجھے جوڑ دیا ۝٨ ہرگز نہیں! بلکہ تم لوگ جزا و سزا کو جھٹلاتے ہو ۝٩

وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۝١٠ كِرَامًا

حالانکہ تم پر نگران (فرشتے) مُقرّر ہیں ۝١٠ مُعزّز

كَاتِبِيْنَ ۝١١ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝١٢

لکھنے والے ۝١١ وہ جانتے ہیں جو تم کرتے ہو ۝١٢

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿۱۳﴾ وَّاِنَّ

یقیناً نیک لوگ ضرور نعمتوں میں ہوں گے ﴿۱۳﴾ اور یقیناً

الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ﴿۱۴﴾ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ

بدکار لوگ ضرور دوزخ میں ہوں گے ﴿۱۴﴾ وہ روزِ جزا کو اُس میں داخل

الدِّيْنِ ﴿۱۵﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ﴿۱۶﴾

ہوں گے ﴿۱۵﴾ اور وہ اُس سے غائب (دور) نہ ہو سکیں گے ﴿۱۶﴾

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ

اور آپ کو کیا خبر کہ روزِ جزا کیا ہے ﴿۱۷﴾ پھر

مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۸﴾ يَوْمَ

آپ کو کیا خبر کہ روزِ جزا کیا ہے ﴿۱۸﴾ اُس دن

لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ۭ وَالْاَمْرُ

کوئی شخص کسی کے لیے کچھ بھی اختیار نہ رکھے گا، اور اُس دن حکم

يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ﴿۱۹﴾ ع ۱ ۱۹ ۷

صرف اللہ کا ہوگا ﴿۱۹﴾

(سورۂ مطففین مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہونے والی سورتوں میں آخری سورۃ ہے، اس میں (۳۶) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۸۶) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۳) نمبر پر ہے اور سورۂ عنکبوت کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۱۶۹) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | اس میں (۷۳۰) حروف ہیں

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْنَ اِذَا

بڑی خرابی ہے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کی ﴿۱﴾ کہ جب

اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ۖ﴿۲﴾

لوگوں سے ناپ کر لیتے ہیں تو پورا پورا لیتے ہیں ﴿۲﴾

وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ؕ﴿۳﴾

اور جب اُنہیں ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو کم دیتے ہیں ﴿۳﴾

اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۙ﴿۴﴾

کیا اُنہیں اپنے مَرنے کے بعد جی اُٹھنے کا خیال نہیں ﴿۴﴾

لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۙ﴿۵﴾ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ

اُس عظیم دن کے لیے ﴿۵﴾ جس دن سب لوگ

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ﴿۶﴾ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ

ربُّ العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے ﴿۶﴾ ہرگز نہیں! یقیناً

اَلْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ۝٧ وَمَآ اَدْرٰىكَ

بدکاروں کا نامۂ اعمال سجّین میں ہے ۝٧ اور آپ کو کیا معلوم

مَا سِجِّيْنٌ ۝٨ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝٩

کہ سجّین کیا ہے ۝٨ (یہ تو) لکھی ہوئی کتاب ہے ۝٩

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝١٠ الَّذِيْنَ

اُس دن جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہے ۝١٠ جو

يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝١١ وَمَا يُكَذِّبُ

جزا و سزا کے دن کو جھٹلاتے رہے ۝١١ اُسے صرف وہی جھٹلاتا ہے جو حد سے

بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝١٢ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ

آگے نکل جانے والا (اور) گنہ گار ہوتا ہے ۝١٢ جب اُس کے سامنے ہماری

اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝١٣

آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو وہ کہہ دیتا ہے کہ یہ اگلوں کے افسانے ہیں ۝١٣

كَلَّا بَلْ ۜ سکتہ* رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا

یوں نہیں؛ بلکہ اُن کے دلوں پر اُن کے اعمال کی وجہ سے زنگ

*یہاں پر سکتہ واجب ہے۔

يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ

(چڑھ گیا) ہے ﴿۱۴﴾ ہرگز نہیں! یقیناً یہ لوگ اپنے رب سے

لَّمَحْجُوْبُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا

اُس دن حجاب میں ہوں گے ﴿۱۵﴾ پھر یہ لوگ یقیناً جہنم

الْجَحِيْمِ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِيْ

میں جھونکے جائیں گے ﴿۱۶﴾ پھر کہہ دیا جائے گا کہ یہی ہے وہ

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۷﴾ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ

جسے تم جھٹلاتے رہے ﴿۱۷﴾ ہرگز نہیں! بے شک نیک لوگوں کا

الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ﴿۱۸﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ

نامۂ اعمال عِلّیین میں ہے ﴿۱۸﴾ اور آپ کیا سمجھتے ہو کہ عِلّیین کیا

مَا عِلِّيُّوْنَ ﴿۱۹﴾ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿۲۰﴾ يَّشْهَدُهُ

ہے ﴿۱۹﴾ (وہ تو) لکھی ہوئی کتاب ہے ﴿۲۰﴾ مقرّب (فرشتے) اُس کا

الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿۲۲﴾

مُشاہدہ کرتے ہیں ﴿۲۱﴾ یقیناً نیک لوگ (بڑی) نعمتوں میں ہوں گے ﴿۲۲﴾

عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ۙ﴿۲۳﴾ تَعْرِفُ

تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہوں گے ﴿۲۳﴾ آپ اُن کے

فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ۚ﴿۲۴﴾

چہروں سے ہی نعمتوں کی تر و تازگی پہچان لو گے ﴿۲۴﴾

يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ۙ﴿۲۵﴾

اُنہیں پلائی جائے گی خالص شراب جس پر مُہر لگی ہوگی ﴿۲۵﴾

خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ؕ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ

جس پر مُشک کی مُہر ہوگی، اور سبقت لے جانے والوں کو اِسی میں سبقت

الْمُتَنَافِسُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ۙ﴿۲۷﴾

کرنی چاہیے ﴿۲۶﴾ اور اُس شراب میں تسنیم (چشمہ) کا پانی ملا ہوا ہوگا ﴿۲۷﴾

عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۲۸﴾

(یعنی) وہ چشمہ جس کا پانی مقرّب لوگ پئیں گے ﴿۲۸﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ

گنہ گار لوگ ایمان داروں کی

اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ

ہنسی اُڑایا کرتے تھے ﴿۲۹﴾ اور اُن کے پاس سے گزرتے ہوئے

يَتَغَامَزُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ

آنکھ کے اشارے کرتے تھے ﴿۳۰﴾ اور جب اپنے گھر والوں کی طرف

انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا

لوٹتے تو دل لگیاں کرتے تھے ﴿۳۱﴾ اور جب اُنہیں دیکھتے تو کہتے:

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿۳۲﴾ وَمَآ اُرْسِلُوْا

یقیناً یہ لوگ گمراہ (بے راہ) ہیں ﴿۳۲﴾ حالانکہ وہ

عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۳۳﴾ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ

اُن پر محافظ بنا کر نہیں بھیجے گئے ﴿۳۳﴾ پس آج

اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿۳۴﴾

ایمان والے اُن کافروں پر ہنسیں گے ﴿۳۴﴾

عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَلْ ثُوِّبَ

تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہوں گے ﴿۳۵﴾ کہ کافر لوگوں کو واقعی

الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ ع ۱ ۳۶ ۸

اُن کاموں کا بدلہ مل گیا جو وہ کیا کرتے تھے ﴿۳۶﴾

(سورۃ انشقاق مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۲۵) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۸۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۴) نمبر پر ہے اور سورۃ انفطار کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۱۰۷) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۴۳۰) حروف ہیں

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ وَاَذِنَتْ لَا

جب آسمان پھٹ جائے گا ﴿۱﴾ اور اپنے پروردگار کا فرمان

لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا الْاَرْضُ لَا

بجالائے گا اور اُسے واجب بھی یہی ہے ﴿۲﴾ اور جب زمین ہموار کردی

مُدَّتْ ﴿۳﴾ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ﴿۴﴾ لَا

جائے گی ﴿۳﴾ اور جو کچھ اُس میں ہے اُسے نکال کر باہر ڈال دے گی اور بالکل خالی ہوجائے گی ﴿۴﴾

وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۵﴾ يٰٓاَيُّهَا

اور اپنے پروردگار کے ارشاد کی تعمیل کرے گی اور اُس کو لازم بھی یہی ہے ﴿۵﴾ اے

الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ

انسان! یقیناً تیرے رب کی طرف پہونچنے کے لیے تجھے خوب

كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۚ ۶ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ

محنت کرنی ہے پھر تو اُس سے ملنے والا ہے ۶ تو جس کا

كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ ۷ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ

نامۂ اعمال اُس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا ۷ اُس سے حساب

حِسَابًا يَّسِيْرًا ۙ ۸ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى

آسان لیا جائے گا ۸ اور وہ اپنے گھر والوں میں

اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ؕ ۹ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ

خوش خوش آئے گا ۹ اور جس کا نامۂ اعمال اُس کی

كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۙ ۱۰ فَسَوْفَ

پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا ۱۰ تو وہ

يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۙ ۱۱ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ؕ ۱۲

موت کو پکارے گا ۱۱ اور دوزخ میں داخل ہوگا ۱۲

اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ؕ ۱۳ اِنَّهٗ

یہ اپنے اہل وعیال میں مست رہتا تھا ۱۳ اور خیال کرتا تھا کہ

مُعَانَقَة ۱۷

ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ﴿۱۴﴾ بَلٰٓى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ

خدا کی طرف پھر کر نہ جائے گا ﴿۱۴﴾ ہاں ہاں! اُس کا پروردگار

كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ﴿۱۵﴾ فَلَآ اُقْسِمُ

اُس کو دیکھ رہا تھا ﴿۱۵﴾ ہمیں شام کی سُرخی

بِالشَّفَقِ ﴿۱۶﴾ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ﴿۱۷﴾

کی قسم ﴿۱۶﴾ اور رات کی اور جن چیزوں کو وہ اکٹھا کر لیتی ہے اُن کی ﴿۱۷﴾

وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ﴿۱۸﴾ لَتَرْكَبُنَّ

اور چاند کی جب کامل ہو جائے ﴿۱۸﴾ کہ تم سب ایک منزل سے

طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿۱۹﴾ فَمَا لَهُمْ

دوسری منزل کی طرف چڑھتے جاؤ گے ﴿۱۹﴾ تو اُن لوگوں کو کیا ہوا

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ

ہے کہ ایمان نہیں لاتے ہیں ﴿۲۰﴾ اور جب اُن کے سامنے

الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ﴿۲۱﴾ بَلِ الَّذِيْنَ

قرآن پڑھا جاتا ہے تو وہ سجدہ نہیں کرتے ﴿۲۱﴾ بلکہ کافر

سجدہ

كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

جھٹلاتے ہیں ﴿۲۲﴾ اور اللہ اُن باتوں کو جو یہ اپنے دلوں

بِمَا يُوْعُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ

میں چھُپاتے ہیں خوب جانتا ہے ﴿۲۳﴾ تو اُن کو دُکھ دینے والے

اَلِيْمٍ ﴿۲۴﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

عذاب کی خبر سنا دیجیے ﴿۲۴﴾ ہاں جو لوگ ایمان لائے اور

ع ۱ ۲۵ ۹ الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۲۵﴾ ع

نیک عمل کرتے رہے اُن کے لیے بے انتہا اجر ہے ﴿۲۵﴾

سورۂ بروج مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۲۲) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۷) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۵) نمبر پر ہے اور سورۂ شمس کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۱۰۹) کلمات ہیں | | اس میں (۴۶۵) حروف ہیں |
|---|---|---|

اِبتدا اُولٰی و اَوسَاطِ مُفَصَّل

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ﴿۱﴾ وَالْيَوْمِ

بُرجوں والے آسمان کی قَسم ﴿۱﴾ اور اُس دن کی قَسم جس کا

الْمَوْعُوْدِ ﴿۲﴾ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ﴿۳﴾

وعدہ پکّا ہے ﴿۲﴾ اور حاضر ہونے والے کی اور اُس کی جس کے پاس لوگ حاضر ہوں ﴿۳﴾

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۙ﴿۴﴾ النَّارِ ذَاتِ

خندق والوں پر اللہ کی مار پڑی ﴿۴﴾ اُنہوں نے خندق کھود کر اُس میں

الْوَقُوْدِ ۙ﴿۵﴾ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۙ﴿۶﴾

آگ بھڑکائی ﴿۵﴾ جب وہ اُس کے پاس بیٹھے ہوئے تھے ﴿۶﴾

وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

اور مؤمنوں کے ساتھ جو کچھ ظلم کر رہے تھے وہ اُن کی آنکھوں کے

شُهُوْدٌ ؕ﴿۷﴾ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّاۤ اَنْ

سامنے ہو رہا تھا ﴿۷﴾ وہ ایمان والوں میں کوئی عیب نہیں پا سکے مگر یہ بات اُنہیں بُری لگی

يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿۸﴾

کہ وہ اللہ پر ایمان لے آئے جو ہر طرح سے غالب ہے، تعریف کا مستحق ہے ﴿۸﴾

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

آسمانوں اور زمین کی سلطنت اور بادشاہی اکیلے اللہ کے لیے ہے،

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ؕ﴿۹﴾ اِنَّ

اور واقعی اللہ ہر چیز پر آپ ہی گواہ موجود ہے ﴿۹﴾ ایمان والوں

الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

اور ایمان والیوں کو ستانے کے بعد جنہوں نے

ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ

توبہ نہیں کی اُن کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور بہت ہی

وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ﴿۱۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

تیز جلن کا عذاب اُن کو بھگتنا ہوگا ﴿۱۰﴾ بے شک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ

ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اُن کے لیے ایسی جنّتیں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ ذٰلِكَ

ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ، یہ بہت ہی

الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ﴿۱۱﴾ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ

بڑی کامیابی ہے ﴿۱۱﴾ بے شک آپ کے پروردگار کی پکڑ بھی

لَشَدِيْدٌ ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ﴿۱۳﴾

بہت سخت ہے ﴿۱۲﴾ یقیناً پہلی بار بھی اُس نے پیدا کیا اور دوبارہ بھی وہی پیدا کرے گا ﴿۱۳﴾

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ

اور وہ بہت بخشنے والا، بہت محبّت کرنے والا ہے ﴿۱۴﴾ عرش کا مالک ہے،

الْمَجِيْدُ ﴿۱۵﴾ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۶﴾ هَلْ

بزرگی والا ہے ﴿۱۵﴾ جو کچھ ارادہ کرتا ہے کر گزرتا ہے ﴿۱۶﴾ کیا آپ

اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ

کے پاس اُن بڑے لشکروں کا حال پہونچا ﴿۱۷﴾ فرعون

وَثَمُوْدَ ﴿۱۸﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ

اور ثمود کے لشکر ﴿۱۸﴾ بلکہ یہ منکر جُھٹلانے میں بڑا زور دکھا

تَكْذِيْبٍ ﴿۱۹﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ

رہے ہیں ﴿۱۹﴾ اُنہیں معلوم کرا دیجیے کہ اللہ نے ہر طرف سے اُن پر عذاب کا

مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾

گھیرا ڈال دیا ہے ﴿۲۰﴾ بلکہ یہ تو وہ قرآن ہے جو بڑی شان والا ہے ﴿۲۱﴾

فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾ ع ۱ ۲۲ ۱۰

جیسا لوحِ محفوظ میں تھا ویسا ہی یہاں آیا ہے ﴿۲۲﴾

(سورۂ طارق مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۱۷) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۳۶) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۶) نمبر پر ہے اور سورۂ بلد کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۶۱) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۲۳۹) حروف ہیں

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ﴿۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ

قَسم ہے آسمان کی اور رات میں نمودار ہونے والے کی ﴿۱﴾ اور آپ کیا

مَا الطَّارِقُ ۙ﴿۲﴾ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۙ﴿۳﴾

جانو کہ وہ رات میں نمودار ہونے والا کیا ہے ﴿۲﴾ چمکتا ہوا تارہ ﴿۳﴾

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ؕ﴿۴﴾

کوئی جان ایسی نہیں جس کے اوپر نگہبان نہ ہو ﴿۴﴾

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ؕ﴿۵﴾ خُلِقَ

تو انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے ﴿۵﴾ وہ

مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ﴿۶﴾ يَّخْرُجُ مِنْۢ

ایک اُچھلتے ہوئے پانی سے پیدا کیا گیا ہے ﴿۶﴾ جو نکلتا ہے

بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ؕ﴿۷﴾ اِنَّهٗ عَلٰى

پیٹھ اور سینے کے درمیان سے ﴿۷﴾ بے شک وہ اُس کے

رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝۸ یَوْمَ تُبْلَی السَّرَآىِٕرُ ۝۹

دوبارہ پیدا کرنے پر قادر ہے ۝۸ جس دن چھپی باتیں پرکھی جائیں گی ۝۹

فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّ لَا نَاصِرٍ ۝۱۰

اُس وقت انسان کے پاس کوئی زور نہ ہوگا اور نہ کوئی مددگار ۝۱۰

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝۱۱ وَالْاَرْضِ

بارش والے آسمان کی قسم ! ۝۱۱ اور پھوٹ نکلنے والی

ذَاتِ الصَّدْعِ ۝۱۲ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝۱۳

زمین کی ۝۱۲ بے شک یہ دو ٹوک بات ہے ۝۱۳

وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝۱۴ اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ

اور یہ ہنسی کی بات نہیں ۝۱۴ وہ تدبیر کرنے میں لگے

كَیْدًا ۝۱۵ وَّاَكِیْدُ كَیْدًا ۝۱۶ فَمَهِّلِ

ہوئے ہیں ۝۱۵ اور میں بھی تدبیر کرنے میں لگا ہوا ہوں ۝۱۶ پھر

الْكٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا ۝۱۷ ع ۱ ۱۷ ۱۱

کافروں کو مہلت دے دیجیے، اُن کو تھوڑی سی مہلت دے دیجیے ۝۱۷

(سورۂ اعلیٰ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۹) آیتیں ہیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۸) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۷) نمبر پر ہے اور سورۂ تکویر کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۷۲) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۲۹۱) حروف ہیں |
|---|---|---|

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۙ﴿۱﴾ الَّذِیْ

اپنے رب کے نام کی پاکی بیان کرتے رہیے جو بہت عالی شان ہے ﴿۱﴾ جس نے

خَلَقَ فَسَوّٰى ۪ۙ﴿۲﴾ وَالَّذِیْ قَدَّرَ

بنایا پھر درست کیا ﴿۲﴾ اور جس نے تجویز کیا پھر

فَهَدٰى ۪ۙ﴿۳﴾ وَالَّذِیْۤ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۪ۙ﴿۴﴾

راہ بتا دی ﴿۳﴾ اور جس نے (زمین سے) چارہ اُگایا ﴿۴﴾

فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ؕ﴿۵﴾ سَنُقْرِئُكَ

پھر اُس کو سیاہ (رنگ کا) کوڑا کر دیا ﴿۵﴾ ہم آپ کو پڑھا دیں گے

فَلَا تَنْسٰۤى ۙ﴿۶﴾ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ

پھر آپ نہ بھولیں گے ﴿۶﴾ مگر جو اللہ چاہے، بے شک

یَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا یَخْفٰى ؕ﴿۷﴾ وَنُیَسِّرُكَ

وہ جانتا ہے ہر کھلے اور چھپے کو ﴿۷﴾ اور ہم آپ کے لیے

لِلْيُسْرٰى ﴿۸﴾ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ

آسانی کا سامان کر دیں گے ﴿۸﴾ تو آپ نصیحت کرتے رہیے، اگر نصیحت

الذِّكْرٰى ﴿۹﴾ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿۱۰﴾

کرنا مفید ہو ﴿۹﴾ جلد ہی نصیحت مانے گا جو اللہ سے ڈرتا ہے ﴿۱۰﴾

وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿۱۱﴾ الَّذِيْ

اور جو بد نصیب ہوگا وہ اُس سے منھ موڑتا رہے گا ﴿۱۱﴾ جو بڑی

يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ﴿۱۲﴾ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ

آگ میں داخل ہوگا ﴿۱۲﴾ پھر وہ اُس میں نہ تو مرے گا

فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿۱۳﴾ قَدْ اَفْلَحَ

اور نہ ہی جیے گا ﴿۱۳﴾ با مُراد ہوا وہ شخص

مَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۴﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ

جو پاک ہوا ﴿۱۴﴾ اور وہ اپنے رب کا نام لیتا رہا

فَصَلّٰى ﴿۱۵﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ

اور نماز پڑھتا رہا ﴿۱۵﴾ (اے منکرو!) تم تو دنیا کی زندگی کو

الدُّنْيَا ﴿۱۶﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۷﴾

مُقدّم رکھتے ہو ﴿۱۶﴾ حالانکہ آخرت کہیں بہتر اور پائیدار ہے ﴿۱۷﴾

اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾

یہی بات پہلے صحیفوں میں لکھی گئی ہے ﴿۱۸﴾

ع ۱ ۱۹ ۱۲

صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿۱۹﴾

(یعنی) ابراہیم او موسیٰ (علیہما السلام) کے صحیفوں میں ﴿۱۹﴾

(سورۂ غاشیہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ،اس میں (۲۶) آیتیں اور (۱) رکوع ہے ،نازل ہونے کے اعتبار سے (۶۸) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۸) نمبر پر ہے اور سورۂ ذاریات کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۹۲) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۳۸۱) حروف ہیں

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ﴿۱﴾

کیا آپ کو بھی چھپا لینے والی (قیامت) کی خبر پہونچی ہے ﴿۱﴾

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ﴿۲﴾ عَامِلَةٌ

اُس دن بہت سے چہرے ذلیل ہوں گے ﴿۲﴾ (اور) محنت کرنے

نَّاصِبَةٌ ﴿۳﴾ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ﴿۴﴾

والے تھکے ہوں گے ﴿۳﴾ وہ دہکتی ہوئی آگ میں جائیں گے ﴿۴﴾

تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝٥ لَيْسَ لَهُمْ

اور نہایت گرم چشمے کا پانی اُن کو پلایا جائے گا ۝٥ اُن کے لیے

طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۝٦ لَّا يُسْمِنُ

سِوائے کانٹے دار درختوں کے اور کچھ کھانا نہ ہوگا ۝٦ جو نہ موٹا

وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۝٧ وُجُوْهٌ

کرے گا اور نہ بھوک مٹائے گا ۝٧ بہت سے چہرے اُس دن

يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ۝٨ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۝٩

تروتازہ (اور آسودہ حال) ہوں گے ۝٨ اپنی کوشش پر خوش ہوں گے ۝٩

فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝١٠ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا

عالی شان جنّت میں ہوں گے ۝١٠ جہاں کوئی بے ہودہ بات

لَاغِيَةً ۝١١ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۝١٢

نہیں سُنیں گے ۝١١ جہاں بہتا ہوا چشمہ ہوگا ۝١٢

فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ۝١٣ وَّاَكْوَابٌ

(اور) اُس میں اونچے اونچے تخت ہوں گے ۝١٣ اور ترتیب سے پیالے

وقف لازم

مَّوْضُوْعَةٌ ﴿۱۴﴾ لا وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ﴿۱۵﴾ لا

رکھے ہوئے ہوں گے ﴿۱۴﴾ اور ایک قطار میں لگے ہوئے تکیے ہوں گے ﴿۱۵﴾

وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ﴿۱۶﴾ ط اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ

اور مخملی مسندیں پھیلی پڑی ہوں گی ﴿۱۶﴾ کیا یہ اونٹوں کو

اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿۱۷﴾ وقفة وَاِلَى

نہیں دیکھتے کہ وہ کس طرح پیدا کیے گئے ہیں؟ ﴿۱۷﴾ اور

السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿۱۸﴾ وقفة وَاِلَى

آسمان کو کہ کس طرح اونچا کیا گیا ہے؟ ﴿۱۸﴾ اور

الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿۱۹﴾ وقفة وَاِلَى

پہاڑوں کی طرف کہ کس طرح گاڑ دیے گئے ہیں؟ ﴿۱۹﴾ اور

الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿۲۰﴾ فَذَكِّرْ قف

زمین کی طرف کہ کس طرح بچھائی گئی ہے؟ ﴿۲۰﴾ پس آپ نصیحت کر دیا کریں،

اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿۲۱﴾ ط لَسْتَ عَلَيْهِمْ

آپ صرف نصیحت کرنے والے ہیں ﴿۲۱﴾ آپ کچھ اُن پر

بِمُصَيْطِرٍ ﴿۲۲﴾ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ﴿۲۳﴾

مُسلّط نہیں ہیں ﴿۲۲﴾ مگر وہ جس نے منہ پھیرا اور کفر کیا ﴿۲۳﴾

فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ﴿۲۴﴾

اُسے اللہ بہت بڑا عذاب دے گا ﴿۲۴﴾

اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اِنَّ

بے شک ہماری طرف اُن کا لوٹنا ہے ﴿۲۵﴾ پھر بے شک

النصف ۱۳ ع ۱ ۲۶

عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿۲۶﴾

ہمارے ذمّے ہے اُن سے حساب لینا ﴿۲۶﴾

(سورۂ فجر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۳۰) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، یہ سورت نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۰) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۹) نمبر پر ہے اور سورۂ لیل کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۱۳۹) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۵۹۷) حروف ہیں

وَالْفَجْرِ ﴿۱﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿۲﴾ وَّالشَّفْعِ

قَسم ہے فجر کے وقت کی ﴿۱﴾ اور دس راتوں کی ﴿۲﴾ اور جُفت

وَالْوَتْرِ ﴿۳﴾ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ﴿۴﴾ هَلْ فِيْ

اور طاق کی ﴿۳﴾ اور رات کی جب وہ چل کھڑی ہو ﴿۴﴾ ایک عقل والے

ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِیْ حِجْرٍ ۝۵ اَلَمْ تَرَ

(کو یقین دلانے) کے لیے یہ قسمیں کافی ہیں کہ نہیں؟ ۵ کیا آپ نے نہیں

كَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۝۶ اِرَمَ

دیکھا کہ آپ کے رب نے عاد کے ساتھ کیسا سلوک کیا تھا؟ ۶ اِرم

ذَاتِ الْعِمَادِ ۝۷ الَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ

جو اونچے ستونوں والے تھے ۷ جن کے مانند کوئی قوم

مِثْلُهَا فِی الْبِلَادِ ۝۸ وَثَمُوْدَ الَّذِیْنَ

مُلکوں میں پیدا نہیں کی گئی ۸ اور ثمود کے ساتھ

جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝۹ وَفِرْعَوْنَ

جو وادی میں چٹانیں تراشتے تھے ۹ اور میخوں والے

ذِی الْاَوْتَادِ ۝۱۰ الَّذِیْنَ طَغَوْا فِی

فرعون کے ساتھ ۱۰ وہ جنہوں نے شہروں میں

الْبِلَادِ ۝۱۱ فَاَكْثَرُوْا فِیْهَا الْفَسَادَ ۝۱۲

سرکشی کی ۱۱ اور اُن میں بہت زیادہ فساد پھیلایا ۱۲

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ﴿۱۳﴾

تب آپ کے رب نے اُن پر عذاب کا کوڑا برسایا ﴿۱۳﴾

اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا

بے شک آپ کا رب (مجرموں کی) گھات میں ہے ﴿۱۴﴾ لیکن

الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ

انسان جو ہے، جب اُس کا رب اُسے آزمائے اور اُسے عزت

وَنَعَّمَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَكْرَمَنِ ﴿۱۵﴾

اور نعمت دے، تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے عزّت بخشی ﴿۱۵﴾

وَاَمَّآ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ

مگر جب وہ اُسے آزمائے اور اُس کا رزق اُس پر تنگ

رِزْقَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ﴿۱۶﴾

کر دے تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیا ﴿۱۶﴾

كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ﴿۱۷﴾

ہرگز نہیں! بلکہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے ﴿۱۷﴾

وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۱۸﴾

اور باہم مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتے ﴿۱۸﴾

وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ﴿۱۹﴾ وَّتُحِبُّوْنَ

اور تم میراث کا سارا مال سمیٹ کر کھا جاتے ہو ﴿۱۹﴾ اور تم مال سے

الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿۲۰﴾ كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ

جی بھر کر پیار کرتے ہو ﴿۲۰﴾ ہرگز نہیں! جب زمین خوب کوٹ کوٹ کر

دَكًّا دَكًّا ﴿۲۱﴾ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا

ریزہ ریزہ کر دی جائے گی ﴿۲۱﴾ اور آپ کا رب اور فرشتے صف

صَفًّا ﴿۲۲﴾ وَجِايْٓءَ يَوْمَىِٕذٍۭ بِجَهَنَّمَ

در صف آئیں گے ﴿۲۲﴾ اور اُس دن جہنّم (سامنے) لائی جائے گی،

يَوْمَىِٕذٍ يَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ

اُس دن انسان (اپنے کرتوت) یاد کرے گا، اور یہ یاد کرنا اُس کے لیے

الذِّكْرٰى ﴿۲۳﴾ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ

کیونکر (مفید) ہوگا ﴿۲۳﴾ وہ کہے گا: کاش! میں نے اپنی اِس زندگی کے لیے

لِحَيَاتِيْ ﴿۲۴﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ

کچھ آگے بھیجا ہوتا ﴿۲۴﴾ چنانچہ اُس دن اُس جیسا عذاب دینے والا اور

اَحَدٌ ﴿۲۵﴾ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۶﴾

کوئی نہ ہوگا ﴿۲۵﴾ اور اُس جیسا جکڑنے والا بھی اور کوئی نہیں ہوگا ﴿۲۶﴾

يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارْجِعِيْٓ

اے مطمئن روح! ﴿۲۷﴾ تو اپنے رب کی طرف چل اِس حال

اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿۲۸﴾ فَادْخُلِيْ

میں کہ تو اُس سے راضی، وہ تجھ سے راضی ﴿۲۸﴾ پھر تو میرے

فِيْ عِبٰدِيْ ﴿۲۹﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿۳۰﴾ ع ۱ ۱۴

بندوں میں داخل ہوجا ﴿۲۹﴾ اور میری جنّت میں داخل ہوجا ﴿۳۰﴾

(سورۂ بلد مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۲۰) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۳۵) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۰) نمبر پر ہے اور سورۂ قاف کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۸۲) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۳۲۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿۱﴾ وَاَنْتَ حِلٌّۢ

میں اِس شہر کی قسم کھاتا ہوں ﴿۱﴾ اور آپ اُس شہر میں

بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ﴿۲﴾ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۙ﴿۳﴾

مقیم ہیں ﴿۲﴾ اور (قسم ہے) انسانی باپ اور اولاد کی ﴿۳﴾

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ ؕ﴿۴﴾

یقیناً ہم نے انسان کو (بڑی) مشقت میں پیدا کیا ہے ﴿۴﴾

وقف لازم

اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ۘ﴿۵﴾

کیا وہ یہ سمجھتا ہے کہ اُس پر کسی کا بس نہیں چلے گا ؟ ﴿۵﴾

يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ؕ﴿۶﴾ اَيَحْسَبُ

کہتا (پھرتا) ہے کہ میں نے تو بہت کچھ مال خرچ کر ڈالا ﴿۶﴾ کیا (یوں)

اَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ اَحَدٌ ۘ﴿۷﴾ اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ

سمجھتا ہے کہ کسی نے اُسے دیکھا (ہی) نہیں ﴿۷﴾ کیا ہم نے اُس کی دو آنکھیں

عَيْنَيْنِ ۙ﴿۸﴾ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ۙ﴿۹﴾ وَهَدَيْنٰهُ

نہیں بنائیں ﴿۸﴾ اور ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں دیے؟ ﴿۹﴾ اور ہم نے دکھا

النَّجْدَيْنِ ۚ﴿۱۰﴾ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ۖ﴿۱۱﴾

دیے اُس کو دونوں راستے ﴿۱۰﴾ پھر اُس سے نہ ہو سکا کہ گھاٹی میں داخل ہوتا ﴿۱۱﴾

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ﴿۱۲﴾ فَكُّ

اور آپ کو کیا پتہ کہ وہ گھاٹی کیا ہے ﴿۱۲﴾ کسی کی گردن

رَقَبَةٍ ﴿۱۳﴾ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ

(غلام، لونڈی) کو آزاد کرنا ﴿۱۳﴾ یا بھوک والے دن میں

مَسْغَبَةٍ ﴿۱۴﴾ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿۱۵﴾

کھانا کھلانا ﴿۱۴﴾ کسی یتیم رشتے دار کو ﴿۱۵﴾

اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ

یا خاکسار مسکین کو ﴿۱۶﴾ پھر

كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا

اُن لوگوں میں سے ہو جاتا جو ایمان لاتے ہیں اور ایک

بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿۱۷﴾

دوسرے کو صبر کی اور رحم کرنے کی وَصِیَّت کرتے ہیں ﴿۱۷﴾

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۱۸﴾

یہی لوگ ہیں دائیں بازو والے (خوش بختی والے) ﴿۱۸﴾

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا هُمْ اَصْحٰبُ

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کے ساتھ کفر کیا یہ کم بختی والے

الْمَشْئَمَةِ ﴿۱۹﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۲۰﴾ ع ۱ ۲۰ ۱۵

ہیں ﴿۱۹﴾ اُن ہی پر آگ ہوگی جو چاروں طرف سے گھیری ہوئی ہوگی ﴿۲۰﴾

(سورۂ شمس مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۱۵) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۶) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۱) نمبر پر ہے اور سورۂ قدر کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۵۴) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۲۴۷) حروف ہیں

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ﴿۱﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا

سورج کی قسم اور اُس کی روشنی کی ﴿۱﴾ اور چاند کی جب

تَلٰىهَا ﴿۲﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ﴿۳﴾

اُس کے پیچھے نکلے ﴿۲﴾ اور دن کی جب اُسے چمکا دے ﴿۳﴾

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ﴿۴﴾ وَالسَّمَآءِ

اور رات کی جب اُسے چھپالے ﴿۴﴾ اور آسمان کی

وَمَا بَنٰىهَا ﴿۵﴾ وَالْاَرْضِ وَمَا

اور اُس ذات کی جس نے اُسے بنایا ﴿۵﴾ اور زمین کی اور جس نے اُسے

طَحٰىهَا ۙ﴿۶﴾ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۙ﴿۷﴾

پھیلایا ﴿۶﴾ اور انسان کی اور اُس کی جس نے اُس کے اعضاء کو برابر کیا ﴿۷﴾

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۙ﴿۸﴾ قَدْ

پھر اُس کو بدکاری سے بچنے اور پرہیزگاری کرنے کی سمجھ دی ﴿۸﴾ کہ جس

اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۙ﴿۹﴾ وَقَدْ خَابَ

نے اپنے نفس یعنی روح کو پاک رکھا وہ مُراد کو پہونچا ﴿۹﴾ اور جس نے اُسے

مَنْ دَسّٰىهَا ؕ﴿۱۰﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ

خاک میں ملایا وہ خسارے میں رہا ﴿۱۰﴾ قومِ ثمود نے اپنی سرکشی کے سبب

بِطَغْوٰىهَآ ۙ﴿۱۱﴾ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۙ﴿۱۲﴾

پیغمبر کو جھٹلایا ﴿۱۱﴾ جب اُن میں سے ایک نہایت بدبخت اُٹھا ﴿۱۲﴾

فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ

تو اللہ کے پیغمبر (صالح علیہ السلام) نے اُن سے کہا کہ اللہ کی اونٹنی اور اُس کے پانی

وَسُقْيٰهَا ؕ﴿۱۳﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۙ۬

پینے کی باری سے ڈرو ﴿۱۳﴾ مگر اُنہوں نے پیغمبر کو جھٹلایا اور اونٹنی کے پیر کاٹ دیے

فَدَمۡدَمَ عَلَيۡهِمۡ رَبُّهُمۡ بِذَنۡۢبِهِمۡ

تو خدا نے اُن کے گناہ کے سبب اُن پر عذاب نازل کیا اور سب کو ہلاک کر کے

ع ۱ ۱۵ ۱۶

فَسَوّٰىهَا ۖ (۱۴) وَلَا يَخَافُ عُقۡبٰهَا (۱۵) ع

برابر کر دیا (۱۴) اور اُس کو اُن کے بدلہ لینے کا کچھ بھی ڈر نہیں (۱۵)

(سورۂ لیل مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۲۱) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۹) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۲) نمبر پر ہے اور سورۂ اعلیٰ کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۷۱) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ | اس میں (۳۱۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

وَالَّيۡلِ اِذَا يَغۡشٰى (۱) وَالنَّهَارِ اِذَا

رات کی قسم جب وہ چھا جائے (۱) اور دن کی قسم

تَجَلّٰى (۲) وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالۡاُنۡثٰٓى (۳)

جب چمک اُٹھے (۲) اور جس نے نر اور مادہ کو پیدا کر دیا (۳)

اِنَّ سَعۡيَكُمۡ لَشَتّٰى (۴) فَاَمَّا مَنۡ

بے شک تم سب کی کوشش الگ الگ قسم کی ہے (۴) پھر جس نے

اَعۡطٰى وَاتَّقٰى (۵) وَصَدَّقَ بِالۡحُسۡنٰى (۶)

اللہ کے لیے دیا اور بچ کر چلا (۵) اور بھلی بات کو سچ مانا (۶)

فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلۡيُسۡرٰى ۝٧ وَاَمَّا

پھر تو ہم اُس کو سہولت اور آسانی کر دیں گے ۝٧ اور جس نے

مَنۡۢ بَخِلَ وَاسۡتَغۡنٰى ۝٨ وَكَذَّبَ

بخیلی کی اور لاپرواہی کی ۝٨ اور نیک بات کو

بِالۡحُسۡنٰى ۝٩ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلۡعُسۡرٰى ۝١٠

جھٹلاتا رہا ۝٩ پھر تو ہم اُس کو دھیرے سے تنگی میں دھکیل دیں گے ۝١٠

وَمَا يُغۡنِىۡ عَنۡهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰى ۝١١

اور جب وہ تباہی کے گڑھے میں گرے گا تو اُس کا مال اُس کے کچھ کام نہ آئے گا ۝١١

اِنَّ عَلَيۡنَا لَلۡهُدٰى ۝١٢ وَاِنَّ لَنَا لَلۡاٰخِرَةَ

بے شک ہدایت کی راہ بتا دینا ہمارے ذمے رہا ۝١٢ اور آخرت بھی ہماری اور

وَالۡاُوۡلٰى ۝١٣ فَاَنۡذَرۡتُكُمۡ نَارًا تَلَظّٰى ۝١٤

دنیا بھی ہماری ہے ۝١٣ پھر میں نے تمہیں بھڑکتی ہوئی آگ سے ڈرایا ۝١٤

لَا يَصۡلٰىهَاۤ اِلَّا الۡاَشۡقَى ۝١٥ الَّذِىۡ كَذَّبَ

بڑا بد بخت ہوگا جو اُس میں جا پڑے گا ۝١٥ جس نے سچی بات کو جھٹلایا اور حق سے

وَتَوَلّٰی ﴿۱۶﴾ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿۱۷﴾

منہ پھیرا ﴿۱۶﴾ اور جو اللہ سے بہت ڈرنے والا ہوگا وہ اُس آگ سے بچالیا جائے گا ﴿۱۷﴾

الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ﴿۱۸﴾ وَمَا لِاَحَدٍ

وہ اپنا مال اللہ کی راہ میں دیتا ہے؛ تاکہ گناہوں سے پاک ہوجائے ﴿۱۸﴾ حالانکہ اُس پر

عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ﴿۱۹﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ

کسی کا کوئی احسان نہیں تھا جس کا بدلہ دیا جاتا ﴿۱۹﴾ مگر اپنے بلند اور اعلیٰ رب کی رضامندی

وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ﴿۲۰﴾ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ﴿۲۱﴾ ع ۱ ۲۱ ۱۷

چاہنے کے لیے ہی دیتا ہے ﴿۲۰﴾ یقین رکھو! ایسا شخص عنقریب خوش ہوجائے گا ﴿۲۱﴾

(سورۂ ضحیٰ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۱) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۱) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۳) نمبر پر ہے اور سورۂ فجر کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۴۰) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | اس میں (۱۷۲) حروف ہیں |
|---|---|---|

وَالضُّحٰى ﴿۱﴾ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ﴿۲﴾

قسم ہے روزِ روشن کی ﴿۱﴾ اور رات کی جب وہ چھا جائے ﴿۲﴾

مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴿۳﴾ وَلَلْاٰخِرَةُ

آپ کے رب نے آپ کو نہ چھوڑا اور نہ وہ بیزار ہوا ﴿۳﴾ اور یقیناً

خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۝٤ وَلَسَوْفَ

آخرت آپ کے لیے دنیا سے بہتر ہے ۝٤ اور جلد ہی

يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝٥ اَلَمْ يَجِدْكَ

اللہ آپ کو دے گا پھر آپ راضی ہو جاؤ گے ۝٥ کیا اللہ نے آپ

يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝٦ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا

کو یتیم نہیں پایا پھر ٹھکانہ دیا ۝٦ اور آپ کو بے خبر پایا پھر اُس

فَهَدٰى ۝٧ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝٨

نے راہ دکھائی ۝٧ اور آپ کو مُفلِس پایا پھر آپ کو غنی کر دیا ۝٨

فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝٩ وَاَمَّا

اِس لیے آپ کسی یتیم پر سختی نہ کیجیے ۝٩ اور کسی

السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝١٠ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ

سوال کرنے والے کو نہ جھڑکیے ۝١٠ اور البتہ اپنے رب کی

رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝١١ ع ۱۱ ۱۸

نعمت بیان کیجیے ۝١١

(سورۃ الشرح مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۸) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۲) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۴) نمبر پر ہے اور سورۃ ضحیٰ کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۲۷) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۰۳) حروف ہیں

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ﴿۱﴾ وَوَضَعْنَا

(اے پیارے نبی) کیا ہم نے آپ کا سینہ کُشادہ نہیں کیا؟ ﴿۱﴾ اور ہم نے

عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ

آپ پر سے بوجھ بھی اُتار دیا ﴿۲﴾ جس نے آپ کی کمر کو

ظَهْرَكَ ۙ﴿۳﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ؕ﴿۴﴾

توڑ رکھا تھا ﴿۳﴾ اور ہم نے آپ کا ذِکر بلند کیا ﴿۴﴾

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ

بلاشبہ ہر مشکل کے ساتھ آسانی بھی ہوتی ہے ﴿۵﴾ اور بے شک ہر مشکل

الْعُسْرِ يُسْرًا ؕ﴿۶﴾ فَاِذَا فَرَغْتَ

کے ساتھ آسانی بھی ہوتی ہے ﴿۶﴾ تو جب فارغ ہو جایا کرو تو (عبادت

فَانْصَبْ ۙ﴿۷﴾ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ﴿۸﴾ ع ۱ ۸ ۱۹

میں) محنت کیا کرو ﴿۷﴾ اور اپنے پروردگار کی طرف متوجہ ہو جایا کرو ﴿۸﴾

(سورۂ تین مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۸) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۸) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۵) نمبر پر ہے اور سورۂ بروج کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۳۴) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۰۵) حروف ہیں |
|---|---|---|

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۙ﴿۱﴾ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۙ﴿۲﴾

قَسم ہے انجیر کی اور زیتون کی ﴿۱﴾ اور طورِ سینین کی ﴿۲﴾

وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۙ﴿۳﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا

اور اِس امن والے شہر کی ﴿۳﴾ یقیناً ہم نے

الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۫﴿۴﴾ ثُمَّ

انسان کو بہترین صورت میں پیدا کیا ﴿۴﴾ پھر

رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۙ﴿۵﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ

اُسے نیچوں سے نیچا کردیا ﴿۵﴾ لیکن جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ

ایمان لائے اور (پھر) نیک عمل کیے تو اُن کے لیے ایسا اجر ہے جو کبھی

مَمْنُوْنٍ ؕ﴿۶﴾ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ؕ﴿۷﴾

ختم نہ ہوگا ﴿۶﴾ پس تجھے اب روزِ جزا کے جھٹلانے پر کون سی چیز آمادہ کرتی ہے ﴿۷﴾

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸﴾ ع

کیا اللہ (سب) حاکموں کا حاکم نہیں ہے؟ ﴿۸﴾

سورۂ علق مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، یہ سورۃ مکہ مکرمہ میں باعتبار نزولِ قرآن کے پہلی سورۃ ہے، اس میں (۱۹) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۶) نمبر پر ہے

| اس میں (۹۲) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۲۸۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ﴿۱﴾ ج

اپنے رب کے نام سے پڑھیے جس نے پیدا کیا ﴿۱﴾

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ﴿۲﴾ ج اِقْرَاْ

اُس نے انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا ﴿۲﴾ پڑھیے

وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ﴿۳﴾ لا الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ﴿۴﴾ لا

اور آپ کا رب بڑا کریم ہے ﴿۳﴾ وہ ذات جس نے قلم کے ذریعے سے علم سکھایا ﴿۴﴾

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ﴿۵﴾ ط

اُس نے انسان کو وہ علم سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا ﴿۵﴾

كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ﴿۶﴾ لا اَنْ

سچ مچ انسان تو یقیناً آپے سے باہر ہو جاتا ہے ﴿۶﴾ اِس بنا پر کہ وہ

رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝٧ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ

خودکو بے پروا سمجھتا ہے ۝٧ بے شک آپ کے رب ہی کی طرف

الرُّجْعٰى ۝٨ اَرَءَيْتَ الَّذِىْ يَنْهٰى ۝٩

واپسی ہے ۝٨ کیا آپ نے اُسے دیکھا جو منع کرتا ہے ۝٩

عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۝١٠ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ

ایک بندے کو جب وہ نماز پڑھتا ہے ۝١٠ بھلا دیکھ تو اگر

عَلَى الْهُدٰٓى ۝١١ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۝١٢

وہ (بندہ) ہدایت پر ہو ۝١١ یا تقوے کا حکم دیتا ہو ۝١٢

اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝١٣ اَلَمْ يَعْلَمْ

بھلا دیکھ تو اگر وہ (حق کو) جھٹلاتا اور (اُس سے) منہ موڑتا ہو ۝١٣ کیا وہ یہ نہیں جانتا

بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ۝١٤ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ

